بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ بحیثیت ماہر نفسیات

جلد دوم

ڈاکٹر زہرا بتول

ایسوسی ایٹ ٹیچر جامعہ کراچی
ایسوی ایٹ پروفیسر آئی بی ٹی علما یونیورسٹی
اسسٹنٹ پروفیسر انڈس یونیورسٹی کراچی
اسسٹنٹ پروفیسر عثمان انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی
لیکچرار آغا خان ایجوکیشنل سروسز پاکستان

جملہ حقوق بہ حق مصنفہ محفوظ ہیں:

کتاب: امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات
مصنفہ: ڈاکٹر زہرا بتول
اشاعت: 2024ء
پیشکش: فضلی بک، اردو بازار کراچی۔
جلد دوم کل صفحات: 1581
ملنے کا پتہ: فضلی بک، اردو بازار، کراچی۔
فون نمبر: 021-32633887
03362633887

جلد اول:

انتساب۔

پیش لفظ۔

فہرست مضامین۔

جلد دوم:

۶۲۔امانت۔۔۔ص۔730-737۔

۶۳۔سنت۔۔۔ص۔738-743۔

۶۴۔عزت وشرف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔744-749۔

۶۵۔شفاعت۔۔ص۔750-757۔

۶۶۔نرمی۔۔۔ص۔758-762۔

۶۷۔اہل بیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔763-770۔

۶۸۔دین۔۔۔ص۔771-778۔

۶۹۔انکساری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔779-783

۷۰۔ولایت۔۔ص۔784-791۔

۷۱۔خوش بختی/خوشی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔792-810۔

۷۲۔ادب۔۔۔ص۔811-813۔

۷۳۔ثواب۔۔ص۔814-818۔

۷۴۔عمل۔۔۔ص۔819-824۔

۷۵۔اطاعت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔825-830۔

۷۶۔طبیب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔831-839۔

۷۷۔عزم۔۔ص۔840-846۔

۷۸۔عفت۔۔ص۔847-855۔

۷۹۔وعظ ونصیحت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔856-863۔

۸۰ نجات ------------------------------------ ص۔864-869۔
۸۱۔ندامت ------------------------------------ ص۔870-873۔
۸۲۔نعمت ------------------------------------ ص۔874-879۔
۸۳۔نوافل ------------------------------------ ص۔880-883۔
۸۴۔نیند ------------------------------------ ص۔884-890۔
۸۵۔وسط ------------------------------------ ص۔891-895۔
۸۶۔وطن ------------------------------------ ص۔896-898۔
۸۷۔وفا ------------------------------------ ص۔899-901۔
۸۸۔ولادت ------------------------------------ ص۔902-907۔
۸۹۔ہدایت ------------------------------------ ص۔908-914۔
۹۰۔تحفہ/ہدیہ ------------------------------------ ص۔915-919۔
۹۱۔اجل/موت ------------------------------------ ص۔920-927۔
۹۲۔صدقہ ------------------------------------ ص۔928-936۔
۹۳۔استقامت ------------------------------------ ص۔937-940۔
۹۴۔تجربہ ------------------------------------ ص۔941-943۔
۹۵۔تدبیر ------------------------------------ ص۔944-948۔
۹۶۔میانہ روی ------------------------------------ ص۔949-953۔
۹۷۔بھروسہ ------------------------------------ ص۔954-957۔
۹۸۔تعریف/ثناء ------------------------------------ ص۔958-961۔
۹۹۔حاجت/ضرورت ------------------------------------ ص۔962-965۔
۱۰۰۔حریت/آزادی ------------------------------------ ص۔966-969۔
۱۰۱۔حساب ------------------------------------ ص۔970-975۔
۱۰۲۔قناعت ------------------------------------ ص۔976-979۔
۱۰۳۔امید/رجاء ------------------------------------ ص۔980-983۔
۱۰۴۔سلطنت ------------------------------------ ص۔984-990۔
۱۰۵۔دولت مندی ------------------------------------ ص۔991-996۔

۱۰۶۔ مال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔997-1006۔
۱۰۷۔غیرت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1007-1009۔
۱۰۸۔فرصت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1010-1013۔
۱۰۹۔لسان/زبان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔014-1020۔
۱۱۰۔مروت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1021-1027۔
۱۱۱۔مشورہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1028-1033۔
۱۱۲۔ضیافت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1034-1037۔
۱۱۳۔باطن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1038-1044۔
۱۱۴۔دوست/صدیق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔045-1050۔
۱۱۵۔صحت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔051-1056۔
۱۱۶۔السر/راز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1057-1059۔
۱۱۷۔صلح۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1060-1065۔
۱۱۸۔شجاعت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1066-1068۔
۱۱۹۔خاموشی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1069-1073۔
۱۲۰۔آزادی رائے اور عقیدہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1074-1079۔
باب (۴)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1080-1582۔
رزائل اخلاق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1080-1582۔
۱۔شک/ریب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1080-1093۔
۲۔حسد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1094-1100۔
۳۔حرام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1101-1114۔
۴۔حرص وہوس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1115-1121۔
۵۔حزن وملال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1122-1125۔
۶۔خوف وڈر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1126-1134۔
۷۔النار/جہنم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1135-1148۔
۸۔منافقین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1149-1152۔

۹۔غیظ وغضب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1163-1153۔

۱۰۔سستی/ کاہلی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1167-1164۔

۱۱۔عداوت/دشمنی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1173-1168۔

۱۲۔فتنہ وفساد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1184-1174۔

۱۳۔جہالت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1192-1185۔

۱۴۔ظلم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1197-1193۔

۱۵۔شراب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1207-1198۔

۱۶۔آرزو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1212-1208۔

۱۷۔قہقہہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1217-1213۔

۱۸۔انتقام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1221-1218۔

۱۹۔باطل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1225-1222۔

۲۰۔مایوسی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1229-1226۔

۲۱۔عبرت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1234-1230۔

۲۲۔بدعت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1242-1235۔

۲۳۔فضول خرچی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1246-1243۔

۲۴۔پرخوری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1251-1247۔

۲۵۔بخل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1256-1252۔

۲۶۔تہمت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1260-1257۔

۲۷۔غیبت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1264-1261۔

۲۸۔کذب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1270-1265۔

۲۹۔خیانت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1276-1271۔

۳۰۔تکبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1282-1277۔

۳۱۔قیامت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1292-1283۔

۳۲۔شرک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1298-1293۔

۳۳۔گناہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1305-1299۔

۳۴۔قتل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1306-1314۔
۳۵۔زنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1315-1328۔
۳۶۔دنیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1329-1338۔
۳۷۔کفر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1339-1344۔
۳۸۔قرض۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1345-1347۔
۳۹۔ذلت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1348-1382۔
۴۰۔زمانہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1383-1389۔
۴۱۔کینہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1390-1394۔
۴۲۔فجور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1395-1398۔
۴۳۔سخت گیری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1399-1401۔
۴۴۔اختلاف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1402-1406۔
۴۵۔عذاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1407-1435۔
۴۶۔ریاء۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1436-1440۔
۴۷۔دھوکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1441-1444۔
۴۸۔فقروفاقہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1445-1452۔
۴۹۔شہوت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1453-1459۔
۵۰۔سوال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1460-1467۔
۵۱۔بے تابی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔468-1471۔
۵۲۔جماعت/گروہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1472-1476۔
۵۳۔احتراز/ڈر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1477-1479۔
۵۴۔محرومی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1480-1483۔
۵۵۔حماقت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1484-1486۔
۵۶۔خطاء۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1487-1490۔
۵۷۔مذمت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1491-1493۔
۵۸۔رائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1494-1496۔

۵۹۔عیب۔۔ص۔1497-1499۔
۶۰۔غبن۔۔ص۔1500-1501۔
۶۱۔گمراہی۔۔ص۔1502-1504۔
۶۲۔فحش/ گالی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1505-1507۔
۶۳۔فکر۔۔ص۔1508-1510۔
۶۴۔ناپسندیدگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1511-1514۔
۶۵۔ہٹ دھرمی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1515-1517۔
۶۶۔کٹ حجتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1518-1520۔
۶۷۔مرض۔۔۔ص۔1521-1526۔
۶۸۔مزاح۔۔۔ص۔1527-1529۔
۶۹۔مصیبت۔۔ص۔1530-1532۔
۷۰۔سرکشی۔۔ص۔1533-1535۔
۷۱۔اکتاہٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1536-1537۔
۷۲۔بے وقوفی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1538-1540۔
۷۳۔شر۔۔ص۔1541-1544۔
۷۴۔شکوہ۔۔ص۔1545-1547۔
۷۵۔لالچ۔۔ص۔1548-1551۔
۷۶۔عتاب۔۔ص۔1552-1555۔
۷۷۔خودسری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1556-1558۔
۷۸۔گمان۔۔ص۔1559-1562۔
کتابیات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص۔1563-1582۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

انتساب

اس کتاب کا انتساب حضرت امام جعفر صادقؑ کے نام ہے، جن کی شخصیت بے پناہ اوصاف وکمالات کی مجموعہ ہے، آپؑ قرآن کریم پر گہرا تفکر فرماتے جس کی بنیاد پر آپ اشیائے کائنات کے اسرار ورموز کی عقدہ کشائی فرماتے۔ آپ کئی علوم جن میں علم القرآن، علم احادیث، علم رویاء، علم ارض وسماء، علم مدار شمس وقمر ولیل والنہار، علم کونیات، علم جفر، علم طب، علم النجوم، علم منطق الطیر اور علم اجسام پر خاص دسترس رکھتے، دوسری جانب آپ فقہ جعفریہ کے امام بھی ہیں۔ اللہ تعالی آپ کی ذات بابرکات سے ہم سب کو روحانی فیض عطا فرمائے۔ آمین

آپ فرماتے ہیں! انسان کی موت کئی مرتبہ اس کے پاس آتی ہے، لیکن رشتے داروں کے ساتھ صلہ رحمی کے سبب وہ ٹل جاتی ہے۔ (بحارالانوار)۔

۶۲۔الامانۃ۔امانت:

جس انسان نے امانت میں خیانت کی بلاشبہ اس نے اپنے آپ کو ذلت اور رسوائی میں دھکیل دیا (حضرت علیؑ)

امین۔رسول اللہ ﷺ کا اسم مبارک ہے جو (ا۔م۔ن) سے مشتق ہے۔۱۔
امن۔عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معانی اطمینان، بے خوفی، اور حفاظت۔
امانۃ۔بھی امن سے ماخوذ ہے امانت کے معانی وہ چیز جو کسی کے بھروسے پر دی جائے۔
امین بھی امن سے مشتق ہے امین ایسے انسان کو کہا جاتا ہے جو قابل اعتماد اور قابل بھروسہ ہو۔
جو شخص امین ہو اس کی امانت داری کی وجہ سے دوسرے لوگ مطمئن اور بے خوف ہوں۔۲۔
وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ۔۳۔
ترجمہ۔قسم ہے اس امن والے شہر (مکہ) کی۔
اس آیت میں اللہ تعالی نے شہر مکہ کی قسم کھائی ہے مفسرین لکھتے ہیں! اس آیت میں اللہ نے مکہ کو امین فرمایا ہے کیونکہ جو بھی اس شہر میں داخل ہوتا ہے وہ امن اور سلامتی میں داخل ہوجاتا ہے دوسرا قول یہ ہے کے شہر مکہ کی قسم اٹھانے سے مراد یہ بھی ہے کیونکہ یہ شہر رسول اللہ ﷺ کا مولد اور مھبط وحی ہے۔
حضرت خزیمہ بن ثابت انصاریؓ نے رسول اللہ ﷺ سے الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ کے بارے میں دریافت کیا، تو آپ ﷺ نے فرمایا! وہ مکہ مکرمہ میں ہے۔۴۔
سیدی امین۔رسول اللہ ﷺ کا ایک اسم صفاتی ہے جس میں حروف مقطعات کی تعداد (۴) ہے یعنی (ا۔م۔ی۔ن)۔
الف جن انوار کا نام ہے ان کو تصوف کی زبان میں 'سر' کہتے ہیں، 'سر' وہ انوار ہیں جو اپنی

لطافت کی وجہ سے اعلیٰ ترین شہود رکھنے والوں کو ہی نظر آتے ہیں تاہم یہی وہ انوار ہیں جو نہر تسوید کے ذریعے موجودات کو سیراب کرتے ہیں ان ہی انوار کے ذریعے سالک اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرتا ہے۔

م۔ سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ م۔ سے معرفت۔

م۔ سے مزید رضا یعنی اللہ تعالیٰ اپنے جن بندوں سے مزید راضی ہوگا انھیں جنت میں اپنا دیدار عطا فرمائے گا۔

م۔ سے مراد کلام یعنی قرآن کریم کا نزول اس لئے فرمایا گیا تاکہ اللہ کے اسماء اور صفات کی معرفت کو حاصل کیا جائے۔

م۔ سے ملک۔ ماجد۔ مجید۔ منان۔ مومن۔ مھیمن۔

ی۔ یہ حرف یوم حساب کی جانب اشارہ کرتا ہے۔

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! شفاعت کے سبب دوزخ سے لوگوں کو اس حال میں نکالا جائے گا وہ جلی ہوئی لکڑی کی طرح ہو چکے ہوں گے۔ ۵۔

ن۔ سے مراد نہی عن المنکر ہے یعنی گناہوں سے بچنا اور نیکی کا حکم دینا۔

سیدی امین، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک اسم صفاتی ہے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم جیسی عظیم امانت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب مبارک پر بتدریج ۲۳ برسوں تک نازل فرمائی تاہم اللہ کی یہ امانت یعنی قرآن کریم اللہ کے نہایت مقرب، ،معزز، ذی عزت اور محترم فرشتے جناب روح الامین (حضرت جبرائیل علیہ السلام) لے کر آتے تھے اللہ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام و نہایت قوت اور طاقت سے نوازا۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۔۶۔

ترجمہ۔ یہ قرآن رب اللعالمین کا اتارا ہوا ہے اور اس (قرآن) کو روح الامین (جبرائیل) نے تمھارے قلب پر اتارا ہے۔

اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ۔

ترجمہ۔ بے شک یہ قرآن ایک معزز فرشتے کا قول ہے جو قوت والا ہے مالک عرش کے قریب ذی رتبہ ہے، وہاں اس کا کہنا مانا جاتا ہے اور وہ امین ہے۔۷؎

قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ۔۸؎

ترجمہ۔ کہہ دیجئے! اسے تیرے رب کی طرف سے پاک فرشتے نے سچائی کے ساتھ اتارا ہے تا کہ ایمان والوں کے دل جما دے اور فرمانبرداروں کے لیے ہدایت اور خوشخبری ہے۔

عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ذُوْ مِرَّةٍ فَاسْتَوٰى وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى۔۹؎

ترجمہ۔ بڑے طاقتور (جبرائیل) نے اسے سکھایا ہے، جو بڑا زور آور ہے پس وہ قائم ہوا (اصلی صورت میں) اور وہ (آسمان کے) اونچے کنارے پر تھا۔

فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ۔

ترجمہ۔ پس ان کا رفیق اللہ ہے، اور جبرائیل ہے اور نیک مسلمان ہیں، اور ان کے علاوہ نیک مددگار فرشتے بھی ہیں۔۱۰؎

معراج کے موقع پر جب رسول اللہ ﷺ سدرۃ المنتہی پر تشریف لے گئے تو اس وقت بھی حضرت جبرائیل امین آپ ﷺ کے ساتھ تھے۔

ارشاد خداوندی ہے!

وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى۔۱۱؎

ترجمہ۔ وہ آسمان کے بلند کنارے پر تھا پھر وہ پاس آیا پھر وہ اور نزدیک آیا سو دو کمانوں کے برابر فاصلہ رہ گیا بلکہ اس سے بھی کم۔

وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى - ۱۲؎

ترجمہ۔اس نے فرشتے کو ایک مرتبہ دیکھا اور وہ بھی سدرۃ المنتہی کے پاس۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں ، رسول اللہ ﷺ نے حضرت جبرائیل کو اصل صورت میں دیکھا ہے اور ان کے چھ سو پر تھے اور ہر پر نے افق کو بھر لیا تھا اور ان سے موتی یاقوت اور جواہر جھڑ رہے تھے۔ ۱۳؎

رسول اللہ ﷺ اعلان نبوت سے قبل ہی مکہ میں صادق اور امین کے نام سے مشہور تھے تاہم جس رات آپ ﷺ کو ہجرت کا حکم ہوا تو آپ ﷺ نے ساری امانتیں حضرت علیؓ کے سپرد کیں اور انھیں ہدایت دی کے یہ ساری امانتیں ان کے مالکان تک پہنچا دیں۔

ارشادات خداوندی:

فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِى اؤْتُمِنَ اَمَانَتَه وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّه وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ - ۱۴؎

ترجمہ۔اگر تم میں سے بعض نے بعض کو امین جانا ہے تو ،جس کو امین جانا گیا ہے، اس کی امانت ادا کرے اور اللہ سے ڈرے، اور گواہی کو نہ چھپاؤ۔

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ اِلٰى اَهْلِهَا وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِه اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا - ۱۵؎

ترجمہ۔اللہ تعالی تمھیں یہ تاکیدی حکم دیتا ہے کے امانت ،امانت والوں کو پہنچا دو اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل و انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو یقیناً اللہ تمھیں بہتر چیز کی نصیحت کرتا ہے بے شک اللہ سنتا اور دیکھتا ہے۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُوْنَ - ۱۶؎

ترجمہ۔جو اپنی امانتوں اور عہد کی حفاظت کرتے ہیں۔

اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ - ۱۷؎

ترجمہ۔(لوط نے اپنی قوم سے کہا) میں تمھارے لئے ایک امانت دار رسول ہوں۔

اِنَّا عَرَضۡنَا الۡاَمَانَۃَ عَلَی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَالۡجِبَالِ فَاَبَیۡنَ اَنۡ یَّحۡمِلۡنَہَا وَاَشۡفَقۡنَ مِنۡہَا وَحَمَلَہَا الۡاِنۡسَانُ اِنَّہٗ کَانَ ظَلُوۡمًا جَہُوۡلًا ۔۱۸۔

ترجمہ۔ہم نے اس امانت (قرآن) کو آسمانوں، زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا لیکن انھوں نے اس بوجھ کو اٹھانے سے انکار کیا اور وہ ڈر گئے لیکن انسان نے اس بوجھ کو اٹھالیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

امانت داری سے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات درج ذیل ہیں۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب امانت ضائع کر دی جائے تو قیامت کا انتظار کرو، سائل نے پوچھا امانت کیسے ضائع کی جائے گی؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب کوئی منصب کسی نااہل کے سپرد کر دیا جائے تو قیامت کا انتظار کرو۔۱۹۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مجلس کی گفتگو بھی امانت ہے، اس کے سوا کے کسی کے قتل، زنا یا مال کو نقصان پہنچانے کی بات کی جائے تو سننے والے پر لازم ہے کے وہ اس سے متعلقہ شخص کو آگاہ کرے۔۲۰۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! منافق کی تین علامات ہیں۔

۱۔جب بات کرے گا تو جھوٹ بولے گا۔

۲۔جب وعدہ کرے گا تو اس کی خلاف ورزی کرے گا۔

۳۔اور جب اس کے پاس کوئی امانت رکھوئی جائے گی تو اس میں خیانت کرے گا۔۲۱۔

حضرت عمر فاروقؓ نے فرمایا! کسی شخص کے روزے اور نمازوں سے تم دھوکے میں نہ آنا جو چاہے وہ روزے رکھے اور جو چاہے وہ نمازیں پڑھے لیکن جو امانت دار نہیں وہ دین دار نہیں۔۲۲۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جس انسان نے امانت میں خیانت کی بلاشبہ اس نے اپنے آپ کو ذلت اور رسوائی میں دھکیل دیا۔

جس انسان کے ظاہر و باطن اور قول وفعل میں تضاد نا ہو تو بلاشبہ اس نے امانت داری کا لحاظ رکھا اور اسی سبب اس کی عبادات میں اخلاص بھی پیدا ہوگیا۔

امانت میں کبھی خیانت نا کرو بھلے جس اس کے پاس تم نے کبھی امانت رکھوائی ہو اور اس نے اس میں خیانت کی ہو لیکن تم ایسا نا کرو۔

کچھ اخلاقی صفات کسی کے سامنے اچھی اور کسی کے سامنے غیر معانی ہوتی ہیں لیکن امانت داری تمام بنی نوع انسانیت کے نزدیک بافضیلت ہے۔امانت کی ادائے گی رزق کی چابی ہے۔

احسان کا بدلہ ادائے امانت کے زمرے میں شامل ہے کیونکہ کسی کا تمھارے اوپر احسان گویا اس کی جانب سے ایک امانت ہے۔خیانت امانت کو باطل کردیتی ہے۔

جب تمھارے پاس امانت رکھی جائے تو تم اس کو ادا کرو۔

جو امانت دار نہیں اس میں ایمان بھی نہیں۔

جس نے امانت داری کا لحاظ رکھا گویا اس نے دیانت داری کا حق ادا کردیا۔

امانت داری سرمایہ اسلام ہے۔

جب اللہ ے نزدیک کوئی بندہ محبوب ہوجاتا ہے تو اللہ اس کے قلب کو امانت کی طرف راغب کردیتا ہے۔جب امانت داری قوی اور مضبوط ہوجاتی ہے تو صداقت بڑھ جاتی ہے۔

امانت تحفظ ہے۔امانت ایمان ہے جبکہ خندہ پیشانی احسان ہے۔۲۳۔

نفسیاتی پہلو

امانت داری انسانی کی ایک باطنی کیفیت ہے اگر اس کو سچائی کہا جائے تو بے جا نا ہوگا۔

امانت ایک قوت ہے جو مضبوطی قوت ارادی کے مضبوط ترین افراد کی عادت ہوتی ہے،امانت

کو قوت ایمانی بھی کہا جا سکتا ہے چنانچہ کسی بھی انسان کی یہ خصوصیت اسے کئی امراض اور مشکلات سے بچاتی ہیں۔امانت کی بھی کئی اقسام ہیں مثلاً

۱۔اشیاء کی امانت یعنی (کسی نے کوئی چیز رکھنے کو دی اور طلب کرنے پر اس شخص نے پوری ایمانداری سے اسے لوٹا دی۔ ۲۔گفتگو کی امانت (کسی نے کوئی راز کی بات بتائی اور اس کے ساتھ ہی اس نے یہ پابندی بھی لگائی کے اس بات کا ذکر کسی سے نا کرنا)۔۳۔کسی بھی تعلیمی ادارے میں طلبا کے داخلے کی امانت یعنی جو اہل طلبا ہیں انھیں میرٹ پر داخلے دئے جائیں اس کے ساتھ ساتھ نوکری کی امانت یعنی اہل افراد کو ان کی اہلیت کی بنیاد پر نوکری کے مواقع فراہم کرنا وغیرہ۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۲۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۳۔سورہ التین۔آیت۔۳۔

۴۔بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۵۔بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۶۔سورہ الشعرا۔آیت ۱۹۲۔۱۹۴۔

۷۔سورہ التکویر۔آیت۔۱۹۔۲۱۔

۸۔سورہ النحل۔آیت۔۱۰۲۔

۹۔سورہ النجم۔آیت۔۵۔۶۔

۱۰۔سورہ تحریم۔آیت۔۴۔

۱۱۔سورہ النجم۔آیت۔۷۔۹۔

۱۲۔سورہ النجم۔آیت۔۱۴۔

۱۳۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

۱۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۸۳۔
۱۵۔سورہ النسا۔آیت۔ ۵۸۔
۱۶۔سورہ المومنون ۔آیت۔ ۸۔
۱۷۔سورہ الشعرا۔آیت۔ ۱۶۲۔
۱۸۔سورہ احزاب۔آیت۔ ۷۲۔
۱۹۔بخاری ۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ ۔بیروت۔
۲۰۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ ۔
۲۱۔بخاری ۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ ۔بیروت۔
۲۲۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ ۔بیروت۔
۲۳۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ص۔ ۴۴۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔

۶۳۔ السنہ۔ سنت

کوئی بدعت اس وقت تک ایجاد نہیں ہوتی جب تک ایک سنت ترک نا کردی جائے۔ (حضرت علیؑ)

السنہ۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (س۔ن۔ن) سے مشتق ہے۔ ا۔
السنہ۔ کے معانی طریقہ، راستہ، دستور اور قانون ہے۔
السنہ۔ کی جمع سنن ہے۔
سنن الشیئ۔ سے مراد کسی چیز کو سہل اور آسان کرنا۔
السنۃ۔ سے مراد راستے کا کھلا، واضح اور نمایاں حصہ۔
السنۃ۔ طریقہ، مسلک، معمول، قاعدے اور قانون۔ ۲۔
اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!
سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ۔ ۳۔
ترجمہ۔ آپ سے پہلے جو ہم نے رسول بھیجے تھے ان کے لیے بھی یہی دستور تھا، اور آپ ہمارے دستور میں کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے۔
قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۔ ۴۔
ترجمہ۔ بے شک تم سے پہلے (قانون قدرت کے) طریقے گزر چکے ہیں سو تم زمین میں چل پھر دیکھ لو (کہ پیغمبروں کو) جھٹلانے والوں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

سنت کا لغوی اور اصطلاحی معنی

علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی متوفی ۵۰۲ھ لکھتے ہیں! سنت کا معنی ہے طریقہ' سنت النبی کا

معنی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ طریقہ جس کا آپ قصد کرتے تھے اور سنت اللہ کی حکمت اور اللہ کا بتایا ہوا طریقہ ہے جو تبدیل نہیں ہوتا چنانچہ سنت پر عمل کر کے نفس انسانی کو پاکیزہ کیا جا سکتا ہے اور اس کے ذریعے اللہ کا قرب اور ثواب حاصل کیا جاتا ہے۔۵؎

علامہ ابن اثیر جزری متوفی ۶۰۶ھ لکھتے ہیں! لغت میں سنت کا معنی طریقہ اور سیرت ہے اور شریعت میں اس سے مراد ہے جس چیز کا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا ہو یا اس سے منع کیا یا جس قول اور فعل کو مستحب قرار دیا ہو جبکہ قرآن کریم میں ان امور کا ذکر نہ ہو۔۶؎

علامہ میر سید شریف علی بن محمد جرجانی متوفی ۸۱۶ھ لکھتے ہیں! لغت میں سنت کا معنی ہے طریقہ خواہ پسندیدہ طریقہ ہو یا غیر پسندیدہ اور شریعت میں اس کا معنی ہے وہ طریقہ جو دین میں مقرر کیا گیا ہے جو فرض ہے نہ واجب لہٰذا سنت وہ ہے جس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دائمی عمل کیا ہو اور کبھی کبھی ترک بھی کیا ہو۔

ارشادات خداوندی:

وَمَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۔۷؎

ترجمہ۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو تم کو دیں اس کو لے لو اور جس سے تم کو روکیں اس سے رک جاؤ۔

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۗ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۔۸؎

ترجمہ۔یہ اللہ کی قائم کی ہوئی حدیں ہیں، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کے حکم پر چلے (اللہ) اسے جنت میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان میں ہمیشہ رہیں گے، اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۔۹؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور جو تم میں سے صاحبان امر ہیں ان کی (اطاعت کرو)۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ۔ ۱۰؎

ترجمہ۔ ہم نے ہر رسول کو صرف اس لیے بھیجا ہے کے اللہ کے اذن سے اس کی اطاعت کی جائے۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا۔ ۱۱؎

ترجمہ۔ جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرے تو وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے انعام فرمایا ہے جو انبیاء صدیقین، شہداء اور صالحین ہیں، اور یہ کیا ہی عمدہ ساتھی ہیں۔

مَّنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا۔

ترجمہ۔ جس نے رسول کی اطاعت کی تو بے شک اس نے اللہ کی اطاعت کر لی۔ ۱۲؎

سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ آپ سے پہلے جو ہم نے رسول بھیجے تھے ان کے لیے بھی یہی دستور (طریقہ) تھا اور آپ ہمارے دستور میں کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے۔

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ بے شک تم سے پہلے (قانون قدرت کے) طریقے گزر چکے ہیں سو تم زمین میں چل پھر دیکھ لو (کہ پیغمبروں کو) جھٹلانے والوں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد:

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے میری اطاعت کی گویا اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی گویا اس نے اللہ کی نافرمانی کی اور جس نے امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے کسی امیر کی نافرمانی کی گویا اس نے میری نافرمانی کی۔ ۱۵؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! رسول اللہ ﷺ کی سیرت میانہ روی، آپ ﷺ کی سنت ہدایت، آپ ﷺ کا کلام حق و باطل میں فرق اور حکم عدل ہے۔

تم پر لازم ہے کے تم سنتوں کو زندہ اور اللہ کی حدود کا قائم کرو۔

کوئی بدعت اس وقت تک ایجاد نہیں ہوتی جب تک ایک سنت ترک نا کر دی جائے۔

آپؓ نے وصیت فرمائی! اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نا کرنا اور رسول اللہ ﷺ کی سنتوں پر عمل کرنا کیونکہ یہ دونوں دین کے ستون اور چراغ ہیں۔

خوش نصیب ہے وہ انسان جو اپنے نفس پر قابو رکھے، اس کا ذریعہ معاش حلال طیب، اخلاق اچھا، کم سخن اور ضرورت مندوں پر اپنے مال کو خرچ کرنے والا ہے۔

آپؓ نے عبداللہ بن عباسؓ کو جب خوارج کی طرف بھیجا تو انھیں ہدایت دی ان سے قرآن سے بحث نا کرنا کیونکہ قرآن کی کئی جہات ہیں تم کچھ کہو گے وہ کچھ سمجھیں گے چنانچہ تم ان سے سنت نبوی کے ذریعے استدلال کرنا کیونکہ اس سے وہ راہ فرار اختیار نا کر پائیں گے۔

رسول اللہ ﷺ کی ہدایات اور سنتوں کی پیروی کرو تم مزین ہو جاؤ گے۔

رسول اللہ ﷺ کی سنت ہی اصل ہے اس کے سوا جو بھی ہے وہ بدعت ہے۔

اللہ کے نزدیک ظالم ترین رہبر وہ ہے جو خود تو گمراہ ہے لیکن اپنی وجہ سے دوسروں کو بھی گمراہ کرتا ہے اور وہ سنتوں کو ختم کر کے بدعتوں کو عام کرتا ہے۔ مومنوں پر سنتوں پر عمل کرنا لازم ہے۔ خوش نصیب ہے وہ انسان جو سنت رسول ﷺ اور دین کی روش پر گامزن ہوا اور اس نے انبیاء کرام کی پیروی کی۔

کسی بھی ایسی سنت کو ہرگز ترک نا کرنا جس پر امت کے بزرگ عمل کر چکے ہوں اور امت اس سنت سے مانوس ہو چکی ہو جبکہ لوگ اس سنت پر عمل کر کے نیک ہو گئے ہوں۔ ۱۶؎

نفسیاتی پہلو

پورے کا پورا دین اسلام رسول اللہ ﷺ کی سنتوں پر عمل کرنے سے مکمل ہوسکتا ہے کیونکہ اللہ کے احکامات کو صرف قرآن کے ذریعے سمجھنا مشکل ہے جب تک رسول اللہ ﷺ کی سنت موجود نا ہو جیسے قرآن کریم میں کئی مقامات پر **وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ** کا حکم اللہ نے دیا ہے لیکن پورے قرآن میں کہیں بھی نماز پڑھنے کا طریقہ درج نہیں چنانچہ انسان نے اللہ کے احکامات کو رسول اللہ ﷺ کی سنتوں کے ذریعے سے سیکھا اور سمجھا ہے۔

دین اسلام چونکہ دین فطرت ہے لہٰذا جب ہم اپنے فطری تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے دین اسلام پر عمل کرتے ہیں تو اس کے نتیجے میں انسان کے اندرون میں گہرے سکون اور اطمینان کی لہریں دور کرتی ہیں جو اس کے لئے حقیقی خوشی اور اطمینان کا اصل سبب ہوتی ہیں، سنتوں پر عمل کرنے سے جہاں انسان کو اللہ اور رسول اللہ ﷺ کا قرب نصیب ہوتا ہے وہیں انسان ضمیر کے بوجھ سے بھی آزاد ہوجاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۷۷۔

۴۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۳۷۔

۵۔المفردات۔امام راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔ص۔۲۴۵۔مطبوعہ المکتبۃ المرتضویہ۔ایران۔

۶۔نہایہ۔علامہ محمد بن اثیر الجزری (متوفی ۶۰۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۸ھ۔

۷۔سورہ الحشر۔آیت۔۷۔

۸۔سورہ النساء۔آیت۔۱۳۔

۹۔سورہ النساء۔آیت۔۵۹۔

۱۰۔سورہ النساء۔آیت۔ ۶۴۔

۱۱۔سورہ النساء۔آیت۔۶۹۔

۱۲۔سورہ النساء۔آیت۔۸۰۔

۱۳۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۷۷۔

۱۴۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۳۷۔

۱۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۴۵۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۶۴۔العز۔عزت وشرف (بزرگی)

مومن کی عزت لوگوں سے بے نیازی میں ہے (حضرت علیؑ)

العز۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ع۔ز۔ز) سے مشتق ہے۔ا۔

العز۔سے مراد قوت، غلبہ، شدت، رفعت اور حفاظت ہے۔

عزۃ۔سے مراد انسان کی وہ حالت اور کیفیت ہے جو انسان کو مغلوب ہونے سے بچاتی ہے۔

عزۃ۔کے معنی نفسانی اعتبار سے انسان کا اپنے نفس کو قابو پا کر اتنا سخت اور مستحکم ہو جانا کے کسی کے دبانے سے وہ دب نا سکے۔

العزۃ۔سے مراد صلابت اور شدت کے ہیں۔

استعز الرمل۔سے مراد ریت کا وہ ٹیلہ جو اپنی جگہ پر مستحکم ہو۔

عزۃ۔کا متضاد ذلت ہے۔

العزیز۔اللہ کا اسم صفاتی۔

العزیز۔سے مراد عزیز مصر۔۲۔

ارشادات خداوندی:

وَتُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنۡ تَشَآءُ۔۳۔

ترجمہ۔وہ جس کو چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور وہ جس کو چاہتا ہے ذلت دیتا ہے۔

سُبۡحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الۡعِزَّةِ۔۴۔

ترجمہ۔پروردگار عزت والا ہے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ‌ۚ اَلۡمَلِكُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَيۡمِنُ الۡعَزِيۡزُ الۡجَـبَّارُ الۡمُتَكَبِّرُ‌ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ۔۵۔

ترجمہ۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بادشاہ، پاک ذات، سلامتی والا، امن دینے والا، نگہبان، غالب، زبردست، بڑی عظمت والا ہے، اللہ پاک ہے اس سے جو اس کے شریک ٹھہراتے ہیں۔

وَهُوَ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ۔٦؎

ترجمہ۔ وہی غالب (العزیز) اور جاننے والا ہے۔

فَالِقُ الْإِصْبَاحِ وَجَعَلَ اللَّيْلَ سَكَنًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۔٧؎

ترجمہ۔ صبح کی پو کا پھاڑنے والا اور اس نے رات کو آرام کے لئے بنایا اور سورج اور چاند کو گرد پھیرنے والا بنایا یہ اندازہ ہے غالب (العزیز) جاننے والے کا۔

وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۔٨؎

ترجمہ۔ سورج اپنی قرارگاہ پر چلتا ہے یہ اندازہ ہے غالب (العزیز) جاننے والے کا۔

حم تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۔٩؎

ترجمہ۔ حم ہ الکتاب (قرآن) کا اتارنا اللہ کی طرف سے ہے جو غالب (العزیز) اور جاننے والا ہے۔

فَقَضَاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ فِي يَوْمَيْنِ وَأَوْحَىٰ فِي كُلِّ سَمَاءٍ أَمْرَهَا وَزَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَحِفْظًا ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۔١٠؎

ترجمہ۔ پس دو دن میں سات آسمان بنا دیئے اور ہر آسمان میں اس کے مناسب احکام کی وحی بھیج دی اور ہم نے آسمان دنیا کو چراغوں سے زینت دی اور نگہبانی کی یہ تدبیر اللہ غالب و دانا کی ہے۔

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ۔١١؎

ترجمہ۔اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم !اگر آپ ان سے یہ پوچھیں کے آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ؟ تو وہ ضرور یہی کہیں گے کے ان کو غالب (العزیز) جاننے والے نے پیدا کیا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! تمھارا پروردگار روز یہ اعلان کرتا ہے کے میں العزیز ہوں۔ ۱۲۔

لہٰذا جو شخص دونوں جہان میں عزتوں کا طالب ہو اس کو چاہیئے کے وہ العزیز کی اطاعت کرے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! حضرت موسیٰ بن عمران نے اللہ تعالی سے عرض کیا! اے میرے رب! آپ کے بندوں میں آپ کے نزدیک سب سے زیادہ عزت والا کون ہے؟ تو اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا! جو بندہ بدلہ لے سکتا ہو لیکن وہ معاف فرمادے۔ ۱۳۔

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! دنیا کی عزت اور فخر کے لئے دوڑ بھاگ نا کرو کیونکہ عنقریب یہ عزت اور نخوت منقطع ہونے والی ہے۔

اللہ کے سوا کوئی عزت والا نہیں اور اللہ جیسا کوئی قوی نہیں۔

دنیا کی ہر عزت دراصل ذلت ہے، یہاں کی ہر سنجیدگی مذاق ہے اور یہاں کی ہر بلندی پستی ہے۔اسلام جیسی کو عزت نہیں۔تقویٰ جیسی کوئی عزت نہیں۔حلم جیسی کوئی عزت نہیں۔

مومن کی عزت لوگوں سے بے نیازی میں ہے۔

جو شخص ظلم اور باطل کے ذریعے عزت چاہتا ہے اللہ تعالی اس کو حق اور انصاف کے ذریعے ذلیل ورسوا کرتا ہے۔علم جیسا کوئی شرف نہیں۔اسلام بہترین شرف اور عزت ہے۔

لوگوں سے انصاف کرنے والا انسان اشرف ہے۔

شرف، عقل اور ادب کے ساتھ ملتا ہے نا کے حسب اور نسب کی وجہ سے۔

شریف انسان کی زینت تواضع ہے۔تواضع شریف انسان کی کامیابی اور ترقی کی سیڑھی ہے۔
شریف انسان ناحق قتل ہوجاتا ہے یہاں تک کے اسے حق سے زیادہ اجر ملتا ہے۔
شریف انسان اپنی اونچی ہمت اور تواضع سے ملتا ہے وہ اپنے حسب ونسب پر فخر نہیں کرتا۔
شریف اور عزت دار انسان وہ ہے جس کی عادات اچھی ہوں۔
شریف النفس انسان پر دنیا کی سختیاں بھاری نہیں ہوتیں۔
انسان کا شرف پرہیز گاری اور اس کا جمال مروت ہے۔
جس انسان شریف النفس ہوتا ہے وہ مانگنے اور درخواست کی ذلت سے محفوظ رہتا ہے
شریف النفس انسان کی مہربانیاں بڑھ جاتی ہیں۔
شرف صرف سخاوت اور تواضع کے ذریعے ہی مکمل ہوتا ہے۔
مومن رفعت اور بلندی کو ناپسند کرتا ہے اور شہرت کو برا سمجھتا ہے۔
اپنے مہمان کی عزت کرو چاہے وہ حقیر ہی کیوں نہ ہو اور اپنے باپ اور معلم کے لئے احتراماً کھڑے ہوجاؤ بھلے ہی تم سردار ہی کیوں نہ ہو۔تین چیزوں میں شرمایا نہیں جاتا۔
ا۔مہمان کی خدمت کرنے میں۔ ۲۔اپنے باپ یا معلم کے لئے اپنی جگہ سے اٹھنا۔
۳۔اپنا حق مانگنا بھلے وہ کم ہی کیوں نہ وہ۔
بافضلیت اعمال میں سے نقصانات کا تحمل اور مہمان کی خاطر مدارات ہے۔
جس کی خاموشی طویل ہوجاتی ہے،وہ اتنی ہی ہیبت کا مالک ہوجاتا ہے جو اس کے لئے فائدہ مند ہو اور اتنی وحشت اس کے حصے میں آجاتی ہے جو اس کے لئے نقصان کا سبب نہ ہو کم بولنا عیوب کو چھپائے رکھتا ہے سکوت وقار ہے یہ علم کی زینت ہے یہ سلامتی ہے۔
خوشخبری ہے اس کے لئے جو اپنے آپ میں ذلیل یعنی منکسر المزاج ہوگیا وہ دوسروں میں باعزت ہوگیا۔ ۱۴؎

نفسیاتی پہلو

تمام عزت اور بزرگی کا اصل حق دار اللہ کی ذات ہے اور پھر وہ شخص جس کو اللہ تعالی یہ نعمت عطا فرمائے تاہم اللہ کے حکم کی پیروی کرنے والا دنیا کا ہر مسلمان اللہ کی نظر میں قابل عزت اور احترام ہے، جب کسی بھی انسان کو اللہ تعالی یہ شرف اور بزرگی عطا فرماتے ہیں تو وہ شخص مخلوق میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جانے لگتا ہے۔

اسی حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے ! جب اللہ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اللہ فرشتوں کو حکم دیتا ہے کے آسمان والوں کے دل میں اس انسان کی محبت کو پیدا کردو چنانچہ اللہ کا پسندیدہ بندہ فرشتوں میں باعث شرف ہوجاتا ہے پھر اللہ تعالی فرشتوں کو حکم دیتے ہیں کے زمین والوں کے دلوں میں بھی اس بندے کی محبت اور عزت کو پیدا کرود چنانچہ اللہ کے حکم کے مطابق زمین پر رہنے والے بندے بھی اللہ کے اس پسندیدہ بندے سے محبت اور اس کی عزت کرنا شروع کردیتے ہیں۔

اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کے دنیا میں قابل عزت اور بلندیوں کو چھونے والے افراد جن کی عزت اللہ کے سب ہی بندے کرتے ہوں یہ اللہ کی طرف سے اس انسان کے لئے ایک تحفہ اور انعام ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام احمد پرویز۔ادارہ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۱۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام احمد پرویز۔ادارہ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۱۹۸ء۔

۳۔سورہ آل عمران ۔آیت۔۲۶۔

۴۔سورہ الصٰفٰت ۔آیت۔۱۸۰۔

۵۔سورہ الحشر۔آیت۔ ۲۳۔

۶۔سورہ النمل ۔آیت۔۷۸۔

۷۔سورہ انعام۔آیت۔۹۶۔
۸۔سورہ یٰسین۔آیت۔۳۸۔
۹۔سورہ المومن۔آیت۔۱۔۲۔
۱۰۔سورہ حم السجدہ۔آیت۔۱۲۔
۱۱۔سورہ الزخرف۔آیت۔۹۔
۱۲۔تفسیر روح المعانی۔علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (متوفی ۱۲۷۰ھ)۔ج۔۱۲۔ص۔۱۷۳۔
سورہ فاطر۔آیت۔۱۰۔مطبوعہ داراحیا التراث العربی بیروت۔۱۴۱۷ھ۔
۱۳۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔ج۔۶۔ص۔۳۱۹۔
مطبوعہ داع الکتب العلمیہ۔بیروت۔۱۴۰۱ھ۔
۱۴۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر
تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۶۵۔الشفاعۃ۔شفاعت

قرآن کریم روز قیامت جس کی چاہے گا شفاعت کرے گا اور جس کی چاہے گا شکایت کرے گا (حضرت علیؑ)

الشفاعۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ش۔ف۔ع) سے مشتق ہے۔ا۔
شفع۔کے معانی کسی چیز کو کسی دوسری چیز کے ساتھ ملا دینا یا دو چیزوں کو باہم متصل کر دینا اور ایک کو دوسرے کا زوج یا جوڑا بنا دینا۔۲۔
شفع یعنی (زوج)۔یعنی جفت۔کا متضاد لفظ وتر یعنی طاق ہے۔
امام راغب اصفہانی نے لکھا! شفع کے معانی کسی چیز کو اس جیسی کسی چیز سے ملا دینا۔
شفاعۃ۔سے مراد کسی کی مدد یا خبر گیری کرتے ہوئے اس سے مل جانا۔۳۔
شفعۃ۔سے مراد کسی مطلوبہ شے کو باہم اپنی چیزوں کے ساتھ ملا دینا۔۴۔
فقہ کی اصطلاح میں ایک خاص قسم کے حق ملکیت کو شفعۃ کہا جاتا ہے
ناقۃ شافع۔سے مراد وہ حاملہ اونٹنی جس کا ایک چھوٹا بچہ بھی اس کے ساتھ لگا ہو۔
ناقۃ شفوع۔سے مراد وہ اونٹنی جو دو وقت کا دودھ ایک ہی وقت اکھٹا دے۔
شفع۔کے ایک معانی دعا کے بھی ہیں۔
شفاعۃ۔اس معاونت کو بھی کہتے ہیں جو اپنے حلقے سے باہر کی جائے کیونکہ تمام انسانوں کا دوسرے انسانوں پر حق ہے اور سب ہی مذہب وملت کے افراد اللہ کے بندے ہیں۔۵۔
سیدی شفیع۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک اسم صفاتی ہے جس میں حروف مقطعات کی تعداد (۲) ہے یعنی (ی۔ع)۔
ی۔یہ حرف یوم حساب کی جانب اشارہ کرتا ہے۔

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! شفاعت کے سبب دوزخ سے لوگوں کو اس حال میں نکالا جائے گا وہ جلی ہوئی لکڑی کی طرح ہو چکے ہوں گے۔۶؎

ع۔کے معنی علیم۔

ع۔سے مراد عالم۔علیم۔عدل۔عالی کے ہیں۔

ع۔کی تاویل عدل ہے۔

ع۔حرف عبد یعنی (انسان) کی جانب اشارہ کرتا ہے عبد کے معانی غلام یا بندہ کے ہیں تاہم اگر انسان میں عاجزی اور بندگی ہے تو وہ یقیناً اپنی اسی عاجزی اور بندگی کے سبب فرشتوں سے بھی آگے نکل جاتا ہے علماء کرام نے لکھا کے عجز میں ہی عظمت پوشیدہ ہے۔

سیدی شفیع، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ایک اسم صفاتی ہے جس کے معانی یہ ہیں کے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم روز قیامت اپنی امت کی خیر خواہی اور ان کی کامیابی اور جہنم سے آزادی کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیں گے۔اسی حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد ہے!

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! ہر نبی کی ایک دعا ضرور قبول ہوتی ہے ہر ایک نبی نے اس دعا کو دنیا میں خرچ کر دیا اور میں نے اس دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لئے بچا رکھا ہے یہ انشاء اللہ میری امت کہ ہر اس فرد کو حاصل ہوگی جو شرک سے پاک ہوگا۔۷؎

اہل جنت کے اہل وعیال:

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مرفوعاً روایت کیا ہے، جب اہل جنت جنت میں داخل ہو جائیں گے تو ان میں سے ایک شخص اپنے ماں، باپ اور اپنی بیوی اور اولاد کے متعلق سوال کرے گا تو اس سے کہا جائے گا کے انھوں نے وہ درجہ نہیں پایا جو تمھیں حاصل ہے پس وہ کہے گا کے ائے میرے رب! میں نے اپنے لئے بھی عمل کیا ہے اور ان کے لئے بھی عمل کیا ہے پھر یہ حکم دیا جائے گا کے ان کو اس کے درجے کے ساتھ ملا دیا جائے۔۸؎

حضرت خدیجہ الکبریٰؓ بیان کرتی ہیں، انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنے فوت شدہ والدین کے بارے میں سوال کیا جو کے زمانہ جاہلیت میں کفر کی حالت میں انتقال کر چکے تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ دونوں جہنم میں ہیں، یہ بات حضرت خدیجہؓ کو ناگوار گزری تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر تم ان کی جگہ دیکھ لوتو تم بھی ان سے بغض رکھو گی انھوں نے سوال کیا! میری جو اولاد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وہ جنت میں ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک مومنین اور ان کی اولاد جنت میں ہے اور مشرکین اور ان کی اولاد جہنم میں ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت پڑھی!

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ۔۹

ترجمہ۔ ایمان والوں کو اور ان کی اولاد کو جس نے ایمان لانے میں ان کی پیروی کی ہم ان کی اولاد کو بھی ان کے ساتھ ملا دیں گے اور ہم ایمان والوں کے عمل سے کوئی کمی نہیں کریں گے۔

ارشادات خداوندی:

وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى۔۱۰

ترجمہ۔ نیکی اور خدا ترسی کے کاموں میں ایک دوسرے سے تعاون کرو۔

مَّنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا۔۱۱

ترجمہ۔ جو بھلائی کی سفارش کرے گا وہ اس میں حصہ پائے گا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ۔۱۲

ترجمہ۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کی بارگاہ میں نجات کا وسیلہ تلاش کرو۔ ۱۲

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابوذر غفاریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مجھ میری امت کے اچھے اور برے تمام اعمال پیش کیے جاتے ہیں، میں نے نیک عمل دیکھا کے نجاست کو راستے کے

ایک طرف کر دیا گیا اور برے اعمال میں دیکھا کے ناک کی آلائش کو مسجد میں ڈال دیا گیا اور اس کو دفن نہیں کیا گیا۔ ۱۳؎

بکر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری حیات تمھارے لئے بہتر ہے تم باتیں کرتے ہو اور تمھارے لئے حدیث بیان کی جاتی ہے اور جب میں وفات پا جاؤں گا تو میری وفات تمھارے لئے بہتر ہوگی مجھ پر تمھارے اعمال پیش کیے جاتے ہیں جب میں نیک عمل دیکھتا ہوں تو اللہ کی حمد بیان کرتا ہوں اور جب میں برا عمل دیکھتا ہوں تو تمھارے لئے استغفار کرتا ہوں۔ ۱۴؎

حضرت ابن عمرؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص بغیر کسی اور کام کے صرف میری زیارت کے لئے آیا مجھ پر واجب ہے کے میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں۔ ۱۵؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگئی۔ ۱۶؎

حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے قرآن پڑھا اور اس کو حفظ کرلیا تو اللہ تعالی اس کو جنت میں داخل کرے گا اور اس کو اس کے گھر کے ان دس افراد کے لئے شافع بنائے گا جو جہنم کے مستحق ہو چکے تھے۔ ۱۷؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قرآن پڑھنے والے سے یہ کہا جائے گا کے جس طرح سے تم دنیا میں آہستہ آہستہ قرآن پڑھتے تھے اسی طرح سے تم آہستہ آہستہ قرآن پڑھتے چلے جاؤ اور جنت کے درجات میں اوپر کی جانب چڑھتے چلے جاؤ اور جس جگہ تم آخری آیت پڑھو گے وہی تمھاری آخری منزل ہوگی۔ ۱۸؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو اللہ سے میرے وسیلہ کی دعا کرے گا اس کے لئے میری شفاعت واجب ہو جائے گی۔ ۱۹؎

عمران بن حصینؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کچھ لوگ جہنم سے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سفارش پر نکالے جائیں اور انھیں داخل جنت کیا جائے گا۔۲۰؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص (حضرت کلثوم بن ھدم) نے کہا!

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سورہ اخلاص سے محبت کرتا ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اس سورہ کی محبت تم کو جنت میں لے کر جائے گی۔۲۱؎

اللھم صل علیٰ من توسل بہ طیر الفلاۃ

اے اللہ درود بھیجئے اس پر جس کو وسیلہ بنایا جنگل کے پرندوں نے

وسیلہ:

علامہ ابن اثیر جزری (متوفی۔۶۰۶ھ) لکھتے ہیں! وسیلہ کا ایک معنی جنت کے درجات میں سے ایک (مخصوص) درجہ ہے ۲۲؎

امام مسلم بن الحجاج القشیری (متوفی۔۲۶۱ھ) روایت کرتے ہیں، حضرت عبداللہ بن عمروؓ بن العاص بیان کرتے ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کے جب تم موذن کی اذان سنو تو اس کے کلمات کی مثل کہو پھر مجھ پر درود پڑھو کیونکہ جس شخص نے مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھا اللہ اس پر دس رحمتیں بھیجے گا پھر میرے وسیلے کا سوال کرو کیونکہ وسیلہ جنت کا ایک درجہ ہے جو اللہ کے بندوں میں سے صرف ایک بندے کو حاصل ہوگا اور مجھے امید ہے کے وہ بندہ میں ہوں تو جس شخص نے میرے وسیلے کا سوال کیا اس کے حق میں میری شفاعت جائز ہوجائے گی۔۲۳؎

امام ابو القاسم سلیمان بن احمد طبرانی (متوفی۔۳۶۰ھ) روایت کرتے ہیں، حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے اذان سن کر یہ دعا کی

أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ۔ یعنی۔ اے اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوۃ نازل فرما اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مقام محمود پر پہنچا جو

تیرے نزدیک جنت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے مخصوص ہے اور قیامت کے دن ہم کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت میں داخل فرما، تو جو شخص یہ دعا کرے گا اس کے لئے شفاعت واجب قبول ہوجائے گی۔ ۲۴؎

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ ۔ ۲۵؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کی بارگاہ میں نجات کا وسیلہ تلاش کرو۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! قرآن کریم شفاعت شدہ شافع ہے۔

قرآن کریم روز قیامت جس کی چاہے گا شفاعت کرے گا اور جس کی چاہے گا شکایت کرے گا اس کی شفاعت اور شکایت اللہ کے یہاں قبول کی جائے گی۔

توبہ سے زیادہ کوئی کامیاب اور قابل اعتبار شفیع نہیں۔

اللہ کے رسول کی اطاعت کرو اور ان کے احکامات کے آگے سر تسلیم خم کرو جب جا کر تم ان کی شفاعت کے دائرے میں داخل ہو پاؤ گے۔اعتراف، مجرم کا شفیع ہے۔

مجرم کا شفیع اس کا انکسار کے ساتھ معذرت کرنا ہے۔

گناہ گار کا بہترین شفیع اس کا اقرار ہے۔

عذرخواہی سے بڑھ کر کوئی کامیاب شفیع نہیں۔ ۲۶؎

نفسیاتی پہلو

قرآن کریم میں ارشاد ہے! جو بھلائی کی سفارش کرے گا وہ اس میں حصہ پائے گا۔

انسان اس دنیا میں تنہا آیا ہے اور اسے یہاں سے تنہا ہی جانا ہے چنانچہ اللہ تعالی کو یہ بات پسند ہے کے مسلمان ایک دوسرے کی معاونت کریں اور ان کی مدد اور بھلائی کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نا دیں۔

شفاعت کا بنیادی معانی کسی کی مدد یا خبر گیری کرتے ہوئے اس سے مل جانے کے ہیں۔ اس اعتبار سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے مددگار یعنی مولیٰ اور نصیر ہیں جبکہ رسول اللہ ﷺ اپنے امتیوں کے لئے شافع ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے! جو اللہ سے میرے وسیلہ کی دعا کرے گا اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوجائے گی۔ ۲۷؎

تاہم بنی نوع انسانیت پر یہ اللہ کا خاص کرم ہے کے اللہ نے اپنے گناہ گار بندوں کے لئے اتنی آسانیاں اور رحمت رکھی ہے دوسری جانب اللہ کے بندے سرکش اور گناہ گار ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کی اور رسول اللہ ﷺ کی رحمت ہر لمحہ اللہ کے بندوں پر محیط اور شامل ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۲۔القاموس المحیط۔علامہ مجد الدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ داراحیا التراث۔

۳۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصریہ۔

۴۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصریہ۔

۵۔لغات القرآن ۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۶۔صحیح بخاری ۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۷۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۸۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ) مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۹۔سورہ الطور۔آیت۔۲۱۔

۱۰۔سورہ المائدہ۔آیت۔۲۔

۱۱۔سورہ النسا۔آیت۔۸۵۔

۱۲۔سورہ المائدہ۔آیت ۳۵۔

۱۳۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۴۔الطبقات الکبریٰ۔علامہ عبدلوہاب شعرانی (متوفی ۹۷۳ھ)۔ج۔۲۔ص۔۱۹۴۔مطبوعہ دارلکتب لعلمیہ
۱۵۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۱۶۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۷۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ) مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔
۱۸۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۹۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۰۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۲۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۲۔البدیہ والنہایہ۔حافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر شافعی (متوفی ۷۷۴ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت
۲۳۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۴۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۲۵۔سورہ المائدہ۔آیت۔۳۵۔
۲۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۲۷۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

٦٦۔الرفق۔نرمی

مومن کا اخلاق نرم اور اس کی طبیعت میں گداز ہوتا ہے (حضرت علیؑ)

الرفق ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ر۔ف۔ق) سے مشتق ہے۔ا؎

الرفق۔سے مراد نرمی اور سہولت کے ہیں۔

الرفقۃ۔سے مراد ہم جماعت یا ایک ہم سفر۔

رفیق۔کے معنی دوست اور ساتھی کے بھی ہیں۔

المرتفق۔سے مراد جس چیز پر ٹیک لگائی جائے۔

رفق علیہ۔کے معنی کسی کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرنا۔

الرفق۔سے مراد سختی اور تشدد کے بغیر باہم موافقت۔

رفقائے سفر۔سے مراد سفر کے ساتھی۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَمَنۡ یُّطِعِ اللّٰہَ وَالرَّسُوۡلَ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمَ اللّٰہُ عَلَیۡہِمۡ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیۡقِیۡنَ وَالشُّہَدَآءِ وَالصّٰلِحِیۡنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیۡقًا۔ ۳؎

ترجمہ۔جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرے تو وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے انعام فرمایا ہے جو انبیاء صدیقین، شہداء، اور صالحین ہیں، اور یہ کیا ہی عمدہ ساتھی ہیں۔

یَنۡشُرۡ لَکُمۡ رَبُّکُمۡ مِّنۡ رَّحۡمَتِہٖ وَیُہَیِّیٴۡ لَکُمۡ مِّنۡ اَمۡرِکُمۡ مِّرۡفَقًا۔ ۴؎

۔ترجمہ۔اللہ تم پر اپنی رحمت کو کشادہ کردے گا اور تمہارے لئے تمہارے کام میں آسانی مہیا کردے گا۔

اُولٰٓئِکَ لَہُمۡ جَنّٰتُ عَدۡنٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہِمُ الۡاَنۡہٰرُ یُحَلَّوۡنَ فِیۡہَا مِنۡ اَسَاوِرَ

مِنۡ ذَهَبٍ وَّيَلۡبَسُوۡنَ ثِيَابًا خُضۡرًا مِّنۡ سُنۡدُسٍ وَّاِسۡتَبۡرَقٍ مُّتَّكِـِٕيۡنَ فِيۡهَا عَلَى الۡاَرَآئِكِ‌ؕ نِعۡمَ الثَّوَابُ وَحَسُنَتۡ مُرۡتَفَقًا۔۵؎

ترجمہ۔ان کے لئے دائمی جنتیں ہیں جن کے نیچے دریا بہتے ہیں انہیں وہاں سونے کے کنگن اور ریشم کے ہلکے اور دبیز سبز کپڑے پہنائے جاءیں گے اور وہ وہاں مسندوں پر تکیے لگائے ہوئے ہوں گے، کیسا اچھا اجر ہے اور وہ جنت کیسی اچھی آرام کی جگہ ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عبداللہ بن مغفلؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ رفیق ہے اور نرمی کو پسند فرماتا ہے اور نرمی پر وہ عطا فرماتا ہے جو سختی پر نہیں دیتا۔۶؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جنت میں ایسے لوگ داخل ہوں گے جن کے دل چڑیوں کی طرح نرم ہوں گے۔۷؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، ایک اعرابی (بدو) نے مسجد میں پیشاب کر دیا، تو لوگوں نے اسے ڈانٹا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، اس شخص کو رہنے دو اور اس پیشاب پر ایک ڈول پانی بہا دو تمھیں آسانی کرنے کے لئے بھیجا گیا ہے تنگی کرنے کے لئے نہیں۔۸؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سیکھاؤ اور آسانی پیدا کرو، یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ فرمائی، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! جب غصہ کا غلبہ ہو تو خاموشی اختیار کرو۔۹؎

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص کسی تنگ دست پر آسانی کرے گا تو اللہ تعالی اس کے لئے دنیا اور آخرت میں آسانی فرمائے گا۔۱۰؎

حضرت انس بن مالکؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! آسانی کرو، دشواری نا کرو، خوش کرو، نفرت نہ دلاؤ۔۱۱؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! علم میں سرفہرست نرمی ہے جبکہ علم کی آفت سخت روئی ہے۔
نرمی سے بات کرنا اور ہر خاص و عام کو سلام کر کے سلامتی پھیلانا عبادت ہے۔
عقلمند وہ ہے جو اپنے تمام امور نرمی سے انجام دیتا ہے، وہ فضول باتوں سے اجتناب کرتا ہے
کیونکہ جونک نہایت سکون اور اطمینان سے جتنا خون چوس لیتی ہے،
مچھر اپنے اضطراب اور حد درجہ شور سے اتنا خون نہیں چوس پاتا۔
نرمی سے مزین عمل کتنا خوبصورت ہے۔
ملائمت اور نرمی کے ساتھ ضروریات پوری ہوتی ہیں اور اطمینان اور سکون سے مقاصد کا ک
حصول آسان ہوتا ہے۔
نرمی جس چیز میں بھی ہوگی وہ اس کو زینت بخشے گی۔
نرمی خیر اور صلاح کی کلید ہے۔ نرمی ہر کامیابی کا عنوان ہے۔
نرمی مشکلات کو آسان اور سختیوں کو خفیف کر دیتی ہے۔
اپنے شاگردوں سے نرمی اور شفقت سے پیش آنا اعلی درجے کا مزاج اور طبیعت ہے۔
ملائمت کامیابی کی کنجی ہے۔ برکت نرمی کے ساتھ ہے۔
جب تم کسی چیز کے مالک بن جاؤ تو پھر تم پر لازم ہے کے نرمی اختیار کرو۔
جب تم کسی کو سزا دو تو تمھیں چاہئے کے تم سزا میں نرمی اختیار کرو۔
سب سے افضل انسان وہ ہے جو سب سے زیادہ نرمی برتنا جانتا ہو۔
سب سے عقلمند انسان وہ ہے جو سب سے زیادہ حق پر صبر کرنے والا ہو۔
سب سے بڑی نیکی نرمی برتنا ہے۔
شدت کو نرمی سے مخلوط کرلو تاہم جہاں نرمی مناسب ہو وہاں نرمی برتو۔
نرمی کے ذریعے اپنے مقاصد کو حاصل کرو۔

نرمی کے ذریعے مروت اپنے کمال کو پہنچ جاتی ہے۔
حلم کا ثمرہ ملائمت اور نرمی ہے۔ یقیناً اہل جنت سبک مزاج اور نرم خو مومنین ہیں۔
انسان کی نرم طبع اس کو اس کے دشمنوں میں بھی محبوب بنا دیتی ہے۔
کتنی ہی ایسی مشکلات ہیں جنھیں نرمی آسان بنا دیتی ہے۔
ہر دین کا ایک طریقہ اور دستور ہے اور اسلام کا دستور نرمی اور ملائمت ہے۔
جو مخلوق سے نرمی برتتا ہے اس کے رزق میں اضافہ ہو جاتا ہے۔
سخت گیری اور نرمی کبھی ایک ساتھ نہیں رہ سکتی۔
مومن کا اخلاق نرم اور اس کی طبیعت میں گداز ہوتا ہے۔
مومن اپنے اقرباء سے قربت، رحمت اور نرمی برتتا ہے۔
جس درخت کا تنا نرم ہوتا ہے اس درخت کی شاخیں موٹی ہوتی ہیں۔
نرم مزاج شخص کی محبت اس کی قوم میں دائمی ہوتی ہے۔
جو تم سے ملے تم اس سے نرمی کے ساتھ پیش آؤ، عنقریب ہو سکتا ہے کے وہ بھی تمھارے ساتھ نرمی کے ساتھ پیش آئے۔
جس انسان کی گفتگو میں نرمی ہوگی لوگ اس سے محبت کریں گے۔
دل کی نرمی نفوس کو مانوس کرتی ہے۔ بہترین اخلاق تواضع، حلم اور نرم مزاجی ہے۔
نیک لوگوں کا طریقہ نرم گفتگو اور اور سلام ہے۔ یقیناً نرم گفتگو اور سلام عبادت ہے۔
اپنی تیوری نا چڑھاؤ بلکہ اپنے دل کو نرم رکھو اور اس اللہ کے لئے تواضع اختیار کرو جس نے تمھیں بلند کیا ہے۔ ۱۲؎

نفسیاتی پہلو

انسان کی نفسیات ہے کے وہ نرمی اور آسانی کو پسند کرتا ہے اور نرمی اور محبت سے کی گئی بات اور نصیحت کو وہ جلدی قبول کرتا ہے بہ نسبت سختی اور تندروئی کے۔

قرآن کریم انسان کی اس نفسیاتی خاصیت سے بخوبی واقف ہے جب ہی قرآن کریم میں نرمی کی جانب خاص تاکید کی گئی۔اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے! اللہ تم پر اپنی رحمت کو کشادہ کردے گا اور تمہارے لئے تمہارے کام میں آسانی مہیا کردے گا۔

دوسری جانب رسول اللہ ﷺ نے بھی نرمی کی خاص تاکید فرمائی کیونکہ رسول اللہ ﷺ بذات خود بھی ماہر نفسیات تھے اور نفس انسانی کی پیچیدگیوں سے بخوبی واقف تھے۔

تاہم ماہرین نفسیات کا بھی یہ خیال ہے کے نرمی، پیار، محبت، شفقت اور عزت کے نفس انسانی پر دیرپا مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ النساء۔آیت۔۶۹۔

۴۔سوہ کہف۔آیت۔۱۶۔

۵۔سورہ کہف۔آیت۔۳۱۔

۶۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۷۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۸۔سنن نسائی۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۱۲ھ۔

۹۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۰۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔

۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۱۸، ۲۲۳۔ مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۶۷۔اھل بیت۔اہل بیت

جس نے ہم اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت اختیار کی وہ بلاؤں کے لئے چمڑے کا لباس پہن لے (حضرت علیؑ)

اھل۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ا۔ھ۔ل) سے **مشتق** ہے۔۱؎

اھل۔عبرانی زبان میں خیمہ کو کہتے ہیں۔۲؎

اھل۔سے مراد ایک خیمہ میں رہنے والے لوگ۔

اھل۔ان لوگوں کے لئے بھی بولا جاتا ہے جو ہم نسب ہوں یعنی جن کا دین، پیشہ، گھر یا شہر مشترک ہو۔۳؎

اھل الرجل۔سے مراد انسان کا خاندان یا قریبی رشتے دار۔

بیت۔عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی گھر کے ہیں۔

اھل بیت۔سے مراد گھر میں رہنے والے لوگ۔

اھل الرجل۔سے مراد بیوی اور اولاد۔۴؎

اھل۔سے مراد بیوی۔۵؎

اھل۔سے مراد اہلیہ یعنی بیوی۔

اھلیٔ۔سے مراد وہ جانور جو گھر اور مکانات سے مانوس ہوں۔۶؎

ارشادات خداوندی:

قَالَ يَانُوحُ إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ ۖ إِنَّهُ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْأَلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ۖ إِنِّي أَعِظُكَ أَنْ تَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ۔۷؎

ترجمہ۔(اللہ نے) فرمایا اے نوح! وہ آپ کے اہل سے نہیں ہے، بے شک اس کے کام نیک

نہیں ہیں تو آپ مجھ سے اس چیز کا سوال نہ کریں جس کا آپ کو علم نہیں ہے۔
بے شک میں آپ کو نصیحت کرتا ہوں (تا کہ) آپ نادانوں میں سے نہ ہو جائیں۔

وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ وَنَادٰى نُوْحُ ِابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكَافِرِيْنَ۔۸؎

ترجمہ۔ وہ کشتی انہیں پہاڑ جیسی موجوں میں لے کر جارہی تھی اور نوح نے اپنے بیٹے کو پکارا جب کے وہ ان سے الگ تھا اے بیٹے ہمارے ساتھ سوار ہو جاؤ اور کافروں کے ساتھ نہ رہو۔
یہاں اس نکتے کی وضاحت ضروری ہے کے اھل سے مراد ہم حسب ونسب تو ہیں لیکن ان کا دینی اعتبار سے بھی ایک ہی دین کا پیروکار ہونا ضروری ہے کیونکہ مندرجہ بالا آیت میں اسی نکتے کو اللہ نے قرآن کریم میں واضح فرمایا ہے، حضرت نوح علیہ السلام کا وہ بیٹا جو اسلام نا لایا تھا وہ تمھارا اھل نہیں یعنی حضرت نوح کا وہ بیٹا جماعت مسلمین و مومنین میں شامل نہیں بالکل اسی طرح سے حضرت ابراہیم کے والد، حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کئی خونی رشتے دار جو دین سلام کے پیروکار نا تھے ان کا شمار اھل میں نہیں کیا جا سکتا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا۔۹؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ تم کو یہ حکم دیتا ہے کے تم امانت ان کے اھل کو ادا کر دو۔

آئمہ اہل بیت الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آئمہ اہل بیت الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کل امام امت ہیں یہ قدسی نفوس حضرات امام الوراء، امام تقویٰ امام ہدایت، امام معرفت، امام علم، امام زہد و وریٰ، یہ آئمہ اطہار کل اماموں کے امام ہیں۔
یہ پیشوائے اعظم اور امت کے مقتدائے اعظم ہیں، ان کا مقام مرتبہ کل اولیاء اللہ سے بلند ترین ہے جن کے در سے ولایت کی خیرات تقسیم ہوتی ہے۔
آئمہ کرام کی شخصیت کے کمالات تو اپنی جگہ ان کے صرف اسم مبارک کی یہ تاثیر ہے کے اگر کسی مجنون یا دماغی مریض پر پڑھ کر دم کر دئے جائیں تو اس شخص کا جنون اور پاگل پن زائل

ہوجاتا ہے۔اسی حوالے سے حضرت عبدالسلام بن ابی صالح ابی الصل ت الھر وی کہتے ہیں! اگر درج ذیل اہل بیت الرسول ﷺ کے نام کسی مجنون یا پاگل پر دم کردئے جائیں تو اس کی دیوانگی اور پاگل پن دور ہوجائے گا! حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى الرِّضَا، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الْإِيمَانُ مَعْرِفَةٌ بِالْقَلْبِ، وَقَوْلٌ بِاللِّسَانِ، وَعَمَلٌ بِالْأَرْكَانِ". قَالَ أَبُو الصَّلْتِ: لَوْ قُرِءَ هَذَا الْإِسْنَادُ عَلَى مَجْنُونٍ لَبَرَأَ۔۱۰

رسول ﷺ کے ارشادات:

مسور بن مخرمہ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! فاطمہؓ میرے جسم کا ٹکڑا ہے ،اس لئے جس نے اسے ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔۱۱

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! فاطمہ جنت کی خواتین کی سردار ہیں ۔۱۲

رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ سے بیان کیا! کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کے تم میرے ساتھ اس درجہ میں رہو جیسے موسیٰ کے ساتھ ہارون تھے۔۱۳

رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا! تم صورت اور سیرت میں مجھ سے زیادہ مشابہہ ہو۔۱۴

حضرت ابوبکر صدیقؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف فرما تھے اور حضرت حسنؓ آپ کے پہلو میں تھے آپ ﷺ نے فرمایا! میرا یہ بیٹا سردار ہے اور امید ہے اللہ تعالی اس کے ذریعے مسلمانوں کی دو جماعتوں میں صلح کروائے گا۔۱۵

حضرت براءؓ بیان کرتے ہیں ،حضرت حسنؓ رسول اللہ ﷺ کے شانے مبارک پر تھے اور آپ ﷺ یہ فرمارہے تھے! اے اللہ مجھے اس سے محبت ہے آپ بھی اس سے محبت کیجئے۔۱۶

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، حضرت حسنؓ بن علیؓ سے زیادہ رسول اللہ ﷺ سے کوئی مشابہہ نہیں تھا۔۱۷؎

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میں چھ اشخاص پر لعنت کرتا ہوں اور ہر نبی نے بھی ان پر لعنت کی ہے اور ہر نبی کی دعا مستجاب ہوتی ہے۔

۱۔ جو اللہ کی کتاب میں زیادتی کرے۔

۲۔ جو اللہ کی تقدیر کا انکار کرے۔

۳۔ جو جبراً لوگوں پر مسلط ہوجائے تاکہ ان کو عزت دے جن کو اللہ نے ذلیل کیا ہے اور ان کو ذلیل کرے جن کو اللہ نے عزت دی ہے۔

۴۔ جس کو اللہ نے حرام کیا ہے اس کو حلال کرے۔

۵۔ میری اولاد پر ان کاموں کو حلال کرے جن کو اللہ نے حرام کیا ہے۔

۶۔ میری سنت کو بطور اہانت ترک کرے۔۱۸؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میرے بعد میری امت کے سب سے بڑے عالم علی ابن ابی طالب ہیں۔۱۹؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! علی کی محبت گناہوں کو ایسے کھا جاتی ہے جیسے آگ خشک لکڑی کو کھا جاتی ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! پل صراط پر تم میں سے زیادہ وہ ثابت قدم رہے گا جس کی محبت میری آل سے زیادہ ہوگی۔۲۰؎

حضرت ابوذرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میرے اہل بیت کی مثال کشتی نوح جیسی ہے، جو اس میں سوار ہوگیا وہ بچ گیا اور جو رہ گیا وہ غرق ہوگیا۔۲۱؎

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! رسول ﷺ کے اہل بیت کو مدنظر رکھتے ہوئے انھی کی

سمت کے پابند ہو جاؤ، ان کے آثار کا اتباع کرو کیونکہ یہ لوگ کبھی بھی تمھیں راہ ہدایت سے دور نہیں کریں گے اور نہ ہی کبھی ضلالت اور گمراہی کی طرف لوٹائیں گے اگر یہ کبھی خاموش رہیں تو تم بھی خاموش رہو اور اگر یہ اٹھ کھڑے ہوں تو تم بھی اٹھ کھڑے ہو اور کبھی ان سے آگے نہ بڑھو ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے اور نہ ہی ان سے پیچھے رہ جاؤ ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔

(اہل بیت رسول ﷺ) کی شان میں قرآن کی آیات کریمہ ہیں یہ لوگ رحمن کے خزانے ہیں اگر بولتے ہیں تو سچ اور اگر یہ خاموش رہتے ہیں تو کوئی ان سے آگے بڑھنے کا حق نہیں رکھتا ہم (اہل بیت الرسول ﷺ) اللہ کی نشانیاں ہیں اور رسول اللہ ﷺ کے سچے ساتھی ہیں ان کے علوم کے خزانے دار ہیں علم لدنی کے دروازے ہیں اور گھر میں صرف دروازے کے ہی ذریعے سے آیا جاتا ہے لہٰذا جو بھی گھر میں دروازے کے سوا کسی اور سے داخل ہوا تو وہ چور کہلائے گا۔

آل محمد ﷺ کی اس امت میں کوئی بھی برابری نہیں کرسکتا ہے اور ان کے ٹکڑوں پر پلنے والے کبھی بھی ان کے برابر نہیں ہوسکتے ہیں یہ دین کی اساس اور یقین کے ستون ہیں غلو کرنے والا انھی کی طرف پلٹے گا اور پیچھے رہ جانے والا بھی آخر کار انھی سے ملحق ہوگا حق ولایت اور حکومت کی خصوصیتیں رسول اللہ ﷺ کی جانشینی اور وراثت سبھی کچھ انھی کا ہے۔

اہل بیت رسول ﷺ اللہ کے اسرار کے امین ہیں اس کے دستورات کے لئے جائے پناہ ہیں اس کے علم کے ظروف ہیں اس کی کتاب کی پناہ گاہ انھی کے ذریعے اس دین کی کمر کا خم درست ہوا اور اس کے احکامات وفرائض کی لرزہ براندامی ختم ہوئی۔

سب سے بڑا عقل کا اندھا وہ ہے جو ہماری محبت وفضل سے اندھا ہو اور ہمارے کسی گناہ کے بغیر ہم سے دشمنی روا رکھے جز اس کے کہ ہم نے اس کو حق کی طرف بلایا ہے۔

خوش نصیب ترین لوگ وہ ہیں جو ہماری فضیلتوں کو سمجھ گئے اور وہ ہمارے ذریعے سے اللہ کا تقرب حاصل کریں اور ہم سے خالص محبت رکھیں ہم نے جو کچھ کہا اس پر عمل پیرا رہیں اور

ہم نے جس چیز سے منع کیا اسے ترک کریں پس وہ ہم میں سے ہیں اور وہ دار جاویدانی میں ہمارے ساتھ ہوں گے۔
سب سے اچھی نیکی ہماری محبت اور سب سے بڑی برائی ہم سے بغض رکھنا ہے۔
بلا شبہ ہمارے امور بڑے ہی مشکل ہیں اور ان کا تحمل صرف وہی لوگ کر سکتے ہیں جن کے دلوں کو اللہ تعالی نے ایمان کے واسطے امتحان میں مبتلا کیا اور ہماری باتیں صرف امانت دار سینوں اور پر وقار فکروں کے مالک ہی سمجھ سکتے ہیں۔
آگاہ ہو جاؤ! اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حلم و بردباری کے دروازے ہیں اندھیروں کے لئے اجالے ہیں اور امتوں کے لئے روشنی ہیں۔
ہماری روش میانہ روی اور ہماری سنت ہدایت ہے
تمھارے اوپر آل نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت لازم ہے کیونکہ یہ تمھارے اوپر اللہ کا حق ہے اور اللہ کے اوپر تمھارا حق ہونے کا موجب بھی ہے کیا تم نے قول خدا نہیں سنا!
قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِى الْقُرْبٰى رغور نہیں کیا۔
جس نے ہم اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت اختیار کی وہ بلاؤں کے لئے چمڑے کا لباس پہن لے۔ ۲۲

نفسیاتی پہلو

انسان کی یہ فطرت ہے کے وہ اپنی پیدائش سے لے کر مرنے سے پہلے تک مستقل کسی نا کسی شخصیت کو اپنا آئیڈیل بناتا ہے کیونکہ آئیڈیل بنانا اس کی فطرت کا تقاضا ہے چنانچہ آئیڈیل ایسے انسان کو بنایا جائے جو واقعی انسان کی اعلیٰ اخلاقی تربیت بھی کر سکے اور ایسی ہی اعلیٰ مقامات پر فائز شخصیات میں سرفہرست آئمہ اطہار ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیت ہیں اور جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم اور جناب سیدہ کائنات کی گود میں تربیت حاصل کی، تمام اہل بیت الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ نے نہایت عزت، سربلندی اور

عظمتوں سے نوازا الہٰذا یہی وہ اعلیٰ شخصیات ہیں جن کی تقلید سے انسان ناصرف اپنے نفس کو مزین کرسکتا ہے بلکہ دنیا اور آخرت میں کامیابی سے ہم کنار بھی ہوسکتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔القاموس المحیط۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث۔

۳۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۴۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۵۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۶۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۷۔سورہ ھود۔آیت۔ ۴۶۔

۸۔سورہ ھود۔آیت۔ ۴۲۔

۹۔سورہ النساء۔آیت۔ ۵۸۔

۱۰۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۵ھ۔
بحوالہ۔سیرۃ الرسول ﷺ۔شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری۔حصہ دوم۔ص۔ ۸۲۔
منہاج القرآن پبلی کیشنز۔

۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔ ۱۴۲۱ھ۔

۱۹۔میزان الحکمت۔
۲۰۔کنز العمال۔علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی ۹۷۵ھ)۔مطبوعہ موسسۃ الرسالہ
۲۱۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشا پوری (متوفی ۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دارالباز مکہ مکرمہ۔
۲۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۵۸۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۶۸۔الدین۔دین

اللہ تبارک تعالی دین کوصرف اپنے چنے ہوئے خاص بندوں اور اپنی مخلوقات میں سے نہایت چنے ہوئے افراد کوعطا فرماتا ہے(حضرت علیؓ)

الدین۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(د۔ی۔ن) سے مشتق ہے۔ا؂

دین۔کثیر المعانی لفظ ہے جس کے معنی ،غلبہ، اقتدار، حکومت ،مملکت ،آئین ،قانون ،نظم و نسق،فیصلہ،ٹھوس نتیجہ،سزا جزا، بدلہ اور اختیار کے ہیں۔

دوسری جانب دین اطاعت اورفرمانبرداری کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے

اہل لغات نے دین کے معانی حساب،غلبی ،تدبیر اور عادت بھی لکھے ہیں۔

قرآن کریم میں مندرجہ بالا تمام معانی میں دین استعمال ہوا ہے۔

دین کے ایک معنی عادت مستمرہ کے بھی ہیں چنانچہ دین اس بارش کو بھی کہتے ہیں جو عادتاً ہمیشہ ایک ہی جگہ برستی ہے۔۲؂

اسلامی ممالک کا منشور دراصل قرآن کریم کے غیر متبدل اصولوں کا نام ہے تاہم تمام ممالک اسلامیہ کے کل کاروبار زندگی انھی اصولوں کے ماتحت ہونا چاہئے اسی کو دین کہتے ہیں۔

دین۔سے مراد اللہ کا عطا کردہ نظام زندگی جو بنی نوع انسانیت کی آزادی اور پابندی کی حدود کو متعین کرتی ہے۔

دین۔کے مطابق انسانی زندگی اعمال کے نتائج مرتب ہوتے ہیں۔

جس دن انسان اللہ کے دین کا تابع اورفرمانبردار ہوجائے گا وہ ہرقسم کی محکومی سے آزاد ہوجائے گا۔

ماہرین لغات نے مدینہ منورہ کے معانی لکھے ہیں مدینہ منورہ وہ ریاست ہے جہاں اللہ کا دین

قائم ہوا۔

مدینہ کے معانی شہر کے ہیں یعنی ایسا شہر جہاں حکومت کی اطاعت کی جائے

دین۔ سے مراد ضابطہ حیات ہے۔ ۳؎

ارشادات خداوندی:

دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۔ ۴؎

ترجمہ۔تمھارے لئے دین اسلام کو پسند کیا، کہ تم اس کو اپناؤ۔

مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۔ ۵؎ ترجمہ۔روز جزاء کا مالک ہے۔

ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۔ ۶؎

ترجمہ۔یہی دین مستقیم ہے۔

ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ۔ ۷؎

ترجمہ۔پھر آپ نے کیا سمجھا روز جزاء کیا ہے؟

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۔ ۸؎

ترجمہ۔جس دن کوئی شخص کسی شخص کے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہوگا، اور اس دن تمام احکام اللہ ہی کے لیے ہوں گے۔

وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۔ ۹؎

ترجمہ۔وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ اس کو ہر دین پر غالب کر دے خواہ مشرکین کو نا گوار ہو۔

وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۔ ۱۰؎

ترجمہ۔آپس میں نیک کام اور پرہیز گاری پر مدد کرو، اور گناہ اور ظلم پر مدد نہ کرو، اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔

وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ۔
ترجمہ۔جس شخص نے اسلام کے سوا کسی اور دین کو طلب کیا تو وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا، وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا۔ ۱۱؎

دین کا لغوی معنی

علامہ زبیدی لکھتے ہیں، دین کا معنی عادت ہے۔
مازال ذالك ديني ۔ سے مراد میری ہمیشہ سے یہ عادت ہے۔
دین۔ کے معنی اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے۔
دین ۔ کے معنی اطاعت ہے۔

دین اور مذہب کا فرق

دین وہ قانون، دستور اور ضابطہ حیات ہے جو اللہ کی طرف سے ملا ہو اور دین اپنی اصل شکل میں قرآن کریم کی شکل میں قیامت تک دنیا میں موجود رہے گا جبکہ مذاہب مختلف انسانوں کے بنائے ہوئے قواعد وضوابط کا مجموعہ ہوتا ہے تاہم مذاہب میں کئی فرقے بھی ہوتے ہیں۔
دین، شریعت اور مذہب وغیرہ کی تعریفات : میر سید شریف لکھتے ہیں ! دین ایک الٰہی دستور ہے تاہم دین اللہ کی طرف منسوب ہے، ملت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف منسوب ہے اور مذہب مجتہد کی طرف منسوب ہے۔ ۱۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات :

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ! جو شخص کسی کاہن کے پاس گیا اور اس کے قول کی تصدیق کی یا جس شخص نے حائضہ عورت کے ساتھ جنسی عمل کیا یا جس شخص نے کسی عورت کے ساتھ عمل معکوس کیا' تو وہ اس (دین) سے بری ہو گیا جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا گیا۔ ۱۳؎
حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہر بچہ دین فطرت (اسلام)

پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے والدین اس کو یہودی' نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔ ۱۴؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

جو انسان دین اسلام کے لئے کام کرتا ہے اللہ تعالی اس انسان کے دنیاوی معاملات کی کفایت فرماتے ہیں ،لوگ کسی بھی دینی امر کے لئے اپنے دنیاوی بھلائی کو ترک نہیں کرتے یہاں تک کے اللہ ان کے لئے کوئی اور نقصان دہ شے کا راستہ کھول دیتا ہے۔

آپؓ نے اپنے بیٹے محمد بن حنیفہؒ سے فرمایا! ائے بیٹے میں تمھارے لئے فقر سے ڈرتا ہوں لہٰذا فقر سے اللہ کی پناہ طلب کرو کیونکہ فقر دین کی مشکل ،عقل کی حیرانگی اور غیظ وغضب کا باعث ہے۔اللہ نے حج کو اپنے دین کی تقویت اور اپنے قرب کے لئے واجب فرمایا ہے۔

دین کی ابتداء اللہ کی معرفت ہے۔

اس شخص کی قربت سے بچو جو تمھارے دین اور تمھاری عزت کے لئے خطرہ ہو۔

دین محض پیروی ہے اس میں انسان کی اپنی ذاتی رائے کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں۔

بہت سے ایسے امور ہیں جنھیں تم انجام پذیر کرنا چاہتے ہو،جبکہ ان امور کے وقوع پذیر ہونے میں تمھارے دین کی تباہی مضمر ہے۔دین میں متلون مزاجی سے ڈرو۔

جو دین کو ہلکا سمجھتا ہے وہ ٹوٹ پھوٹ جاتا ہے۔دین میں یقین کا ہونا سرفہرست ہے۔

دین کا بہترین معاون صبر ہے۔حسد دین کی آفت ہے۔

جس شخص کی کوئی نیت نہیں اس کا کوئی دین نہیں۔دین کو ہلکا سمجھنا دین کی آفت ہے۔

بدبخت ہے وہ شخص جو دوسروں کی دنیا کی خاطر اپنے دین کو بیچ دے۔

آپؓ نے فرمایا! دین کے راستے کی مصیبت سب سے سخت ترین ہے۔

جو شخص جنگ وجدل اور کٹ حجتی کے ذریعے دین کو طلب کرے گا وہ زندیق ہو جائے گا۔

اس شخص کے پاس کوئی دین نہیں جس نے مخلوق کی اطاعت کے لئے اللہ کی نافرمانی کو اختیار کیا۔بدعت جیسا کسی نے دین کو برباد نا کیا اور طمع اور لالچ سے زیادہ کسی شے نے مردوں کو

خراب نا کیا۔ تمھارا بھائی، تمھارا دین ہے لہٰذا اپنے دین کے لئے جس طرح سے چاہو احتیاط کرلو۔ دین داروں کی کچھ علامات ہیں جس کے ذریعے سے انھیں پہچانا جاسکتا ہے۔

ا۔ سچی بات۔ ۲۔ ادائے امانت۔ ۳۔ وعدوں کو وفا کرنا۔ ۴۔ صلہ رحمی۔

۵۔ کمزوروں پر رحم۔ ۶۔ نیکی انجام دینا۔ ۷۔ خوش اخلاقی۔ ۸۔ علم اور ہر اس چیز کی پیروی جو اللہ کی قربت کا سبب ہو۔ دین سب سے زیادہ بافضیلت مطلوب ہے۔

دین ایک ایسا درخت ہے جس کی جڑ تسلیم ورضا ہے۔

جس کا دین خراب ہوگیا وہ خسارے میں ہے۔ دین دونسبوں میں شریف ترین نسب ہے۔

دین کی اصلاح عقل کے سوا کوئی چیز نہیں کرسکتی۔

دین کو اپنی پناہ گاہ اور عدل کو اپنی تلوار بنالو تو تم ہر برائی سے بچے رہو گے اور تم ہر دشمن پر غالب آجاؤ گے۔ بہترین ہے وہ انسان جس کی شہوت اس کے دین کو خراب نا کرے۔

یقیناً دین کا بافضیلت ترین جز۔ ا۔ اللہ کی محبت۔ ۲۔ اللہ کے لئے بغض۔ ۳۔ اور اللہ کے لئے لین دین کرنا ہے۔

اللہ تبارک تعالی دین کو صرف اپنے چنے ہوئے خاص بندوں اور اپنی مخلوقات میں سے نہایت چنے ہوئے افراد کو عطا فرماتا ہے۔

جان لو کے دین کا اول تسلیم اور اس کا آخر اخلاص ہے۔

اللہ تعالی دنیا تو اسے بھی دیتا ہے جسے وہ دوست رکھتا ہے اور اسے بھی دیتا ہے جسے دوست نہیں رکھتا لیکن دین وہ صرف اسے دیتا ہے جسے وہ دوست رکھتا ہے۔ اگر تم نے اپنی دنیا کو اپنے دین کے تابع کرلیا تو سمجھ لو کے تم نے اپنی دین اور دنیا دونوں کو محفوظ کرلیا اور آخرت میں تم کامیاب ہوگئے۔ دین کا ثمر امانت داری ہے۔

تین چیزیں دین کی بنیاد ہیں۔ ا۔ پاک دامنی۔ ۲۔ تقویٰ۔ ۳۔ حیاء۔

تین چیزیں کمال دین ہیں۔ ا۔ اخلاص۔ ۲۔ یقین۔ ۳۔ قناعت۔

دین کو دنیا کے ذریعے مضبوط کرو لیکن دنیا کو دین کے ذریعے پائیدار نا کرو۔

دین کا بلند ترین مقام صبر، یقین اور نفسانی خواہشات سے مقابلہ ہے۔

تقویٰ کا سبب دین کی قوت ہے۔

دین کو اپنی حکومت کا قلعہ اور شکر کو اپنی نعمتوں کا محافظ بناؤ کیونکہ ہر وہ حکومت جس کا دین نے احاطہ کر لیا وہ مغلوب نہیں ہوسکتی اور ہر وہ نعمت جسے دین نے گھیر لیا وہ سلب نہیں ہوگی۔

دین کا مقصد امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور اللہ کی حدود کے قیام میں ہے۔

دین کو کھودینے والا کفر وگمراہی میں سرگرداں ہوجاتا ہے۔

ہر وہ عزت جس کی تائید دین نا کرے وہ ذلت ہے۔

اپنے دین کی امور میں عقل مند اور دنیاوی امور میں جاہل بن جاؤ۔

جس انسان کی دیانت داری درست ہوجائے گی اس انسان کی امانت داری بھی درست اور قوی ہوجائے گی۔جس انسان کے پاس دین نہیں اس کے پاس مروت نہیں۔

جس انسان کو دین عطا ہوجاتا ہے اس انسان کو دین ودنیا کی بھلائیاں عطا ہوجاتی ہیں۔

جو دین میں احتیاط سے کام لیتا ہے وہ قیامت کے دین عظیم المرتبت ہوجائے گا۔

جس انسان پر دین حق کا غلبہ ہوجاتا ہے وہ انسان نرم ہوجاتا ہے۔

شک اور شبہ میں مبتلا رہنے والے کے پاس کوئی دین نہیں اور غیبت کرنے والے کے پاس کوئی مروت نہیں۔دین کا تھوڑا حصہ بھی دنیا کے بڑے حصے سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔۱۵؎

نفسیاتی پہلو

ابدال حق حضور قلندر بابا اولیاء فرماتے ہیں! مذہب اور لا مذہب میں بنیادی فرق یہ ہے کے لا مذہبیت انسان کے اندر شکوک وشبہات، وسوسے اور غیر یقینی احساسات کو جنم دیتی ہے جبکہ مذہب، احساسات، خیالات، تصورات اور زندگی کے اعمال وحرکات کو قائم بالذات اور مستقل ہستی سے وابستہ کر دیتا ہے۔

انسان کے نفس کو سدھارنے اور سدھانے کے لئے کسی نا کسی سبق کی لازمی ضرورت ہوتی ہے اور اللہ نے انسان کو تخلیق کرنے کے بعد اس کو یونہی تنہا بے یارو مددگار نہیں چھوڑا بلکہ اس کی تعلیم و تربیت کا بھی مکمل انتظام فرمایا۔ تمام پیغمبر جن کی تعداد ایک لاکھ چوبیس ہزار بیان کی جاتی ہے وہ بنی نوع انسانیت کے معلم ہیں اور ان سب نے انسانوں کی پہلی تربیت یہی کی کے اس کل کائنات کا خالق و مالک صرف اور صرف اللہ کی ذات ہے چنانچہ اللہ کی زمین پر اللہ کا ہی نظام نافذ ہوگا اور اللہ کی کل مخلوقات کو اللہ کے ہی بنائے ہوئے آئین کی پاسداری کرنا ہوگی کیونکہ کائنات میں کل غلبہ، حکومت، نظم و نسق، فیصلہ اور اختیار اللہ کا ہی قائم ہے چنانچہ جب انسان اللہ کے بنائے ہوئے قاعدے قوانین کا پابند ہوجاتا ہے تو سکون، اطمینان، آسودگی اور دائمی خوشی اس کے قدم چومنے لگتی ہے کیونکہ اللہ نے انسان کو اپنی اطاعت، عبادت اور فرمانبرداری کے لئے پیدا فرمایا ہے۔ اس اعتبار سے دین کی ضرورت لازمی امر ہے کیونکہ یہی وہ آئین ہے جس پر عمل کر کے انسان حق اور باطل کے فرق کو سمجھتے ہوئے انسانیت کے منصب پر فائز ہوتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۴۔ سورہ المائدہ۔ آیت۔ ۳۔

۵۔ سورہ الفاتحہ۔ آیت۔ ۲۔

۶۔ سورہ التوبہ۔ آیت۔ ۳۶۔

۷۔ سورہ الانفطار۔ آیت۔ ۱۸۔

۸۔ سورہ الانفطار۔ آیت۔ ۱۹۔

۹۔ سورہ التوبہ۔ آیت۔ ۳۳۔

۱۰۔سورہ مائدہ۔آیت۔۲۔
۱۱۔سورہ آل عمران۔آیت۔۸۵۔
۱۲۔کتاب التعریفات۔علامہ میر سید شریف علی بن محمد جرجانی (متوفی ۸۱۶ھ)۔ص۔۴۷۔
مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر ۱۳۰۶ھ۔
۱۳۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۵۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۹۳۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۶۹۔عجز۔انکساری

خوش خبری ہے اس انسان کے لئے جس نے عاجزی وانکساری کو اختیار کیا(حضرت علیؑ)

عجز۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ع۔ج۔ز) کا مشتق ہے۔ا؎

عجز۔کے معانی کسی چیز کا پیچھے رہ جانا۔

عجز۔سے مراد کسی چیز کا اس وقت حاصل ہونا جب وہ چیز ہاتھ سے نکل رہی ہو۔

عجز۔سے مراد کسی چیز سے قاصر رہ جانا یا کسی چیز کی طاقت نا ہونا۔

عجز۔کے بنیادی معانی کمزوری اور پیچھے رہ جانے کے ہیں۔

عجز کی دلیل پیچھے رہ جانا ہے۔

العجز ۃ۔سے مراد بوڑھے انسان کی آخری اولاد۔

تعجزت البعیر۔سے مراد، میں نے اونٹ کے پچھلے حصے پر سواری کی۔

کتاب لغت میں العجوز کے ۱۰۰ سے زائد معانی لکھے گئے ہیں لیکن قرآن کریم میں یہ لفظ بوڑھی اور ضعیف عورتوں کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

فَأَقْبَلَتِ امْرَأَتُهُ فِي صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوزٌ عَقِيمٌ۔۲؎

ترجمہ۔(پھر ابراہیم کی بیوی) چیختی ہوئی آگے بڑھی اور اپنے چہرے پر ہاتھ مار کر کہنے لگی! میں تو بڑھیا اور بانجھ ہوں۔

العجز۔سے مراد کسی چیز کا آخری حصہ۔

عجز۔کی جمع اعجاز ہے۔

اعجاز النخل۔سے مراد کھجور کے درخت کے تنے کا آخری حصہ یعنی جڑ۔

اعجز۔ سے مراد عاجز کرنا، کمزور سمجھنا اور کمزور کرنا۔

معجز۔ سے مراد عاجز کرنے والا یا شکست دینے والا۔

معاجزین ۔ سے مراد ایک دوسرے کو شکست دینے والے اور بے بس کرنے والے۔ ۳؎

وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۔ ۴؎

ترجمہ۔اور جو لوگ ہماری آیات کی تکذیب میں سرتوڑ کوشش کرتے ہیں وہی دوزخ والے ہیں۔

قرآن کریم کا یہ دعویٰ ہے باطل قوتیں چاہے کتنی بھی کوششیں کرلیں وہ حق اور قوانین خداوندی کو کبھی شکست نہیں دے سکتیں۔

ارشادات خداوندی:

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ۔ ۵؎

ترجمہ۔ کافر اس گھمنڈ میں نہ رہیں کے وہ نکل گئے۔ بے شک وہ (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتے۔

وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۔ ۶؎

ترجمہ۔ جو لوگ ہماری آیات کی تکذیب میں سرتوڑ کوشش کرتے ہیں وہی دوزخ والے ہیں۔

وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ۚ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۔ ۷؎

ترجمہ۔ جو اللہ کی طرف دعوت دینے والے کے پیغام کو قبول نہیں کرے گا وہ زمین میں (کہیں بھاگ کر) اللہ کو عاجز کرنے والا نہیں ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص اللہ کے سامنے ایک درجہ تواضع (عاجزی) کرتا ہے اللہ اس کا ایک درجہ بلند فرماتا ہے اور جو شخص اللہ کے سامنے ایک درجہ تکبر کرتا ہے اللہ اس کو ایک درجہ پست کرتا ہے حتیٰ کے اللہ اس کو سب سے

نچلے طبقے میں کر دیتا ہے۔۸؎
عائش بن ربیعہ بیان کرتے ہیں، حضرت عمر بن الخطابؓ نے منبر پر فرمایا! اے لوگو! تواضع (عاجزی) کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے! جو اللہ کے لئے تواضع (عاجزی) کرتا ہے اللہ اس کو سربلند فرماتے ہوئے یہ کہتا ہے! سر بلند ہو جا اللہ تجھے سر بلند کرے جبکہ وہ شخص خود اپنے آپ کو حقیر سمجھتا ہے لیکن لوگوں کی نظر میں وہ عظیم ہوتا ہے اور جو شخص تکبر کرتا ہے اللہ اس کو ہلاک کر دیتا ہے اور لوگوں کی نگاہوں میں اس کو حقیر کر دیتا ہے۔۹؎
حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، جس شخص نے اپنے کسی مسلمان بھائی کے لئے تواضع اختیار کی اللہ تعالی اس شخص کو سربلند فرماتا ہے اور جس نے اپنی بڑائی ظاہری اللہ تعالی اس کو پست کرتا ہے۔۱۰؎
حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے اس کو چاہئے کے وہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔۱۱؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! خوش خبری ہے اس انسان کے لئے جس نے عاجزی وانکساری کو اختیار کیا۔
عاجزی شرف کی سیڑھی ہے۔
جس کا دل اللہ کے لئے خاکسار ہو گیا اس کا جسم اللہ کی اطاعت کے لئے سستی نہیں کرتا۔
تواضع اور عاجزی حسب کی زینت ہے۔تواضع اور عاجزی تمھارے لئے سلامتی کا باعث ہے
تواضع اور عاجزی شرف کی زینت ہے۔
لوگوں سے ان کی ضروریات کے وقت تواضع اور عاجزی سے ملو کیونکہ اگر کبھی تم کسی مشکل میں گرفتار ہوئے اور ان سے مدد کے طلب گار ہوئے تو تمھیں اس وقت ذلت نہیں ہوگی۔

بلند منصب اور عہدے پر فائز انسان کا لوگوں سے تواضع اور فروتنی سے ملنا اسے منصب کے ختم ہونے پر لوگوں کی مذمت سے بچا لیتا ہے۔

تواضع اور عاجزی کا ثمرہ محبت ہے۔

بادشاہ یا سلطان کی صحبت میں خوف سے پیش آؤ جبکہ دوست کے ساتھ متواضع رہو۔

تواضع عقل کی بلندی ہے جبکہ تکبر سب سے بڑی جہالت ہے۔

رفعت اور بلندی کے باوجود تواضع بالکل اسی طرح سے جس طرح سے طاقت اور قدرت کے باوجود خطا کار کو معاف کرنا۔

تواضع اور عاجزی پست انسان کو بلند کر دیتی ہے۔

سب سے باشرف خوبی تواضع، انکساری، عاجزی، حلم اور نرم دلی ہے۔

شریف کی عاجزی اس کی بزرگی کا پتا دیتا ہے۔ عاجزی کا ماحاصل شرف اور فضیلت ہے۔

لوگوں میں عزت دار انسان وہ ہے جو رفعت و بلندی کے باوجود عاجزی سے پیش آئے اور شرف و بزرگی کے باوجود اپنے آپ کو کمتر سمجھے۔

عاجزی و انکساری ایک ایسی نعمت ہے جس کو حاسد نہیں سمجھ سکتا۔

متکبروں سے تکبر کے ساتھ پیش آنا عین تواضع ہے۔

تواضع اور عاجزی علم کا نتیجہ ہے۔

سب سے عظیم وہ ہے جو خود کو کمتر سمجھے اور تکبر نہ کرے۔

جیسے ہی کوئی تواضع اور انکساری سے پیش آتا ہے اللہ اس کے شرف اور بزرگی میں اضافہ فرما دیتے ہیں۔ ۱۲؎

نفسیاتی پہلو

اللہ تعالی کو انسان کی عاجزی اور انکساری بہت پسند ہے کیونکہ عاجزی انسان کو تکبر سے محفوظ رکھتی ہے جب انسان کا علم کمال کو پہنچتا ہے تو وہ اپنے آپ کو دوسروں کے مقابلے میں بہت کم

تر اور عاجز تصور کرتا ہے، وہ اللہ کی نعمتوں کی شکر گزاری کرتا ہے، تاہم انسان کی عاجزی اور شکر گزاری انسان کو بے شمار بیماریوں، برائیوں اور گناہوں سے بچاتی ہیں، ایسا انسان خوش باش اور آسودہ ہوتا ہے اور اللہ کی رضا میں راضی رہتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ الذاریات۔آیت۔۲۹۔

۳۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ الحج۔آیت۔۵۱۔

۵۔سورہ انفال۔آیت۔۵۹۔

۶۔سورہ الحج۔آیت۔۵۱۔

۷۔سورہ احقاف۔آیت۔۳۲۔

۸۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔

۹۔المعجم الاوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔

۱۰۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۱۱۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۷۰۔الولایۃ۔ولایت

تمام کاموں میں سرفہرست اللہ کی معرفت (دوستی) ہے جبکہ اس کا ستون اطاعت الٰہی ہے۔(حضرت علیؓ)

الولی۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (و۔ل۔ی) سے مشتق ہے۔[۱]

قرآن کریم میں اسم الولی (۹۰) مرتبہ آیا ہے۔

الولی ۔کے معنی کسی سے قریب اور نزدیک ہونا ہے۔

الولی ۔دوست اور مددگار کو کہتے ہیں۔

ولی ۔کی جمع اولیاء ہے۔

الولی ۔اللہ کا اسم صفاتی ہے جس کے معنی دوست اور مددگار کے ہیں یعنی اللہ تعالی مومنین کا دوست اور مددگار ہے۔[۲]

ولایت

ولی کی جمع اولیاء ہے، اللہ تعالی مومنین کا حمایتی، دوست اور مددگار ہے اللہ تعالی اپنے بندوں پر بے حد شفیق، مہربان، ان کا نگران اور نگہبان ہے چنانچہ جب انسان اللہ کی اطاعت خلوص دل سے کرتا ہے تو ایسے انسان کو اللہ کی دوستی، رفاقت اور معرفت حاصل ہوجاتی ہے جو شخص اللہ کی رضا میں راضی ہوجائے اور اسی کی ذات پر اس کا توکل قائم ہوجائے تو پھر ایسے انسان کی فتح ونصرت اور مدد غیب سے ہونے لگتی ہے جب انسان قوانین الٰہی کا خلوص دل سے پابند ہوجاتا ہے تو قرآن کریم کی رو سے رب کائنات اور انسان کے باہمی تعلقات میں محبت، رفاقت، استواری اور استحکام پیدا ہوجاتا ہے اور اللہ اپنے ایسے بندوں کا خود ولی و کارساز بن جاتا ہے جبکہ دوسری جانب جب انسان حکم الٰہی کے مطابق اپنی زندگی بسر کرتا ہے اور بغیر کسی

حجت کے تمام احکامات کو بروئے کار لاتا ہے تو وہ خود بھی اللہ کا ولی یعنی دوست بن جاتا ہے قرآن کریم میں ان کیفیات کا جا بجا متعدد آیات میں اظہار کیا گیا ہے یعنی اللہ کا اپنے دوستوں سے یہ وعدہ ہے کے اَلَآ اِنَّ اَوۡلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوۡفٌ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا ھُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ۔ ۳؎

ترجمہ۔ جو اللہ کے دوست ہیں جو ایمان لائے اور انھوں نے تقویٰ اختیار کیا ان کے لئے نہ کوئی خوف ہے اور نہ ہی کوئی غم ہے۔

اللہ کے دوستوں کے لئے دنیا اور آخرت کی بڑی کامیاں اور بشارتیں ہی بشارتیں ہیں یعنی دنیا اور آخرت ہی دونوں ہی زندگیوں میں وہ کامیاب اور مطمین ہوں گے اولیاء اللہ کے حوالے سے بیان کی جاتی ہے کہ وہ کوئی مخصوص گروہ سے تعلق رکھنے والے افراد ہوتے ہیں جبکہ قرآن کریم نے یہ واضح کردیا کے ہر مومن ولی اللہ یعنی اللہ کا دوست ہوتا ہے جیسے دنیا اور آخرت کی بے شمار کرم نوازیوں، کامیابیوں کامرانیوں اور نعمتوں سے نوازا جائے گا ایسے افراد کے لئے اللہ تعالی نے حزب اللہ کی اصطلاح استعمال کی ہے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

لَا تَجِدُ قَوۡمًا یُّؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰہِ وَ الۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ یُوَآدُّوۡنَ مَنۡ حَآدَّ اللّٰہَ وَ رَسُوۡلَہٗ وَ لَوۡ کَانُوۡۤا اٰبَآءَھُمۡ اَوۡ اَبۡنَآءَھُمۡ اَوۡ اِخۡوَانَھُمۡ اَوۡ عَشِیۡرَتَھُمۡ ؕ اُولٰٓئِکَ کَتَبَ فِیۡ قُلُوۡبِھِمُ الۡاِیۡمَانَ وَ اَیَّدَھُمۡ بِرُوۡحٍ مِّنۡہُ ؕ وَ یُدۡخِلُھُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِھَا الۡاَنۡھٰرُ خٰلِدِیۡنَ فِیۡھَا ؕ رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡھُمۡ وَ رَضُوۡا عَنۡہُ ؕ اُولٰٓئِکَ حِزۡبُ اللّٰہِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ حِزۡبَ اللّٰہِ ھُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ۔ ۴؎

ترجمہ۔تم کبھی یہ نہیں پاؤ گے کے جو لوگ اللہ اور آخرت پر ایمان رکھنے والے ہیں وہ ان لوگوں سے محبت کرتے ہوں جنھوں نے اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مخالفت کی ہے، خواہ وہ ان کے باپ بیٹے، بھائی یا اہل خانہ ہوں یہ وہ لوگ ہیں کہ جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان کو ثبت کردیا ہے اور اپنی طرف سے انھیں ایک روح عطا کرکے انھیں قوت بخشی ہے (اللہ) انھیں ایسی

جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے کیونکہ یہ حزب اللہ (اللہ کے گروہ کے لوگ) ہیں اور خبر دار رہو کے حزب اللہ (اللہ کے گروہ کے لوگ) ہی فلاح پانے والے ہیں ۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ۔۵؎

ترجمہ۔ایمان والوں (مومنوں) کا حامی و ناصر یعنی (دوست، ولی ، کارساز صرف اور صرف) اللہ ہی ہے ۔۵؎

اولیاء اللہ کی طرز فکر میں تمع اور جنت کے حصول کی لالچ نہیں ہوتی بلکہ ان کی عبادات اور ان کی بندگی خالصتاً اللہ کی رضا اور خوشنودی کے لئے ہوتی ہے وہ صرف اس لئے اللہ سے وابستہ رہتے ہیں کیونکہ ان کی زندگی کا سب سے عظیم مقصد صرف اور صرف اللہ کی خوشنودی کا حصول ہوتا ہے ۔

حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں ! روحانیت یہ ہے کے اللہ بندے کو اس کی اپنی ذات سے فنا کردے اور اپنی ذات کے ساتھ زندہ رکھے ۔

روحانیت کا مقصد یہ ہے کے بندہ اپنے آپ کو اللہ کے حوالے کردے اور اپنے اندر اس سوچ کو پتہ رلے کے اللہ ہی روزی دیتا ہے وہ پیدا کرتا ہے اور وہ ہی انسان ے مرنے کے بعد اسے دوسری دنیا میں لے جاتا ہے چنانچہ Care of Allah کی پیغمبرانہ طرز فکر کو اپنائیں ۔

حضرت داتاؒ صاحب فرماتے ہیں ! صوفی اپنے وجود سے غیر حاضر اور اللہ کے پاس موجود ہوتا ہے ۔

ارشادات خداوندی:

وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ ۔٦؎

ترجمہ۔ وہی دوست اور قابل تعریف ہے ۔

وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۔٧؎

ترجمہ۔ اللہ کے سوا کوئی ولی ہے اور نہ کوئی نصیر۔

مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۔۸؎

ترجمہ۔ اللہ کے سوا نہ کوئی ولی ہے اور نہ ہی نصیر۔

وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔۹؎

ترجمہ۔ اللہ مومنین کا ولی ہے۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَّ كَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ۔۱۰؎

ترجمہ۔ اللہ کافی ہے ولی اور اللہ کافی ہے نصیر۔

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۔۱۱؎

ترجمہ۔ کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں ان بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کی خاطر نہ لڑو جو کہتے ہیں اے ہمارے رب ہمیں اس بستی سے نکال جس کے باشندے ظالم ہیں، اور ہمارے لیے اپنے ہاں سے کوئی حمایتی کر دے اور ہمارے لیے اپنے ہاں سے کوئی مددگار بنا دے۔

وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۔۱۲؎

ترجمہ۔ اللہ کے سوا نہ کوئی ولی پائے گا اور نہ ہی نصیر۔

وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۔۱۳؎

ترجمہ۔ اللہ کے سوا نہ کوئی ولی پائیں گے اور نہ ہی نصیر۔

اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رَاكِعُوْنَ ۔۱۴؎

ترجمہ۔ بے شک تمھارا ولی تو اللہ، اس کا رسول، ایمان والے جو صلوۃ قائم رکھتے ہیں، زکوۃ

دیتے ہیں اور عاجزی کرنے والے ہیں۔

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۔۱۵؎

ترجمہ۔اللہ کے سوا نہ ان کا کوئی ولی ہوگا اور نہ ہی شفیع۔

لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔۱۶؎

ترجمہ۔مومنین کے لئے اپنے رب کے یہاں سلامتی کا گھر ہے اور وہی ان کا ولی ہے ان کے اعمال کی وجہ سے۔

اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ۔۱۷؎

ترجمہ۔تو ہی ہمارا ولی ہے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما۔

اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِيْنَ ۔۱۸؎

ترجمہ۔بے شک ہمارا ولی تو اللہ ہے جس نے کتاب نازل فرمائی اور وہی صالحین کا ولی ہے۔

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۔۱۹؎

ترجمہ۔جو اللہ کے ولی ہیں ان پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ غم۔

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۔۲۰؎

ترجمہ۔اللہ کے سوا تمھارا کوئی ولی نہ ہوگا۔

اَنْتَ وَلِيِّيْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۔۲۱؎

ترجمہ۔تو ہی دنیا اور آخرت میں میرا ولی ہے۔

مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ۔۲۲؎

ترجمہ۔تیرا اللہ سے کوئی حمایتی اور بچانے والا نہ ہوگا۔

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۔۲۳؎

ترجمہ۔زمین اور آسمان میں اللہ کے سوا تمھارا نہ کوئی ولی ہے اور نہ نصیر۔

نَحْنُ اَوْلِیَآؤُکُمْ فِی الْحَیَاةِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَةِ ۔ ۲۴؎

ترجمہ۔ہم دنیا اور آخرت میں تمھارے ولی ہیں ۔

حضرت زکریا کی دعا:

وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآئِیْ وَکَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا ۔

ترجمہ۔ بے شک میں اپنے بعد اپنے رشتہ داروں سے ڈرتا ہوں اور میری بیوی بانجھ ہے پس تو اپنے ہاں سے ایک وارث عطا کر۔ ۲۵؎

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلَاةَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکَاةَ وَیُطِیْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَه اُولٰئِکَ سَیَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَکِیْم ۔ ۲۶؎

ترجمہ۔مومن مرد اور مومن عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں وہ نیکی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں وہ صلوة قائم کرتے ہیں اور زکوة ادا کرتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرتے ہیں یہ وہی ہیں جن پر اللہ بہت جلد رحم کرے گا بے شک اللہ طاقت اور حکمت والا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کے ارشادات:

حضرت قتادہ بن النعمانؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب اللہ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اس کو دنیا سے بچاتا ہے۔ ۲۷؎

حضرت عبادہ بن صامتؓ کہتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو اللہ کی ملاقات سے محبت رکھے گا اللہ بھی اس کی ملاقات سے محبت رکھتا ہے اور جو اللہ کی ملاقات کو ناپسند کرتا ہے اللہ بھی اس کی ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔ ۲۸؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! تمام کاموں میں سرفہرست اللہ کی معرفت (دوستی) ہے جبکہ

اس کا ستون اطاعت الٰہی ہے۔

حضرت مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں! سیدنا علی المرتضیٰؓ اپنی پیدائش سے قبل بھی ولایت کا سرچشمہ تھے اور امت سابقہ کے اولیاء آپؓ سے فیض پا کر ولایت تک پہنچے۔۲۹۔

نفسیاتی پہلو

دنیا اگر ہاتھ سے نکل جائے تو انسان غریب ہوجاتا ہے لیکن اگر یہی دنیا دل سے نکل جائے تو انسان ولی ہوجاتا ہے، اگرچہ دنیا کے تمام مسلمان ہی کسی نا کسی درجے میں اللہ کے ولی ہیں لیکن اس کی مثال یہی ہے جیسے کچھ بہت گہرے دوست ہوتے ہیں جبکہ کچھ اچھے اور کچھ صرف دوست ہوتے ہیں۔اللہ کا قرب اور دوستی حاصل کرنا محض اللہ کی توفیق اور شفقت سے ممکن ہے، اللہ جس انسان کو جتنی زیادہ نیکیوں کی توفیق عطا فرماتے ہیں انسان اسی مناسبت سے اللہ کا قرب، دوستی اور معرفت حاصل کرتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ یونس۔آیت۔ ۶۲۔

۴۔سورہ المجادلہ۔آیت۔ ۲۲۔

۵۔سورہ محمد۔آیت۔۱۱۔

۶۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔۲۸۔

۷۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۰۷۔

۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۲۰۔

۹۔سورہ آل عمران۔آیت۔۶۸۔

۱۰۔سورہ النسا۔آیت۔ ۴۵۔

۱۱۔سورہ النسا۔آیت۔۷۵۔

۱۲۔سورہ النسا۔آیت۔ ۱۲۳۔

۱۳۔سورہ النسا۔آیت۔ ۱۷۳۔

۱۴۔سورہ المائدہ۔آیت۔ ۵۵۔

۱۵۔سورہ انعام۔آیت۔ ۷۰۔

۱۶۔سورہ انعام۔آیت۔ ۱۲۷۔

۱۷۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۱۵۵۔

۱۸۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۱۹۶۔

۱۹۔سورہ یونس۔آیت۔ ۲۶۔

۲۰۔سورہ ہود۔آیت۔ ۱۱۳۔

۲۱۔سورہ یوسف۔آیت۔ ۱۰۱۔

۲۲۔سورہ رعد۔آیت۔ ۳۷۔

۲۳۔سورہ العنکبوت۔آیت۔ ۲۲۔

۲۴۔سورہ حم السجدہ۔آیت۔ ۳۱۔

۲۵۔سورہ مریم۔آیت۔ ۵۔

۲۶۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۱۷۔

۲۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۲۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔

۷۱۔السعادۃ۔سرور۔خوش بختی اور خوشی:

مومن کا سرور اپنے اللہ کی اطاعت میں جبکہ اس کا حزن اللہ کی نافرمانی میں ہوتا ہے۔(حضرت علیؓ)

السعادۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(س۔ع۔د) سے مشتق ہے۔
سعدہ اللہ۔یسعدہ۔سعدا۔سے مراد اللہ نے اس کو توفیق دی۔
سعد۔سے مراد مبارک اور بابرکت۔
المساعدۃ۔سے مراد ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
سعید۔کا متضاد شقی ہے۔
سرور۔بھی عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معانی خوشی، راحت، اطمینان اور سکون کے ہیں۔۱؎
السعد۔والسعادۃ۔کے معانی امور الٰہی۔
بھلائی اور خیر تک پہنچنے میں انسان کی مدد کرنا۔۲؎

قرآن کریم کی سعادتیں

اللہ کی نازل کردہ کتاب ہے جو بنی نوع انسانیت کے لئے باعث سعادت اور برکت ہے،قرآن کریم اللہ کا مقدس،معتبر اور باعزت کلام ہے۔
اس حوالے سے ارشاد خداوندی ہے
حٰمٓ وَالْكِتَابِ الْمُبِيْنِ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبَارَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ۔۳؎
ترجمہ۔حٰم ہ قسم ہے اس کتاب مبین کی ہم نے اسے ایک بڑی خیر و برکت والی رات میں نازل کیا ہے۔

خانہ کعبہ کی سعادت

بیت اللہ تمام نوع انسانی کے لئے سعادت، رحمت، برکت اور باعث حرمت ہے جس کی زیارت ہزاروں برسوں سے کی جاتی ہے۔

اس حوالے سے ارشا خداوندی ہے!

فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَّقَامُ إِبْرَاهِيمَ وَمَن دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ۔

ترجمہ۔اس میں ظاہر نشانیاں ہیں (اور) مقام ابراھیم ہے، اور جو اس میں داخل ہو جائے وہ امن والا ہو جاتا ہے، اور لوگوں پر اس گھر کا حج کرنا اللہ کا حق ہے جو شخص اس تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہو، اور جو انکار کرے تو پھر اللہ جہان والوں سے بے پروا ہے۔ ۴

آخری نبی مکرم حضرت محمد اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سعادتیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے معزز نبی اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف وتوصیف میں قرآن کریم میں کئی آیات مقدسہ موجود ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ۔ ۵

ترجمہ۔ہم نے آپ کی خاطر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کو بلند کیا۔

حضرت امامہؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے مجھ کو دیکھا اس کے لئے ایک سعادت (سلام) ہے اور جس نے مجھے نہیں دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا اس کے لئے سات سعادتیں (سلام) ہیں۔ ۶

معزز اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سعادتیں

اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالی نے بے حد عزت وتکریم سے نوازا اور ان سے محبت اور

عقیدت ایمان کا لازمی جز ہے۔

حضرت علیؑ نے فرمایا! (اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی شان میں قرآن کی آیات کریمہ ہیں یہ لوگ رحمن کے خزآنے ہیں اگر بولتے ہیں تو سچ اور اگر یہ خاموش رہتے ہیں تو کوئی ان سے آگے بڑھنے کا حق نہیں رکھتا ہم اللہ کی نشانیاں ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سچے ساتھی ہیں ان کے علوم کے خزآنے دار ہیں علم لدنی کے دروازے ہیں اور گھر میں صرف دروازے کے ہی ذریعے سے آیا جاتا ہے لہٰذا جو بھی گھر میں دروازے کے سوا کسی اور سے داخل ہوا تو وہ چور کہلائے گا۔ تمھارے اوپر آل نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت لازم ہے کیونکہ یہ تمھارے اوپر اللہ کا حق ہے اور اللہ کے اوپر تمھارا حق ہونے کا موجب بھی ہے کیا تم نے قول خدا نہیں سنا
قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى پر غور نہیں کیا جس نے ہم اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت اختیار کی وہ بلاؤں کے لئے چمڑے کا لباس پہن لے۔ ۷ ۔

معزز پیغمبران کرام کی سعادتیں

اللہ تعالی نے انسانوں کی ہدایت کے لئے مختلف پیغمبر اور انبیاء کرام دنیا میں بھیجے جو اللہ کے یہاں بہت معزز اور قابل تکریم ہیں۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ۔ ۸ ۔

ترجمہ۔ ہم جسے چاہتے ہیں بلند مرتبہ عطا کرتے ہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۔ ۹ ۔

ترجمہ۔ بے شک اللہ نے آدم، نوح، آل ابراہیم اور آل عمران کو تمام عالمین میں چن لیا۔

معزز فرشتے حضرت جبرائیل علیہ السلام کی سعادتیں

اللہ کے یہاں حضرت جبرائیل علیہ السلام کا بہت بلند مقام و مرتبہ ہے وہ اللہ کے یہاں معزز اور امین کے نام سے جانے جاتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّہٗ لَقَوۡلُ رَسُوۡلٍ کَرِیۡمٍ ذِیۡ قُوَّۃٍ عِنۡدَ ذِی الۡعَرۡشِ مَکِیۡنٍ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِیۡنٍ۔

ترجمہ۔ بے شک یہ قرآن ایک معزز فرشتے کا قول ہے جو قوت والا ہے مالک عرش کے قریب ذی رتبہ ہے وہاں اس کا کہنا مانا جاتا ہے اور وہ امین ہے۔ ۱۰؎

عَلَّمَہٗ شَدِیۡدُ الۡقُوٰی ذُوۡ مِرَّۃٍ فَاسۡتَوٰی۔ ۱۱؎

ترجمہ۔ اس کو ایک فرشتے نے تعلیم کی جو بڑا طاقت ور اور زبردست ہے۔

معزز شہر۔ (مکہ، فلسطین، وادی طویٰ) کی سعادتیں

شہر مکہ کے تقدس اور وہاں کے امن و سلامتی کے حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّ اَوَّلَ بَیۡتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیۡ بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا وَّ ہُدًی لِّلۡعٰلَمِیۡنَ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔ پہلا گھر جو لوگوں کے لئے مقرر کیا گیا ہے وہ ہے جو مکہ میں ہے وہ برکت والا ہے، جو تمام عالمین کے لئے وہ ہدایت ہے۔

رَبَّنَاۤ اِنِّیۡۤ اَسۡکَنۡتُ مِنۡ ذُرِّیَّتِیۡ بِوَادٍ غَیۡرِ ذِیۡ زَرۡعٍ عِنۡدَ بَیۡتِکَ الۡمُحَرَّمِ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ (ابراہیم نے کہا) اے رب! میں نے اپنی اولاد میں سے بعض کو تیرے حرمت والے گھر کے پاس ایسے میدان میں بسایا جہاں کھیتی نہیں۔

وَالتِّیۡنِ وَالزَّیۡتُوۡنِ وَطُوۡرِ سِیۡنِیۡنَ وَہٰذَا الۡبَلَدِ الۡاَمِیۡنِ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ قسم ہے انجیر اور زیتون کی اور طور سینا کی اور اس پر امن شہر مکہ کی۔

اللہ تعالیٰ نے فلسطین کو قرآن کریم میں ارض مقدس کہا ہے فلسطین انبیاء کرام کی سرزمین بھی کہلاتی ہے یہ ارض مقدس دراصل سرزمین شام میں واقع ہے جس میں فلسطین اور بیت المقدس موجود ہیں جبکہ کچھ محققین ارض مقدس سے دمشق، فلسطین اور اردن کے علاقے مراد لیتے ہیں بائبل میں بھی اس ارض مقدس کو فلسطین ہی بیان کیا گیا۔ یروشلم کا عربی نام 'القدس' اور 'بیت المقدس' ہے اسے فلسطینیوں کا گھر بھی کہا جاتا ہے یروشلم کے معنی 'امن' کے ہیں جبکہ

عبرانی شلم کو 'خدا' کے معنی میں شمار کرتے ہیں اس کی مقدس حیثیت سے انکار ممکن نہیں کیونکہ یہ شہر مسلمان، یہودی اور عیسائی سب کے لئے مقدس حیثیت رکھتا ہے (بنی اسرائیل) کو اس سرزمین کے مشرق و مغرب کا وارث بنا دیا جسے ہم نے برکتوں سے مالا مال کیا تھا۔ ۱۵۔

بائبل میں اس کو اس طرح سے بیان کیا گیا ہے! فلسطین' میں دودھ اور شہد کی نہریں بہتی تھیں اور خداوند یہواہ نے وعدہ کیا تھا! میں تمھیں فلسطین کی حکمرانی عطا کروں گا۔ ۱۶۔

إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى۔ ۱۷۔

ترجمہ۔ بے شک یہ مقدس وادی طویٰ ہے۔

فَلَمَّآ اَتَاهَا نُوْدِیَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ فِی الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ یّٰمُوْسٰۤی اِنِّیْۤ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ۔ ۱۸۔

ترجمہ۔ جب اس کے پاس پہنچا تو میدان کے داہنے کنارے سے برکت والی جگہ میں ایک درخت سے آواز آئی کہ اے موسیٰ! میں اللہ جہان کا رب ہوں۔

اِذْ نَادٰهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى۔ ۱۹۔

ترجمہ۔ جب اس کے رب نے پاک میدان میں جس کا نام طویٰ ہے میں اسے پکارا۔

امام ابن عساکر نے واثلہ بن الاسقعؓ سے روایت کیا ہے کے انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کے تم شام میں لازماً رہو وہ اللہ کے شہروں میں سب سے زیادہ فضیلت والا شہر ہے اس میں اللہ کے سب سے زیادہ نیک بندے رہتے ہیں اور جو وہاں نہ رہ سکے وہ اس کے دائیں جانب رہے اور جو وہاں عہد شکنی کرے اس کو نکالے کیونکہ اللہ نے مجھے شام اور اہل شام کی ضمانت دی ہے۔

امام ابن ابی شیبہ نے حضرت ابوایوب انصاریؓ سے روایت کیا ہے کے رعد، برق اور برکتیں شام کی طرف ہجرت کریں گی۔

امام ابن ابی شیبہ نے کعب سے روایت کیا ہے کے تمام شہروں میں اللہ کا محبوب شہر شام ہے اور

شام میں محبوب قدس ہے اور قدس میں محبوب نابلس پہاڑ ہے۔

امام احمد اور امام ابن عساکر نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کی ہے!

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اۓ اللہ ﷺ ہمارے شام اور یمن میں برکت دے مسلمانوں نے کہا کے اور ہمارے نجد میں آپ ﷺ نے فرمایا! وہاں زلزلے اور فتنے ہوں گے اور وہیں سے شیطان کا سینگھ طلوع ہوگا۔ ۲۰۔

معزز مقامات (صفاء، مروہ اور مزدلفہ) کی سعادتیں

عازمین حج کے لئے صفاء، مروہ کی سعی اور مزدلفہ کی پہاڑی پر زیارت اور قیام کو حج کے ارکان میں شامل کیا گیا۔

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ۔ ۲۱۔

ترجمہ۔ بے شک صفاء اور مروہ اللہ کی (ٹھہرائی ہوئی) آداب گاہوں میں سے ایک ہیں۔

فَإِذَآ أَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَاذْكُرُوْهُ۔

ترجمہ۔ جب تم عرفات سے لوٹو پس مشعر حرام (مزدلفہ) کے پاس ٹھہر کر اللہ کی یاد کرو۔ ۲۲۔

معزز مساجد (مسجد الحرام، مسجد نبوی ﷺ، بیت المقدس) کی سعادتیں

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! گھر میں نماز پڑھنے پر ایک نماز کا اجر ملتا ہے محلے کی مسجد میں نماز پڑھنے کا اجر گھر کے مقابلے میں ستائیس گنا زیادہ ہے جامع مسجد میں نماز پڑھنے کا اجر پانچ سو (۵۰۰) گنا زیادہ مسجد اقصیٰ میں ایک نماز کا اجر پچاس ہزار (۵۰،۰۰۰) گنا زیادہ ہے اور میری مسجد (مسجد نبوی ﷺ) میں ایک نماز کا اجر پچاس ہزار (۵۰،۰۰۰) گنا زیادہ ہے جبکہ مسجد الحرام (بیت اللہ) میں ایک نماز کا اجر ایک لاکھ گنا زیادہ ہے۔ ۲۳۔

معزز پہاڑوں کی سعادتیں

اللہ تعالی نے کئی پہاڑوں کو بھی خیر و برکت اور عزت عطا فرمائی یہاں تک کے قرآن کریم میں

ان کی قسم بھی کھائی گئی۔

وَالطُّوۡرِ ۔ ۲۴ ۔ ترجمہ۔طور پہاڑ کی قسم۔

وَطُوۡرِ سِيۡنِيۡنَ ۔ ۲۵ ۔ ترجمہ۔طور سینین کی قسم۔

حضرت ابن عباسؓ اور حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے احد پہاڑ کے متعلق فرمایا! احد ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم احد سے محبت کرتے ہیں۔ ۲۶ ۔

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں! ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابوبکرؓ، عمرؓ اور عثمانؓ کو لے کر احد پر چڑھے تو احد کانپنے لگ گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

اے احد قرار پکڑ تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔ ۲۷ ۔

معزز دریاؤں کی سعادتیں

کچھ دریاؤں کو بھی اللہ نے عزت عطا فرمائی ہے۔

اسی حوالے سے حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سیحان، جیجان فرات اور نیل جنت کے دریاؤں میں سے ہیں۔ ۲۸ ۔

معزز مہینوں کی سعادتیں

اللہ تعالی نے کچھ مہینوں کو بھی حرمت عطا فرمائی ہے۔جس میں شامل۔

۱۔ ذی قعدہ۔ ۲۔ ذی الحجہ۔ ۳۔محرم۔ ۴۔ رجب ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوۡرِ عِنۡدَ اللّٰهِ اثۡنَا عَشَرَ شَهۡرًا فِىۡ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوۡمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ مِنۡهَاۤ اَرۡبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيۡنُ الۡقَيِّمُ ۔ ۲۹ ۔

ترجمہ۔ بے شک اللہ کے ہاں مہینوں کی گنتی بارہ مہینے ہیں اللہ کی کتاب میں جس دن سے اللہ نے زمین اور آسمان پیدا کیے، ان میں سے چار عزت والے ہیں، یہی سیدھا دین ہے۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! زمانہ اپنی اصل ہیئت پر گھوم کر آ چکا ہے جس ہیئت پر وہ اس دن تھا جب اللہ نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا تھا سال میں ۱۲ مہینے ہیں اور ان میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں تین مہینے مسلسل ہیں ۔۱۔ ذی قعدہ ۔۲۔ ذی الحجہ۔ ۳۔محرم ۔اور قبیلہ مضر کا رجب جو جمادی الا آخر اور شعبان کے درمیان ہے۔ ۳۰ے

اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَمَآ اَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۔ ۳۱ے

ترجمہ۔ہم نے اسے (قرآن) وشب قدر میں اتارا اور آپ ﷺ یا جانیں کے شب قدر کیا ہے؟ یہ شب ہزار مہینوں سے افضل ہے اس رات میں اللہ کے حکم سے روح (حضرت جبرائیل علیہ السلام) اور فرشتے اترتے ہیں یہ رات ہر امر پر امان ہے طلوع صبح تک۔

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ ۔ ۳۲ے

ترجمہ۔رمضان کے مہینے میں قرآن نازل ہوا جو لوگوں کے لئے ہدایت ہے۔

حٰمٓ وَالْكِتَابِ الْمُبِيْنِ اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبَارَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ۔ ۳۳ے

ترجمہ۔حٰم ہ قسم ہے اس کتاب مبین کی ہم نے اسے ایک بڑی خیر و برکت والی رات میں نازل کیا ہے۔

حضرت ابو سعید خدریؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا! دنوں اور مہینوں کا سردار رمضان کا مہینہ ہے۔

اور سب سے عزت والا مہینہ ذی الحجہ کا ہے ۳۴ے

حضرت سلمانؓ بیان کرتے ہیں، ہمیں رسول اللہ ﷺ نے شعبان کے آخری دن خطبہ دیا

اور فرمایا! اے لوگو! تمھارے پاس ایک عظیم اور مبارک مہینہ آ پہنچا ہے اس مہینے میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے اللہ نے اس مہینے میں روزہ کو فرض کیا ہے اور اس کی رات میں قیام کو نفل کر دیا ہے جو شخص اس مہینے میں فرض ادا کرے تو وہ ایسا ہے جیسے کے دوسرے مہینوں میں ستر فرائض ادا کئے یہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا ثواب جنت ہے۔

اس مہینے میں چار خصائل کو جمع کرو۔

ا۔کلمہ شہادت۔

۲۔استغفار کی کثرت۔

۳۔اللہ سے جنت کا سوال۔

۴۔اللہ سے دوزخ سے پناہ۔

جو شخص کسی روزہ دار کو پانی پلائے گا اللہ تعالی اس کو میرے حوض سے پانی پلائے گا اور اسے پھر کبھی پیاس نہیں لگے گی حتیٰ کے وہ داخل جنت ہوجائے گا۔۳۵

معزز ایام کی سعادتیں

اللہ تعالی نے کچھ ایام کو بھی فضیلت اور عزت عطا فرمائی ہے جس میں یوم جمعہ، عید الفطر، عید الضحیٰ، یوم عرفہ، یوم عاشورو غیرہ شامل ہیں۔

حضرت عقبہ بن عامرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یوم عرفہ، یوم نحر اور ایام تشریق ہم اہل اسلام کی عید ہیں اور یہ کھانے پینے کے ایام ہیں۔۳۶

حضرت اوس بن اوسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تمھارے ایام میں سب سے افضل جمعہ کا دن ہے اسی دن حضرت آدم کو پیدا کیا گیا اور اسی دن ان کی روح قبض کیا گئی اسی دن صور پھونکا جائے گا اسی دن لوگ بے ہوش ہوجائیں گے پس اس دن تم مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو کیونکہ تمھارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے صحابہ نے پوچھا! ہمارا وہ درود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کیسے پیش کیا جائے گا ؟ حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جسم تو بوسیدہ ہو چکا ہوگا ؟

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ذوالحجہ کے دس دنوں سے زیادہ کسی اور دن میں عبادت کرنا اللہ تعالی کو زیادہ پسند نہیں ان میں ہر دن میں روزہ رکھنا ایک سال کے روزوں کے برابر ہے اور اس کی راتوں میں قیام کرنا لیلۃ القدر کے قیام کے برابر ہے۔ ۳۷ ۔

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تمام ایام میں افضل 'یوم عرفہ' ہے۔ ۳۸ ۔

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی کسی دن دوزخ سے اتنے بندوں کو آزاد نہیں کرتا جتنے یوم عرفہ کو کرتا ہے اللہ تعالی قریب ہوتا ہے اور فرشتوں کے سامنے فخر فرماتا ہے۔ ۳۹ ۔

معزز اوقات کی سعادتیں

کچھ معزز اوقات بھی ہیں جن کا ذکر قرآن کریم اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے ۔

امام غزالی لکھتے ہیں کے قبولیت دعا کے کچھ اوقات بھی ہیں مثلاً رات کے آخری حصے میں ، فرض نمازوں کے بعد، یوم عرفہ، رمضان کے مہینے، روز جمعہ اور بارش کے وقت ۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے! اذان اور اقامت کے درمیان دعا مسترد نہیں ہوتی ۔

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں، سجدہ کے وقت بندہ اللہ سے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے تو اسے چاہئے کے وہ اس وقت میں بہ کثرت دعا کرے عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں! سجدہ میں کی گئی دعا کی قبولیت متوقع ہے۔ ۴۰ ۔

حضرت جابرؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میدان عرفات میں قبلہ رخ ہوکر غروب آفتاب تک دعا فرمائی ۔

معزز انسانوں (مومنین) کی سعادتیں

یوں تو اللہ تعالی نے اولاد آدم کو عزت عطا فرمائی ۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ۔ ۴۱؎

ترجمہ۔اب دنیا میں وہ بہترین گروہ تم ہو جیسے انسانوں کی ہدایت اور اصلاح کے لئے میدان میں لایا گیا ہے تم نیکی کا حکم دو اور برائی سے روکو اور اللہ پر ایمان رکھو۔

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ ۔ ۴۲؎

ترجمہ۔ بے شک ہم نے اولادِ آدم کو عزت بخشی ہے۔

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۔ ۴۳؎

ترجمہ۔ بے شک ہم نے انسان کو بہترین صورت پر پیدا کیا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ۔ ۴۴؎

ترجمہ۔کیا تم دیکھتے نہیں کے اللہ نے زمین کی چیزوں کو تمھارے لئے مسخر کیا ہے۔

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ۔ ۴۵؎

ترجمہ۔اللہ کی نظر میں سب سے پسندیدہ انسان وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔

حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالی فرماتے ہیں! جو میری سنت سے محبت کرنے والا ہے ان کے لئے نور کے منبر ہوں گے جن کی تحسین انبیاء اور اولیاء بھی کریں گے۔ ۴۶؎

حافظ ابن کثیر متوفی (۷۷۴ھ) نے سورہ البقرہ کی آیت ۔۲۵۱ کی تفسیر میں بیان کیا ہے کے حضرت عبادہ بن صامتؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میری امت میں ۳۰ ابدال ہیں ان کی وجہ سے تم کو رزق دیا جاتا ہے ان ہی کی وجہ سے تم پر بارش برستی ہے اور ان ہی کی وجہ سے تمھاری مدد کی جاتی ہے۔ ۴۷؎

حضرت ثوبانؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم میں ہمیشہ سات اشخاص ایسے

رہیں گے جن کی برکت سے تمھاری مدد کی جائے گی اور جن کے وسیلہ سے تم پر بارشیں ہوں گی اور جن کی وجہ سے تم کو رزق دیا جائے گا حتی کے قیامت آجائے گی۔۴۸؎

حضرت جبرائیل علیہ السلام، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تشریف لائے اور فرمایا!

اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مومن کی عزت یہ ہے کے وہ لوگوں سے بے پرواہ ہوجائے۔۴۹؎

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کسی مسلمان کو خود کو ذلت میں ڈالنا جائز نہیں ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کے ذلت میں ڈالنے سے کیا مراد ہے ؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ اپنے آپ کو کسی ایسی مصیبت میں ڈال لے جس کی وہ طاقت نہ رکھتا ہو۔۵۰؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یہ امت مجموعی اعتبار سے بالحاظ کمالات انبیاء ہونے کے قریب ہے۔۵۱؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قرآن پڑھنے والے سے یہ کہا جائے گا کے جس طرح سے تم دنیا میں آہستہ آہستہ قرآن پڑھتے تھے اسی طرح سے تم آہستہ آہستہ قرآن پڑھتے چلے جاؤ اور جنت کے درجات میں اوپر کی جانب چڑھتے چلے جاؤ اور جس جگہ تم آخری آیت پڑھو گے وہی تمھاری آخری منزل ہوگی۔۵۲؎

معزز جہاد کی سعادت

جہاد کی کئی اقسام ہیں جن میں شامل اللہ کے دشمنوں سے میدان جنگ میں دین اسلام کی سربلندی کے لئے لڑنا، جہاد بالنفس یعنی (گناہوں سے بچنا اور عبادات اور اطاعت الٰہی کرنا) جہاد بالقلم (یعنی جہالت کے خلاف علمی جہاد) جہاد باللسان (یعنی حق کی تشریح اور باطل کو روکنا) وغیرہ۔

طارق بن شہاب بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کے کون سا جہاد سب سے افضل ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ظالم بادشاہ کے سامنے کلمہ حق

کہنا۔ ۵۳۔

حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ بیان کرتے ہیں، میں نے عرض کی! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے نزدیک کون سے شہداء سب سے زیادہ مکرم ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ شخص جس نے کسی ظالم حاکم کے سامنے کھڑے ہوکر اس کو نیکی کا حکم دیا اور برائی سے روکا اور حاکم نے اس کو شہید کر دیا۔ ۵۴۔

رحمت والی ہواؤں کی سعادت

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری باد صبا (مشرق سے چلنے والی ہوا) سے مدد کی گئی۔ ۵۵۔

سعادتوں کے حوالے سے ارشادات خداوندی:

وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ ۔۵۶۔ ترجمہ۔ وہ جس کو چاہتا ہے عزت دیتا ہے۔

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۔۵۷۔

ترجمہ۔ بے شک ہم نے اولاد آدم کو عزت بخشی ہے۔

سعادتوں کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مومن اللہ کے نزدیک مقرب فرشتوں سے زیادہ معزز ہے۔ ۵۸۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک اللہ ایک مومن صالح کی برکت سے اس کے پڑوس کے ۱۰۰ گھروں سے مصائب کو دور کر دیتے ہیں۔ ۵۹۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر ولمومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! خوش بخت ہے وہ انسان جو دوسروں کے تجربات سے فائدہ اٹھائے جبکہ بد بخت ہے وہ انسان جو اپنی خواہشات کی فریب کاریوں سے دھوکا کھائے۔

کامیاب ہے وہ انسان جو عذاب کے وعدوں سے ڈرتا ہو۔

مکمل خوش قسمتی علم کے ساتھ حاصل ہوتی ہے جبکہ نامکمل خوش قسمتی زہد کے ذریعے سے حاصل ہوتی ہے۔

آخرت کی سعادت ہی اصل سعادت ہے تاہم سعادت چار اقسام میں منقسم ہے۔

۱۔ لازوال بقاء۔

۲۔ نادانی کے بغیر علم۔

۳۔ عجز سے خالی قدرت۔

۴۔ فقر سے دور مالداری۔

انسان کی خوش قسمتی یہ ہے کے وہ طویل العمر ہو اور اسے اپنے دشمنوں میں وہ چیزیں نظر آئیں جس کو دیکھ کر اسے خوشی محسوس ہو۔

خوش قسمت ہے وہ انسان جس کی بیوی اس کی موافق، اس کے بیٹے نیک، اس کے بھائی متقی، اس کے پڑوسی صالح اور اس کا رزق اس کے شہر میں ہو۔

سعادت انسان کو کامیابی تک پہنچا دیتی ہے۔

خوش قسمت انسان وہ ہے جو اطاعت میں مخلص ہو۔

سب سے خوش قسمت انسان عقلمند مومن ہے۔

انسان کی خوش قسمتی قناعت اور رضا ہے۔

انسان کی خوش قسمتی دین کی حفاظت اور آخرت کے لئے اچھے اعمال کی انجام دہی میں مضمر ہے۔ خوش قسمت ہے وہ انسان جس کے احسانات ایسے انسانوں پر ہوں جو اس کے شکر گزار ہوں جبکہ اس کی نیکیاں ایسے لوگوں کے پاس ہوں جو اس کا انکار نا کرتے ہوں۔

اچھے اعمال کی توفیق بھی خوش قسمتی ہے۔

کسی بھی انسان کی خوش قسمتی کے لئے یہ کافی ہے کے لوگ اس پر دینی اور دنیاوی معاملات پر بھروسہ کرتے ہوں۔

اللہ کے سامنے پیشی کے وقت خوش قسمتی اور بد قسمتی کا پتا چل جائے گا۔
حقیقت سعادت یہ ہے کے انسان اپنے تمام امور کو سعادت کے ساتھ انجام دے جبکہ بد قسمتی یہ ہے کے انسان کے امور بد قسمتی سے انجام پذیر ہوں۔دنیا کا سرور غم انگیز ہے۔
اس خدا کی قسم جس نے تمھاری سماعتوں کا احاطہ کیا ہوا ہے جو بھی کسی دل کو سرور بخشتا ہے اللہ اس کے لئے اسی سرور سے ایک لطف خلق کرتا ہے اور جب اس پر کوئی مصیبت نازل ہوتی ہے تو یہ اس کی طرف اسی طرح سے جاری ہوتا ہے جیسے پانی اوپر سے نیچے کی طرف جاری ہوتا ہے یہاں تک کے وہ سرور اس مصیبت کو بھگا دیتا ہے جیسے دوسری جگہ کی اونٹنی کو بھگا دیا جاتا ہے۔سرور نفس کو کشادہ کرتا ہے اور یہ نشاط آفرین ہوتا ہے۔
مومن کا سرور اپنے اللہ کی اطاعت میں جبکہ اس کا حزن اللہ کی نافرمانی میں ہوتا ہے۔
خوشی کے لمحات ناپائیدار ہوتے ہیں۔جو انسان تمھاری خوشی کا سبب بنے اس انسان کی جزا یہ ہے کے تم اس کے ساتھ نیک سلوک کرو۔۶۰؎

نفسیاتی پہلو

اللہ نے تمام انسانوں کو اشرف المخلوق بنایا یعنی کائنات میں موجود تمام مخلوقات میں انسان کو شرف اور عزت دی گئی، انسان کو اللہ نے اختیار اور ارادے کے ساتھ پیدا فرمایا یہی وجہ ہے کے انسان اللہ کی بہترین تخلیق اور اس نظام کائنات میں اللہ کا لاڈلا اور پسندیدہ ہے دوسری جانب اس کی اصلاح اور ہدایت کے لئے تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کو بھی مبعوث فرمایا جنھوں نے بنی نوع انسانیت کی اصلاح اور تعلیم و تربیت فرماتے ہوئے انھیں منصب انسانیت پر فائز ہونے کے طور طریقے سکھائے۔اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!
وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۔۶۱؎
ترجمہ۔بے شک ہم نے اولاد آدم کو عزت بخشی ہے۔
لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۔۶۲؎

ترجمہ۔ بے شک ہم نے انسان کو بہترین صورت پر پیدا کیا ہے۔

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ۔ ۶۳ ؎

ترجمہ۔کیا تم دیکھتے نہیں کے اللہ نے زمین کی چیزوں کو تمھارے لئے مسخر کیا ہے۔

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقَاكُمْ ۔ ۶۴ ؎

ترجمہ۔اللہ کی نظر میں سب سے پسندیدہ انسان وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! جب انسان اپنے جیسے انسانوں سے توقع توڑ کر اپنی تمام توقعات کو اللہ سے جوڑ لیتا ہے تو وہ ایسے لامحدود دائرے میں محفوظ ہوجاتا ہے جہاں خوف اور غم نہیں ہوتے۔خوشی ایک فطری عمل ہے جبکہ ناخوشی یا غم ایک غیر فطری عمل ہے ناخوش انسان خود اپنے آپ سے دور ہوجاتا ہے جبکہ خوش باش انسان اپنی ذات میں انجمن ہوتا ہے،اور لوگ ایسے انسان کے گرویدہ ہوجاتے ہیں۔ ۶۵ ؎

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز۔۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔ المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۔سورہ دخان۔آیت۔۱۔۳۔

۴۔سورہ آل عمران۔آیت۔۹۷۔

۵۔سورہ نشرح۔آیت۔۴۔

۶۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔ج۔۵۔ص۔۲۶۴۔مطبوعہ مکتب اسلامی۔بیروت۔

۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔

۸۔سورہ انعام۔آیت۔۸۳۔

۹۔سورہ آل عمران۔آیت۔۳۳۔

۱۰۔سورہ التکویر۔آیت۔۱۹۔۲۱۔

۱۱۔سورہ النجم۔آیت۔۵۔۶۔
۱۲۔سورہ آل عمران۔آیت۔۹۶۔
۱۳۔سورہ ابراہیم۔آیت۔۳۷۔
۱۴۔سورہ التین۔آیت۔۱۔۳
۱۵۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۳۷۔
۱۶۔عہد نامہ قدیم وجدید (کتاب مقدس)۔کتاب استثناء۔باب۔۱۳۔مرتب۔بائبل سوسائٹی۔لاہور۔
۱۷۔سورہ طٰحہٰ۔آیت۔۱۲۔
۱۸۔سورہ القصص۔آیت۔۳۰۔
۱۹۔سورہ النّٰزعٰت۔آیت۔۱۶۔
۲۰۔الدر منثور۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ج۔۳۔ص۔۵۲۸۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۲۱۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۵۸۔
۲۲۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۹۸۔
۲۳۔مشکوۃ۔امام ولی الدین تبریزی (متوفی ۷۴۲ھ) مطبوعہ اصح المطابع دہلی دار ارقم۔
۲۴۔سورہ الطور۔آیت۔۱۔
۲۵۔سورہ التین۔آیت۔۲۔
۲۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب
۲۸۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۹۔سورہ التوبہ۔آیت۔۳۶۔
۳۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۱۔سورہ القدر۔آیت۔۱۔۵۔
۳۲۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۵۔
۳۳۔سورہ دخان۔آیت۔۱۔۳۔
۳۴۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ) مطبوعہ داع الکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۵۔صحیح ابن حبان۔

۳۶۔سنن ابو داؤد۔امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔
۳۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔رقم الحدیث۔۵۸۷۔مطبوعہ دار الفکر۔
۳۸۔اتحاف سادۃ المتقین۔علامہ سید محمد بن محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔ج۔۴۔ص۔
۲۷۴۔مطبوعہ مطبع میمنہ۔
۳۹۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔رقم الحدیث۔۱۳۴۸۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۰۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۴۱۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۱۰۔
۴۲۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۷۰۔
۴۳۔سورہ التین۔آیت۔۴۔
۴۴۔سورہ الحج۔آیت۔۶۵۔
۴۵۔سورہ حجرات۔اایت۔۱۳۔
۴۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۴۷۔تفسیر ابن کثیر۔علامہ امام ابوالفدا اعماد الدین حافظ ابن کثیر (متوفی ۷۷۴ھ) دار الفکر بیروت۔
۴۸۔تفسیر ابن کثیر۔علامہ امام ابوالفدا اعماد الدین حافظ ابن کثیر (متوفی ۷۷۴ھ)۔داالفکر بیروت۔
۴۹۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ) مطبوعہ داع الکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۰۔مجمع الزوائد۔حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت۔
۵۱۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی۔بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۵۲۔سنن ابو داؤد۔امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔
۵۳۔سنن النسائی۔امامابوعبدالرحمنا حمد بن شعیب النسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دار المعرفہ۔بیروت۔
۵۴۔مسند البزاز۔حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی)۔
۵۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۵۶۔سورہ آل عمران۔آیت۔۲۶۔
۵۷۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۷۰۔
۵۸۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔

۵۹۔جامع البیان ۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۔۱۴۰۹ھ۔
۶۰۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ص ۲۳۶، ۲۳۸۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔
۶۱۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۱۰۔
۶۲۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۷۰۔
۶۳۔سورہ التین۔آیت۔۴۔
۶۴۔سورہ حجرات۔آیت۔۱۳۔
۶۵۔ماہنامہ روحانی ڈائجسٹ۔شمارہ۔فروری۔۲۰۲۴ء۔

۷۲۔الاداب۔ادب:

ادب بہترین میراث ہے اور بہترین نسب والا وہ ہے جو بہت مودب ہے(حضرت علیؓ)

ادب۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(د۔ب۔ب) سے مشتق ہے۔۱؎

دب النمل یدب دبا۔سے مراد خاموشی کے ساتھ آہستہ آہستہ آگے چلنا۔

دبابہ۔سے مراد ٹینک جس میں بیٹھ کر سپاہی دشمن کی جانب پیش قدمی کرتے ہیں تاہم ٹینک کی بناوٹ ایسی ہوتی ہے جو دشمن کے حملے سے محفوظ رہے۔

ادب۔سے مراد کسی دوسرے انسان کی عزت افزائی کرنا۔

ادب۔سے مراد نہایت خلوص سے کسی بھی انسان کے سامنے عاجزی کا اظہار۔

ادب۔کا لفظ قرآن کریم میں نہیں آیا۔۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! باپ اپنی اولاد کو جو سب سے بہترین تحفہ دیتا ہے اس میں سب سے اچھی چیز عمدہ تعلیم وتربیت(ادب) ہے۔۳؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! لوگوں سے خوبصورت لہجے میں ادب کے ساتھ بات کرو تاکہ بہترین جواب سنو۔تمھارے لئے بطور ادب یہی کافی ہے کے تم ان اشیاء سے اجتناب کرو جو تمھیں دوسروں میں اچھی نہ لگیں۔

اے لوگو! اپنے نفس کو مودب کرو اور بری عادات سے اجتناب کرو۔

عقلمند انسان ادب کے ذریعے سدھر جاتا ہے جبکہ جانوروں کو مار کر سدھایا جاتا ہے۔

باپ کا اپنے بیٹے پر یہ حق ہے کے وہ اس اا چھا نام رکھے، اس کی اچھی تربیت کرے اور اسے

قرآن کریم کی تعلیم دے۔ دور اندیشی چالا کی جبکہ ادب ریاست ہے۔
اپنے قلوب کو ادب کے ذریعے سے پاک کرو۔
ادب بہترین میراث ہے اور بہترین نسب والا وہ ہے جو بہت مودب ہے۔
بے ادبی کے ساتھ کوئی شرف نہیں۔ ادب حسب ونسب سے بے نیاز کر دیتا ہے۔
ادب نسب کی خرابیوں کو چھپا دیتا ہے اور جیسے بے ادبی نے پست کر دیا اسے اعلیٰ نسبی بھی بلند نہیں کر سکتی۔
اپنی اولاد کو اپنے آداب اور طور طریقے اور اپنے وقت کا علم زبردستی نہ سیکھاؤ کیونکہ وہ اگلے وقتوں اور زمانوں کے لئے پیدا کئے گئے ہیں۔
ادب سے ذہانت جلا پاتی ہے۔
بہترین ادب یہ ہے کے انسان اپنی حد میں رہے اور اپنی مقدار و حدود سے متجاوز نہ ہو۔
جس نے ادب کے بغیر خدمت سلطان چاہی گویا اس نے خود کو سلامتی سے ہلاکت کی طرف دھکیل دیا۔ بدزبان کے پاس کوئی ادب نہیں۔ بے ادب کے پاس کوئی عقل نہیں ہوتی۔ ۴؎

نفسیاتی پہلو

علماء، عرفاء اور صوفیاء کرام فرماتے ہیں! باداب بانصیب بے ادب بدنصیب۔
ادب پہلا قرینہ ہے اور ادب کے سبب اللہ تعالی اپنے بندوں کو اتنا عروج اور کمال عطا فرماتے ہیں کے انسان فرش سے عرش تک پہنچ جاتا ہے، تصوف کے تمام سلاسل میں پہلا سبق ہی ادب ہے چنانچہ انسان جس قدر ادب سیکھتا چلا جاتا ہے اس کی روحانی ترقی اسی مناسبت سے تیز سے تیز تر ہوتی چلی جاتی ہے۔
ادب کی بے شمار اقسام ہیں جن میں اللہ کا ادب و اطاعت وعبادت سرفہرست ہے، اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ادب اور اطاعت کی دین اسلام نے خاص تاکید فرمائی ہے، اس کے بعد والدین اور بزرگوں کا ادب کرنا انسان کے لئے بے حد ضروری ہے جس کے لئے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے! شرک کے بعد کبیرہ گناہ والدین کی نافرمانی ہے، اسی طرح سے اسلام انسان کو اساتذہ کے ادب کی خاص تلقین کرتا ہے کیونکہ اساتذہ کا درجہ روحانی والدین جیسا ہے، اس کے بعد حسب مراتب معاشرے میں موجود افراد کا ادب کرنا ضروری ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری(متوفی ۲۵۶ھ)۔رقم الحدیث۔۵۵۵۰۔
مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۴۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۲۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔

۷۳۔الثواب۔ثواب

اللہ کے پاس مصیبتوں کی مقدار کے برابر اجر وثواب ہے (حضرت علیؑ)

الثواب ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ث۔و۔ب) سے مشتق ہے۔ا؎

ثاب۔ یثوب۔ ثوباً۔ سے مراد کسی چیز کا چلے جانے کے بعد دوبارہ آجانا۔

ثاب جسمه ثوباناً و اثاب۔ سے مراد بیماری کے بعد اس کا جسم دوباہ اپنی اصلی حالت پر آ گیا۔

ثاب الماء۔ سے مراد پانی نکالنے کے بعد پھر دوبارہ اتنا ہی پانی کا آجانا۔

الثوب۔ کپڑے کو کہتے ہیں۔

ثواب۔ کپڑے بیچنے والے کو کہا جاتا ہے۔

ثیاب۔ سے مراد انسانی شخصیت۔

الصلوة خیرٌ من النوم پکارنے کو عربی زبان میں تثویب کہا جاتا ہے۔

ثواب۔ سے مراد بدلہ۔

ثواب۔ کی مختلف شکل وصورت ہیں مثلاً سرداری، سربلندی، دبیز اور ریشمی قیمتی ملبوسات، عمدہ سرفرازی سے مزین نشست وغیرہ۔۲؎

ارشاد خداوندی:

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ؕ وَسَنَجْزِى الشّٰكِرِيْنَ۔۳؎

ترجمہ۔اور کسی شخص کے لیے اللہ کے اذن کے بغیر مرنا ممکن نہیں ہے

(سب کی) اجل لکھی ہوئی ہے اور جو دنیا کا صلہ چاہے گا ہم اسے اس میں سے دیں گے اور جو

آخرت کا اجر چاہے گا ہم اسے اس میں سے دیں گے اور ہم عنقریب شکر کرنے والوں کو جزا دیں گے۔

وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ إِلَّا أَنْ قَالُوا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِي أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ۔ ۴؎

ترجمہ۔اور ان کی دعا صرف یہی تھی ! اے ہمارے رب ! ہمارے گناہ بخش دے اور ہمارے کام میں ہماری زیادتیاں (بھی) اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافروں کے خلاف ہماری مدد فرما۔

أُولَئِكَ لَهُمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَيَلْبَسُونَ ثِيَابًا خُضْرًا مِنْ سُنْدُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ مُتَّكِئِينَ فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ ۚ نِعْمَ الثَّوَابُ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا۔ ۵؎

ترجمہ۔ان کے لئے دائمی جنتیں ہیں جن کے نیچے سے دریا بہتے ہیں، انہیں وہاں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے، وہاں وہاں ریشم کے ہلکے اور دبیز سبز کپڑے پہنیں گے اور وہ وہاں مسندوں پر تکیے لگائے ہوئے ہوں گے، کیسا اچھا اجر ہے اور وہ جنت کیسی اچھی آرام کی جگہ ہے۔

وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ۔ ۶؎

ترجمہ۔اللہ نے تم میں سے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کئے کہ وہ ان کو ضرور بہ ضرور زمین میں خلافت عطا فرمائے گا جس طرح ان سے پہلے لوگوں کو خلافت عطا کی تھی اور ضرور بہ ضرور ان کے اس دین کو مکمل اور مضبوط کر دے گا جس کو

اس نے ان کے لئے پسند فرما لیا ہے اور ضرور بہ ضرور ان کے خوف کی کیفیت کو امن سے بدل دے گا وہ لوگ جو میری عبادت کرتے ہیں اور میرے ساتھی کسی کو شریک نہیں کرتے اور جن لوگوں نے اس کے بعد ناشکری کی تو وہی لوگ فاسق ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سلام میں پہل کرنے والے کو ۳۰ نیکیوں کا ثواب جبکہ جواب دینے والے کو دس نیکیوں کا ثواب ملتا ہے۔ ۷؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے کسی جنازے میں شرکت کی اور نماز جنازہ پڑھی تو اس کے لئے ایک قیراط کا ثواب ہے اور جو کوئی تدفین تک میت کے ساتھ رہا تو اس کے لئے دو قیراط کا ثواب ہے، کسی نے پوچھا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ قیراط کیا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دو عظیم پہاڑوں کے برابر (اجر وثواب)۔ ۸؎

حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص قبرستان سے گزرا اور اس نے گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھی پھر اس کا اجر ان قبرستان کے مردوں کو ایصال ثواب کر دے تو پڑھنے والے کو اس کا اجر وثواب اتنا ملے گا، جتنے کے اس قبرستان میں مردے دفن ہیں ۔۹؎ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے اللہ کی راہ میں کوئی چیز خرچ کی اس کے لئے اس کا سات سو گنا (اجر وثواب) لکھا جاتا ہے۔ ۱۰؎

دور سے چل کر آنے اور نماز کی ادائے گی میں ہر قدم پر اللہ کی طرف سے اجر وثواب لکھا جاتا ہے۔ ۱۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو کوئی کسی روزے دار کو افطار کروائے گا تو اس شخص کو بھی روزے دار کے برابر ثواب ملے گا اور روزے دار کے ثواب میں بھی کوئی کمی نہیں ہو گی ۱۲؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! بلا شبہ اللہ نے اپنی اطاعت کے بدلے ثواب اور اپنی

نافرمانی کے بدلے عذاب اسی لئے رکھا ہے تاکہ بندے سزا سے دور اور جنت سے قریب ہو سکیں۔ نیک بندوں کے لئے جنت ان کے ثواب اور اعمال کی جزا ہے جبکہ نافرمانوں کے لئے جہنم کافی ہے۔

دولت کے ذریعے اپنے غریب رشتہ داروں کی مدد اور ان کی بہترین مہمان نوازی کرو اور حقوق حصول اور ثواب کے معاملے میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کرو۔

جو بھی اللہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معرفت رکھتا ہے وہ اگر بستر پر بھی انتقال کر جائے تو اس کو شہادت کا درجہ عطا کیا جائے گا اور اس کا (اجر و ثواب) اللہ کے ذمہ کرم پر ہوگا یہاں تک اگر اس نے مرنے سے قبل کسی نیک کام کی نیت کی ہے تو اس کو اس نیت پر بھی اجر و ثواب ملے گا تاہم اس کی نیک نیتی اللہ کی نظر میں راہ خدا میں تلوار کو اٹھانے کے برابر ہوگی۔ اعمال صالح جیسی کوئی تجارت نہیں اور ثواب جیسا کوئی فائدہ نہیں۔

گناہ گاروں کی تنبیہ نیک لوگوں کے ثواب کے ذریعے کرو۔

تعجب ہے اس انسان پر جو عذاب سے تو ڈرتا ہے لیکن اپنے آپ کو گناہوں سے نہیں روکتا اور اللہ سے ثواب کی امید تو رکھتا ہے لیکن اعمال صالح سے گریز کرتا ہے۔

اللہ کے پاس مصیبتوں کی مقدار کے برابر اجر و ثواب ہے۔

حصول ثواب عین منافع ہے اور اللہ کے سامنے اعمال صالح کی وجہ سے سربلندی عین سعادت ہے۔ ثواب جیسا کوئی ذخیرہ نہیں۔ ۱۳

نفسیاتی پہلو

ثواب اللہ کی نعمت اور رحمت ہے جیسے اللہ اپنے فرمانبردار بندوں کو بطور تحفہ عنایت فرماتا ہے۔ دنیا کی کوئی نیکی ایسی نہیں جس پر اجر و ثواب نا دیا جاتا ہو حتیٰ کے مسلمان کا مسکرا کر ملنے پر بھی اللہ نے اجر و ثواب کا وعدہ فرمایا ہے یہی نہیں بلکہ اچھی نیت اور کسی نیکی کے بارے میں سوچنا بھی باعث اجر و ثواب ہے۔

نیکی کی فطرت میں اطمینان اور سکون پایا جاتا ہے اگرچہ بعض اوقات انسان نیکی کے بدلے لوگوں کے برے رویے کو سہتا ہے لیکن نیکی کرنے والا انسان اپنے ضمیر سے مطمئین ہوتا ہے جو اس کو حقیقی مسرت سے ہم کنار کرتا ہے۔ حقیقی مسرت اور پر سکون زندگی ہی دراصل جنت ہے نیکی کرنے والے افراد کبھی ناکام اور نامراد نہیں ہوتے ،اللہ انھیں ان کی نیکیوں اور اچھے اعمال کے بدلے میں بے شمار نعمتوں اور رحمتوں سے نوازتے ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ آل عمران ۔آیت ۔ ۱۴۵۔

۴۔سورہ آل عمران۔آیت ۔ ۱۴۷۔

۵۔سورہ کہف۔آیت۔ ۳۱۔

۶۔سورہ نور۔آیت ۔ ۵۵۔

۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۹۔جمع الجوامع ۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۔۱۴۲۱ھ۔

۱۰۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۱۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔

۱۲۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔

۱۳۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ص۔ ۱۰۳۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۴۷۔العمل۔عمل

انسانوں کے اس دنیا میں کئے گئے نیک اعمال آخرت میں اس کی آنکھ کا تارا ہوں گے۔

(حضرت علیؑ)

عمل ۔عربی زبان کا لفظ ہے،جو(ع۔م۔ل) سے مشتق ہے۔

عمل ۔کے معانی کام کاج، ہنرمندی ،مہارت،عقل سے کام کرنا وغیرہ۔

کچھ ماہرین لغات کے مطابق!عمل کا لفظ فعل سے زیادہ خاص ہے کیونکہ عمل میں ایک گونہ مشقت ہے۔ا؎

عمل ۔سے مراد کسی جاندار سے ارادتاً سرزد ہونے والا کام۔۲؎

عمل کے لئے علم شرط ہے۔

اعمال صالح کو فضائل اخلاق ,اخلاقی اقدار،اسلامی اقدار،اخلاق حسنہ اور Good deeds بھی کہتے ہیں اسلام ہمیں مکمل ضابطہ حیات یعنی (زندگی گزارنے کا مکمل طریقہ) بتاتا ہے، ہر انسان کی یہ فطرت ہے کے وہ کسی نہ کسی کو اپنا آئیڈیل بناتا ہے لیکن اسلام ہمیں یہ کہتا ہے کے اگر کسی کو آئیڈیل بنانا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کو نمونہ حیات بناؤ اور انھی کے نقش قدم پر چلو۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ۔۳؎

ترجمہ۔بے شک تمھارے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات میں بہترین نمونہ ہے۔

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ۔۴؎

ترجمہ۔(اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بے شک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اخلاق کے بلندترین مقام پر فائز ہیں۔

رسول اللہ ﷺ اخلاق کے بلند ترین درجے پر فائز تھے اگر چہ بنی نوع انسانیت کی ہدایت کے لئے اللہ تعالی نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے جنھوں نے انسانوں کو یہ بتایا کے ہر انسان کے اندر خیر اور شر کی قوت موجود ہے چنانچہ ہم سب کو اپنے خیر کو معاشرے میں پھیلانا چاہئے جبکہ اپنے شر کی قوت کو کنٹرول میں رکھنا چاہیئے تاہم ہر نیکی کا کام فضائل اخلاق یا اخلاقی اقدار ہے جس میں سلام میں پہل، والدین اور بزرگوں کی عزت وتکریم، چھوٹوں کے ساتھ شفقت، بھوکوں کو کھانا کھلانا، بیمار کی عیادت کرنا، جنازے میں شرکت، لوگوں کے ساتھ ہمدردی اور اخلاق سے پیش آنا، راستے سے کسی تکلیف دہ چیز کو ہٹانا، مسکراتے ہوئے ملنا، صبر واستقلال، رواداری، عفو درگزر، عدل وانصاف، ایفائے عہد، احترام انسانیت، کسب حلال، اخوت اور ایثار شامل ہے۔

اسلام انسان کے اعمال حسنہ جس کو اخلاق بھی کہا جاتا ہے پر بہت زیادہ زور دیتا ہے تاہم اعمال صالحہ کو حقوق العباد بھی کہا جاتا ہے جس کی پاسداری سے انسان کی شخصیت میں نکھار پیدا ہوتا ہے یعنی اسلام انسان کے کردار اور وقار کو بہت اہمیت دیتا ہے تاہم شخصیت میں حسن و نکھار اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے سے پیدا ہوتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ اخلاق کے بلند ترین درجے پر فائز تھے اگر چہ بنی نوع انسانیت کی ہدایت کے لئے اللہ تعالی نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے جنھوں نے انسانوں کو یہ بتایا کے ہر انسان کے اندر خیر اور شر کی قوت موجود ہے چنانچہ ہم سب کو اپنے خیر کو معاشرے میں پھیلانا چاہئے جبکہ اپنے شر کی قوت کو کنٹرول میں رکھنا چاہیئے تاہم ہر نیکی کا کام فضائل اخلاق یا اخلاقی اقدار ہے۔

ارشادات خداوندی:

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔ ۵

ترجمہ۔جس نے نیک کام کیے خواہ وہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وہ مومن ہوتو ہم اس کو پاکیزہ زندگی کے ساتھ ضرور زندہ رکھیں گےاور ہم ان کو ان کے نیک کاموں کی ضرور جزا دیں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کے نزدیک کوئی بھی دن عشرہ ذوالحجہ سے زیادہ نہ عظیم ہے اور نہ ہی ان دنوں سے بڑھ کر کسی دن کا نیک عمل اسے محبوب ہے لہٰذا ان دنوں میں تہلیل یعنی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ، تکبیر یعنی اللہ اکبر اور تحمید یعنی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کی کثرت کرو۔٦؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی کو بندے کے وہ اعمال زیادہ پسند ہیں جو مستقل مزاجی سے انجام دیئے جائیں۔٧؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کو سب سے زیادہ محبوب عمل وقت پر نماز ادا کرنا ہے۔٨؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی رمضان کے مہینے میں ابن آدم کے ہر عمل کو (١٠) گنا سے (٧٠٠) گنا تک بڑھا دیتے ہیں۔٩؎

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! بہترین عمل وہ ہے جس کے بجالانے پر تمھیں اپنے نفس کو مجبور کرنا پڑے۔١٠؎

بلاشبہ مال و دولت دنیا کی جبکہ اعمال صالح آخرت کی کھیتی ہیں۔

ریاکاری اور دکھاوے کے بغیر اعمال صالح کرو کیونکہ جو شخص دوسروں کو دکھانے کے لئے نیک اعمال بجالاتا ہے اللہ اس انسان کو اسی کے سہارے چھوڑ دیتا ہے۔

انسان کو چاہئے کے فرصت کے دنوں کو غنیمت جانتے ہوئے نیک اعمال کی انجام دہی میں جلدی سے کام لے اس سے پیشتر کے گلا گھٹ جائے اور کوچ کی تیاری شروع ہوجائے بہتر ہے کے جلدی سے زادراہ جمع کرلیا جائے۔

اس دن کے لئے اعمال کی انجام دہی کرو جس دن کے لئے تمام ذخیرے جمع کئے جاتے ہیں

اور اسی دن اسرار عیاں ہوں گے۔

جنت کے لئے جنت کے اعمال کو انجام دو کیونکہ دنیا تمھارے ٹھہرنے کی جگہ نہیں بلکہ یہ ایک گزرگاہ ہے چنانچہ اپنی اصل قرارگاہ کے لئے یہاں سے اپنے لئے کچھ سامان مہیا کرلو۔

آپؑ نے فرمایا! ہراس کام سے ڈرو جس سے کرنے والا توخوشی محسوس کرے لیکن دوسرے مسلمان اس سے تکلیف محسوس کریں، ہراس کام سے بھی ڈرو جو تنہائی میں تو انجام دیا جاتا ہو لیکن اس کام کو علی اعلان کرنے سے شرمایا جائے اور ہراس کام سے بھی بچو جو اگر تم سے پوچھ لیا جائے تو تم عذر خواہی یا پھر اس کا انکار کردو۔

انسانوں کے اس دنیا میں کئے گئے نیک اعمال آخرت میں اس کی آنکھ کا تارا ہوں گے۔

خوش بخت ہے وہ انسان جو قیامت کو یاد کرتے ہوئے اور حساب کتاب سے ڈرتے ہوئے نیک اعمال انجام دے۔جس کی امیدیں بڑھ جاتی ہیں اس کے اعمال خراب ہوجاتے ہیں۔

کوئی بھی عمل تقویٰ سے افضل نہیں بھلا کوئی قبولیت حاصل کرنے والی چیز کم کیسے ہوسکتی ہے۔

کتنا فرق ہے ان دو اعمال میں۔

۱۔ وہ عمل جس کی لذت ختم ہوگئی لیکن اثرات باقی رہ گئے۔

۲۔ وہ اعمال جس کی زحمتیں ختم ہوگئیں لیکن اس کا اجر باقی رہ گیا۔

جو انسان اعمال میں کوتاہی کرتا ہے وہ غم میں مبتلا ہوجاتا ہے۔

دنیا میں دو ہی طرح کے عامل ہیں۔

۱۔ پہلا جس نے دنیا میں دنیا کے لئے ہی عمل کیا اور وہ آخرت سے بے خبر رہا چنانچہ ایسا شخص اپنے ورثاء کے لئے فقر سے خوفزدہ ہے۔

۲۔ دوسرا عامل وہ ہے جو دنیا میں رہتے ہوئے آخرت کی تیاری کرتا ہے تاہم عقلمند ہے ایسا انسان جس نے دین اور دنیا دونوں کو پالیا وہ اپنے رب کے سامنے باعزت ہے اب اگر وہ اللہ سے کوئی حاجت طلب کرے گا تو اللہ اس کی حاجت کو رد نہیں کرے گا۔

جب تمھیں علم حاصل ہو گیا تو عمل کرو اور جب تمھیں یقین حاصل ہو گیا تو اب آگے بڑھو۔
بغیر علم کے دعوت عمل دینے والا ایسا ہی جو بغیر کمان کے تیر اندازی کرے۔
علم ، عمل طلب کرتا ہے ، اب اگر اس علم کے مطابق عمل کر لیا جائے تو ٹھیک ہے ورنہ علم چلا جاتا ہے۔ جو انسان اپنے دین کے لئے اعمال صالح کو انجام دیتا ہے اللہ اس کی دنیا کے لئے کافی ہے۔ ۱۱؎

نفسیاتی پہلو

اعمال سے مراد ارادتاً کام کرنا یعنی جس عمل کے پیچھے نیت بھی ہو۔ عمل سے قبل نیت کا ہونا ضروری ہوتا ہے یعنی انسان عمل کرنے سے پہلے سوچتا ہے پھر وہ عمل کرتا ہے۔
اعمال کی بھی دو اقسام ہیں۔ ۱۔ اچھے اعمال ۔ ۲۔ برے اعمال ۔
اچھے اعمال سے مراد نیکیوں کے سارے کام جس میں شامل اطاعت ، عبادت ، قانون کی پاسداری ، رزق حلال کمانا ، صبر ، شکر ، ذکر ، عفو درگزر ، عدل وانصاف ، مساوات ، اخوت ، صلہ رحمی ، صدق ، دیانت داری ، امانت داری ، ایفائے عہد ، والدین کی فرمانبرداری ، پڑوسیوں کے حقوق کی ادائے گی ، سلام میں پہل ، عیادت ، جنازے میں شرکت اور صدقات وخیرات وغیرہ
جب انسان نیکی کرتا ہے تو اس کی روح میں مثبت روشنی کا اضافہ ہوتا ہے اور نیکی کرنے والا انسان سچی خوشی اپنے اندرون میں محسوس کرتا ہے تاہم سچی خوشی جنت کی ایک کیفیت ہے چنانچہ نیکی اور اچھے اعمال کرنے والا انسان اللہ کی اطاعت کرتے کرتے بلا آخر کامیاب ہو کر داخل جنت ہو جاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔ لغات القرآن ۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ) ۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور ۔ ۱۹۹۸ء ۔
۲۔ المفردات ۔ علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ) ۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ ۔

۳۔سورہ احزاب۔آیت۔۲۱۔
۴۔سورہ القلم۔آیت۔۴۔
۵۔سورہ النحل۔آیت۔۹۷۔
۶۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۰۔نہج البلاغہ (خطبات حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم)۔خطبہ۔۲۴۹۔مطبوعہ ایران ومطبوعہ کراچی ۔
۱۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۳۴۹۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۷۵۔الطاعۃ۔اطاعت

اطاعت الٰہی انسانوں کے لئے باعث عزت ہے۔(حضرت علیؑ)

الطاعۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ط۔و۔ع) سے مشتق ہے۔
طاع۔سے مراد کسی چیز کا وسیع ہوجانا۔۱؎
طاع لہ المرتع۔سے مراد اس کے لئے چراگاہ وسیع ہوگئی۔
ان مفاہیم کے پیش نظر اطاعت کا بنیادی مفہوم سامنے آجاتا ہے۔
طوعاً۔سے مراد دل کی خوشی، پسندیدگی اور کشادہ دلی سے کسی کام کو انجام دینا۔
طوعاً کا متضاد لفظ کرھاً ہے جس کے معانی ناگواری اور دل کے جبر کے ساتھ کسی کام کی انجام دہی۔
اطاع۔سے مراد کسی حکم کو نہایت ادب، محبت اور خلوص کے ساتھ انجام دینا۔
استطاع۔سے مراد کسی بھی کام کو کرنے کی قوت، صلاحیت اور اسباب و ذرائع کا ہونا۔
تطوع خیراً۔سے مراد تھوڑی سی تکلیف اٹھا کر عمل خیر انجام دینا۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ ۔۳؎

ترجمہ۔بے شک جس نے خوشی سے کوئی (نفلی) نیکی کی تو بیشک اللہ جزا دینے والا اور خوب جاننے والا ہے۔

وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ ۔۴؎

ترجمہ۔بے شک جس نے خوشی سے کوئی (نفلی) نیکی کی تو بیشک اللہ جزا دینے والا اور خوب جاننے والا ہے۔

۱۔امام رازی۔(امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (متوفی ۶۰۶ھ)۔تفسیر کبیر۔
۔ج۔۲۔ص۔۴۵۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۳۹۸ھ)۔
۲۔علامہ قرطبی (علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (متوفی۔۶۶۸ھ)۔الجامع الاحکام
القرآن ج۔۲۔ص۔۱۸۱۔مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران۔۱۳۸۷ھ۔)
۳۔علامہ ابوالحیان اندلسی (علامہ ابوالحیان محمد بن یوسف غرناطی (متوفی ۷۵۴ھ)۔البحر المحیط
۔ج۔۲۔ص۔۶۷۔مطبوعہ دار الفکر، بیروت۔۱۴۱۲ھ۔)
۴۔علامہ ماوردی (علامہ ابوالحسن علی بن محمد بن حبیب الماوردی البصری (متوفی ۴۵۰ھ)
النکت والتیون۔ج۔۱۔ص۔۲۱۳۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔بیروت) وغیرہ نے کہا!
اس نیکی سے مراد نفلی نیکی ہے کیونکہ قرآن اور حدیث کے اطلاقات میں تطوع کا نفل پر اطلاق ہوتا ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ جس نے فرض کی ادائیگی کے بعد نفلی طور پر حج یا عمرہ کیا جبکہ علامہ آلوسی نے لکھا ہے کہ اس سے مراد عام نیکی ہے خواہ فرض ہو یا نفل۔۵؎

اللہ شاکر علیم ہے۔۶؎

اللہ تعالیٰ لوگوں کے قصد اور نیت کو جانتا ہے اور ان کی نیکیوں کی جزا دیتا ہے یا اللہ تعالیٰ قلیل نیکی کی بھی جزاء دیتا ہے اور اس کو ثواب کا علم ہے۔

وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ ۔۷؎

ترجمہ۔پھر جو خوشی سے فدیہ کی مقدار بڑھا کر زیادہ نیکی کرے تو یہ اس کے لیے زیادہ بہتر ہے

وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ شَيْئًا وَّلَا يَسْتَطِيعُونَ ۔۸؎

ترجمہ۔وہ اللہ کے سوا ان چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو ان کے لیے آسمانوں اور زمینوں میں سے کسی بھی رزق کے مالک نہیں ہیں اور (يَسْتَطِيعُونَ) نہ کسی چیز کی طاقت رکھتے ہیں۔

مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِیۡنٍ۔۹؎

ترجمہ۔جس کی آسمانوں میں اطاعت کی جاتی ہے وہاں امانت دار ہے۔

اللہ تعالی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اور اطاعت

وَمَنۡ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوۡلَہٗ فَقَدۡ فَازَ فَوۡزًا عَظِیۡمًا۔۱۰؎

ترجمہ۔جس نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کی تو گویا اس نے بہت بڑی کامیابی حاصل کی۔

اللہ تعالی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اور اطاعت ایمان کا لازمی جز ہے کیونکہ اللہ نے اپنی کل مخلوقات کو نہایت محبت سے پیدا فرمایا لہٰذا مخلوقات کا بھی فرض ہے کے وہ بھی اللہ سے اپنی محبت کا اظہار کریں اور بالخصوص انسان کیونکہ انسان اس کائنات میں اشرف المخلوق کے درجے پر فائز ہے جس نے اللہ کی اطاعت کی دراصل اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کی اور جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کی دراصل اس نے اللہ ہی کی اطاعت کی ۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں !

وَمَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوۡلُ فَخُذُوۡہُ وَمَا نَہٰکُمۡ عَنۡہُ فَانۡتَہُوۡا۔۱۱؎

ترجمہ۔اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو تمہیں دیں اسے لے لو اور جس سے منع کریں اس سے رک جاؤ۔

لَا تَجۡعَلُوۡا دُعَآءَ الرَّسُوۡلِ بَیۡنَکُمۡ کَدُعَآءِ بَعۡضِکُمۡ بَعۡضًا ؕ قَدۡ یَعۡلَمُ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ یَتَسَلَّلُوۡنَ مِنۡکُمۡ لِوَاذًا ۚ فَلۡیَحۡذَرِ الَّذِیۡنَ یُخَالِفُوۡنَ عَنۡ اَمۡرِہٖۤ اَنۡ تُصِیۡبَہُمۡ فِتۡنَۃٌ اَوۡ یُصِیۡبَہُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ۔۱۲؎

ترجمہ۔رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بلانے کو آپس میں ایک دوسرے کے بلانے جیسا نہ سمجھو، اللہ انہیں جانتا ہے جو تم میں سے چھپ کر کھسک جاتے ہیں، سو جو لوگ اللہ کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں انہیں اس سے ڈرنا چاہیے کہ ان پر کوئی آفت آئے یا ان پر کوئی دردناک عذاب نازل

ہو جائے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

ا۔ مَنْ أَطَاعَنِي فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ، وَمَنْ عَصَانِي فَقَدْ عَصَى اللَّهَ، وَمَنْ يُطِعِ الْأَمِيرَ فَقَدْ أَطَاعَنِي، وَمَنْ يَعْصِ الْأَمِيرَ فَقَدْ عَصَانِي۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے میری نافرمانی کی، اس نے اللہ کی نافرمانی کی اور جس نے میرے متعین کیے ہوئے امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے میرے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! اللہ نے عقلمندوں پر اپنی اطاعت کو سرمایہ اور غنیمت قرار دیا ہے۔ قیامت کے دن سب سے زیادہ حسرت اور افسوس اس شخص کو ہوگا جس نے اللہ کی اطاعت سے گریز کیا۔ تمام امور میں معرفت خداوندی سب سے زیادہ سرفہرست ہے جس کا ستون اطاعت الہی ہے۔ جس انسان کا دل اللہ کے لئے متواضع ہو گیا اس انسان کا جسم اللہ کی اطاعت میں سستی نہیں کرے گا۔ اطاعت الہی انسانوں کے لئے باعث عزت ہے۔

جس نے اللہ کی اطاعت کی وہ امن وامان میں رہے گا۔

اطاعت الہی اور نیکی دونوں ہی فائدہ بخش تجارتیں ہیں۔

مومن اطاعت الہی کی شدید خواہش رکھتا ہے اور حرام چیزوں سے اپنے آپ کو بچا کر رکھتا ہے

اطاعت مالک کے غصے کو ٹھنڈا کر دیتی ہے۔

اطاعت میں نجات جبکہ نافرمانی ہلاکت ہے۔

اگر تم عزت کے طلب گار ہو تو پھر عزت کو اطاعت کے ذریعے طلب کرو۔

اللہ کو سب سے زیادہ محبوب بندہ وہ ہے جو اللہ کی اطاعت کرتا ہے۔

وہ انسان اللہ کی رحمت کا زیادہ حق دار ہے جو اللہ کی اطاعت سب سے زیادہ مستحکم طریقے سے

انجام دیتا ہے۔
اپنے نفس کی جب تک عزت کرتے رہو جب تک وہ اطاعت الٰہی میں تمھاری مدد کرے۔
اطاعت کے ذریعے کامیابی ملتی ہے۔ اطاعت کا ثمر جنت ہے۔
خوش بخت ہیں وہ آنکھیں جو اطاعت خداوندی میں راتوں کو جاگتی ہیں۔
اطاعت خداوندی بلند ترین ستون اور نہایت مضبوط ترین معاون و مددگار ہے۔
اطاعت الٰہی کے فضائل بلا آخر انسان کو بلند درجات تک پہنچا کر ہی دم لیتے ہیں۔
جس انسان کی اطاعت گزاری بڑھ جاتی ہے اس انسان کی کرامات میں بھی اضافہ ہوجاتا ہے
اللہ کے اطاعت گزار انسان کو دشمن بھی نقصان نہیں پہنچا سکتا ہے۔ ۱۴؎

نفسیاتی پہلو

پہلا اور سب سے اہم نکتہ جو ہر انسان کو سمجھ لینا چاہئے، وہ یہ ہے کے انسان کو اللہ نے اپنی عبادت اور اطاعت کے لئے پیدا فرمایا ہے، چنانچہ جو انسان اپنی زندگی کو اللہ کی عبادات اور اطاعت کے لئے وقف کردیتے ہیں وہ اللہ کے پسندیدہ بندے بن جاتے ہیں اور دنیا اور آخرت کی کامیابی ان کا مقدر بنتی ہے، اللہ کا عبادت اور اطاعت گزار بندہ پرسکون اور آسودہ ہوتا ہے اس کے ضمیر پر کسی قسم کا کوئی بوجھ نہیں ہوتا بلکہ وہ دنیا میں رہتے ہوئے جنت کی زندگی یعنی حقیقی خوشی اور اطمینان سے واقف ہوجاتا ہے اور اس طرح سے وہ اپنی اطاعت گزاری کے سبب بے شمار برائیوں، بیماریوں اور گناہوں سے بچ جاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ البقرہ۔آیت ۔ ۱۵۸۔
۴۔سورہ البقرہ۔آیت ۔ ۱۵۸۔

۵۔روح المعانی۔علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (متوفی ۱۲۷۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۵۸۔
۷۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۴۔
۸۔سورہ النحل۔آیت۔۴۳۔
۹۔سورہ التکویر۔آیت۔۲۱۔
۱۰۔سورہ احزاب۔آیت۔۱۷۔
۱۱۔سورہ الحشر۔آیت۔۷۔
۱۲۔سورہ النور۔آیت۔۶۳۔
۱۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۹۴۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۷۶۔الطب والطبیب ۔طب اور طبیب

جو اپنے پوشیدہ امراض کو طبیب سے چھپاتا ہے طبیب بھی اس کے علاج سے عاجز ہو جاتا ہے۔(حضرت علیؑ)

الطب ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ط۔ب) سے مشتق ہے۔ا؎

طب ۔سے مراد علم ادویہ ہے۔

طبیب ۔سے مراد معالج، مسیحا اور فن طب کا ماہر۔

اللہ تعالیٰ نے بیماریاں بعد میں نازل فرمائیں اس سے کہیں پہلے ادویات اور علاج نازل فرمایا۔

شفا۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ش۔ف۔ی) سے مشتق ہے۔۲؎

یوں تو تمام پیغمبر اور رسول نے اپنے وقت میں بیمار، کمزور اور نفسانی خواہشات میں الجھی انسانیت کا نفسیاتی، ذہنی، دماغی، جسمانی اور روحانی بیماریوں کا علاج فرما۔

حضرت عیسیٰ ابن مریم کے دور میں اہل یونان نے طب میں بے مثال ترقی کی تاہم دنیا میں ان کا بڑا غلغلہ اور شور تھا اگرچہ اہل یونان اپنے علم و دانش پر نہایت فخر کیا کرتے چنانچہ اسی دور میں اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ ابن مریم کو کئی ایسے معجزات عطا فرمائے کے جنھیں دیکھ کر دنیا انگشت بدنداں رہ گئی لہٰذا آپ کے بیشتر معجزات اسی نوعیت کے تھے۔

ارشاد خداوندی:

وَيُعَلِّمُهُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالْإِنْجِيلَ وَرَسُولًا إِلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَنِّي قَدْ جِئْتُكُمْ بِآيَةٍ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ أَنِّي أَخْلُقُ لَكُمْ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَأَنْفُخُ فِيهِ فَيَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِ اللَّهِ ۖ وَأُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَأُحْيِي الْمَوْتَىٰ بِإِذْنِ اللَّهِ ۖ

وَأُنَبِّئُكُم بِمَا تَأْكُلُونَ وَمَا تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ۔ ۳؎

ترجمہ۔اور اس کو کتاب سکھائے گا اور دانش عطا فرمائے گا اور توریت اور انجیل، اور اس کو بنی اسرائیل کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجے گا (اور وہ کہے گا) بے شک میں تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس نشانیاں لے کر آیا ہوں، میں تمہیں مٹی سے ایک پرندہ کی شکل بنا دیتا ہوں پھر اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے اڑتا جانور ہو جاتا ہے، اور مادرزاد (پیدائشی) اندھے اور کوڑھی کو اچھا کر دیتا ہوں اور اللہ کے حکم سے مردے زندہ کرتا ہوں، اور تمہیں بتا دیتا ہوں جو کھا کر آؤ اور جو اپنے گھروں میں رکھ کر آؤ، (بے شک) اس میں تمہارے لیے نشانیاں ہیں اگر تم ایماندار ہو۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے چار افراد کو زندہ کیا تھا ا۔آپ کا وفادار عارز اس کی حالت بہت نازک تھی اس کی بہن نے آپ کو اطلاع کروائی لیکن اس کا گھر تین روز کی مسافت پر تھا جب حضرت عیسیٰ عارز کے گھر پہنچے تو اس کو انتقال کئے ہوئے تین روز گزر چکے تھے آپ نے اس کی بہن سے کہا مجھے اس کی قبر پر لے چلو آپ نے اس کی قبر پر جا کر اللہ سے دعا کی عارز زندہ ہو کر قبر سے باہر آ گیا پھر وہ ایک عرصہ تک حیات رہا اس کی شادی اور اولادیں بھی ہوئیں۔

۲۔ایک دفعہ ایک بیوہ بڑھیا کے اکلوتے بیٹے کا جنازہ آپ کے سامنے سے گزر رہا تھا جس پر بڑھیا آپ سے رو رو کر فریاد کر رہی تھی آپ نے اس کے بیٹے کے لئے دعا فرمائی تو وہ اللہ کے حکم سے زندہ ہو گیا۔

۳۔ایک لڑکی کا انتقال ہو گیا تو آپ نے اس کے لئے بھی دعا فرمائی اور وہ بھی اللہ کے حکم سے زندہ ہو گئی۔

۴۔سام بن نوح کے جن کے انتقال کو ہزاروں برس گزر چکے تھے۔لوگوں نے آپ سے کہا!

انھیں دوبارہ زندہ کردیں پھرلوگوں کی نشاندھی پر آپ اس کی قبر پر تشریف لے گئے اور اللہ سے دعا کی ۔ سام بن نوح نے جب سنا تو وہ خوف زدہ ہوگئے اوران کے سر کے آدھے بال سفید ہوگئے وہ یہ سمجھے کے شاید قیامت قائم ہوگئی ۔ پھر زندہ ہونے کے بعد وہ حضرت عیسی پر ایمان لے آئے انھوں نے حضرت عیسی ابن مریم سے یہ درخواست کی !انھیں دوبارہ موت کی تکلیف سے نہ گزارا جائے بہر حال تھوڑی ہی دیر کے بعد ان کا دوبارہ انتقال ہوگیا ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک اللہ پاکیزہ ہے اور پاکیزہ چیزوں کو پسند فرماتا ہے، وہ صاف ستھرا ہے اور صاف ستھری چیزوں کو پسند فرماتا ہے، وہ کریم ہے اور کرم کو پسند فرماتا ہے، وہ سخی ہے اور سخاوت کو پسند فرماتا ہے لہٰذا اپنے صحنوں اور گھروں کو صاف ستھرا رکھو اور یہود جیسے نہ بنو جو اپنے گھروں میں کوڑا کرکٹ جمع رکھتے ہیں۔ ۴؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! انسان کے لئے چند لقمے ہی کافی ہیں جو اس کی پیٹھ کو سیدھا رکھ سکیں لیکن اگر زیادہ کھانا ضروری ہو تو پیٹ کا ایک تہائی حصہ اپنے کھانے کے لئے، ایک تہائی پانی پینے کے لئے اور ایک تہائی سانس لینے کے لئے باقی رکھے۔ ۵؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مسلمانوں میں سے جو بھی شخص اپنے جسم کے کسی مرض میں مبتلا ہوتا ہے تو اللہ تعالی اس کے اعمال کے محافظ فرشتوں کو یہ حکم دیتا ہے! میرا یہ بندہ اپنی صحت کی حالت میں جو نیک اعمال کیا کرتا تھا اس کے اس عمل کو اس وقت تک لکھتے رہو جب تک کے وہ میری زنجیر میں بندھا ہوا ہے۔ ۶؎

عطاء بن یسارؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب بندہ بیمار ہوتا ہے تو اللہ تعالی کراماً کاتبین سے فرماتا ہے! میرے بندے کے اس نیک عمل کو لکھتے رہو جو وہ ایام صحت میں کیا کرتا تھا حتی کے میں اسے اٹھالوں یا پھر اس کو تندرست کردوں۔ ۷؎

حضرت ابو درداءؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک اللہ تعالی نے بیماری

اور دوا دونوں کو نازل کیا ہے اور ہر بیماری کی دوا بنائی ہے سو تم دوا کرو اور حرام کے ساتھ دوا نہ کرو۔۸؎

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہر بیماری کی دوا ہے پس جب کسی بیماری کی دوا حاصل ہو جائے تو وہ اللہ کے اذن سے تندرست ہو جاتا ہے۔۹؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ نے کوئی بیماری ایسی نازل نہیں کی جس کی کوئی دوا نہ ہو۔۱۰؎

مشہور صوفی محمد بن علی بن عطیہ المشہور ابی طالب مکی (متوفی۔۳۷۶ھ) لکھتے ہیں، جو شخص علاج نہیں کرتا ہے اس کے لئے افضل یہ ہے کہ وہ اپنی بیماری کو مخفی رکھے کیونکہ یہ عمل نیکیوں کے خزآنے میں سے ہے اس لئے کے یہ اس کے اور اس کے اخلاق کے درمیان معاملات سے ہے اس لئے ان کو چھپانے میں زیادہ سلامتی ہے اور زیادہ فضیلت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب کوئی بندہ بیمار ہوتا ہے تو اللہ تعالی فرشتوں کی طرف وحی فرماتے ہیں اور کہتے ہیں! دیکھو میرے بندے کی طرف کے وہ اپنی عیادت کرنے والوں سے کیا کہتا ہے؟ اگر وہ اللہ کی حمد وثناء کرتا ہے اور کلمہ خیر کہتا ہے تو اس کے لئے دعا کرو اور اگر وہ شکایت کرتا ہے اور برے کلمات کہتا ہے تو پھر اس طرح نہ کرنا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی نے اس چیز میں تمھارے لئے شفا نہیں رکھی جس کو تم پر حرام کیا گیا ہے۔۱۱؎

حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تمھیں کسی علاقے میں بلا کا علم ہو تو تم وہاں نہ جاؤ اور جب تم کسی علاقے میں ہو اور وہاں وباء آجائے تو تم وہاں سے نہ نکلو۔۱۲؎

حنا:

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زخم یا کانٹا لگ جانے پر اس جگہ حنا کا لیپ لگایا کرتے۔۱۳؎

حبہ اسود۔(شونیز)۔یعنی۔کلونجی:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کلونجی استعمال کیا کرو کیونکہ اس میں موت کے علاوہ ہر بیماری سے شفا ہے۔ ۱۴؎

حرف(ثقاء یا حب الرشاد)۔یعنی۔رائی:

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دو چیزوں میں بہت شفا ہے۔ ا۔ثقاء۔اور۔۲۔ایلوہ۔۱۵؎

حلبہ۔یعنی۔میتھی:

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر تمھیں معلوم ہو کے میتھی میں کتنے فوائد ہیں تو تم اس کو سونے کے بھاؤ خرید کر استعمال کرو۔۱۶؎

سنا:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر کوئی چیز موت سے شفا دینے والی ہوتی تو وہ سنا ہوتی۔۱۷؎

سفرجل۔یعنی۔بہی۔(سیب ی طرح کا ایک پھل):

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوذر غفاریؓ کو سفرجل دیتے ہوئے فرمایا! یہ پھل دل کو قوت، طبیعت کو خوش اور سینے کی تکلیف کو دور کر دیتا ہے۔۱۸؎

سلق۔یعنی۔چقندر:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ کی بیماری میں جب وہ کمزوری محسوس کر رہے تھے انھیں جو اور چقندر کو ملا کر کھانے کی تاکید فرمائی۔۱۹؎

جو:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود بھی جو کی روٹی اور اس کا ستو استعمال یا کرتے تھے جبکہ اگر گھر میں کوئی بیمار ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کا حریرہ بنوا کر اسے کھانے کی ہدایت فرماتے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے! یہ غمگین دل کو تقویت دیتا ہے اور مریض کے دل کی تکلیف کو دور کرتا ہے۔۲۰؎

عسل ۔یعنی ۔شہد:

آپ ﷺ نے فرمایا! جو شخص مہینے میں تین دن صبح کے وقت شہد چاٹ لے تو اس شخص کو کوئی بڑی بیماری نہیں ہوگی ۔۲۱ ۔

عجوہ:(مدینے کی ایک کھجور):

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! عجوہ جنت کی کھجور ہے اور ہر زہر سے شفاء ہے ۔۲۲ ۔

یقطین ۔یعنی ۔کدو(لوکی):

رسول اللہ ﷺ کو لوکی کی سبزی نہایت مرغوب تھی اور آپ ﷺ سالن میں لوکی کے قتلے تلاش کر کے تناول فرماتے تھے ۔

آپ ﷺ نے فرمایا! جب سالن پکاؤ تو لوکی (دو) زیادہ ڈالو کیونکہ یہ دل سے غم کو دور کرتا ہے اور دل کو تقویت دیتا ہے ۔۲۳ ۔

رسول اللہ ﷺ سے جب لوکی سے ان کی محبت کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا! یہ میرے بھائی یونس علیہ السلام کا درخت ہے ۔۲۴ ۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! کدو و لازم پکڑو کیونکہ یہ عقل کو بڑھاتا ہے اور دماغ کو طاقت دیتا ہے ۔۲۵ ۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اے عائشہؓ! جب خشک گوشت پکاؤ تو اس میں کدو کا اضافہ کر لیا کرو کیونکہ یہ غمگین دل کو مضبوط کرتا ہے ۔۲۶ ۔

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! بہت سی دوائیں بھی بیماری ہو جاتی ہیں ۔

ہر مرض کی دوا اس مرض کو لوگوں سے چھپانا ہے ۔

دوا پینا جسم کے لئے ایسا ہی ہے جیسے کپڑے کے لئے صابن ، جو اس کپڑے کو صاف ستھرا تو کر دیتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی اس کو بوسیدہ بھی کر دیتا ہے ۔

گائے کا گوشت بیماری لیکن اس کا دودھ، مکھن اور گھی شفا ہے۔
مسلمان کو اس وقت تک دوا استعمال نہیں کرنی چاہیئے جب تک کے اس کا مرض اس کی صحت پر غالب نہ آجائے۔ جو دوا کی کڑواہٹ برداشت نہیں کرے گا وہ ہمیشہ تکلیف میں ہی رہے گا۔جس کے امراض بڑھ جاتے ہیں اس کی شفا سمجھ میں نہیں آتی ہے۔
بہت سی بیماریاں دوا ہوجاتی ہیں اور ہر بیماری کی ایک دوا ہے۔
اللہ نے تمھاری بیماری کو تمھارے گناہ کو مٹانے کا سبب بنایا ہے بیماری میں کوئی اجر نہیں ہے لیکن یہ گناہوں کو اس طرح سے ختم کر دیتی ہے جیسے سوکھے ہوئے پتے درخت سے جھڑتے ہیں۔ دنیا میں طویل عمر اور صحت سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔
سب سے اچھی قسمت جسمانی صحت ہے۔صحت کے ذریعے لذتیں مکمل ہوتی ہیں۔
آپ نے حضرت امام حسنؑ سے فرمایا! میں تمھیں چار ایسی باتیں بتاتا ہوں جس کے کرنے سے تم کسی طبیب کے محتاج نہیں رہو گے۔
۱۔شدید بھوک میں کھانا۔ ۲۔کھانے کو اچھی طرح سے چبا کر کھانا۔ ۳۔تھوڑی بھوک باقی رکھنا۔ ۴۔سونے سے قبل رفع حاجت سے فارغ ہونا۔
اس کو شفا نہیں ہوسکتی جو اپنا مرض اپنے طبیب سے چھپائے اور جو ایسا کرتا ہے وہ اپنے جسم کے ساتھ خیانت کرتا ہے۔
جو اپنے پوشیدہ امراض کو طبیب سے چھپاتا ہے طبیب بھی اس کے علاج سے عاجز ہوجاتا ہے۔
تجربہ کار انسان طبیب سے زیادہ مستحکم ہوتا ہے۔۲۷؎

بارش کا پانی:

حضرت علیؑ نے فرمایا! بارش کا پانی پیو کیونکہ یہ جسم کو پاک اور صاف کرتا ہے۔۲۸؎
جو کم کھانے پر اکتفا کرتا ہے اس کی صحت محکم اور اس کی فکر شائستہ ہوجاتی ہے۔۲۹؎

نفسیاتی پہلو

دنیا کو اللہ نے آزمائش کی جگہ قرار دیا ہے چنانچہ دنیا میں بے شمار دکھ، درد اور بیماریاں ہیں جو انسان کو مختلف تکالیف میں مبتلا کرتی ہیں اور ان بیماریوں کے سبب انسان ذہنی، جسمانی، دماغی اور نفسیاتی تکالیف کو محسوس کرتا ہے۔

تاہم دنیا میں کوئی بیماری ایسی نہیں ہے جس کی کوئی دوا یا علاج نا ہو یعنی ہر بیماری سے قبل اللہ نے اس بیماری کا علاج اتارا ہے چنانچہ ایک حدیث کے مطابق! بیماریاں مومن کے گناہوں کو جھاڑ دیتی ہیں بالکل اسی طرح جیسے خزاں رسیدہ درخت سے پتے جھڑتے ہیں۔

دوسری جانب طبیب بھی بیماری کی وجوہات کو سمجھتے ہوئے دوائیں تجویز کرتے ہیں، اور جب بیماری اور دوا ایک دوسرے سے موافق ہوجاتے ہیں تو اللہ کے حکم سے انسان صحت یاب ہوجاتا ہے۔ انسان کو چاہئے کے وہ اپنی صحت کا خیال رکھے اور بیماریوں کو طول نا دے کیونکہ ابتداء میں ممکن ہے معمولی علاج سے اس بیماری پر قابو پالیا جائے لیکن اگر اس بیماری کو طول دیا جائے گا تو ہوسکتا ہے کے وہ بیماری نا قابل علاج یا پھر کئی جسمانی عوارض کا سبب بنے۔

علاج کرنے کے پیچھے یہ منطق بھی ہے کے انسان اللہ کی مدد کے ساتھ ساتھ اللہ کی بنائی ہوئی علاج معالجے کی سہولیات سے فائدہ اٹھاتا ہے اور بالاآخر اللہ کے حکم سے وہ صحت یاب ہوجاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۴۸۔ ۴۹۔

۴۔مسند بزاز۔

۵۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔ ۱۴۲۱ھ۔

۶۔المصنف ۔امام ابوبکر عبداللہ بن محمد ابی شیبہ (متوفی ۲۳۵ھ)۔مطبوعہ دارالقرآن کراچی ،۱۴۰۶ھ۔
۷۔المصنف ۔امام ابوبکر عبداللہ بن محمد ابی شیبہ (متوفی ۲۳۵ھ)۔مطبوعہ دارالقرآن کراچی ،۱۴۰۶ھ۔
۸۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۹۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۱۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۳۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۵۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۶۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۰ھ۔
۱۷۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۸۔سنن نسائی ۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۱۲ھ۔
۱۹۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۲۰۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔ بیروت ۔۱۴۱۵ھ۔
۲۱۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔ بیروت ۔۱۴۱۵ھ۔
۲۲۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔ بیروت ۔۱۴۱۵ھ۔
۲۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۴۔ روح البیان ۔علامہ اسماعیل حقی حنفی (متوفی ۱۱۳۷ھ)۔مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ۔داراحیاء التراث
۲۵۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۰ھ۔
۲۶۔زادالمعاد۔شیخ ابوعبداللہ محمد بن ابی بکر ابن القیم الجوزیۃ (متوفی ۷۵۱ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔
۲۷۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔ص۔۳۰۰۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۲۸۔تہذیب آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔ص۔ ۱۱۳۔
۲۹۔عیون الحکم ۔ص۔۴۳۷۔

۷۷۔العزم۔عزم

حقیقی عزم دور اندیشی ہے جبکہ اس کا ثمر کامیابی ہے۔(حضرت علیؑ)

العزم۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ع۔ز۔م) سے مشتق ہے۔ا؎
عزم۔سے مراد کسی بھی کام کو قطعی طور پر کرنے کا ارادہ۔
عزم۔سے مراد ارادہ، جدو جہد، سعی اور ہر ممکن کوشش۔
عزم۔عزیمۃ۔سے مراد کسی بات کا فیصلہ کر کے پختگی سے اس پر جم جانا۔
العزام۔سے مراد ارادے کا پکا ہونا۔
العزم۔سے مراد معاملات کو حتمی اور قطعی شکل دینا۔
عزم۔سے مراد جب کام کے کرنے پر انسان کی رائے پختہ ہوجائے اور وہ اس کام کو کرنے کا اللہ تعالیٰ سے عہد کرلے۔۲؎
علامہ محمد بن مکرم ابن منظور افریقی متوفی 711ھ لکھتے ہیں!
عزم۔کا معنی کوشش کرنا۔
عزم۔سے مراد اپنے دل میں کسی کام کی گرہ باندھ لینا۔
عزم۔سے مراد کسی کام کی قسم کھالینا۔
عزم۔کے معنی صبر ہے۔۳؎
حضرت سعد نے کہا، فلما اصابنا البلاء اعتزمنا لذالك۔
ترجمہ۔ہم پر جب مصیبت آئی تو ہم نے اس پر عزم کیا یعنی صبر کیا اور اس مصیبت کو برداشت کیا۔ابن منظور نے عزم کے اور بھی بہت معانی لکھتے ہیں۔۴؎

ارشادات خداوندی:

وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓی اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِیَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ۔۵؎

ترجمہ۔ بے شک ہم نے اس سے پہلے آدم سے عہد لیا تھا، پس وہ بھول گئے اور ہم نے ان کا (نافرمانی کرنے کا) قصد نہیں پایا۔

وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَهٗ ۔۶؎

ترجمہ۔ جب تک عدت پوری نہ ہوجائے (ان سے) عقد نکاح کا عزم نہ کرو۔

وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۔۷؎

ترجمہ۔ جس نے صبر کیا اور معاف کردیا تو بے شک یہ ضرور ہمت کے کاموں میں سے ہے۔

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُو الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ ۔۸؎

ترجمہ۔ (اے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!) آپ صبر کیجیے جیسا کے اولوالعزم رسولوں نے صبر کیا تھا۔

ابومنصور جمشاذی نے ابوبکر رازی سے اور انہوں نے ابوالقاسم الحکیم سے نقل کیا ہے!

اولوالعزم رسول اٹھارہ ہیں۔

جن کا ذکر سورہ انعام (آیت۔ ۸۳۔۸۶) میں کیا گیا ہے، وہ درج ذیل ہیں۔

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَاۗءُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ۭ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ۔

ا۔حضرت ابراہیم علیہ السلام ۔ ۲۔حضرت اسحاق علیہ السلام ۔ ۳۔حضرت یعقوب علیہ السلام ۔ ۴۔حضرت نوح علیہ السلام ۔ ۵۔حضرت داؤد علیہ السلام ۔ ۶۔حضرت سلیمان علیہ السلام ۔ ۷۔حضرت ایوب علیہ السلام ۔ ۸۔حضرت یوسف علیہ السلام ۔ ۹۔حضرت موسیٰ علیہ

السلام ۔ ۱۰۔ حضرت ہارون علیہ السلام ۔ ۱۱۔ حضرت زکریا علیہ السلام ۔ ۱۲۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام ۔ ۱۳۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ۔ ۱۴۔ حضرت الیاس علیہ السلام ۔ ۱۵۔ حضرت اسماعیل علیہا السلام۔ ۱۶۔ حضرت الیسع علیہ السلام ۔ ۱۷۔ حضرت یونس علیہ السلام ۔

۱۸۔ حضرت لوط علیہ السلام۔

ان پیغمبروں اور انبیاء کرام سے متعلق ارشاد خداوندی ہے!

وَ کَذٰلِکَ نَجۡزِی الۡمُحۡسِنِیۡنَ ۔ ۱۰؎

ترجمہ۔ ہم اسی طرح محسنین کو جزا دیتے ہیں۔

وَزَکَرِیَّا وَیَحۡیٰی وَعِیۡسٰی وَاِلۡیَاسَ ؕ کُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِیۡنَ ۔ ۱۱؎

ترجمہ۔ زکریا اور یحییٰ اور عیسیٰ اور الیاس، سب نیکوکاروں میں سے ہیں۔

وَاِسۡمٰعِیۡلَ وَالۡیَسَعَ وَیُوۡنُسَ وَلُوۡطًا ؕ وَکُلًّا فَضَّلۡنَا عَلَی الۡعٰلَمِیۡنَ ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔ اسماعیل اور یسع اور یونس اور لوط، ہم نے سب کو سارے جہان والوں پر بزرگی دی۔

ابو العالیہ نے کہا! اولوالعزم رسول تین ہیں۔ ا۔ حضرت نوح علیہ السلام ۔ ۲۔ حضرت ہود علیہ السلام ۔ ۳۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان میں سے چوتھے ہیں تاہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ حکم دیا گیا!

فَاصۡبِرۡ کَمَا صَبَرَ اُولُوا الۡعَزۡمِ مِنَ الرُّسُلِ ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ان کی طرح صبر کریں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابوبکرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب دو مسلمان تلواروں سے لڑیں تو قاتل اور مقتول دونوں جہنمی ہیں، میں نے عرض کی! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ تو قاتل ہے مقتول کے جہنمی ہونے کی کیا وجہ ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یہ بھی اپنے حریف کے قتل پر حریص یعنی (پرعزم) تھا۔ ۱۴؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ عزوجل فرماتا ہے! جب میرا بندہ کسی گناہ کا ارادہ کرے تو اس کو نہ لکھو اور جب وہ اس گناہ کا ارتکاب کرے تو اس کا صرف ایک گناہ لکھو اور جب وہ کسی نیکی کا عزم کرے اور اس نیکی کو نہ کرے تو پھر بھی) اس کی ایک نیکی لکھ دو اور جب وہ اس نیکی کو کرلے تو اس کی دس نیکیاں لکھ دو۔

دوسری روایت ہے! دس سے لے کر سات سو تک نیکیاں لکھ دو۔ ۱۵؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! انسان کو چاہیے کے وہ اللہ سے پوری کوشش اور قطعیت سے سوال کرے۔ ۱۶؎

حضرت ام سلمہ نے فرمایا! **فعزم اللہ لی۔**

اللہ نے میرے لیے قوت اور صبر کو پیدا کر دیا۔ ۱۷؎

رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ سے پوچھا! تم وتر کب پڑھتے ہو؟ انہوں نے کہا! رات کے اول حصہ میں پھر رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمرؓ سے پوچھا تم وتر کب پڑھتے ہو؟ انہوں نے کہا! رات کے آخری حصہ میں، آپ ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ سے فرمایا! تم نے احتیاط پر عمل کیا اور حضرت عمرؓ سے فرمایا! تم نے عزیمت پر عمل کیا۔ ۱۸؎

رسول اللہ ﷺ کی مراد یہ تھی کے حضرت ابوبکرؓ کو خدشہ تھا کے کہیں نیند کے غلبہ سے وتر فوت نہ ہو جائیں، اس لیے انہوں نے احتیاط سے کام لیا اور وتر کو پہلے ہی پڑھ لیا اور حضرت عمرؓ کو اعتماد تھا کے ان کی تو تہجد کی نماز پڑھنے کی قوت ہے اس لیے انہوں نے اصل کے مطابق وتر رات کے آخری حصہ میں پڑھی تاہم بغیر احتیاط کے عزم میں کوئی خیر نہیں ہے کیونکہ جب تک قوت کے ساتھ احتیاط نہ ہو تو انسان ہلاک ہو جاتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! **الزکوۃ عزمۃ من عزمات اللہ۔**

ترجمہ۔ زکوٰۃ اللہ تعالیٰ کے حقوق میں سے ایک حق ہے اور اس کے واجبات میں سے ایک واجب ہے۔ ۱۹؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ رخصت پر عمل کرنے کو بھی اسی طرح پسند کرتا ہے جس طرح عزیمت پر عمل کرنے کو پسند کرتا ہے۔۲۰؂

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جب تم کسی کام کا عزم کرو تو پھر اس کام کو کر ڈالو۔

دور اندیشی سے عزم ہوتا ہے۔ جب تم کسی کام کا عزم کرو تو پھر تم مشورہ کرلو۔

جب عزم، دور اندیشی اور احتیاط کے ساتھ ہوجائے تو پھر سعادت کامل ہوجاتی ہے۔

عزم سے پہلے اچھی طرح سے سوچ لو، آگے بڑھنے سے قبل مشورہ کرلو اور حملہ کرنے سے پہلے غور کرلو۔ حقیقی عزم دور اندیشی ہے جبکہ اس کا ثمر کامیابی ہے۔

سستی اور کاہلی کا مقابلہ عزم وحوصلہ سے کرو۔

اللہ تعالی کی پہچان عزائم کے ٹوٹ جانے، مشکلات کے حل ہونے اور خالص نیت کے حامل افراد پر سے بلاؤں کے ٹل جانے سے ہوا۔ جس قدر رائے ہوگی اسی قدر ارادے ہوں گے۔

عقلمند اور دور اندیش انسان وہ ہے جو آخرت کے لئے زاد راہ کی تیاری میں لگا ہوا ہے۔

جس کے عزائم میں کجی ہوگی اس کی تمام تدابیر الٹی ہوجاتی ہیں۔

کسی بھی ایسے کام کا ہرگز عزم نا کرو جس کی ہدایات غیر مبہم اور غیر واضح ہوں۔

ایسے تمام عزائم جو دور اندیشی اور احتیاط سے خالی ہوں ان میں کوئی بھلائی اور خیر نہیں۔۲۱؂

نفسیاتی پہلو

اللہ نے انسان کے عزم وارادے میں بڑی قوت رکھی ہے، جب انسان کسی کام کی نیت کرلیتا ہے اور اس کام کے لئے اہل علم سے مشورہ بھی طلب کرلیتا ہے تو اللہ تعالی اس انسان کے عزم کے مطابق اس کی مدد کرتے ہیں بسا اوقات تمام کائناتی نظام اس انسان کی مدد کے لئے اپنا کردار ادا کرتا ہے۔

انسان کو دنیا میں خاص مقاصد کے حصول کے لئے بھیجا گیا ہے تاہم جب انسان کا عزم وارادہ

اللہ کی مشیت کے مطابق ہو جاتا ہے تو پھر کامیابیاں اس انسان کا مقدر بن جاتی ہیں لیکن امیر المومنین حضرت علیؑ کے مطابق! عقلمند اور دور اندیش انسان وہ ہے جو آخرت کے لئے زاد راہ کی تیاری میں لگا ہوا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔لسان العرب ۔علامہ جمال الدین محمد بن مکرم بن منظور افریقی (متوفی ۷۱۱ھ)۔مطبوعہ نشر ادب الحوذۃ قم ایران۔

۴۔لسان العرب ۔علامہ جمال الدین محمد بن مکرم بن منظور افریقی (متوفی ۷۱۱ھ)۔مطبوعہ نشر ادب الحوذۃ قم ایران۔

۵۔سورہ طحہ۔آیت۔ ۱۱۵۔

۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۳۵۔

۷۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔ ۴۳۔

۸۔سورہ احقاف۔آیت۔ ۳۵۔

۹۔سورہ انعام۔آیت۔ ۸۲۔۸۶۔

۱۰۔سورہ انعام۔آیت۔ ۸۴۔

۱۱۔سورہ انعام۔آیت۔ ۸۵۔

۱۲۔سورہ انعام۔آیت۔ ۸۶۔

۱۳۔الکشف والبیان۔ج۔۹۔ص۔۲۶، ۶۴۔ملخصا دار احیاء التراث العربی۔بیروت 1422ھ۔

۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۷۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۸۔سنن ابو داؤد۔امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۹۔سنن ابو داؤد۔امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۲۰۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۲۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۲۳۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۷۸۔ العفۃ۔ عفت (پاک دامنی)

پاک دامن انسان کے لئے بہت زیادہ یہ ممکن ہے کے وہ اللہ کے ملائکہ میں سے ایک ملک ہو۔ (حضرت علیؑ)

العفۃ۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ع۔ف۔ف) سے مشتق ہے۔ ۱؎

العفۃ۔ سے مراد نفس کی ایسی حالت جس میں انسان اپنی نفسانی خواہشات اور سرکشی پر غالب آجائے۔

عفہ۔ عفاف۔ سے مراد حرام اور نازیبا اشیاء سے اجتناب کرنا۔

عفاف۔ سے مراد قبیح چیزوں سے رک جانا۔

تعفف۔ کے معنی تھوڑی چیز پر قناعت کرنا، بلند ہمتی اور خودداری۔

عفت۔ سے مراد پاکدامنی۔

اسلام نے مرد وخواتین کی عفت اور پاکدامنی کا پابند کیا ہے اور بار بار اس کی ہدایت فرمائی ہے۔ ۲؎

ارشادات خداوندی:

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمَاهُمْ لَا يَسْاَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۔ ۳؎

ترجمہ۔ (خیرات) ان فقراء کا حق ہے جو خود کو اللہ کی راہ میں وقف کیے ہوئے ہیں، جو (اس میں شدت اشتغال کی وجہ سے) زمین میں سفر کی طاقت نہیں رکھتے، ناواقف شخص ان کے سوال نہ کرنے کی وجہ سے ان کو خوش حال سمجھتا ہے (اے مخاطب) تم (ان میں بھوک کے

آثار دیکھ کر) ان کو صورت سے پہنچان لوگے، وہ لوگوں سے گڑگڑا کر سوال نہیں کرتے ہیں اور تم جو اچھی چیز بھی (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہو بے شک اللہ اس کو خوب جاننے والا ہے۔

علامہ ابوالحیان اندلسی لکھتے ہیں، حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور مقاتل نے کہا! یہ فقراء اہل صفہ تھے جنہوں نے خود کو اللہ کی عبادت کے لیے وقف کرلیا تھا ان کے پاس بالکل مال نہیں تھا ان کی تعداد تقریباً چار سو تھی۔

مجاہد نے کہا! یہ قریش کے فقراء مہاجرین تھے۔

قتادہ نے کہا! انہوں نے خود کو جہاد کے لیے وقف کرلیا تھا لیکن فقر کی وجہ سے جہاد نہیں کر سکتے تھے۔

محمد بن فضل نے کہا! یہ وہ فقراء تھے جو اپنی بلند ہمت اور خودداری کی وجہ سے صرف اللہ سے دعا کرتے تھے اور کسی کے آگے دست سوال دراز نہیں کرتے تھے زمخشری نے کہا! یہ فقراء تھے جو جہاد میں مشغول رہنے کی وجہ سے تجارت کے لیے زمین میں سفر نہیں کر سکتے تھے۔ ۴؎

اگرچہ مفسرین نے اس آیت کی مختلف تفسیر کی ہے اور ان فقراء کے متعدد مصداق بھی بیان کیے ہیں لیکن ہمارے نزدیک یہی قول قابل قبول ہے کہ ان فقراء سے مراد اہل صفہ ہیں، انھوں نے دین اسلام کی تحصیل کے لیے اپنے آپ کو مکمل طریقے سے وقف کردیا تھا جہاں تک ان کی تعداد کا سوال ہے تو کچھ مفسرین ان کی تعداد چار سو بیان کرتے ہیں تاہم اکثریت کی رائے ہے کہ اصحاب صفہ کی تعداد ستر نادار صحابہ کرام پر مشتمل تھی جو مسجد نبوی ﷺ میں رہتے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کے لیے ایک چبوترہ مخصوص کردیا تھا جہاں یہ اصحاب سارا وقت تحصیل علم میں مصروف رہا کرتے، یہ اپنی بلند ہمتی اور خودداری کے سبب کسی کے آگے دست سوال دراز نہ کرتے اگرچہ اصحاب صفہ مساکین اور درویش تھے لیکن دوسری جانب یہ نہایت خوددار اور باوقار تھے جو اپنی شدید ضروریات کی بھی پردہ پوشی کرتے ہوئے اپنے چہروں سے اپنی بھوک اور پیاس کو بھی ظاہر نہ ہونے دیتے۔

امام ترمذی روایت کرتے ہیں ! حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، اصحاب صفہ اہل اسلام کے مہمان تھے، ان کا کوئی گھر اور مال نہ تھا، اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں میں بھوک کی شدت سے اپنے جگر کو زمین سے لگائے رکھتا اور بھوک کے غلبہ کے وقت اپنے پیٹ پر پتھر باندھ لیا کرتا، ایک دن میں ایک راستہ پر بیٹھا تھا جہاں سے لوگ گزر رہے تھے اتنے میں یہاں سے حضرت ابوبکرؓ کا گزر ہوا تو میں نے ان سے قرآن کریم کی ایک آیت کے متعلق پوچھا یہ آیت میں نے ان سے صرف اس لیے پوچھی تھی کے شاید وہ مجھے اپنے ساتھ لے جائیں اور مہمان بنا کر کھانا کھلائیں لیکن وہ گزر گئے پھر یہاں سے حضرت عمرؓ کا گزر ہوا میں نے ان سے بھی قرآن کریم کی ایک آیت پوچھی لیکن وہ چلے گئے پھر
رسول اللہ ﷺ کا یہاں سے گزار ہوا تو آپ ﷺ نے مجھے مسکرا کر دیکھا اور اپنے گھر لے گئے جہاں دودھ سے بھرا ایک پیالہ تھا، آپ ﷺ نے فرمایا ! ابو ہریرہؓ ! جاؤ تم اہل صفہ کو بلالاؤ کیونکہ وہ اہل اسلام ہمارے مہمان ہیں، نا ان کا گھر بار ہے اور نا ہی ان کے پاس مال ہے چنانچہ میں نے آپ ﷺ کے حکم کی تعمیل کی لیکن میں یہ سوچتا رہا کے بھلا ایک پیالے دودھ سے اتنے سارے لوگ کیسے اپنی بھوک مٹائیں گے جب تمام اصحاب صفہ حاضر ہو گئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ! ابو ہریرہؓ ! یہ پیالہ لو اور ان کو پیش کرو، میں نے وہ پیالہ لیا اور ان میں سے ہر ایک شخص کو پلایا چنانچہ ہر شخص جی بھر کر دودھ پیتا گیا حتیٰ کے وہ سیر ہو گیا پھر آپ ﷺ نے سر اٹھایا اور مسکرا کر فرمایا ! اے ابو ہریرہؓ ! پیو میں نے پیا' آپ نے فرمایا ! اور پیو' میں نے اور پیا اور میں اسی طرح پیتا رہا اور آپ ﷺ فرماتے رہے پیو حتیٰ کے میں نے کہا اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے اب بالکل گنجائش نہیں ہے پھر آپ ﷺ نے وہ پیالہ لیا، اللہ کی حمد بیان فرمائی اور
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر دودھ نوش فرمایا۔ ۵؎

وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ اللَّاتِي لَا يَرْجُونَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ أَنْ يَضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجَاتٍ بِزِينَةٍ وَأَنْ يَسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَهُنَّ وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ۔ ٦؎

ترجمہ۔ وہ بوڑھی عورتیں جو نکاح کی امید نہیں رکھتیں ان پر اس میں کوئی گناہ نہیں ہے کے وہ اپنے حجاب کے کپڑے اتار رکھیں جب کہ وہ اپنا بناؤ سنگھار دکھانے والی نہ ہوں اور اگر وہ اس سے بھی احتیاط کریں تو ان کے لئے بہتر ہے اور اللہ بہت سننے والا، بے حد جاننے والا ہے۔

وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ۔ ٧؎

ترجمہ۔ اور جو لوگ نکاح کرنے کی گنجائش نہیں رکھتے وہ اپنی پاکیزگی برقرار رکھیں حتیٰ کہ اللہ اپنے فضل سے انہیں غنی کر دے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات:

حضرت عبداللہ مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! اے نوجوانو! تم میں سے جو شخص گھر بسانے کی طاقت رکھتا ہے وہ نکاح کرلے، کیونکہ نکاح نظر کو نیچے رکھتا ہے اور شرم گاہ کی حفاظت کرتا ہے اور جو نکاح کرنے کی طاقت نہیں رکھتا وہ روزے رکھے کیونکہ روزے شہوت کو کم کرتے ہیں۔ ٨؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! جو شخص یہ چاہتا ہے کے وہ اللہ تعالیٰ سے پاکیزہ حالت میں ملاقات کرے اسے چاہیے کے وہ آزاد عورتوں سے نکاح کرے۔ ٩؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! جب بندہ نے نکاح کرتا ہے تو اس کا نصف ایمان کامل ہو گیا اب اس کو چاہیے کے باقی نصف میں اللہ سے ڈرتا ہے۔ ١٠؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالیٰ نے از راہ کرم تین لوگوں کی مدد اپنے ذمہ لے لی ہے۔

۱۔اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا۔

۲۔وہ مکاتب جو اپنا بدل کتابت ادا کرنے کی نیت رکھتا ہو (جس غلام کو اس کا مالک یہ کہہ دے تم اتنی رقم ادا کردو تو آزاد ہو اس کو مکاتب کہتے ہیں اور اس رقم کو بدل کتابت کہتے ہیں)۔

۳۔اور وہ شخص جو پاک دامن رہنے کی نیت سے نکاح کرے۔۱۱؎

حضرت عمراب بن حصینؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! حیاء ہمیشہ بھلائی لاتی ہے۔۱۲؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ایمان کی ساٹھ سے زائد شاخیں ہیں اور حیاء بھی ایمان کی ایک شاخ ہے۔۱۳؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص کسی عورت سے اس کی عزت کی وجہ سے نکاح کرے گا اللہ اس شخص کی ذلت میں اضافہ کرے گا اور جو شخص کسی عورت سے اس کے مال کی وجہ سے نکاح کرے گا اللہ عزوجل اس کے فقر میں اضافہ کرے گا اور جو شخص کسی عورت سے اس کے منصب کی وجہ سے نکاح کرے گا اللہ عزوجل اس کی پستی میں اضافہ کرے گا اور جو شخص کسی عورت سے اس وجہ سے نکاح کرے گا کے اس کی نظر نیچی رہے، یا اس کی شرم گاہ گناہ سے بچی رہے یا رشتہ جوڑنے کے لئے نکاح کرے گا اللہ اس شخص کو اس نکاح میں برکت دے گا اور اس عورت کو بھی اس نکاح میں برکت دے گا۔۱۴؎

حضرت معقل بن یسارؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آکر عرض کیا! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے ایک عزت والی مال دار اور منصب والی عورت مل رہی ہے لیکن اس کے ہاں اولاد نہیں ہوتی کیا میں اس سے نکاح کرلوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو منع کیا وہ پھر آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو پھر منع کیا پھر وہ تیسری بار آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا محبت کرنے والی اور بچے پیدا کرنے والی عورت سے نکاح کرو کیونکہ میں تمہاری کثرت کی وجہ سے دوسری

امتوں پر فخر کروں گا۔۱۵؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! حیاء اور ایمان ہمیشہ اکھٹے رہتے ہیں، جب ان میں سے کوئی ایک اٹھالیا جائے تو دوسرا خود بخود اٹھ جاتا ہے۔۱۶؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اگلی نبوت کی باتوں میں سے لوگوں نے جو کچھ پایا ہے اس میں سے ایک یہ بھی ہے کے جب تم میں حیاء نا رہے تو جو جی چاہے کرو۔۱۷؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بے حیائی جس چیز میں ہوتی ہے اسے عیب دار اور حیاء جس چیز میں ہوتی ہے اسے زینت دیتی ہے۔۱۸؎

حضرت ابو ایوبؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! چار چیزیں رسولوں کی سنت ہیں۔۱۔ختنہ کرنا۔۲۔عطر لگانا۔۳۔مسواک کرنا۔۴۔نکاح کرنا۔۱۹؎

جس شخص کو یہ خطرہ ہے کے اگر اس نے نکاح نہیں کیا تو وہ گناہ میں مبتلا ہو جائے گا تو عام فقہاء کے نزدیک اس پر نکاح کرنا واجب ہے کیونکہ اس پر واجب ہے کے وہ اپنے نفس کو گناہوں سے دور رکھے۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا! جو قوم بے حیائی کی طرف قدم بڑھائے گی اللہ اسے مصیبتوں میں مبتلا کر دے گا۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! پاک دامن انسان کے لئے بہت زیادہ یہ ممکن ہے کے وہ اللہ کے ملائکہ میں سے ایک ملک ہو۔

راہ خدا میں شہادت حاصل کرنے والا انسان بھی عفت اختیار کرنے والے انسان سے بڑھ کر نہیں ہے۔

پاک دامنی کے ساتھ کام کرنا فسق و فجور کے ساتھ دولت مندی سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔

تمھاری عورتوں میں سب سے زیادہ بہترین عورت وہ ہے جو کردار میں پاک دامن ہو اور اپنے شوہر کو بے حد پسند کرنے والی ہو۔

شہوت، پاک دامنی کی سب سے بڑی آفت ہے۔

بہترین زندگی وہ ہے جو پاکدامنی سے آراستہ ہو۔ پاک دامنی نفس کو بچاتی ہے۔

پاک دامنی سب سے اچھی جوانمردی ہے۔ پاکدامنی بافضیلت عادت ہے۔

عفت، انسان کی شہوت کو کمزور کردیتی ہے۔

سب سے افضل عبادت پیٹ اور شرمگاہ کی عفت ہے۔

پاک دامنی کے ذریعے اعمال پاکیزہ ہوتے ہیں۔

مرد کا تاج اس کی پاک دامنی جبکہ اس کی زینت انصاف ہے۔

اچھی طرح سے پاک دامن رہنا اشراف کا شیوہ ہے۔

مرد کی غیرت کی علامت اس کی عفت ہے۔

وہ شخص عفت سے آراستہ نہیں ہوسکتا ہے جو نفسانی خواہشات سے مغلوب ہو۔

حسن وجمال کی زکوۃ عفت ہے۔

تمھارے لئے عفت لازم ہے کیونکہ یہ شرفاء کی سب سے افضل عادت ہے۔

عقلمند باعفت ہوتا ہے۔

جو انسان پاک دامنی اختیار کرتا ہے اس کا بوجھ ہلکا ہوجاتا ہے اور اللہ کے نزدیک اس کی قدر ومنزلت بڑھ جاتی ہے۔

جس کا دامن پاکیزہ ہوتا ہے اس کے تمام اوصاف قابل ستائش ہوجاتے ہیں۔ ۲۰

نفسیاتی پہلو

عفت سے مراد پاک دامنی اور حیاء کے ہیں، یہ صفت اشراف اور عزت داروں کا شیوہ ہے تاہم جو انسان حیاء دار اور باعفت ہوتا ہے وہ اللہ کی نظر میں نہایت پسندیدہ اور مقرب

ہوتا ہے کیونکہ اللہ بذات خود حیاء دار ہے اور وہ حیاء کو پسند فرماتا ہے۔

عفت سے مراد انسان کی شرافت اور پاک دامنی ہے اور ہر قسم کی بے حیائی اور فحاشی سے بچنے کی کوشش ہے، تاہم اللہ کے نیک اور برگزیدہ بندے پاک دامن اور باحیاء ہوتے ہیں اور اس کا خاص اہتمام کرتے ہیں۔

حیاء اور عفت کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے باحیاء انسان گناہوں سے بچنے کی کوشش کرتا ہے وہ فحاشی اور بدکاری سے اپنے آپ کو بچاتا ہے وہ نیک لوگوں کی صحبت اختیار کرتا ہے اور برائی اور بے حیائی کے ہر کام اور جگہ سے اجتناب کرتا ہے چنانچہ جب وہ اللہ کے حکم کے مطابق اپنے آپ کو بچاتا ہے تو اللہ بھی اس کے ان جذبات کی قدر کرتے ہوئے اسے دین و دنیا میں بلندیاں اور رفعتیں عطا فرماتے ہیں، دوسری جانب جب انسان گناہوں سے بچتا ہے تو اس کا مطلب ہے وہ اپنے ضمیر سے مطمئین ہوتا ہے اور ضمیر کا سکون ہی دراصل حقیقی خوشی اور مسرت ہے جو جبلتی انسان کی فطرت اور عادت ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۷۳۔

۴۔البحر المحیط۔علامہ ابوالحیان محمد بن یوسف اندلسی (متوفی ۷۵۴ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۲ھ۔

۵۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۶۔سورہ النور۔آیت۔ ۶۰۔

۷۔سورہ النور۔آیت۔ ۳۳۔

۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۹۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔

۱۰۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۱۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۔المعجم الاوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔ریاض ۱۴۰۵ھ۔دارالفکر بیروت۔۱۴۲۰ھ۔
۱۵۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۶۔مشکوۃ۔امام ولی الدین تبریزی (متوفی ۷۴۲ھ)۔مطبوعہ اصح المطابع دہلی دارارقم بیروت۔
۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۱۹۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۲۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۲۵۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی۔

۷۹۔ الموعظۃ۔ وعظ و نصیحت

جو شخص لوگوں سے نصیحت حاصل نہیں کرتا اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو لوگوں کے لئے وجہ عبرت بنا دیتا ہے (حضرت علیؑ)

وعظ۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (و۔ع۔ظ) سے مشتق ہے۔ ا؎

وعظ۔ کے معانی کسی بھی انسان کو کسی بھی کام کے اچھے یا برے نتائج سے آگاہ کر کے اس کے قلب کو نرم کرنا۔

وعظ۔ سے مراد خیر کی باتیں جس سے سننے والے کے دل میں نرمی پیدا ہو۔

وعظ۔ سے مراد محض کسی بات کی نصیحت نہیں بلکہ اس میں شدت کا پہلو بھی مخفی ہے یعنی مد مقابل کو کسی بھی برے کام سے حکماً روک دینا۔

وعظ۔ سے مراد ایسی نصیحت جس میں ڈراوا شامل ہو۔

قرآن کریم میں موعظۃ کا استعمال مختلف مقامات پر کیا گیا ہے۔

قرآن کریم کا ایک نام موعظہ ہے۔ اس نام سے دو باتوں کی وضاحت ہوتی ہے۔

۱۔ لوگوں کو غلط باتوں سے روکنا اور انھیں متنبہ کرنا۔ ۲؎

۲۔ قرآن کریم نے انسانی زندگی کے لئے ایک ضابطہ حیات وضع کیا ہے چنانچہ ان قواعد و ضوابط کی پیروی کرنا اور حکماً بری روش سے روکنا۔

ارشادات خداوندی:

يَآاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ ۳؎

ترجمہ۔ اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک عظیم نصیحت آ گئی اور دلوں

کی بیماریوں کی شفا آ گئی اور وہ مومنین کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ ۚ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ ۔۴؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ حکم دیتا ہے، عدل اور احسان (نیک کام) کرو اور رشتہ داروں کو دو اور بے حیائی اور برائی اور سرکشی سے منع فرماتا ہے وہ تم کو نصیحت فرماتا ہے تاکہ تم نصیحت قبول کرو۔

وَمَآ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنَ الْکِتَابِ وَالْحِکْمَۃِ یَعِظُکُمْ بِہٖ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۔۵؎

ترجمہ۔اللہ نے تم پر جو کتاب اور حکمت نازل کی ہے، وہ تم کو اس کی نصیحت کرتا ہوں اور اللہ سے ڈرتے رہو اور یقین رکھو کہ اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔

فَجَعَلْنَاھَا نَکَالًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْھَا وَمَا خَلْفَھَا وَمَوْعِظَۃً لِّلْمُتَّقِیْنَ ۔۶؎

ترجمہ۔ہم نے اس (واقعہ) کو اس زمانے کے لوگوں اور بعد کے لوگوں کے لیے عبرت بنا دیا اور پرہیزگاروں کے لیے نصیحت بنا دیا۔

اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ یَعْلَمُ اللّٰہُ مَا فِیْ قُلُوْبِھِمْ ۗ فَاَعْرِضْ عَنْھُمْ وَعِظْھُمْ وَقُلْ لَّھُمْ فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ قَوْلًا بَلِیْغًا ۔۷؎

ترجمہ۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کو نصیحت کیجئے اور ان سے بہت اثر آفریں بات کیجئے جو ان کے دلوں میں اتر جائے۔۷؎

وَاَوْحَیْنَآ اِلٰی مُوْسٰی وَاَخِیْہِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِکُمَا بِمِصْرَ بُیُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُیُوْتَکُمْ قِبْلَۃً وَّاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۔۸؎

ترجمہ۔لوگو! تمھارے رب کی طرف سے تمھارے پاس نصیحت اور جو کچھ دلوں میں ہے اس کی شفا آ چکی ہے جو مومنین کے لئے ہدایت اور رحمت ہے۔

ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۔٩؎

ترجمہ۔ یہ نصیحت اس کو کی جاتی ہے جو تم میں سے اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہے۔

هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ۔١٠؎

ترجمہ۔ یہ لوگوں کے لئے بیان ہے اور پرہیزگاروں کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت کیا ہے، لوگوں میں سب سے بدتر فاسق وہ ہے جو قرآن پڑھتا ہے اور اس کے کسی حکم کی طرف رجوع نہیں کرتا۔

اس حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہ بتلا دیا ہے کہ قرآن مجید پڑھنے سے مقصود عمل ہے۔١١؎

حضرت جبیر بن مطعمؓ بیان کرتے ہیں، ھبار بن اسود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے کہا! اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ پھر ھبار بن اسودؓ نے کہا میں بھاگ کر کئی ملکوں میں گیا پھر میں نے سوچا کے میں ملک عجم میں کہیں چلا جاؤں لیکن پھر مجھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نرم دلی، صلہ رحمی اور دشمنوں سے درگزر کرنا یاد آ گیا اور میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس چلا آیا اے اللہ کے نبی! ہم مشرک تھے اللہ نے ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سبب ہدایت عطا فرمائی اور ہمیں ہلاکت سے نجات دی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم آپ میری جہالت سے درگزر فرمائیں اور ان تمام باتوں سے بھی جن کی خبر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تک پہنچی ہے میں اپنے تمام برے کاموں کا اقرار کرتے ہوئے اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! میں نے تم کو معاف کر دیا، اللہ تعالی نے تم پر یہ احسان کیا ہے کے تم کو اسلام کی ہدایت عطا فرمائی اسلام پچھلے تمام گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔١٢؎

حضرت عثمان بن عفانؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ جب میت کو دفن کر کے فارغ ہوتے تو آپ ﷺ اس کی قبر پر کھڑے رہتے اور فرماتے (اے لوگو) اس کے لئے ثابت قدم رہنے کی دعا کرو کیونکہ اب اس سے سوال کیا جائے گا۔ ۱۳؎

حضرت ابو مالک اشعریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! وضو نصف ایمان ہے اور الحمد اللہ میزان کو بھر دیتا ہے۔ ۱۴؎

حضرت بریدہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تمھارا بہترین دینی عمل وہ ہے جو سب سے زیادہ آسان ہو۔ ۱۵؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ فرماتے ہیں! جان لو کے بلاشبہ قرآن ایسا ناصح ہے جو دھوکا نہیں دیتا ہے اور ایسا ہادی ہے جو گمراہ نہیں کرتا ہے ایسا بولنے والا ہے جو جھوٹ نہیں بولتا ہے اور جو بھی اس کے پاس بیٹھتا ہے تو وہ فائدہ یا کسی کمی کے ساتھ ہی اٹھتا ہے یعنی ہدایت میں اضافہ یا پھر اندھے پن میں کمی کے ساتھ اور یہ بھی جان لو کے قرآن کے بعد کسی کے لئے فاقہ نہیں اور اس کے پہلے کسی کے لئے بے نیازی نہیں لہٰذا تم اپنی بیماریوں کے لئے اسے شفیع بنالو اور اپنی سختیوں کے لئے اسے مددگار بنالو یقیناً اس کے اندر سب سے بڑی بیماری کی دوا موجود ہے اور وہ سب سے بڑی بیماری کفر ہے لہٰذا اللہ سے اس کے ذریعے سے سوال کرو اور خدا کی بارگاہ کی طرف اس کی محبت کے ذریعے متوجہ بارگاہ خدا ہو اور اس کے ذریعے خلق خدا سے سوال نہ کرو۔ بلاشبہ قرآن سے بہتر اللہ کی بارگاہ کی طرف متوجہ ہونے کا کوئی اور ذریعہ نہیں اور یہ بھی جان لو کے یہ روز قیامت شفاعت کرے گا، اور اس کی شفاعت قبول کر لی جائے گی اور اگر اس نے شکایت کر دی تو اس کی شکایت کی بھی فوراً تصدیق کر دی جائے گی گزشتہ لوگوں کے طور طریقوں سے نصیحت حاصل کرو اس سے پہلے کے تم سے تمھارے بعد والے نصیحت حاصل کریں۔ تمھارے اور وعظ و نصیحت کے درمیان غرور و غفلت کا ایک پردہ حائل ہے۔

جس انسان کی ذات کے اندر سے کوئی نصیحت کرنے والا موجود ہوگا اللہ تعالی اس انسان کے لئے ایک محافظ مقرر فرمائے گا۔

یقین ایمان کا ستون ہے۔اس کی چار شاخیں ہیں۔

۱۔ذہنی بصیرت۔

۲۔حقائق کا ادراک۔

۳۔عبرت آموزی۔

۴۔اقوام گزشتہ سے نصیحت۔

چنانچہ جس انسان کی ہوش کی نگاہ تیز ہوگی اس پر علم وعمل کی راہ آشکار ہوجائے گی۔جس پر علم وعمل کی راہ آشکار ہوگئی تو ایسا انسان عبرت آموز حوادث کو پہچان لے گا، اور جو انسان عبرت انگیز حوادث کو پہچان گیا تو وہ ایسا ہی ہے جیسے کے وہ اقوام گزشتہ کے ساتھ رہ چکا۔

آپؑ نے اپنے بیٹے کو نصیحت فرماتے ہوئے کہا! اے میرے بیٹے! اپنے قلب کو وعظ ونصیحت کے ذریعے زندہ کرو، اپنے دل میں موجود دنیاوی خواہشات کو مار ڈالو، یقین کے ذریعے اپنے آپ کو طاقتور بناؤ اور حکمت اور علم کے ذریعے اپنے نور میں اضافہ کرو۔

سعادت مند ہے وہ انسان جو دوسروں کی وعظ ونصیحت سے فائدہ اٹھائے۔

اللہ کی طرف سے آئی ہوئی آزمائشات سے جو نہیں سیکھتا اس شخص کو کوئی نصیحت فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔اقوام گزشتہ سے نصیحت حاصل کرو اس سے پیشتر کے تمھارے بعد والے تم سے نصیحت حاصل کریں۔اللہ تعالی نے جس طرح سے قرآن کریم کے ذریعے انسانوں کو نصیحت فرمائی ہے اس جیسی کوئی دوسری نصیحت نہیں بے شک قرآن کریم اللہ کی مضبوط رسی ہے۔

وعظ ونصیحت اس انسان کی پناہ گاہ ہے جو انسان اس نصیحت کو سمجھ لے۔

عقلمند انسان کی بہترین نصیحت اس کے تجربات ہیں۔

تمھارا بہترین تجربہ وہ ہے جس سے تم نصیحت حاصل کرو۔

عقلمند انسان تو صرف ادب کی باتوں کو سن کر ہی نصیحت حاصل کر لیتا ہے لیکن جانوروں کو مار کر سدھانا پڑتا ہے۔جس نے اپنے بھائی کو تنہائی میں نصیحت کی گویا اس نے اپنے بھائی کو خوبیوں سے آراستہ کیا اور جس نے اپنے بھائی کو دوسروں کے سامنے نصیحت کی گویا اس نے اپنے بھائی کو لوگوں کے سامنے بے عزت کیا۔

قابل تعریف ہے وہ انسان جو تمھاری سختی کے ساتھ نصیحت اور تربیت کرتا ہے بہ نسبت اس شخص کے جو چاپلوسی کے ساتھ تمھاری تعریفیں کرتا ہے۔

اے نادان انسان نا تو تم نادانی سے باز آتے ہو اور نا ہی تم وعظ ونصیحت سے ہدایت پاتے ہو۔عقلمند انسان دوسروں کے تجربات سے نصیحت حاصل کرتا ہے۔

وعظ ونصیحت ان انسانوں کے لئے شفا بخش ہے جو اس پر عمل کرتے ہیں۔

سب سے زیادہ وہ وعظ ونصیحت قابل عزت ہے جس کو سن کر انسان گناہوں سے باز آجائے۔

انسان کی بہترین عبرت اور نصیحت قبرستان ہیں۔

وعظ ونصیحت کے ذریعے غفلت کے بادل چھٹ جاتے ہیں۔

بہت سے نصیحت کرنے والے ایسے ہیں جو خود اسی برائی میں ملوث ہیں لیکن دوسروں کو نصیحت کرتے نہیں تھکتے۔بہترین تحفہ نصیحت ہے۔ ۔

وعظ ونصیحت سے صرف وہی شخص فائدہ نہیں اٹھاتا جس کا دل خواہشات نفسانی سے لبریز ہو۔

جس انسان نے تمھیں نصیحت کی وہ تمھارا محسن ہے۔

جو شخص لوگوں سے نصیحت حاصل نہیں کرتا اللہ تعالی ایسے شخص کو لوگوں کے لئے وجہ عبرت بنا دیتا ہے۔تمھارا بہترین تجربہ وہ ہے کہ جس سے تم نصیحت حاصل کرو، ان لوگوں میں شامل نہ ہو جانا جو کہ تکلیف اٹھا کے نصیحت حاصل کر چکے۔

عقلمند تو وہ ہے جو کے ادب کی باتیں سن کر ہی نصیحت حاصل کر لیتا ہے،البتہ جانور صرف مار سے ہی سدھرتے ہیں۔سب سے اچھی نصیحت یہ ہے انسان قبرستان سے نصیحت حاصل کرے

عقلمند دوسروں سے نصیحت حاصل کرتا اور بہترین نصیحت وہ ہے جس پر عمل کیا جائے۔۱۶؎

نفسیاتی پہلو

اللہ تعالی نے بنی نوع انسانیت کی ہدایت کے لئے قرآن کریم میں اقوام گزشتہ کے بے شمار قصے اور واقعات کا ذکر فرمایا ہے تاکہ بنی نوع انسانیت ان وقعات میں پوشیدہ اسباق سے عبرت اور نصیحت حاصل کریں دوسری جانب انسانوں کی رہنمائی اور ہدایت کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھی دنیا میں بھیجے گئے جنھوں نے انسانوں کو بہترین نصیحتیں فرمائیں تاہم عقلمند انسان وہ ہے جو خود تجربات سے گزرے بغیر دوسروں کے تجربات سے فائدہ اٹھاتا ہے۔

عبرت اور نصیحت کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے جب انسان دوسروں کو دیکھ کر سیکھتا ہے اور ان کے تجربات سے عقل اور علم حاصل کرتا ہے تو بہت سے تباہی اور نقصان سے اپنے آپ کو بچالیتا ہے لہٰذا یہی احتیاط اس کی زندگی میں بے شمار فوائد کا سبب بنتی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔
۲۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔
۳۔سورہ یونس۔آیت۔۵۷۔
۴۔سورہ النحل۔آیت۔۹۰۔
۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۳۱۔
۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔۶۶۔
۷۔سورہ النساء۔آیت۔۶۳۔
۸۔سورہ یونس۔آیت۔۸۷۔
۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۳۲۔
۱۰۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۳۸۔

۱۱۔ الجامع الاحکام القرآن ۔ علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (متوفی ۶۶۸ھ)۔ مطبوعہ دار الفکر بیروت ۔
۱۲۔ الاصابہ۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی (متوفی ۸۵۲ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ
۱۳۔ سنن ابوداؤد ۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ ۔
۱۴۔ صحیح مسلم ۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ) ۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ ۔
۱۵۔ مسند احمد ۔ امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) ۔ مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۔ ۱۳۹۸ھ ۔
۱۶۔ تجلیات حکمت ۔ مرتب ۔ آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔ مترجم ۔ سید قمر عباس ۔ مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران ۔ ۱۴۲۴ھ ۔

۸۰۔ النجاۃ۔نجات

حق پر عمل کرنے والا نجات پاجاتا ہے (حضرت علیؑ)

النجاۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ن۔ج۔و) سے مشتق ہے۔ا؎

نجاء۔نجاۃ۔سے مراد نقصان دہ چیز سے محفوظ رہنا۔

نجوۃ۔سے مراد کوئی بلند مقام۔

النجوہ والمنجی۔سے مراد ایسا بلند مقام جہاں سیلاب کا پانی نا آسکے۔

النجوہ والنجاۃ۔سے مراد ایسا بلند مقام جو اپنی بلندی کے سبب دور سے ممتاز نظر آئے۔

نجا۔ینجو۔نجاء۔سے مراد تیز چلنا اور آگے نکل جانا۔

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے! **اذاسافر تم فی الجدو بة فاستنجوا۔**

ترجمہ۔جب تم کسی خشک اور قحط زدہ زمین پر سفر کرو تو وہاں سے تیزی سے گزر جاؤ۔۲؎

ناقة ناجية۔سے مراد تیز رفتار اونٹنی۔۳؎

مندرجہ بالا مفاہیم کو جان لینے کے بعد قرآن کریم میں موجود نجات کا مفہوم واضح ہوجاتا ہے۔

نجات۔سے مراد دنیا مومن کا قید خانہ ہے چنانچہ موت مومن کا تحفہ ہے یعنی موت کے سبب مومن اس قید خانے سے ہمیشہ کے لئے نجات پاجاتا ہے۔

نجویٰ۔سے مراد سرگوشی اور راز داری کی باتیں کرنا۔

نجویٰ۔سے مراد مصیبت سے چھٹکارا پانے کے لئے ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

نجیک۔سے مراد بچالینا۔۴؎

ارشادات خداوندی:

نَادَيْنَاهُ مِنْ جَانِبِ الطُّورِ الْأَيْمَنِ وَقَرَّبْنَاهُ نَجِيًّا ۔۵؎

ترجمہ۔ہم نے انہیں طور کی دائیں جانب سے ندا کی اور ہم نے انہیں قریب کر کے راز دار بنایا۔

فَتَنَازَعُوا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ۔٦ ؎

ترجمہ۔پھر وہ لوگ اپنے معاملہ میں مختلف ہوگئے اور آپس میں سرگوشیاں کرنے لگے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۔٧ ؎

ترجمہ۔کیا آپ نے نہیں دیکھا اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، (یہاں تک) کہ جو کوئی مشورہ تین آدمیوں میں ہوتا ہے تو وہ چوتھا ہوتا ہے اور جو پانچ میں ہوتا ہے تو وہ چھٹا ہوتا ہے اور خواہ اس سے کم کی سرگوشی ہو یا زیادہ کی مگر وہ ہر جگہ ان کے ساتھ ہوتا ہے، پھر انہیں قیامت کے دن بتائے گا کہ وہ کیا کرتے تھے، بے شک اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ۔٨ ؎

ترجمہ۔آج ہم تیرے (بے جان) جسم کو بچالیں گے تاکہ تو اپنے بعد والوں کے لیے عبرت کا نشان بن جائے۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۔٩ ؎

ترجمہ۔جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لیے نجات کی راہ پیدا کر دیتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابوذرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میں ایک ایسی آیت جانتا ہوں کے اگر تمام لوگ اس پر عمل کریں تو وہ آیت انھیں کافی ہوگی، صحابہ کرام نے پوچھا!

یا رسول اللہ ﷺ وہ کون سی آیت ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! اور جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لئے نجات کی راہ پیدا کر دیتا ہے۔ ۱۰؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے اس آیت کو پڑھ کر فرمایا!

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا۔ ۱۱؎

ترجمہ۔ جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لیے نجات کی راہ پیدا کر دیتا ہے۔

یعنی اللہ تعالیٰ اس کے لیے دنیا کے شبہات سے اور موت کی سختیوں سے اور قیامت کی شدتوں سے نجات کی راہ پیدا کر دیتا ہے۔ ۱۲؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو مسلمان بھی جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات فوت ہو جائے اللہ تعالیٰ اس کو فتنہ قبر سے محفوظ (نجات میں) رکھے گا۔ ۱۳؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! خاموشی میں نجات ہے۔ ۱۴؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس نے استغفار کو لازم کر لیا، اللہ اس کے لیے ہر فکر سے کشادگی پیدا کر دے گا اور ہر تنگی سے نکلنے کی راہ پیدا کر دے گا اور اس کو وہاں سے رزق دے گا جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہو گا۔ ۱۵؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا! اللہ اس کو دنیا اور آخرت کی مشکل سے نجات دے گا۔ ۱۶؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص سرحدوں کی حفاظت کرتے ہوئے مر گیا، اس کو فتنہ قبر سے محفوظ (نجات میں) رکھا جائے گا اور اس کو قیامت کی وحشت سے مامون رکھا جائے گا اور اس کو صبح و شام جنت سے رزق دیا جائے گا اور قیامت تک اس کے صحیفہ اعمال میں سرحد کی حفاظت کرنے کا اجر لکھا جاتا رہے گا۔ ۱۷؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جو انسان موت سے ڈرتا ہے وہ موت سے نجات حاصل نہیں کرسکتا ہے۔

اللہ کی رحمت ہو اس انسان پر جس نے صبر کو اپنی نجات کی سواری بنالی۔

آپؓ نے فرمایا! مجھے اس شخص کو دیکھ کر تعجب ہوتا ہے جو ہلاک ہوگیا حالانکہ نجات یعنی توبہ استغفار تو موجود تھی (اگر وہ اللہ کے حضور اپنے گناہوں کی معافی مانگتا تو وہ اسی طرح سے گناہوں سے پاک ہوجاتا جیسے اس نے وہ گناہ کبھی کئے ہی نا ہوں)۔

وہ شخص کبھی نجات حاصل نہیں کرسکتا جو اپنی گمراہی کے ذریعے نجات حاصل کرنا چاہتا ہے۔

مناجات یعنی دعاؤں میں نجات کے راستے موجود ہیں۔

تین چیزیں ایسی ہیں جو نجات کا سبب ہیں۔

۱۔ زبان پر قابو۔

۲۔ اپنے گناہوں پر گریہ اور استغفار۔

۳۔ تمھارا گھر تمھارے لئے کافی ہو۔

نجات کی اصل ایمان اور یقین کی دولت ہے۔

حق پر عمل کرنے والا نجات پاجاتا ہے۔

اپنی نفسانی خواہشات پر غالب رہو اور اللہ سے نجات کے طالب رہو۔

سچائی میں نجات ہے۔ حق اور سچ ہی اصل میں نجات اور سلامتی ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قیادت اور نجات کی طرف رہنمائی سے راضی اور خوش رہو۔

بہت سے جہلاء کا جہل ان کی نجات کا ذریعہ بن گیا۔

تین چیزوں میں نجات ہے۔

۱۔ حق کی پابندی۔

۲۔ باطل سے اجتناب۔
۳۔ مسلسل جدوجہد۔۱۸؎
سچا انسان نجات اور عزت کی بلندیوں پر فائز ہوتا ہے۔۱۹؎

نفسیاتی پہلو

نجات سے مراد کامیابی اور کامیابی کا مطلب ہے، اللہ کی قربت، دوستی، عرفان اور جنت اور اس میں موجود بے شمار نعمتیں اور برکتیں۔

نجات اسی انسان کو حاصل ہوتی ہے جو اللہ کی عبادت اور اطاعت گزار ہوتا ہے، یعنی اپنے آپ کو گناہوں سے بچانا اور نیکی کے کام کرنا دوسری جانب خاموشی میں بھی اللہ نے نجات رکھی ہے کیونکہ انسان کے بولنے کو ہی تو فرشتے ریکارڈ کرتے ہیں جبکہ انسان عام طور پر اچھی اور بامعنی باتیں کم اور فالتو گفتگو زیادہ کرتے ہیں جس کی وجہ سے ان کی پکڑ ہوتی ہے تاہم دنیا کے سارے جرائم، جنگوں، فتنہ اور فساد کے در پردہ زبان کی ہی کارستانیاں موجود ہیں لہٰذا جو انسان اپنی زبان پر قابو پالیتا ہے وہ بے شمار مسائل اور مشکلات سے بچ جاتا ہے اور اللہ کے احکامات پر عمل کرکے وہ گناہوں اور جہنم سے نجات پا جاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔المعجم الاوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔ریاض ۱۴۰۵ھ۔دارالفکر بیروت۔ ۱۴۲۰ھ۔
۳۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔
۴۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۵۔سورہ مریم۔آیت۔ ۵۲۔
۶۔سورہ طٰحہ۔آیت۔ ۶۲۔

۷۔سورہ مجادلہ۔آیت۔۷۔

۸۔سورہ یونس۔آیت۔۹۲۔

۹۔سورہ طلاق۔آیت۔۲۔

۱۰۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۱۱۔سورہ طلاق۔آیت۔۲۔

۱۲۔حلیۃ الاولیاء۔امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہائی (متوفی ۴۳۰ھ)۔ج۔۲۔ص۔۳۴۱۔
مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۸ھ۔

۱۳۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۵۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

۱۶۔تفسیر القرآن۔حافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر شافعی (متوفی ۷۷۴ھ)۔مطبوعہ ادارہ اندلس
بیروت ۱۳۸۵ھ۔

۱۷۔المعجم الاوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔
ریاض ۱۴۰۵ھ۔دار الفکر بیروت۔۱۴۲۰ھ۔

۱۸۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۴۶۸۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۱۹۔نہج البلاغہ (خطبات حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم)۔خطبہ۔۸۴۔مطبوعہ ایران و مطبوعہ کراچی۔

۸۱۔الندم۔ندامت(پشیمانی)

گناہ کے بعد ندامت اور پشیمانی بذات خود طلب مغفرت ہے(حضرت علیؑ)

الندم۔عربی زبان کا لفظ ہے،جو(ن۔د۔م)سے مشتق ہے۔اے

ندامۃ۔اس افسوس کو کہتے ہیں جب کوئی چیز ہاتھ سے نکل جائے۔

ندامت۔ایسا غم جب انسان یہ کہتا ہے کے جو کچھ ہوگیا اگر یہ نا ہوتا تو اچھا تھا۔

ندامت۔سے مراد پشیمان ہونا یا پچھتانا۔

الندیم۔سے مراد ساتھ بیٹھ کر شراب پینے والے۔۲ے

ارشادات خداوندی:

وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ۔۳ے

ترجمہ۔اگر ہر ایک نافرمان کے پاس روئے زمین کی تمام چیزیں ہوں البتہ اپنے بدلے میں دے ڈالے،اور جب وہ عذاب دیکھیں گے تو دل میں نادم ہوں گے،اور ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ ہوگا،اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ قَالَ يَا وَيْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ۔۴ے

ترجمہ۔پھر اللہ نے ایک کوا بھیجا جو زمین کرید رہا تھا تاکہ وہ اسے دکھائے کے وہ کس طرح اپنے بھائی کی لاش چھپائے اس نے کہا افسوس،میں اس کوئے جیسا بھی نہیں کے اپنے بھائی کی لاش چھپا دیتا،پس وہ پچھتانے والوں میں سے ہوگیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات :

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں ،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ! بے شک بندہ گناہ کرتا ہے پھر جب وہ اپنے گناہ کو یاد کرتا ہے اور اپنے کئے پر غمگین (نادم) ہوتا ہے تو اللہ اس کو معاف فرمادیتے ہیں ۔۵؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا ! غیظ وغضب ،جنون کی ایک قسم ہے چنانچہ غصہ کرنے والا اپنے فعل پر پشیمان ہوتا ہے لیکن اگر اس کو ندامت نا ہوتو پھر سمجھ لو کے جنون ثابت اور مستحکم ہو چکا۔

دین کے تمام قوانین اور راستے سیدھے اور آسان ہیں جو انسان دین سے منسلک ہو گیا وہ فائدہ میں رہا جبکہ دین پر عمل نا کرنے والے گمراہ اور پشیمان ہیں۔

دور اندیشی کا ثمر سلامتی جبکہ کوتاہی کا نتیجہ ندامت اور پشیمانی ہے ۔

خاموش رہنے والا انسان ندامت اور شرمندگی سے محفوظ رہتا ہے۔

کسی بھی کام کو شروع کرنے سے قبل دور اندیشی سے ہر پہلو کو سوچ سمجھ لینے سے انسان ندامت اور پشیمانی سے بچ جاتا ہے۔

جب بھی نادم اور پشیمان ہو جاؤ تو پھر اس کام سے رک جاؤ۔

ندامت اور پشیمانی توبہ کا پہلا مرحلہ ہے۔

جس کے پاس یہ تین چیزیں ہوں گی وہ کبھی پشیمان نہیں ہوگا۔

۱۔جلدی بازی سے رکنا۔

۲۔مشورہ کرنا۔

۳۔عزم اور ارادہ کرتے وقت اللہ پر توکل ۔

ندامت ،توبہ کی دو قسام میں سے ایک قسم ہے ۔

گناہ کے بعد ندامت اور پشیمانی بذات خود طلب مغفرت ہے۔
گناہ پر ندامت انسان کو دوبارہ گناہ سے بچا لیتی ہے۔
جب تم نے کسی گناہ کو چھوڑ دیا تو تم اس کے انجام پر نادم رہو۔
اپنے برے کاموں پر پشیمان رہو لیکن اپنے اچھے کاموں پر ہرگز نادم نا ہو۔
کتنا اچھا حال اس انسان کا ہے جو اپنے گناہوں پر نادم ہوا اور پھر اس نے ندامت کے سبب اس گناہ کو چھوڑ دیا۔ جو نادم ہوا یقیناً اس نے گناہ سے توبہ کر لی۔
قیامت کی ہولناکیوں کی خبر کے باوجود جو شخص گناہوں پر آمادہ ہے وہ یقیناً بہت پشیمان ہوگا۔
دل کی ندامت اور پشیمانی انسان کے گناہوں کو نا صرف چھپا لیتی ہے بلکہ انسان کے ظلم و گناہ کو بھی مٹا دیتی ہے۔٦؎

نفسیاتی پہلو

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! تمام انسان خطاء کار ہیں لیکن بہترین خطاء کار وہ ہیں جو گناہ کرنے کے فوراً بعد اللہ سے استغفار طلب کر لیں، کوئی نیک کام کر لیں یا صدقات وخیرات کا انتظام کر دیں، اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کے ہر انسان کے اندر گناہ اور شر کی قوت موجود ہوتی ہے اور انسان سے جانے یا ان جانے میں وہ گناہ سرزد بھی ہو جاتے ہیں لیکن جو انسان اپنے گناہوں پر شرمندہ ہو جاتا ہے اللہ کو اس انسان کی یہ شرمندگی بہت پسند آتی ہے جبکہ بسا اوقات اللہ انسان کی اسی شرمندگی کے سبب اس کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے، اس میں اہم نکتہ یہ ہے کے جب انسان کسی کام پر شرمندہ ہوتا ہے تو اس کام کو آئندہ نا کرنے کا عزم وارادہ کرتا ہے تاہم یہی عزم وارادہ اس کو اس گناہ سے روکتا ہے اور گناہوں سے اجتناب انسان کو اللہ سے قریب تر کر دیتا ہے۔
امیر المومنین حضرت علیؑ فرماتے ہیں! ندامت اور پشیمانی توبہ کا پہلا مرحلہ ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ یونس۔آیت۔ ۵۴۔

۴۔سورہ مائدہ۔آیت۔ ۳۱۔

۵۔مجمع الزاوئد۔حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت۔

۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔ ۴۷۰۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۸۲۔النعمۃ۔نعمت

دنیا میں طویل العمری اور اچھی صحت سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔(حضرت علیؓ)

انعمۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے،جو(ن۔ع۔م) سے مشتق ہے۔اے

نعمت۔سے مراد آنکھوں کی ٹھنڈک۔

تنعمیۃ۔سے مراد ایسا سرسبز اور سدابہار پودا جو سطح آب پر پیدا ہوتا ہے،اس کے پتے نہایت نرم و نازک اور شاداب ہوتے ہیں اور اس پودے کی تروتازگی میں کبھی کوئی فرق نہیں آتا۔

ثوب ناعم۔سے مراد ایسا نرم و نازک کپڑا جو نہایت خوبصورت اور آرام دہ ہو۔

نعامی۔سے مراد جنوبی ہوا جو نہایت خوشگوار اور تمام ہواؤں سے زیادہ مرطوب ہوتی ہے۔

الناعمۃ۔المناعمۃ۔سے مراد آسودگی۔خوشگوار زندگی،اس کے ساتھ ساتھ اس میں بلندی اور سرفرازی کا مفہوم بھی موجود ہے۔

والمنعمۃ۔سے مراد خوش خوراک عورت۔

النعامۃ۔سے مراد ایسی بلند عمارت جو کسی پہاڑ کے چھجے پر ہو۔

العمۃ۔سے مراد خوشی،مسرت،اطمینان،مال دولت،آسودگی،خوشحالی اور احسان۔

نعمت۔سے مراد معاشرتی زندگی کے تمام پہلو اور زاویوں میں خوشگواریت،کشادگی،ملائمیت، آسودگی اور طمانیت کے ہیں۔

نعمت۔مال غنیمت کو بھی کہا جاتا ہے۔

نعمت اللہ۔سے مراد کشتیوں کے ذریعے سامان کا ادھر ادھر آنا جانا۔

جنت النعیم۔جنت کا نام۔

نعم۔کی جمع انعام۔

عربی میں انعام مال مویشی کو کہتے ہیں۔ ۲؎

ارشادات خداوندی:

اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ۚ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ۔ ۳؎

ترجمہ۔کیا آپ نے نہیں دیکھا کے اللہ کی نعمت سے سمندر میں کشتیاں رواں دواں ہیں،ں تا کہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھائے، بے شک اس میں ہر ایک صابر شاکر کے لیے نشانیاں ہیں۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ ۴؎

ترجمہ۔اللہ کافی ہے اور وہ کیا ہی اچھا کارساز ہے۔

وَنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ۔ ۵؎

ترجمہ۔ورو ہ نعمتیں جن میں وہ عیش کررہے تھے۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ فِیْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ وَاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ وَنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ وَزَرَابِیُّ مَبْثُوْثَةٌ۔ ۶؎

ترجمہ۔بہت چہرے اس دن خوش وخرم ہوں گے۔اپنے نیک اعمال پر شاداں ہوں گے، بلند جنت میں،جس میں کوئی شخص بے ہودہ بات نہیں سنے گا،اس میں بہتے ہوئے چشمے ہوں گے، اس میں بلند مسندیں ہوں گی اور ترتیب سے رکھے ہوئے جام ہوں گے اور صف بہ صف گاؤ تکیے رکھے ہوں گے اور وہاں بہترین فرش بچھے ہوں گے۔

يٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّیْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ۔ ۷؎

ترجمہ۔اے بنو اسرائیل! میری اس نعمت کو یاد کرو جو میں نے تم کو عطا کی تھی اور یہ کے میں نے تم کو (اس زمانہ کے) لوگوں پر فضیلت دی تھی۔

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ -۸؎
ترجمہ۔ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عمرو بن شعیبؓ اپنے والد اور اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی اپنے بندے پر اپنی نعمت کے اثر کو دیکھنا پسند کرتا ہے۔۹؎
حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب کوئی بندہ اللہ کی دی ہوئی نعمت پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہتا ہے تو اللہ تعالی اس بندے کو اس سے افضل نعمت عطا فرماتا ہے۔۱۰؎
حضرت حکم بن عمیرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تم نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ کہا تو تم نے اللہ تعالی کا شکر ادا کر دیا اور اللہ تعالی تمھاری نعمت میں زیادتی کرے گا۔۱۱؎
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قیامت کے دن سب سے پہلے بندے سے جن نعمتوں کے بارے میں سوال یا جائے گا (وہ یہ ہیں) بندے سے کہا جائے گا! کیا میں نے تمھارے لئے تمھارے جسم کو تندرست اور ٹھیک ٹھاک نا رکھا تھا؟ اور تمھیں ٹھنڈا پانی نا پلایا تھا؟۔۱۲؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جب تم اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرتے ہو تو اللہ تعالی ان نعمتوں میں اضافہ فرما دیتے ہیں۔
نعمتوں کی ناشکری اور ناقدری نعمتوں کے زوال کا سبب ہیں۔
تم جب اللہ کی نافرمانی کرتے ہو تو، تم پر لازم ہے کے کے تم اس کی دی ہوئی کسی معمولی شے کی مدد بھی اس نافرمانی کے دوران شامل نا کرو۔
اے لوگو! جب تم یہ دیکھو کے تمھاری مسلسل نافرمانیوں کے باوجود بھی اللہ تم اپنی نعمتوں کی

کثرت فرما رہا ہے تو پھر تم اس کی نافرمانی، گناہ اور عذاب کے خوف سے بچو۔

جس انسان پر اللہ کی نعمتیں زیادہ ہو جاتی ہیں اس انسان پر لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کا حق بھی بڑھ جاتا ہے لہٰذا اگر تم نے بندوں کے حقوق کو ادا کر دیا تو گویا تم نے اپنی نعمتوں کو دوام دے دیا اور اگر تم نے بندوں کے حقوق ضائع کر دئے تو سمجھ لو ے نعمتوں کو زوال اور فنا کر دیا۔ بہت سے اللہ کے بندے ایسے ہیں جنھیں اللہ کی نعمتیں ہی تباہی اور بربادی کے دہانے پر لے جاتی ہیں۔

بے شک اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں جنھیں اللہ تعالی نے نعمتوں سے نوازا ہے اور وہ اللہ کی مخلوق پر ان نعمتوں کو خرچ کرتے ہیں تو وہ نعمتیں ان انسانوں کے ہاتھوں میں اللہ تعالی رہنے دیتا ہے لیکن جیسے ہی وہ بندے اللہ کی نعمتوں کو اللہ کے بندوں پر خرچ کرنے میں کوتاہی کرتے ہیں ان سے وہ نعمتیں چھین لی جاتی ہیں اور اللہ ان سے اپنی نعمتیں سلب کر کے کسی اور کو دے دیتا ہے۔

ائے لوگو! نعمتوں کی فروانی کے وقت تم اللہ سے بالکل اسی طرح سے ڈرتے رہو جس طرح سے تم اس کے عذاب سے ڈرتے ہو کیونکہ بسا اوقات اللہ تعالی اپنے بندوں کو نعمتوں کی کثرت سے آزماتا ہے۔

نعمتوں کی فروانی کے وقت اللہ کے بہت شکر گزار بندے بنو ان نعمتوں کی فروانی سے تمھاری گردن پر اللہ کا حق بڑھ گیا۔

اللہ کی نعمتوں کی شکر گزاری، اطاعت الہی، صبر وتحمل اور گناہ سے اجتناب کرو۔

نعمتوں کی مستیوں اور عذاب کی سختیوں سے ڈرو۔

جب اللہ تعالی اپنے سی بندے کو کوئی نعمت عطا فرماتے ہیں اور بندہ دل میں اس نعمت کا شکر ادا کرتا تو اللہ تعالی اس کی زبان پر نعمت کے شکر کے آنے سے قبل ہی اس کی نعمتوں میں اضافہ فرما دیتے ہیں۔

کفران نعمت سے سخت گریز کرو کیونکہ کفران نعمت عذاب الٰہی کا سبب ہے۔
کسی بھی صاحب نعمت کی ناشکری نا کرو کیونکہ کفران نعمت پست ترین کفر ہے۔
نیکی اور خدمت نعمتوں کی زکوۃ ہے۔
نعمتوں کے دور ہوجانے سے ڈرو کیونکہ ہر بھاگنے والا واپس نہیں آتا۔
دنیا میں طویل العمری اور اچھی صحت سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔
نعمتیں وحشی ہیں انھیں بھلائی کے ذریعے قید کرو۔
نعمتوں کے ساتھ حسن سلوک رکھو اس لئے کے وہ زائل ہونے والی ہیں دوسری جانب صاحب نعمت نے جو اس کے ساتھ کیا ہے وہ اس کی گواہی بھی دیں گی۔
جب اللہ تعالی کسی انسان کی کسی نعمت کو زائل فرماتا ہے تو سب سے پہلے اس شخص کی عقل میں تغیر پیدا فرماتا ہے۔
اللہ تعالی کی دی ہوئی نعمتوں کے آثار تم پر ظاہر ہونے چاہئے۔
جس نے اپنی نعمتوں کو ضرورت مندوں پر خرچ کیا گویا اس نے اپنی نعمتوں کو بچا لیا۔
جب اللہ اپنے کسی بندے کو نعمت عطا فرماتا ہے اور وہ بندہ اس نعمت کے ذریعے ظلم وستم کرتا ہے تو اللہ تعالی اس سے وہ نعمت چھین لیتا ہے۔ ۱۳؎

نفسیاتی پہلو

اللہ اپنے بندوں پر غفور الرحیم اور بے حد کریم ہے، وہ اپنے بندوں کے گناہوں کو معاف فرماتا ہے انھیں بے حد نعمتیں عطا کرتا ہے اور انھیں دنیا جیسی اسفل سافلین اور قید خانے میں بے شمار آسانیوں، رحمتوں اور نعمتوں سے نوازتا ہے۔ یہ اللہ کی شان ہے وہ اپنے بندوں کو خوشحال اور آسودہ دکھنا چاہتا ہے، اللہ اپنے بندوں کو اطاعت اور عبادت گزار دیکھنا چاہتا ہے کیونکہ انسان اور جنات کی پیدائش کا اصل مقصد اللہ کی اطاعت اور عبادت ہے چنانچہ بندوں کو بھی چاہئے کے وہ اللہ کی دی ہوئی بے شمار نعمتوں کی شکرگزاری کریں۔

حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں! جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو نعمت عطا کرتا ہے تو اللہ چاہتا ہے کے اس نعمت کے اثرات اور خوبصورتی بھی اس بندے کی زندگی میں نظر آئے تاہم جب حضرت امام سے پوچھا گیا اس کی وضاحت فرمائے تو آپ نے فرمایا! انسان کو پاکیزہ لباس پہننا چاہئے، خوشبو لگانی چاہئے، گھر کو صاف ستھرا رکھنا چاہئے اگر تاریکی ہے تو چراغ روشن کرنا چاہئے کیونکہ پاکی اور طہارت کے سبب اللہ فقر و غربت کو مٹاتا ہے اور رزق میں وسعت اور فراوانی پیدا فرماتا ہے۔ ۱۴؎

حوالہ کتب:

۱۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔ سورہ لقمان۔ آیت۔ ۳۱۔

۴۔ سورہ آل عمران۔ آیت۔ ۱۷۳۔

۵۔ سورہ دخان۔ آیت۔ ۲۷۔

۶۔ سورہ الغاشیہ۔ آیت۔ ۱۶۔ ۸۔

۷۔ سورہ البقرہ۔ آیت۔ ۴۷۔

۸۔ سورہ الفاتحہ۔ آیت۔ ۷۔

۹۔ سنن ترمذی۔ امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔ مطبوعہ دار الفکر بیروت۔ ۱۴۱۴ھ۔

۱۰۔ ابن ماجہ۔ امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔ مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔

۱۱۔ جامع البیان۔ امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔ مطبوعہ دار المعرفہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔

۱۲۔ سنن ترمذی۔ امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔ مطبوعہ دار الفکر بیروت۔ ۱۴۱۴ھ۔

۱۳۔ تجلیات حکمت۔ مرتب۔ آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔ مترجم۔ سید قمر عباس۔ ص۔ ۴۷۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۴۔ بحار انوار۔ تالیف۔ محمد یوسف عابدی۔ ج۔ ۱۔ ص۔ ۱۰۱۔ مطبوعہ دار الفکر بیروت۔

۸۳۔النوافل۔نوافل (مستحبات):

خبردار! کبھی بھی نوافل کی ادائے گی کرتے ہوئے واجبات کو ضائع نا کرنا۔(حضرت علیؓ)

النوافل۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ن۔ف۔ل) سے مشتق ہے۔۱؎

النفل۔ہر اس عمل کو کہتے ہیں جو واجب سے زیادہ ہو۔

النفل۔سے مراد مال غنیمت، ھبا اور عطیہ کو کہتے ہیں۔

نفل۔کی جمع انفال ہے۔

نافلۃ۔عربی زبان میں پوتے کو بھی کہتے ہیں یہاں اس سے مراد بیٹا تو اصل ہے لیکن پوتا زائد ہے یعنی اضافی ہے۔

النوافل۔سے مراد دریا، سمندر، عطیہ اور بہت زیادہ عطا کرنے والا انسان۔

نفل۔کے بنیادی معانی عطا کرنا یا عطیہ کے ہیں۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا۔۳؎

ترجمہ۔رات کے کچھ حصے میں تہجد کی نماز پڑھیں، جو خصوصا آپ کے لیے زیادہ ہے۔ عنقریب آپ کا رب آپ کو مقام محمود پر فائز کرے گا۔

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ۔۴؎

ترجمہ۔اور ہم نے ابراہیم کو اسحاق عطا فرمایا اور اس پر زائد یعقوب عطا فرمایا اور ہم نے (ان) سب کو نیکوکار بنایا۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔۵؎

ترجمہ۔(اے رسولِ مکرم!) یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے انفال (اموالِ غنیمت کے متعلق سوال کرتے ہیں، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہیے! انفال (کے حکم) کا اللہ اور اس کا رسول مالک ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت امامہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم رات کے قیام کو لازم کرلو کیونکہ یہ تم سے پہلے صالحین کا طریقہ ہے اور یہ تمھارے رب کی طرف تمھارے قرب کا ذریعہ ہے اور تمھارے گناہوں کے مٹنے کا سبب ہے اور تمھارے گناہوں سے بچنے کا طریقہ ہے۔۶؎

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کچھ اشخاص ایسے ہیں کے جن کی طرف اللہ تعالی دیکھ کر ہنستا ہے ان میں سے ایک وہ ہے جو رات کو اٹھ کر نماز پڑھتے ہیں۔ارشاد خداوندی ہے!

وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا۔۷؎

ترجمہ۔وہ لوگ جو اپنے رب کے حضور سجدہ اور قیام میں رات گزار دیتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا، جس شخص نے اپنے رب کی رضا کے لئے عشاء کی نماز کے بعد دو یا دو سے زائد رکعات نماز ز پڑھی وہ اس آیت کے مصداق ہے۔۸؎

قتادہ نے کہا! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کرتے! اس رات سے اپنا حصہ لو خواہ دو رکعات، خواہ چار رکعات۔

حسن بصری نے کہا! یہ وہ لوگ ہیں جو رات کو نماز میں قیام کرتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں اور اللہ کے خوف سے ان کی آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں۔۹؎

وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا۔۱۰؎

ترجمہ۔رات میں اس کو سجدہ کرو اور رات میں بہت دیر تک اس کی پاکی بیان کرو۔

حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کے اول حصے میں سوتے تھے اور آخری

حصے میں نماز میں قیام کیا کرتے تھے۔ آپ ﷺ نماز پڑھتے رہتے پھر آپ ﷺ بستر کی طرف لوٹ جایا کرتے پھر جب موذن اذان دیتا تو آپ ﷺ جلدی سے اٹھ جاتے پھر اگر آپ ﷺ کو غسل کی حاجت ہوتی تو آپ ﷺ غسل فرماتے ورنہ وضو کر کے حجرے سے باہر چلے جاتے تھے۔ ١١؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جب بھی کبھی نوافل کے ذریعے واجبات کو نقصان پہنچے تو نوافل کو ٹھکرادو۔

قلوب کی کیفیات میں سے ہے کے یہ کبھی عبادات کی جانب مائل اور کبھی اچاٹ ہو جاتے ہیں چنانچہ جب قلوب عبادات کی جانب مائل ہوں تو نوافل ادا کرو اور جب کبھی یہ اچاٹ ہونے لگیں تو واجبات کی ادائے گی پر اکتفا کرو۔

خبردار! کبھی بھی نوافل کی ادائے گی کرتے ہوئے واجبات کو ضائع نا کرنا۔

اگر واجبات ضائع ہو جائیں تو ان کی جگہ کبھی بھی پر نہیں ہو سکتی لہٰذا واجبات کی ادائے گا کا خاص خیال رکھو۔

فرض نماز کے وقت کبھی بھی نوافل کی ادائے گی نا کرو سب سے پہلے فرائض کو انجام دو اس کے بعد جتنے چاہو نوافل ادا کرو۔

فرائض اور نوافل کے ذریعے اللہ کے قرب کو حاصل کرنے کا دوگنا فائدہ ہے۔ ١٢؎

نفسیاتی پہلو

نوافل سے مراد اضافی عبادات جس کی ادائے گی سے انسان زیادہ اجروثواب کا مستحق ہو جاتا ہے، نوافل قرب الٰہی کا موثر ذریعہ ہیں، یہ اللہ کا خاص احسان ہے کے اللہ نے انسان کو اپنی اطاعت اور عبادت کے لئے پیدا فرمایا چنانچہ انسان اللہ کی عبادت، ریاضت اور نوافل کے ذریعے اللہ کا پسندیدہ بندہ بن جاتا ہے۔

نوافل کی ادائے گی کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے جب انسان اللہ کی عبادت اور ریاضت میں مشغول ہوتا ہے تو ایسا انسان شیاطین کے حملوں اور ان کے شر سے اللہ کی حفاظت اور امان میں ہوتا ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! شیطان انسان کے قلب سے چمٹا رہتا ہے لیکن جب انسان ذکر الہی کرتا ہے تو شیطان انسان کو چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے یعنی انسان پر سفلی اور شیطانی وسوسوں کی گرفت ٹوٹ جاتی ہے اور وہ اللہ کی نگہبانی میں اللہ کو اپنے سامنے دیکھتے ہوئے عبادت کرتا ہے اسی کو دین اسلام میں تصور احسان کہا جاتا ہے، جبکہ سب سے قیمتی عبادت یہ ہے کے انسان ہر وقت یہ محسوس کرے کے اللہ اس کو دیکھ رہا ہے۔

عبادت اور اطاعت گزار بندے ہر خوف وغم سے آزاد ہوتے ہیں۔

حوالہ کتب:

١۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ١۴٠۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ١٩٩٨ء۔

٢۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ١۴٠۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ١٩٩٨ء۔

٣۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت، ٧٩۔

۴۔سورہ الانبیاء۔آیت۔ ٢٧۔

۵۔سورہ انفال۔آیت۔١۔

٦۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ٢٧٩ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔١۴٢١ھ۔

٧۔سورہ فرقان۔آیت۔ ٦۴۔

٨۔معالم التنزیل۔امام ابومحمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (متوفی ۵١٦ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔

٩۔تفسیر القران العزیز۔امام عبدالرحمن بن محمد بن ادریس بن ابی حاتم رازی۔(متوفی ٣٢٧ھ) مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ ١۴١٧ھ۔

١٠۔سورہ دہر۔آیت۔٢٦۔

١١۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ٢۵٦ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

١٢۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔

۸۴۔النوم۔نیند

یقین اور معرفت کے ساتھ سونا حالت شک میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے (حضرت علیؑ)

النوم۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ن۔و۔م) سے مشتق ہے۔ا؎

نوم۔سے مراد نیند۔

منام۔سے مراد سونے کی جگہ۔

منام۔سے مراد نیند یا خواب۔

نامت الریح۔سے مراد ہوا سوگئی یعنی ساکن ہوگئی۔

نامت النار۔سے مراد آگ کی تپش کا ماند پڑ جانا۔

نام عن حاجۃ۔سے مراد اپنی ضروریات سے غافل ہوجانا۔

النومۃ۔سے مراد نا قابل ذکر۔

النویم۔سے مراد اپنی چیزوں سے غافل انسان یا گمنام انسان۔۲؎

انسان اپنی ساری زندگی صرف دو ہی کام کرتا ہے۔ا۔سوتا ہے۔۲۔جاگتا ہے۔

ان دو ہی کیفیات میں اس کی تمام زندگی بسر ہوتی ہے۔انسانی روح کی ساخت میں مسلسل حرکت پذیری پائی جاتی ہے ہر انسان بیداری کی طرح عالم خواب میں بھی کچھ نہ کچھ کرتا ہے لیکن اسے اس بات کا شعور نہیں ہوتا یا یہ بھی کہا جاسکتا ہے کے اسے عالم خواب میں اپنے کئے گئے اعمال یاد نہیں رہتے اگر کسی طرح سے حافظہ کی قوت اور جسمانی عادتوں میں ردوبدل کر کے اس کو اس قابل بنالیا جائے تو انسان عالم خواب کے اعمال کو بھی یاد رکھ سکے گا۔

حضور قلندر بابا اولیاء فرماتے ہیں!

روحانی لوگوں کے اندازے کے مطابق! انسان بحالت خواب ایک گھنٹے میں

(ایک لاکھ اسی ہزار میل) کا سفر طے کرتا ہے۔

حضور قلندر بابا اولیا فرماتے ہیں! خاکی دنیا کے ساتھ ایک دوسری دنیا بھی آباد ہے اس دوسری دنیا کو مذہب کی زبان میں عالم اعراف یا عالم برزخ کہتے ہیں اس دوسری دنیا میں انسان کا ہر روز آنا جانا لگا رہتا ہے لیکن اس روز کے آنے جانے کے کئی حقائق انسان کی آنکھوں سے پوشیدہ اور مستور ہیں تاہم دوسری دنیا میں انسان کی یہ آمدورفت غفلت کی حالت میں واقع ہوتی ہے یعنی جب انسان گہری نیند سوجاتا ہے تو اس کا وجود خاکی دنیا ملکوتی میں داخل یا منتقل ہوجاتا ہے جہاں وہ چلتا، پھرتا، کھاتا پیتا اور کئی لوگوں سے ملاقاتیں کرتا ہے انسان نے اس کیفیت کا نام خواب رکھ دیا ہے تاہم انسان نے کبھی یہ جاننے کی کوشش نہیں کی کے خواب بھی زندگی کا ایک جز ہے۔ ۳؎

ارشادات خداوندی:

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ اللَّیْلَ لِتَسْکُنُوْا فِیْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۔ ۴؎

ترجمہ۔ وہی ہے جس نے تمھارے لئے رات بنائی تاکہ تم اس میں آرام پاؤ۔

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ اللَّیْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا ۔ ۵؎

ترجمہ۔ وہی تو ہے جس نے تمھارے لئے رات کو اوڑھنا اور نیند کو آرام بنایا۔

قُلْ اَرَاَیْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَیْکُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَیْرُ اللّٰهِ یَأْتِیْکُمْ بِلَیْلٍ تَسْکُنُوْنَ فِیْهِ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۔ ۶؎

ترجمہ۔ کہہ دو بھلا! اگر اللہ قیامت کے دن تک ہمیشہ کے لئے تم پر دن رکھے، تو اللہ کے سوا کون ہے جو تم کو رات لادے جس میں تم آرام حاصل کرو کیا تم یہ نہیں دیکھتے ہو؟

وَجَعَلْنَا اللَّیْلَ لِبَاسًا وَجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۔ ۷؎

ترجمہ۔ رات کو ہم نے لباس ٹھہرایا اور دن کو ہم نے کمانے کے لئے بنایا۔

وَمِنْ اٰیَاتِهٖ مَنَامُکُمْ بِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَآؤُکُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۔ ۸؎

ترجمہ۔اس کی نشانیوں میں سے یہ تمھارا رات اور دن کا سونا ہے۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ۔۹؎

ترجمہ۔اللہ وہی ہے جس نے تمھارے لئے رات بنائی تا کہ تم اس میں آرام پا سکو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوتے وقت سیدھی کروٹ سوتے جبکہ اپنے سیدھے ہاتھ کو سیدھے کان کے نیچے رکھتے تھے۔طبی اعتبار سے آج کی موجودہ تحقیق بھی اسی طریقے کو درست جانتے ہوئے اس کی سفارش کرتی ہے کیونکہ اس طریقے سے انسان کے اندر سکون اور اطمینان کی کیفیات کے ساتھ ہی ہاضمے کی درست کارکردگی بھی سامنے آئی ہے تاہم سیدھا سونا مضر صحت اور نیند کے لئے بدترین قسم تصور کی جاتی ہے البتہ کچھ دیر کے لئے سیدھے لیٹنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔لیکن اس کو عادت بنالینا ٹھیک نہیں۔اسی طرح سے منہ کے بل سونا (الٹا سونا) یہ بھی نیند کی انتہائی بدترین قسم مانی جاتی ہے۔

خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس طرح سے سونے سے منع فرمایا ہے، ایک جگہ اس طریقے کو شیطان کا طریقہ اور دوسری جگہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس طریقے کو جہنمیوں کا طریقہ بیان فرمایا حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو مسجد میں اوندھے منہ سوتے دیکھا تو اس کو اٹھا دیا اور اس سے فرمایا! تم کھڑے ہوجاؤ یا بیٹھ جاؤ کیونکہ یہ انداز جہنمیوں کے سونے کا ہے۔۱۰؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قیلولہ (دوپہر کا آرام) کیا کرو کیونکہ شیاطین قیلولہ نہیں کرتے۔۱۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوپہر کے وقت قیلولہ فرماتے جو محض چند منٹوں کا آرام ہوتا۔

جدید تحقیق کے مطابق! انسانی صحت پر قیلولہ کے انتہائی اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں جبکہ باقاعدگی سے قیلولہ کرنے والے قابل رشک صحت اور لمبی عمر کے مالک ہوتے ہیں۔

ماہرین کے مطابق! دس منٹ کی ہلکی نیند (Nap) اگلے چار گھنٹوں تک کے لئے انسان کو تروتازہ اور چوکنا رکھتی ہے جبکہ اس کی توجہ اور ارتکاز پر بھی اس کے اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں تاہم اسی نیند کے دورانیہ کو اگر بیس منٹ تک بڑھا لیا جائے تو اس سے انسانی یاداشت پر نہایت مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں ہلکی نیند کے دوران انسانی دماغ میں برقی سرگرمیوں کی زبردست لہریں وجود میں آتی ہیں جنھیں Sleep Spindle کہتے ہیں یہ انسان کے سیکھنے اور بہتر یاداشت کے عمل کے لئے اضافے کا سبب ہے اور اس کے لئے نہایت مجرب بھی ہے دوپہر میں کھانے کے بعد لئے گئے قیلولے سے بلڈ پریشر اور انسان کا قلبی نظام یعنی (Cardiovascular System) بھی بالکل ٹھیک رہتا ہے۔

محمد احمد ذہبی کے مطابق! تلسی (ریحان) کو اگر پانی میں پکا کر اس میں شہد شامل کر کے پیا جائے تو بے خوابی دور ہوجاتی ہے۔

احادیث مبارکہ میں کھجور اور دودھ کے استعمال کی ہدایات بھی کی گئی ہے، کم خوابی کے تمام مریض اپنی غذا میں باقاعدگی سے کھجور اور دودھ کو بھی شامل رکھیں، کچھ اطباء تو یہ بھی کہتے ہیں کے تلسی کے پتوں کی خوشبو کو اگر سوتے وقت سونگھا جائے تو بھی بڑی اچھی نیند آتی ہے۔

یونانی مفکر بقراط اس حوالے سے اپنی کتاب 'تقدمہ' میں لکھتا ہے کے اگر کوئی شخص اوندھے منہ سونے کا عادی ہے تو یقیناً یہ اختلاط عقل اور معدے کی بے شمار امراض کا سبب ہوسکتا ہے۔ ایک مشہور روایت کے مطابق! دن کی نیند تین طرح کی ہوتی ہے۔

ا۔ عمدہ عادت:

عمدہ عادت میں قیلولہ اور گرمیوں کی دوپہر میں آرام کرنا شامل ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی یہ ثابت ہے۔

۲۔ سوزش:

چاشت کے وقت سونا سوزش والی نیند کی علامت ہے کیونکہ اس وقت سونا دنیاوی اور

آخروی کاموں سے غفلت کی نشانی ہے نیز اس سے روزی بھی کم ہوجاتی ہے

۳۔حماقت:

عصر کے وقت سونے والوں کے لئے بزرگوں کا یہ قول ہے کے اس وقت کی نیند سے عقل ختم ہوجاتی ہے۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! یقین اور معرفت کے ساتھ سونا حالت شک میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔

کتنے ہی روزے دار ایسے ہیں جنھیں بھوک اور پیاس کے سوا کچھ نا ملا، کتنے ہی رات کے عبادت گزار ایسے ہیں جنھیں رت جگوں کے سوا کچھ حاصل نا ہوسکا لیکن عارفوں کی نینداور افطاریاں کتنی عمدہ ہیں۔

نیند کتنی بری شے ہے جو قلیل عمر کو مزید قلیل کر دیتی ہے اور کثیر اجر وثواب کو ختم کر دیتی ہے۔

جو رات کو بہت زیادہ سوتا ہے وہ ایسے بے شمار اعمال کو کھو دیتا ہے جن کی تلافی دن میں ممکن نہیں۔رات کی نیند دن کے عزم واستقامت کو کتنا توڑنے والی ہے۔

برا ہو زیادہ سونے والوں کا جنھوں نے سوکر اپنی عمر تو کم کر ہی لی ساتھ ہی عبادات کا اجر وثواب بھی کم ہوگیا۔بہت زیادہ سونا اور بہت زیادہ کھانا انسان کو تباہ اور برباد کر دیتا ہے۔

نیند تکلیف سے آرام اور موت کے موافق ہے۔۱۲؎

نفسیاتی پہلو

نیند کی اہمیت:

جدید تحقیق کے مطابق! آج کا انسان ماضی کے انسان کی بہ نسبت ایک گھنٹہ کم سوتا ہے انسانی دماغ کسی کارخانے کی مانند ہے جس میں ضروری اور بےضروری کئی خیالات اور

رجحانات پائے جاتے ہیں لہٰذا جب انسان گہری نیند سوتا ہے تو دوران نینداس کے دماغ میں پائے جانے والے کھربوں نیورانز (Neurons) مضرصحت خیالات اوران کے اثرات کو ختم یا صاف کرتے ہیں۔ایک اچھی نیند کسی بھی انسان میں یکسوئی، قوت ارتکاز، ذہانت بہترین یاداشت اور جسمانی کارکردگی کو بڑھانے میں معاون ثابت ہوتی ہے اور کئی قسم کے موذی امراض جن میں ذیابطیس، ہائی بلڈ پریشر، ڈپریشن، انگزائٹی، امراض قلب، کینسر، ہڈیوں کی بوسیدگی، بغیر وجہ کی تھکن، چڑچڑاپن، موٹاپا، معدے کے متعدد امراض اور الزائیمر کے شدید خطرات سے انسان کو بچاتی ہے جبکہ کئی قسم کے جسمانی، ذہنی اور نفسیاتی امراض سے محفوظ و مامون بھی رکھتی ہے۔

امریکی سائنسدانوں کی ایک تحقیق کے مطابق اگر انسان مسلسل جاگتا رہے یا اپنی مطلوبہ نیند کو پورا نہ کر سکے تو ایسی صورت میں اس کے دماغی خلیات کو شدید نقصانات پہنچنے کا اندیشہ ہوتا ہے نیز وہ اعصابی و دماغی تھکن کا شکار ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے دماغی خلیات کی ٹوٹ پھوٹ کا بھی شکار ہوتا ہے کیونکہ ایسی صورت حال میں دماغی خلیات سے

Free Radicals کا اخراج شروع ہوجاتا ہے جو دماغی صحت مند خلیات پر حملہ آور ہوتے ہیں۔میڈیکل سائنس کے حوالے سے یہ صورت حال انسان کے لئے انتہائی مضر اور خطرناک ہے۔کینیڈا کے ایک ماہر امراض دماغ ڈاکٹر اسٹینلے کارین کے مطابق! اگر کوئی شخص رات میں ایک گھنٹہ کم سوئے تو اگلے دن اس کی ذہانت کے ایک آئی کیو پوائنٹ میں کمی واقع ہوجائے گی اس کے برعکس اگر انسان اپنی مطلوبہ نیند کو پورا کرے تو ایسی صورت میں اس کے دماغ میں Anti Oxidant Chemicals بنتے ہیں جو انسانی صحت کے لئے انتہائی سود مند تصور کئے جاتے ہیں۔

سائنسی تحقیق کے مطابق! انسانی جسم کا ہر عضو ہر نو سال کے بعد نیا بن جاتا ہے لیکن اس کے دماغ میں قطعاً کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی کیونکہ اگر دماغ میں خلیاتی تبدیلی واقع ہوگی تو

انسان کی پرانی یادداشت ختم ہوجائے گی لہٰذا کم نیند کے شکار شخص کے دماغی نیورانز بری طرح سے تباہ ہوجاتے ہیں جن کی واپسی کسی بھی صورت میں ممکن نہیں یعنی یہ ایک ناقابل تلافی نقصان ہے جو کے کسی بھی صورت میں پورا نہیں کیا جاسکتا نیند کی کمی کے شکار افراد دکھ سکھ کے مواقع پر انتہائی شدید جذبات کا اظہار کرتے ہیں تاہم اگر ان سے مذاق کیا جائے تو وہ مشتعل ہوکر مرنے مارنے پر تل جاتے ہیں۔

معمر افراد عام طور پر نیند کی کمی کا شکار ہوتے ہیں لہٰذا ان کی دماغی کارکردگی شدت سے متاثر ہوتی ہے کیونکہ مناسب نیند کی بدولت ہی دماغی فضلے کی صفائی ممکن ہے اگر فضلہ دماغ میں موجود رہے گا تو ایسی صورت میں بے شمار جسمانی، ذہنی اور نفسیاتی عوارض کے لاحق ہونے کے قوی امکانات ہیں لہٰذا ایک اچھی نیند کسی بہترین ٹانک سے کم نہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔لوح وقلم۔حضرت قلندر بابا اولیاء۔مکتبہ تاج الدین بابا اولیاء کراچی۔سن ندارد۔

۴۔سورہ یونس۔آیت۔۶۷۔

۵۔سورہ فرقان۔آیت۔۴۷۔

۶۔سورہ القصص۔آیت۔۷۲۔

۷۔سورہ النباء۔آیت۔۱۱۔

۸۔سورہ روم۔آیت۔۲۳۔

۹۔سورہ المومن۔آیت۔۶۱۔

۱۰۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۱۱۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۰ھ۔

۱۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۴۸۷۔

۸۵۔الوسط۔وسط

صحیح راستہ درمیانی راستہ ہے۔(حضرت علیؓ)

الوسط۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (و۔س۔ط) سے مشتق ہے۔ا؎
الوسط۔سے مراد ہر چیز کا درمیانی حصہ۔
وسط۔سے مراد وہ نقطہ جو دونوں اطراف سے برابر فاصلے پر ہو۔
وسوط الشّمس۔سے مراد سورج کا آسمان کے درمیان میں آجانا۔
مسوسط بیت۔سے مراد گھر کے درمیان کسی خاص چیز کا ہونا۔
الوسط۔سے مراد وہ درمیانی جگہ جہاں سے تمام اطراف کا فاصلہ برابر ہو۔
اوسط۔سے مراد ہر چیز کا اوسط (درمیانی نقطہ) نقطہ اعتدال کہلاتا ہے یعنی افراط وتفریط کے درمیان اسی لئے اس لفظ کو ہر عمدہ اور بہترین چیز کے لئے بولا جاتا ہے۔
واسطہ القلادۃ۔سے مراد ہار کا درمیانی موتی جو نہایت نفیس ہوتا ہے۔
وساطۃ الدنانیر۔سے مراد بہترین دینار۔
الواسطہ۔سے مراد درمیان یا بیچ میں پڑنے والا۔
الوسیط۔سے مراد وہ شخص جو جھگڑا کرنے والوں کے بیچ میں پڑے۔۲؎
اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!
فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا۔۳؎
ترجمہ۔وہ (گھوڑے) دشمنوں کی صفوں کے درمیان جا گھسے۔

امت وسط

امت وسط کے حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا۔ ۴؎

ترجمہ۔اسی طرح ہم نے تمہیں بہترین امت بنایا۔

اُمَّةً وَّسَطًا ۔ سے مراد درمیانی امت یا امت مسلمہ یعنی ایسی قوم جس کو بین الاقوامی اور مرکزی حیثیت حاصل ہو۔

دنیا کے تمام مذاہب میں اسلام متوسط ہے اور اسلام کے تمام فرقوں میں اہل سنت و جماعت متوسط ہیں اور متوسط ہونا افضل ہونے کو ثابت کرتا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے! تم بہترین امت ہو یعنی تم لوح محفوظ میں سب سے بہتر اور سب سے افضل امت ہو اس لیے مناسب یہ ہے کہ تم اپنی اس فضیلت کو ضائع نہ کرو اور اپنی اس سیرت محمودہ کو زائل نہ کرو، اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے امت مسلمہ کو یہ خبر دی ہے کہ وہ اس وقت تمام امتوں سے افضل ہے اور جب تک یہ امت نیکی کا حکم دیتی رہے گی اور برائی سے روکتی رہے گی اور اللہ پر صحیح، صادق اور کامل ایمان رکھے گی اس وقت تک یہ امت تمام امتوں سے افضل ہی رہے گی اس آیت میں نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کو ایمان پر مقدم کیا ہے، اس لیے کہ ان ہی دو وصفوں کی وجہ سے مسلمانوں کو دوسروں پر فضیلت ہے کیونکہ ایمان کا تو دوسری امتیں بھی دعوی کرتی ہیں لیکن دوسری امتوں نے ایمان کی حقیقت کو بگاڑ دیا تھا اور ان میں شر اور فساد غالب آچکا اس لیے ان کا ایمان صحیح نہ تھا اور وہ نیکی کا حکم دیتے تھے نہ برائی سے روکتے تھے۔

ارشادات خداوندی:

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا۔ ۵؎

ترجمہ۔اسی طرح ہم نے تمہیں بہترین امت بنایا۔

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ۔ ۶؎

ترجمہ۔ اب دنیا میں وہ بہترین گروہ تم ہو جیسے انسانوں کی ہدایت اور اصلاح کے لئے میدان میں لایا گیا ہے، تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

اور چاہئے کے تم میں ایک جماعت ایسی ہو جو بلاتی رہے نیک کام کی طرف اور حکم کرتی رہے۔

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ أُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔ ۷؎

ترجمہ۔ اچھے کاموں کا اور منع کرے برائی سے اور جو لوگ ایسا کریں گے وہی فلاح پانے والے ہیں۔

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ يَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۔۸؎

ترجمہ۔ مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں ایک دوسرے کے رفیق ہیں وہ ایک دوسرے کو اچھی بات کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں۔

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ ۖ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ ۚ إِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۔۹؎

ترجمہ۔ مسلمانو! اپنے اوپر اپنی جانوں کی اصلاح کو لازم کرلو جب تم خود ہدایت پر ہو گے تو جو گمراہ ہو گا اس کا گمراہ ہونا تمھیں کچھ نقصان نہیں پہنچائے گا تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر وہ تمہیں بتلا دے گا جو کچھ تم کرتے تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

بہز بن حکیم اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سنو تم نے ستر امتوں کو پورا کر دیا تم ان کے آخر میں ہو اور تم اللہ کے نزدیک سب سے مکرم ہو۔

قتادہ بیان کرتے ہیں! ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کعبہ سے ٹیک لگائے ہوئے تھے آپ نے

فرمایا! ہم قیامت کے دن ستر امتوں کو پورا کردیں گے، ہم ستر امتوں میں سب سے آخر میں ہیں اور سب سے بہتر ہیں۔ ۱۰؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! صحیح راستہ درمیانی راستہ ہے کیونکہ قرآن کریم، آثار نبوت اور اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اسی راستے کی تاکید کرتے ہیں جبکہ دائیں اور بائیں کا راستہ گمراہی کا راستہ ہے۔

ہم اعتدال پر چلنے والے ہیں چنانچہ جو ہم سے پیچھے رہ گیا وہ بھی اور جو ہم سے آگے نکل گیا وہ بھی ہم سے ملحق ہا جائے گا۔

میرے متعلق درمیانی راستہ اختیار کرنے والے ہی سب سے زیادہ بہتر ہیں لہٰذا تم اسی راستے پر جمے رہو۔ آپؓ نے فرمایا! تمھاری نظر میں سب سے زیادہ محبوب عمل وہ ہونا چاہئے جو حق کے اعتبار سے درمیانہ، عدل کے اعتبار سے زیادہ عام اور رعایا کی مرضی سے مطابقت رکھنے والا ہو۔ تمام امور میں درمیانی راستہ سب سے بہترین ہے۔

تم پر لازم ہے کے لوگوں کے درمیان متوسط راستہ اختیار کرو اور یکسو ہو کر ایک ساتھ چلو۔

اس امت کے بہترین لوگ وہ ہیں جو متوسط ہیں۔ ۱۱؎

نفسیاتی پہلو

اسلام سخت روئی کو سخت ناپسند فرماتا ہے جبکہ متوسط طریقہ زندگی اور معاملات اللہ کو پسند ہیں چنانچہ اسلام انسان کو درمیانی راستے کو اختیار کرنے کی ہدایت فرماتا ہے، امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! تمھاری نظر میں سب سے زیادہ محبوب عمل وہ ہونا چاہئے جو حق کے اعتبار سے درمیانہ، عدل کے اعتبار سے زیادہ عام اور رعایا کی مرضی سے مطابقت رکھنے والا ہو۔ تمام امور میں درمیانی راستہ سب سے بہترین ہے۔ اس کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے جو انسان متوسط اور درمیانہ طریقہ زندگی اختیار کرتا ہے وہ کئی جسمانی، دماغی، ذہنی اور نفسیاتی امراض سے محفوظ

رہتا ہے کیونکہ اس کی طرز زندگی میں انتہاء پسندی نہیں ہوتی چنانچہ وہ یہی ثابت قدمی اور متوسط طریقہ اس کو جسمانی، دماغی، ذہنی اور نفسیاتی اعتبار سے صحت مند رکھتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ العادیات ۔آیت ۔ ۵۔

۴۔سورہ البقرہ۔آیت ۔ ۱۴۳۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت ۔ ۱۴۳۔

۶۔سورہ آل عمران ۔آیت ۔ ۱۱۰۔

۷۔سورہ آل عمران ۔آیت ۔ ۱۰۴۔

۸۔سورہ التوبہ۔آیت ۔۷۱۔

۹۔سورہ المائدہ۔آیت ۔ ۱۰۵۔

۱۰۔جامع البیان ۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔مطبوعہ دار المعرفہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔

۱۱۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔ص۔ ۴۹۱۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران ۔ ۱۴۲۴ھ۔

۸۶۔الوطن ۔وطن

سب سے برے وطن وہ ہیں جہاں امن وامان اور سرسبزی نا ہو۔(حضرت علیؑ)

الوطن ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(و۔ط۔ن) سے مشتق ہے۔ا؎

وطن ۔سے مراد انسان کے رہنے کی جگہ۔

وطن ۔سے مراد انسان کی اقامت گاہ۔

وطن ۔سے مراد جس ملک میں انسان رہتا ہے۔

اوطن ۔سے مراد قیام گاہ۔

المواطن من الحرب ۔سے مراد میدان جنگ۔

مواطن ۔سے مراد میدان۔۲؎

ارشاد خداوندی:

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ ۔۳؎

ترجمہ۔بے شک اللہ نے بہ کثرت مواقع(میدان)پر تمہاری مدد فرمائی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

امام ذہبی روایت کرتے ہیں!رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

ویحب وطنہ۔۴؎

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سفر سے واپس مدینہ لوٹتے اور مدینہ کے بالائی علاقوں پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر پڑتی(تو مدینہ سے محبت کی بناء پر)آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی اونٹنی کی رفتار کو تیز کر دیا کرتے اگر اونٹنی کے علاوہ کوئی دوسرا سواری کا جانور ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کو بھی ایڑ لگاتے۔۵؎

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! غربت میں انسان اپنے وطن میں بھی اجنبی ہوجاتا ہے۔

تمھارے لئے سب سے اچھا شہر وہ ہے جو تمھارا بوجھ اٹھائے۔

انسان کی کرامت اسی میں ہے کے وہ اپنے گزشتہ گناہوں پر آنسو بہائے، اپنے وطن واپس جانے کی آرزو رکھے اور اپنے پرانے دوستوں کی دوستی کو محفوظ رکھے۔

شہروں کی تعمیر اور آبادی کی وجہ وطن دوستی ہے۔

سب سے برا وطن وہ ہے جہاں امن وامان نا ہوں اور جہاں کے لوگ غیر محفوظ ہوں۔

سب سے برے وطن وہ ہیں جہاں امن وامان اور سرسبزی نا ہو۔

وطن کے اندر حماقت، غربت اور بے وطنی ہے۔

دنیا اجنبی کی سرائے اور بدبختوں کا وطن ہے۔

باشاہوں کی یہ فضیلت ہے کے وہ شہروں کو آباد کرتے ہیں۔۶؎

نفسیاتی پہلو

اللہ کی دنیا بہت بڑی ہے جس میں بے شمار اقوام، مما لک اور شہر آباد ہیں، ہر ملک اور قوم کی کچھ روایات، تہذیب وتمدن اور طرز زندگی بھی ہے جو دوسروں سے مختلف ہے، اللہ نے کسی ملک کو معدنیات کی دولت عطا فرمائی ہے تو کہیں اونچے پہاڑ، دریا، سمندر اور صحرا ہیں، دنیا میں کہیں جنگلات ہیں تو کہیں میدان، کہیں برف ہے تو کہیں تپتے ریگستان، الغرض دنیا میں موجود مما لک میں انفرادیت پائی جاتی ہے، انسان جس ملک میں پیدا ہوتا ہے یا جہاں وہ پلتا بڑھتا ہے وہ وہاں کے تمدن اور معاشرت کو وہ غیر محسوس طریقے سے اپناتا چلا جاتا ہے، اپنے وطن اور شہر سے محبت انسان کی فطرت میں موجود ہے کیونکہ زندگی کا بڑا حصہ اس نے وہاں گزارا ہوتا ہے دوسری جانب یہ وطن اس کا محسن اور مددگار بھی ہوتا ہے کیونکہ اس کی تعلیم وتربیت، نوکری، رہن سہن، طور طریقہ اور بہت سی نعمتیں اور راحتیں اس نے یہاں سے حاصل کی ہوتی ہیں لہٰذا ہر

انسان کی ذہنی ہم آہنگی اور دلی وابستگی اپنے ملک اور شہر سے ہوتی ہے اور اپنا ملک وشہر انسان کو بے حد عزیز ہوتا ہے، بسا اوقات انسان اپنے وطن اور شہر سے دور رہنے کی وجہ سے بہت سے جسمانی، دماغی، ذہنی اور نفسیاتی الجھنوں میں الجھ جاتا ہے جبکہ بسا اوقات انسان کے اپنے ہی شہر کے لوگ اور رشتے دار اس کے لئے اسی کے وطن میں اس کا رہنا مشکل اور دشوار کردیتے ہیں، لیکن اپنا وطن اور شہر اللہ کی نعمتوں میں سے ایک بڑی نعمت ہے، اور اس نعمت میں انسان خوش اور آسودہ رہتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ التوبہ۔آیت۔۲۵۔

۴۔سیر اعلام النبوۃ۔ج۔۱۵۔ص۔۳۹۴۔

۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۲ھ۔دار ارقم بیروت۔

۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۴۹۲۔ مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۸۷۔الوفاء۔وفا

وفاداری عقل کی زینت اور شرافت ونجابت کا عنوان ہے (حضرت علیؑ)

الوفا۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (و۔ف۔ی) سے مشتق ہے۔ا۔

وفی وواف۔کے معنی کسی چیز کا مکمل ہوجانا یا کثیر ہونے کے ہیں۔

اوفانی حقی۔سے مراد اس نے میرا پورا پورا حق ادا کردیا۔

وفیٰ۔سے مراد پورا پورا دے دینا۔

الوفاء۔سے مراد وعدہ پورا کرنا، عہد و پیمان کا لحاظ کرنا اور پاس رکھنا۔

الوفاۃ۔سے مراد موت یعنی زندگی کے دن پورے ہوجانا۔

الوفیٰ۔سے مراد بلند زمین۔

ایفائے عہد۔سے مراد اپنے وعدوں کو پورا کرنا۔۲۔

ارشادات خداوندی:

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ۔۳۔

ترجمہ۔تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو تم نہیں کرتے۔

وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا۔۴۔

ترجمہ۔اپنے عہد کو پورا کرو۔بے شک عہد سے متعلق پوچھ ہوگی۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُوْنَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهَادَاتِهِمْ قَآئِمُوْنَ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ۔۵۔

ترجمہ۔جو اپنی امانتوں اور عہد کو پورا کرتے ہیں، پنی گواہیوں پر قائم رہتے ہیں، اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں، وہی لوگ باغوں میں عزت سے رہیں گے۔

وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ۔ ٦؎ ۔ ترجمہ۔ اللہ کے عہد کو پورا کرو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر اپنے خطبوں میں فرماتے! جس میں عہد کا پاس نہیں اس کا ایمان نہیں ۔ ۷؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قیامت کے دن جب اللہ اولین وآخرین کو جمع فرمائے گا تو ہر عہد شکن کے لیے ایک جھنڈا بلند کیا جائے گا اور کہا جائے گا کے یہ فلاں بن فلاں کی عہد شکنی کا جھنڈا ہے۔ ۸؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ میں فرمایا سنو! جو امانت دار نہ ہو اس کا ایمان نہیں اور جو عہد پورا نہ کرے وہ دین دار نہیں۔ ۹؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! غداروں کے ساتھ وفاداری اللہ کے نزدیک غداری ہے اور غداروں کے ساتھ غداری اللہ کے نزدیک وفاداری ہے۔ قابل ستائش عادات یہ ہیں۔

۱۔ پڑوس کی حفاظت۔ ۲۔ ایفائے عہد۔ ۳۔ نیکی۔ ۴۔ برائی سے بچنا۔

اے لوگو! بلاشبہ وفاداری اور سچائی جڑواں ہیں اور ان دونوں سے بڑھ کر کوئی ڈھال نہیں۔

ایفائے عہد، کرامت اور بزرگی ہے۔ جھوٹے کے پاس کوئی وفاداری نہیں۔

ملول اور اکتائے ہوئے شخص کے پاس کوئی وفاداری نہیں۔

وفاداری عقل کی زینت اور شرافت ونجابت کا عنوان ہے۔

بہترین امانت داری ایفائے عہد ہے۔ بہترین سچائی وعدے کو وفا کرنا ہے۔

ایفائے عہد بہترین روش ہے۔ جس انسان کے سینے میں وفاداری ہوگی لوگ اس انسان کی غداری سے امان میں رہیں گے۔ جس میں عہد کا پاس نہیں تم اس پر کبھی بھی بھروسہ نا کرو۔ ۱۰؎

نفسیاتی پہلو

وفاداری شرفاء کا طریقہ ہے اور نیک اور ایماندار انسان کی صفت ہے، اللہ نے انسان کو ایک دل اور ایک زبان عطا فرمائی ہے تا کہ وہ اپنے دل میں سچائی پر مکمل یقین رکھے اور اپنی زبان سے اس سچائی کا اظہار کرے یہی نہیں بلکہ اپنے قول وفعل میں بھی سچا اور ثابت قدم رہے دوسری جانب اپنے کئے ہوئے وعدوں کی بھی پاسداری کرے کیونکہ کسی بھی قابل اعتبار انسان کا اعتبار اس کی زبان اور اس کے قول قرار سے لگایا جاتا ہے، جو انسان اپنے کئے ہوئے وعدوں کو وفا کرتا ہے اللہ اس کی عزت کو لوگوں میں بڑھاتا ہے، وعدوں کو وفا کرنے والا انسان اللہ کی نظر میں بھی نہایت پسندیدہ ہوتا ہے جبکہ اللہ کی مخلوق بھی ایسے انسان کو بہت پسند کرتی ہے، سچائی اور ایفائے عہد انسان کو بے شمار بیماریوں اور پریشانیوں سے بچاتے ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ صف ۔آیت ۔ ۲۔

۴۔سورہ بنی اسرائیل ۔آیت ۔ ۳۴۔

۵۔سورہ المعارج۔آیت ۔ ۳۲۔ ۳۵۔

۶۔سورہ انعام۔آیت ۔ ۱۵۲۔

۷۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۹۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۰۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۸۸۔الولادۃ۔ولادت

والدین کے ساتھ نیک سلوک اولاد کا سب سے بڑا فرض ہے (حضرت علیؑ)

الولادۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (و۔ل۔د) سے مشتق ہے۔۱؎

الولد۔سے مراد جسے کسی نے جنا ہو۔

اولاد۔سے مراد انسان کے بچے۔

والد۔باپ۔

والدہ۔ماں۔

والدین۔ماں اور باپ دونوں۔

میلاد۔وقت ولادت۔

ولید۔چھوٹا بچہ یا غلام۔

المولود۔کسی کا بیٹا۔

نومولود۔دنیا میں آنے والا نیا بچہ۔

ولد۔کی جمع اولاد۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَلَا تَقْتُلُوٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ نَّحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا۔۳؎

ترجمہ۔اپنی اولاد کو غربت کے خوف سے قتل نہ کرو انھیں بھی ہم رزق دیتے ہیں اور تمھیں بھی ہم رزق دیتے ہیں ان کا قتل بہت سخت گناہ ہے۔

يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ۔۴؎

ترجمہ۔اللہ تمہاری اولاد (کی وراثت کے حصوں) کے متعلق تمہیں حکم دیتا ہے۔

وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا لَا تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُودٌ لَهُ بِوَلَدِهِ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذَٰلِكَ فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا وَإِنْ أَرَدْتُمْ أَنْ تَسْتَرْضِعُوا أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِذَا سَلَّمْتُمْ مَا آتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۔۵؎

ترجمہ۔اور مائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال دودھ پائیں یہ (حکم) اس کے لیے ہے جو دودھ پلانے کی مدت کو پورا کرنا چاہیے اور جس کا بچہ ہے اس کے ذمہ دستور کے موافق ان (ماؤں) کا کھانا اور پہننا ہے کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ مکلف نہیں کیا جائے گا' نہ ماں کو اس کے بچے کی وجہ سے ضرر دیا جائے اور نہ باپ کو اس کے بچے کی وجہ سے ضرر دیا جائے اور وارث پر بھی اسی طرح لازم ہے پھر اگر ماں اور باپ باہمی مشورہ سے دودھ چھڑانا چاہیں تو ان پر کوئی حرج نہیں ہے اور اگر تم دائیوں سے اپنے بچوں کو دودھ پلوانا چاہو تو تم پر کوئی حرج نہیں ہے بہ شرطیکہ تم (ان کو) دستور کے مطابق اجرت ادا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو اور یقین رکھو کہ اللہ تمہارے کاموں کو دیکھنے والا ہے۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ افْتِرَاءً عَلَى اللَّهِ قَدْ ضَلُّوا وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ۔۶؎

ترجمہ۔ بے شک خسارے میں پڑے وہ لوگ جنہوں نے اپنی اولاد کو جہالت اور نادانی کی بنا پر قتل کیا اور اللہ پر بہتان باندھ کر اس رزق کو حرام کر لیا جو اللہ نے انہیں دیا تھا، بے شک وہ گمراہ ہوئے اور سیدھی راہ پر نہ آئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

باپ اپنی اولاد کو جو سب سے بہترین تحفہ دیتا ہے اس میں سب سے زیادہ اہم اچھی تعلیم و تربیت ہے۔ ۷؎

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اپنی اولاد کی عزت اور توقیر کیا کرو اور ان کی اچھی تربیت کرو۔ ۸؎

اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کے ساتھ مساویانہ سلوک کرو۔ ۹؎

اللہ سے ڈرو اور اپنی اولاد کے ساتھ عدل اختیار کرو۔ ۱۰؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص دسترخوان سے کھانے کے گرے ہوئے ٹکڑوں کو اٹھا کر کھائے گا وہ فراخی کی زندگی گزارے گا اور اس کی اولاد اور اولاد کی اولاد کم عقلی سے محفوظ رہے گی۔ ۱۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مسلمانوں کے بچے جنت میں ایک پہاڑ پر ہیں جہاں ان کی کفالت حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی زوجہ حضرت ہاجرہ علیہ السلام کرتے ہیں تاہم جب قیامت قائم ہوگی تو ان بچوں کو ان کے والدین کے سپرد کر دیا جائے گا۔ ۱۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک جنت میں ایک گھر ہے جس کا نام دار الفرح ہے، اس میں وہی لوگ داخل کئے جائیں گے جو بچوں کو خوش رکھتے ہیں۔ ۱۳؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! باپ کی دعا اس کے بیٹے کے لئے ایسے ہی ہے جیسے نبی کی دعا اپنی امت کے لئے ہوتی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ نے تم پر ماؤں کی نافرمانی کو حرام قرار دیا ہے۔ ۱۴؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اپنے والد کا نام لے کر نا پکارو اور نا ہی ان کے آگے چلو اور نا ہی ان سے پہلے بیٹھا کرو۔ ۱۵؎

حضرت ابن عباسؓ کا قول ہے اور عطاء اور ثوری کا قول یہ ہے ہر بچہ کو دودھ پلانے کی مدت دو سال ہے۔ ۱۶؎

حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں، میں بنوسلمہ میں اپنے گھر کے اندر بیمار تھا تو رسول اللہ ﷺ میری عیادت کے لئے تشریف لائے میں نے عرض کیا! اے اللہ کے نبی! میں اپنے مال کو اپنی اولاد کے درمیان کس طرح تقسیم کروں؟ آپ نے مجھے کوئی جواب نہیں دیا حتیٰ کے یہ آیت نازل ہوئی، اللہ تمہاری اولاد (کی وراثت کے حصوں) کے متعلق تمہیں حکم دیتا ہے کے میت کے ایک بیٹے کا حصہ دو بیٹیوں کے برابر ہے۔ امام ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ۱۷؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! میرا مقام یہ ہے کے رسول اللہ ﷺ سے میری قرابت داری ہے، ابھی میں نومولود تھا کے انھوں نے مجھے اپنی گود میں لیا اور اپنے سینے سے لگایا اور پھر رسول اللہ ﷺ نے مجھے شب ہجرت اپنے بستر پر سلایا۔

خیر یہ نہیں کے تمھارے پاس کثیر مال اور اولاد ہیں بلکہ اصل خیر تو دین داری، عبادات، علم و دانش، اور حلم و بردباری ہے۔

آپؓ نے فرمایا! نطفہ چالیس دن تک رحم میں رہتا ہے اس لئے جس کسی نے خدا سے بیٹا یا بیٹی کا سوال کرنا ہے تو اسے چاہئے ابتدائی چالیس دنوں میں وہ اللہ سے سوال کرے کیونکہ چالیس دن کے بعد فرشتہ اللہ کے حکم سے لڑکا یا لڑکی بنانے کی وحی فرمادیتا ہے۔ ۱۸؎

ایک فرشتہ ایسا ہے جو ہر روز یہ اعلان کرتا ہے، ائے لوگو! مرنے کے لئے اولاد پیدا کرو، فنا ہونے کے لئے مال کو جمع کرو اور ویران ہونے کے لئے گھر بناؤ۔

والدین پر اولاد کا یہ حق ہے ے وہ اپنی اولاد کا اچھا نام رکھیں، انھیں قرآن کریم کی تعلیم اور بہترین ادب سیکھائیں جبکہ اولاد کا اپنے والدین کے لئے یہ حق ہے کے وہ ان کی خدمت اور اطاعت کریں۔ کسی بچے کی ولادت کے موقع پر آپ نے ان کے والدین دے فرمایا! کے بچے کی ولادت کا اللہ سے شکر ادا کرو اور اللہ سے یہ دعا کرو کے اس اولاد کی نیکیاں تمھیں

حاصل ہوں ۔تمھارے بیٹے ابتدائی سات سالوں میں تمھاری خوشبو ہیں، اس کے بعد کے سات سالوں میں وہ تمھارے خادم ہیں اور اس کے بعد وہ یا تو تمھارے دوست ہوں گے یا دشمن۔اپنے بچوں سے مذاق میں بھی جھوٹے وعدے نا کرو کیونکہ جھوٹ انسان کو فسق وفجور کی طرف لے جاتا ہے اور فسق وفجور انسان کو جہنم کی طرف لے جاتا ہے سب سے بری اولاد وہ ہے جو والدین کی اذیت کا سبب ہوں۔

اپنے بچوں کو نماز سیکھاؤ اور جب وہ بالغ ہوجائیں تو انھیں نماز کے لئے مجبور کرو۔

بیٹے کو کھودینا انسان کے جگر میں آگ لگادینے کے مترادف ہے۔

بیٹے کی موت والدین کے جگر کو پارہ پارہ کردیتی ہے۔بیٹے کی موت والدین کی کمر توڑ دیتی ہے۔بری اولاد خاندانی شرافت اور اور اسلاف کو بدنام کردیتی ہے۔

نافرمان اولاد والدین کے لئے رنج، اذیت اور نحوست کا سبب ہیں۔

جو انسان اپنے والدین کے ساتھ نیکی کرتا ہے اس کی اولاد بھی اس کے ساتھ نیکی کرے گی۔

سکون اور آسائش تین چیزوں میں مضمر ہے۔ا۔نیک بیوی۔۲۔نیک اولاد۔۳۔ہم خیال اور متقی بھائی۔والدین کے ساتھ نیک سلوک اولاد کا سب سے بڑا فرض ہے۔

نیک اور اچھا طور طریقہ ولادت کی پاکیزگی پر دلالت کرتا ہے۔۱۹؎

نفسیاتی پہلو

اللہ نے انسان کو اولاد کی نعمت عطا فرمائی ہے، بیٹا نعمت ہے تو بیٹی رحمت ہے اور دونوں ہی انسان کے گھر کی رونق اور خوبصورتی ہیں، اولاد کے ذریعے انسان اس دنیا میں تادیر رہتا ہے یعنی اگر وہ اس دنیا سے چلا بھی جائے لیکن اس کی اولاد جو اسی کے وجود کا ایک حصہ ہے وہ دنیا میں اس کے مشن کو آگے بڑھاتی ہے چنانچہ اولاد کی اچھی تعلیم وتربیت والدین پر لازم ہے، نیک اولاد والدین کے لئے صدقہ جاریہ بھی ہیں، تاہم نیک اولاد والدین کے لئے ذہنی سکون کا باعث ہیں جبکہ بری اولاد والدین کے لئے پریشانی، دکھ اور تکلیف کا سبب ہوتی ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ بنی اسرائیل ۔آیت ۔۳۱۔

۴۔سورہ النساء۔آیت ۔۱۱۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت ۔ ۲۳۳۔

۶۔سورہ انعام ۔آیت ۔ ۱۴۰۔

۷۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۸۔المعجم الاوسط ۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔

۹۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۱۰۔المعجم الاوسط ۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔

۱۱۔کنز العمال ۔علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی ۹۷۵ھ)۔مطبوعہ موسسۃ الرسالہ

۱۲۔کنز العمال ۔علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی ۹۷۵ھ)۔مطبوعہ موسسۃ الرسالہ

۱۳۔ الجامع الصغیر۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ دار المعرفہ بیروت ۱۳۹۱ھ۔

۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۶۔النکت والعیون ۔علامہ ابوالحسن علی بن محمد بن حبیب ماوردی شافعی (متوفی ۴۵۰ھ) مطبوعہ دارالکتب۔

۱۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۸۔تفسیر نور الثقلین ۔علامہ الخبیر الشیخ عبدعلی بن جمعہ العروسی الحویزی۔ج۔۲۔ص ۲۲۔مطبوعہ اسماعیلیان ایران قم۔

۱۹۔تجلیات حکمت۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۸۹۔الھدایۃ۔ہدایت

وہ انسان ہدایت یافتہ ہے جو اللہ کی اطاعت کرے اور اپنے گناہوں سے ڈرے۔(حضرت علیؑ)

الھدایۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ھ۔د۔ی) سے مشتق ہے۔

ھدی۔کے بنیادی معانی نمایاں اور روشن کے ہیں۔

ھدی۔سے مراد آگے آگے چلنا یا آگے آگے ہونا۔

ھادیہ۔سے مراد وہ ابھری ہوئی سمندری چٹان جو دور سے نظر آئے۔۲؎

ابن فارس نے ھدی کے دو معانی بیان کئے ہیں۔

۱۔راستہ بتانے کے لئے آگے ہونا۔ ۲۔ھدیہ یعنی تحفہ بھیجنا۔

ھادٍ۔سے مراد ہر شے کے اگلے حصہ کیونکہ اگلا حصہ دور سے سب سے پہلے نظر آتا ہے یہی وجہ ہے کے جانور کی گردن کو عربی زبان میں الھادی کہتے ہیں کیونکہ جانور کی گردن باقی جسم کے مقابلے میں پہلے اور نمایاں ہوتی ہے۔

ھدی۔اس جانور کو بھی کہتے ہیں جو حج کے موقع پر بیت اللہ میں قربانی کو لے جایا جائے اور اس کی عزت وتکریم کی جائے۔

ھدیہ۔اس تحفے کو کہتے ہیں جو بغیر کسی معاوضہ کے دیا جائے یعنی ضرورت سے قبل ہی تحفے میں کسی چیز کا حاصل ہوجانا۔

ھدیٰ۔سے مراد راستے کی پہچان کروانا، راستے کی وضاحت کرنا، راہنمائی کرنا۔

ھدی۔کے ایک معانی رہنما کے بھی ہیں۔۳؎

سیدی ھادٍ۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ایک اسم صفاتی ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

هُوَ الَّذِیۡۤ اَرۡسَلَ رَسُوۡلَهٗ بِالۡهُدٰی وَدِیۡنِ الۡحَقِّ لِیُظۡهِرَهٗ عَلَی الدِّیۡنِ كُلِّهٖ وَلَوۡ كَرِهَ الۡمُشۡرِكُوۡنَ ۔ ۴؎

ترجمہ۔ وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ اس کو ہر دین پر غالب کر دے خواہ مشرکین کو ناگوار ہو۔

هُوَ الَّذِیۡۤ اَرۡسَلَ رَسُوۡلَهٗ بِالۡهُدٰی وَدِیۡنِ الۡحَقِّ لِیُظۡهِرَهٗ عَلَی الدِّیۡنِ كُلِّهٖ وَلَوۡ كَرِهَ الۡمُشۡرِكُوۡنَ ۔ ۵؎

ترجمہ۔ اللہ نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ اس کو تمام ادیان پر غالب کر دے۔

هُوَ الَّذِیۡۤ اَرۡسَلَ رَسُوۡلَهٗ بِالۡهُدٰی وَدِیۡنِ الۡحَقِّ لِیُظۡهِرَهٗ عَلَی الدِّیۡنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیۡدًا ۔ ۶؎

ترجمہ۔ وہی تو ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا تا کہ اسے ہر ایک دین پر غالب کرے، اور اللہ کی شہادت کافی ہے۔

مندرجہ بالا آیت قرآن کریم میں تین مقامات پر بالکل اسی انداز سے نازل ہوئی ہے اور اس آیت میں ایک لفظ تو کجا ایک نقطے کا فرق بھی نہیں ہے جبکہ قرآن کریم میں یہ آیت کسی دوسری پیغمبر کے لئے نازل نہیں کی گئی۔ مندرجہ بالا آیات پر تفکر سے یہ نکتہ واضح ہوا کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ نے دو چیزوں کے ساتھ بھیجا۔

ا۔ الہدیٰ۔ ۲۔ دین حق۔

ا۔ الہدیٰ:

الہدی قرآن کریم میں وسیع ترین معانی میں مستعمل ہوا ہے یعنی کل کائنات میں موجود ہر مخلوق کی ہدایت۔

۲۔ دین حق:

دین اسلام دین حق ہے کیونکہ اس میں سچائی کے سوا کوئی دوسری بات نہیں۔

لَّيْسَ عَلَيْكَ هُدَاهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ۔ ۷؎

ترجمہ۔لوگوں کو ہدایت بخشنے کی ذمہ داری تم پر نہیں ہدایت تو اللہ جسے چاہتا ہے بخشتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کے حکم سے اللہ کے پیغام کو لوگوں تک پہنچایا تاہم جن کے قلوب کو اللہ نے ہدایت کے لئے چنا انھوں نے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہدایت اور رہنمائی سے استفادہ کیا۔

ارشادات خداوندی:

ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ۔ ۸؎

ترجمہ۔(قرآن) یہ اللہ کی کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں ہدایت ہے متقین کے لئے جو غیب پر ایمان لائے۔

قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى۔ ۹؎

ترجمہ۔کہہ دو بے شک ہدایت اللہ ہی کی ہدایت ہے۔

وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيَاتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ۔ ۱۰؎

ترجمہ۔یہ تیرے رب کا سیدھا راستہ ہے، ہم نے نصیحت حاصل کرنے والوں کے لیے آیتوں کو صاف صاف کر کے بیان کر دیا ہے۔

فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ۔ ۱۱؎

ترجمہ۔اللہ چاہتا ہے کہ ہدایت دے تو اس کے سینہ کو اسلام کے قبول کرنے کے لیے کھول دیتا ہے، اور جس کے متعلق چاہتا ہے کہ گمراہ کرے اس کے سینہ کو بے حد تنگ کر دیتا ہے، اگرچہ وہ

آسمان پر چڑھتا ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ ایمان نہ لانے والوں پر پھٹکار ڈالتا ہے۔

یَآاَیُّهَا النَّاسُ قَدۡ جَآءَ کُمۡ بُرۡهَانٌ مِّنۡ رَّبِّکُمۡ وَاَنۡزَلۡنَآ اِلَیۡکُمۡ نُوۡرًا مُّبِیۡنًا ۔

ترجمہ۔اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک دلیل آ چکی ہے اور ہم نے تمہاری طرف ایک واضح روشنی اتاری ہے۔ ۱۲؎

فَاَمَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ وَاعۡتَصَمُوۡا بِهٖ فَسَیُدۡخِلُهُمۡ فِیۡ رَحۡمَةٍ مِّنۡهُ وَفَضۡلٍ وَّیَهۡدِیۡهِمۡ اِلَیۡهِ صِرَاطًا مُّسۡتَقِیۡمًا ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور انھوں نے اسے مضبوط پکڑا تو انہیں وہ اپنی رحمت اور اپنے فضل میں داخل کرے گا اور اپنے تک ان کو سیدھا راستہ دکھائے گا۔

وَیَقُوۡلُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لَوۡلَآ اُنۡزِلَ عَلَیۡهِ اٰیَةٌ مِّنۡ رَّبِّهٖ اِنَّمَآ اَنۡتَ مُنۡذِرٌ وَّلِکُلِّ قَوۡمٍ هَادٍ ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔کافر کہتے ہیں اس کے رب سے اس پر کوئی نشانی کیوں نہیں اتری، تم تو محض ڈرانے والے ہو، اور ہر قوم کے لیے ایک رہبر (ھاد) آتا ہے۔

رَبَّنَا لَا تُزِغۡ قُلُوۡبَنَا بَعۡدَ اِذۡ هَدَیۡتَنَا وَهَبۡ لَنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ ۔ ۱۵؎

ترجمہ۔اے رب ہمارے! جب تو ہم کو ہدایت کر چکا تو ہمارے دلوں کا نہ پھیر اور اپنے ہاں سے ہمیں رحمت عطا فرما، بے شک تو بہت زیادہ دینے والا ہے۔

لَیۡسَ عَلَیۡكَ هُدٰهُمۡ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ یَهۡدِیۡ مَنۡ یَّشَآءُ ۔ ۱۶؎

ترجمہ۔لوگوں کو ہدایت بخشنے کی ذمہ داری تم پر نہیں ہدایت تو اللہ جسے چاہتا ہے بخشتا ہے۔

اِنَّكَ لَا تَهۡدِیۡ مَنۡ اَحۡبَبۡتَ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ یَهۡدِیۡ مَنۡ یَّشَآءُ وَهُوَ اَعۡلَمُ بِالۡمُهۡتَدِیۡنَ ۔ ۱۷؎

ترجمہ۔اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! تم جسے چاہو ہدایت نہیں دے سکتے مگر اللہ جسے چاہے ہدایت دیتا

ہے اور وہ ان لوگوں کو خوب جانتا ہے جو ہدایت قبول کرنے والے ہیں۔

إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا ۔۱۸؎

ترجمہ۔ہم نے (انسان) کو راستہ دکھایا، اب خواہ وہ شکر گزار بنے یا کفر کرنے والا۔

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا وَإِبْرَاهِيمَ وَجَعَلْنَا فِي ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ۔۱۹؎

ترجمہ۔ہم نے نوح اور ابراہیم کو بھیجا اور ان دونوں کی نسلوں میں نبوت اور کتاب رکھ دی پھر ان کی اولاد میں کچھ نے ہدایت اختیار کی اور بہت سے فاسق ہو گئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بخدا اگر تمھارے سبب سے اللہ کسی ایک انسان کو بھی ہدایت دے دے تو یہ تمھارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔۲۰؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! ہدایت اندھے پن کو دور کر دیتی ہے۔

جو انسان پرہیز گاری کا درخت لگاتا ہے وہ انسان ہدایت کا پھل کھاتا ہے۔

اے لوگو! ہدایت کے راستے میں اہل ہدایت کی کمی سے وحشت زدہ نا ہو جانا۔

جسے اللہ کی ہدایت حاصل ہو جاتی ہے وہ اپنے مخالفین سے علیحدہ ہو جاتا ہے۔

جس پر نفسانی خواہشات کا غلبہ ہوتا ہے وہ ہدایت کیسے پا سکتا ہے؟

خوش قسمت ہے وہ انسان جس نے ہدایت کے دروازے بند ہونے سے پیشتر ہی ہدایت حاصل کر لی۔جس نے اللہ کے سوا کسی اور سے ہدایت چاہی وہ گمراہ ہو گیا۔

جو جان لیتا ہے وہ ہدایت پا لیتا ہے۔ہدایت نجات کا ذریعہ ہے۔

ہدایت کے حصول کے لئے اللہ کے مطیع اور ہدایت یافتہ بندوں سے رجوع اور ان کی زیارت کرو اور ولایت رکھنے والوں سے ہدایت طلب کرو۔

تمھارا بہترین دوست وہ ہے جو تمھاری ہدایت کے لئے تمھاری رہنمائی کرے، تقویٰ کی راہ دکھائے اور تمھیں خواہشات نفسانی سے روکے۔

جس نے تقویٰ کو اپنے قلب کا شعار بنالیا وہ ہدایت پالیتا ہے۔

وہ انسان ہدایت یافتہ ہے جو اللہ کی اطاعت کرے اور اپنے گناہوں سے ڈرے۔

جو انسان اپنے آپ اور اپنے امور کو اللہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اولوالامر کے حوالے کردیتا ہے وہ ہدایت پاجاتا ہے۔

جو انسان صبر اور یقین کا لباس زیب تن کرلیتا ہے وہ ہدایت پاجاتا ہے۔۲۱

نفسیاتی پہلو

اللہ نے انسانوں کی ہدایت اور رہنمائی کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر مبعوث فرمائے، جنھوں نے اللہ کے پیغامات کو بنی نوع انسانیت تک پہنچائے تمام الہامی کتابوں، صحائف اور قرآن کریم میں اللہ نے انسانوں کو دین ودنیا میں کامیاب زندگی گزارنے کے اصول بیان فرمائے ہیں جن پر عمل کرکے انسان اللہ کا مقرب اور پسندیدہ بن سکتا ہے۔

ہدایت ایک خوش نصیبی ہے اگر یہ انسانوں کو حاصل ہوجائے تو وہ دنیا کا خوش قسمت ترین انسان بن جاتا ہے، اور ہدایت انسان وک بے شمار مشکلات، بلاؤں، وباؤں اور ہر قسم کی بیماریوں سے بھی محفوظ و مامون رکھتا ہے کیونکہ ہدایت یافتہ افراد اللہ کی رضا میں راضی رہتے ہیں چنانچہ ان کی یہی سعادت مندی ان کو کئی مشکلات سے نکال دیتی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۲۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصریہ۔

۳۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۴۔سورہ التوبہ۔آیت۔۳۳۔

۵۔سورہ توبہ۔آیت۔۳۳۔
۶۔سورہ الفتح۔آیت۔۲۸۔
۷۔سورہ بقرہ۔آیت۔۲۷۲۔
۸۔سورہ بقرہ۔آیت۔۲۔۳۔
۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۲۰۔
۱۰۔سورہ انعام۔آیت۔۱۲۶۔
۱۱۔سورہ انعام۔آیت۔۱۲۵۔
۱۲۔سورہ النساء۔آیت۔۱۷۴۔
۱۳۔سورہ النسا۔آیت۔۱۷۵۔
۱۴۔سورہ رعد۔آیت۔۷۔
۱۵۔سورہ آل عمران۔آیت۔۸۔
۱۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۷۲۔
۱۷۔سورہ القصص۔آیت۔۵۶۔
۱۸۔سورہ الدھر۔آیت۔۳۔
۱۹۔سورہ الحدید۔آیت۔۲۶۔
۲۰۔سنن ابو داؤد۔امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۲۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۵۰۰۔ مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۹۰۔الھدیۃ۔ہدیہ(تحفہ)

سب سے اچھی چیز حاجت کے وقت تحفہ پیش کرنا ہے(حضرت علیؑ)

ھدیۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے،جو(ھ۔د۔ی)سے مشتق ہے۔ا؎
ہدیہ۔عربی زبان میں تحفے کو کہتے ہیں۔

ارشادخداوندی:

وَاِنِّیْ مُرْسِلَۃٌ اِلَیْھِمْ بِھَدِیَّۃٍ فَنٰظِرَۃٌ بِمَ یَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ۔۲؎
ترجمہ۔(بلقیس نے کہا!)بے شک میں ان کی طرف ایک ہدیہ بھیجنے والی ہوں پھر دیکھوں گی کہ سفیر کیا جواب لاتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں!ملکہ بلقیس نے ہدیہ روانہ کیا اور کہا اگر انہوں نے اس ہدیہ کو قبول کرلیا تو وہ بادشاہ ہیں میں ان سے جنگ کروں گی اور اگر انہوں نے اس ہدیہ کو مسترد کردیا تو وہ نبی ہیں میں ان کی پیروی کروں گی،جب بلقیس کے سفیر حضرت سلیمان علیہ السلام کی قریب پہنچے تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے جنات کو حکم دیا کے وہ ان کے محل میں ایک ہزار سونے کی اینٹوں اور ایک ہزار چاندی کی اینٹوں کا فرش بچھادیں،جب اس کے سفیروں نے سونے اور چاندی کا محل دیکھا تو وہ جو سونے کی ایک اینٹ ریشم میں لپیٹ کر تحفہ میں دینے کے لئے لائے تھے وہ ان کو بہت حقیر لگی پھر وہ آپس میں کہنے لگے!اب ہم ایک سونے کی اینٹ کو ہدیہ میں دے کر کیا کریں گے ان کا تو پورا محل ہی سونے اور چاندی کا بنا ہوا ہے۔۳؎

حافظ عمادالدین ابن کثیر متوفی ۷۷۴ھ نے ان روایات کو بیان کرنے کے بعد لکھا ہے!
حضرت سلیمان علیہ السلام نے ملکہ بلقیس کے بھیجے ہوئے تحائف کی جانب کوئی توجہ نہ دی اور

فرمایا! کیا تم مال کے ساتھ میرا مقابلہ کر رہے ہو؟ میں تم لوگوں کو شرک کے حال پر نہیں چھوڑوں گا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو جو ملک، مال اور لشکر عطا کئے ہیں وہ تمہارے سونے اور چاندی سے بہت افضل ہیں اپنے ان تحفوں پر تم ہی خوشی مناؤ میں تم سے اسلام یا تلوار کے سوا اور کسی چیز کو قبول نہیں کروں گا، ان کے پاس واپس جاؤ اور انہیں بتادو کے ہم ضرور ایسے لشکروں کے ساتھ ان پر حملہ کریں گے جن کے مقابلہ کی ان میں طاقت نہیں اور ہم ضرور ان کو ذلیل اور رسوا کر کے وہاں سے نکالیں گے تاہم جب بلقیس کے سفیر بلقیس کے ہدیے لے کر واپس اس کے اپنے لشکر کے ساتھ اطاعت گزار ہو کر حضرت سلیمان علیہ السلام کی طرف روانہ ہوئی جب حضرت سلیمان علیہ السلام کو یہ معلوم ہو گیا کے بلقیس اپنے لشکر کے ساتھ اطاعت کرتے ہوئے ان کے پاس آ رہی ہے تو وہ اس سے خوش ہوئے۔ ۴؎

فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمَانَ قَالَ أَتُمِدُّونَنِ بِمَالٍ فَمَآ ءَاتَىٰنِۦَ ٱللَّهُ خَيْرٌ مِّمَّآ ءَاتَىٰكُم بَلْ أَنتُم بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُونَ۔ ۵؎

ترجمہ۔ پھر جب وہ (سفیر ہدیہ لے کر) سلیمان کے پاس پہنچا تو انہوں نے کہا! کیا تم مال کے ساتھ میری مدد کر رہے ہو۔ اللہ نے جو کچھ مجھے دیا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو اس نے تمہیں دیا ہے بلکہ اپنے ہدیہ پر تم ہی خوش ہوتے رہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

طاء بن ابی مسلم عبداللہ الخراسانی بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ایک دوسرے سے مصافحہ کرو اس سے کینہ دور ہوگا، ایک دوسرے کو ہدیے دو اس سے ایک دوسرے سے محبت کرو گے اور بغض دور ہوگا۔ ۶؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ایک دوسرے کو ہدیہ دو کیونکہ ہدیہ ایک دوسرے کے سینہ سے کینہ کو نکال دیتا ہے اور کوئی عورت اپنی پڑوس کے ہدیہ کو حقیر نہ سمجھے خواہ وہ بکری کے کھر کا ٹکڑا ہوا۔ ۷؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! اگر مجھے بکری کے ایک ہاتھ یا اس کے ایک کھر کی دعوت دی جائے تو میں اس کو قبول کرلوں گا اگر اس کا ہاتھ یا کھر مجھے ہدیہ میں دیا جائے تو میں اس کو قبول کرلوں گا۔ ۸؎

ابو حمید نے کہا، ایلہ کے بادشاہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو سفید خچر اور چادر ہدیہ کی تاہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس کو اس کے شہر کی حکمرانی پر بحال کر دیا کیونکہ اس نے جزیہ دینا منظور کرلیا تھا۔ ۹؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ایک دبیز ریشم کا جبہ ہدیہ کیا گیا، لوگوں کو اس پر تعجب ہوا، آپ نے فرمایا! اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ وقدرت میں محمد کی جان ہے، جنت میں سعد بن معاذ کے رومال اس سے زیادہ خوبصورت ہیں۔ ۱۰؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، مسلمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رضا جوئی کے لئے آپ کو اس دن ہدیہ پیش کرتے تھے جس دن آپ حضرت عائشہؓ کے گھر ہوتے تھے۔ ۱۱؎

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہدیہ قبول فرماتے اور اس کے بدلہ میں ہدیہ عطا فرماتے۔ ۱۲؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! سب سے اچھی چیز حاجت کے وقت تحفہ پیش کرنا ہے۔

بہترین تحفہ نصیحت ہے۔ تحائف سے محبت پروان چڑھتی ہے۔

تین چیزیں انسان کی عقل کا پتا دیتی ہیں۔ ۱۔ پیامبر۔ ۲۔ خط۔ ۳۔ تحفہ۔

تحفے سے بڑھ کر کوئی بھی ایسی چیز نہیں جو بادشاہ کو مہربان، غضبناک کے غصے کو ختم کرنے والی، کسی بھی انسان کو محبوب بنانے والی، مشکل امور کو بخیریت انجام دینے والی اور شر کو دفع کرنے والی ہے۔

انسان کا اپنے دوسرے انسان بھائی کے احترام کے لئے یہ ہی کافی ہے کے وہ اس کے تحفے کو

قبول کرے، اپنے پاس سے بھی اپنے بھائی کو عطا کرے اور اپنے بھائی کے لئے مشکلات پیدا نا کرے۔ ۱۳ ؎

نفسیاتی پہلو

اچھے تحفے میں اتنی قوت ہوتی ہے کے وہ انسان کے غم وغصے کو نا صرف ختم کرسکتا ہے بلکہ اسے مطیع اور مہربان بھی کردیتا ہے، یہی وجہ ہے کے اسلام تحفے کو پسند کرتا ہے اور اسے انسانوں کے درمیان محبت کو بڑھانے کا ایک سبب جانتا ہے، تحفے کے تبادلے سے دلوں کی نفرتوں اور کینے کا بھی خاتمہ ہوجاتا ہے دوسری جانب تحفوں کے تبادلوں سے مشکل امور بھی بخیریت انجام پذیر ہوتے ہیں۔

تحائف کے تبادلے سے لوگوں کے مابین محبت اور خیر سگالی کے جذبات پروان چڑھتے ہیں جبکہ بہترین تحفہ وہ ہے جو حاجت کے وقت پیش کیا جائے۔

تحائف کے انسانی نفسیات پر نہایت مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں اور اچھی ذہنی صحت کے لئے تحائف کے تبادلے ہوتے رہنے چاہئے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ نمل ۔آیت ۔ ۳۵۔

۳۔تفسیر القران العزیز۔امام عبدالرحمن بن محمد بن ادریس بن ابی حاتم رازی۔(متوفی ۳۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ ۱۴۱۷ھ۔

۴۔تفسیر القرآن ۔ حافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر شافعی (متوفی ۷۷۴ھ)۔مطبوعہ ادارہ اندلس بیروت ۱۳۸۵ھ۔

۵۔سورہ نمل۔آیت۔ ۳۶۔

۶۔موطا امام مالک ۔امام مالک بن انس اصبحی (متوفی ۱۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت ۔ ۱۴۰۹ھ۔

۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔
۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔
۱۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔
۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔
۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔
۱۳۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر
تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۹۱۔الاجل۔موت

انسان کا ہر سانس اس کی موت کی جانب ایک قدم ہے (حضرت علیؑ)

موت۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(م۔و۔ت) سے مشتق ہے۔۱؎

موت۔حیات کی ضد ہے۔

موت۔مجازاً سکون کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔

ماتت الریح۔سے مراد ہوا کا رک جانا یا ساکن ہونا۔

ماتتالنار۔سے مراد آگ کا بجھ جانا۔

ماتت الخمر۔سے مراد شراب کا جوش جاتا رہنا۔

ماتت الرجل۔سے مراد وہ سو گیا۔

قرآن کریم میں لفظ موت حیات کے مقابل آیا ہے۔

اجل۔بھی عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ا۔ج۔ل) سے مشتق ہے۔

اجل۔کے معانی وقت مقررہ۔

التاجیل۔سے مراد مدت کا تعین کرنا۔

قرآن کریم میں لفظ اجل موت کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا۔۳؎

ترجمہ۔اللہ کے اذن کے بغیر کسی نفس کے لئے مرنا ممکن نہیں۔

اَيْنَمَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ۔۴؎

ترجمہ۔تم جہاں کہیں بھی ہو موت تم کو پا لے گی خواہ تم مضبوط قلعوں میں ہی کیوں نہ ہو۔

اِنۡ یَّشَاۡ یُذۡهِبۡکُمۡ اَیُّهَا النَّاسُ وَیَاۡتِ بِاٰخَرِیۡنَ ؕ وَکَانَ اللّٰهُ عَلٰی ذٰلِكَ قَدِیۡرًا ۔۵؎

ترجمہ۔اے لوگو! اگر وہ چاہے تو تم سب کو فنا کر دے اور دوسرے لوگوں کو لے آئے اور اللہ اس پر قادر ہے۔

وَاِنۡ تَتَوَلَّوۡا یَسۡتَبۡدِلۡ قَوۡمًا غَیۡرَکُمۡ ثُمَّ لَا یَکُوۡنُوۡۤا اَمۡثَالَکُم ۔٦؎

ترجمہ۔اگر تم حق سے روگردانی کرو گے تو اللہ تمھاری جگہ دوسری قوم کو لے آئے گا پھر وہ تم جیسے نہیں ہوں گے۔

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ ؕ اِنۡ یَّشَاۡ یُذۡهِبۡکُمۡ وَیَاۡتِ بِخَلۡقٍ جَدِیۡدٍ وَمَا ذٰلِكَ عَلَی اللّٰهِ بِعَزِیۡزٍ ۔٧؎

ترجمہ۔اگر اللہ چاہے تو تم سب کو فنا کر دے اور نئی مخلوق پیدا کر دے اور یہ اللہ کے لئے کچھ مشکل نہیں۔

بَشِّرِ الۡمُنَافِقِیۡنَ بِاَنَّ لَهُمۡ عَذَابًا اَلِیۡمًا ۔٨؎

ترجمہ۔منافقین کو خوشخبری دیجئے کہ ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

وَاتَّقُوۡا یَوۡمًا تُرۡجَعُوۡنَ فِیۡهِ اِلَی اللّٰهِ ۔٩؎

ترجمہ۔اس دن سے ڈرو جس دن تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

حضرت وارث علی شاہ فرماتے ہیں! نفوس کو ذَآئِقَةُ الۡمَوۡتِ ہے پر روح کو ذَآئِقَةُ الۡمَوۡتِ نہیں ہے پھر انھوں نے کہا!

قرآن کریم میں ارشاد خداوندی ہے!

کُلُّ نَفۡسٍ ذَآئِقَةُ الۡمَوۡتِ ۔

ترجمہ۔تمام نفوس موت کا مزہ چکھیں گے لیکن قرآن میں یہ نہیں کہا گیا!

کُلُّ روح ذَآئِقَةُ الۡمَوۡتِ ۔١٠؎

حضرت قلندر بابا اولیاء فرماتے ہیں! مشاہداتی آنکھ یہ دیکھتی ہے کہ موت سے خوبصورت کوئی

زندگی نہیں ہے۔ ۱۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! تم میں سے کوئی شخص موت کی تمنا نہ کرے اور نہ موت کے آنے سے پہلے اس کی دعا کرے کیونکہ جب تم میں سے کوئی شخص مرجاتا ہے تو اس کا عمل منقطع ہوجاتا ہے اور مومن کی عمر اس میں نیکی کے سوا کسی اور چیز کو زیادہ نہیں کرتی۔ ۱۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے موت کی تکلیف اور اس کے گلے میں رکنے کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا! یہ تلوار کی تین سو ضربوں کے برابر ہے۔ ۱۳؎

محمود بن لبیدؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! دو چیزوں کو ابن آدم ناپسند کرتا ہے۔ ۱۔ موت کو۔ ۲۔ مال کی کمی کو جبکہ موت فتنہ سے بہتر ہے اور اور مال کی کمی کی وجہ سے حساب بھی کم ہوگا۔ ۱۴؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پڑھنے والوں پر موت کے وقت اور نہ ہی ان کی قبروں میں اور نہ ہی حشر میں ان پر کسی قسم کی وحشت ہوگی۔ ۱۵؎

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! ہر بندے کو قیامت کے دن اسی حالت میں اٹھایا جائے گا جس حالت میں وہ مرا ہے مومن کو اس کے ایمان پر جبکہ منافق کو اس کے نفاق پر۔ ۱۶؎

موت کی موت

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! قیامت کے دن موت کو سرمئی مینڈھے کی صورت میں لایا جائے گا پھر ایک منادی یہ ندا کرے گا! اے اہل جنت اور اہل جہنم دیکھ لو یہ موت ہے کیا تم اس کو پہچانتے ہو؟ وہ سب کہیں گے ہاں اور اس مینڈھے کو

پہچان لیں گے پھر اس مینڈھے کو ذبح کر دیا جائے گا پھر یہ ندا کی جائے گی اے اہل جنت! اب تمھیں دوام ہے پس اب موت نہیں ہے اور اہل دوزخ سے بھی یہی کہا جائے گا۔

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی!

وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ۔ ۱۷؎

ترجمہ۔ آپ ﷺ انھیں حسرت والے دن سے ڈرائے، جب فیصلہ ہو چکا ہوگا، وہ غفلت میں ہیں اور ایمان نہیں لا رہے ہیں بے شک ہم ہی زمین اور اس کے وارث ہیں جو اس پر ہیں اور وہ سب ہماری ہی طرف لوٹائے جائیں گے۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ فرماتے ہیں! تم ہمیشہ رہنے کے لئے پیدا کئے گئے ہو یعنی جنت والے جنت میں اور جہنم والے جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔ ۱۸؎

آپؓ نے فرمایا! جو انسان دنیا چاہتا ہے اس کو موت ڈھونڈتی ہے تاکہ اسے دنیا سے نکال باہر کرے اور جو انسان آخرت چاہتا ہے اسے دنیا ڈھونڈتی ہے تاکہ اس کو اس کی روزی تک پہنچا دیا جائے۔

آپؓ نے فرمایا! مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو موت کو بھول گیا حالانکہ ہر روز وہ مردوں کو دیکھتا ہے۔ جو انسان سب سے زیادہ موت کو یاد کرے گا وہ مختصر دنیا سے بھی راضی رہے گا۔

جس انسان کو موت کا انتظار ہوتا ہے وہ نیکی کے کاموں میں جلدی کرتا ہے۔

موت سے ڈرنے والا موت سے نجات نہیں پا سکتا۔ علم کے ذریعے موت سے ڈرایا جا سکتا ہے۔ تم جنت کے لئے ہو یا جہنم کے لئے تمھارے درمیان صرف موت حائل ہے جیسے وہ آجائے گی تم اپنے اصل مقام میں داخل کر دئے جاؤ گے۔

موت برحق ہے آج یا کل۔

زمین کے اوپر چلنے والے ایک دن زمین کے نیچے چلے جائیں گے یہ رات اور دن عمر انسانی کو

برباد کررہے ہیں۔
لوگ سورہے ہیں یعنی (خواب غفلت) میں ہیں جب مریں گےتو جاگ جائیں گے۔
ہر گھر کا ایک دروازہ ہے اور آخرت کے گھر کا دروازہ موت ہے۔
موت مومن اور کافر دونوں کے لئے اچھی ہے، مومن کے لئے اس لئے اچھی ہے کیونکہ وہ جلدی سے نعمتوں کی جانب بڑھ جائے گا جبکہ کافر کے لئے اس لئے اچھی ہے کیونکہ اس کی وجہ سے اس کا عذاب آخرت کم ہوگا پھر آپؑ نے یہ آیت تلاوت فرمائی! جو کچھ اللہ کے پاس موجود ہے وہ نیک لوگوں کے لئے ہے جس میں اچھائی ہے اور جو کافر ہیں وہ یہ گمان نا کریں کے ہم نے انھیں مہلت دے رکھی وہ مہلت ان کے لئے اچھی ہے بلکہ وہ مہلت انھیں اس لئے دی گئی ہے تا کہ وہ اپنے گناہوں میں مزید اضافہ کریں۔
نیک لوگوں کی موت ان کے لئے راحت اور آسائش ہے۔
موت سے شدید تر وہ درد ہے جس سے نجات کے لئے انسان موت کی آرزو کرتا ہے۔
موت مومن کا تحفہ ہے۔
دنیاوی خواہشات کے پیچھے بھاگنے والے اپنی موت کو بہت کم یاد کرتے ہیں۔
موت کی طرف بلاوا آنے سے قبل اپنی سماعتوں کو موت کی دعوت کی آواز پہنچاؤ۔
موت ایک غافل نگہبان ہے۔موت سے ہر جاندار شے کو گزرنا ہے۔
موت آخرت کی عدالت کی پہلی منزل ہے۔
موت اس دار فانی سے جدائی اور ہمیشہ رہنے والی دنیا کی جانب منتقل ہونا ہے۔
تم سے تمھاری موت تمھارے سایے سے زیادہ نزدیک اور خود تم سے زیادہ تمھاری مالک ہے۔
موت کی یاد دنیاوی اسباب میں آسانی پیدا کرتی ہے۔
جو انسان موت کو یقین کی نظر سے دیکھے گا وہ اسے اپنے آپ سے نزدیک پائے گا۔
موت کی یاد سے دنیا کی سختی آسان ہوجاتی ہے۔

انسان کی موت اس سے پوشیدہ ہے اور اس ی آرزوئیں اور خواہشات اسے مسلسل دھوکہ دے رہی ہیں۔

انسان کے حفاظت کے لئے فرشتے مامور ہیں تاہم جب اس کی موت کا وقت آجاتا ہے تو وہ فرشتے درمیان میں سے ہٹ جاتے ہیں۔موت ایک مضبوط سپر ہے۔

جو انسان اپنی موت اور عاقبت کا مشاہدہ کر لیتا ہے وہ دنیا کی فریب کاریوں سے متنفر ہو جاتا ہے۔

اولیاء اللہ دنیا کے باطن کو دیکھتے ہوئے کل کی تیاری کرتے ہیں جبکہ اہل دنیا، اس فریبی دنیا کے ظاہر کو دیکھ کر اس کے آج کے لئے کوشاں رہتے ہیں۔

تم یقین جانو تم کبھی بھی اپنی خواہشات کو مکمل نا کر پاؤ گے اور نا ہی اپنی اجل سے زیادہ جی پاؤ گے۔نا تم اپنی اجل پر سبقت لے جاسکتے ہو اور نا ہی اپنی تقدیر سے زیادہ رزق حاصل کر سکتے ہو۔اعمال صالح میں جلدی کرو اور اچانک آنے والی موت سے ڈرو۔

بے شک ہر اجل کا ایک وقت مقرر ہے جس سے تجاوز ناممکن ہے۔

اجل انسان کی حفاظت کے لئے کافی ہے۔ہر زندگی کی ایک اجل ہے۔

انسان کا ہر سانس اس کی موت کی جانب ایک قدم ہے۔

صلہ رحمی کے باعث انسان کو رزق میں کشادگی اور لمبی عمر دی جاتی ہے۔

طبعی موت سے زیادہ انسانوں کے مرنے کی بڑی وجہ ان کے گناہ ہیں۔

موت انسان کو پچھاڑ دیتی ہے۔موت ایک مضبوط قلعہ ہے۔

موت انسان کی امیدوں کو منقطع کر دیتی ہے۔

انسان کے سب سے زیادہ قریب اس کی موت ہے۔

موت سب سے زیادہ سچی اور حق بات ہے۔

وقت اور ساعتوں کا گزرنا اجل میں شامل ہے۔

اجل سے زیادہ مضبوط کوئی ڈھال نہیں۔
اگر تم موت کی رفتار کو دیکھ لو تو تم امیدوں سے نفرت کرتے اور کبھی ان کو پورا کرنے میں مصروف نا ہوتے۔۱۹؎

نفسیاتی پہلو

موت ایک اٹل حقیقت ہے چنانچہ عقلمند انسان اس دنیا میں رہتے ہوئے اپنی آخرت کی تیاری کرتا ہے، موت دراصل ایک زون سے دوسرے زون میں جانا ہے تاہم انسان کے اچھے اعمال اس دوسرے زون میں اس کے لئے بہترین جگہ اور نعمتوں کا تعین کرتے ہیں جبکہ برے اعمال بری جگہ کی نشاندہی کرتے ہیں، مومن کے لئے اس کی موت بہترین تحفہ ہے کیونکہ وہ ایک برے مقام سے نعمتوں بھری جنتوں میں داخل کر دیا جائے گا جبکہ کفار، مشرکین اور منافقین کے لئے موت ہلاکت ہے یعنی برا انجام۔
موت کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے مسلمان کو یہ اچھی طرح سے معلوم ہے کے وہ اس دنیا میں ہمیشہ ہمیشہ نہیں رہ سکتا ہے بلکہ اس دنیا میں موجود ہر شے فانی ہے لہٰذا اس کو بھی یہاں کچھ وقت کے لئے بھیجا گیا ہے تا کہ وہ نیک اعمال کر سکے، یہی سوچ انسان کو اللہ سے ملاقات اور نیکیوں کو انجام دینے کی جانب راغب کرتی ہے تاہم انسان کو جب یہ یقین کامل ہوتا ہے کے اس کے اعمال کی باز پرس اگلے جہان میں بھی کی جائے گی تو اس کا رویہ محتاط ہو جاتا ہے اور وہ اپنی زندگی کو گناہوں کی آلودگی سے بچاتا ہے، گناہوں کی آلودگی انسان کو کئی امراض سے محفوظ و مامون رکھتی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ آل عمران ۔آیت ۔ ۱۴۵ ۔
۴۔سورہ النساء۔آیت ۔ ۷۸ ۔
۵۔سورہ النساء۔آیت ۔ ۱۳۳ ۔
۶۔سورہ محمد۔آیت ۔ ۳۸ ۔
۷۔سورہ ابراہیم۔آیت ۔ ۱۹۔ ۲۰ ۔
۸۔سورہ النساء۔آیت ۔ ۱۳۸ ۔
۹۔سورہ البقرہ۔آیت ۔ ۲۸۱ ۔
۱۰۔حضرت وارث شاہ۔اقوال کا دانش کدہ ۔ص ۔ ۱۱۲۔مرتب ۔مجلس ادارہ۔ چناء پبلی کیشنز کراچی ۔ ۲۰۱۲ء
۱۱۔ وقت ۔خواجہ شمس الدین عظیمی ۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی ۔
۱۲۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ) ۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ ۔
۱۳۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ ۔
۱۴۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۔ ۱۳۹۸ھ ۔
۱۵۔ تاریخ بغداد ۔امام ابوبکر احمد بن علی خطیب بغدادی (متوفی ۴۶۳ھ)۔ج ۔ا۔ص ۔ ۲۶۶ ۔
مطبوعہ ادرالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۷ھ ۔
۱۶۔المعجم الاوسط ۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف ۔
ریاض ۱۴۰۵ھ ۔دارالفکر بیروت ۔ ۱۴۲۰ھ ۔
۱۷۔سورہ مریم ۔آیت ۔ ۳۹ ۔
۱۸۔غرر الحکم ۔ص ۔ ۱۳ ۔
۱۹۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران ۔ ۱۴۲۴ھ ۔

۹۲۔الصدقہ۔صدقہ

نزول رزق کو صدقات کے ذریعے طلب کرو۔(حضرت علیؓ)

الصدقہ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ص۔د۔ق) سے مشتق ہے۔[۱]

صدق۔کے معانی سچا۔

صدق۔کا متضاد کذب ہے۔

صدقہ۔سے مراد مال کا وہ سچا حصہ جو انسان نہایت خلوص نیت سے اللہ کی خوشنودی کے لئے اللہ کے بندوں پر خرچ کرتا ہے۔

قرآن کریم میں متعدد مقامات پر اللہ تعالی نے صدقات کی تاکید فرمائی ہے۔

صدقہ۔واجب نہیں ہے لیکن اللہ کے پریشان حال بندوں پر انسان اللہ کی خوشی کی خاطر مال کو خرچ کرتا ہے۔

زکوۃ کی ادائے گی صاحب نصاب پر فرض اور واجب ہے۔

قرآن کریم میں صدقات کا متبادل اور مقابل لفظ ربوا یعنی سود ہے۔[۲]

ارشادات خداوندی:

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۠ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ۔[۳]

ترجمہ۔اے ایمان والو! اپنی کمائی میں سے ستھری چیزیں خرچ کرو اور اس چیز میں سے بھی جو ہم نے تمہارے لیے زمین سے پیدا کی ہے، اور اس میں سے ردی چیز کا ارادہ نہ کرو کہ اس کو خرچ کرو حالانکہ تم اسے کبھی نہ لو مگر یہ کہ چشم پوشی کر جاؤ، اور سمجھ لو کہ بے شک اللہ بے پروا

تعریف کیا ہوا ہے۔

اَلَمْ یَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ ھُوَ یَقْبَلُ التَّوْبَۃَ عَنْ عِبَادِہٖ وَیَاْخُذُ الصَّدَقَاتِ وَاَنَّ اللّٰہَ ھُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ۔۴؎

ترجمہ۔کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور صدقات لیتا ہے اور بے شک اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

یَمْحَقُ اللّٰہُ الرِّبٰوا وَیُرْبِی الصَّدَقَاتِ وَاللّٰہُ لَا یُحِبُّ کُلَّ کَفَّارٍ اَثِیْمٍ۔۵؎

ترجمہ۔اللہ سود کو مٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا رہتا ہے، اور اللہ کسی ناشکرے گناہگار کو پسند نہیں کرتا۔

اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاکِیْنِ وَالْعَامِلِیْنَ عَلَیْھَا وَالْمُؤَلَّفَۃِ قُلُوْبُھُمْ وَفِی الرِّقَابِ وَالْغَارِمِیْنَ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَابْنِ السَّبِیْلِ فَرِیْضَۃً مِّنَ اللّٰہِ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ۔۶؎

ترجمہ۔صدقات فقیروں کا، مساکین کا، عاملین زکوۃ کا،نومسلموں کی دل جوئی، قیدیوں کی گردنیں چھڑانے، مقروض کے لئے، اللہ کی راہ میں جہاد (فی سبیل اللہ) کے لئے اور یہ مسافروں کا حق ہے یہ اللہ کی طرف سے ٹھہرایا ہوا ہے، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِیْنَ اُحْصِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ ضَرْبًا فِی الْاَرْضِ یَحْسَبُھُمُ الْجَاھِلُ اَغْنِیَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ تَعْرِفُھُمْ بِسِیْمَاھُمْ لَا یَسْاَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَیْرٍ فَاِنَّ اللّٰہَ بِہٖ عَلِیْمٌ۔۷؎

ترجمہ۔خیرات ان حاجت مندوں کے لیے ہے جو اللہ کی راہ میں رکے ہوئے ہیں ملک میں چل پھر نہیں سکتے، ناواقف ان کے سوال نہ کرنے سے انہیں مال دار سمجھتا ہے، تو ان کے چہرے سے پہچان سکتا ہے، لوگوں سے لپٹ کر سوال نہیں کرتے، اور جو کام کی چیز تم خرچ کرو گے بے شک وہ اللہ کو معلوم ہے۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۨالَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ كَلَّا لَيُنْبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ۔۸؎

ترجمہ۔ ہر طعنہ دینے والے اور غیبت کرنے والے کے لئے تباہی ہے جس نے مال جمع کیا اور اس کو گن گن کر رکھا وہ گمان کرتا ہے کے وہ مال اس کو ہمیشہ زندہ رکھے گا ہرگزنہیں، وہ چورا چورا کرنے والی میں ضرور پھینک دیا جائے گا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا جانیں کہ چورا چورا کرنے والی کیا ہے؟ وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے، جو دلوں پر چڑھ جائے گی،

بے شک وہ ان پر ہر طرف سے بند کی گئی ہوگی بھڑکتے ہوئے شعلوں کے ستونوں میں۔

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۔۹؎

ترجمہ۔نماز پڑھتے رہو اور زکوۃ ادا کرتے رہو اور اللہ کو اچھا قرض دو۔

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۔۱۰؎

ترجمہ۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سائل کو مت جھڑکیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! زکوۃ سے اپنے اموال کی حفاظت کرو اور صدقات سے اپنے بیماروں کی دوا کرو اور مصائب کے لئے دعا کو تیار رکھو ۔۱۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب آدمی ثواب کی نیت سے اپنے اہل وعیال پر خرچ کرتا ہے تو وہ بھی اس کے لئے صدقہ ہے۔۱۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! فقیر کی ہتھیلی پر آنے سے پہلے صدقہ رحمٰن کے ہاتھ میں آتا ہے۔۱۳؎

عطار بن یسارؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کسی غنی کے لئے صدقہ لینا جائز

نہیں۔مگر پانچ کے لئے۔

۱۔ جو اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا ہو۔

۲۔ یا وہ صدقہ جس کو وصول کرنے والا عامل ہو۔

۳۔ یا مقروض ہو۔

۴۔ یا جس نے صدقہ کو اپنے مال سے خرید لیا ہو۔

۵۔ یا جس شخص کا کوئی مسکین پڑوسی ہو اور اس پر کوئی چیز صدقہ کی گئی ہو اور وہ مسکین غنی کو وہ چیز ہدیہ کردے۔ ۱۴؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص بھی کسی پاک چیز کو صدقہ کرتا ہے اور اللہ کسی پاک چیز کے سوا کسی اور چیز کو قبول نہیں کرتا تو رحمٰن اس کو اپنے ہاتھوں میں لے لیتا ہے خواہ وہ ایک کھجور ہی کیوں نہ ہو پھر وہ کھجور رحمٰن کے ہاتھ میں بڑھتی رہتی ہے حتیٰ کے وہ پہاڑ سے بھی زیادہ بڑی ہوجاتی ہے جیسا کے تم میں سے کوئی شخص اپنے گھوڑے یا اس کے بچھڑے کو بڑھاتا رہتا ہے۔ ۱۵؎

ترمذی کی ایک دوسری روایت میں ہے! ایک لقمہ بھی پہاڑ جتنا ہوجاتا ہے اور اس کی تصدیق اللہ کی کتاب میں ہے۔ ۱۶؎

أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَأْخُذُ الصَّدَقَاتِ وَأَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۔ ۱۷؎

ترجمہ۔ کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور صدقات لیتا ہے اور بے شک اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبَا وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ ۔ ۱۸؎

اور اللہ سود کو مٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا رہتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا! کون سا صدقہ

سب سے زیادہ افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا! تنگ دست کی کمائی پھر فرمایا! اپنے عیال سے ابتدا کرو۔۱۹۔

حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئیں تو آپ ﷺ نے ان سے فرمایا! تم اپنی تھیلی کا منہ بند نہ کرنا، ورنہ اللہ تعالی بھی اپنے خزآنے کا منہ تم پر بند کردے گا ۔تم جس قدر بھی خرچ کرسکتی ہو خرچ کیا کرو۔۲۰۔

حضرت عقبہ بن عامرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! صدقہ، صدقہ دینے والوں کی قبروں سے گرمی کو دور کرتا ہے اور مسلمان قیامت کے دن صرف اپنے صدقے کے سایے میں ہوگا۔۲۱۔

حضرت عمرو بن عوفؓ بیان کرتے ہیں، مسلمان کا صدقہ عمر میں زیادتی کرتا ہے، بری موت کو دور کرتا ہےاور اللہ اس کی وجہ سے تکبر اور فخر کو دور کرتا ہے۔۲۲۔

حبان بن ابی جمیلہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو صدقہ سب سے زیادہ سرعت کے ساتھ آسمان پر چڑھتا ہے وہ یہ ہے کے انسان بہت عمدہ کھانا تیار کرے اور پھر اپنے مسلمان بھائیوں کو کھلائے ۔۲۳۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا! اسلام کے کون سے حکم پر عمل کرنا سب سے زیادہ افضل ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! تم جس شخص کو پہچانتے ہو یا نہ پہچانتے ہو اس کو کھانا کھلاؤ اور سلام کرو۔۲۴۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب تمھارے گناہ زیادہ ہوں پانی کے گھاٹ پر لوگوں کا پانی پلاؤ تمھارے گناہ اس طرح سے جھڑ جائیں گے جس طرح سے تیز آندھی سے درخت کے پتے گرتے ہیں۔۲۵۔

حضرت سعد بن عبادہؓ بیان کرتے ہیں، انھوں نے عرض کیا! یا رسول اللہ ﷺ سعد کی والدہ فوت ہوگئیں، کس چیز کا صدقہ کرنا افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا! پانی کا تو حضرت سعدؓ

نے پانی کا کنواں کھدوایا اور کہا! یہ سعد کی ماں کے لئے ہے۔۲۶؎

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! جس جگہ پانی دستیاب ہو اور وہاں کسی شخص نے کسی مسلمان کو ایک گھونٹ پانی پلایا تو گویا اس نے ایک غلام آزاد کر دیا اور جس جگہ پانی دستیاب نہ ہو اور وہاں کسی شخص نے کسی مسلمان کو پانی پلایا تو گویا اس نے اس مسلمان کو زندہ کی۔۲۷؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! اگر کوئی مسلمان درخت لگاتا ہے اور اس درخت سے کوئی انسان یا جانور کھاتا ہے تو لگانے والے والے کے لئے وہ درخت صدقہ ہے۔۲۸؎

حضرت اسماؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! خیرات کو مت روکو ورنہ تمھارا رزق بھی روک لیا جائے گا۔۲۹؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جب ہر درجہ تنگ دست ہو جاؤ تو صدقات کے ذریعے تجارت کرو۔ نزول رزق کو صدقات کے ذریعے طلب کرو۔

صدقات نجات دینے والی دوا ہے اور یہ آخرت میں آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔

اپنے ایمان کو صدقات کے ذریعے محفوظ کرو۔

چار چیزیں انسان کو جنت کی طرف بلاتی ہیں۔

۱۔ اپنی مصیبت کو چھپانا۔

۲۔ پوشیدہ طور پر صدقہ کرنا۔

۳۔ والدین کے ساتھ نیکی کرنا۔

۴۔ بکثرت لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پڑھنا۔

پوشیدہ صدقات انسان کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

تین چیزیں انسان کو اللہ سے ملا دیتی ہیں ۔

۱۔ کثرت استغفار۔

۲۔ انکساری۔

۳۔ کثرت صدقہ۔

صدقہ بلاؤں اور سزاؤں کو دفع کرتا ہے۔ صدقات بہترین ذخائر ہیں۔

صدقات انسان کو برے مقامات سے بچالیتا ہے۔

صدقات کے ذریعے موت کے معین وقت کو بڑھایا جاسکتا ہے۔

دولت کی برکات صدقات میں ہیں۔

پوشیدہ صدقات انسان کے گناہوں کو چھپا دیتا ہے۔

اعلانیہ صدقات انسان کو بری موت سے بچالیتا ہے۔ ۳۰ ؎

نفسیاتی پہلو

صدقات سے مراد ہر وہ سچا عمل جس کے ذریعے انسان اللہ کی خوشنودی اور جنت کو حاصل کرتا ہے تاہم صدقات علم، مال، لباس، عمل یا نیکی کی شکل میں ہوسکتے ہیں، اللہ یہ چاہتے ہیں کے اللہ کے بندے دنیا میں اطمینان اور خوشی کے ساتھ زندگی بسر کریں جبکہ مال صرف امیروں تک محدود نا رہے بلکہ اس کی گردش معاشرے میں ہوتی رہے تاکہ ضرورت مند افراد بھی اس مال سے فائدہ اٹھاسکیں تاہم جب انسان اللہ کی خوشنودی کے لئے اللہ کی راہ میں اللہ کا دیا ہوا مال و دولت خرچ کرتا ہے تو اللہ کو ایسے بندے بہت پسند آتے ہیں اور اللہ اپنے بندوں کی اس نیکی کے بدلے میں ان کی زندگی کی بے شمار مشکلات، گناہ، بیماری اور پریشانی کو دور فرماتے ہیں جبکہ اس پر موت، قبر اور قیامت کی سختیوں کو بھی آسان کر دیا جاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۶۷۔

۴۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۱۰۴۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۷۶۔

۶۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۶۰۔

۷۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۷۳۔

۸۔سورہ الھمزہ۔۱۔۹۔

۹۔سورہ مزمل۔آیت۔ ۲۰۔

۱۰۔سورہ الضحیٰ۔آیت۔ ۱۰۔

۱۱۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۳۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۴۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

۱۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۶۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۷۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۱۰۴۔

۱۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۷۶۔

۱۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۱۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۲۲۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۲۳۔کنز العمال ۔علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی ۹۷۵ھ)۔مطبوعہ موسسۃ الرسالہ

۲۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۵۔تاریخ بغداد۔امام ابوبکر احمد بن علی خطیب بغدادی (متوفی ۴۶۳ھ)۔مطبوعہ ادرالکتب العلمیہ بیروت
۲۶۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۲۷۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔
۲۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔

۹۳۔الاستقامۃ۔استقامت:

بہترین کامیابی دین میں استقامت ہے (حضرت علیؑ)

الاستقامۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ق۔و۔م) سے مشتق ہے۔ا؎
قام یا قیاماً۔کے معانی کھڑا ہونا، متوازن، کسی معاملے میں اعتدال کا ہونا۔
اقام۔سے مراد درست، سیدھا۔
استقامت۔سے مراد صبر، جب صبر طویل ہوجاتا ہے تو وہ استقامت میں بدل جاتا ہے۔
استقامت۔سے مراد متوازن، محکم، رک جانا، کسی جگہ ٹھہر جانا، درست اور سیدھا ہونا۔
اتقام الامر۔سے مراد کسی معاملے کا معتدل اور متوازن ہونا۔
مستقیم۔سے مراد معتدل، متوازن، ٹھیک ٹھیک توازن اور تناسب کے ساتھ۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ۔۳؎
ترجمہ۔تمہارے دلوں کو ڈھارس بندھائے اور اس کے ذریعہ تمہارے قدم جما دے۔
اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ ۔۴؎
ترجمہ۔(اور یاد کیجیے) جب آپ ﷺ کے رب نے فرشتوں کی طرف وحی کی کہ میں تمہارے ساتھ ہوں تو تم مومنوں کو ثابت قدم رکھو۔
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۔۵؎
ترجمہ۔اے ایمان والو! جب تمہارا مخالف فوج سے مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کا بہ

کثرت ذکر کرو تا کہ تم کامیاب ہو۔

يَآ اَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ۚ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ-٦ ؎

ترجمہ۔اے نبی (مکرم !) مومنین کو قتال پر برانگیختہ کیجئے ، اگر تم میں سے بیس صبر کرنے والے ہوں تو وہ دوسو پر غالب آجائیں گے، اور اگر تم میں سے ایک سو صبر کرنے والے ہوں تو وہ ایک ہزار کافروں پر غالب آجائیں گے کیونکہ وہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے۔

اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ۚ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ مَعَ الصَّابِرِيْنَ-٧ ؎

ترجمہ۔اب اللہ نے تم سے تخفیف کردی ہے اور اسے معلوم ہے کے تم میں کمزوری ہے، پس اگر تم میں سے ایک سو صبر کرنے والے ہوں تو وہ دوسو کافروں پر غالب آجائیں گے اور اگر تم میں سے ایک ہزار صبر کرنے والے ہوں تو وہ اللہ کے اذن سے دو ہزار کافروں پر غالب آجائیں گے اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ! بندے کی آزمائش اس کے دین کے مطابق ہوتی ہے اگر وہ دین میں سخت اور پختہ ہے تو آزمائش بھی سخت ہوگی اور اگر دین میں نرم اور ڈھیلا ہے تو مصیبت بھی اس انداز سے نرم ہوگی ۔مصیبتوں سے بندے کے گناہوں کا کفارہ ہوتا رہتا ہے یہاں تک کے بندہ روئے زمین پر اس حال میں چلتا ہے کے اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا ۔٨ ؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سات ہلاک کرنے والی چیزوں سے اجتناب کرو، پوچھا گیا ! یا رسول اللہ ! وہ کون کون سی چیزیں ہیں، آپ نے

فرمایا! ا۔ اللہ کا شریک بنانا۔ ۲۔ جادو کرنا۔ ۳۔ جس شخص کے قتل کو اللہ نے حرام کر دیا ہے اس کو ناحق قتل کرنا۔ ۴۔ یتیم کا مال کھانا۔ ۵۔ سود کھانا۔ ۶۔ جنگ کے دن دشمن سے پیٹھ پھیرنا۔ ۷۔ بھولی بھالی پاک دامن مسلمان عورتوں کو بدکاری کی تہمت لگانا۔ ۹؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے جنگ صفین کے موقع پر فرمایا! میں تم سب کو ایک ایسے واضح راستے کی جانب لے آیا ہوں جہاں جس نے استقامت اختیار کر لی وہ جنت کے راستے پر ہوگا اور جس کے قدم ڈگمگا گئے وہ جہنم واصل ہو جائے گا۔

سلامتی استقامت کے ساتھ ہے۔ استقامت عقل کا ثمر ہے۔

بہترین کامیابی دین میں استقامت ہے۔

استقامت اختیار کرنے والے انسان کے لئے کرامات منتظر اور ملامت اس سے بہت دور رہتی ہیں۔ استقامت سے زیادہ محفوظ کوئی دوسرا مسلک نہیں۔

جسے سلامتی درکار ہوتی ہے وہ اپنے لئے استقامت کو لازم قرار دیتا ہے۔

استقامت سے بہتر کوئی راستہ نہیں۔ ۱۰؎

نفسیاتی پہلو

صبر جب طویل ہو جاتا ہے تو وہ استقامت میں بدل جاتا ہے، چنانچہ صبر وتحمل سے زندگی کی مشکلات کو سہنے والے انسان اور پریشانیوں میں اپنے اعصاب پر قابو پانے والے افراد اللہ کے پسندیدہ بندے ہیں، صبر استقامت شرفاء اور علم والوں کا شیوہ اور عادت ہے،

جہاں تک استقامت کے نفسیاتی پہلو کا تعلق ہے تو صبر واستقامت ایک ایسی سواری ہے جس کا سوار کبھی نا گرتا ہے اور نا ہی ذلیل ورسوا ہوتا ہے کیونکہ صبر استقامت اللہ کا نور ہے اور جو بندہ اس صفت کو اپناتا ہے گویا وہ اللہ کی رضا میں راضی ہو کر اللہ کے نظام میں شامل اور قائم ہوتا ہے دوسری جانب صابر اور مستقیم انسان ہر اعتبار سے اچھی دماغی، ذہنی، جسمانی اور نفسیاتی

صحت کا مالک ہوتا ہے اور زندگی کی مشکلات ،لوگوں کے برے رویے کو نہایت تحمل سے برداشت اس کے اندر ایک نئی قوت اور سکت کو جنم دیتی ہے جو اس کو مضبوط اور توانا کرتی ہے تاہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! انسان پر اس کے ایمان کی مضبوطی کے بقدر مشکلات نازل کی جاتی ہیں اور ان مشکلات میں مبتلا کرنے کا اصل مقصد اس انسان کو مضبوط و طاقتور کرنے کے علاوہ اس کو کسی بڑے کام کے لئے تیار کرنا بھی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ انفال۔آیت۔۱۱۔

۴۔سورہ انفال۔آیت۔ ۱۲۔

۵۔سورہ انفال۔آیت۔ ۴۵۔

۶۔سورہ انفال۔آیت۔ ۶۵۔

۷۔سورہ انفال۔آیت۔ ۶۶۔

۸۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔

۹۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔ ۱۴۱۷ھ۔

۱۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۳۰۔ مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۹۴۔التجربہ۔تجربہ

ہر انسان کی رائے اس کے تجربات جتنی ہوگی۔(حضرت علیؓ)

التجارب۔عربی زبان کا لفظ ہے۔

تجربہ۔سے مراد انسان کا وہ علم جو اسے مختلف امور کی انجام دہی کے ذریعے حاصل ہوا۔ا؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد:

مومن کبھی ایک سوراخ سے دو دفعہ نہیں ڈسا جاتا۔۲؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جو انسان بلاؤں اور مصیبتوں کے ذریعے تجربہ حاصل نہیں کرتا اس انسان کو کوئی دوسری چیز نصیحت نہیں کرسکتی۔

عقلمند انسان وہ ہے جو اپنے تجربات کو یاد رکھتا ہے۔

بہترین تجربہ وہ ہے جس سے تم نے کوئی نصیحت حاصل کی۔

کسی شفیق اور تجربہ کار عالم کی نافرمانی بعد میں حسرت وندامت کا سبب بنتی ہے۔

جو دنیا کے تجربات سے مستفید ہوگیا وہ کامیاب ہوگیا۔

بدبخت ہے وہ انسان وج عقل اور تجربات سے استفادہ نا کرے

تجربات کی حفاظت توفیق الٰہی سے ممکن ہے۔

عقلمند ہے وہ انسان جسے تجربات نصیحت کریں۔

عقلمندی تجربات کی محافظ ہے۔تجربات میں علم جدید پوشیدہ ہے۔

عقل انسانی کے مزاج کی اصلاح تجربات کے ذریعے ممکن ہے۔تم پر لازم ہے کے تم تجربہ کار لوگوں کے ساتھ اٹھو بیٹھو۔تجربات کبھی ختم نہیں ہوتے اور عقلمند ان میں ہر روز اضافہ کرتا

چلا جاتا ہے۔تجربات انسان کی کمائی ہوئی عقل ہے۔
تجربات کے ذریعے حاصل شدہ علم ماہر طبیب سے بھی زیادہ حاذق محکم اور قابل اعتماد ہے۔
تجربات کا پھل عبرت ہے۔
دور اندیش انسان وہ ہے جو اپنے تجربات کو یاد رکھتا ہے۔
عقلمند انسان وہ ہے جو تجربات کے ذریعے سیکھتا ہے اور حوادث اس کو مہذب بناتے ہیں۔
تجربات کو یاد رکھنا عقل کا سرمایہ ہے۔
ہر انسان کی رائے اس کے تجربات جتنی ہوگی۔
تجربات کے نتیجے میں انسان بہترین تک رسائی حاصل کر لیتا ہے۔
تجربات انسان کے علم اور دور اندیشی میں اضافہ کا سبب ہیں۔
جو انسان اپنے تجربات کے ذریعے مستحکم ہوجاتا ہے وہ دنیا کی تباہ کاریوں سے محفوظ ہوجاتا ہے
تجربہ کار انسان کم دھوکا کھاتا ہے۔
تجربات انسان کی تربیت کے لئے کافی ہیں۔
ہر تجربہ میں ایک نصیحت مضمر ہوتی ہے۔
عقلمندوں کی نصیحت کے لئے ان کے تجربات ہی کافی ہیں۔ ۳؎

نفسیاتی پہلو

تجربات انسان کا علم ہیں اور عقلمند انسان اپنے تجربات سے سیکھتے ہیں تاہم علم کی ایک شکل وہ ہے جو کتابوں میں درج ہے جبکہ علم کی دوسری شکل انسان کے تجربات ہیں، تجربہ کار انسان کی رائے مستند ہوتی ہے کیونکہ اس نے اس کام کا تجربہ حاصل کر کے اس کو سیکھ کر جان لیا۔
نفسیاتی اعتبار سے تجربات انسان کے اچھے معلم ہیں اور جو انسان اپنے تجربات سے سیکھتا ہے وہ گویا زمانے کے حوادث سے عبرت حاصل کرتا ہے، تجربات انسان کی تربیت اور نصیحت کرتے ہیں چنانچہ تجربہ کار انسان دنیا کے دھوکے میں کم آتا ہے۔

امیر المومنین حضرت علیؑ فرماتے ہیں! تجربات کے ذریعے انسان بہترین تک رسائی حاصل کر لیتا ہے جبکہ یہی تجربات انسان کے علم اور دور اندیشی میں اضافہ کا سبب ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۳۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۸۰۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۹۵۔التدبیر۔تدبیر

تدبیر جیسی کوئی عقلمندی نہیں (حضرت علیؑ)

تدبیر۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (د۔ب۔ر) سے مشتق ہے۔ا؎

دبر۔کے معنی کسی بات کا انجام۔

دبر۔کی جمع ادبار ہے۔

ادبار النجوم۔سے مراد آخری شب ستاروں کا ڈوبنا۔

الدابر۔سے مراد ہر چیز کا آخر، اس کی اصل اور اس کی بنیاد۔

التدبیر۔التدبر۔سے مراد کسی بھی معاملے کے انجام کو دیکھنا۔

التدبیر۔سے مراد معاملے کے ہر پہلو پر غور وفکر کرنا۔

تدبیر۔سے مراد نہایت نظم ونسق اور فہم وفراست سے معاملات کو حل کرنا۔۲؎

ارشادات خداوندی:

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ۔۳؎

ترجمہ۔وہ آسمان سے لے کر زمین تک ہر کام کی تدبیر کرتا ہے پھر اس دن بھی جس کی مقدار تمہاری گنتی سے ہزار برس ہوگی وہ انتظام اس کی طرف رجوع کرے گا۔

مجاہد بیان کرتے ہیں! اللہ تعالیٰ ایک ہزار سال کی تدبیریں فرشتوں کو القاء فرما دیتے ہیں اور یہ اللہ کے نزدیک ایک دن ہے پھر جب فرشتے ان کو انجام دے کر فارغ ہو جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ انہیں آئندہ ایک ہزار سال کی تدبیریں القا فرماتے ہیں۔

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۔ ۴؎

ترجمہ۔ وہ قرآن میں غور کیوں نہیں کرتے ؟

فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۔ ۵؎

ترجمہ۔ پھر ان کی قسم جو (نظام کائنات کی) تدبیر کرنے والے ہیں۔

المدبرات کے مصداق میں اقوال مفسرین

امام الحسین بن مسعود الفرا البغوی (متوفی ۶۱۵ھ) اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں !

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا ! المدبرات امرا سے مراد فرشتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے چند امور ان کے سپرد کر دیئے ہیں پھر اللہ تعالیٰ نے جس طرح ان کو حکم دیا ہے وہ اس کے مطابق عمل کرتے ہیں۔ ۶؎

عبدالرحمان بن سابط نے کہا ! دنیا میں نظام عالم کی تدابیر چار فرشتے کرتے ہیں۔

۱۔ حضرت جبریل علیہ السلام۔

۲۔ حضرت میکائیل علیہ السلام ۔

۳۔ عزرائیل علیہ السلام (ملک الموت)۔

۴۔ اور حضرت اسرافیل علیہ لسلام۔

۱۔ حضرت جبریل علیہ السلام کے سپرد وحی لانا ، ہواؤں کے چلنے کا نظام اور لشکر ہیں۔

۲۔ حضرت میکائیل علیہ السلام کے ذمہ د بارش ، زمین کی پیداوار اور نباتات کا نظام ہے۔

۳۔ حضرت عزرائیل علیہ السلام (ملک الموت) کے ذمہ روحوں کو قبض کرنا ہے۔

۴۔ حضرت اسرافیل علیہ السلام کے سپرد صور پھونکنا ہے تاہم وہ بغیر کسی اہم امر کے زمین پر نازل نہیں ہوتے۔ ۷؎

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ۔ ۸؎

ترجمہ۔ اور رات کے کچھ حصہ میں بھی اس کی تسبیح کیجئے۔

حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت حسنؓ بن علیؓ اور تابعین میں سے حسن بصری، نخعی، شعبی، اوزاعی اور زہری نے کہا! نمازوں کے بعد تسبیح پڑھنے سے مراد ہے مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت نماز پڑھنا اور ادبار النجوم (ستاروں کے ڈوبنے کے بعد سے مراد) نماز فجر سے پہلے دو رکعت نماز پڑھنا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مغرب کے بعد دو رکعت نماز پڑھنا ادبار السجود ہے۔ ۹؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، میں ایک رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر تھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز فجر سے پہلے دو رکعت نماز پڑھی پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز فجر پڑھنے مسجد چلے گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اے ابن عباس! نمازِ فجر سے پہلے دو رکعت نماز پڑھنا ادبار النجوم ہے اور مغرب کے بعد دو رکعت نماز پڑھنا ادبار السجود ہے۔ ۱۰؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! تدبیر جیسی کوئی عقلمندی نہیں۔
کسی بھی کام سے قبل غور و فکر کر لینا تمھیں ندامت سے بچالے گا۔
تنگ دستی میں حسن تدبیر، زیادہ مال و دولت میں اسراف سے کہیں بہتر ہے۔
اس کے پاس کوئی دولت نہیں جس کے پاس حسن تدبیر نہیں۔
اپنے امور کی انجام دہی سے قبل عمدہ تدابیر تمھیں ہلاکت اور لغزشوں سے بچالیں گی۔
سب سے زیادہ عقلمند انسان کی عقل کی سب سے بڑی دلیل معاملات میں حسن تدبیر۔
بدتدبیری فقر کی کنجی ہے۔ بدتدبیری بربادی کا سبب ہے۔
حسن تدبیر تھوڑے مال کو بھی بڑھا دیتی ہے لیکن بدتدبیری کثیر مال کو بھی فنا کر دیتی ہے۔
جس کی تدابیر خراب ہوں گی اس انسان کی ہلاکت بھی اسی سبب ہوگی۔

جس کی تدابیر خراب ہوں گی اس کی بہت جلد بربادی ہوگی۔
حسن تدبیر کی موجودگی میں فقیری ممکن نہیں۔۱۱؎

نفسیاتی پہلو

تدبیر سے مراد غور وفکر اور معاملے کا ہر پہلو سے تجزیہ ہے، اللہ نے انسان کو دنیا میں بہترین صلاحیتوں، علم، عقل، اختیار اور ارادے کے ساتھ بھیجا ہے چنانچہ انسان کو بھی اپنی شرف اور بزرگی کو پیش نظر رکھتے ہوئے تمام معاملات میں تدبر، تفکر، علم، عقل اور تدبیر سے کام لینا چاہئے اور جو انسان عقل وتدبیر سے کام لیتا ہے وہ ہلاکت اور لغزشوں سے بچ جاتا ہے۔
امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! حسن تدبیر تھوڑے مال کو بھی بڑھا دیتی ہے لیکن بدتدبیری کثیر مال کو بھی فنا کر دیتی ہے۔
عمدہ تدبیر کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے انسان جب معاملات کو بہتر طریقے سے حل کرتا ہے تو اس کو ذہنی اور دماغی سکون حاصل ہوتا ہے جبکہ مشورے کی بدولت وہ اور زیادہ محفوظ ہو جاتا ہے چنانچہ علم، عقل اور تدبیر سے انسان بے شمار مسائل اور مشکلات سے بہ احسن وخوبی نبرد آزما ہو جاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ السجدہ۔آیت۔۵۔
۴۔سورہ النساء۔آیت۔۸۲۔
۵۔سورہ النزعٰت۔آیت۔۵۔
۶۔معالم التنزیل۔امام ابومحمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (متوفی ۵۱۶ھ)۔
مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۴ھ۔

۷۔معالم التنزیل ۔امام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (متوفی ۵۱۶ھ)۔ج۔۵۔ص۔۵۰۲۔
مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۸۔سورہ ق۔آیت۔۴۰
۹۔الکشف والبیان۔علامہ ابو اسحاق بن محمد بن ابراہیم۔ج۔۹۔ص۔۱۰۷۔داراحیاء التراث العربی،
بیروت۔۱۴۲۲ھ۔
۱۰۔سنن ترمذی۔امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر
تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۹۶۔الاقتصاد۔میانہ روی

میانہ روی میں کوئی گھاٹا نہیں (حضرت علیؑ)

الاقتصاد۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ق۔ص۔د) سے مشتق ہے۔[۱]
قصد۔کے معنی ارادہ کرنا، توجہ کرنا یا کسی چیز کی جانب بڑھنا اور اس کے لئے کھڑے ہوجانا
القصد فی الامر۔سے مراد کسی معاملے میں میانہ روی اور اعتدال اختیار کرنا۔
قصد فلان فی مشیۃ۔سے مراد اس نے اپنی رفتار میں میانہ روی اختیار کی۔
سفراً قاصداً۔سے مراد معتدل سفر۔
اقتصد فی امر۔سے مراد وہ اپنے معاملات میں نہایت مستقیم، معتدل اور میانہ رو ہے۔
القصد۔سے مراد راستے کا سیدھا اور واضح ہونا۔
اقتصاد دو طرح کا ہوتا ہے۔۱۔محمود۔۲۔مذموم۔
اقتصاد۔سے مراد محمود اور مذموم کے درمیان کی راہ کو اختیار کرنا میانہ روی کہلاتی ہے۔[۲]
اقتصاد۔سے مراد مثلاً ایک شخص بہت اسراف کرتا ہے اور دوسرا شخص نہایت کنجوس ہے تاہم ان دونوں کے مابین ایک درمیانی راستے کو اختیار کرنا میانہ روی کہلاتا ہے۔
دوسری مثال یہ ہے کہ ایک جانب عدل ہے اور دوسری جانب ظلم ہے یعنی ایک شخص مکمل عدل بھی نہیں کرتا لیکن دوسری جانب وہ ظالم سے بہتر ہے۔
اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۗ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ

ترجمہ۔پھر ہم نے ان لوگوں کو اس کتاب کا وارث بنایا جن کو ہم نے اپنے بندوں میں سے

منتخب کر لیا تھا پھر ان میں سے بعض اپنی جان پر ظلم کرنے والے ہیں اور بعض متوسط ہیں اور بعض اللہ کے حکم سے نیکیوں میں سبقت کرنے والے ہیں، یہی بڑا فضل ہے۔ ۳؎

مقتصد ۔ سے مراد عدل اور اور ظلم کے مابین ۔

مقتصد ۔ سے مراد نیکی اور برائی میں متوسط ہونا ۔

مقتصد ۔ سے مراد ایسا شخص جو اپنے دین سے محبت کرتا ہو۔

مقتصد ۔ سے مراد ایسا انسان جو اپنے دین کی وجہ سے مستغنی ہو۔ ۴؎

حسن بصری نے کہا! سابق وہ ہے جس کی نیکیاں اس کی برائیوں سے زیادہ ہوں اور مقتصد وہ ہے جس کی نیکیاں اور برائیاں برابر ہوں اور ظالم وہ ہے جس کی برائیاں نیکیوں سے زیادہ ہوں ۔

علامہ ثعلبی (متوفی ۔ ۴۲۷ھ) اور علامہ قرطبی (متوفی ۔ ۶۶۸ھ) نے لکھا ہے!

جو انسان دوزخ کے ڈر سے عبادت کرے وہ ظالم ہے اور جو جنت کی طمع سے اللہ کی عبادت کرے وہ مقتصد ہے اور جو کسی غرض اور سبب کے غیر اللہ کی عبادت کرے وہ سابق ہے۔ ۵؎

سہل بن عبداللہ تستری نے کہا! سابق (نیکیوں میں آگے بڑھنے والا) سے مراد عالم ہے اور مقتصد (درمیانی درجہ کا نیک) سے مراد متعلم ہے اور ظالم (گناہ کرنے والا) سے مراد جاہل ہے۔ ۶؎

ارشادات خداوندی:

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ۔ ۷؎

ترجمہ۔ اللہ تک سیدھی راہ پہنچتی ہے اور بعض ان میں ٹیڑھی بھی ہیں، اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو سیدھی راہ بھی دکھا دیتا۔

لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوكَ وَلٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ۚ وَسَيَحْلِفُونَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُونَ أَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ -۸ـــ

ترجمہ۔(اے رسول مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!) آپ! نے جس طرف نکلنے کے لیے کہا تھا اگر وہ سہل الحصول مال ہوتا اور متوسط سفر ہوتا تو (یہ منافقین) ضرور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے چل پڑتے لیکن دور دراز کا سفر ان کو بھاری لگا عنقریب یہ اللہ کی قسمیں کھائیں گے۔

مِّنْهُمْ أُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۖ -۹ـــ

ترجمہ۔ان میں سے کچھ لوگ میانہ روی پر ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

مَا عَالَ مَنِ اقْتَصَدَ -۱۰ـــ

ترجمہ۔وہ محتاج نہ ہوگا جس نے میانہ روی اور اعتدال کی روش اختیار کی۔

حضرت عوف بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

میری امت کی تین تہائیاں ہیں۔

۱۔ایک تہائی وہ ہیں جو جنت میں بغیر حساب اور عذاب کے داخل ہوں گے۔

۲۔دوسری تہائی وہ ہیں جن سے بہت آسان حساب لیا جائے گا پھر وہ جنت میں داخل ہو جائیں گے۔

۳۔اور تیسری تہائی وہ ہیں جن سے خوب تفتیش کی جائے گی اور ان کو خوب کھنگالا جائے گا پھر فرشتے آ کر کہیں گے کہ ہم نے ان کو اس حال میں پایا کہ یہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ (صرف ایک اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے) اللہ فرمائے گا انہوں نے سچ کہا میرے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے، ان کے اسی قول لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ کی وجہ سے ان کو جنت میں داخل کر دو اور ان کے

گناہ مکذبین پر ڈال دو اور یہ اس آیت کے مطابق ہے! اور وہ ضرور اپنے بوجھ اٹھائیں گے اور اپنے بوجھ کے ساتھ اور بوجھ بھی اٹھائیں گے۔ ۱۱؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! میانہ روی اختیار کرنے والا کبھی تنگ دست نہیں ہوتا ہے۔
میانہ روی تھوڑے سرمائے کو بھی بڑھا دیتی ہے جبکہ اسراف زیادہ مال کو بھی ختم کر دیتا ہے۔
امیری اور غریبی کے کے دوران جس نے میانہ روی اختیار کی وہ زمانہ حادثات کے لئے پہلے سے ہی آمادہ ہو جاتا ہے۔
میانہ روی میں کوئی گھاٹا نہیں ہے جبکہ اعتدال سے زیادہ جو کچھ بھی ہے وہ اسراف ہے۔
میانہ روی کے ہوتے ہوئے کوئی ہلاکت نہیں۔
سخی بنو لیکن فضول خرچی سے بچے رہو اور سنبھال کر خرچ کرو لیکن کنجوس اور سخت گیر نا بنو۔
جس نے میانہ روی اختیار کی تو دولت اور امارت ہمیشہ اس کے ساتھ رہے گی اور میانہ روی اس کی غربت کو ختم کر دے گی۔
مروت کا تقاضا یہ ہے کہ تم میانہ روی اختیار کرتے ہوئے اسراف سے بچو اور وعدہ کرنے کے بعد اس کو لازمی نبھاؤ۔ اعتدال سے بڑھ کر جو بھی کچھ ہے وہ اسراف ہے۔
جس شخص کو میانہ روی نا سنوار پائے اس شخص کو اسراف ہلاک کر دیتا ہے۔
جس نے میانہ روی اختیار کی اس کا خرچ ہلکا ہو جاتا ہے۔ میانہ روی میں کوئی گھاٹا نہیں۔
اعتدال پسند انسان کا کچھ نا دینا فضول خرچ شخص کے عطیات سے کہیں بہتر ہے۔ ۱۲؎

نفسیاتی پہلو

میانہ روی کامیابی کی کنجی ہے، چنانچہ جس انسان نے میانہ روی اختیار کی تو وہ فقر و فاقہ اور تنگ دستی سے محفوظ ہو گیا، انسان کو مالی مسائل بھی بے حد پریشان اور رسوا کرتے ہیں تاہم جو لوگ اخراجات میں میانہ روی اختیار کرتے ہیں وہ ہمیشہ خوش اور آسودہ رہتے ہیں دوسری جانب

دولت کی فروانی اور زیادہ روپیہ، پیسہ بھی میانہ روانسان کی زندگی کی روش میں کوئی تبدیلی نہیں لاتا ہے کیونکہ وہ نہایت قرینے اور سلیقے سے اخراجات کا عادی ہوتا ہے لہٰذا دولت کی بھر مار بھی ایسے لوگوں کے پایہ استقلال میں کوئی جنبش نہیں لاتے اور میانہ رو اگر کسی مالی مشکل میں گھر جائے یا اس کے کاروبار میں اگر کوئی نقصان ہوجائے تو وہ اس نقصان اور خسارے کو دوسروں کی بہ نسبت بہتر طریقے سے سہہ جاتا ہے کیونکہ وہ فضول خرچی اور اسراف کا عادی نہیں ہوتا چنانچہ وہ بہت سی ذہنی اور دماغی الجھنوں سے محفوظ و مامون رہتا ہے۔

امیر المومنین اس حوالے سے فرماتے ہیں !اعتدال پسند انسان کا کچھ نا دینا فضول خرچ شخص کے عطیات سے کہیں بہتر ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۔سورہ فاطر۔آیت ۳۲۔

۴۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۵۔الکشف والبیان۔علامہ ابو اسحاق بن محمد بن ابراہیم۔ج۔۸۔ص۔۱۱۰۔داراحیاء التراث العربی۔

۶۔تفسیر تستری۔ابومحمد سہل بن عبداللہ تستری (متوفی)۔مکتبہ داراحیاء التراث، بیروت۔۱۴۲۲ھ۔

۷۔سورہ النحل۔آیت۔۹۔

۸۔سورہ التوبہ۔آیت۔۴۲۔

۹۔سورہ المائدہ۔آیت۔۶۶۔

۱۰۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

۱۱۔سورہ العنکبوت۔آیت۔۱۳۔

۱۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔

۹۷۔ الثقۃ۔ بھروسہ (توکل)

انسان کی کامیابی کے لئے یہی کافی ہے کے اس پر دین ودنیا کے معاملات پر بھروسہ کیا جائے (حضرت علیؓ)

ثقہ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (و۔ث۔ق) سے مشتق ہے۔ا؎

وثاق۔ بیڑی یا بندھن کو کہتے ہیں۔

وثق الشیئ۔ سے مراد کسی چیز کا مضبوط اور محکم ہونا ہے۔

میثاق۔ سے مراد نہایت پکا وعدہ، مستحکم عہد، کسی پر بے حد اعتماد کا ہونا۔

استوثق۔ سے مراد قابل اعتماد عہد کا حصول۔

کلاموثق۔ سے مراد اتنا وافر چارہ جو سال بھر کے لئے کافی ہو۔

المیثاق۔ سے مراد عہد و پیمان۔

ثقہ۔ سے مراد قابل بھروسہ اور قابل اعتماد۔ ۲؎

ارشادات خداوندی:

وَلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ۔ ۳؎

ترجمہ۔اور نہ کوئی اس کے جکڑنے کی طرح جکڑے گا۔

وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى۔ ۴؎

ترجمہ۔اس نے ایسا مضبوط دستہ پکڑ لیا جو کبھی ٹوٹنے والا نہیں ہے۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ۔ ۵؎

ترجمہ۔جو شخص اللہ سے ڈرے گا اللہ اس کے لئے نجات کی راہ پیدا کر دے گا اور اس کو وہاں

سے روزی دے گا جہاں اس کا گمان بھی نہ ہوگا اور جو اللہ پر بھروسہ کرے تو وہ اسے کافی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات :

حضرت عمرؓ بیان کرتے ہیں ،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر تم اللہ تعالی پر ایسے بھروسہ (توکل) کرو جیسے کے اس پر توکل کرنے کا حق ہے تو وہ تم کو ایسے رزق دے گا جیسے وہ پرندوں کو رزق دیتا ہے۔ پرندے صبح میں خالی پیٹ نکلتے ہیں اور شام کو پیٹ بھر کر لوٹتے ہیں ۔[٦]

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! کسی بھی انسان کا ایمان اس وقت تک سچا نہیں ہوسکتا ہے جب تک اسے اپنے ہاتھ میں موجود اشیاء سے زیادہ اللہ کے پاس موجود اشیاء پر بھروسہ نہ ہوجائے۔

بندوں کو دو خصلتوں پر کبھی بھی بھروسہ نہیں کرنا چاہئے ۔ ا۔ عافیت ۔ ٢۔ دولت ۔

کیونکہ عافیت کے دوران وہ اچانک بیمار ہوجاتا ہے اور مالداری کے دوران دفعتاً فقیر ہوجاتا ہے۔مشوروں سے زیادہ کوئی پشت پناہ نہیں ہے۔غیر اللہ پر تھوڑا سا بھروسہ کرنا بھی ذلت ہے۔اللہ پر بھروسہ قوی ترین امید ہے۔

جیسے یہ بھروسہ ہوجائے کے جو کچھ اللہ کی طرف سے اس کے لئے مقدر ہے وہ اسی کا ہے تو وہ ہمیشہ قلبی سکون میں رہے گا۔جس نے اللہ پر بھروسہ کیا گویا اس نے اپنے یقین کو محفوظ کرلیا۔

جس نے اللہ پر بھروسہ کرلیا گویا اس نے اللہ پر توکل کرلیا۔

جس نے اللہ پر بھروسہ کیا تو وہ غنی اور بے نیاز ہوگیا۔

ایسے انسان پر بھروسہ نہ کرو جو تمھارے راز کو افشا کردے ۔ بے دین پر کبھی بھروسہ نہ کرو۔

انسان کی کامیابی کے لئے یہی کافی ہے کے اس پر دین و دنیا کے معاملات پر بھروسہ کیا

جائے۔ اپنے اوپر بھروسہ کرنے سے بچو کیونکہ یہ شیطان کی سب سے بڑی شکار گاہوں میں سے ایک ہے۔ جو انسان کسی پر بھروسہ نہیں کرتا اس پر بھی کوئی بھروسہ نہیں کرتا۔

اللہ پر بھروسہ قوی ترین امید ہے۔

جس نے اللہ پر بھروسہ کیا گویا اس نے اپنے یقین کو مضبوط کرلیا۔

جس نے اللہ پر بھروسہ رلیا وہ غنی اور بے نیاز ہو گیا۔

جو شخص اپنے نفس پر بھروسہ کرے گا نفس اس شخص کو ضرور دھوکا دے گا اور اس سے خیانت کرے گا۔ ایسے شخص پر قطعاً بھروسہ نا کرو جو تمھارے راز افشا ردے۔

اپنے عقلمند دشمن پر اپنے جاہل دوست سے زیادہ بھروسہ کرو۔ ے

نفسیاتی پہلو

اعتماد اور بھروسہ کسی بھی انسان کے لئے نہایت قابل فخر کے کے لوگ اس پر اعتماد کرتے ہیں، لوگوں کا بھروسہ کمانا ایک دن کی بات نہیں بلکہ یہ برسوں کی سچائی، امانت داری اور نیک نامی ہے جو انسان کماتا ہے چنانچہ جب لوگوں کو اعتماد اور بھروسہ کسی بھی انسان کو حاصل ہو جاتا ہے تو وہ دنیا کا ایک خوش نصیب انسان ہوتا ہے کیونکہ لوگ اس کی نیک نامی کا اعتراف اس پر بھروسے کے ذریعے کرتے ہیں، قابل بھروسہ انسان اللہ کی زمین پر اللہ کی طرف سے کسی انعام اور تحفے سے کم نہیں، تاہم انسان کو اپنے خالق و مالک پر مکمل اعتماد اور بھروسہ کرنا چاہئے جبکہ اللہ پر توکل انسان کو بے شمار مصائب و مشکلات سے نکال دیتا ہے اور انسان بے تحاشا مسائل سے صرف اللہ پر توکل کی وجہ سے نکل جاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ فجر۔آیت۔۲۶۔

۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۵۶۔

۵۔سورہ طلاق۔آیت۔۲۔۳۔

۶۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۹۹۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۹۸۔ثناء۔تعریف

برے لوگوں کی تعریف بدترین گناہوں میں سے ایک ہے (حضرت علیؑ)

سورہ حمد۔سورہ الفاتحہ کا ایک نام سورہ الحمد بھی ہے یعنی اللہ کی حمد وثناء۔

ارشادات خداوندی:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔۱؎

ترجمہ۔تمام حمد وثناء اللہ رب العزت کے لئے ہے جو عالمین کا رب ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات:

عرش ے گرد گھومنے والے کلمات

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی کا جلال جو تم ذکر کرتے ہو وہ تسبیح سبحان اللہ، تہلیل لا إلہَ إلا اللہُ، تحمید، الحمدُ للہِ اور اللہُ أکبرُ ہے، یہ کلمات عرش کے ارد گرد گھومتے رہتے ہیں اور ان کلمات میں سے شہد کی مکھیوں کی سی بھنبھناہٹ کی آوازیں آتی ہیں جو اپنے کہنے والوں کا ذکر اللہ کے سامنے کرتے ہیں کیا تم میں سے کوئی پسند کرتا ہے کہ اس کے لئے ایک ایسا شخص ہو جو اللہ کے سامنے اس کا مسلسل ذکر کرے؟۔۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! یاذِو الجَلٰلِ وَ الاِکْرَامِ کو لازم پکڑو یعنی اپنی دعاؤں میں برابر اس کو پڑھتے رہا کرو۔۳؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! میں نے بارہ فرشتوں کو دیکھا جو ان کلمات (لحمدُ للہِ حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیہ) کو اوپر لے جانے کے لئے جھپٹ رہے تھے۔۴؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب اللہ کسی بندے کو کوئی نعمت دیتے ہیں اور بندہ اس نعمت پر الحمدُ للہِ کہتا ہے تو بندے نے جو شکر ادا کیا وہ ملنے والی نعمت سے افضل ہوتا ہے۔۵؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب کوئی بندہ اللہ کی دی ہوئی نعمت پر الحمدُ للہِ کہتا ہے تو اللہ تعالی اس بندے کو اس سے افضل نعمت عطا فرماتا ہے۔٦؎

حضرت حکم بن عمیرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تم نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ کہا، تو تم نے اللہ تعالی کا شکر ادا کر دیا اور اللہ تعالی تمھاری نعمت میں زیادتی کرے گا۔۷؎

حضرت اسود بن سریعؓ بیان کرتے ہیں، اللہ تعالی کو اپنی ثناء اور تعریف میں الحمدُ للہِ سے زیادہ کوئی کلمہ پسند نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالی نے خود الحمدُ للہِ سے اپنی ثناء کی ہے۔۸؎

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس کلام کی ابتداء الحمدُ للہِ سے نہ کی جائے وہ ناتمام رہے گا۔۹؎

حضرت ابوسعیدؓ فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کھاتے یا پیتے تو دعا کرتے، تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہے، جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور مسلمان بنایا۔۱۰؎

حضرت معاذ بن انسؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے کھانا کھا کر کہا کے تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے کھانا کھلایا اور مجھ کو بغیر کوشش اور طاقت کے یہ رزق عطا فرمایا تو اس کے پچھلے تمام گناہ معاف کردئے جائیں گے۔۱۱؎

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تم میں سے کوئی اپنا پسندیدہ خواب دیکھے تو وہ اللہ کی طرف سے ہے اور اس پر الحمدُ للہِ کہے۔۱۲؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! استحقاق سے بڑھ کر تعریف کرنا چاپلوسی ہے۔

اور استحقاق سے کم تعریف کرنا حسد ہے۔
اس بات سے دور رہو کے تم کسی انسان کی ایسی تعریف کرو جو اس کے اندر نہ پائی جاتی ہو کیونکہ اس کا عمل خود اس کی صفات کی تصدیق کرے گا اور تمھیں جھٹلا دے گا۔
جب کسی کی تعریف کرو تو اختصار سے کام لو۔
برے لوگوں کو اچھا کہنا بدترین گناہوں میں سے ایک ہے۔
بہترین تعریف وہ ہے جو اچھے لوگوں کی زبانوں پر جاری ہو۔
بدترین تعریف وہ ہے جو برے لوگوں کی زبانوں پر جاری ہو۔
بہت زیادہ تعریف تکبر اور افتخار پیدا کر دیتی ہے۔
بڑھ چڑھ کر تعریف کرنا شیطان کے پسندیدہ مواقع ہیں۔
جس نے تمھاری تعریف کی گویا اس نے تمھارا گلا کاٹ دیا۔
جس نے تمھاری ان باتوں کے ذریعے تعریف کی جو تمھارے اندر نہیں پائی جاتیں تو گویا اس نے تمھاری مذمت کی۔ بدترین سچ انسان کا خود اپنی تعریف کرنا ہے۔
جس نے تعریف کی اور وہ خوبی اس شخص میں نہیں تو گویا اس نے اس شخص کا مذاق اڑایا۔
جس نے خود اپنی تعریف کی گویا اس نے اپنے آپ کو ذبح کر دیا۔ ۱۳؎

نفسیاتی پہلو

اللہ کی شکر گزاری کا نفسیاتی پہلو تو یہ ہے کے بندے کو اس بات کا مکمل یقین ہوتا ہے کے اس کو جو بھی نعمت، راحت، ترقی اور رزق ملا ہے وہ منجانب اللہ ہے، تاہم جب بندہ اللہ کی حمد وثناء بیان کرتا ہے تو اللہ تعالی کو بندے کا یہ عمل بے حد پسند ہے کیونکہ اس کائنات میں اصل تعریف کے قابل صرف اللہ کی ذات ہے، تو اللہ کی تعریف بیان کرنا سب سے افضل عبادت ہے۔
دوسری جانب بندوں کی تعریف کے بارے میں اسلام حکم دیتا ہے کے انسان کے سامنے اگر اس کی تعریف کی جائے گی تو ممکن ہے اس میں غرور اور تکبر پیدا ہو جائے چنانچہ انسان کی

تعریف کرنے میں احتیاط سے کام لینا چاہئے جبکہ اگر کوئی اپنی تعریف کا خود ہی خواہش مند ہے تو پھر اس کو اس عمل سے بچنا چاہئے کیونکہ خود پسندی اور خود اپنی تعریف شیطان کا عمل ہے جو انسان کے اندر غرور و تکبر پیدا کرتا ہے جو بے شمار نفسیاتی، جسمانی، دماغی اور ذہنی امراض کی اصل وجہ ہے چنانچہ انسان سے اگر کوئی نیکی سرزد ہو جائے تو اس کو اللہ کی شکرگزاری کرنا چاہئے کیونکہ یہ نیکی کی توفیق اس کو اللہ کی طرف سے حاصل ہوئی ہے جبکہ اگر وہ کسی گناہ کے ارتکاب سے بچا ہے تو اس کے در پردہ بھی اللہ کی رحمت ہے کیونکہ اللہ نے اس کو اس گناہ سے بچالیا۔

حوالہ کتب:

۱۔سورہ فاتحہ۔آیت۔۱۔

۲۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۳۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۴۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۵۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۶۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۷۔ جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔

۸۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

۹۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۱۰۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۱۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۳۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔

۹۹۔الحاجۃ۔حاجت۔ضرورت

جو تمھارا محتاج ہے اس پر تمھارا شفقت کرنا واجب ہے (حضرت علیؑ)

الحاجۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ح۔و۔ج) سے مشتق ہے۔۱؎

الحاجۃ۔سے مراد ضرورت کو کہتے ہیں۔

حاجت۔کے اصل معنی اپنے مقصود اور مطلوب تک عدم رسائی۔

حاجت۔سے مراد کسی چیز کو حاصل کرنے کی خواہش اور آرزو لیکن وہ چیز پہنچ سے دور ہو۔

احتیاج۔سے مراد ضرورت مندی۔

الحاجۃ۔عربی زبان میں کانٹے کو کہتے ہیں یعنی ایسی شدید خواہش جو انسان کے دل میں کانٹے کی طرح چبھ جائے۔

حاجت۔سے مراد کسی شے کے حصول کے لئے مضطرب اور مجبور ہو جانا۔۲؎

ارشاد خداوندی:

حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا۔۳؎

ترجمہ۔یعقوب کے دل کی ایک خواہش تھی جو اس نے پوری کر لی۔

وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ۔۴؎

ترجمہ۔اور تمہارے لیے ان چوپایوں میں اور بھی بہت سے فائدے ہیں، تاکہ تم ان کے ذریعے اپنی ان ضروریات کو پورا کرو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس انسان نے مسلمانوں کے گھروں میں خوشی

(ان کی حاجت روی) داخل کی۔اللہ تعالی اس کے لئے جنت سے کم کسی ثواب پر راضی نا ہوگا۔۵؎

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! جس کسی نے اپنی حاجت کسی مومن کے سامنے بیان کی تو گویا اس نے اپنی حاجت اللہ کے حضور اپنی ضرورت پیش کی اور جس نے اپنی حاجت کسی کافر کے سامنے پیش کی تو گویا اس نے اللہ کی شکایت کی۔

ضرورت کا پورا نا ہونا کسی نااہل سے مانگنے سے زیادہ بہتر ہے۔

حاجت کو صرف تین چیزوں کے ذریعے پائیداری دی جاسکتی ہے۔

۱۔اس کو چھوٹا سمجھا جائے تا کہ وہ بڑی ہوجائے۔

۲۔اسے پوشیدہ رکھا جائے تا کہ وہ ظاہر ہوجائے۔

۳۔اس میں جلدی کرے تا کہ وہ پائیدار ہوجائے۔

جس پر اللہ کی نعمتیں بڑھ جاتی ہیں اس کے پاس لوگوں کی ضروریات بڑھ جاتی ہیں چنانچہ نعمتوں کو دوام،لوگوں کی حاجت روئی سے حاصل ہوتا ہے ورنہ نعمتیں تباہ وبرباد ہوجاتی ہیں۔

جب تم کسی سے اپنی حاجت طلب کرتے ہو تو تم اس کے اسیر بن جاتے ہو۔

ضرورت اور حاجت سے قبل ہدیہ بہترین چیز ہے۔

دوستوں کی پہچان ضرورت کے وقت ہی ہوتی ہے۔

اگر تمھیں اپنے کسی بھائی کی حاجت کا علم ہوجائے تو تمھیں اس کو مانگنے کی ذلت سے بچالینا چاہئے۔

آپؑ نے اپنے اصحاب سے فرمایا! تم سے جس کی جو حاجت ہے وہ مجھ کو لکھ کر دے دے تا کہ میں تمھارے چہروں کو سوال کی ذلت سے بچاسکوں۔

اپنی ضروریات کے معاملے میں بادشاہ کی بے اعتنائیوں پر صبر کرو کیونکہ نا تو تم اس کی سب

سے بڑی مشغولیت ہو اور نا ہی تمھاری وجہ سے اس کے امور کو استحکام حاصل ہے۔
ضرورت مند کو کل پر نا ٹالو کیونکہ تمھیں کل کی خبر نہیں۔
ضروریات کو عزت نفس کے ساتھ بیان کرو کیونکہ بے شک حاجت روئی تو اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ تین لوگوں سے اپنی حاجت کبھی نا بیان کرو۔ ا۔ جھوٹے۔ ۲۔ احمق۔ ۳۔ کوئی ایسا شخص جس کو تم سے کوئی ضرورت ہو۔
حاجت طلب کرتے وقت نرمی اور لطافت کسی حد تک معاون ہو سکتی ہے۔
نا اہل سے حاجت طلب کرنا موت سے بدتر ہے۔
جس کے سامنے تم نے اپنی حاجت بیان کر دی گو یا تم اس کے سامنے بے عزت ہو گئے۔
کم ظرف سے حاجت طلب کرنے کا نتیجہ ذلت اور رسوائی ہے۔
محتاج کو کبھی نامراد واپس نا لوٹاؤ چاہے وہ بار بار تمھارے پاس مانگنے کے لئے ہی کیوں نا آئے۔ جو تمھارا محتاج ہے اس پر تمھارا شفقت کرنا واجب ہے۔
یقیناً لوگوں کی تمھارے پاس حاجات اور ضروریات اللہ کی تم پر نعمتوں کی طرح ہیں لہٰذا ان نعمتوں کو غنیمت جانو اور ان سے بددل نا ہو۔ نہیں تو وہ نعمتیں تم پر عذاب اور سزا میں بدل جائیں گی۔
تعجب ہے اس شخص پر جس کے پاس کوئی مسلمان ضرورت مند آئے اور وہ اس کی حاجت روئی سے انکار کر دے۔ ۵

نفسیاتی پہلو

انسان کی بے شمار خواہشات اور حاجات ہیں حتیٰ کے انسان قبر میں پہنچ جاتا ہے لیکن اس کی خواہشات ختم نہیں ہوتیں، دنیا چونکہ ایک آزمائش گاہ ہے جہاں ہر دن اور ہر وقت صورت حال بدلتی رہتی ہے چنانچہ اسی تغیر کے مطابق انسان کی ضروریات، خواہشات اور حاجات میں بھی تبدل واقع ہوتا ہے تاہم ضروریات اور خواہشات میں فرق ہے کیونکہ دنیا کے ہر انسان کی

ضرورت روٹی، کپڑا اور مکان ہے لیکن انسان اس سے زیادہ یعنی بڑے گھر، بینک بیلنس، گاڑی، اچھے کھانے اور بے شمار آسائشات کا مند ہوتا ہے، تصوف میں انھی بے جا خواہشات اور دنیا داری کو نفسانی خواہشات کہا جاتا ہے کیونکہ نفس انسانی انھی دنیاوی لذتوں کی تلاش میں اپنی اصل سے دور ہوتے ہوتے بلا آخر جہنم کے گڑھے میں گر جاتا ہے۔

جو انسان جتنا زیادہ دنیا اور آسائشات کے پیچھے دوڑے گا وہ اسی قدر جہنم کے گڑھے کا اہل ہوگا تاہم لوگوں کی ضروریات کا خیال رکھنا اوران کے کام آنا دین اسلام میں عبادت ہے اسی حوالے سے امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! اگر تمھیں اپنے کسی بھائی کی حاجت کا علم ہو جائے تو تمھیں اس کو مانگنے کی ذلت سے بچا لینا چاہئے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ یوسف۔آیت۔ ۶۸۔

۴۔سورہ مومن ۔آیت۔ ۸۰۔

۵۔الترغیب والترہیب ۔امام زکی الدین عبدالعظیم بن عبدالقوی المنذری (متوفی ۶۵۶ھ) مطبوعہ دار الحدیث قاہرہ ۱۴۰۷ھ۔ دار ابن کثیر بیروت ۱۴۱۴ھ۔

۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ص۔۱۲۱۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۰۰۔الحریۃ۔حریت۔آزادی

آزاد انسانوں کی تعظیم وتکریم کرو۔(حضرت علیؑ)

الحریۃ۔حریت۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ح۔ر۔ر) سے **مشتق** ہے۔۱؎

الحر۔الحرور۔الحرارۃ۔کے معنی دھوپ کی تپش کے ہیں۔

الحریر۔سے مراد باریک قیمتی ریشمی کپڑا۔

الحریر۔سے مراد ہر وہ خالص شے جو ہر قسم کی آمیزش سے پاک ہو۔

الحر۔کے معنی مرد آزاد۔

الحر۔کا متضاد عبد یعنی غلام ہے۔

الحر۔سے مراد ہر چیز کا بہترین حصہ،عمدہ گھوڑا، بہترین زمین وغیرہ۔

محرراً۔سے مراد کسی بچے کو خانقاہ کے لئے وقف کرنا۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ۔۳؎

ترجمہ۔نا سایا اور دھوپ برابر ہے۔

وَجَزَاهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا۔۴؎

ترجمہ۔اور ان کے صبر کی جزاء میں ان کو جنت اور ریشمی لباس عطاء فرمایا۔

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔۵؎

ترجمہ۔جب عمران کی بیوی نے عرض کیا! اے میرے رب! جو میرے پیٹ میں ہے اس کی میں نے تیرے لیے نذر مانی ہے (خاص تیرے لئے دیگر ذمہ داریوں سے) آزاد کیا ہوا سو تو

میری طرف سے (اس نذر کو) قبول فرما بے شک تو بہت سننے والا خوب جاننے والا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی جنت میں مسلمان خواتین کو حریر (ریشم) کا سبز لباس پہنائے گا۔٦؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا!

تم لوگوں کے غلام نا بنو کیونکہ اللہ نے تمھیں آزاد پیدا فرمایا ہے۔

جس نے اپنی خواہشات کو ترک کر دیا وہ آزاد ہو گیا۔

آزاد لوگوں کے ساتھ نہایت عزت اور احترام کے ساتھ پیش آو، متوسط لوگوں کے ساتھ رغبت اور خوف کے ساتھ جبکہ پست لوگوں کے ساتھ ذلت آمیز رویہ اختیار کرو۔

آزاد انسان کے دل میں جس چیز کی لالچ ہوتی ہے وہ اس کا غلام ہوتا ہے جبکہ غلام جن چیزوں پر قناعت کرتا ہے وہ ان کا غلام ہوتا ہے۔

آزادی دھوکے اور مکر سے پاک ہوتی ہے۔خندہ روئی ہر آزاد انسان کی روش ہے۔

بہترین نیکی وہ ہے جو آزاد انسان تک پہنچ جائے۔آزاد انسانوں کی تعظیم وتکریم کرو۔

جو شخص آزادی کے قواعد وضوابط میں کوتاہی کرتا ہے وہ غلامی کی طرف لوٹا دیا جاتا ہے۔

آزادی کے قوانین کا پابند انسان آزاد ہوتا ہے۔٧؎

نفسیاتی پہلو

اللہ نے تمام انسانوں کو آزاد پیدا کیا ہے چنانچہ اسلام غلامی کو ناپسند کرتے ہوئے اس کی شدید مذمت کرتا ہے، ایک آزاد انسان زندگی کے فیصلوں میں آزاد ہوتا ہے کیونکہ اللہ نے انسان کو ارادے اور اختیار کے ساتھ پیدا فرمایا ہے، یہی وجہ ہے کے اسلام لوگوں کو غلام بنانے کی

شدت سے مخالفت کرتا ہے۔

اقبال کے یہاں حریت سے مراد تقلید سے آزادی ہے، ان کا سارا فکر و فلسفہ جمود کے خلاف ہے، وہ چاہتے ہیں کے انسان کی خودی کی اس طرح سے نشونما ہو کے اس میں بیتابی اور بے قراری ہمہ وقت متحرک رہے، خودی کی یہ بے قراری انسان کو تخلیقی عمل کی طرف متوجہ کرتی ہے اور اقبال ایسے ہی مسلم معاشرے کا خواب دیکھتے ہیں کے جہاں افراد مسلسل حرکت و انقلاب، تغیر و تبدل اور جد و جہد کا عملی نمونہ پیش کرتے ہوئے ایجادات و اختراعات کے ذریعے سے نسل انسانی کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں جبکہ اس کے برعکس کسی بھی معاشرے میں جمود کی وجہ سے نفرت، خوف، لالچ، بزدلی، بے ضمیری، خوشامد اور موقع پرستی کے جذبات ابھرتے ہیں جو کسی بھی معاشرے کے لیے ناسور کی حیثیت رکھتے ہیں جس سے قوم زوال کا شکار ہو جاتی ہے۔ اقبال کے خیال میں حضرت امام حسینؑ اگر کمزور مسلمانوں کی طرح یزید کی بیعت کر لیتے تو معاملہ وہیں رفع دفع ہو جاتا لیکن وہ حریت کی حفاظت کی خاطر باطل قوتوں سے ٹکرا گئے اور جام شہادت نوش فرما کر دنیا کو یہ پیغام دے گئے کہ انسان کو ہر حال میں حق کی سربلندی کیلئے کوشاں رہنا چاہیے، چاہے اس کے لیے جان کی قربانی ہی کیوں نہ دینی پڑے دیکھا جائے تو حریت اور عشق ایک ہی حقیقت کے دو نام ہیں،

امام حسینؑ نے انتہائی اقدام سے بھی گریز نہ کیا اور زندگی کی اعلیٰ اقدار کو امر کیا۔

صدق خلیل بھی ہے عشق، صبر حسین بھی ہے عشق
معرکہ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق

حوالہ کتب:

۱۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ فاطر۔آیت۔۲۱۔
۴۔سورہ دہر۔آیت۔ ۱۲۔
۵۔سورہ آل عمران۔آیت۔۳۵۔
۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔
۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۳۷۔ مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۰۱۔الحساب۔حساب:

یقیناً آج عمل ہے حساب نہیں اور کل حساب ہوگا عمل نہیں۔(حضرت علیؑ)

الحساب۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ح۔س۔ب) سے مشتق ہے۔
حسب۔ یحسب۔ حسباناً وحساباً۔ سے مراد گننا اور شمار کرنا۔
یحسب۔ محسبة۔ وحسباناً۔ سے مراد خیال کرنا اور گمان کرنا۔
حسب۔ سے مراد کافی ہونا جو کفایت کرے جس کے بعد اور کسی چیز کی ضرورت نا رہے۔
حاسب۔ سے مراد حساب کرنے والا۔
حسبان۔حساب کی جمع۔
حسیب۔ سے مراد حساب کرنے والا۔۱؎
حسبك درهم۔ سے مراد تمھیں ایک درھم کافی ہے۔۲؎
حسبنا الله۔یعنی۔اللہ ہمارے لئے کافی ہے یا اللہ کا قانون ہمارے لئے کافی ہے۔
حسیب۔عربی زبان میں حساب کرنے والے یا نگرانی کرنے والے کو بھی کہتے ہیں۔
اِقْرَاْ كِتَابَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا۔۳؎
ترجمہ۔ پڑھ اپنا نامہ اعمال، آج اپنا حساب لگانے کے لئے تو خود ہی کافی ہے۔
رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ۔۴؎
ترجمہ۔اے ہمارے رب! مجھے اور میرے ماں باپ کو اور ایمانداروں کو حساب قائم ہونے کے دن بخش دے۔
فَالِقُ الْاِصْبَاحِ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ۔۵؎

ترجمہ۔ وہ صبح کا نکالنے والا ہے، اور اس نے آرام کے لیے رات بنائی ہے اور سورج اور چاند کا حساب مقرر کیا ہے، یہ غالب جاننے والے کا بنایا ہوا ہے۔

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ ٦؎

ترجمہ۔ اللہ جس کو چاہتا ہے بے حساب رزق عطا کرتا ہے۔

الحسیب، اللہ کا ایک اسم صفاتی ہے جس کے معانی سب کی کفایت کرنے والا، حساب رکھنے والا یا شمار کرنے والا جس کے لئے وہ اکیلا ہی کافی ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ۔ ۷؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

ارشادات خداوندی:

وَ كَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۔ ۸؎

ترجمہ۔ حساب لینے کے لئے اللہ کافی ہے۔

وَ كَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۔ ۹؎

ترجمہ۔ حساب لینے کے لئے اللہ کافی ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ۔ ۱۰؎

ترجمہ۔ اللہ ہر چیز کا حساب لینے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ ۱۱؎

ترجمہ۔ اے نبی! آپ کے لئے اور تمام مومنین کے لئے تو اللہ کافی ہے۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔ ہمارے لئے اللہ کافی ہے اور وہی بہترین کارساز ہے۔

وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

فَإِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ۔ ۱۵؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ۔ ۱۶؎

ترجمہ۔ وہ جلد حساب لینے والا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا فرماتے !اے اللہ میرا حشر (حساب) مساکین کے ساتھ فرما کیونکہ مساکین دولت مندوں سے ۴۰ برس قبل داخل جنت کردئے جائیں گے۔ ۱۷؎

حضرت عوف بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری امت کی تین تہائیاں ہیں۔

۱۔ ایک تہائی وہ ہیں جو جنت میں بغیر حساب اور عذاب کے داخل ہوں گے۔

۲۔ دوسری تہائی وہ ہیں جن سے بہت آسان حساب لیا جائے گا پھر وہ جنت میں داخل ہوجائیں گے۔

۳۔ اور تیسری تہائی وہ ہیں جن سے خوب تفتیش کی جائے گی اور ان کو خوب کھنگالا جائے گا پھر فرشتے آکر کہیں گے کے ہم نے ان کو اس حال میں پایا کے یہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ (صرف ایک اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے) اللہ فرمائے گا انہوں نے سچ کہا میرے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے ان کے اسی قول لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ کی وجہ سے ان کو جنت میں داخل کردو اور ان کے گناہ مکذبین پر ڈال دو اور یہ اس آیت کے مطابق ہے!

اور وہ ضرور اپنے بوجھ اٹھائیں گے اور اپنے بوجھ کے ساتھ اور بوجھ بھی اٹھائیں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یوم حساب کے دن جب لوگ اللہ کے سامنے اپنے اعمال کا حساب دے رہے ہوں گے تو اس دن ان کی کان کی لو تک پسینے میں ڈوبی ہوگی۔۱۸؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! خوشخبری ہے اس کے لئے جس نے قیامت کو یاد رکھا اور حساب و کتاب کے لئے نیک اعمال انجام دئے، تنگ دستی میں قانع رہا اور اللہ کی رضا میں راضی رہا۔ جب آپؓ سے یہ سوال کیا گیا! اللہ اتنی ساری مخلوقات کا تنہا حساب کیسے لے گا؟ تو آپؓ نے فرمایا! جس طرح سے وہ اپنی ساری مخلوقات کو تنہا رزق دیتا ہے۔

یقیناً آج عمل ہے حساب نہیں اور کل حساب ہوگا عمل نہیں۔

حساب، عذاب سے پہلے اور ثواب حساب کے بعد ہے۔

اللہ تعالی نے ہر نیک عمل کے لئے ثواب اور ہر شے کے لئے حساب مقرر فرمایا ہے۔

محاسبہ نفس کا ثمر اس کی اصلاح ہے۔

اپنے نفس کا محاسبہ کرو اس سے قبل کے تمھارا محاسبہ کیا جائے اور اپنے نفوس کو تولو قبل اس کے انھیں میزان میں تولا جائے۔

جس انسان کی عقل بڑھ جاتی ہے اس کی قسمت میں کمی واقع ہوجاتی ہے تاہم اللہ تعالی کسی کو بھی بھرپور عقل سے نہیں نوازتا سوائے یہ کے اس کے رزق سے اتنا ہی حساب کرلے۔

جو انسان خود اپنا محاسبہ کرتا ہے وہ اپنے تمام عیوب اور گناہوں سے واقف ہوتا ہے تاہم محاسبہ کے سبب اس کے گناہ کم اور عیوب درست ہوتے چلے جاتے ہیں جو اپنے نفس کا محاسبہ کرتا ہے وہ کامیاب ہوجاتا ہے۔۱۹؎

نفسیاتی پہلو

یوم حساب یعنی یوم آخرت ایک اٹل حقیقت ہے اور دنیا کی ہر مخلوق بشمول انسان ہر لمحہ اپنے

انجام کی جانب گامزن ہے لہٰذا جب دنیا عارضی قیام گاہ ہے اور ہمیشہ کی زندگی اخروی زندگی ہے تو انسان کو اس دنیا کی تیاری اسی فانی دنیا میں کر لینا چاہئے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کے مطابق! یوم حساب انسان اللہ کے عرش کے سامنے سے اس وقت تک ہل نہیں سکتا جب تک وہ ان پانچ سوالات کے جوابات نا دے دے۔

۱۔ عمر کہاں گزاری۔

۲۔ جوانی کن کاموں میں گزاری۔

۳۔ روپیہ کیسے کمایا۔

۴۔ روپیہ کہاں خرچ کیا۔

۵۔ جو علم تمھیں دیا گیا تھا کیا تم نے اس پر عمل کیا۔ ۲۰؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ایک ایک بندہ سے خود ملاقات کرے گا۔ ۲۱؎

ایک جگہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا! اللہ سے آسان حساب کی دعا کیا کرو کیونکہ اس دن جس کا آسان حساب ہو گیا وہ کامیاب ہو گیا جبکہ جس کا اعمال نامہ کھل گیا وہ ہلاک ہو گیا۔ ۲۲؎

حوالہ کتب:

۱۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔ سورہ بنی اسرائیل۔ آیت۔ ۱۴۔

۴۔ سورہ ابراہیم۔ آیت۔ ۴۱۔

۵۔ سورہ انعام۔ آیت۔ ۹۶۔

۶۔ سورہ البقرہ۔ آیت۔ ۲۱۲۔

۷۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۹۹۔سورہ المائدہ۔آیت۔۴۔سورہ ابراہیم۔آیت۔۵۱۔
سورہ المومن۔آیت۔۱۷۔
۸۔سورہ النسا۔آیت۔۶۔
۹۔سورہ احزاب۔آیت۔۳۹۔
۱۰۔سورہ النسا۔آیت۔۸۶۔
۱۱۔سورہ انفال۔آیت۔۶۴۔
۱۲۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۷۳۔
۱۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۰۲۔سورہ النور۔آیت۔۳۹۔
۱۴۔سورہ اال عمران۔آیت۔۱۹۔
۱۵۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۹۹۔سورہ المائدہ۔آیت۔۴۔سورہ ابراہیم۔آیت۔۵۱۔
۱۶۔سورہ رعد۔آیت۔۴۱۔
۱۷۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔
۱۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۳۷۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۲۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔
۲۱۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۲۲۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۰۲۔القناعۃ۔قناعت

قناعت ایک ایسی تلوار ہے جس کی دھار کبھی کند نہیں ہوتی۔(حضرت علیؑ)

القناعۃ۔قناعت۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ق۔ن۔ع) سے مشتق ہے۔ا؎
عربی زبان میں قناع اوڑھنی کو کہتے ہیں جس سے خواتین اپنے سر کو ڈھانپتی ہیں۔
قنع۔سے مراد ایسا شخص جس نے اپنے فقر کو چھپانے کے لئے اپنے سر پر کچھ اوڑھ لیا۔
قانع۔سے مراد ایسا شخص جو اپنی حاجات اور ضروریات کو کسی پر ظاہر نا کرے۔
القناعۃ۔سے مراد اخفائے حاجت ہے۔
قنوع۔سے مراد انسان کا اپنے حصے پر راضی رہنا۔
قناعت۔سے مراد تھوڑی سی چیز پر راضی رہنا۔
مقنعی۔سے مراد بدحواسی۔
القانع۔سے مراد محتاج۔۲؎

دنیا میں اطمینان کے ساتھ وہی شخص زندگی گزارتا ہے جو قناعت کرتا ہو کیونکہ حریص شخص تو ہر وقت زیادہ سے زیادہ مال کی طلب میں سرگرداں رہتا ہے اور اپنے جسم اور ذہن کو زیادہ سے زیادہ مال کی طلب میں تھکا تا رہتا ہے۔

ارشادات خداوندی:

وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۖ فَإِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذٰلِكَ سَخَّرْنَاهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ۔۳؎

ترجمہ۔قربانی کے اونٹوں کو ہم نے تمہارے لئے اللہ کی نشانیوں میں سے بنا دیا ہے ان میں

تمہارے لئے بھلائی ہے، پس تم ان کو قطار میں کھڑا کر کے ان کو نحر کرنے کے قوت) اللہ کا نام لو، پس جب ان کے پہلو زمین پر گر جائیں تو تم خود (بھی) ان سے کھاؤ اور محتاج اور مانگنے والے کو بھی کھلاؤ، اسی طرح ہم نے ان مویشیوں کو تمہارے لئے مسخر کر دیا ہے تا کہ تم شکر ادا کرو۔

مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ وَاَفْئِدَتُهُمْ هَوَآءٌ۔ ۴؎

ترجمہ۔لوگ سر اٹھائے ہوئے دوڑ رہے ہوں گے جبکہ ان کی پلک تک نہ جھپک رہی ہوگی اور ان کے دل ہوا ہو رہے ہوں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات :

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ شخص کامیاب ہو گیا جو اسلام لایا اور اس کو بقدر کفایت رزق دیا گیا اور اللہ نے اس کو جو کچھ دیا اس میں اس کو قناعت کرنے والا بنا دیا۔ ۵؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی! اے اللہ! آل محمد کا رزق بقدر کفایت کر دے۔ ۶؎

سعید بن جبیرؓ بیان کرتے ہیں، حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے بیان کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا میں فرماتے ! اے اللہ! تو نے مجھے جو رزق دیا ہے اس میں مجھے قناعت کرنے والا بنا دے اور اس میں میرے لیے برکت رکھ دے اور میرے لیے ہر غائب چیز میں خیر رکھ دے۔ ۷؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! قناعت سے بڑھ کر بے نیاز کرنے والا کوئی خزانہ نہیں۔ جو انسان اپنی ضرورت بھر مقدار پر اکتفا کر لیتا ہے وہ اپنی خوشیوں کو منظم کر کے آرام و آسائش میں رہتا ہے۔ قناعت کبھی نا ختم ہونے والی دولت ہے۔

ہر وہ چیز جس پر قناعت کی جائے قانع کے لئے وہ چیز کافی ہے۔
قانع مومن خوش قسمت ہے۔صبر ایسی سواری ہے جو کبھی گرتی نہیں اور قناعت ایک ایسی تلوار ہے جس کی دھار کبھی کند نہیں ہوتی۔
لالچ سے قناعت کے ذریعے انتقام لو جس طرح سے تم اپنے دشمن سے قصاص کے ذریعے انتقام لیتے ہو۔قناعت کا ثمر راحت ہے۔
عزت اور تونگری جب گھومنے کے لئے نکلیں تو ان کی ملاقات قناعت سے ہوگئی اور یہ دونوں اسے دیکھ کر رک گئیں۔تقویٰ کی آفت قناعت میں کمی ہے۔
بہترین اور بابرکت قسمت قناعت اور جسمانی صحت میں مضمر ہے۔قناعت متقیوں کی علامت ہے۔جب تم تونگری چاہو تو اسے قناعت کے ذریعے طلب کرو۔
دنیا کی ہر سختی قانع کے لئے آسان ہے۔
قناعت اس وقت تک انسان کو حاصل نہیں ہوسکتی جب تک اس کی حرص اور لالچ ختم نا ہوجائے
جو نفس قناعت کا پابند ہوجاتا ہے وہ قناعت پاکیزگی اور عفت پر اس انسان کی مدد کرتی ہے۔
جو انسان اللہ کی تقسیم رزق پر راضی ہوجاتا ہے وہ انسان مخلوقات سے بے نیاز ہوجاتا ہے۔
جو شخص دنیا کے تھوڑے حصے پر قانع نہیں ہوتا وہ شخص دنیا کے بڑے حصے سے بھی مالدار نہیں ہوسکتا۔جس شخص کے پاس قناعت نہیں اسے دولت کبھی بھی بے نیاز نہیں کرسکتی۔
قناعت کا پابند انسان عزت دار ہے۔۸؎

نفسیاتی پہلو

قناعت سے مراد تھوڑے سے مال پر راضی ہونا،مومن اپنے نفس کے اعتبار سے بڑا قناعت پسند ہوتا ہے یعنی اس کو دنیا کے مال ومنال کی پرواہ نہیں ہوتی وہ کم میں بھی راضی بہ رضا رہتا ہے اور اللہ کی اطاعت اور عبادت میں اپنے آپ کو مصروف رکھتا ہے چنانچہ جب خواہشات بے لگام نا ہوں تو انسان نفسیاتی اور ذہنی اعتبار سے پرسکون اور مطمین رہتا ہے لیکن

یہی خواہشات جب بے لگام ہوجاتی ہیں تو انسان بے شمار جسمانی، دماغی، ذہنی اور نفسیاتی عوارض میں مبتلا ہوجاتا ہےلہٰذا قناعت مومن کے لئے اللہ کا ایک تحفہ ہے جو اس کو دنیا اور آخرت میں کامیاب کرتی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ الحج۔آیت۔۳۶۔

۴۔سورہ ابراہیم۔آیت۔۴۳۔

۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری(متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۷۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری(متوفی ۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دارالباز مکہ مکرمہ۔ مطبوعہ دارامعرفہ بیروت ۱۴۱۸ھ۔

۸۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔۳۹۸۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۱۰۳۔الرجاء۔امید

اپنے پروردگار کے علاوہ کسی سے بھی امید نہ لگاؤ۔(حضرت علیؑ)

الرجاء۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ر۔ج۔و) سے مشتق ہے۔۱؎

رجاء۔کے معنی امید ہے۔

رجاء۔کا متضاد یاس یا ناامیدی ہے۔

رجاء۔بالعموم ایسی امید کو کہتے ہیں جو موہوم نا ہو۔۲؎

رجاء۔سے مراد ایسا ظن جس میں خوشی اور مسرت کا امکان موجود ہو۔

رجاء۔میں خوشی کے ساتھ خوف کی بھی کیفیت پائی جاتی ہے چنانچہ اس کو ظن کے ساتھ بولا جائے گا جس میں خوف کی آمیزش بھی ہو۔

الارجاء۔سے مراد موخر کر دینا یا کسی چیز کو پیچھے ہٹا دینا، معاملے کا ملتوی ہو جانا۔

الرجاء۔سے مراد کنویں کا کنارا۔۳؎

ارشادات خداوندی:

وَالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ۚ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۔۴؎

ترجمہ۔اس کے کنارے پر فرشتے ہوں گے، اورعرشِ الٰہی کو اپنے اوپر اس دن آٹھ فرشتے اٹھائیں گے۔

قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ۔۵؎

ترجمہ۔انہوں نے کہا اس کو اور اس کے بھائی کو ٹھہرؤ اور (مختلف) شہروں میں جادوگروں کو اکٹھا کرنے والوں کو بھیج دو۔۵؎

تُرْجِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِیْۤ اِلَیْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ ابْتَغَیْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْكَ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤی اَنْ تَقَرَّ اَعْیُنُهُنَّ وَلَا یَحْزَنَّ وَیَرْضَیْنَ بِمَاۤ اٰتَیْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَلِیْمًا ۔ ٦

ترجمہ۔آپ ان میں سے جسے چاہیں چھوڑ دیں اور جسے چاہیں اپنے پاس جگہ دیں، اور ان میں سے جسے آپ (پھر بلانا) چاہیں جنہیں آپ نے علیحدہ کر دیا تھا تو آپ پر کوئی گناہ نہیں، یہ اس سے زیادہ قریب ہے کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور غمزدہ نہ ہوں اور ان سب کو جو آپ دیں اس پر راضی ہوں، اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ جانتا ہے، اور اللہ جاننے والا بردبار ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دنیا سے بے رغبت (ناامید) ہوجاؤ، اللہ تم سے محبت کرے گا اور جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اس سے بے رغبت و بے نیاز ہوجاؤ، لوگ تم سے محبت کریں گے۔ ۷

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! اپنے پروردگار کے علاوہ کسی سے بھی امید نہ لگاؤ۔

میں اس مریض کے لئے زیادہ پر امید ہوں جو اشتہاء رکھتا ہے اس صحت مند انسان کے مقابلے میں جو اشتہاء نہیں رکھتا۔

اللہ سے اس طرح سے امید لگاؤ جیسے تم نے اس کی نافرمانی ہی نہ کی ہو۔

آپؑ نے ایک شخص سے پوچھا! تم کیسے ہو؟ تو اس نے کہا! اللہ سے امید بھی لگائے ہوں اور اس سے ڈرتا بھی ہوں، تو آپؑ نے فرمایا! جو جس چیز کی امید لگاتا ہے وہ اس کے لئے کوشش بھی کرتا ہے اور جو جس چیز سے ڈرتا ہے وہ اس سے بچنے کی کوشش بھی کرتا ہے۔

عظیم ترین بلا امیدوں کا ٹوٹ جانا ہے اور جس نے تم سے امید لگائی اس کی امید نہ توڑو۔

یقیناً جس نے اللہ سے امید لگائی تو وہ اپنی آرزوں تک پہنچ جائے گا اور جس نے غیر اللہ سے امید لگائی تو اس کی امیدیں خاک میں مل جائیں گی۔

جو امیدوں کے دامن میں پناہ گزیں ہوگا وہ اپنی عزت کھودے گا۔

امید ایک فریب ہے۔۸؎

نفسیاتی پہلو

مومن کی یہ صفت ہے کے وہ اپنے اللہ سے پر امید ہوتا ہے جبکہ اسلام نا امیدی کو کفر سے تعبیر کرتا ہے اگرچہ دنیا کے تمام انسان خطا کار اور گناہ گار ہیں لیکن وہ اپنے اللہ سے پر امید ہوتے ہیں کے اللہ ان کے ڈھیروں گناہوں کو بھی معاف کرنے پر مکمل قدرت رکھتا ہے چنانچہ انسان جب اللہ سے ڈر کر کسی گناہ کو ترک کرتا ہے تو اللہ اپنے بندے کی اس ادا کو پسند کرتے ہیں دوسری جانب انسان اللہ کی خوشنودی کی خاطر نیک اعمال کو انجام دیتا ہے اور اچھے برے حالات میں وہ اللہ سے اچھی امید رکھتا ہے چنانچہ بندوں کی یہ خوش امیدی اللہ کو بے حد پسند ہے، اسی حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے! اللہ انسان کے گمان سے قریب ہے بندہ اللہ کے متعلق جیسا گمان رکھے گا وہ اللہ کو ویسا ہی پائے گا۔

رسول اللہ ﷺ نے ایک بار یہ بھی فرمایا! مرنے سے قبل تم اللہ سے پر امید رہنا کے وہ تمھارے تمام گناہوں کو معاف کر کے تمھیں داخل جنت کر دے۔۹؎

امید کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے ماہرین نفسیات کے مطابق! انسان کی سوچ میں بہت طاقت اور قوت ہوتی ہے اور انسان جتنے زیادہ یقین اور وثوق سے کسی بات کو سوچتا ہے پھر کائناتی نظام اور اللہ کی مشیت بھی اس کے تابع ہوجاتی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔المفردات ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ الحاقہ۔آیت ۔ ۱۷۔

۵۔سورہ الشوریٰ۔آیت ۔ ۳۶۔

۶۔سورہ احزاب۔آیت ۔ ۵۱۔

۷۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔

۸۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۹۔مفہوم حدیث صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

۱۰۴۔ریاست۔سلطنت:

ریاست اور مملکت کی محبت انسان کو اللہ سے دور کر دیتی ہے (حضرت علیؓ)

الریاستہ۔اسلطانیۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (س۔ل۔ط) سے مشتق ہے۔[۱]

السلط۔السلیط۔کے معنی سخت اور مضبوط کے ہیں۔

سلط اللہ علیہ۔سے مراد اللہ نے اس پر غلبہ اور تسلط عطا فرما دیا۔

سلط۔کے بنیادی معنی غلبہ اور قوت کے ہیں۔

السلطان۔سے مراد حجت۔برھان۔دلیل۔ثبوت۔سند کے ہیں۔

سلیط۔سے مراد زیتون کا تیل جو روشن ہوتا ہے۔

عرب اپنے بادشاہوں کے لئے سلطان کا لفظ استعمال کرتے ہیں جس کے معانی طاقتور، غالب، مضبوط اور مستحکم کے ہیں۔

ریاست۔سے مراد مملکت۔[۲]

کل کائنات میں صرف اور صرف اللہ کی سلطنت قائم ودائم ہے یعنی سارے آسمانوں اور تمام زمینوں میں اسی کا حکم چلتا ہے اور وہ ان کی حفاظت سے کبھی نہیں تھکتا اس کا علم ہر شے پر محیط ہے اور اس کی قدرت ہر شے کا احاطہ کئے ہوئے ہے وہ رب عظیم ہے۔

ارشادات خداوندی:

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ۔[۳]

ترجمہ۔(اللہ) آسمان سے لے کر زمین تک ہر کام کی تدبیر کرتا ہے پھر اس دن بھی جس کی مقدار تمہاری گنتی سے ہزار برس ہوگی وہ انتظام اس کی طرف رجوع کرے گا۔

لَّهٗ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ - ۴؎

ترجمہ۔آسمانوں اور زمین کی حکومت اسی کے لیے ہے، اور سب امور اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں۔

اَلَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا - ۵؎

ترجمہ۔(اللہ) کی آسمانوں اور زمین میں سلطنت ہے اور اس نے نہ کسی کو بیٹا بنایا ہے اور نہ کوئی سلطنت میں اس کا شریک ہے اور اس نے ہر چیز کو پیدا کر کے اس کی بناوٹ بنائی۔

فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ - ۶؎

ترجمہ۔پس وہ ذات پاک ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا کامل اختیار ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ - ۷؎

ترجمہ۔وہ جو کچھ کرے وہ اس پر کسی کو جوابدہ نہیں ہاں سب اس کو جوابدہ ہیں۔

لَا یُسْاَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَهُمْ یُسْاَلُوْنَ - ۸؎

ترجمہ۔اللہ فیصلہ کرتا ہے کوئی اس کے فیصلے پر نظر ثانی کرنے والا نہیں۔

اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۚ وَاللّٰهُ یَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ - ۹؎

ترجمہ۔کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے چلے آتے ہیں، اور اللہ حکم کرتا ہے کوئی اس کے حکم کو ہٹا نہیں سکتا، اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔

اَلَمْ تَرَ كَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ الَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ مِثْلُهَا فِی الْبِلَادِ وَثَمُوْدَ الَّذِیْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ وَفِرْعَوْنَ ذِی الْاَوْتَادِ الَّذِیْنَ طَغَوْا فِی الْبِلَادِ فَاَكْثَرُوْا فِیْهَا الْفَسَادَ فَصَبَّ عَلَیْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ اِنَّ رَبَّكَ

لَبِالْمِرْصَادِ ۔۱۰؎

ترجمہ۔تم نے نہیں دیکھا کے تمھارے رب نے اونچے ستونوں والے عاد وارم کے ساتھ کیا برتاؤ کیا؟ ان کی مانند کوئی قوم دنیا کے ملکوں میں پیدا نہیں کی گئی اور ثمود کے ساتھ جنھوں نے وادی میں چٹانیں تراشی تھیں اور میخوں والے فرعون کے ساتھ یہ وہ لوگ تھے جنھوں نے دنیا میں بڑی سرکشی اور فساد پھیلایا آخر کار تمھارے رب نے ان پر عذاب کا کوڑا برسایا حقیقت یہ ہے کے تمھارا رب گھات لگائے بیٹھا ہے۔

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۔۱۱؎

ترجمہ۔کیا انھوں نے دیکھا نہیں کے ان سے پہلے کتنی ایسی قوموں کو ہم ہلاک کر چکے ہیں جن کا اپنے اپنے زمانے میں دور دورہ تھا؟ ان کو ہم نے زمین میں وہ اقتدار بخشا تھا جو تمھیں بھی نہیں بخشا ان پر ہم نے آسمان سے خوب پانی برسایا اور ان کے نیچے نہریں بہادیں لیکن جب انھوں نے کفران نعمت کیا تو آخر کار ہم نے ان کے گناہوں کی پاداش میں انھیں تباہ وبرباد کر دیا اور ان کی جگہ دوسرے دور کی اقوام کو اٹھا دیا۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۭ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ۭ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۔۱۲؎

ترجمہ۔کیا تم اس حقیقت پر غور نہیں کرتے کے ہم کس طرح سے زمین کو بڑے بڑے سرداروں کے ہاتھوں سے چھین کر کم کرتے چلے جا رہے ہیں، اللہ حکم کرتا ہے کوئی اس کے حکم کو ہٹا نہیں سکتا، اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔

قُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۭ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔۱۳؎

ترجمہ۔اس طرح سے ان لوگوں کی یعنی (پچھلی اقوام کی) جڑ کاٹ کر رکھ دی گئی جنھوں نے

ظلم کیا اور (تمام) تعریفیں ہیں اللہ رب اللعالمین کے لئے (جس نے ان کی جڑ کاٹ کر رکھ دی)۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کے نزدیک (کسی بھی شخص کا) سب سے ناپسندیدہ ترین نام 'ملک الاملاک' ہے، قیامت کے دن اللہ کے نزدیک سب سے قابل نفرت اور بدترین شخص وہ ہوگا جس کا نام 'ملک الاملاک' ہوگا کیونکہ اللہ رب العزت کے سوا کوئی دوسرا 'ملک' یعنی بادشاہ نہیں ہوسکتا ہے۔ ۱۴؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو حاکم مسلمانوں کی بھلائی کی کوشش نا کرے اور خالص نیت سے ان کی بہتری نا چاہے تو وہ ان کے ساتھ جنت میں نا جائے گا (اپنی ناانصافی کا عذاب بھگتے گا)۔ ۱۵؎

حضرت علیؓ ابن طالب روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! قرآن کریم میں اقوام گزشتہ کے حالات بھی درج ہیں اور تمھارے بعد آنے والوں کے حالات کا بھی اس میں ذکر موجود ہے تاہم تمھارے مابین رونما ہونے والے جملہ نزاعات کا فیصلہ بھی اس میں موجود ہے۔ ۱۶؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جو انسان حلم کو اختیار کرتا ہے وہ سردار ہوتا ہے۔

سرداری کا حق صرف اس کو حاصل ہے جو ایماندار، امانت دار، سچا اور بے لوث ہو۔

جو شخص ریاست کا طالب ہوگا وہ سیاست پر صبر کرے گا۔

کفر کے ساتھ حکومت چل سکتی ہے لیکن ظلم کے ساتھ حکومت نہیں چل سکتی۔

قوم کے سردار پر عقل کی مستی حرام ہے کیونکہ جو لوگوں کا نگہبان ہے وہ خود ایک محافظ کا محتاج رہے گا۔ جو انسان لوگوں کی جہالت کے مقابل اپنے آپ کو صبر کی عادت ڈال لیتا ہے اس

کے اندر سیاسی بننے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

ریاست اور مملکت کی محبت انسان کو اللہ سے دور کر دیتی ہے۔ سلطان، عوام اور معاشرے کی اصلاح ہے۔ علماء کی آفت حب ریاست ہے۔

جو انسان اپنی نیکیوں کو لٹاتا ہے وہ ریاست کے لائق ہے۔

جو شخص سیاسی امور میں کوتاہی کرتا ہے وہ شخص ریاست کے سامنے کوتاہ ہو جاتا ہے۔

وہ شخص ہرگز سردار نہیں جس کے بھائی کسی اور کے محتاج رہیں۔

سردار وہ ہے جو اپنے بھائیوں کا بوجھ اٹھائے اور پڑوسیوں کے ساتھ نیکیاں انجام دے۔

حسن سیاست، ریاست کو دوام بخشتی ہے۔

جس کی سیاست اچھی ہوگی اس کی ریاست باقی رہے گی۔۱۷؎

نفسیاتی پہلو

کل کائنات میں اللہ کی سلطنت اور حکم قائم اور جاری ہے اور اللہ کی مرضی کے بغیر ایک پتا بھی جنبش نہیں کر سکتا چنانچہ سادہ سی بات تو یہ ہے کے اللہ کی زمین پر اللہ کے نظام کے نفاذ کا ہی اولین حق ہے لیکن اللہ کے دشمنوں نے اللہ کی زمین کو فتنہ اور فساد اور جنگ وجدل کا میدان بنا دیا، اللہ اپنے بندوں سے یہ چاہتا ہے کے اس کی زمین امن وسکون کا گھوارہ بنے جہاں ہر طرف پیار ومحبت اور امن وآشتی کا راج ہو لیکن لالچی اور مفاد پرست انسانوں نے اللہ کی زمین کو ظلم وستم سے بھر دیا، اس زمین پر مظلوموں کو ہر دن پامال کیا جاتا ہے، یہاں سسکتی ہوئی انسانیت کے پاس دو وقت کی روٹی، صاف پانی، علاج کی بنیادی سہولیات اور تعلیم حاصل کرنے کے پیسے نہیں، اقتدار کی دوڑ میں تمام بڑے بڑے چور ڈاکو، دہشت گرد، ملک دشمن عناصر اور بیرونی آقاؤں کے غلام دوڑ رہے ہیں۔

تاہم آج بھی دنیا میں کچھ ایسے ممالک ضرور ہیں جہاں قانون کی بالا دستی ہے اور رعایا کے حقوق کی حفاظت کی جاتی ہے، چنانچہ اسی حوالے سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! قیامت

کے دن اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب اور بیٹھنے میں اس کے سب سے قریب عادل حکمران ہوگا اور اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ اور اس سے سب سے دور بیٹھنے والا ظالم حکمران ہوگا۔۱۸؎

حضرت عمرؓ بیان فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کیا میں تمھیں تمھارے اچھے حکمرانوں اور برے حکمرانوں کے بارے میں نا بتادوں؟ اچھے حکمران وہ ہیں جن سے تم محبت کروگے اور وہ تم سے محبت کریں گے، تم ان کے لئے دعائیں کروگے اور وہ تمھارے لئے دعائیں کریں گے، جبکہ تمھارے برے حکمران وہ ہیں جن سے تم نفرت کروگے اور وہ تم سے نفرت کریں گے اور تم ان پر لعنت بھیجو گے اور وہ تم پر لعنت بھیجیں گے۔۱۹؎

ابوموسیٰ بیان کرتے ہیں، میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں اپنی قوم کے دو لوگوں کو لے کر حاضر ہوا، ان میں سے ایک نے کہا کے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں کہیں کا حاکم بنا دیجئے جبکہ دوسرے شخص کی بھی یہی خواہش تھی، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہم ایسے شخص کو یہ ذمہ داری نہیں سونپتے جو اسے طلب کرے اور نا ہی اسے دیتے ہیں جو اس کا لالچی ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم حکومت کا لالچ کروگے تو یہ قیامت کے دن تمھارے لئے باعث شرمندگی ہوگی۔۲۰؎

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ السجدہ۔آیت۔۵۔
۴۔سورہ حدید۔آیت۔۵۔
۵۔سورہ فرقان۔آیت۔۲۔
۶۔سورہ یٰسین۔آیت۔۸۳۔

۷۔سورہ البروج۔آیت۔۱۶۔

۸۔سورہ الانبیاء۔آیت۔ ۲۳۔

۹۔سورہ رعد۔آیت۔ ۴۱۔

۱۰۔سورہ فجر۔آیت۔ ۱۴۔۶۔

۱۱۔سورہ انعام۔آیت۔۶۔

۱۲۔سورہ رعد۔آیت۔ ۴۱۔

۱۳۔سورہ انعام۔آیت۔ ۴۵۔

۱۴۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۱۰۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۹۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۲۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۰۵۔الغنی۔غنا۔دولت مندی

دنیا اور آخرت کی بھلائی دو چیزوں میں ہے

ا۔دولت مندی۔۲۔پرہیز گاری (حضرت علیؑ)

الغنی۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (غ۔ن۔ی) سے مشتق ہے۔

الغنیٰ۔سے مراد حاجات سے بے نیازی۔تونگری۔آسودگی۔

غنا۔کی ضد فقر ہے۔

غنی۔کے بنیادی معانی کافی ہونا۔ا۔

قرآن کریم میں اسم مبارک الغنی اکیس (۲۱) مرتبہ آیا ہے ۷ مرتبہ تنہا اور ۱۰ مرتبہ اسم حمید کے ساتھ۔

الغانیہ۔سے مراد نہایت خوبصورت عورت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جو ظاہری زیبائش سے مستغنی ہو یعنی اس کا حسن اتنا بے مثل ہو کے اس کو آرائش وزیبائش کی کوئی حاجت نہ رہے۔

اغنیٰ۔سے مراد مستغنی کے ہیں۔۲۔

الغناء۔سے مراد کفایت کے بھی ہیں۔

الغناء۔عربی زبان میں گانے کو بھی کہتے ہیں۔

الغنی۔اللہ کا ایک اسم صفاتی ہے جس کے معنی ہر چیز سے بے پرواہ۔۳۔

ارشادات خداوندی:

وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيۡمٌ۔۴۔

ترجمہ۔اللہ بے نیاز (غنی) اور بردبار ہے۔

اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيۡدٌ۔۵۔

ترجمہ۔اللہ بے نیاز (غنی) اور بہترین صفات سے متصف ہے۔

وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ-۶؎

ترجمہ۔تمھارا رب بے نیاز (غنی) ہےاور مہربانی اس کی عادت ہے۔

اللّٰہَ لَغَنِيٌّ حَمِيدٌ-۷؎

ترجمہ۔اللہ بے نیاز (غنی) ہےاور اپنی ذات میں آپ محمود ہے۔

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ-۸؎

ترجمہ۔لوگوں پر اللہ کا یہ حق ہے کے جو اس کے گھر تک پہنچنے ی استطاعت رکھتا ہو وہ حج کرے اور جوکوئی اس حکم کی پیروی سے انکار کرے گا تو اسے معلوم ہوجانا چاہئے کے اللہ تمام دنیا والوں سے بے نیاز (غنی) ہے۔

وَإِنْ يَتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِنْ سَعَتِهِ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيمًا-۹؎

ترجمہ۔اگر زوجین ایک دوسرے سے الگ ہوجائیں تو اللہ اپنی وسیع قدرت سے ہر کو دوسرے کی محتاجی سے بے نیاز کردے گا۔

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَإِيَّاكُمْ أَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ وَإِنْ تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيدًا-۱۰؎

ترجمہ۔آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے وہ سب اللہ کا ہےتم سے پہلے جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی تھی انھیں بھی یہی ہدایت تھی اور اب تم کو بھی یہی ہدایت کرتے ہیں کے اللہ سے ڈرتے ہوئے کام کرو لیکن اگر تم نہیں مانتے تو نہ مانو آسمان اور زمین کی ساری چیزوں کا مالک اللہ ہی ہےاور وہ بے نیاز (غنی) ہےاور ہر تعریف کا وہ مستحق ہے۔

لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَإِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ-۱۱؎

ترجمہ۔ جو کچھ زمین اور آسمان میں ہے وہ سب اسی کا ہے بے شک وہی غنی اور حمید ہے۔

قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔(سلیمان نے کہا!) جو کوئی شکر ادا کرتا ہے اس کا شکر اس کے اپنے لئے ہی مفید ہے اور اگر کوئی ناشکری کرے تو میرا رب بے نیاز (غنی) اور اپنی ذات میں آپ بزرگ ہے۔

وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ جو کوئی بھی مجاہدہ کرے گا وہ اپنے لئے ہی کرے گا۔ اللہ یقیناً عالمین سے بے نیاز (غنی) ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ ہم نے لقمان کو دانائی عطا فرمائی کہ اللہ کا شکر کرتے رہو، اور جو شخص شکر کرے گا وہ اپنے ذاتی نفع کے لیے شکر کرتا ہے، اور جو ناشکری کرے گا تو اللہ بے نیاز خوبیوں والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ۔ ۱۵؎

ترجمہ۔ لوگو! تم ہی اللہ کے محتاج ہو۔ اللہ تو غنی اور حمید ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ سخی نہیں دیکھا خاص کر ماہ صیام میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سخاوت بہت ہوتی تھی۔ ۱۶؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوذر غفاریؓ سے فرمایا! اے ابوذر!ؓ مجھے یہ گوارا نہیں کے میرے پاس احد کے پہاڑ جتنا سونا ہو اور اس میں سے ایک اشرفی بھی تین دن تک میرے پاس بچے، سوائے اس کے جو ادائے قرض ہوائے ابوذرؓ! میں اس مال کو اپنے دونوں ہاتھوں سے خلق خدا میں تقسیم کرکے اٹھوں۔ ۱۷؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! شریف ترین بے نیازی آرزؤں کو ترک کرنا ہے۔
گرانقدر بے نیازی عقل ہے۔
سب سے بڑی بے نیازی یہ ہے کے لوگوں کے پاس موجود اشیاء سے تم کو کوئی سروکار نا ہو۔
قناعت سے بڑھ کر کوئی خزآنہ نہیں۔
اللہ تعالی نے اغنیاء کے اموال میں فقراء کی خوراک رکھی ہے۔
فراخی رزق جس جانب رخ کئے ہو تم بھی اسی جانب متوجہ اور شرکت کرو کیونکہ اس طرح دولت کے حصول کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔
عفت اور پاکدامنی کے ساتھ کسی کام میں مشغول ہونا گناہ کے ساتھ دولت مند ہونے سے بہتر ہے۔ دنیا اور آخرت کی بھلائی دو چیزوں میں ہے۔ا۔ دولت مندی۔ ۲۔ پرہیز گاری۔
دنیا اور آخرت کی برائی بھی دو چیزوں میں ہے۔ا۔ ناداری۔ ۲۔ گناہ۔
مال و دولت کی موجودگی میں اگر کوئی انسان اللہ کی جانب متوجہ نہیں ہوتا تو اس کی یہ دولت اس کے لئے کسی ناداری سے کم نہیں۔
بہترین سلطنت اور دولت یہ ہے کے انسان بادشاہوں سے بے نیاز رہے۔
غنا اور فقیری کے ذریعے مردوں کے جواہر اور اوصاف معلوم کئے جاسکتے ہیں۔
تونگری کا اظہار شکر کے ذریعے ہوتا ہے۔
دولت انسان کو سردار نا ہونے کے باوجود سرداری عطا کرتی ہے۔
مال و دولت کی مستی سے اللہ کی پناہ طلب کرو کیونکہ اس مستی سے بہت دیر میں افاقہ ہوتا ہے۔
دو چیزوں کی قدر و قیمت صرف وہی شخص جانتا ہے جس سے یہ چیزیں چھن گئی ہیں۔
ا۔ دولت۔ ۲۔ طاقت۔
بہت کم ایسے اغنیاء ہیں جو اپنے مال و دولت سے غرباء کی مدد اور ان کی حاجت روئی کرتے

ہیں ۔جو بھی لوگوں سے بے نیازی اختیار کرتا ہے اللہ تعالی اس انسان کو دولت منداور بے نیاز کردیتا ہے ۔۱۸ ۔

نفسیاتی پہلو

مال ودولت اللہ کی عظیم نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے، اللہ اپنے بندوں کو جب دولت سے نوازتا ہے تو اس مال میں غریبوں اور ضرورت مندوں کا حصہ بھی موجود ہوتا ہے، جبکہ قانون قدرت یہ ہے کے اللہ تعالی رزق کمزوروں کی وجہ سے دیتا ہے اللہ کی زمین پر اللہ کے بے شمار بندے ایسے بھی ہیں جو غریب، بیمار کمزور، ضعیف، خواتین، بیٹیاں، بیوہ، طلاق یافتہ، اپاہج اور معصوم افراد ہیں جن کی وجہ سے اللہ بارش برساتا ہے اور امراء کے رزق میں ان کا رزق بھی شامل کردیا جاتا ہے، اسی حوالے سے امیر المومنین حضرت علیؑ کا ارشاد ہے!

اللہ تعالی نے اغنیاء کے اموال میں فقراء کی خوراک رکھی ہے۔

نفسیاتی اعتبار سے مال ودولت انسان کے لئے اس وقت نعمت اور سکون کا ذریعہ بن جاتا ہے جب وہ مالا ودولت حلال ذریعہ سے حاصل کی جائے اوراس کو ضرورت مندوں پر خرچ کیا جائے لیکن دوسری جانب یہی مال ودولت انسان کے لئے جہنم کا ایک گڑھا اس وقت بن جاتا ہے جب یہ حرام ذرائع سے حاصل کر کے اس کو اللہ کی نافرمانیوں میں اڑا دیا جائے۔
معلوم ہوا یہی دولت انسان کے لئے جنت اور جہنم دونوں بن سکتی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۶۳۔
۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۶۷۔

۶۔سورہ انعام۔آیت۔ ۱۳۳۔
۷۔سورہ ابراہیم۔آیت۔۸۔
۸۔سورہ آل عمران۔آیت۔۹۷۔
۹۔سورہ النسا۔آیت۔۱۳۰۔
۱۰۔سورہ النسا۔آیت۔۱۳۱۔
۱۱۔سورہ الحج۔آیت۔ ۶۴۔
۱۲۔سورہ النمل۔آیت۔۴۰۔
۱۳۔سورہ العنکبوت۔آیت۔۶۔
۱۴۔سورہ لقمان۔آیت۔۱۲۔
۱۵۔سورہ فاطر۔آیت۔۱۵۔
۱۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۸۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔ ۳۶۳۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۰۶۔المال۔مال۔دولت

اپنی دولت کو عطا کر کے، اور دوسروں کی دولت سے بے نیاز بن جاؤ۔(حضرت علیؑ)

مال۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (م۔و۔ل) سے **مشتق** ہے۔ا؎

المال۔سے مراد ہر وہ چیز جس کے تم مالک ہو۔

مال۔کی جمع اموال۔

مال اس سونے اور چاندی کو بھی کہا جاتا ہے جس کا کوئی مالک بن جائے۔

دوسری چیزوں کے ذخائر کو بھی مال کہا جاتا ہے۔

عربوں کے یہاں اونٹوں کے گلے کو بھی مال کہا جاتا ہے۔

رجل میل۔سے مراد بڑا مالدار آدمی۔

تمولت۔استملت۔سے مراد میں بہت مال دار ہوگیا۔

مولہ۔سے مراد اس نے اسے مالدار کردیا۔

مال کو مال اس لئے کہتے ہیں کیونکہ یہ کبھی ایک کی جانب اور کبھی دوسرے کی جانب متوجہ ہوتا ہے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۭ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ۭ وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۔۳؎

ترجمہ۔جان لو کے یہ دنیا کی زندگی محض کھیل اور تماشا اور زیبائش اور ایک دوسرے پر آپس

میں فخر کرنا اور ایک دوسرے پر مال اور اولاد میں زیادتی چاہنا ہے، جیسے بارش کی حالت کہ اس کی سبزی نے کسانوں کو خوش کر دیا پھر وہ خشک ہو جاتی ہے تو تو اسے زرد شدہ دیکھتا ہے پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے، اور آخرت میں سخت عذاب ہے، اور اللہ کی مغفرت اور اس کی خوشنودی ہے، اور دنیا کی زندگی سوائے دھوکے کے اسباب کے اور کیا ہے۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ۔ ۴؎

ترجمہ۔ ہم تم کو ڈر، بھوک اور (تمہارے) اموال، جانوں اور پھلوں کے نقصان میں ضرور مبتلا کریں گے اور ان صبر کرنے والوں کو بشارت دیجئے

وَأَوْرَثَكُمْ أَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ وَأَرْضًا لَّمْ تَطَئُوهَا وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرًا۔ ۵؎

ترجمہ۔ (اللہ) نے ان کی زمین، ان کے گھروں اور ان کے اموال کا تمہیں مالک بنا دیا اور زمین کا جس پر تم نے کبھی قدم نہیں رکھا تھا، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ۔ ۶؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ نے ایمان والوں سے ان کی جان اور ان کے اموال کو جنت کے بدلہ میں خرید لیا۔

الَّذِي جَمَعَ مَالًا وَعَدَّدَهُ۔ ۷؎

ترجمہ۔ جس نے مال جمع کیا اور اسے گن گن کر رکھا۔

يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ۔ ۸؎

ترجمہ۔ وہ گمان کرتا ہے کہ اس کا مال اس کو ہمیشہ (زندہ) رکھے گا۔

ضحاک نے کہا! وہ مال اس لئے گن گن کر جمع کر کے رکھتا ہے تا کہ اس کی اولاد اس مال کی وارث ہو جائے اور اس کا مقصد ان لوگوں کی مذمت کرنا ہے جو اللہ کی راہ میں مال خرچ نہیں

کرتے اور اس کو بچا بچا کر رکھتے ہیں۔

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۔۹؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! بے شک (اہل کتاب کے) بہت سے علماء اور پیر لوگوں کا ناحق مال کھاتے ہیں اور (لوگوں کو) اللہ کے راستے سے روکتے ہیں اور جو لوگ سونے اور چاندی کو جمع کرتے ہیں اور اس کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے تو آپ ان کو دردناک عذاب کی خوش خبری سنا دیجئے۔

يَوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ۔۱۰؎

ترجمہ۔جس دن وہ (سونا اور چاندی) دوزخ کی آگ میں تپایا جائے گا پھر اس سے ان کی پیشانیوں کو اور ان کے پہلوؤں کو اور ان کی پیٹھوں کو داغا جائے گا، یہ ہے وہ (سونا اور چاندی) جس کو تم نے اپنے لیے جمع کر کے رکھا تھا سو اب اپنے جمع کرنے کا مزہ چکھو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عبداللہؓ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دو لوگوں پر حسد (رشک) مستحسن ہے۔۱۔اللہ نے اسے مال دیا اور وہ اس مال کو حق کے راستے پر خرچ کرتا ہو۔۲۔اللہ نے اس کو علم وحکمت (قرآن کا علم دیا) اور وہ لوگوں کو اس کی تعلیم دے اور اس علم کے مطابق لوگوں کے درمیان فیصلے کرے۔۱۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اپنی اولاد اور اپنے اموال کے لئے بددعا نا کرو کہیں ایسا نا ہو کے تم کسی قبولیت کی گھڑی میں اللہ سے دعا کر بیٹھو اور وہ دعا قبول ہو جائے۔۱۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک اللہ ایسے مالدار کو پسند فرماتا ہے جو گم نام اور پرہیز گار

ہو۔ ۱۳؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بے شک ایسے مال دار کو پسند فرماتا ہے جو پرہیز گار، گم نام ہو۔ ۱۴؎

حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک شخص حاضر ہوا اور اس نے کہا! میرے پاس مال اور اولاد دونوں ہیں اور میرے والد میرا مال ختم کرنا چاہتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا! تم اور تمھارا مال دونوں تمھارے والد کے ہیں۔ ۱۵؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! ایک زمانہ ایسا بھی آئے گا جب انسان اس بات کی کوئی پرواہ نہیں کرے گا کے اس نے مال کہاں سے حاصل کیا یعنی حلال طریقہ یا حرام طریقہ۔ ۱۶؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! صدقہ کرنے سے مال میں کوئی کمی نہیں ہوتی۔ ۱۷؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اگر انسان کے پاس دو وادیاں بھی مال کی ہوں تو وہ تیسری وادی کی تمنا رے گا کیونکہ انسان کا پیٹ صرف قبر کی مٹی ہی بھر سکتی ہے اور جو سچے دل سے اللہ سے توبہ کرتا ہے اللہ تعالی اس کی توبہ کو قبول فرماتے ہیں۔ ۱۸؎

رسول اللہ نے فرمایا! قسم خدا کی قسم! مجھے تمھارے متعلق محتاجی کا ڈر نہیں لیکن مجھے تم پر اس بات کا خوف ہے کے دنیا تم پر کشادہ کردی جائے گی جس طرح سے تم سے پہلوں پر کشادہ کردی گئی تھی پھر پہلوں کی طرح تم آپس میں رشک کروگے اور جس طرح سے وہ ہلاک ہو گئے تمھیں بھی یہ چیز ہلاک کر کے رہے گی۔ ۱۹؎

حضرت ابو ذرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! زیادہ مال والے قیامت کے دن سب سے نچلے طبقہ میں ہوں گے ماسوا ان لوگوں کے جو مال کو دائیں بائیں آگے پیچھے تقسیم کردیں۔ ۲۰؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس شخص کو اللہ نے مال عطا

کیا اور اس نے اس کو زکوٰۃ ادا نہیں کی، قیامت کے دن اس کے لیے ایک گنجا سانپ بنایا جائے گا جس کے دو زہریلے ڈنک ہوں گے، اس سانپ کو اس کا طوق بنا دیا جائے گا، پھر وہ اس کو اپنے جبڑوں سے پکڑے گا، پھر کہے گا! میں تیرا مال ہوں، میں تیرا خزانہ ہوں پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آل عمران ۔آیت ۔۱۸۰ کی تلاوت فرمائی۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ بَلْ ھُوَ شَرٌّ لَّھُمْ ۭ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۔

ترجمہ۔ جو لوگ اس چیز پر بخل کرتے ہیں جو اللہ نے ان کو اپنے فضل سے دی ہے وہ یہ خیال نہ کریں کہ بخل ان کے حق میں بہتر ہے، بلکہ یہ ان کے حق میں برا ہے، قیامت کے دن وہ مال طوق بنا کر ان کے گلوں میں ڈالا جائے گا جس میں وہ بخل کرتے تھے، اور اللہ ہی آسمانوں اور زمین کا وارث ہے، اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے جانتا ہے۔۔۲۱

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، ہر وہ شخص جس کے پاس سونا اور چاندی ہو اور وہ اس کا حق ادا نہ کرتا ہو، جب قیامت کا دن ہوگا تو اس کے لیے آگ کے پترے تیار کیے جائیں گے اور ان کو جہنم کی آگ میں گرم کیا جائے گا، پھر ان کے ساتھ اس شخص کے پہلو، پیشانی اور پیٹھ کو داغا جائے گا اور جب وہ پترے ٹھنڈے ہو جائیں گے تو ان کو دوبارہ آگ میں گرم کیا جائے گا، یہ عذاب اس دن دیا جائے گا جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہوگی، اس کو یہ عذاب دیا جاتا رہے گا حتیٰ کے تمام لوگوں کا فیصلہ کر دیا جائے گا، پھر وہ دیکھے گا اس کا ٹھکانا، جنت کی طرف ہوگا یا دوزخ کی طرف اور جو اونٹوں کا حق ادا نہیں کرے گا اس کو اس پورے دن اونٹ اپنے پیروں سے روندتے رہیں گے اور اپنے مونہوں سے کاٹتے رہیں گے حتیٰ کے تمام لوگوں کے درمیان فیصلہ کر دیا جائیگا پھر وہ دیکھے گا اس کا ٹھکانا جنت کی طرف ہوگا یا دوزخ کی طرف اور جو شخص بکریوں اور بھیڑوں کا حق ادا نہیں کرے گا وہ اس کو اس پورے دن تک

اپنے سینگھوں سے زخمی کرتی رہیں گی اور اپنے پیروں سے روندتی رہیں گی حتیٰ کے تمام لوگوں کے درمیان فیصلہ کر دیا جائے گا پھر وہ دیکھے گا اس کا ٹھکانا جنت کی طرف ہوگا یا دوزخ کی طرف۔ ۲۲؎

کنز کے معنی

علامہ راغب اصفہانی نے لکھا! کنز کا معنی ہے مال کو اوپر تلے رکھنا، مال جمع کر کے اس کی حفاظت کرنا، خزانہ کو کنز کہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے مال جمع کرنے اور اس کو اللہ کی راہ میں خرچ نہ کرنے کی مذمت فرمائی ہے۔ ۲۳؎

زکوٰۃ نہ دے کر مال جمع کرنے والوں کی قرآن کریم اور احادیث صحیح سے مذمت:

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ بِمَآ اٰتَاهُمُ اللّٰهُ مِن فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ۖ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۖ سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ وَلِلّٰهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۔ ۲۴؎

ترجمہ۔ اور جو لوگ اس چیز پر بخل کرتے ہیں جو اللہ نے ان کو اپنے فضل سے دی ہے وہ یہ خیال نہ کریں کہ بخل ان کے حق میں بہتر ہے، بلکہ یہ ان کے حق میں برا ہے، قیامت کے دن وہ مال طوق بنا کر ان کے گلوں میں ڈالا جائے گا جس میں وہ بخل کرتے تھے، اور اللہ ہی آسمانوں اور زمین کا وارث ہے، اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے جانتا ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب تم نے اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کر دی تو تم نے اس حق کو ادا کر دیا جو تم پر واجب تھا۔ ۲۵؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، جس مال کی تم نے زکوٰۃ ادا کر دی ہو تو خواہ وہ مال سات زمینوں کے نیچے ہو وہ کنز نہیں ہے اور جس مال کی تم نے زکوٰۃ ادا نہیں کی تو خواہ وہ ظاہر ہو وہ پھر بھی کنز ہے۔ ۲۶؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! اپنی دولت کو نیکی کے کاموں میں خرچ کرو۔

مال شہوتوں کا مادہ ہے۔ میں مومنین کا بادشاہ ہوں جبکہ مال فاجروں کا بادشاہ ہے۔

سب سے زیادہ گھاٹے میں وہ شخص ہے جس نے مال و دولت کو کمانے میں اپنے جسم کو بے کار کر دیا مگر تقدیر نے اس کا ساتھ نا دیا اور وہ اس دنیا سے اپنے برے کاموں کے ساتھ آخرت کی جانب چلا گیا۔

اے کمیل! علم مال سے بہتر ہے کیونکہ علم تمھاری حفاظت کرتا ہے جبکہ مال کی حفاظت تم کرتے ہو۔ مال خرچ ہونے سے گھٹتا ہے اور علم خرچ ہونے سے بڑھتا ہے۔

اے کمیل! دولت اکٹھا کرنے والے ہلاک ہو گئے جبکہ علماء زندہ ہیں جب تک زمانہ باقی ہے وہ بھی باقی رہیں گے۔

ہر انسان کے مال میں دو چیزیں شریک ہیں۔ ا۔ ورثاء۔ ۲۔ حادثات۔

روز قیامت سب سے زیادہ حسرت اس شخص کو ہوگی جس نے اللہ کی اطاعت سے ہٹ کر مال کمایا اور وہ دولت اس کے مرنے کے بعد ایک ایسے انسان کو وراثت میں مل گئی جس نے اس دولت کو راہ خدا میں صرف کیا چنانچہ پہلا شخص اسی دولت کے سبب جہنم واصل ہوا جبکہ دوسرا انسان اسی دولت کے سبب جنت کا وارث بنا۔

فقر کو دور کرنے کے لئے اپنی غذا سے راضی رہنے سے بہتر کوئی مال نہیں۔

جب آپؓ سے خیر اور بھلائی کے بارے میں پوچھا گیا! تو آپؓ نے فرمایا! خیر اور بھلائی یہ نہیں کے تمھارا مال بڑھ جائے بلکہ خیر اور بھلائی یہ ہے کے تمھارا علم، حلم اور عبادات بڑھ جائیں۔ تمھارا بہترین مال وہ ہے جو تمھاری ضرورت کے مطابق ہو۔

اس شخص کے پاس کوئی دولت نہیں جس کے پاس کوئی تدبیر نہیں۔

تین لوگ ایسے ہیں جو اپنی جان کو داؤ پر لگاتے ہیں۔ ا۔ سمندری تاجر۔ ۲۔ بادشاہ کا

دوست۔ ۳۔ رشوت لے کر فیصلہ کرنے والا قاضی۔

تین چیزیں ایسی ہیں جس کو کوئی دوام نہیں ۔

ا۔فضول خرچ کے ہاتھ میں دولت۔

۲۔گرمی کے بادل۔

۳۔ عاشق کا غصہ۔

صلہ رحمی کے ذریعے سے دولت اور عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔

دولت مند شخص کو چاہئے کے وہ فساد سے بچے کیونکہ غیر مستحق اور نا اہل کو مال دینا اللہ کی ناشکری ہے۔جس کے پاس دولت ہو اس کو چاہئے کے وہ اس دولت کے ذریعے صلہ رحمی، مہمان نوازی، اسیروں کی رہائی،ضرورت مندوں کی حاجت روئی کرے کیونکہ جس انسان کے بھی یہ اعمال ہوں گے وہ آخرت میں شرف اور عزت کا مستحق قرار پائے گا۔

سب سے زیادہ افضل مال وہ ہے جس سے حقوق کی ادائے گی کی جائے ۔

اپنی دولت کو عطا کرنے والے اور دوسروں کی دولت سے بے نیاز بن جاؤ۔

انسان اس وقت تک عزت دار نہیں ہوسکتا جب تک کے اس کی دولت اس کی نظر میں بے حقیقت نا ہوجائے۔

جو دولت حرام ذرائع سے حاصل کی جاتی ہے وہ دولت ناحق خرچ بھی ہوجاتی ہے۔

جو انسان لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے لئے دولت کو حاصل کرتا ہے لوگ ایسے انسان کی اطاعت اور اس سے محبت کرتے ہیں لیکن جو شخص اپنے ذاتی مفاد کے لئے دولت کو جمع کرتا ہے ایسے لوگ اسی دولت کے سبب برباد ہوجاتے ہیں۔۲۷

نفسیاتی پہلو

مال میں نا کوئی برائی ہے اور نا اچھائی، مال کو برا یا اچھا اس کو کمانے اور خرچ کرنے کا طریقہ بنا تا ہے، اگر مال کو حلال طریقے سے کما کر جائز امور پر خرچ کیا جائے تو یہ اللہ کی خوشنودی اور

جنت کا ایک راستہ ہے اور اگر اسی مال کو حرام طریقہ سے کما کر ناجائز کاموں پر خرچ کیا جائے تو پھر یہی مال و دولت انسان کے لئے حسر، شرمندگی اور ہلاکت ثابت ہوتی ہے۔

مال کا نفسیاتی پہلو بھی یہی ہے اللہ تعالی نے جس انسان کو مال کی نعمت سے نوازا اور اس نے اس مال کو حلال طریقے سے کما کر جائز امور پر خرچ کیا تو اس شخص کا یہ عمل عبادت، اللہ کی خوشنودی اور دوستی کا سبب بن جاتا ہے اور یہی اللہ کی دوستی اور خوشنودی انسان کے لئے جنت کی نوید ہے، دوسری جانب اگر اسی دولت کو حرام ذرائع سے حاصل کر کے اللہ کی نافرمانی کے کاموں میں اڑاتے ہوئے شراب نوشی، جوا، ملاوٹ، سود، چوری، ڈکیتی، تاوان اور رشوت میں خرچ کیا جائے تو یہی دولت انسان کے لئے جہنم کا ایک گڑھا ثابت ہوتی ہے جبکہ جہنم انسان کی ہلاکت اور تباہی کی وعید ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ الحدید۔آیت۔ ۲۰۔

۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۵۵۔

۵۔سورہ احزاب۔آیت۔ ۲۷۔

۶۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۱۱۱۔

۷۔سورہ الھمز ہ۔آیت۔ ۲۔

۸۔سورہ الھمز ہ۔آیت۔ ۳۔

۹۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۳۴۔

۱۰۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۳۵۔

۱۱۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۲۔مشکوۃ۔امام ولی الدین تبریزی (متوفی ۷۴۲ھ)۔مطبوعہ اصح المطابع دہلی دار ارقم بیروت۔

۱۳۔مشکوۃ ۔امام ولی الدین تبریزی (متوفی ۷۴۲ھ)۔مطبوعہ اصح المطابع دہلی دار ارقم بیروت۔
۱۴۔مشکوۃ ۔امام ولی الدین تبریزی (متوفی ۷۴۲ھ)۔مطبوعہ اصح المطابع دہلی دار ارقم بیروت۔
۱۵۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۱۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۷۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۰۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۲۲۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۳۔المفردات ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۴۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۸۰۔
۲۵۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۲۶۔المصنف ۔امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی (متوفی ۲۱۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۰ھ۔
۲۷۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ص۔۴۲۴۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔

۱۰۷۔الغیر ۃ۔غیرت

غیرت مند انسان کبھی زنا نہیں کرتا۔(حضرت علیؑ)

الغرۃ۔غیرت۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(غ۔ی۔ر) سے مشتق ہے۔ا؎

غیر۔کے معانی سوا، بجز اور علاوہ کے ہیں۔

غیرت ،اس جذبہ کو کہتے ہیں جب کوئی چیز اپنی ہو اور کوئی دوسرا اس میں دخل اندازی کرے۔

غیرت کھانے سے مراد اپنی عزت و ناموس کی حفاظت کے لئے جذبہ کا پیدا ہونا۔

تغیر۔سے مراد بدل جانا۔

غیر۔سے مراد بدل دینا یا تبدیل کر دینا۔۲؎

ارشادات خداوندی:

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ۔۳؎

ترجمہ۔(نوح نے کہا!)اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہاری عبادت کا کوئی مستحق نہیں ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا۔۴؎

ترجمہ۔بے شک اللہ کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک کے وہ اپنی حالت کو خود نہ بدل دیں۔

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۚ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ۔۵؎

ترجمہ۔جس جنت کا متقین سے وعدہ کیا گیا ہے اس میں ایسے دریا ہیں جن کا پانی متغیر نہیں ہوتا

اور اس میں ایسے دودھ کے دریا ہیں جن کا ذائقہ متغیر نہیں ہوتا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۔۶؎

ترجمہ۔ اللہ ہرگز اس نعمت کو نہیں بدلتا جو اس نے کسی قوم کو دی تھی جب تک وہ خود اپنے دلوں کی حالت نہ بدلیں، اور اس لیے کہ اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا! مومن غیرت مند ہوتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مزید فرمایا! اللہ سب سے زیادہ غیرت والا ہے۔۷؎

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! غیرت مند انسان کبھی زنا نہیں کرتا۔

عورت کی غیرت کفر اور مرد کی غیرت ایمان ہے۔

مرد کی پاک دامنی اس کی غیرت جتنی ہوگی۔

جو مقام اظہار غیرت نہیں وہاں اپنی غیرت کے اظہار سے اجتناب کرو کیونکہ بے محل غیرت کے نتیجے میں بدگمانی کے سبب نیک اور باعفت عورت بدکرداری اور شک وشبہ کے راستے پر چل نکلے گی۔

مرد کی غیرت اس کے غرور اور عزت نفس کے برابر ہوتی ہے۔

انسان کی شجاعت اس کی ہمت جتنی اور اس کی غیرت اس کی شرم وحیاء جتنی ہوگی۔

مومن کی غیرت اس کے رب کے لئے ہوتی ہے۔۸؎

نفسیاتی پہلو

غیرت ایک جذبہ اور صفت ہے جو اللہ نے انسان کو عطا فرمائی ہے، انسان کو عزت، غیرت، بہادری اور شجاعت کے ساتھ زندہ رہنے کے لیے قوت کی ضرورت ہے اور قوت کا اصل سر

چشمہ خودی ہے۔فرد کو اپنی ذات پر مکمل اعتماد جب ہی حاصل ہوسکتا ہے جب اس کی خودی مستحکم اور تربیت یافتہ ہو اور جیسے جیسے یہ مراحل طے ہوتے جاتے ہیں انسان خود شناسی سے خداشناسی تک کا سفر بخوبی طے کرتا جاتا ہے۔
اقبال کے خیال میں انسان کی ذاتی یا انفرادی تعلیم جس کو وہ مختلف تجربات اور مشاہدات کے ذریعے حاصل کرتا ہے وہ بھی اتنی ہی اہم ہوتی ہے جتنی اہم کسی بھی اعلیٰ تعلیمی ادارے کی تعلیم کیونکہ ذاتی تعلیم سچی، حقیقی اور قابل اعتماد ہوتی ہے جس کا سلسلہ ساری عمر تجربات اور مشاہدات کی شکل میں جاری رہتا ہے لہٰذا ضروری ہے کے افراد کو ایسا ماحول اور معاشرہ میسر ہو جو خوف، مرعوبیت، محکومی، غلامی اور تقلید سے پاک ہو۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ اعراف۔آیت۔۵۹۔

۴۔سورہ رعد۔آیت۔۱۱۔

۵۔سورہ محمد۔آیت۔۱۵۔

۶۔سورہ انفال۔آیت۔۵۳۔

۷۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

۸۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۳۶۷۔ مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۱۰۸۔فراغت۔فرصت

فرصت کا ضائع کر دینا حسرت اور رنج کا باعث ہے (حضرت علیؑ)

فراغت ۔فرصت عربی زبان کا لفظ ہے، جو فراغت (ف۔ر۔غ) سے مشتق ہے۔ا؎

فرغ۔فروغاً۔سے مراد خالی ہونا۔

فارغ۔سے مراد خالی۔

فرغ لہ والیہ۔سے مراد ہر طرف سے توجہ ہٹا کر کسی ایک جانب یکسو ہو جانا۔

الفراغ۔سے مراد ڈول کی وہ سمت جس طرف سے پانی انڈیلا جاتا ہے۔

افرغ۔سے مراد انڈیلنا یا بہانا۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَاَصۡبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوۡسٰی فٰرِغًا اِنۡ كَادَتۡ لَتُبۡدِیۡ بِهٖ لَوۡلَاۤ اَنۡ رَّبَطۡنَا عَلٰی قَلۡبِهَا لِتَكُوۡنَ مِنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ۔ ۳؎

ترجمہ۔موسیٰ کی ماں کا دل خالی ہو گیا تھا اگر ہم نے ان کے دل کو ڈھارس نہ دی ہوتی تو قریب تھا کے وہ موسیٰ کا راز فاش کر دیتیں، اگر ہم اس کے دل کو صبر نہ دیتے تا کہ اسے ہمارے وعدے کا یقین رہے۔

وَمَا تَنۡقِمُ مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنۡ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتۡنَا ؕ رَبَّنَاۤ اَفۡرِغۡ عَلَيۡنَا صَبۡرًا وَّتَوَفَّنَا مُسۡلِمِيۡنَ۔ ۴؎

ترجمہ۔اور تمہیں ہم سے یہی دشمنی ہے کہ ہم نے اپنے رب کی نشانیوں کو مان لیا جب وہ ہمارے پاس آئیں، اے ہمارے رب! ہمارے اوپر صبر ڈال اور ہمیں مسلمان کر کے موت دے۔

فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ۔۵؎
ترجمہ۔پس جب آپ (تبلیغ سے) فارغ ہوں تو عبادت پر کمربستہ ہوں۔
قتادہ،ضحاک اور مقاتل نے کہا! جب آپ ﷺ فرض نماز سے فارغ ہوں تو پھر کوشش کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے رغبت کے ساتھ دعا کریں آپ ﷺ اللہ تعالیٰ سے رغبت کے ساتھ سوال کریں تو وہ آپ کو عطا فرمائے گا۔
شعبی نے کہا! جب آپ ﷺ نماز میں تشہد پڑھنے سے فارغ ہوں تو پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے دعا کریں۔
علی بن طلحہ نے کہا! اپنی فراغت کے اوقات کو اللہ تعالیٰ کی نفلی عبادات کے ساتھ خاص کرلیں۔
ایک قول یہ ہے! جب آپ ﷺ ایک عبادت سے فارغ ہوں تو اس کے متصل دوسری عبادت شروع کردیں،حتیٰ کے آپ ﷺ کا کوئی وقت اللہ تعالیٰ کی عبادت سے خالی نہ گزرے تاہم مختار قول یہ ہے! جب آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانے اور کارتبلیغ سے فارغ ہوں تو پھر اللہ تعالیٰ کی عبادت پر کمربستہ ہوں۔

رسول اللہ ﷺ کے ارشادات:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ کی نعمتوں میں سے دو چیزیں ایسی ہیں جن کی اکثر انسان قدر نہیں کرتے۔ ا۔صحت۔ ۲۔فرصت۔۶؎
عورت کو گھر میں فارغ (خالی) بیٹھے رہنے سے کہیں بہتر ہے کے وہ چرخہ کات لے کیونکہ یہ اچھی کمائی کا ذریعہ ہے۔۷؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! فرصت جلد ختم ہوجاتی ہے اور دیر میں واپس آتی ہے۔
فرصت کا ضائع کردینا حسرت اور رنج کا باعث ہے۔
امکان پیدا ہونے سے قبل کسی بھی کام میں جلد بازی کرنا اور فرصت پہنچنے پر دیر کرنا حماقت

ہے۔فرصت کی گھڑیاں تیز رو بادلوں کی طرح نہایت تیزی سے گزر جاتی ہیں لہٰذا تم نیکی کے کاموں کے مواقع کو غنیمت جانو۔

فرصت کی جانب جلدی پیش قدمی کرو اس سے پیشتر کے وہ تمھاری حسرت اور غصے میں بدل جائے۔فرصت ہاتھ سے نکل جانے والی چیز ہے۔

ہر کام میں آہستگی، عجلت سے بہتر ہوتی ہے صرف نیکی کے کام وہ ہیں جن میں جلدی کرنی چاہیئے۔۸؎

نفسیاتی پہلو

انسان کو اللہ نے دنیا میں اپنی نیابت اور خلافت عطا فرماتے ہوئے ایک بڑے مشن کی تکمیل کے لئے بھیجا ہے چنانچہ اس کو نہایت عزم و حوصلے کے ساتھ پیغمبرانہ مشن کو اپناتے ہوئے اپنے رات و دن کے اوقات کو ان ہی بلند مقاصد پر تقسیم کرنا چاہیئے ورنہ دنیا اور آخرت میں ایسے شخص کو حسرت اور ندامت سے گزرنا پڑے گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کا مفہوم ہے! قیامت کے دن جو لوگ داخل جنت کر دیئے جائیں گے لیکن جنت میں جانے کے باوجود انھیں اس بات کا افسوس ہوگا کے انھوں نے دنیا میں اپنے وقت کو بہت برباد کیا، کاش وہ دنیا میں اللہ کی اور زیادہ عبادت اور اطاعت کر لیتے۔

لہٰذا اس حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں انسان کو وقت کی قدر کرتے ہوئے اس قیمتی وقت کو اچھے اور بامقصد کاموں میں گزارتے ہوئے اللہ کے پسندیدہ بندوں میں اپنے آپ کو شامل کرنا چاہیئے، کیونکہ وقت نہایت تیزی سے گزر رہا ہے اور انسان نہایت تیزی سے اپنی قبر کے پیچھے بھاگ رہا ہے جبکہ انسان کے پیچھے اس کی موت نہایت تیزی سے بھاگ رہی ہے چنانچہ وقت کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اس کو درست طریقے سے استعمال کرنا عقلمندی کی نشانی ہے۔

اس کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے جو لوگ وقت کی قدر کرتے ہیں تو وقت بھی ایسے افراد کی قدر کرتا ہے اور اللہ تعالی ایسے افراد کے وقت میں خیر و برکت شامل کر دیتا ہے جس کی وجہ سے وہ

کم وقت میں بھی عظیم کارنامے انجام دے لیتے ہیں دوسری جانب وہ لوگ جو وقت کو دونوں ہاتھوں سے برباد کرتے ہیں وقت بھی انھیں تباہ برباد کر کے رہتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ القصص۔آیت۔ ۱۰۔

۴۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۱۲۶۔

۵۔سورہ الم نشرح۔آیت۔ ۷۔

۶۔سنن درامی ۔امام عبداللہ بن عبدالرحمن درامی (متوفی ۲۵۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العربی ۱۴۰۷ھ۔

۷۔کنوز الحقائق ۔امام عبدالروٴف بن علی المنادی (متوفی ۱۰۳۱ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔

۸۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔ص۔ ۳۷۴۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران ۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۰۹۔لسان۔زبان

مومن کی زبان پر نور الٰہی چمکتا ہے جبکہ منافق کی زبان پر شیطان بولتا ہے۔(حضرت علیؑ)

لسان۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ل۔س۔ن) سے مشتق ہے۔ا؎

لسان۔ سے مراد قوت گویائی ہے۔

لسان۔ کے معنی تعریف وتوصیف ہے۔ ۲؎

ارشادات خداوندی:

وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ۔ ۳؎

ترجمہ۔زبان اور دو ہونٹ۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ۔ ۴؎

ترجمہ۔ہم نے ہر رسول کو اس کی قوم کی زبان ہی میں مبعوث کیا ہے تا کہ وہ ان کو بیان کر سکے۔

وَاَخِیْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّیْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِیَ رِدْاً یُّصَدِّقُنِیْۤ اِنِّیْۤ اَخَافُ اَنْ یُّكَذِّبُوْنِ۔ ۵؎

ترجمہ۔میرے بھائی ہارون مجھ سے زیادہ روانی سے بولنے والے ہیں تو ان کو میری مدد کے لیے رسول بنا دے وہ میری تصدیق کریں گے کیونکہ مجھے اندیشہ ہے کے وہ میری تکذیب کریں گے۔

وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِیًّا ۔ ۶؎

ترجمہ۔ہم نے ان کو اپنی رحمت عطا کی اور ہم نے (دنیا میں) ان کا ذکر جمیل بلند کیا۔

وَمِنْ اٰیٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ۔ ۷؎

ترجمہ۔اور اس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمینوں کی پیدائش ہے اور تمہاری زبانوں اور تمہارے رنگوں کا اختلاف ہے۔ بے شک اس میں علم والوں کے لیے ضرور نشانیاں ہیں۔

وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ۔ ۸؎

ترجمہ۔میرا ذکر خیر پچھلے لوگوں میں بھی باقی رکھ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابو درداؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جن لوگوں کی زبانیں اللہ کے ذکر سے تر رہتی ہیں وہ ہنستے ہوئے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ ۹؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اس شخص کو جنت کی بشارت ہے جس نے اپنی زبان پر قابو پالیا اور اپنی غلطیوں پر اشک بہاتا ہے۔ ۱۰؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تمھاری زبان ہر وقت اللہ کے ذکر میں تر رہے۔ ۱۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! لوگوں میں سب سے بہتر وہ ہے جو دل کا صاف اور زبان کا پکا ہو۔ ۱۲؎ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بری باتوں سے خاموش رہنا شرم وحیاء ہے اور ایمان کی شاخوں میں سے ایک شاخ ہے جبکہ بے ہودہ گفتگو کرنا نفاق کی شاخوں میں سے ایک شاخ ہے۔ ۱۳؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تمھارے لئے تین باتوں کو ناپسند کرتا ہے۔

۱۔ بلاوجہ کی گفتگو۔

۲۔فضول خرچی۔

۳۔لوگوں سے بہت مانگنا۔ ۱۴؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بندہ ایک ایسی بات زبان سے نکالتا ہے جو اللہ کی ناراضگی کا باعث بنتی ہے جیسے کہنے والا کوئی اہمیت نہیں دیتا لیکن اس بات کی وجہ سے وہ جہنم میں

چلا جاتا ہے۔۱۵؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! آدمی کبھی ایسی بات کہہ دیتا ہے جس میں وہ خود کوئی حرج نہیں سمجھتا لیکن اسی کی وجہ سے وہ ستر (۷۰) برس تک جہنم کی آگ میں گرتا چلا جاتا ہے۔۱۶؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! اچھی بات بولنے سے روح کو سکون ملتا ہے اور خاموش رہنے سے جسم کو راحت ملتی ہے۔۱۷؎

مومن کی زبان پر نور الٰہی چمکتا ہے جبکہ منافق کی زبان پر شیطان بولتا ہے۔

ہمیشہ اخلاق سے بات کرو کیونہ انسان پر سب سے زیادہ مصیبتیں اس کی اپنی زبان کی وجہ سے آتی ہیں۔

بہت سے لوگوں کو زبان نے موت کے گھاٹ اتار دیا۔۱۸؎

انسان کی گفتگو سے اس کا وزن کیا جاتا ہے جبکہ اس کے کاموں سے اس کی قیمت لگائی جاتی ہے۔

جب کسی کو کسی سے رشتہ ختم کرنا ہوتا ہے تو وہ سب سے پہلے اپنی زبان کی مٹھاس کو ختم کرتا ہے۔

تم اپنی زبان کی تیزی اس کے لئے ہرگز استعمال نا کرنا جس نے تمھیں قوت گویائی دی۔

اپنے کلام کی بلاغت کو کبھی بھی کسی ایسے انسان کے خلاف استعمال نا کرنا جس نے تمھیں استحکام دیا۔اجر تو زبان سے اچھی بات کہنے اور ہاتھ پیروں کے ذریعے نیک اعمال کو کرنے میں ہے۔

پست ترین علم وہ ہے جو انسان کی زبان پر ہو اور اعلیٰ ترین علم وہ ہے جو عمل کے ذریعے سے ظاہر ہو۔ ہر انسان اپنی زبان کے نیچے چھپا ہوا ہے۔

احمق کا دل اس کے منہ میں جبکہ عقلمند کی زبان اس کے قلب میں ہوتی ہے

زبان ایک ایسا درندہ ہے جس کو اگر کھلا چھوڑ دیا جائے تو یہ چبا جائے۔

بے شک کیا عظیم مرتبہ ہے ان لوگوں کا جنھوں نے اپنے مال، نفوس اور زبان سے جہاد کیا۔
صالح زبان اللہ کی ایک عظیم عطا ہے۔
جو انسان اپنی زبان پر قابو پالیتا ہے اس کو انسان کو اس کی قوم اپنا سردار بنالیتی ہے
انسان اگر کسی بات کو اپنے دل میں چھپالیتا ہے لیکن وہ بات اس زبان کی لغزش اور چہرے کے اتار چڑھاؤ سے ظاہر ہوجاتی ہے۔
بہت کم ایسا ہوتا ہے کے زبان تمھارے ساتھ کسی برائی یا اچھائی کو پھیلانے میں انصاف کرے۔
جو شخص اپنی زبان کو اپنا سردار بنالیتا ہے اس شخص کا اپنا نفس بھی غیر اہم ہوجاتا ہے۔
انسان کی زبان ایک ایسی تلوار ہے جس کی ضرب اس کے تمام جسمانی اعضاء پر پڑتی ہے۔
انسان کی زبان اس کی عقل کے خادموں میں سے ایک خادم ہے۔
تمھاری زبان تم سے وہی چاہے گی جس کا تم نے اس کو عادی بنادیا۔
انسان کی راحت اور خوشی اس کی اپنی زبان کی حفاظت میں مضمر اور پنہاں ہے۔
جس انسان کی زبان شیرین ہوجاتی ہے اس انسان کے دوست بڑھ جاتے ہیں۔
احسانات کے ذریعے سے لوگوں کی بدگوئی کو قابو کیا جاسکتا ہے۔
اپنی زبان کی حفاظت کرو کیونکہ الفاظ انسان کے پاس مقید رہتے ہیں جب تک وہ انھیں رہا نا کردے پھر الفاظ کی رہائی کے بعد انسان خود ان کا سیر ہوجاتا ہے، اگر انسان کے قدم بہک جائیں تو ان کا تدارک کسی نا کسی طرح پھر بھی ممکن ہے لیکن اگر انسان کی زبان غلطی کرجائے تو پھر بطور سزا اس کی گردن اور زبان کاٹ دی جاتی ہے۔
وہ شخص شدید ترین بلا اور عظیم ترین مشقت میں گرفتار ہوگیا جس کی زبان بے لگام اور اس کا دل معلق کردیا گیا اب اگر ایسا شخص بولے تو جب بھی اور اگر خاموش رہے گا تو جب بھی اس کو کوئی فائدہ نہیں، اگر تمھیں یہ معلوم ہوجائے کے تمھاری میزان میں کیا ہے؟ تو تم یقیناً اپنی

زبان پر مہر لگا لوگے۔

جو انسان اپنی زبان کی حفاظت کر لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے عیوب کو لوگوں سے چھپا لیتا ہے۔

خط لکھنا کسی بھی انسان کی ہاتھ کی زبان ہے جبکہ انسانی زبان عقل کی ترجمان ہے۔

انسان کا مقتل اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے۔

کسی بھی انسان کے لئے تین چیزیں نجات دہندہ ہیں۔

۱۔زبان پر قابو۔

۲۔اپنے گناہوں پر رونا۔

۳۔اپنے گھر کی وسعتوں میں گم رہنا۔

حکمت ایک ایسا پودا ہے جو دل میں اگتا ہے اور زبان پر پھل دیتا ہے۔

زبان ان باتوں کی بھی ترجمانی کرتی ہے جس کو ضمیر چھپاتا ہے۔

زبان کی حفاظت بالکل اسی طرح سے کرو جس طرح سے تم اپنے سونے اور چاندی کی حفاظت کرتے ہو۔

زبان سے ڈرو کیونکہ یہ ایک ایسا تیر ہے جو نشانہ خطاء کرتا ہے۔

انسان کی بلا اس کی زبان میں ہے۔زبان کی دھار تیر وتلوار کی دھار سے تیز ہوتی ہے۔

انسان کی بھلائی اس کی زبان کی خوبی اور اس کے احسانات میں پوشیدہ ہے۔

کتنے انسانوں کو ان کی زبان نے ہلاک کر دیا۔تمھاری زبان کی خاموشی تمھیں کامیاب اور اس کی آزادی تمھیں ہلاکت میں مبتلا کر سکتی ہے۔۱۹؎

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا! اہل جنت کی چار نشانیاں ہیں۔

۱۔مسکراتا چہرہ۔

۲۔نرم زبان۔

۳۔رحم کرنے والا دل۔

۴۔عطا کرنے والا ہاتھ ۔

نفسیاتی پہلو

دنیا میں جتنا فتنہ فساد،لڑائی جھگڑا،بدزبانی،بدکلامی،فحش گوئی،جھوٹ،چغلی،غیبت،بہتان، الزام،طلاق،خودکشی اور برائی ہے اس کے در پردہ انسان کی زبان ہے اگرچہ زبان اللہ کا تحفہ ہے کیونکہ اسی زبان سے انسان دین اسلام کی تبلیغ واشاعت اور ذکر اذکار کی بدولت اللہ کا مقرب بن سکتا ہے،لیکن انسان بجائے اس زبان جیسی نعمت عظمی پر اللہ کی شکر گزاری کے اس نے اسی زبان سے اللہ کو ناراض کر دیا اور اپنی اسی زبان کے بے جا استعمال سے اس نے دنیا میں فتنے فسادات اور لڑائی جھگڑے کو فروغ دیا اور بلا آخر اس نے اسی زبان کے ذریعے جہنم کو اپنا ٹھکانا بنالیا۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔
۲۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی(متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔
۳۔سورہ البلد۔آیت۔۹۔
۴۔سورہ ابراہیم۔آیت۔۴۔
۵۔سورہ القصص۔آیت۔۳۴۔
۶۔سورہ مریم۔آیت۔۵۰۔
۷۔سورہ روم۔آیت۔۲۲۔
۸۔سورہ الشعراء۔آیت۔۸۴۔
۹۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل(متوفی ۲۴۱ھ)مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۱۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری(متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۱۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ(متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۱۲۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ(متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۱۳۔ مشکوۃ ۔ امام ولی الدین تبریزی (متوفی ۷۴۲ھ)۔ مطبوعہ اصح المطابع دہلی دار ارقم بیروت ۔
۱۴۔صحیح بخاری۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔ مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۵۔صحیح بخاری۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔ مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۶۔سنن ترمذی۔ امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔ مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۷۔ میزان حکمت۔
۱۸۔ میزان حکمت۔
۱۹۔تجلیات حکمت۔ مرتب۔ آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔ مترجم۔ سید قمر عباس۔ ص۔ ۴۲۲۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۱۰۔المروۃ۔مروت

مروت کا پہلا درجہ چہرے کی بشاشت اور مروت کا آخری درجہ لوگوں سے محبت ہے۔(حضرت علیؑ)

المروۃ۔مروت ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(م۔ر۔و) سے مشتق ہے۔۱؎

مروت ۔سے مراد ایک رحم دلانا کیفیت ہے۔

مروت ۔ایک ایسا جذبہ ترحم اور محبت ہے جس میں پیار، ہمدردی اور خلوص کا پہلو موجود ہوتا ہے اسلامی تعلیمات میں انسانی معاشرے کی یہ خصوصیت بتائی گئی ہے کے جہاں کے رہنے والے افراد باہمی پیار و محبت اور مروت و ہمدردی کے ساتھ باہم مل جل کر رہیں۔

مرہ ایک پہاڑی کا نام ہے۔صفاء اور مروہ پر حجاج کرام سعی کرتے ہیں۔۲؎

ارشادات خداوندی:

اللّٰہُ بِقَوْمٍ یُّحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہ۔۳؎

ترجمہ۔وہ اللہ کے محبوب اور اللہ ان کا محبوب ہے۔

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ۔۴؎

ترجمہ۔اہل ایمان اللہ کی محبت میں شدید تر ہیں۔

وَاَحْسِنُوْا اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ۔۵؎

ترجمہ۔نیکی کرو اللہ نیکی کرنے والے سے محبت کرتا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَھِّرِیْنَ۔۶؎

ترجمہ۔بے شک اللہ توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے اور پاکیزگی حاصل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

فَاِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ ۔ ۷؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ، متقین سے محبت کرتا ہے۔

وَاللّٰہُ یُحِبُّ الصّٰبِرِیْنَ ۔ ۸؎

ترجمہ۔ اللہ صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَوَکِّلِیْنَ ۔ ۹؎

ترجمہ۔ اللہ توکل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ۔ ۱۰؎

ترجمہ۔ اللہ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔ا

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِہٖ صَفًّا کَاَنَّھُمْ بُنْیَانٌ مَّرْصُوْص ۔ ۱۱؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ ان لوگوں سے محبت کرتا ہے جو اس کی راہ میں سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح صف بستہ کھڑے ہو کر لڑتے ہیں۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔ کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اللہ کے سوا دوسروں کو اس کا ہم سر اور مدمقابل بناتے ہیں وہ لوگ ان کی محبت میں ایسے مبتلا ہیں جیسی محبت انھیں اللہ سے ہونی چاہئے حالانکہ ایمان والے سب سے بڑھ کر اللہ کو محبوب رکھتے ہیں۔

قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْکٰفِرِیْنَ ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ کہہ دو اگر تم اللہ کی محبت رکھتے ہو تو میری تابعداری کرو تا کہ تم سے اللہ محبت کرے اور تمہارے گناہ بخشے، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے، کہہ دو اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری

کرو، پھر اگر وہ منہ موڑیں تو اللہ کافروں کو دوست نہیں رکھتا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس وقت بندہ اپنے گھر سے مسجد کی طرف نکلتا ہے تو اس کے ہر ایک قدم پر ایک نیکی لکھی جاتی ہے اور دوسرے قدم پر ایک برائی مٹادی جاتی ہے۔ ۱۴؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مومن اتنا نرم مزاج ہوتا ہے کے لوگ اس کو بے وقوف سمجھتے ہیں ۱۵؎ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مومن بھولا بھالا اور سخی ہوتا ہے جبکہ فاجر فریبی اور بخیل ہوتا ہے۔ ۱۶؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بیواؤں اور مساکین کے لئے کوشش کرنے والا اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے کی طرح ہے یا اس شخص کی طرح ہے جو دن میں روزے رکھتا ہے اور رات کو عبادت کرتا ہے۔ ۱۷؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم لوگوں کو اللہ صرف اپنے کمزور اور معذور لوگوں کی دعاؤں کی وجہ سے رزق عطا کرتا ہے۔ ۱۸؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کیا میں تمھیں افضل صدقہ نہ بتادوں؟ تم اپنی اس بیٹی کو صدقہ دو جو (شوہر کی موت یا طلاق کی وجہ سے) تمھارے پاس آ گئی ہو اور تمھارے سوا اس کا کوئی کمانے والا بھی نہ ہو۔ ۱۹؎

جس شخص کو اپنی بیٹیوں کی (پرورش اور تربیت) کی وجہ سے کوئی معمولی سی بھی تکلیف پہنچتی ہے، تو یہ بیٹیاں اس کے لیے جہنم سے بچاؤ کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔ ۲۰؎

جو شخص یہ چاہتا ہے کے اس کی روزی کشادہ ہو اور عمر لمبی ہو جائے تو اس کو چاہئے کے وہ اپنے رشتے داروں سے حسن سلوک کرے۔ ۲۱؎

نادار یا غریب کو صدقہ دینا صرف ایک نیکی ہے لیکن اگر رشتہ داروں کو صدقہ دیا جائے تو صدقہ بھی ادا ہو جائے گا اور رشتے داری کا حق بھی ادا ہو جائے گا۔ ۲۲؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! انسان کی قدر و قیمت اس کی سچائی اور اس کی مروت جتنی ہوتی ہے اور انسان کی شجاعت اس کی دنیا سے ناپسندیدگی جتنی ہوگی۔

جس شخص کا نفس کمزور ہوتا ہے اس کی مروت کھوجاتی ہے۔

انسان کے پاس کوئی مروت نہیں جس کے پاس یقین نہیں۔

جھوٹے انسان کے پاس کوئی مروت نہیں۔

جس نے تمھاری نیکی قبول کرلی گویا اس نے اپنی مروت تمھارے ہاتھوں فروخت کردی۔

مروت کی انتہاء یہ ہے انسان خود اپنے آپ سے شرم محسوس کرے۔

بغیر دولت کے مروت اس شیر جیسی ہے جس کی ہیبت تو باقی رہتی لیکن اس میں چیر پھاڑ کی سکت نہیں ہوتی۔ بغیر دولت کے مروت کی مثال اس تلوار جیسی ہے جس سے ڈر تو لگتا ہے لیکن وہ نیام میں رہتی ہے۔

چھ چیزیں مروت میں شامل ہیں جن میں سے تین حضر میں ہیں۔

۱۔ قرآن کریم کی تلاوت۔

۲۔ مساجد کی تعمیر۔

۳۔ اللہ کی خاطر بھائی بھائی بننا۔

اور تین چیزیں سفر میں ہیں۔

۱۔ زادراہ مہیا کرنا۔

۲۔ حسن اخلاق۔

۳۔ ہنسی مذاق اور گناہ سے گریز۔

مسلمان کی دو مروتیں ہیں ایک حضر کی اور دوسری سفر کی۔

۱۔ حضر کی مروت میں شامل قرآن کریم کی تلاوت، علماء کی ہم نشینی، اشیاء کائنات میں غور وفکر،

باجماعت نماز کی پابندی جبکہ سفر کی مروت زادسفر عطا کرنا، مسافروں سے اختلافات نا کرے اور ہر حال میں ذکر خداوندی کرتا رہے۔

مروت کا پہلا درجہ چہرے کی بشاشت اور مروت کا آخری درجہ لوگوں سے محبت ہے۔

مروت کی ابتدائی خوش روئی سے ہوتی ہے جبکہ مروت کی انتہائی نیکیوں میں دوام اور استحکام ہے۔

سب سے افضل مروت دولت کے ذریعے کمزوروں کی مالی اعانت اور لوگوں کے ساتھ اور معاملات میں مساوات کرنا ہے۔

مروت کی ابتدااطاعت الٰہی جبکہ مروت کی انتہاء تمام ناپاکیوں کو چھوڑ کر پاکیزگی اختیار کرنا۔

افضل ادب مروت کی حفاظت ہے۔بہترین مروت محبت اور شفقت ہے۔

حکمرانوں کی مروت یہ ہے کے اپنے سلطنت میں عدل وانصاف کو قائم کرنا، قدرت کے باوجود معاف کرنا اور عوام کی خدمت کرنا۔تمام فضائل اور کمال کا جامع مروت ہے۔

مروت میں شامل عہد وفا اور صلہ رحمی ہے۔

مروت سے مراد انسان کا برائیوں سے گریز اور اچھائیوں اور نیکیوں پر عمل ہے۔

تین چیزوں میں مروت ہے۔

۱۔نظروں کی حفاظت (انھیں جھکانا)۔

۲۔ہلکی آواز۔

۳۔میانہ روئی۔

جس انسان میں جتنی مروت ہوتی ہے اس میں اسی کے بقدر سخاوت بھی ہوتی ہے۔

مرد کی مروت اس کی سچی زبان میں پوشیدہ ہے۔

مرد کی مروت اپنے بھائیوں کے برے رویے پر تحمل کرنا ہے۔ ۲۳؎

نفسیاتی پہلو

مروت، سخاوت اور نیکی کی ایک قسم ہے، اس کا مطلب اللہ کے بندوں اور اللہ کی مخلوقات پر رحم کرنا اور قدرت کے باوجود لوگوں کو معاف کرنا ہے، خدمت خلق کے ذریعے اللہ کے بندوں کی مدد کرنا، ان کو آسانیاں بہم پہنچانا اور اللہ کی زمین پر اللہ کے نظام کا نفاذ اور عدل وانصاف کو قائم کرنا ہے۔ ایسے تمام افراد نفسیاتی اعتبار سے خوش، مطمین اور آسودہ ہوتے ہیں، کیونکہ ان کی محبت اور شفقت سے اللہ کی مخلوق فیض یاب ہوتی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ مائدہ۔آیت۔ ۵۴۔

۴۔سورہ بقرہ۔آیت۔ ۱۶۵۔

۵۔سورہ بقرہ۔آیت۔ ۱۹۵۔

۶۔سورہ بقرہ۔آیت۔ ۲۲۲۔

۷۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۷۶۔

۸۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۱۴۶۔

۹۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۱۵۹۔

۱۰۔سورہ مائدہ۔آیت۔ ۴۲۔

۱۱۔سورہ الصّف۔آیت۔ ۴۔

۱۲۔سورہ بقرہ۔آیت۔ ۱۶۵۔

۱۳۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۳۱۔ ۳۲۔

۱۴۔سنن نسائی۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۱۲ھ۔

۱۵۔میزان حکمت۔ج۔ ۲۔ص۔ ۲۷۔

۱۶۔سنن ابو داؤد۔ امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۱۷۔صحیح بخاری۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۸۔صحیح بخاری۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۹۔ابن ماجہ۔ امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔
۲۰۔صحیح بخاری۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۱۔صحیح بخاری۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۲۔سنن ترمذی۔ امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۲۳۔تجلیات حکمت۔مرتب۔ آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔ سید قمر عباس۔ص۔ ۴۳۳۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۱۱۔المشاورة۔مشورہ

مشورے سے زیادہ کوئی قابل بھروسہ پشت پناہ نہیں۔(حضرت علیؑ)

المشاورة۔شوریٰ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ش۔و۔ر) سے مشتق ہے۔ا؎

شار العسل ۔سے مراد چھتے سے شہد کو نکالنا۔

شاور۔مشاورة۔تشاور۔سے مراد باہمی مشورہ۔

الشورة۔والشارة۔سے مراد حسن و جمال۔وضع قطع۔ہیئت۔لباس۔پوشاک۔زینت۔ آرائش۔

شار۔یشور۔سے مراد گھوڑے کو سدھانا۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَاَمۡرُهُمۡ شُوۡرٰى بَيۡنَهُمۡ وَمِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ يُنۡفِقُوۡنَ۔۳؎

ترجمہ۔ان کے کام باہمی مشورے سے ہوتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے وہ خرچ کرتے ہیں۔

وَشَاوِرۡهُمۡ فِى الۡاَمۡرِ۔۴؎

ترجمہ۔اور (اہم) کاموں میں ان سے مشورہ لیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات:

استشار رسول الله ﷺ فی الاساری یوم بدر۔۵؎

جنگ بدر کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے قیدیوں کے متعلق مشورہ طلب کیا۔

قال رسول الله ﷺ اذا استشار احد کم اخاه فلیشر علیه۔۶؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! جب تم میں سے کوئی شخص اپنے بھائی سے مشورہ طلب کرے تو وہ

اس کو مشورہ دے۔

قال رسول اللہ ﷺ المستشار مؤتمن۔۷؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس سے کسی بات کا مشورہ طلب کیا گیا ہو تو وہ اس بات کا امین ہے۔

سعد بن ابی طلحہؓ بیان کرتے ہیں، حضرت عمر بن الخطابؓ نے جمعہ کے دن خطبہ دیا اور اس میں نبی ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کا ذکر کیا اور کہا میں نے خواب دیکھا ہے کے ایک مرغ نے مجھ پر تین مرتبہ ٹھونگیں ماریں اور میں نے اس کی صرف یہ تعبیر لی ہے کے میری اجل قریب آ گئی ہے اور بے شک کچھ لوگ مجھ سے کہہ رہے ہیں کے میں اپنا جانشین مقرر کروں اور بے شک اللہ تعالیٰ اپنے دین کو ضائع کرنے والا نہیں ہے اور نہ اپنی خلافت کو اور نہ اس شریعت کو جسے دے کر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو بھیجا ہے اگر میری اجل جلد آ گئی تو خلافت ان چھ اصحاب کے مشورہ سے منعقد ہوگی جن سے نبی ﷺ اپنی وفات کے وقت راضی تھے۔۸؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب تمہارے حکام تم میں سے بہترین لوگ ہوں اور خوش حال لوگ سخی ہوں اور تمہارے معاملات باہمی مشورہ سے چل رہے ہوں تو تمہارے لیے زمین کے اوپر کا حصہ اس کے نچلے حصہ سے بہتر ہے اور جب تمہارے حکام تم میں سے بدترین لوگ ہوں اور تمہارے خوش حال لوگ بخیل ہوں اور تمہارے معاملات تمہاری عورتوں کی طرف مفوض ہوں تو زمین کے نیچے کا حصہ تمہارے لیے زمین کے اوپر کے حصہ سے بہتر ہے۔۹؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس سے مشورہ طلب کیا جائے وہ امین ہے۔۱۰؎

حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی۔۸۰۷ھ) بیان کرتے ہیں!

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس نے استخارہ کیا وہ نامراد نہیں ہوگا اور جس نے مشورہ کیا وہ نادم نہیں ہوگا' اور جس نے میانہ روی کی وہ کنگال نہیں ہوگا۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جوشخص کسی کام کا ارادہ کرے اور اس میں کسی مسلمان شخص سے مشورہ کرے' اللہ تعالیٰ اس کو درست کام کی ہدایت دے دیتا ہے۔ ۱۱ے

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! مشورہ جیسی کوئی پشت پناہ نہیں۔

جوشخص اپنی رائے پر بھروسہ کرتا ہے وہ ہلاک ہوجاتا ہے اور جولوگوں سے مشورہ کرتا ہے وہ ان کی عقل میں شریک ہوجاتا ہے۔

مشورے سے زیادہ کوئی قابل بھروسہ پشت پناہ نہیں۔ مشورہ کرنا عین ہدایت ہے۔

جس نے اپنی رائے پر بھروسہ کیا اسے یقیناً خطرات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

مشورہ چھوڑنے کے بعد پھر صحت درستگی باقی نہیں رہتی۔

جو انسان صاحبان عقل ودانش سے مشورہ کرتا ہے وہ صحیح راستے کی جانب ہدایت پاجاتا ہے۔

بہترین تعاون مشاورت اور بدترین استعداد خودسری ہے۔

جو انسان زیادہ مشاورت کا عادی ہوگا تو ایسے انسان کے پاس درستگی کے وقت ستائش کرنے والوں کی اور غلطی کے وقت عذر قبول کرنے والوں کی کوئی کمی نا ہوگی۔

جب تم مشاورت طلب کروتو سب سے پہلے نوجوانوں کے سامنے اپنے مسئلے کو پیش کرو کیونکہ نوجوانوں کے اذہان اور ادراک ودسروں کے مقابلے میں جلد مقاصد تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں پھر اپنے مسئلے کو معمر افراد کے سامنے پیش کرو کیونکہ معمر افراد میں نتائج کو پرکھنے کی صلاحیت، تجربات اور بہترین راستے کی سمت رہنمائی کی کہیں زیادہ صلاحیت موجود ہوتی ہے۔

اپنے دشمن سے بھی مشورہ طلب کرلیا کرو کیونکہ اس طرح سے تمھیں اپنے دشمن کی عداوت کی

مقدار کا اندازہ ہو سکے گا۔

جب بھی تم کسی انسان کی طبیعت کو پرکھنا چاہو تو تم اس سے مشورہ طلب کرو یقیناً اس مشورے کے ذریعے تم اس شخص کے انصاف، نیکی، بدی اور ظلم کا اندازہ لگا پاؤ گے۔

جب تم سے تمھارا کوئی دشمن مشورہ طلب کرے تو تم نہایت ایمانداری اور خلوص دل سے اس کو بالکل صحیح مشورہ دو کیونکہ وہ اس مشورہ طلبی کے ذریعے تمھاری دشمنی سے نکل کر دوستی کی حدود میں داخل ہو گیا ہے۔دشمن سے مشورہ کرنا بے عزتی ہے۔

جس انسان نے استخارہ کر لیا وہ کبھی حیران نہ ہو گا اور جس انسان نے مشورہ طلب کر لیا وہ کبھی نادم نا ہو گا۔تم کبھی بھی کسی کنجوس اور بخیل سے مشورہ نا کرنا کیونکہ بخیل تم کو فضیلتوں سے دور کر دے گا اور تمھیں فقیری سے ڈرائے گا اور نا ہی اپنے مشورے میں کسی بزدل کو شریک کرنا کیونکہ بزدل تمھیں امور کے مقابلے میں کمزور کر دے گا اور اپنے مشورے میں کبھی کسی لالچی شخص کو بھی شامل نا کرنا کیونکہ لالچی انسان کبھی تمھارا بھلا نا چاہے گا۔

تین خوبیاں جس انسان میں بھی موجود ہوں گی وہ کبھی اندم نا ہو گا۔

۱۔ترک عجلت۔

۲۔مشاورت۔

۳۔کام کے وقت عزم اور اللہ پر بھروسہ۔

مشورہ لینا تمھارے لئے آرام اور راحت ہے جبکہ دوسروں کے لئے مشقت اور پریشانی ہے۔

مشورہ کرنے والا لغزشوں سے پاک رہتا ہے۔

جب تم کسی کام کا عزم کر لو تو پھر مشورہ کر لو۔مشورہ کی آفت نقص آراء ہے۔

تم جس سے مشورہ طلب کرو اس میں سب سے بہترین انسان وہ ہے جو تجربہ کار ہو۔

اپنے عقلمند دشمن سے مشورہ کر لو لیکن اپنے جاہل دوست کی رائے سے دور رہو۔

عقلمند انسان ہے وہ جو مشاورت کے وقت علماء، حکماء اور عقلمندوں سے مشورہ طلب کرے۔

جاہل سے مشورہ کرنے کا مطلب مشورہ طلب کرنے والے کی ہلاکت ہے۔
مشاورت سے حد درجہ درستگی وجود میں آتی ہے۔
اللہ تعالیٰ غلط مشورہ دینے والے کی تدبیر کو سلب کر دیتا ہے۔ ۱۲؎

نفسیاتی پہلو

مشورہ ایک قیمتی سرمایہ ہے اور انسان جب عقلمندوں اور اہل علم سے مشورہ کرتا ہے تو وہ یقیناً درست سمت کا ادراک اور آگہی حاصل کر لیتا ہے، مشورہ ہمیشہ اسی سے طلب کیا جاتا ہے جو متعلقہ میدان میں مہارت رکھتا ہو کیونکہ انسان کے اردگرد بے شمار لوگ رہتے ہیں جن میں جاہل، کم عقل، نادان، کم ہمت، سست، کاہل اور کم پڑھے لکھے لوگ شامل ہیں لیکن انسان مشورہ اسی شخص سے طلب کرتا ہے جو زیادہ عقلمند اور تجربہ کار ہو۔
مشورہ طلب کرنے کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے انسان پریشانی کے عالم میں کئی اہم حقائق اور معاملات کو نظر انداز کر دیتا ہے لیکن جب وہ کسی تجربہ کار عقلمند شخص سے مشورہ طلب کرتا ہے تو اس کی مشکلات کو حل کرنے کے لئے کئی آزاد اور اعلیٰ دماغ متحرک ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے وہ درست راستے کا تعین کر لیتا ہے جو اس کے اطمینان، آسودگی اور کامیابی کا سبب ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔ ۳۸۔
۴۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۱۵۹۔
۵۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔ ۱۳۹۸ھ۔
۶۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔
۷۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔

۸۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۹۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۱۰۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۱۔مجمع الزوائد۔حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت۔
۱۲۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ص۔۴۳۸۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۱۲۔ضیافۃ ۔ضیافت

جو مومن مہمان کی آہٹ اور سرگوشی سے خوش ہوتا ہے اس کی خطائیں بخش دی جاتی ہیں بھلے ہی وہ زمین اور آسمان جتنی ہی کیوں نہ ہوں (حضرت علیؑ)

ضیافت۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ض۔ی۔ف) سے مشتق ہے۔۱؎

الضیف۔مہمان اور مہمانوں دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے یعنی یہ واحد اور جمع دونوں کے لئے آتا ہے۔۲؎

المضاف۔سے مراد جائے پناہ۔اس مادے کے بنیادی معانی مائل ہونا ہے۔

ضیف۔سے مراد مہمان بنانا یا مہمان نوازی کرنا۔۳؎

ارشادات خداوندی:

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ۔۴؎

ترجمہ۔میرے مہمانوں کے بارے میں مجھے شرمندہ نہ کرو کیا۔

فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَيَاۤ اَهْلَ قَرْيَةِ ۨاسْتَطْعَمَاۤ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا ۔۵؎

ترجمہ۔بستی والوں نے ان کی مہمان نوازی سے انکار کر دیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا، حج کرنے والا اور عمرہ کرنے والا اللہ تعالیٰ کا مہمان ہے۔اللہ تعالیٰ نے اسے بلایا ہے تو انھوں نے حاضری دی اور انھوں نے اللہ تعالیٰ سے مانگا تو انھیں عطا کیا۔۶؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے اپنے

مہمان کی عزت کرنا چاہئے، اس کی خاطر داری بس ایک دن اور ایک رات کی ہے، مہمانی تین دن اور تین رات کی ہے، اس کے بعد جو ہو وہ صدقہ ہے اور مہمان کے لئے یہ جائز نہیں ہے وہ اپنے میزبان کے پاس اتنے دن ٹھہر جائے کے اسے تنگ کر ڈالے۔ ۷؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میری امت کے بہترین لوگ وہ ہیں جو لوگوں کو کھانا کھلاتے ہیں لیکن اس کھانے میں ریاکاری اور سمعہ (لوگوں کی تعریف کے حصول) نا ہو۔ ۸؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس گھر میں مہمان کو کھانا کھلایا جاتا ہے وہاں برکت اور بھلائی اتنی تیزی سے پہنچتی ہے جتنی تیزی سے چھری بھی اونٹ کے کوہان کی طرف نہیں پہنچتی۔ ۹؎

حضرت حسین بن علیؑ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! سائل کا تم پر حق ہے، خواہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر آئے۔ ۱۰؎

امیر لمومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! جو مومن مہمان کی آہٹ اور سرگوشی سے خوش ہوتا ہے اس کی خطائیں بخش دی جاتی ہیں بھلے ہی وہ زمین اور آسمان جتنی ہی کیوں نہ ہوں۔

اپنے مہمان کی عزت کرو چاہے وہ حقیر ہی کیوں نہ ہو۔

اور اپنے باپ اور معلم کے لئے احتراماً کھڑے ہو جاؤ بھلے ہی تم سردار ہی کیوں نہ ہو۔

تین چیزوں میں شرمایا نہیں جاتا۔

۱۔ مہمان کی خدمت کرنے میں۔

۲۔ اپنے باپ یا معلم کے لئے اپنی جگہ سے اٹھنا۔

۳۔ اپنا حق مانگنا بھلے وہ کم ہی کیوں نہ وہ۔

با فضلیت اعمال میں سے نقصانات کا تحمل اور مہمان کی خاطر مدارات ہے۔

آپؑ ایک شخص کی عیادت کو گئے تو اس کے وسیع و عریض گھر کو دیکھ کر آپؑ نے فرمایا! تمھیں اس دنیا میں اتنے وسیع گھر کی کیا ضرورت تھی؟ آخرت میں اس متعلق تمھاری پوچھ ہوگی

لیکن تم اس گھر کو آخرت کا تحفہ بنا سکتے ہو اگر اس گھر میں مہمان نوازی، صلہ رحمی اور حقوق الٰہی کو ادا کیا جائے۔

اللہ نے جس انسان کو دولت عطا کی ہو اس انسان پر لازم ہے کے وہ اس دولت کے ذریعے صلہ رحمی، ضرورت مندوں کی مدد اور مہمان نوازی کرے۔

ایک دن آپؑ اشکبار تھے لوگوں نے جب وجہ پوچھی تو آپؑ نے فرمایا! سات دنوں سے میرے یہاں کوئی مہمان نہیں آیا مجھے اللہ سے ڈر ہے کے کہیں وہ میری اہانت نا کر دے۔

جو مومن مہمانوں کو پسند کرتا ہے وہ اپنی قبر سے ایسے اٹھے گا اور اس کا چہرہ اتنا روشن ہوگا جیسے چودھویں کا چاند۔لوگ یہ سمجھیں گے کے یہ نبی اور مرسل کے سوا بھلا کون ہوسکتا ہے؟

تو فرشتے کہیں گے کے یہ مہمان نواز اور ان کی عزت و احترام کرنے والا مومن ہے۔

لوگوں میں سرداری کے تین اسباب ہیں۔

ا۔نیک اعمال۔

۲۔مظلوم کی مدد۔

۳۔مہمان نوازی

با فضیلت اعمال میں شامل نقصانات کا تحمل اور مہمان نوازی ہے۔۱۱؎

نفسیاتی پہلو

مہمان نوازی ایک اعلیٰ اخلاقی قدر ہے جس کو اسلام میں خاص اہمیت حاصل ہے، مہمان اپنا قیمتی وقت، روپیہ پیسہ خرچ کر کے، طویل سفر طے کر کے جب میزبان سے ملنے آتا ہے تو دراصل وہ میزبان کی خیریت، دل جوئی اور اس کے لئے نیک خواہشات کا طالب ہوتا ہے اور سفر کی مشقت کو طے کرنے کے در پردہ اس کا یہ جذبہ کارفرما ہوتا ہے چنانچہ اسلام مہمان کے ان جذبات کی قدر کرتے ہوئے میزبان کو بھی پابند کرتا ہے کے وہ بھی اپنے مہمان کی مکمل دل جوئی اور اچھے اخلاق سے پیش آتے ہوئے اس کی ضیافت کا اہتمام کرے تا کہ معاشرے میں

خیر سگالی کے جذبات مہذب طریقے سے قائم رہیں، اس کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے لوگوں کی خدمت، دل جوئی اور ضیافت نیکی اور بھلائی کا ایک بہترین عمل ہے چنانچہ مہمان نوازی میں اللہ نے خیر و برکت کے ساتھ اجر وثواب بھی پوشیدہ رکھا ہے، جبکہ خیر و برکت اصل میں جنت کی ایک کیفیت ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔المفردات ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ ھود۔آیت۔ ۷۸۔

۵۔سورہ کہف۔آیت۔ ۷۷۔

۶۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ(متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔

۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۸۔الفردوس بما ثور الخطاب ۔امام ابوشجاع شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ الدیلمی۔(متوفی ۵۰۹ھ)۔
مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۶ھ۔

۹۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ(متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔

۱۰۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۱۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ص۔ ۲۹۲۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۱۳۔السریرۃ۔باطن

جو انسان اپنے باطن کو درست کر لیتا ہے اس انسان کا ظاہر بھی درست ہو جاتا (حضرت علیؑ)

الباطن۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ب۔ط۔ن) سے مشتق ہے۔

الباطن۔کے معنی کسی بھی شے کا اندرونی حصہ۔۱۔

عربی زبان میں بطن پیٹ کو کہتے ہیں۔

بطن۔کی جمع بطون ہے جبکہ بطون کسی بھی شے کے اندرونی حصے کو بھی کہا جاتا ہے۔

باطن۔کی ضد ظاھر ہے۔

البطن۔سے مراد کسی شے کا خالی ہونا یا فارغ ہونا ہے۔۲۔

البطانیہ من الثوب۔سے مراد کپڑے کا استر۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

بَطَآئِنُهَا مِنۡ اِسۡتَبۡرَقٍ۔۳۔

ترجمہ۔جنت کے تکیوں کے استر دبیز ریشم کے ہوں گے۔

بَطَآئِنُهَا۔کے معنی رازدان کے بھی ہیں جو کے اندرونی معاملات سے واقف ہو۔

الۡبِطَانَةً۔۔سے مراد وہ دخیل افراد جن سے کھل کر بات کی جا سکے۔۴۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّخِذُوۡا بِطَانَةً۔۵۔

ترجمہ۔اے ایمان والو! اپنی جماعت کے سوا کسی دوسرے کو اپنا راز نہ بتاؤ۔

وَالظَّاهِرُ وَالۡبَاطِنُ۔۶۔

ترجمہ۔(اللہ) ظَّاهِرُ بھی ہے اور بَاطِنُ (مخفی) بھی۔۶۔

ارشادات خداوندی:

وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ۔ ۷؎

ترجمہ۔ (اللہ) ظَّاهِرُ بھی ہے اور بَاطِنُ (مخفی) بھی۔

وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ۔ ۸؎

ترجمہ۔ اس نے اپنی کھلی اور چھپی نعمتیں تم پر تمام کر دیں۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ۔ ۹؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ جاننے والا اور خبر دار ہے۔

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۔ ۱۰؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ ان کاموں کو جو تم کرتے ہو دیکھتا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۔ ۱۱؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ ہر شے کو جانتا ہے۔

اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔ بے شک تو چھپی ہوئی باتوں کا جاننے والا ہے۔

اَلَمْ يَعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ کیا انھیں یہ نہیں معلوم کے اللہ ان کی چھپی ہوئی باتوں اور سرگوشیوں کو جانتا ہے اور اللہ چھپی ہوئی باتوں کا جاننے والا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ پر کوئی بات چھپی نہیں نا زمین میں اور نہ آسمان میں۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۔ ۱۵؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ جانتا ہے جو کچھ ان کے دلوں میں ہے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ

حَبْلِ الْوَرِيْدِ-۱۶؎

ترجمہ۔ بے شک ہم نے انسان کو پیدا کیا اور ہم جانتے ہیں جو وسوسے اس کے دل میں پیدا ہوتے ہیں اور ہم اس کی رگ جان سے زیادہ قریب تر ہیں۔

يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ-۱۷؎

ترجمہ۔ وہ آنکھوں کی خیانت اور جو کچھ دل چھپاتے ہیں ان سے واقف ہے۔

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ-۱۸؎

ترجمہ۔ کہہ دے اللہ کے سوا آسمانوں اور زمین میں کوئی بھی غیب کی بات نہیں جانتا، اور انہیں اس کی بھی خبر نہیں کہ کب اٹھائے جائیں گے۔

عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ اَحَدًا-۱۹؎

ترجمہ۔ وہ عالم الغیب ہے تو وہ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا مگر جن کو اس نے پسند فرمالیا ہے جو اس کے (رسول) ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد:

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! **وانت الباطن فليس دونك شيئ**۔ ترجمہ۔ اللہ تو باطن ہے تیرے سوا کوئی چیز نہیں ہے۔۲۰؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! تمام حمد وثناء اللہ کے لئے ہے جو چھپی ہوئی چیزوں کی گہرائیوں سے واقف اوران میں اترا ہوا ہے تاہم رب العزت کے ظاہر ہونے کی نشانیاں اس کے وجود کا پتا دیتی ہیں اگرچہ دیکھنے والی نگاہ اس کو پا نہیں سکتی لیکن نہ دیکھنے والی نگاہ اس کا انکار بھی نہیں کرسکتی۔۲۱؎

جو انسان اپنے باطن کو درست کرلیتا ہے اس انسان کا ظاہر بھی درست ہوجاتا۔

خوش نصیب ہے وہ انسان جو اپنے آپ کو کمتر اور حقیر سمجھے، اس کا ذریعہ معاش پاکیزہ ہو اس کا باطن صاف اور اخلاق عمدہ ہو۔

اللہ تعالی اپنے جس بندے کو چاہیں گے اس کی نیک نیتی اور پاک باطنی کے سبب داخل جنت فرمادیں گے۔

اس دن کی تیاری اور نیک اعمال کرو جس دن انسان کے تمام راز اور اس کے باطن کو آشکار کردیا جائے گا۔

تم سب اللہ کے بندے اور آپس میں بھائی بھائی ہو، تم لوگوں میں اختلاف کی اصل وجہ بد باطنی اور بری نیتیں ہیں۔

جس کا باطن پاک وصاف اور اچھا ہوتا ہے وہ اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا۔

پاک باطنی درست بصیرت کی دلیل ہے۔ وزراء کی آفت ان کی بد باطنی ہے۔ ۲۲؎

نفسیاتی پہلو

کل اشیاء کائنات کا ایک ظاہر ہے اور ایک باطن، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی دعا میں اکثر یہ فرماتے! اے اللہ مجھے اشیاء کی حقیقت کا علم عطا فرما۔ ۲۳؎

صفت الٰہیہ الباطن کی کل نظام کائنات میں نہایت گہرائی میں نفوذ پذیری پائی جاتی ہے یہ اس قدر گہری، عمیق اور محیر العقل صفت ہے کے جس کا ادراک عقل انسانی سے باہر ہے کیونکہ ہر ظاہری شے کے بے شمار باطن بھی ہیں اور اس باطن کے مزید کئی اور بھی بطون ہوتے ہیں یہی نہیں بلکہ ہر باطن کی گہرائی میں لاشمار نظامات اور منظم سسٹم نہایت تواتر، تنظیم اور متوازن انداز سے جاری وساری رہتے ہیں جس تک رسائی عقل انسانی کی کوشش سے ماوراء ہے۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ کا قول ہے کے جب میں کسی تنکے پر تفکر کرتا ہوں تو مجھ پر قدرت الٰہیہ کی ہیبت طاری ہوجاتی ہے یعنی ایک باریک تنکا بھی پہلے سی درخت کا حصہ تھا، اس کے بھی خاندان اور آباؤاجداد ہوں گے، اس کو بھی کوئی تسبیح ودیعت کی گئی ہوگی، اس کی کا وقت

پیدائش، اس کی تقدیر اس کے اندر موجود کوئی ایسا عنصر جس میں شفا بخش قوتیں ہوں، اس کا وقت موت، پھر قیامت تک وہ اس دنیا میں اپنی کتنی حالتیں بدلتا رہے گا وغیرہ تاہم فکر انسانی تھک جائے گی لیکن اللہ کا علم باطنی ہر شے کے اندر موجود بے شمار نظامات کو نہ صرف سنبھالے ہوئے ہیں بلکہ ہر شے اس نظام قدرت میں اپنے حصے کی ڈیوٹی بھی نہایت ذمہ داری سے انجام دے رہی ہے۔ تحقیق سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کے انسانی جسم میں پائے جانے والے خلیات کو لمحے کے ہزارویں حصے میں توانائی درکار ہوتی ہے اگرچہ خلیات کا نظام نہایت منظم اور پیچیدہ تصور کیا جاتا ہے دوسری جانب ہر خلیہ نہایت مستعد اور چوکنا ہے جس کو اس بات کا بخوبی علم ہے کے اسے کتنی توانائی کی مقدار درکار ہے۔

سائنسدانوں نے تحقیق سے یہ معلوم کیا ہے! جگر کے ایک خلیے کے اندر تقریباً ۵۰۰ مختلف کیمیائی تعاملات یعنی Chemical Reactions ہوتے ہیں جبکہ کئی اقسام کے پیچیدہ کیمیائی تعاملات کا ابھی تک اندازہ ہی نہیں لگایا جاسکا ہے جو کے ایک سیکنڈ کے ہزارویں حصے سے بھی کم وقت میں نہایت منظم انداز سے مکمل ہوجاتے ہیں اور اس انتہائی پیچیدہ نظام میں ایک ادنیٰ نوعیت کی غلطی کی بھی قطعاً گنجائش موجود نہیں یعنی جسمانی خلیات کے نظام کے باطن میں بھی اللہ کی رحمت ہمہ وقت جاری وساری ہے اور اس خلیے کے بے شمار پیچیدہ کیمیائی تعاملات کی سطح پر بھی اللہ کی رحمت اور اس کے اندرون یعنی اس کے تمام بطون سے بھی اللہ کی ذات بخوبی واقف اور اس کو سنبھالے ہوئے ہے۔

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! بصارت چشم سے زیادہ بصیرت قلب پر فکری اور عملی توجہ مرتکز رہنی چاہئے۔ ۲۴؎

آپ فرماتے ہیں! ہر عارضی چیز حقیقت نہیں، جو چیز حقیقی ہے وہ حق سے قریب ہے۔ ۲۵؎

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ الرحمن ۔آیت ۔ ۵۴۔
۴۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۵۔سورہ آل عمران ۔آیت ۔ ۱۱۸۔
۶۔سورہ الحدید۔آیت ۔ ۳۔
۷۔سورہ الحدید۔آیت ۔ ۳۔
۸۔سورہ لقمان ۔آیت ۔ ۲۰۔
۹۔سورہ النسا۔آیت ۔ ۳۵۔
۱۰۔سورہ البقرہ۔آیت ۔ ۲۶۵۔
۱۱۔سورہ انفال ۔آیت ۔ ۵۷۔
۱۲۔سورہ المائدہ۔آیت ۔ ۱۰۹۔
۱۳۔سورہ التوبہ۔آیت ۔ ۷۸۔
۱۴۔سورہ آل عمران ۔آیت ۔ ۵۔
۱۵۔سورہ النسا۔آیت ۔ ۶۳۔
۱۶۔سورہ ق۔آیت ۔ ۱۶۔
۱۷۔سورہ المومن ۔آیت ۔ ۱۹۔
۱۸۔سورہ النمل ۔آیت ۔ ۶۵۔
۱۹۔سورہ الجن ۔آیت ۔ ۲۶۔
۲۰۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۱۔نہج البلاغہ۔خطبات حضرت علیؑ ۔مترجم ۔ حجۃ الاسلام مولانا مفتی جعفر حسین ۔مکتبہ امامیہ کتب خانہ لاہور۔
۲۲۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔ص ۔۲۳۷۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران ۔ ۱۴۲۴ھ۔
۲۳۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۲۴۔ بڑے بچوں کے لئے۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔
۲۵۔ بڑے بچوں کے لئے۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔

۱۱۴۔الصدیق۔دوست

سچا دوست وہ ہوتا ہے جو تمھاری عدم موجودگی میں تمھاری حفاظت کرے (حضرت علیؑ)

الصدیق۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ص۔د۔ق) سے مشتق ہے۔۱؎

صدق۔کے معنی ہے سچائی۔قوت۔شدت کے ہیں۔

صدق۔دل اور زبان کی ہم آہنگی کو کہتے ہیں۔

صدق۔کا متضاد کذب ہے۔

صدیق۔سے مراد دوست۔

صدیق۔کے معنی بہت سچ بولنے والا۔

صدیق۔سے مراد ایسا انسان جس نے کبھی جھوٹ نا بولا ہو۔

صدیق۔سے مراد سچ کا اتنا بڑا خوگر جس نے کبھی جھوٹ نا بولا ہو۔

صدیق۔سے مراد قول اور فعل کا سچا انسان۔

صدیق۔سے مراد سچا دوست اور قابل اعتماد دوست۔۲؎

ارشاد خداوندی:

وَمَنۡ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوۡلَ فَاُولٰٓٮِٕكَ مَعَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيۡقِيۡنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيۡنَ‌ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓٮِٕكَ رَفِيۡقًا۔۳؎

ترجمہ۔جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرے تو وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے انعام فرمایا ہے جو انبیاء صدیقین، شہداء، اور صالحین ہیں اور یہ کیا ہی عمدہ ساتھی ہیں۔

وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖۤ اُولٰٓٮِٕكَ هُمُ الصِّدِّيۡقُوۡنَ‌ۖ وَالشُّهَدَآءُ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ لَهُمۡ اَجۡرُهُمۡ وَنُوۡرُهُمۡ۔۴؎

ترجمہ۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر (مکمل) ایمان لائے، وہی اپنے رب کی بارگاہ میں صدیق اور شہید ہیں، ان کے لیے ان کا اجر اور ان کی روشنی ملے گی۔

نبی، صدیق، شہید اور صالح کی تعریفات

ا۔ نبی وہ انسان ہے جس پر وحی نازل ہو اور جس کو اللہ نے مخلوق تک اپنے احکام پہنچانے کے لیے بھیجا ہو۔

۲۔ صدیق وہ شخص ہے جو اپنے قول اور اعتقاد میں صادق ہو، جیسے حضرت ابوبکر صدیقؓ اور دیگر فاضل صحابہ اور انبیاء سابقین (علیہم السلام) کے اصحاب کیونکہ وہ صدق اور تصدیق میں دوسروں پر فائق اور غالب ہوتے ہیں یہ بھی کہا گیا ہے کے جو دین کے تمام احکام کی بغیر کسی شک اور شبہ کے تصدیق کرے وہ صدیق ہے۔

۳۔ شہید وہ شخص ہے جو دلائل اور براہین کے ساتھ دین کی صداقت پر شہادت دے اور اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے لڑتا ہوا مارا جائے جو مسلمان ظلماً قتل کیا جائے وہ بھی شہید ہے۔

۴۔ صالح نیک مسلمان کو کہتے ہیں جس کی نیکیاں اس کی برائیوں سے زیادہ ہوں۔

اس آیت میں صدیقین کا ذکر آیا ہے اس لیے ہم ابوبکر صدیقؓ کے بعض فضائل ذکر رہے ہیں۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ کی بعض خصوصیات اور فضائل:

امام بخاری حضرت ابوالدرداءؓ سے روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالیٰ نے مجھے تمہاری طرف مبعوث کیا لیکن تم لوگوں نے کہا! آپ ﷺ جھوٹے ہیں (نعوذ باللہ) لیکن ابوبکرؓ نے میری تصدیق کی اور اپنی جان اور اپنے مال سے میری غم خواری کی۔ ۵؎

اس حدیث سے معلوم ہوا، ابوبکرؓ صدیق نے رسول اللہ ﷺ کی سب سے پہلے تصدیق فرمائی جب کفار مکہ آپ کی تکذیب کر رہے تھے۔

حضرت ابوبکرؓ نے امت میں سب سے پہلے تبلیغ اسلام کی اور ان کی تبلیغ سے حضرت عثمانؓ

حضرت طلحہؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ اور حضرت عثمانؓ بن مظعونؓ ایسے اکابر صحابہ اسلام لائے۔

رسول اللہ ﷺ نے سفر ہجرت میں اپنی رفاقت کے لیے تمام صحابہ میں سے حضرت ابوبکرؓ کو منتخب کیا۔

رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ کو حج میں مسلمانوں کا امیر بنایا۔

رسول اللہ ﷺ نے دو مرتب حضرت ابوبکرؓ کی اقتداء میں نماز پڑھی۔

رسول اللہ ﷺ نے ایام علالت میں حضرت ابوبکرؓ کو امام بنایا اور حضرت ابوبکرؓ نے سترہ نمازیں پڑھائیں۔

واقعہ معراج کی جب کافروں نے تکذیب کی تو حضرت ابوبکرؓ نے آپ کی سب سے پہلے تصدیق کی اور یہیں سے آپ کا لقب صدیق ہوا۔

غزوہ تبوک میں گھر کا سارا سامان اور مال لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

رسول اللہ ﷺ نے متعدد احادیث میں آپ کو صدیق فرمایا۔

قرآن کریم میں نبوت کے بعد جس مرتبہ کا ذکر ہے وہ صدیقیت ہے اور متعدد آیات میں رسول اللہ ﷺ کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ذکر کی طرف اشارہ ہے حضرت ابوبکرؓ کے صدیقؓ ہونے پر امت کا اجماع ہے اور چونکہ نبی کے بعد صدیق کا ذکر اور مقام ہے سو معلوم ہوا کے رسول اللہ ﷺ کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ خلیفہ ہیں۔

دوسرا اہم نکتہ یہ بھی ہے کے رسول اللہ ﷺ کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ کی خلافت کی ذمہ داریوں کو نبھانا یعنی بے شمار مسائل اور ان کے حل کی کوششیں لیکن اہم نکتہ یہ تھا کے دور رسالت میں رسول اللہ ﷺ معاشرے کی ہر سطح پر ایک بہترین معیار اور مثال قائم کر چکے تھے جس معیار اور مثال کو تواتر کے ساتھ قائم کرنے کی ذمہ داری حضرت ابوبکر صدیقؓ کے کاندھوں پر موجود تھی جس کو انھوں نے نہایت بہترین طریقے سے انجام دیا۔

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! اے بیٹے احمق کی دوستی سے پرہیز کرنا کیونکہ وہ تمھیں فائدہ پہنچانا چاہے گا لیکن تمھارا نقصان کردے گا، کنجوس کی دوستی سے بھی گریز کرنا کیونکہ وہ تم سے اس وقت تک روگردانی کرے گا جب تم اس کے محتاج رہو گے، فاجر کی دوستی سے بھی گریز کرنا کیونکہ وہ تمھیں معمولی سے قیمت پر بیچ دے گا اور جھوٹے کی دوستی سے بھی پرہیز رنا کیونکہ وہ سراب کی طرح ہے وہ تمھیں دور کی چیز قریب اور قریب کی چیز کو دور دکھائے گا۔

دوست کا حس رنا دوستی کا سقم ہے۔

تمھارے تین دوست ہیں۔

۱۔ تمھارا دوست۔

۲۔ تمھارے دوست کا دوست۔

۳۔ تمھارے دشمن کا دشمن۔

تمھارے تین دشمن ہیں۔

۱۔ تمھارا دشمن۔

۲۔ تمھارے دوست کا دشمن۔

۳۔ تمھارے دشمن کا دوست۔

چغل خور کی اطاعت کرنے والا اپنے دوست کھو دیتا ہے۔

اپنے دوست وا پنی تمام تر محبتیں سونپ دو لیکن اس پر مکمل اطمینان نا رکھو، اس کو اپنا پورا تعاون دو لیکن اسے اپنے تمام رازوں سے آگاہ نا کرو۔

فاسق اور فاجر کی دوستی سے بچے رہو کیونکہ یہ اپنے فائدہ کے لئے تمھیں بیچ دیں گے۔

سچا دوست وہ ہوتا ہے جو تمھاری عدم موجودگی میں تمھاری حفاظت کرے اور دوست کے مرنے کے بعد اس کی وراثت کے معاملات پر نظر رکھے۔

تمھارا دوست وہ ہے جو تمھیں غلط کاموں سے روکے۔
بہت سے دوست نادانی کی وجہ سے غلطیاں کر بیٹھتے ہیں اگر چہ ان کی نیت اور قصد نہیں ہوتا۔
جو تمھارا خیال رکھے وہ تمھارا دوست ہے۔
تمھیں جس شخص کی دوستی سے کوئی فائدہ نہیں تو اس شخص کی عداوت تمھیں نقصان پہنچایئے گی۔
اپنے دوست کے دشمن کو کبھی اپنا دوست نا بناؤ کیونکہ اس طرح تم اپنے دوست کو اپنا دشمن بنالو گے۔ دوستی کھو دینا بے توفیقی ہے۔[٦]

نفسیاتی پہلو

الصدیق:

الصدیق سے مراد ایسا سچ کا خوگر جس سے جھوٹ کا قطعاً کوئی امکان نا ہو۔ صدیق اپنے قول اور واعتقاد میں سچا اور کھرا ہوتا ہے دوسری جانب اس کی سچائی اس کے اعمال سے ظاہر ہوتی ہے۔ تصوف میں صدیق ایک مقام ہے یعنی اگر ایک دائرہ کھینچا جائے اور اس دائرے کا نام مقام نبوت رکھ دیا جائے تو اس کی باونڈری لائن پر صدیق ہوگا یعنی اگر صدیق اپنا گلا قدم اٹھائے تو وہ مقام نبوت پر پہنچ جائے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی اور رسول نہیں۔ صدیق اپنے مرتبے کے اعتبار سے صرف نبی سے کم ہوتا ہے وگرنہ منصب صدیقت میں سوائے نبوت کے سب موجود ہوتا ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور مجدد الف ثانی کا یہ ماننا ہے کے صدیق اور نبی کے علم کا ماخذ ایک ہی ہوتا ہے لیکن جب وہ علم الہی نبی کے ظرف نبوت میں داخل ہوتا ہے تو وہ وحی الہی کہلاتا ہے جو کے قطعیت کے ساتھ ہوتا ہے لیکن جب وہی علم صدیق کے اوپر منکشف ہو کر صدیقیت کے ظرف میں داخل ہوتا ہے تو الہام کہلاتا ہے۔

یہی وجہ تھی ہ کل صحابہ کرام میں جو مقام حضرت صدیقؓ اکبر ا تھا وہ کسی اور کا نہ تھا آپؓ کے کلام کی شان، استقامت اور قطعیت دیگر صحابہ کرام سے الگ اور ممتاز تھی آپ کا کلام نہایت

ٹھوس، پختہ اور مبنی برحق تھا۔صدیق کا کلام نبی کے واسطے کا محتاج ہوتا ہے۔
ولایت ے کل درجات میں درجہ صدیقیت سب سے اونچا اور معتبر ہوتا ہے تاہم ولایت ہمیشہ نبوت کی تابع ہوتی ہے۔
حضرت داتا گنج بخشؒ فرماتے ہیں! صدیقین کا مرتبہ کمال انبیا کرام کے ابتدائی مراتب کے برابر ہوتے ہیں۔اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!
جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر (مکمل) ایمان لائے، وہی اپنے رب کی بارگاہ میں صدیق اور شہید ہیں۔ ۷؎
صدیق کا مقام مقام مشاہدہ کہلاتا ہے یعنی حضرت ابوبکر صدیقؓ مقام مشاہدہ پر فائز تھے جبکہ حضرت عمر فاروقؓ مقام مجاہدہ پر فائز تھے۔
حضرت ابوبکر صدیق ذکر خفی جبکہ حضرت عمر فاروقؓ ذکر جہری کیا کرتے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ النساء۔آیت۔ ۶۹۔
۴۔سورہ حدید۔آیت۔ ۱۹۔
۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۲ھ۔دار ارقم بیروت۔
۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔ ۲۷۶۔ مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۷۔سورہ حدید۔آیت۔ ۱۹۔

۱۱۵۔الصحۃ۔صحت

دنیا میں طویل العمری اور اچھی صحت سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں (حضرت علیؑ)

الصحۃ۔صحت۔عربی زبان کا لفظ ہے۔۱؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! انسان اللہ کی دی ہوئی دونعمتوں کی قدر نہیں کرتا۔

۱۔صحت۔۲۔فرصت۔۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک اللہ پاکیزہ ہے اور پاکیزہ چیزوں کو پسند فرماتا ہے، وہ صاف ستھرا ہے اور صاف ستھری چیزوں کو پسند فرماتا ہے، وہ کریم ہے اور کرم کو پسند فرماتا ہے وہ سخی ہے اور سخاوت کو پسند فرماتا ہے لہٰذا اپنے صحنوں اور گھروں کو صاف ستھرا رکھواور یہود جیسے نہ بنو جو اپنے گھروں میں کوڑا کرکٹ جمع رکھتے ہیں۔۳؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کلونجی استعمال کیا کرو کیونکہ اس میں موت کے علاوہ ہر بیماری سے شفا ہے۔۴؎

حرف (ثقاء یا حب الرشاد)۔یعنی۔رائی:

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دو چیزوں میں بہت شفا ہے۔۱۔ثقاء۔اور۔۲۔ایلوہ۔۵؎

حلبہ۔یعنی۔میتھی:

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر تمھیں معلوم ہو کے میتھی میں کتنے فوائد ہیں تو تم اس کو سونے کے بھاؤ خرید کر استعمال کرو۔۶؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر کوئی چیز موت سے شفا دینے والی ہوتی تو وہ سنا ہوتی۔۷؎

سفر جل۔یعنی۔بہی۔(سیب ی طرح کا ایک پھل):

رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوذر غفاریؓ کو سفر جل دیتے ہوئے فرمایا! یہ پھل دل کو قوت، طبیعت کو خوش اور سینے ی تکلیف کو دور کر دیتا ہے۔۸؎

سلق۔یعنی۔چقندر:

رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؑ کی بیماری میں جب وہ کمزوری محسوس کر رہے تھے، انھیں جو اور چقندر کو ملا کر کھانے کی تاکید فرمائی۔۹؎

جو:

رسول اللہ ﷺ خود بھی جو کی روٹی اور اس کا ستو استعمال کیا کرتے تھے جبکہ اگر گھر میں کوئی بیمار ہوتا تو آپ ﷺ جو کا حریرہ بنوا کر اسے کھانے کی ہدایت فرماتے۔آپ ﷺ فرماتے! یہ غمگین دل کو تقویت دیتا ہے اور مریض کے دل کی تکلیف کو دور کرتا ہے۔۱۰؎

عسل۔یعنی۔شہد:

آپ ﷺ نے فرمایا! جو شخص مہینے میں تین دن صبح کے وقت شہد چاٹ لے تو اس شخص کو کوئی بڑی بیماری نہیں ہوگی۔۱۱؎

عجوہ:(مدینے کی ایک کھجور):

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! عجوہ جنت کی کھجور ہے اور ہر زہر سے شفاء ہے۔۱۲؎

مرض میں مبتلا ہونا:

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے بخار میں مبتلا ایک مریض کی عیادت فرماتے ہوئے کہا! خوش ہو جاؤ کیونکہ اللہ تعالی یہ فرماتے ہیں! (بخار) میری آگ ہے اور میں اسے اپنے مومن بندوں پر اس دنیا میں اس لئے مسلط کرتا ہوں تا کہ وہ آخرت کی آگ سے بچ سکیں۔۱۳؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ جس کے ساتھ خیر اور بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے، تو اسے بیماری اور تکالیف اور دیگر مصیبتوں میں مبتلا کر دیتا ہے۔ ۱۴؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایاہ! مومن کا مرض اس کی خطاؤں کا کفارہ ہوتا ہے۔ ۱۵؎

مریض کی عیادت:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مسلمان کا دوسرے مسلمان پر یہ حق ہے کے وہ مریض کی عیادت کرے۔ ۱۶؎

آپ ﷺ نے فرمایا! مسلمان جب تک اپنے کسی مسلمان بھائی کی عیادت کرتا ہے تو وہ اس وقت تک جنت کے ایک باغ میں ہوتا ہے۔ ۱۷؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بیمار کی عیادت کرو۔ ۱۸؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب تم کسی مریض کے پاس عیادت کے لئے جاؤ تو اس سے اپنے لئے دعا کی درخواست کرو کیونکہ اس کی دعا فرشتوں کی دعا کی طرح ہوتی ہے۔ ۱۹؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المونین حضرت علیؓ نے فرمایا! وسعت مال اللہ کی بڑی نعمت ہے لیکن وسعت مال سے بڑھ کر اچھی جسمانی صحت ہے اور اچھی جسمانی صحت سے بڑھ کر دل کا تقویٰ ہے۔

اچھی جسمانی صحت جب ہی ممکن ہے جب انسان جلن اور حسد سے دور رہے۔

جس شخص کو زیادہ کھانے کی عادت ہوگی اس کے پاس کوئی جسمانی صحت نہیں۔

میں اس مریض کے بارے میں زیادہ پر امید ہوں جو کھانے کی اشتہاء رکھتا ہے بہ نسبت اس صحیح جسم شخص کے مقابلے میں جس کو کھانے کی اشتہاء نہیں۔

دنیا میں طویل العمری اور اچھی صحت سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔

سب سے اچھی قسمت اچھی جسمانی صحت ہے۔ صحت کے ذریعے لذتیں مکمل ہوتی ہیں۔

مزاج کی سلامتی کی وجہ سے کھانوں کی لذت معلوم ہوتی ہے۔ ۲۰؎

نفسیاتی پہلو

صحت اور تندرستی اللہ کی عظیم نعمتوں میں سے ایک بڑی نعمت ہے تاہم انسان کو اس کی قدر اس وقت ہوتی ہے جب وہ بیمار ہوتا ہے اور نقاہت، بیماری اور کمزوری کے باعث وہ کام کاج کے قابل نہیں رہتا، اسلام انسان کی جسمانی صحت کی خاص حفاظت کرتا ہے اور اس کو طویل العمر اور صحت مند دیکھنا چاہتا ہے یہی وجہ ہے کے اسلام میں پاکی طہارت کی خاص تاکید کی گئی ہے تاکہ انسان بیماریوں سے محفوظ و مامون رہ سکے، قرآن کریم انسان کو۔ا۔جسمانی پاکیزگی۔ ۲۔اخلاقی پاکیزگی۔ ۳۔غذائی پاکیزگی۔ ۴۔اور روحانی پاکیزگی کے واضح احکامات دیتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ اس کے سونے، جاگنے، کھانے، پینے، قیام وطعام حتیٰ کے پانی پینے کا ادب اور طریقہ سکھاتا ہے یہی نہیں بلکہ رات سوتے وقت انسان کی کروٹ کی پوزیشن کیا ہونی چاہئے، ناخن تراشنا، بال کٹوانا، لباس کی پاکیزگی، غسل، وضو، تیمم، کھنانے سے قبل اور بعد میں ہاتھوں کی صفائی، مسواک کے ذریعے منہ کی صفائی اور حرام غذاؤں کا سختی سے دور رہنے کا حکم دیتا ہے۔ان تمام احکامات کے در پردہ اسلام کا یہی اصولی موقف ہے کے انسان صحت اور تندرستی کے ساتھ اپنی اچھی زندگی گزارے کیونکہ اچھی صحت کے ساتھ انسان بہتر طریقے سے علم، روزگار، والدین کی خدمت، اولاد کی اچھی تعلیم و تربیت، صلہ رحمی اور اپنی ذمہ داریوں کو نبھا سکتا ہے دوسری جانب رذائل اخلاق کی سختی سے ممانیت کے در پردہ بھی یہی پیغام ہے کے انسان بے شمار دماغی، ذہنی، جسمانی اور نفسیاتی امراض سے محفوظ و مامون رہ سکے جبکہ اخلاق حمیدہ کو اپنانے سے انسان کی جسمانی، دماغی، ذہنی اور نفسیاتی صحت قابل رشک ہوجاتی ہے۔

حوالہ کتب:

ا۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سنن درامی۔امام عبداللہ بن عبدالرحمن درامی (متوفی ۲۵۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العربی ۱۴۰۷ھ۔

دارالمعرفۃ بیروت ۱۴۲۰ھ۔
۳۔البحرلزخار المعروف بہ مسند البزار۔امام احمد عمر بن عبدالخالق (متوفی ۲۹۲ھ)۔مطبوعہ موسستۃ القرآن۔
۴۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۵۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۸۔سنن نسائی۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۱۲ھ۔
۹۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۰۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۱۱۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۱۲۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۱۳۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۵۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (متوفی ۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دارالباز مکہ مکرمہ۔
۱۶۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۷۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۰ھ۔
۱۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۹۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۲۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۷۵۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۱۱۶۔السر۔راز

جو انسان اپنا راز چھپاتا ہے اس کا اختیار اسی کے ہاتھ میں رہتا ہے (حضرت علیؑ)

سر۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (س۔ر۔ر) سے مشتق ہے۔ا؎

سر۔کا مطلب راز ہے۔

سر۔سے مراد جو بات دل میں چھپائی جائے۔

ہر چیز کی بنیاد اور اصل کو السر کہتے ہیں۔

السر۔سے مراد کسی بھی شے کا خالص حصہ اور اس کا اندرونی مغز۔

سر۔کا متضاد جہر ہے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ۔۳؎

ترجمہ۔وہ تمہارے ظاہر اور باطن کے حال کو جانتا ہے۔

اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۔۴؎

ترجمہ۔کیا وہ (یہودی) نہیں جانتے کہ اللہ جانتا ہے جس کو وہ چھپاتے ہیں اور جس کو ظاہر کرتے ہیں۔

قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً ۔۵؎

ترجمہ۔جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے رہیں۔

وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰی ۔۶؎

ترجمہ۔بے شک وہ آہستہ اور اس سے بھی زیادہ پوشیدہ باتوں کو جانتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اپنی ضروریات کی کامیابی کے لئے راز داری سے مدد لو کیونکہ اللہ کے انعام یافتہ بندوں کے حاسدین بھی ہوتے ہے۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! عقلمند انسان کا سینہ اس کے اسرار کا صندوق ہوتا ہے۔

جو انسان اپنا راز چھپاتا ہے اس کا اختیار اسی کے ہاتھ میں رہتا ہے۔

کامیابی دور اندیشی میں ہے اور دور اندیشی سوچ سمجھ کر رائے ظاہر کرنے میں ہے اور رائے اسرار کی حفاظت سے ہی ممکن ہے۔

عقلمند انسان وہی ہیں جو اپنے بھروسہ مند لوگوں سے بھی اپنا راز چھپا کر رکھتے ہیں مبادا کہیں غصے اور جذبات میں راز افشا ہی نا ہو جائے۔

تم اس شخص کے راز کی بھی حفاظت کرو جس نے تمھارے راز کو افشا کیا۔

انسان اپنے رازوں کا خود ہی سب سے بڑا محافظ ہے۔

جیسے جیسے راز کے جاننے والے بڑھتے جائیں گے ویسے ویسے وہ راز ضائع ہوتا چلا جائے گا۔

اپنے خفیہ منگیتر سے نکاح نا کرو۔ اس شخص کو اپنا کوئی راز نا بتاؤ جس شخص کا کوئی راز تمھارے پاس ہے۔ اپنے تمام رازوں کی حفاظت خود کرو۔ اپنے راز کو نا ہی کسی عقلمند کے سپرد کرو اور نا ہی کسی احمق و جاہل کے مبادا وہ اس میں خیانت کریں گے۔

تین لوگوں کو کبھی کوئی راز نا بتانا۔ ۱۔ عورت۔ ۲۔ چغل خور۔ ۳۔ احمق۔

تمھارا راز تمھارا سرور ہے جب تک تم اسے چھپائے رکھو لیکن جس دن تم نے اپنے راز کو پھیلا دیا اسی روز یہ راز تمھاری ہلاکت (نقصان) کا سبب بن جائے گا۔

راز کو پوشیدہ رکھنے والا انسان وفادار اور امین ہوتا ہے۔

انسان کی کامیابی اسی میں ہے کے وہ اپنے راز کسی ایسے انسان کو بتائے جو اس راز کو چھپائے

جبکہ اپنے احسانات کسی ایسے انسان پر کرے جو ان احسانات کو پھیلائے۔
جس نے تم سے اپنے رازوں کو چھپایا گویا اس نے تم پر افشاء راز کا الزام لگایا۔
جو انسان خود اپنے راز کی حفاظت میں کمزور پڑ گیا وہ بھلا کسی دوسرے کے راز کی کیسے حفاظت کر سکے گا؟ جو شخص دوسروں کے راز کی کھوج میں لگا رہتا ہے اللہ تعالی ایسے شخص کے راز کو دنیا کے سامنے کھول دیتا ہے۔ رازوں کا معیار ان کا چھپانا ہے۔
جاہل کو اپنے راز کا امین نا بناؤ کیونکہ وہ اسے چھپانے کی طاقت نہیں رکھتا۔
اپنا راز کسی امانت دار انسان کو بتاؤ۔۔۸ے

نفسیاتی پہلو

راز کسی بھی انسان کا وہ نہایت چھپا ہوا معاملہ ہے جس کی وہ پردہ داری چاہتا ہے چنانچہ سب سے پہلے تو انسان کو خود اپنے اندر ہی اتنی مضبوطی دکھانی چاہیئے کے وہ خود ہی اپنے راز کو اپنے تک رکھے بصورت دیگر جیسے ہی لوگوں کو اس کے راز کا علم ہوگا وہ راز راز نہیں رہے گا بلکہ اس انسان کی رسوائی کا سبب بن جائے گا لہٰذا عقل مند انسان وہی ہے جو اپنے راز کی خود حفاظت کرے اور کسی کو اس سے باخبر نا کرے، اس کا نفسیاتی پہلو بھی یہی ہے کے جب انسان کا راز اس کی زبان سے نکل جاتا ہے تو انسان ذہنی دباؤ اور پریشانی کا شکار ہو جاتا ہے مبادا لوگوں کو اس حقیقت کا علم نا ہو جائے لہٰذا عقلمندی کا تقاضا یہ ہے کے انسان اپنے راز کی خود حفاظت کرے۔ امیر المومنین حضرت امام علیؑ نے فرمایا! تمھارا راز تمھارا سرور ہے جب تک تم چاہو اسے چھپائے رکھو لیکن جس دن تم نے اپنے راز کو پھیلا دیا اسی روز سے یہ راز تمھاری ہلاکت (نقصان) کا سبب بن جائے گا۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ انعام۔آیت ۔ ۳۔

۴۔سورہ البقرہ۔آیت ۔ ۷۷۔

۵۔سورہ ابراہیم۔آیت ۔ ۳۱۔

۶۔سورہ طحہ۔آیت ۔ ۷۔

۷۔احادیث صحیحیہ۔

۸۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔ص۔ ۲۳۳۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران ۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۱۷۔اصلح۔صلح

کامل سعادت یہ ہے کے انسان لوگوں کی اصلاح کے لئے کوشش کرے(حضرت علیؓ)

اصلح۔عربی زبان کا لفظ ہے،جو(ص۔ل۔ح) سے مشتق ہے۔ا؎

اصلح الیہ۔سے مراد احسن طریقہ۔

اصلح۔سے مراد باہمی امن وسلامتی۔

الصلاح۔سے مراد معاملات کو احسن،معتدل اور توازن کے ساتھ قائم رکھنا۔

صالحاً۔سے مراد تندرست اور صالح اولاد۔۲؎

ارشادات خداوندی:

فَلَمَّآ اٰتَاهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتَاهُمَا ۚ فَتَعَالَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔۳؎

ترجمہ۔جب اللہ نے انہیں صحیح وسالم بیٹا دے دیا تو انہوں نے اس کی عطا میں اس کے شریک ٹھیرا لیے۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ۔۴؎

ترجمہ۔ہم نے ان کو یحیٰی عطا کیا اور ہم نے ان کی بانجھ بیوی کو تندرست کر دیا۔

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ۚ۔۵؎

ترجمہ۔تم اپنے بے نکاح مردوں اور عورتوں کا نکاح کر دو اور اپنے نیک غلاموں اور باندیوں کا۔

اُقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ۔۶؎

ترجمہ۔یوسف کو قتل کر دو یا اس کو کسی ملک میں چھوڑ آوَ پھر تمہارے باپ کی توجہ صرف تمہاری

طرف رہے گی اس کے بعد تم اچھی حالت میں ہو جاؤ گے۔

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ۔ ۷؎

ترجمہ۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے وہ جنتی ہیں وہی اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ۔ ۸؎

ترجمہ۔ اور جب ان سے کہا گیا کے زمین میں فساد نہ کرو تو انہوں نے کہا ہم تو صرف اصلاح کرنے والے ہیں۔

فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ اَنْ یَّبْطِشَ بِالَّذِیْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا قَالَ یٰمُوْسٰٓی اَتُرِیْدُ اَنْ تَقْتُلَنِیْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْاَمْسِ اِنْ تُرِیْدُ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِی الْاَرْضِ وَمَا تُرِیْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِیْنَ۔ ۹؎

ترجمہ۔ پھر جب ارادہ کیا کہ اس پر ہاتھ ڈالے جو ان دونوں کا دشمن تھا، کہا اے موسیٰؑ! کیا تو چاہتا ہے کہ مجھے مار ڈالے جیسا تو نے کل ایک آدمی کو مار ڈالا ہے، تو یہی چاہتا ہے کہ ملک میں زبردستی کرتا پھرے اور تو نہیں چاہتا کہ اصلاح کرنے والوں میں سے ہو۔

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ۔ ۱۰؎

ترجمہ۔ آپ انشاء اللہ مجھے نیک لوگوں میں سے پائیں گے۔

مَنْ كَفَرَ فَعَلَیْهِ كُفْرُهٗ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ یَمْهَدُوْنَ۔ ۱۱؎

ترجمہ۔ جن لوگوں نے نیک کام کیے تو وہ اپنے ہی لیے (جنت کو) تیار کر رہے ہیں۔

اعمال صالح

ہر نیکی کے کام کو اعمال صالحہ کہا جاتا ہے جس میں سلام میں پہل، والدین اور بزرگوں کی عزت وتکریم، چھوٹوں کے ساتھ شفقت، بھوکوں کو کھانا کھلانا، بیمار کی عیادت کرنا، جنازے میں

شرکت لوگوں کے ساتھ ہمدردی اور اخلاق سے پیش آنا، راستے سے کسی تکلیف دہ چیز کو ہٹانا، مسکراتے ہوئے ملنا، صبر واستقلال، رواداری، عفو درگزر، عدل وانصاف، ایفائے عہد، احترام انسانیت، کسب حلال، اخوت، ایثار، وقت پر عبادات بجالانا، لوگوں کی مدد کرنا اور پاک صاف رہنا شامل ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت امامہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! لوگوں میں اللہ کے قرب کا سب سے زیادہ مستحق وہ ہے جو سلام کرنے میں پہل کرے۔ ۱۲؎

حضرت عبداللہؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سلام میں پہل کرنے والا شخص تکبر سے بری ہوتا ہے۔ ۱۳؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بیواؤں اور مساکین کے لئے کوشش کرنے والا اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے کی طرح ہے یا اس شخص کی طرح ہے، جو دن میں روزے رکھتا ہے اور رات کو عبادت کرتا ہے۔ ۱۴؎

حضرت براء بن عازب بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کسی نے دریافت کیا! مجھے کوئی ایسا عمل بتائے کے میں جنت میں داخل ہوجاؤں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بھوکے کو کھانا کھلاؤ، پیاسے کو پانی پلاؤ اور نیکی کا حکم دو اور برائی سے روکو اور اگر تم ان کاموں کی طاقت نہیں رکھتے تو پھر اپنی زبان سے دوسروں کو تکلیف اور نقصان نہ پہنچاؤ۔ ۱۵؎

حضرت ابوذرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تم میں سے کسی سے کوئی برائی ہوجائے تو اس کو چاہئے کے وہ فوراً کوئی نیکی کرلے کیونکہ نیکی اس برائی کو مٹا دیتی ہے حضرت ابوذرؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھنا بھی نیکی ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یہ تو افضل ترین نیکی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو چیز سب سے زیادہ جنت میں داخل کرے گی وہ اللہ تعالی کا ڈر (خشیت الہی)

اور اچھا اخلاق ہے۔۱۶؎

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! جو انسان اپنے اور اللہ کے مابین معاملات کی اصلاح کرتا ہے تو اللہ تعالی اس انسان کے لوگوں کے درمیان معاملات میں اصلاح فرماتا ہے اور جو انسان اپنے اور آخرت کے معاملات کی اصلاح کرتا ہے تو اللہ تعالی اس انسان دینی اور دنیاوی امور کی اصلاح فرماتا ہے۔

ایسی صلاح کو کبھی ناٹھکراؤ جو دشمن کی طرف سے تمھیں پیش کی گئی ہو اور اللہ کی مرضی بھی اس میں شامل ہو کیونکہ صلح تمھارے لشکر کے آرام اور تمھارے غموں کا مداوا ہے، صلح تمھارے شہر کے امن وامان کی ضامن ہے لیکن صلح کے بعد تم دشمن کی طرف سے پوری طرح ہوشیار اور چوکنا رہنا کیونکہ ممکن ہے دشمن غفلت کا اظہار کرے لہٰذا نہایت دور اندیشی کے ساتھ معاملات پر نظر رکھنا۔ عاجز ترین شخص وہ ہے جو اپنی اصلاح سے عاجز ہے۔

بہترین اور با فضیلت ترین نصیحت صلح کی طرف اشارہ ہے۔

جو شخص اللہ کا چنا ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا وہ اپنے آپ کو منتخب کرنے کی بھی صلاحیت نہیں رکھتا۔ کامل سعادت یہ ہے کے انسان لوگوں کی اصلاح کے لئے کوشش کرے۔

اگر تم نے کوئی برائی کی ہے تو اس کی اصلاح بھی کرو اور اگر تم نے کوئی احسان کیا ہے تو اس کو مکمل بھی ضرور کرو۔۱۷؎

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا! ایک صدقہ جسے اللہ تعالی بہت زیادہ پسند فرماتے ہیں وہ لوگوں میں صلح کروانا اور ایک دوسرے کو قریب لانا ہے۔

نفسیاتی پہلو

الصلح سے مراد بہترین طریقہ، امن وسلامتی، دور اندیشی، احسان اور درگزر ہے، اللہ تعالی یہ چاہتے ہیں کے اللہ کے بندے اللہ کی زمین پر بھائی بھائی بن کر رہیں اور آپس میں تفرقہ نا

ڈالیں، صلح جوئی اور میل ملاپ کے ساتھ مل جل کر رہیں کیونکہ مسلمانوں کا باہمی اتحاد ایک مضبوط قوت ہے جو مسلمانوں کے دشمنوں کو ہیبت زدہ کر دیتی ہے، اسی لئے اللہ نے مسلمانوں کی جمعیت کو پسند فرمایا ہے اور رسول اللہ ﷺ کے ارشاد کے مطابق! جماعت کے اوپر اللہ کا ہاتھ ہے، یعنی مسلمانوں کی کثیر تعداد کسی غلطی یا باطل پر اکھٹے جمع نہیں ہو سکتے۔

بقول شاعر! زبان خلق کو نقارہ خدا سمجھو

صلح جوئی ایک نیکی ہے جو اللہ کو بے حد پسند ہے۔

امیر المومنین حضرت علیؓ فرماتے ہیں! کامل سعادت یہ ہے کے انسان لوگوں کی اصلاح کے لئے کوشش کرے۔

نفسیاتی اعتبار سے جو لوگ لوگوں کی بھلائی اور بہتری کے کاموں سے جڑے رہتے ہیں، وہ نفسیاتی اعتبار سے پر سکون اور نہایت صحت مند ہوتے ہیں، دوسری جانب جو لوگ دوسروں کے لئے برا سوچتے ہیں، ان کی ٹانگیں کھنچتے ہیں، ان سے جلن اور حسد کرتے ہیں ایسے لوگ نفسیاتی اعتبار سے کمزور، بیمار، بے سکون، مضمحل، افسردہ اور پریشان حال ہوتے ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۱۹۰۔

۴۔سورہ الانبیاء۔آیت۔ ۹۰۔

۵۔سورہ نور۔آیت۔ ۳۲۔

۶۔سورہ یوسف۔آیت۔ ۹۔

۷۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۸۲۔

۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۱۔

۹۔سورہ القصص۔آیت۔ ۱۹۔

۱۰۔سورہ القصص۔آیت۔۲۷۔
۱۱۔سورہ روم۔آیت۔۴۴۔
۱۲۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۳۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۰ھ۔
۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۵۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۰ھ۔
۱۶۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۲۸۶۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۱۱۸۔الشجاعۃ۔شجاعت

شجاعت چند لمحوں کا صبر ہے (حضرت علیؑ)

شجاعت۔عربی زبان کا لفظ ہے، جس کے معانی بہادر، نڈر، بے خوف، مردانگی ور جراءت کے ہیں۔۱؎

ارشادات خداوندی:

اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَھُمْ وَاَمْوَالَھُمْ بِاَنَّ لَھُمُ الْجَنَّۃَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَیَقْتُلُوْنَ وَیُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَیْہِ حَقًّا فِی التَّوْرٰىۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْقُرْاٰنِ وَمَنْ اَوْفٰی بِعَھْدِہٖ مِنَ اللّٰہِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِکُمُ الَّذِیْ بَایَعْتُمْ بِہٖ وَذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۔۲؎

ترجمہ۔بے شک اللہ نے مسلمانوں سے ان کی جان اور ان کا مال اس قیمت پر خرید لیے ہیں کہ ان کے لیے جنت ہے، اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں پھر قتل کرتے ہیں اور قتل بھی کیے جاتے ہیں، یہ سچا وعدہ ہے توراۃ اور انجیل اور قرآن میں، اور اللہ سے زیادہ وعدہ پورا کرنے والا کون ہے، خوش رہو اس سودے سے جو تم نے اس سے کیا ہے، اور یہ بڑی کامیابی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بہادر (شجاع) وہ نہیں جو پہلوان کو پچھاڑ دے بلکہ بہادر وہ ہے جو اپنے غصے پر قابو پالے۔۳؎

حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

مجھے لوگوں پر چار چیزوں میں فضیلت دی گئی ہے۔

۱۔سخاوت۔

۲۔شجاعت۔

۳۔قوت مردمی۔

۴۔مقابل پر غلبہ۔ ۴؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے فرمایا، میں نے رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر نہ کوئی شجاع، مضبوط، فیاض اور اخلاق کے اعتبار سے پسندیدہ دیکھا۔غزوہ بدر میں ہم رسول اللہ ﷺ کی آڑ میں پناہ لیتے تھے جبکہ سب سے بڑا شجاع وہ شخص سمجھا جاتا تھا جو کے میدان جنگ میں رسول اللہ ﷺ سے قریب ہو کیونکہ اس صورت میں وہ دشمن سے بھی قریب ہوتا تھا۔۵؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا!انسان کی قدر و قیمت اس کی ہمت جتنی اور اس کی بہادری دنیا سے اس کی بے توجہی جتنی ہوگی۔صبر شجاعت ہے۔

بہادر کی پہچان میدان جنگ میں ہوتی ہے۔شجاعت چند لمحوں کا صبر ہے۔

شجاعت دو عزتوں میں سے ایک عزت ہے۔

شجاعت زینت اور بزدلی ذلت اور عیب ہے۔

انسان کے اندر شجاعت اس کی حمیت اور غیرت جتنی ہوتی ہے۔شجاعت کا ثمر غیرت ہے۔

اگر دنیا کی تمام اشیاء الگ ہو جائیں تو صدق، شجاعت کے ساتھ اور بزدلی جھوٹ کے ساتھ ہوگی۔۶؎

نفسیاتی پہلو

شجاعت، غیرت اور بہادری کا نام ہے، اور یہ صفت اللہ کے چنے ہوئے اچھے بندوں کی ہے جو مشکلات میں جوانمردی، بہادری اور شجاعت کا مظاہرہ کرتے ہیں، اللہ نے مومنین کو اس اعلیٰ صفت سے آراستہ کیا ہے، یہ صفت انسان کی نفسیات پر مثبت اثرات مرتب کرتی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ التوبہ۔آیت۔۱۱۱۔

۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔

۴۔نشر الطیب ۔شیخ اشرف علی تھانوی (متوفی ۱۳۶۲ھ)۔مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ کراچی ۔

۵۔نشر الطیب ۔شیخ اشرف علی تھانوی (متوفی ۱۳۶۲ھ)۔مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ کراچی ۔

۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔ ۲۵۰۔ مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۱۹۔السکت۔خاموشی

خاموشی سے بڑھ کر کوئی دوسرا محافظ نہیں (حضرت علیؓ)

السکت۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (س۔ک۔ت) سے مشتق ہے۔۱؎
السکت۔السکوت۔سے مراد خاموشی یا سکوت ہے۔

ارشادات خداوندی:

یَآاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَکُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَه بِالْقَوْلِ کَجَهْرِ بَعْضِکُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُکُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ۔۲؎

ترجمہ۔اے ایمان والو اپنی آواز کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز سے بلند نا کرو، ایسا نا ہو کے تمھارے تمام اعمال ضائع ہوجائیں اور تمھیں خبر تک نا ہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! شرم وحیاء اور بری باتوں سے خاموش رہنا ہے ایمان کی شاخیں ہیں جبکہ بیہودہ اور فضول گفتگو کرنا نفاق کی شاخیں ہیں۔۳؎

خاموشی، نجات ہے۔۴؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا کے کثرت سکوت سے انسان کی ہیبت قائم رہتی ہے۔حکمت کی باتوں میں سکوت اختیار کرنے میں کوئی بھلائی نہیں۔
خاموشی میں شرمندگی سے سلامتی ہے۔
عافیت کے دس جز ہیں جس میں سے نو جز خاموشی میں ہیں اور اگر گفتگو کی اجازت بھی ہے تو وہ

صرف ذکر الٰہی کی تاہم بے وقوفوں کی ہم نشینی کو ترک کرنا بھی عافیت ہے۔
تمھاری خاموشی میں جو کمی ہوگئی وہ اس کی تلافی کر با زیادہ آسان ہے بجائے اس کے تم اپنی گفتگو سے جو کچھ چھوڑ چکے ہو اس کی تلافی کرو۔ بہترین عبادت خاموشی ہے۔
سکوت میں ایسی چیز ہے جو جواب سے زیادہ بلیغ ہے۔
خاموشی نور ہے۔ خاموشی سے بڑھ کر کوئی دوسرا محافظ نہیں۔
اگر تمھارے پاس ادب نا ہو تو خاموش رہو۔ ہر وہ خاموشی بھول ہے جس میں غور و فکر نا ہو۔
جس کی خاموشی طویل ہوجاتی ہے وہ اتنی ہی ہیبت کا مالک ہوجاتا ہے جو اس کے لئے فائدہ مند ہے اور اس کے حصے میں اتنی ہی وحشت آتی ہے جو اس کے لئے نقصان دہ نا ہو۔
جوانوں کو چاہئے کے وہ بحث و مباحثہ کریں، درمیانی عمر کے افراد کو چاہئے کے وہ کائنات میں غور و فکر کریں اور بوڑھوں کو چاہئے کے وہ سکوت اختیار کریں۔
باموقع سکوت، بے وقت بولنے سے بہتر ہے۔
کم بولنا عیوب کو چھپا دیتا ہے اور گناہوں کو کم کردیتا ہے۔ خاموشی میں تمھارے لئے وقار ہے خاموشی تمھیں اعتذار (معذرتوں) کی ندامت سے بچاتی ہے۔
سکوت علم کی زینت اور حلم کا عنوان ہے۔
سکوت وقار ہے جبکہ بہت زیادہ بولنا سخت عار ہے۔ خاموش رہو سلامت رہو گے۔
اپنے زمانے کو خاموشی سے گزارو تمھارے امور محفوظ ہوجائیں گے۔
مومن خاموشی سے اپنے امور کو انجام دیتا ہے۔
بلاغت سے زیادہ قابل ستائش خاموشی ہے جہاں کلام کی ضرورت نا ہو۔
وہ خاموشی جو تمھیں سلامتی عطا کرے اس کلام سے بہتر ہے جو تمھیں ذلت اور ملامت میں مبتلا کرے۔ جاہل کی خاموشی اس کا پردہ ہے۔
تمھاری خاموشی جس کے بعد تم سے بات کرنے کی خواہش کی جائے اس کلام سے بہتر ہے جس

کے بعد تمھیں خاموش کر دیا جائے۔
ایسی خاموشی جس کی وجہ سے بعد میں تمھاری تعریف کی جائے اس کلام سے بہتر ہے جس کے بعد تمھاری مذمت کی جائے۔
وہ خاموشی جو تمھیں وقار عطا کرے اس کلام سے بہتر ہے جو تمھیں ذلت کا لبادہ اوڑھادے۔۵؎

نفسیاتی پہلو

خاموشی سے انسان کی شخصیت میں بلا کا رعب و دبدبہ پیدا ہوتا ہے اور انسان کی بے شمار کمزوریاں خاموشی میں چھپ جاتی ہیں۔خاموشی انسان کی شخصیت میں وقار پیدا کرتی ہے۔ زیادہ اور بغیر سوچے سمجھے بولنے والے انسان کو لوگ سخت ناپسند کرتے ہیں کیونکہ بغیر سوچے سمجھے بولنے کے کئی نقصانات ہیں ایسا شخص نا صرف کئی لوگوں کی دل آزاری کا سبب ہوتا ہے بلکہ لوگوں کی نظروں میں ذلیل و رسوا بھی ہوتا ہے۔لوگ ایسے شخص کی موجودگی کو ناپسند کرتے ہوئے اس سے کنارا کشی اختیار کرتے ہیں۔
دنیا بھر کے تمام سماجی مسائل کا اگر جائزہ لیا جائے تو ان مسائل کی بڑی وجہ بلاضرورت اور بغیر سوچے سمجھے بولنا ہے مثلاً گھروں اور خاندانوں میں کشیدگی، ترک تعلق اور نفرت کی ایک بڑی وجہ بلاوجہ گفتگو ہے۔کاروباری حضرات اپنا کھوٹے مال کو بہترین ثابت کرنے کی تگ ودو میں لگے رہتے ہیں اور اپنی چرب زبانی سے اپنے مال کو بیچنے میں تو کامیاب ہوجاتے ہیں لیکن جھوٹ اور دھوکے بازی کی وجہ سے ہلاکت کے راستے پر گامزن ہوجاتے ہیں۔
دوا فروش جعلی ادویات، Expired Medicines اور زائد المعیاد خون کو پورے داموں بیچ کر نجانے کتنی قیمتی جانوں سے کھیلتے ہیں۔
اداروں میں کام کرنے والے بے شمار لوگ جھوٹ، دھوکہ، چاپلوسی، افسران کی جھوٹی تعریفوں اور فضول گفتگو سے اپنے نامہ اعمال میں نجانے کتنی ناکامیوں اور تباہیوں کو ثبت کرنے میں

کامیاب ہوجاتے ہیں۔

طلاق، خلع اور گھر ٹوٹنے کی بھی ایک بڑی وجہ بلاضرورت گفتگو اور غیر متعلقہ لوگوں سے اپنے مسائل کو بیان کر کے ان سے مشورے طلب کرنا ہے۔

موبائل فون پر گھنٹوں غیر ضروری گفتگو کر کے اپنے اعمال نامے کو گناہوں سے بھرنا۔

عدالتوں میں جھوٹی گواہی، جھوٹے بیانات اور جھوٹے الزامات نے نجانے کتنی قیمتی جانوں، وقت اور دولت کو ہڑپ لیا۔

حکومتی ایوانوں میں جھوٹ اور سچ کی پہچان ختم ہوگئی۔

بین الاقوامی سطح پر بھی یہ سلسلہ عرصہ دراز سے نہایت کامیابی سے جاری ہے۔

تعلیمی اداروں اور ریسرچ سینٹرز میں کئی ایسی جھوٹی اور من گھڑت تحقیقات کی گئیں اور برسوں بنی نوع انسان کو گمراہ اور جاہل رکھا گیا۔

کچھ نام نہاد مذہبی علما نے بھی جھوٹ کا لبادہ اوڑھ رکھا ہے اور وہ بھی سارا دن جھوٹ اور غلط بیانی کرتے نہیں تھکتے ہیں۔

ڈاکٹرز مریضوں سے جھوٹ بولتے ہیں اور بعض اوقات محض معمولی سی بیماری کو اس قدر پیچیدہ بتا کر ہزاروں اور لاکھوں روپے مریضوں سے لوٹ لئے جاتے ہیں۔

پولیس بے قصور لوگوں پر جھوٹے مقدمات قائم کر کے ان سے رشوت میں لاکھوں روپے وصول کرتی ہے۔جیل میں ملزمان سے بھاری رشوت وصول کی جاتی ہے۔

میڈیا پر حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کیا جاتا ہے اور جو جتنا بڑا جھوٹا ہوتا اس کو اسی قدر زیادہ مراعات سے نوازا جائے گا۔

ان تمام دنیاوی مسائل سے نکلنے کے لئے اگر سکوت کو اختیار کر لیا جائے تو دنیا جنت بن جائے

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ الحجرات۔آیت۔

۳۔مشکوۃ۔امام ولی الدین تبریزی(متوفی ۷۴۲ھ)۔مطبوعہ اصح المطابع دہلی دارارقم بیروت۔

۴۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۵۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۲۰۔آزادی رائے اور عقیدہ

دین رائے نہیں بلکہ اتباع و اطاعت ہے (حضرت علیؑ)

عقیدہ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ع۔ق۔د) سے مشتق ہے۔۱؎

عقد۔کے معنی مضبوطی سے گرہ باندھنا۔

عقد۔کا متضاد حل (گرہ کھولنا) ہے۔

عقیدہ۔سے مراد پختہ ارادہ۔

عقدۃ النکاح۔سے مراد نکاح کی گرہ۔

العقیدہ۔دل سے یقین اور زبان سے اقرار کو کہتے ہیں۔۲؎

اسلام اپنے ماننے والوں کی سب سے پہلے اصلاح ان کے عقائد و نظریات کے حوالے سے کرتا ہے کیونکہ جب تک سوچنے کی سمت درست نہیں ہوگی انسان ایک اچھا مسلمان نہیں بن سکتا چنانچہ اسلام کے درج ذیل سات عقائد ہیں جن پر ایمان لائے بغیر کسی بھی مسلمان کا ایمان مکمل نہیں ہوتا ہے۔

۱۔عقیدہ توحید۔۲ عقیدہ رسالت۔۳۔عقیدہ آخرت۔۴۔فرشتوں پر ایمان۔

۵۔الہامی کتابوں پر ایمان۔۶۔اچھی یا بری تقدیر پر ایمان لانا۔

۷۔مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے پر ایمان لانا۔

ارشادات خداوندی:

لَّيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ

وَاَقَامَ الصَّلٰوۃَ وَاٰتَی الزَّکٰوۃَ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَھْدِھِمْ اِذَا عٰھَدُوْا وَالصّٰبِرِیْنَ فِی الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِیْنَ الْبَاْسِ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُتَّقُوْنَ۔ ۳؎

ترجمہ۔ یہی نیکی نہیں کہ تم اپنے منہ مشرق اور مغرب کی طرف پھیرو بلکہ نیکی تو یہ ہے جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائے اور فرشتوں اور کتابوں اور نبیوں پر، اور اس کی محبت میں رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں اور سوال کرنے والوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں مال دے، اور نماز پڑھے اور زکوۃ دے، اور جو اپنے عہدوں کو پورا کرنے والے ہیں جب وہ عہد کرلیں، اور تنگدستی میں اور بیماری میں اور لڑائی کے وقت صبر کرنے والے ہیں، یہی سچے لوگ ہیں اور یہی پرہیزگار ہیں۔

لَآ اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ فَمَنْ یَّکْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْ بِاللّٰہِ فَقَدِ اسْتَمْسَکَ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی لَا انْفِصَامَ لَھَا وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ۔ ۴؎

ترجمہ۔ دین کے معاملے میں کوئی زبردستی نہیں ہے۔ صحیح بات الگ خیالات سے چھانٹ کر رکھ دی گئی ہے، اب جو کوئی طاغوت کا انکار کرکے اللہ پر ایمان لے آیا اس نے ایک مضبوط سہارا تھام لیا جو کبھی ٹوٹنے والا نہیں اور اللہ سب کچھ سننے والا اور جاننے والا ہے۔

قُلْ اَئِنَّکُمْ لَتَکْفُرُوْنَ بِالَّذِیْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِیْ یَوْمَیْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَہٗٓ اَنْدَادًا ذٰلِکَ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ۔ ۵؎

ترجمہ۔ اے نبی ﷺ! ان سے کہیے! کیا تم اس خدا سے کفر کرتے ہو اور دوسروں کو اس کا ہم سر ٹھہراتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں بنایا وہ ہی سارے عالمین کا رب ہے۔ ۵؎

حدیث جبرائیل علیہ السلام

حضرت عمرؓ بن خطاب روایت کرتے ہیں، ایک روز ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بیٹھے تھے کے اچانک ایک سفید کپڑوں میں ملبوس ،نہایت سیاہ بالوں والا ایک شخص ہمارے پاس آیا اس شخص کو ہم میں سے نہ کوئی جانتا تھا اور نہ ہی اس کے لباس اور حلیے سے اس پر سفر کے کوئی اثرات نظر آرہے تھے، وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بیٹھ گئے اور اپنے دونوں زانوں رسول اللہ ﷺ کے زانوؤں کے ساتھ ملاتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھ بھی رسول اللہ ﷺ کے دونوں گھٹنوں پر رکھ دئے اور فرمایا! اۓ محمد ﷺ ! آپ ﷺ مجھے اسلام کے بارے میں بتائے ؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! **لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ** (نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق سوائے اللہ کے اور محمد ﷺ ، اللہ کے رسول ہیں نماز قائم کرو، زکوۃ ادا کرو رمضان کے روزے رکھو اور اگر استطاعت ہے تو پھر اللہ کے گھر کا حج کرو اس شخص نے یہ سن کر کہا! آپ ﷺ نے صحیح فرمایا ہے پھر اس شخص نے یہ سوال کیا ایمان کیا ہے؟

تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! ایمان یہ ہے کہ! تو اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر اس کے رسولوں پر، یوم آخر پر اور اچھی بری تقدیر پر ایمان رکھے،اس شخص نے یہ جواب سن کر کہا! آپ ﷺ نے ٹھیک فرمایا، پھر اس شخص نے پوچھا کے احسان کیا ہے؟

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! احسان یہ ہے کے تم اللہ کی بندگی اس طرح سے کرو جیسے کے تم اللہ کو دیکھ رہے ہو اور اگر یہ تصور قائم نہیں ہوتا تو پھر یہ سوچو ہ اللہ تو تم کو دیکھ ہی رہا ہے، پھر اس شخص نے کہا! مجھے قیامت کے بارے میں بتائے ؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جواب دینے والا پوچھنے والے سے زیادہ باخبر نہیں۔٦؎

آزادی عقیدہ اور رائے:

کسی بھی اسلامی ریاست میں دو طرح کے شہری رہتے ہیں۔

۱۔مسلمان شہری۔
۲۔غیر مسلم شہری۔
جس طرح سے مسلم شہریوں کو تمام حقوق حاصل ہیں بالکل اسی طرح سے غیر مسلموں کو بھی اسلامی ریاست میں تمام حقوق حاصل ہیں انھیں جان ،مال ،عزت وآبرو،عبادت ،مذہبی رسم ورواج ،تہوار ،روزگار ،حصول علم اور حصول انصاف کا مکمل حق اسلام دیتا ہے۔
دین کے معاملے میں کوئی زبردستی نہیں ہے صحیح بات الگ خیالات سے چھانٹ کر رکھ دی گئی ہے اب جو کوئی طاغوت کا انکار کر کے اللہ پر ایمان لے آیا اس نے ایک مضبوط سہارا تھام لیا جو کبھی ٹوٹنے والا نہیں اور اللہ سب کچھ سننے والا اور جاننے والا ہے۔ ۷

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جو کوئی ہمارا ذمی ہے اس کا خون ،اس کی دیت اور اس کا مال ہماری طرح قابل احترام ہے۔
یقیناً کچھ لوگوں نے اللہ کی عبادت بطور شکر انجام دی یہی آزاد لوگوں کی عبادت ہے۔
تم دوسروں کے غلام نہ بنو کیونکہ اللہ نے تمھیں آزاد قرار دیا ہے۔
جس نے خواہشات کو ترک کر دیا وہ آزاد ہو گیا۔
آزاد لوگوں کے ساتھ عزت واحترام کے ساتھ متوسط لوگوں کے ساتھ رغبت وخوف کے ساتھ پیش آؤ اور پست لوگوں کے ساتھ ذلت آمیز رویے کے ساتھ پیش آؤ۔
آزاد جس چیز کی لالچ رکھتا ہے اس کا غلام ہوتا ہے۔
آزادی دھوکے اور مکر سے پاک ہوتی ہے۔
بہترین نیکی وہ ہے جو آزاد آدمی تک پہنچ جائے۔
کبھی آزاد بھی مظلوم ہوتا ہے۔آزاد لوگوں کی تعظیم وتکریم کرو۔
آزادی کے قوانین کی پابندی کرنے والا آزادی کا اہل ہوتا ہے۔

دین رائے نہیں بلکہ اتباع واطاعت ہے۔

کثرت آراء فساد ہے جیسے وہ دیگ کبھی بھی اچھی نہیں بن سکتی جس کے پکانے والے زیادہ ہوں۔ جو شخص اپنی رائے اور علم کو کافی سمجھے گا وہ گمراہ ہوجائے گا۔

عقلمند کی پہلی رائے جاہل کی آخری رائے ہوتی ہے۔

انسان کی رائے اس کی عقل کی میزان ہے۔

جس شخص کی آرا کمزور ہوگی اس کے دشمن زیادہ ہوں گے۔

اپنی رائے سے صرف جاہل ہی خوش ہوتا ہے۔

نفسیاتی پہلو

اللہ نے انسان کو اعلیٰ مقاصد کے حصول اور اپنی عبادت اور اطاعت کے لئے پیدا کیا ہے، اور انسان کی رہنمائی کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھی مبعوث فرمائے تا کہ وہ بنی نوع انسانیت کو ان کے دنیا میں آنے کے مقاصد کو بیان کریں، اہل علم اور علماء کرام کا یہ ماننا ہے کے انسان دنیا میں آزاد نہیں ہے بلکہ وہ اسلام لانے کے بعد اللہ کے احکامات کا پابند ہے اور ایمان کی مضبوطی کے ساتھ ساتھ اس پر پابندیاں سخت سے سخت ترین ہوتی جاتی ہیں، آئمہ کرام فرماتے ہیں! انسان پر مشکلات اور مصیبتوں کا نزول اس کے ایمان کی مضبوطی کے بقدر ہوتا ہے چنانچہ اللہ کے نیک بندے ان مشکلات کو خندہ پیشانی سے سہتے ہیں تاہم ان مشکلات اور آزمائشات سے گزرنے کے نتیجے میں انسان ایک مضبوط شخصیت بن کر ابھرتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ البقرہ۔آیت ۔۱۷۷۔

۴۔سورہ البقرہ۔آیت ۔۲۵۶۔

۵۔سورہ حم السجدہ۔آیت ۔۹۔

۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۲ھ۔دارارقم بیروت۔

۷۔سورہ البقرہ۔آیت ۔۲۵۶۔

۸۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

باب (۴):

رزائل اخلاق

تمام برائیاں، گناہ، ہر قسم کی غیر اخلاقی حرکات وسکنات اور اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی کو رزائل اخلاق کہا جاتا ہے۔ رزائل اخلاق انسان کی شخصیت کو بری طرح سے مسخ کرتے ہوئے اسے لوگوں میں سخت ناپسندیدہ بنا دیتے ہیں یہی نہیں ایسے انسان کی دنیا اور عاقبت دونوں ہی خراب ہو جاتی ہے۔

احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں رزائل اخلاق:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ شخص انتہائی بدترین ہے جس کے برے اخلاق کی وجہ سے لوگ اس سے ملنا چھوڑ دیں۔ ا؎

ا۔الشک ۔ریب ۔بے یقینی۔شکوک وشبہات

شکوک اور شبہات کو حق کے ساتھ کوئی شباہت نہیں (حضرت علیؑ)

ریب۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ر۔ی۔ب) سے مشتق ہے۔ ۲؎

ریب۔نفسیاتی الجھن اور اضطرابی کیفیت کا نام ہے۔ ۳؎

شک اور شبہات اور بے چینی کو بھی ریب کہا جاتا ہے۔ ۴؎

بدگمانی اور تہمت کو بھی ریب کہا جاتا ہے۔

حوادث روزگار اور گردش زمانہ کو بھی ریب کہا جاتا ہے۔

ضروریات اور حوائج کے لئے بھی یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔

ریب۔ کے بنیادی معنی شک اور خوف کے ہیں۔۵؎

ریب/ شک، سے مراد کسی چیز کا دل میں کھٹکنا اور دل کا مضطرب ہونا۔

شک۔ کی ضد طمانیت اور سکون ہے۔

علمائے باطن کے مطابق! تمام ارضی وسماوی عذاب واضطراب کی اصل وجہ بے یقینی اور شکوک وشبہات ہے۔۶؎

ارشادات خداوندی:

لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۔۷؎

ترجمہ۔اس عمارت (مسجد ضرار) کو انہوں نے بنایا ہے گرنے کے خطرہ کی وجہ سے ہمیشہ ان کے دلوں میں کھٹکتی رہے گی سوا اس کے کہ ان کے دل ٹکڑے ٹکڑے ہوجائیں اور اللہ بے حد جاننے والا بڑی حکمت والا ہے۔

وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ۭاِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ۔۸؎

ترجمہ۔ان کے اور ان کی خواہشات کے درمیان ایک حجاب ڈال دیا گیا جیسے پہلے بھی ان جیسے لوگوں کے ساتھ کیا گیا تھا بے شک وہ بھی بہت بڑے شک میں مبتلا تھے۔

وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۔۹؎

ترجمہ۔بے شک جس دین کی طرف تم ہمیں دعوت دے رہے ہو ہم اس کے متعلق سخت شک میں مبتلا ہیں۔

وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ

حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ ۔۱۰؎

ترجمہ۔تمھارے پاس یوسف بھی اس سے پہلے واضح دلیلیں لے کر آ چکا پس تم ہمیشہ اس سے شک میں رہے جو وہ تمہارے پاس لایا، یہاں تک کہ جب وہ فوت ہوگیا تو تم نے کہا کہ اللہ اس کے بعد کوئی رسول ہرگز نہیں بھیجے گا، اسی طرح اللہ گمراہ کرتا ہے اس کو جو حد سے بڑھنے والا شک کرنے والا ہے۔

وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ۔۱۱؎

ترجمہ۔آپ نزول قرآن سے پہلے کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور نہ ہی اس سے پہلے اپنے ہاتھ سے لکھتے تھے ورنہ باطل پرست شک میں پڑ جاتے۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ۔۱۲؎

ترجمہ۔(کفار) کہتے ہیں کے یہ شاعر ہیں ہم ان پر مصائب زمانہ یعنی (موت) کا انتظار کر رہے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

امیر المومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب میری امت پندرہ قسم کے کام کرے گی تو اس پر بلائیں اور مصائب نازل ہوں گے۔

۱۔جب مال غنیمت کو ذاتی دولت بنالیا جائے گا۔

۲۔امانت کو مال غنیمت سمجھ لیا جائے گا۔

۳۔زکوۃ کو تاوان سمجھا جائے گا۔

۴۔مرد اپنی بیوی کی اطاعت کرے گا۔

۵۔اپنی ماں کی نافرمانی کرے گا۔

۶۔ مرد اپنے دوست کے ساتھ نیکی کرے گا۔
۷۔ اپنے باپ کے ساتھ بدی کرے گا۔
۸۔ مساجد میں شور کیا جائے گا۔
۹۔ ذلیل آدمی کو قوم کا سردار بنا دیا جائے گا۔
۱۰۔ کسی انسان کے شر سے بچنے کے لئے اس کی عزت کی جائے گی۔
۱۱۔ شراب پی جائے گی۔
۱۲۔ ریشم پہنا جائے گا۔
۱۳۔ امت کے کے پچھلے لوگ اگلے لوگوں کو برا کہیں گے۔
تو اس وقت سرخ آندھیوں اور زمین میں دھنسائے جانے اور مسخ کئے جانے کا انتظار کرو۔ ۱۳ے

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا کے شک اور شبہات کو حق ے ساتھ کوئی شباہت نہیں۔ میں اپنے رب کی طرف سے یقین کے مرحلے پر فائز ہوں۔
شبہ کے وقت توقف سے بڑھ کر کوئی تقوی نہیں۔
شبہات کے درمیان اچھی طرح سے جستجو کرو کیونکہ جو اس میں پڑ جاتا ہے وہ پھنس جاتا ہے۔
یقین سب سے افضل ترین عبادت ہے۔ غور وفکر با فضیلت عبادت ہے۔
طویل عبادات سے افضل یہ ہے کے انسان کچھ لمحات کائنات میں غور وفکر کرلے۔
عبادت کی انتہا اطاعت ہے۔
جو با اخلاص عبادات کرتا ہے وہ کامیابی سے ہم کنار ہوتا ہے۔
مجھے اللہ پر شک کرنے والوں پر تعجب ہوتا ہے کیونکہ وہ روز وشب اس کی مخلوقات کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ جس کا شک بڑھ جاتا ہے اس کا دین فاسد ہوجاتا ہے شک کی ہمشیگی سے شرک

وجود میں آتا ہے۔

شک دل کے نور کو بجھا دیتا ہے۔

شک کفر ہے۔

شک ایمان کو برباد کر دیتا ہے۔ دین میں ذاتی رائے کا وجود نہیں ہے۔

دین کو آسان سمجھنا دین کے لئے آفت ہے۔

آپ سے پوچھا گیا کے کون سی مصیبت سب سے زیادہ سخت ہے؟ تو آپ نے فرمایا کے دین میں مصیبت۔ ۱۴؎

نفسیاتی پہلو

ابدال حق حضور قلندر بابا اولیاء فرماتے ہیں! شک شیطان کا سب سے بڑا ہتھیار ہے جس کے ذریعے سے وہ انسان کو اپنی روح سے دور کر دیتا ہے، روحانی قدروں سے دوری آدمی کے اوپر علم و آگہی اور عرفان کے دروازے بند کر دیتی ہے۔ ۱۵؎

شک اور بے یقینی کی صورت میں پیدا ہونے والی تباہی

عذاب الٰہی کی وجوہات کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے اس بات کو سمجھ لیا جائے کے آخر دنیا کی مختلف اقوام اور خطے اس کی لپیٹ میں کیوں آتے ہیں اور ایسا کیوں ہوتا ہے؟ علمائے باطن کی نظر میں جب بھی کسی قوم میں بے یقینی، شکوک وشبہات اور سرکشی نے سر اٹھایا اور یہ سرکشی اس حد تک بڑھی کے اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے قاعدے قوانین کی پامالی کی تمام حدیں پار کر لی گئیں یہاں تک کے انھوں نے احکامات الٰہی کے خلاف ایڑی چوٹی تک کا زور لگا دیا تو پھر یہی نافرمانی، سرکشی اور بے یقینی ان کے ساتھ ہی ان کی قوم کو بھی لے ڈوبی پھر بات یہیں ختم نہیں ہوئی بلکہ اللہ تعالیٰ نے انھیں قیامت تک کے لئے رہتی دنیا کے لئے نشان عبرت بھی بنا دیا کیونکہ جو قومیں اللہ کی عبادت کے بجائے ہوس زر اور دولت پرستی میں مبتلا ہو جاتی ہیں تو اس کے نتیجے میں مستقل ذلت، عذاب اور رسوائی ان کا مقدر ہو جاتی ہے کیونکہ بت پرستی اور

دولت پرستی دو علیحدہ طرزِ فکر نہیں ہیں، انسان پتھر کی پوجا کرے یا سونے، چاندی، روپے پیسے یا زر و جواہرات کی بات ایک ہی ہے قانون قدرت کی رو سے اللہ تعالی اپنے بندوں کی چھوٹی چھوٹی غلطیوں اور لغزشوں کو معاف کرتے رہتے ہیں لیکن اقوام کی وہ بڑی بڑی غلطیاں کہ جس کے سبب نظام قدرت اور خدا کی خدائی میں اضطراب اور خلل واقع ہو جائے اور اس کی زد میں معصوم انسان بھی آ جائیں تو پھر اس کے نتیجے میں اللہ تعالی کا قاہرانہ نظام متحرک ہو جاتا ہے اور پھر ایسی اقوام دردناک عذاب میں گرفتار کر لی جاتی ہے اور اس کے ساتھ ہی ان سے ان کا اقتدار بھی چھین لیا جاتا ہے اور اس جرم کی پاداش میں یا تو انھیں صفحہ ہستی سے ہی مٹا دیا جاتا ہے یا پھر انھیں غلامی کی ہزیمت میں مبتلا کر دیا جاتا ہے جبکہ ہم غلامی کی متعدد اقسام سے بخوبی واقف ہیں۔

قانون قدرت یہ بھی ہے کے نافرمان اور ظالموں (بھلے ان کی تجوریاں مال وزر سے بھری ہوئی کیوں نہ ہوں) کو اللہ تعالی سکون اور اطمینان قلب سے محروم رکھتا ہے پھر مکافات عمل کا قانون بھی یہ ہے کے کسی انسان کا تعلق اس دنیا سے اس وقت تک منقطع نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ مکافات عمل کا کفارہ ادا نہ کر دے یہاں قابل غور امر یہ ہے کے ہر انسان کے دماغ میں تقریباً دو کھرب (۲،۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰) خلیات پائے جاتے ہیں اگر بہ حیثیت مجموعی کسی قوم میں پائے جانے والے ان خلیات میں تخریب، نافرمانی، شک وشبہات اور بے یقینی واقع ہو جائے تو پھر من حیث القوم اس قوم کی تباہی میں کوئی دقیقہ باقی نہیں رہتا اور عذاب الٰہی ان کا مقدر ہو جاتا ہے لیکن اس کے برعکس جو افراد اور اقوام اپنے رب سے حقیقی تعلق کو استوار کرنے میں کامیاب ہو جاتی ہیں تو اللہ تعالی اس کے نتیجے میں انھیں دنیا اور آخرت کے خوف وغم سے محفوظ و مامون رکھتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

اَلَمْ يَأْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَقَوْمِ اِبْرَاهِيْمَ

وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۔۱۶؎

ترجمہ۔کیا انہیں ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو ان سے پہلے تھے نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور ابراہیم کی قوم اور مدین والوں کی اور ان بستیوں کی خبر جو الٹ دی گئی تھیں، ان کے پاس ان کے رسول صاف احکام لے کر پہنچے، سو اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا لیکن وہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے۔۔

فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۔۱۷؎

ترجمہ۔ہم نے ہر ایک کو اس کے اعمال کے مطابق سزا دی ہے، بعض پر پتھر کا مینہ برسایا، کسی کو کڑک نے دبوچ لیا، کچھ کو زمین نے نگل لیا اور کچھ کو سمندر کی لہروں نے تہہ آب کر دیا، ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ یہ خود اپنی تباہی کے ذمہ دار ہیں۔

اگر یقین ٹوٹ جائے تو اس کی حرکت دو طرح سے ہوتی ہے اگر اس کا رخ اوپر کی جانب ہو جائے تو پھر اس قوم پر آسمانی آفات و بلیات کا نزول شروع ہو جاتا ہے اور اگر یہی بے یقینی، فتنہ فساد، خانہ جنگی، قتل و غارت گری ظلم و ستم، بربریت اور مسلکی و گروہی اختلافات کی شکل میں زمین کی طرف نزول کر جائے تو پھر زلزلے، سیلاب، قحط اور وبائی امراض پھوٹ پڑتے ہیں جس کے سبب پوری قوم کے اعصاب بری طرح سے متاثر ہوتے ہیں یہی نہیں بلکہ بسا اوقات تو خوفناک جنگیں تک چھڑ جاتی ہیں۔

اللہ تعالی نے متعدد اقوام کو ان کی نافرمانی کے نتیجے میں عذاب میں مبتلا کیا۔

ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ

أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ -۱۸؎

ترجمہ۔تم پر جو مصائب آتے ہیں وہ تمھارے اپنے ہی کرتوتوں کا نتیجہ ہیں اور خدا تو بہت سے خطاؤں سے درگزر کرتا ہے۔

اور ان اقوام کا قصہ قرآن کریم کی متعدد آیات میں موجود ہے۔

أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ كَانُوا مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَانُوا هُمْ أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَآثَارًا فِي الْأَرْضِ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ وَمَا كَانَ لَهُم مِّنَ اللَّهِ مِن وَاقٍ -۱۹؎

ترجمہ۔کیا یہ لوگ کبھی زمین میں چلے پھرے نہیں ہیں کے انھیں ان لوگوں کا انجام نظر آتا جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں وہ ان سے زیادہ طاقت ور تھے اور ان سے زیادہ زبردست آثار زمین میں چھوڑ گئے ہیں، اللہ نے انہیں ان کے گناہوں کے سبب سے پکڑ لیا، اور ان کے لیے اللہ سے کوئی بچانے والا نہ تھا۔

حیرت انگیز امر یہ ہے کے ہزاروں سال قبل پیش آنے والے ان واقعات اور بانجھ ہواؤں کے اثرات آج تک ان علاقوں کے شہروں، گلی کوچوں، درودیواروں، پہاڑوں، سمندروں، ریت کے ذرات، فضاؤں، ہواؤں اور آبی ذخائر میں موجود ہیں اگرچہ رسول اللہ ﷺ کی حدیث اس جانب واضح اشارہ پیش کرتی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں! ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ وادی الحجر میں ٹھہرے جو قوم ثمود کی سرزمین ہے، مسلمانوں نے ان کے کنویں سے پانی پیا اور اس کنویں کے پانی سے آٹا بھی گوندھا لیکن جب رسول اللہ ﷺ کو اس کی خبر ہوئی تو آپ ﷺ نے حکم دیا کے جو پانی نکالا گیا ہے اس کو الٹ دیا جائے اور گوندھا ہوا آٹا اونٹوں کو کھلا دیا جائے پھر آپ ﷺ نے مزید حکم دیا کے تم لوگ اگر پانی پینا چاہو تو اس کنویں سے پیو جس سے حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی پانی پیا کرتی تھی۔۲۰؎

کتاب مندرجہ بالا حدیث صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ایسے عذاب یافتہ علاقوں سے گزرتے وقت خاص احتیاط کی جانب واضح اشارہ موجود ہے 'ریح العقیم' کے لغت میں ایک معنی 'بانجھ ہوا' کے بھی ہیں یعنی ایسی ہوا جو کے براہ راست تولیدی نظام کو متاثر کرے کیونکہ اس بانجھ ہوا میں تابکاری کی تمام صفات بدرجہ اتم پائی جاتی ہیں پھر یہ کے آج سے ہزاروں سال قبل لوگ تابکاری کی سائنسی اصطلاح سے بھی ناواقف تھے لہٰذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان لوگوں کی فہم کے مطابق انھیں ایسی عذاب یافتہ بستی کی کسی بھی شے کو استعمال کرنے سے سختی سے منع کیا۔

تابکاری پیدا کرنے والے عناصر کی اہم ترین خصوصیت یہ ہے کے یہ دیگر عام عناصر کے ایٹمز کے برعکس زیادہ توانائی کے حامل ہوتے ہیں۔ نیوٹران، پروٹان یا پھر ان میں موجود فاضل توانائی کے اخراج سے تابکار شعاعیں پیدا ہوتی ہیں اور تابکار شعاعوں کے اخراج کو انگریزی زبان میں Ionizing Radiation بھی کہا جاتا ہے اس عمل کے دوران یہ عناصر دوسرے تابکار عناصر میں تبدیل ہوجاتے ہیں اور اٹامک نمبر کے ساتھ ساتھ ان کا اٹامک وزن بھی تبدیل ہوجاتا ہے اس عمل کو سائنسی زبان میں Radio Activity کہا جاتا ہے

سائنسدانوں کا یہ خیال ہے کے تابکاری کے اثرات کڑی در کڑی اپنا سفر جاری رکھتے ہیں اور آج بھی زمین پر اس دور یا پھر دور اول کے اثرات پائے جاتے ہیں جب زمین پر زندگی کے آثار بھی موجود نہ تھے اگرچہ روزمرہ استعمال کی بے شمار اشیاء سے بھی خطرناک تابکاری کی شعاعوں کا اخراج ہوتا ہے جس سے انسانی حیات اور صحت بری طرح سے متاثر ہوتی ہے اور کئی لاعلاج بیماریاں بھی وقوع پذیر ہوتی ہیں یہی نہیں بلکہ ان تابکار شعاعوں کے اثرات سے انسانی، حیوانی اور نباتاتی تولیدی نظام بھی بری طرح سے متاثر ہوتا ہے لہٰذا باالفاظ دیگر تابکار شعاعیں دراصل بانجھ ہوا ہی ہے۔

سائنسدانوں کا یہ خیال ہے کے جدید اسلحہ جس میں Radiological Weapens، ایٹم بم ہائیڈروجن بم، نیوٹران بم، کوبالٹ بم اور پھر اس جیسے نا جانے کتنے ہی خطرناک ہتھیار جو

کے انسانیت کی تباہی کے لئے بنائے گئے ہیں ان کے استعمال سے انتہائی شدید اور مضر صحت تابکار شعاعوں کا اخراج ہوتا ہے جو کے عمارتوں، زمین، فضاء، ہوا، پانی، دریا، سمندر، کنویں، کھیت کھلیانوں، چٹانوں اور پہاڑوں میں سرائیت کر جاتے ہیں اور پھر ہزاروں سال تک ان میں سے ان شعاعوں کا اخراج ہوتا رہتا ہے کوبالٹ بم کے بارے میں سائنسدانوں کا یہ ماننا ہے کے یہ بم جس جگہ گرایا جائے گا اس سے خارج ہونے والی تابکار شعاعیں بادلوں کے ساتھ سفر کرتے ہوئے اس علاقے کی تمام حیات کو ختم کر دیتی ہیں اور یہ سلسلہ برسہا برس تک جاری رہتا ہے پھر یہی نہیں بلکہ اب تو کچھ ایسے بم بھی ایجاد کر لئے گئے ہیں جو جب کسی علاقے میں پھینکے جائیں گے تو وہاں کی آکسیجن کو مکمل طور پر ختم کر دیں گے جس کی وجہ سے وہاں حیات کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا کیونکہ آکسیجن پر ہی تمام ذی نفوس کی زندگی کا دارومدار ہے۔

ہیروشیما اور ناگاساکی کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں جب ۱۹۴۵ء میں امریکہ نے ان علاقوں پر ایٹم بم برسائے تو ہزاروں افراد ہلاک ہو گئے اور لاکھوں کی تعداد میں لوگ معذور اور ایک اندازے کے مطابق تقریباً ۸۰ فیصد افراد کینسر جیسے مہلک مرض میں مبتلا ہوئے جبکہ عرصہ دراز تک اس علاقے میں معذور بچے پیدا ہوتے رہے پھر اس دھماکے کے بہت سال بعد جب ایک سروے کیا گیا تو معلوم ہوا کے اس دھماکے سے پیدا ہونے والے تابکاری کے اثرات آج بھی دنیا کی فضاؤں میں موجود ہیں اور انھیں آلودہ کئے ہوئے ہیں یہاں تک کے امریکہ کے شمال میں واقع غیر آباد خطہ آرکٹک میں بھی ان تابکار آلودگی کے اثرات پائے گئے پھر یہی نہیں بلکہ یہ تابکار شعاعیں کڑی در کڑی سفر کرتے ہوئے غذاؤں اور پانی میں بھی موجود ہیں اور نسل انسانی کو شدت سے متاثر کر رہی ہیں۔

۲۸ اپریل ۱۹۸۶ء میں روس کا چرنوبل ایٹمی پلانٹ جب ایک شدید دھماکے سے پھٹ گیا تو اس کی تباہی اور تابکاری کے اثرات سے اسی وقت سینکڑوں افراد ہلاک اور بے شمار افراد زخمی ہو گئے جب کہ فوری طور پر پلانٹ کے ارد گرد کا تقریباً ایک سو پچاس مربع کلومیٹر کے رقبے کو

اگلے کئی عشروں تک کے لئے آلودہ قرار دیتے ہوئے بند کردیا گیا جس کی وجہ سے ایک لاکھ پنتیس ہزار افراد کو نقل مکانی کرنا پڑی لیکن چرنوبل سے خارج ہونے والی ان تابکار شعاعوں نے فصلوں، پانی، ہوا اور فضاء کو بھی شدت سے متاثر کیا اور یہ آلودگی کڑی در کڑی سفر کرتے ہوئے اسکینڈے نیویا اور مشرقی یورپ اور اس سے بھی آگے کئی ممالک میں سرایئت کرگئی۔

تابکار عناصر جن میں بیریم، کرپٹان، کیوریم، آئیوڈین اور سیزیم سرفہرست ہیں ان میں سے ہر ایک عنصر ایک مخصوص انسانی جسمانی عضو کو متاثر کرتے ہوئے ان اعضاء کے خلیات اور بافتوں کی کارکردگی اور ساخت میں تبدیلی اور پیچیدگی پیدا کرتے ہیں جس کی وجہ سے کئی خطرناک بیماریاں جن میں کینسر اور ایڈز جیسے مہلک امراض شامل ہیں پیدا ہوتے ہیں مثلاً بیریم کی ساخت چونکہ کیلشیئم سے مشابہہ ہے لہٰذا یہ انسانی ہڈیوں اور دانتوں کو، سیزیم کی ساخت پوٹاشیئم سے مماثل ہے لہٰذا یہ انسانی پٹھوں اور بافتوں کو جبکہ آئیوڈین کے تابکار ذرات تھائیرائیڈ گلینڈز میں جمع ہوکر اس عضو اور اس کی کارکردگی کو متاثر کرتے ہیں چونکہ تمام نیوکلیائی ذرات کے اثرات اور اہداف ایک دوسرے سے مختلف ہیں لہٰذا وہ اپنی انفرادیت کو برقرار رکھتے ہوئے مختلف انسانی، حیوانی اور نباتاتی حیات پر اپنے شدید اثرات مرتب کرتے ہیں سائنسدانوں کے مطابق! تابکار عناصر زمین پر انسانی حیات سے قبل بھی موجود تھے مثلاً تھورون گیس اور ریڈان گیس وغیرہ ان گیسیز سے خارج ہونے والے آئسوٹوپس انسانی حیات کے لئے ضرر رساں ہیں چونکہ یہ گیسیز فضاء میں پائی جاتی ہیں لہٰذا یہ انسانی جسم میں عمل تنفس کے ذریعے سے باآسانی داخل ہوتی ہیں پھر یہی نہیں بلکہ خلاء سے زمین پر کاسمک ریز کا نزول بھی ہوتا ہے یہ کاسمک ریز اپنے فضاء سے زمین پر نزول کے سفر میں مزید تابکار شعاعوں کو جنم دیتی ہیں جبکہ سائنسدانوں نے مزید یہ انکشاف بھی کیا ہے کے زمین کی تہہ میں بھی قدرتی طور پر کئی تابکار عناصر اور اجزاء پائے جاتے ہیں ان تابکار عناصر کی مقدار اور اخراج مختلف علاقوں اور ممالک میں الگ الگ ہے لہٰذا یہ اپنے اخراج کے اعتبار سے مختلف

انسانوں پر مختلف انداز اور مقدار سے اثر انداز ہوتے ہیں جبکہ مختلف افراد میں ان تابکار شعاعوں کے انجذاب کی شرح بھی الگ ہے، اوسطاً ۹۵ فیصد افراد کے جسم میں ان عناصر کے 0.6.0.3 ملی سیورٹ (تابکاری ناپنے کا پیمانہ) جذب ہوتے ہیں لیکن کئی خطوں میں یہ مقدار 1.4 ملی سیورٹ تک بھی پائی جاتی ہے، برازیل کے ایک پہاڑی علاقے میں انسانی جسم میں تابکار عناصر کی مقدار 25 ملی سیورٹ تک ریکارڈ کی گئی ہے۔

تحقیق سے یہ بھی ثابت ہوا کے ان علاقوں میں تابکار عناصر سے شعاعوں کا اخراج قدرتی طور پر بہت زیادہ ہے لہٰذا وہ علاقہ لوگوں سے خالی کروالیا گیا۔

ایک دوسری تحقیق کے مطابق! بھارت، فرانس اور نائیجریا کے کئی علاقوں میں یہ مقدار ۴۰۰ ملی سیورٹ تک بھی ریکارڈ کی گئی جبکہ تحقیق میں آگے یہ بھی بتایا گیا کے ان علاقوں کے در ودیوار، مکانات، سڑکوں، گزرگاہوں حتیٰ کے آبی ذخائر تک میں یہ تابکار عناصر بڑی مقدار میں سرائیت کر چکے ہیں۔ انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی (AEA) اور عالمی ادارہ صحت (WHO) نے غیر قدرتی ذرائع سے انسانی جسم میں داخل ہونے والے تابکار عناصر کی محفوظ مقداری حد ۵ ریم یا سیورٹ فی ۳۰ سال مقرر کی ہے لیکن یہ بھی ایک لمحہ فکریہ ہے کے روز افزوں ترقی کے اس تیز سفر میں کئی ایسی ایجادات جو انسانی زندگی کے لئے اب لازم وملزوم کی حیثیت اختیار کر چکی ہیں ان سے بھی خطرناک تابکار شعاعوں کا مسلسل اخراج ہوتا رہتا ہے جو انسانی حیات اور ماحول کو مستقل طور پر آلودہ کرنے کا ایک اہم سبب ہیں۔

قانون قدرت سے انحراف کے نتیجے میں اقوام کو اس کی بڑی بھاری قیمت چکانی پڑتی ہے اگر ہم اپنے اطراف پر نظر دوڑائیں تو ہم یہ دیکھیں گے کے نت نئے جسمانی، دماغی، نفسیاتی اور ذہنی امراض کی ایک طویل فہرست ہے جس میں ہر گزرتے دن کے ساتھ اضافہ ہی ہو رہا ہے وسائل کے انبار کے باوجود افراد تنگی روزی کا شکار ہیں، ازدواجی بندھن کسی بوجھ سے کم نہیں، ناگہانی اموات اور حادثات روز کا معمول بن چکے ہیں، کہیں والدین کو اپنی اولاد سے

اور کہیں اولاد کو اپنے والدین سے نا ختم ہونے والی شکایات ہیں پھر بنی نوع انسانیت چاہے اس کا تعلق ترقی یافتہ ممالک سے ہو یا پسماندہ، دونوں ہی ایک تکلیف دہ عدم تحفظ کا شکار ہے اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِیْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِیْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَعْمٰی۔

ترجمہ۔ جو لوگ میرے احکامات کو بھول جائیں گے ہم ان کی روزی کو تنگ کر دیں گے اور قیامت میں انھیں اندھا بنا کر اٹھائیں گے۔ ۲۱

رسول اللہ ﷺ نے خود اپنی امت کی سرکشی، نافرمانی اور گناہوں کی آلودگی کے حوالے سے فرمایا! حضرت ابو مالک اشعریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میری امت ضرور خمر (انگور کی شراب) کا نام بدل بدل کر پیتی رہے گی اور اس کے سروں پر آلات موسیقی بجتے رہیں گی اور گانے والیاں گاتی رہیں گی حتیٰ کے اللہ ان کو زمین میں دھنسا دے گا اور ان میں سے بندر اور خنزیر بنا دے گا۔ ۲۲

حوالہ کتب:

۱۔ صحیح بخاری۔ امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔ مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔ تاج العروس۔ علامہ سید محمد مرتضی حسینی زنیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔ مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر

۴۔ تاج العروس۔ علامہ سید محمد مرتضی حسینی زنیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔ مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر

۵۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۶۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۷۔ سورہ التوبہ۔ آیت۔ ۱۱۰۔

۸۔ سورہ سبا۔ آیت۔ ۵۴۔

۹۔ سورہ ابراہیم۔ آیت۔ ۹۔

۱۰۔ سورہ مومن۔ آیت۔ ۳۴۔

۱۱۔سورہ عنکبوت۔آیت۔۴۸۔
۱۲۔سورہ الطور۔آیت۔۳۰۔
۱۳۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۴۱ھ۔
۱۴۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۱۵۔روحانی ڈائجسٹ۔جنوری۔۲۰۲۲ء۔
۱۶۔سورہ التوبہ۔آیت۔۷۰۔
۱۷۔سورہ العنکبوت۔آیت۔۴۰۔
۱۸۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔
۱۹۔سورہ المومن۔آیت۔۲۱۔
۲۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۱۔سورہ طٰہٰ۔آیت۔۱۲۴۔
۲۲۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

۲۔الحسد۔حسد

حاسد کے لئے بس یہی کافی ہے کہ وہ تمھاری خوشیوں کے وقت غمزدہ رہتا ہے (حضرت علیؑ)

حسد۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ح۔س۔د) سے مشتق ہے۔ا؎
حسد۔کے معنی چھیننے کے ہیں۔
الحسد۔سے مراد وہ ذہنیت جس کی سب سے بڑی خواہش یہ ہوتی ہے کے جو دوسروں کے پاس ہے وہ اسے اس سے چھین لے تاہم اگر مجھے نا بھی ملے لیکن اس سے وہ چھن جائے۔
قرآن کریم میں حسد کو بڑی تخریبی ذہنیت قرار دیا گیا ہے۔
عربی لغت میں 'حسد' کے اصل معنی چھین لینے کے ہیں۔۲؎
حسد۔نیکیوں کو تباہ برباد کر دیتا ہے۔
حسد۔حاسد کو گناہ پر بھی ابھارتا ہے۔
اہل علم الحسد کو انتہائی بدترین اور خطرناک مرض قرار دیتے ہیں۔

ارشادات خداوندی:

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ۔۳؎
ترجمہ۔(کہو) میں، حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرنے لگے تیری پناہ مانگتا ہوں۔
وَدَّ كَثِيرٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يَرُدُّونَكُم مِّن بَعْدِ إِيمَانِكُمْ كُفَّارًا حَسَدًا مِّنْ عِندِ أَنفُسِهِم مِّن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ۔۴؎
ترجمہ۔اکثر اہل کتاب تمہارے ایمان لانے کے بعد تمہیں کفر کی طرف پھیرنا چاہتے ہیں، اپنے اندر کے حسد کی وجہ سے، حالانکہ ان پر حق ظاہر ہو چکا ہے۔
أَمْ يَحْسُدُونَ النَّاسَ عَلَىٰ مَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ۔۵؎

ترجمہ۔کیا یہ لوگوں پر حسد کرتے ہیں جو اللہ نے ان کو اپنے فضل سے عطا فرمایا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

مومن کے پیٹ میں اللہ کے راستے کا غبار اور جہنم کی ہوا اکھٹی نہیں ہوسکتی بالکل اسی طرح سے جیسے کسی دل میں ایمان اور حسد اکھٹے نہیں رہ سکتے۔۶؎

تم میں پچھلی امتوں کی ایک بیماری حسد اور بغض سرائیت کر گئی ہے۔۷؎

حسد نیکیوں کو اسی طرح سے ختم کرتا ہے جس طرح سے آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے۔

حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اپنے کاموں کو پوشیدہ رکھ کر ان کے حصول کی کوشش کرو اس لئے کے ہر نعمت والے پر حسد کیا جاتا ہے۔۸؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات:

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! حرص و تکبر اور حسد دراصل گناہوں میں ڈوب جانے کے اسباب ہیں۔استحقاق سے بڑھ کر تعریف چاپلوسی ہے جبکہ استحقاق سے کم تعریف حسد ہے۔

حسد دین کی آفت اور انسانوں کے ساتھ رہنے والی بدترین شے ہے۔

حاسد بے گناہ انسان کے لئے بھی اپنے دل میں کینہ یعنی حسد رکھتا ہے۔

حاسد کے لئے یہی بہت ہے کہ وہ دوسروں کی خوشیوں کو دیکھ کر جلن،حسد اور غم میں مبتلا رہے

جس شخص پر حسد غالب ہو تو اس کا جسم اس کے نفس کی قبر بن جاتا ہے۔

حاسد تم سے کبھی بھی راضی نہیں ہوسکتا یہاں تک کے تم میں سے کسی کی موت واقع ہوجائے۔

تین چیزیں انسان کو تباہ و برباد کر دینے والی ہیں۔

۱۔تکبر جس نے ابلیس کو اس کے مرتبے سے گرادیا۔

۲۔حرص جس نے آدم کو جنت سے نکلوادیا۔

۳۔حسد جس نے قابیل سے ہابیل کو قتل کروادیا۔

جب اللہ کسی شخص پر کسی ایسے دشمن کو مسلط کرنا چاہتا ہے جو اس پر کبھی بھی رحم نہ کرے تو اس پر کسی حاسد کو مسلط کر دیا جاتا ہے۔

حسد دو عذابوں میں سے ایک عذاب ہے، حسد شیطان کا سب سے بڑا جال ہے، حسد دل کی تنگی کا سبب ہے، حاسد ہمیشہ بیمار رہتا ہے کیونکہ حسد جسم کو گھلا دیتا ہے جس کے نتیجے میں جسم کی صحت ختم ہو جاتی ہے اور انسانی جسم فنا ہو جاتا ہے۔

حسد بدترین مرض ہے جو روح کا قید خانہ ہے کیونکہ حاسد شدید کینہ پرور اور بکثرت گناہ گار ہوتا ہے۔ ہر بلند مرتبہ شخص سے لوگ حسد کرتے ہیں۔

جسم کی صحت حسد کم ہونے میں ہے۔ دوست کا دوست سے حسد کرنا محبت میں سقم ہے۔

انسان کی خود پسندی اس کے حاسدوں میں سے ایک حاسد ہے۔ حسد دین کی آفت ہے۔

حسد کے ساتھ کوئی راحت نہیں۔ حسد بدترین شے ہے۔

حاسد ہمیشہ غمزدہ رہتا ہے۔

جو حسد کو ترک کرتا ہے لوگ اس سے محبت کرنے لگتے ہیں۔

حسد نیکیوں کو اسی طرح سے کھا جاتا ہے جس طرح سے آگ سوکھی لکڑیوں کو کھا جاتی ہے۔

حاسد کے لئے بس یہی کافی ہے کہ وہ تمھاری خوشیوں کے وقت غمزدہ رہتا ہے۔

حسد صرف ایسے نقصان اور کینہ کا باعث ہوتا ہے جو تمھارے دل کو تنگ اور کمزور اور جسم کو بیمار کر دیتا ہے۔

جس کی زبان بہترین اور بیان اچھا ہو وہ سنی ہوئی عجیب باتوں سے پرہیز کرے کیونکہ اس کے حسن و بیان و کلام کی وجہ سے حسد لوگوں کو اس کی تکذیب پر آمادہ کرے گا۔

اپنے حاسدوں کو ان کے ساتھ نیکی کے ذریعے سزا دو۔

جس سے حسد کیا جاتا ہے اس کے لئے نعمت، نعمت ہوتی ہے مگر حاسد کے لئے یہی عذاب و سزا ہوتی ہے۔

اگر اللہ کسی بندہ پر کوئی ایسا دشمن مسلط کرنا چاہتا ہے جو اس پر کبھی رحم نہ کرے تو اس پر حاسد کو مسلط کر دیا جاتا ہے۔

حسد دو عذابوں میں سے ایک عذاب ہے۔حسد شیطان کا سب سے بڑا جال ہے۔

حسد دل کی تنگی کا باعث ہے۔حسد جسم کو گلا دیتا ہے۔حسد جسم کو فنا کر دیتا ہے۔

حسد بدترین مرض اور روح کا قید خانہ ہے۔حسد عیبوں کی جڑ ہے۔

حسد کرنے والا ہمیشہ بیمار رہتا ہے۔حاسد کا نہ کوئی دوست ہوتا ہے اور نہ ہی اس کا کوئی بھائی ہوتا ہے۔حاسد کے لئے کوئی شے شفا نہیں ہے۔

حاسد ہر وقت اللہ کی قضاء وقدر پر غضبناک رہتا ہے۔

حسد کرنے والے کی بے پناہ حسرتیں ہوتی ہیں اور اس کے گناہ بھی بکثرت ہوتے ہیں۔

حاسد کو محض محسود کے زوال نعمت سے بڑھ کر کوئی چیز عزیز نہیں ہوتی۔

ہر بلند مرتبت انسان کے حاسدین ہوتے ہیں۔

جس کا دل متقی ہوگا اس کے دل میں کبھی حسد داخل نہیں ہوسکتا۔

جس کا حسد بڑھ جاتا ہے اس کی تباہی کی مدت طویل ہوجاتی ہے۔۹؎

نفسیاتی پہلو

ماہرین نفسیات کے مطابق! حسد ہی دراصل بے شمار نفسیاتی بیماریوں کی اصل جڑ ہے۔

American Heritage Dictionary میں اس کی تعریف کچھ اس طرح سے بیان کی گئی ہے! حاسد میں اس بات کا شدید خوف پایا جاتا ہے کہ کہیں اس سے اس کا مقام ومرتبہ یا حیثیت نہ چھن جائے،اس کے ساتھ ساتھ اس میں جذبہ رقابت ونفرت،احساس محرومی،دغابازی،نفرت اور حد درجہ بے وفائی پائی جاتی ہے اگر چہ اس مرض میں امیر، غریب،عالم،جاہل،فقیر اور بادشاہ سب ہی برابر کے شریک ہیں۔

امام غزالی اس حوالے سے لکھتے ہیں! چھ طرح کے لوگ چھ وجوہات کی بناء پر داخل جہنم ہوں

گے۔ا۔اہل عرب تعصب کی وجہ سے۔۲۔مال دار ظلم وزیادتی کی وجہ سے۔
۳۔سرداراور وڈیرے تکبر کی وجہ سے۔۴۔تاجر خیانت کی وجہ سے۔
۵۔دیہاتی جہالت کی وجہ سے۔۶۔جبکہ علماء حسد کی وجہ سے۔۱۰؎
اسی حوالے سے ابن سماک فرماتے ہیں! میں نے حاسد سے بڑھ کر کسی ظالم کو مظلوم سے مشابہہ نہیں دیکھا۔

حاسد پر ہر وقت افسردگی اور مایوسی چھائی رہتی ہے اور اس کی عقل ہر وقت اڑی اڑی اور کھوئی کھوئی رہتی ہے اور وہ ہر وقت غم وآلام میں مبتلا رہتا ہے۔۱۱؎

حاسد کینہ پرور ہوتا ہے لہٰذا ذلت اس کا مقدر ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہ ہمیشہ ناکام ونامراد رہتا ہے چاہے وہ دین دار ہی کیوں نہ ہو۔

حسد ایک معاشرتی برائی ہے اور حاسد بندوں پر اللہ کی تقسیم کی گئی نعمتوں پر نا صرف کڑھتا بلکہ اللہ کی قضاء وقدر پر بھی غضبناک ہوکر یہ سوچتا ہے کے یہ تمام نعمتیں کب اور کیسے میرے پاس آئیں گی؟ وہ لوگوں کو اچھا کماتا، کھاتا، پیتا، ہنستا، مسکراتا، پہنتا، اوڑھتا، اچھے اور آسودہ ماحول میں پھلتا، پھولتا اور ان کی گھریلو زندگی میں بیوی بچوں کے ساتھ خوشحال اور پرسکون زندگی بسر کرتے ہوئے کسی بھی قیمت پر نہیں دیکھ سکتا ہے لہٰذا یہ سب دیکھنے کے بعد اس میں بے چینی، جذبہ رقابت اور جلن وحسد اپنی انتہاء کو پہنچتی ہے۔

برائیوں میں سے کوئی برائی بھی حسد سے زیادہ نقصان دہ نہیں لہٰذا محسود
(جس سے حسد کی جارہی ہے) کو کسی بھی قسم کی ناپسندیدہ بات پہنچنے سے پہلے حاسد کو پانچ سزائیں لازمی ملتی ہیں۔

ا۔ناختم ہونے والا غم۔
۲۔ایسی مصیبت جو اجر سے خالی ہو۔
۳۔مسلسل مذمت کا سامنا۔

۴۔ اللہ کی مستقل ناراضی۔

۵۔ اس پر توفیق الہی کے دروازوں کا بند ہوجانا۔

امام غزالی نے اس موضوع پر طویل کلام کرتے ہوئے یہ لکھا کے حسد سے پانچ طرح کی خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔

۱۔ یہ عبادت کو تباہ اور فاسد کر دیتی ہے۔

۲۔ حسد کی وجہ سے حاسد گناہ اور برائی میں مبتلا ہوجاتا ہے۔

۳۔ حاسد ہر وقت غم و غصے اور فکر و اندوہ میں مبتلا رہتا ہے۔

۴۔ حاسد کا دل اندھا ہوجاتا ہے کیونکہ حسد سے انسان کی عقل وفہم ناکارہ ہوجاتی ہے نیز دنیا اور مال ومنال کی آرزو انسان کو بے شمار فتنوں میں مبتلا کر دیتی ہے۔

۵۔ ذلت و رسوائی اس کا مقدر بن جاتی ہے اور وہ لوگوں کی نظر میں حقیر ہونے کے ساتھ اپنا مقام و مرتبہ اور عزت بھی کھو بیٹھتا ہے۔

حضرت ابوعبداللہ وہب بن منبہ فرماتے ہیں! حاسد کی تین نشانیاں ہیں۔

۱۔ حاسد لوگوں کی چاپلوسی کرتا ہے۔ ۲۔ پیٹھ پیچھے ان کی غیبت کرتا ہے۔

۳۔ جب۔ محسود (جس سے حسد کی جارہی ہو) کو نقصان یا مصیبت پہنچتی ہے تو حاسد کو دلی مسرت اور ناقابل یقین خوشی پہنچتی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔ سوہ الفلق۔ آیت۔ ۵۔

۴۔ سورہ البقرہ۔ آیت۔ ۱۰۹۔

۵۔ سورہ النساء۔ آیت۔ ۵۴۔

۶۔سنن نسائی۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی۔۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔

۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسی محمد بن عیسی ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔

۸۔المعجم الصغیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی۔۳۶۰ھ)۔مطبوعہ۔مکتبہ المعارف ریاض۔

۹۔تجلیات حکمت۔مولف۔آیت اللہ اصغر ناظم زادہ قمی۔ص۔۱۴۰۔طبع۔انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی۔

۱۰۔منہاج العابدین۔مولف۔حجۃ الاسلام امام ابوحامد محمد الغزالی (متوفی۔۵۰۵ھ)۔مترجم۔مولانا محمد زکریا اقبال۔ص۔۱۱۴۔دارالاشاعت اردو بازار کراچی۔

۱۱۔منہاج العابدین۔مولف۔حجۃ الاسلام امام ابوحامد محمد الغزالی (متوفی۔۵۰۵ھ)۔مترجم۔مولانا محمد زکریا اقبال۔ص۔۱۱۵۔دارالاشاعت اردو بازار کراچی۔

۳۔الحرام۔حرام

حرص (لالچ) کے ہوتے ہوئے حرام سے اجتناب ناممکن ہے۔(حضرت علیؑ)

حرم۔عربی زبان کا لفظ ہے۔ا۔
حریماوحرمانا۔سے مراد کسی شے سے شدت کے ساتھ روک لینا،اس شے کو اس تک پہنچنے نہ دینا یا کسی چیز کی شدید ممانیت ۲۔
الحرمۃ۔سے مراد ناجائز کام جس کی اجازت نہ ہو۔
الحرمات۔سے مراد جن چیزوں سے منع کیا گیا ہو۔
الحرام کا متضاد لفظ حلال ہے۔۳۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کی قائم کردہ حدود، قاعدے قوانین، احکامات اور حلال وحرام کا نفاذ ناصرف اللہ کی زمین پر قائم فرمایا بلکہ نہایت سختی اور شدت سے ناجائز اور حرام کاموں کو روکا۔
اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۚ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔۴۔

ترجمہ۔جو اس عظیم رسول، نبی امی کی پیروی کریں گے جس کو وہ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں، جو ان کو نیکی کا حکم دے گا اور برائی سے روکے گا جو ان کے لئے پاکیزہ چیزروں کو حلال کرے گا اور ناپاک چیزوں کو حرام کرے گا اور برائی سے روکے گا جو ان سے

بوجھ اتارے گا اور ان کے گلوں میں پڑے ہوئے طوق اتارے گا سو جو لوگ اس پر ایمان لائے اور اس کی تعظیم کی اور اس کی نصرت اور حمایت کی اور اس نور کی پیروی کی جو اس کے ساتھ نازل کیا گیا ہے وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

مفسرین کرام نے لکھا ہے! اللہ تعالی نے اس آیت میں رسول اللہ ﷺ کے نو اوصاف بیان فرمائے ہیں۔

۱۔ نبی۔ ۲۔ رسول۔ ۳۔ امی۔ ۴۔ آپ ﷺ کا تورات میں مکتوب ہونا۔

۵۔ آپ ﷺ کا انجیل میں مکتوب ہونا۔ ۶۔ امر بالمعروف کرنا اور نہی عن المنکر کرنا۔

۷۔ پاکیزہ چیزوں کو حلال اور ناپاک چیزوں کو حرام کرنا۔ ۸۔ ان سے بوجھ اتارنا۔

۹۔ ان کے گلے میں پڑے ہوئے طوق کو اتارنا۔

ارشادات خداوندی اور رسول اللہ ﷺ کے ارشادات:

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطَانًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۔

ترجمہ۔ اے محمد ﷺ! ان سے کہو! میرے رب نے جو چیزیں حرام کی ہیں وہ تو یہ ہیں۔ بے شرمی کے کام خواہ کھلے ہوں یا چھپے اور گناہ اور حق کے خلاف زیادتی اور یہ کہ اللہ کے ساتھ کسی اور کو شریک کرو جس کے لئے اس نے کوئی سند نازل نہیں کی ہے اور یہ کے اللہ کے نام پر کوئی ایسی بات کہو جس کے متعلق تمھیں علم نہ ہو کہ وہ حقیقت میں اسی نے فرمائی ہے۔ ۵۔

اس آیت کے مطالعے سے پانچ اصولوں کی وضاحت ہوگئی۔

۱۔ بے حیائی، فحاشی، بے شرمی۔

۲۔ گناہ کبیرہ وصغیرہ۔

۳۔ بغاوت۔

۴۔ شرک۔

۵۔ غلط بات کو اللہ کے ساتھ منسوب کرنا۔

یَسْـَٔلُوْنَکَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ قُلْ فِیْهِمَآ اِثْمٌ کَبِیْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَاِثْمُهُمَآ اَکْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا وَیَسْـَٔلُوْنَکَ مَاذَا یُنْفِقُوْنَ قُلِ الْعَفْوَ کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَکُمُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّکُمْ تَتَفَکَّرُوْنَ۔۶۔

ترجمہ۔آپ سے شراب اور جوئے کے متعلق پوچھتے ہیں، کہہ دو ان میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لیے کچھ فائدے بھی ہیں اور ان کا گناہ ان کے نفع سے بہت بڑا ہے، اور آپ سے پوچھتے ہیں کہ کیا خرچ کریں، کہہ دو جو زائد ہو، ایسے ہی اللہ تمہارے لیے آیتیں کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم غور کرو۔

قُلْ لَّا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ وَالطَّیِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَکَ کَثْرَةُ الْخَبِیْثِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ یٰٓاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ۔۷۔

ترجمہ۔کہہ دو کے پاک اور ناپاک برابر نہیں ہیں اگرچہ تمھیں ناپاک کی بہتات اچھی لگتی ہے۔ سوائے عقلمندوں کے اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ اِنَّ الَّذِیْنَ یَکْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَیُجْزَوْنَ بِمَا کَانُوْا یَقْتَرِفُوْنَ۔۸۔

ترجمہ۔حالت اضطرار میں حرام بھی وقتی طور پر حلال ہوجاتا ہے۔۔مگر تم پر وہ حرام جائز ہے جس کی طرف تم مجبور کئے جاتے ہو۔

وَلَا تَاْکُلُوْٓا اَمْوَالَکُمْ بَیْنَکُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَی الْحُکَّامِ لِتَاْکُلُوْا فَرِیْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔۹۔

ترجمہ۔اور ایک دوسرے کے مال آپس میں ناجائز طور پر نہ کھاؤ، اور انہیں حاکموں تک نہ پہنچاؤ تاکہ لوگوں کے مال کا کچھ حصہ گناہ سے کھا جاؤ، حالانکہ تم جانتے ہو۔

سَمّٰعُوْنَ لِلْکَذِبِ اَکّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ فَاِنْ جَآءُوْکَ فَاحْکُمْ بَیْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ

عَنۡهُمۡ وَاِنۡ تُعۡرِضۡ عَنۡهُمۡ فَلَنۡ يَّضُرُّوۡكَ شَيۡـًٔا وَاِنۡ حَكَمۡتَ فَاحۡكُمۡ بَيۡنَهُمۡ بِالۡقِسۡطِ‌ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الۡمُقۡسِطِيۡنَ ۔۱۰؎

ترجمہ۔جھوٹ بولنے کے لیے جاسوسی کرنے والے ہیں اور بہت حرام کھانے والے ہیں،سو اگر وہ تیرے پاس آئیں تو ان میں فیصلہ کردے یا ان سے منہ پھیر لے،اور اگر تو ان سے منہ پھیر لے گا تو وہ تیرا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے،اور اگر تو فیصلہ کرے تو ان میں انصاف سے فیصلہ کر، بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

سحت (رشوت) کے معانی:

سحت ۔(ہلاکت یا مال حرام کو کہتے ہیں)۔

سحت ۔عربی زبان کا لفظ ہے جس کے ایک معانی جڑ سے اکھاڑ دینا کیونکہ یہ عبادات کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتی اور ملیا میٹ کر دیتی ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا! سحت ، رشوت ہے۔

حضرت عمرؓ نے فرمایا! حاکم کو رشوت دینا سحت ہے۔

مسروق بیان کرتے ہیں کے حضرت ابن مسعودؓ کے پاس بیٹھے ایک شخص نے پوچھا کے سحت کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا کے فیصلہ کرنے میں رشوت لینا سحت کہلاتا ہے، یہ کفر ہے پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی!

وَمَنۡ لَّمۡ يَحۡكُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۤـئِكَ هُمُ الۡكٰفِرُوۡنَ ۔۱۱؎

ترجمہ۔جو اللہ کے نازل کئے ہوئے کے مطابق حکم نہ کریں وہ کافر ہیں۔

مسروق نے بیان کیا! میں نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے سحت سے متعلق پوچھا،تو انھوں نے فرمایا کے ایک شخص کسی سے اپنی حاجت طلب کرے اور وہ اس کی حاجت پوری کردے پھر وہ اس کو ہدیہ دے جس کو وہ قبول کرے۔

حضرت علیؓ کے اقوال:

حضرت علیؓ نے فرمایا! رگ کاٹنے والے کی اجرت، زانیہ کی اجرت، کتے کی قیمت، جلد فیصلہ کرنے کی اجرت، نجومی کی مٹھائی، نر کی جفتی کی اجرت، حکم میں رشوت، شراب کی قیمت اور مردار کی قیمت سحت ہے۔ ۱۲؎

۱۔ منصب قضاء کو حاصل کرنے کے لئے رشوت دینا، اس رشوت کا لینا اور دینا دونوں حرام ہیں۔

۲۔ کوئی شخص اپنے حق میں فیصلہ کرانے کے لئے قاضی کو رشوت دے یہ رشوت جانبین سے حرام ہے خواہ وہ فیصلہ حق اور انصاف پر مبنی ہو یا نہ ہو، کیونکہ فیصلہ کرنا قاضی کی ذمہ داری اور فرض ہے اسی طرح سے کسی افسر کو اپنے کام کو کروانے کے لئے رشوت دینا یہ بھی جانبین سے حرام ہے کیونکہ وہ کام اس افسر کی ڈیوٹی ہے۔

۳۔ اپنی جان اور مال کو ظلم اور ضرر سے بچانے کے لئے رشوت دینا یہ رشوت صرف لینے والے پر حرام ہے دینے والے پر حرام نہیں اسی طرح سے اپنے مال کو حاصل کرنے کے لئے بھی رشوت دینا جائز لیکن لینا حرام ہے۔ ۱۳؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے رشوت دینے اور لینے والے پر لعنت فرمائی ہے۔ ۱۴؎

وھب بن منبہ بیان کرتے ہیں! جس کام میں رشوت دینے والا گنہگار رہوتا ہے جب تم اس چیز کے لئے رشوت دو جس پر تمھارا حق نہیں ہے۔ ۱۵؎

قتل:

وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ ذٰلِكُمْ وَصّٰكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ

ترجمہ۔ رناحق کسی جان کو قتل نہ کرو جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے، (اللہ) تمہیں یہ حکم دیتا ہے تا کہ تم سمجھ جاؤ۔ ۱۶؎

وَلَا تَقْتُلُوٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۚ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْـًٔا كَبِيْرًا ۔۱۷؎

ترجمہ۔اپنی اولاد کو محتاجی کے خوف سے قتل نہ کرو، ہم ان کو بھی روزی دیتے ہیں اور تم کو بھی روزی دیتے ہیں بے شک ان کو قتل کرنا بڑا بھاری گناہ ہے۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ۚ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۭ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۡ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۔۱۸؎

ترجمہ۔مسلمانوں کا یہ کام نہیں کہ کسی مسلمان کو قتل کرے مگر غلطی سے، اور جو مسلمان کو غلطی سے قتل کرے تو ایک مسلمان کی گردن آزاد کرے اور مقتول کے وارثوں کو خون بہا دے مگر یہ کہ وہ خون بہا معاف کر دیں، پھر اگر وہ مسلمان مقتول کسی ایسی قوم میں تھا جس سے تمہاری دشمنی ہے تو ایک مومن غلام آزاد کرنا ہے، اور اگر وہ مقتول مسلمان کسی ایسی قوم میں سے تھا جس سے تمہارا معاہدہ ہے تو اس کے وارثوں کو خون بہا دیا جائے گا اور ایک مومن غلام کو آزاد کرنا ہوگا، پھر جو غلام نہ پائے وہ لگاتار دو مہینے کے روزے رکھے اللہ سے گناہ بخشوانے کے لیے، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

زنا:

وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ۔۱۹؎

ترجمہ۔زنا کے قریب بھی نہ جاؤ بے شک وہ بے حیائی اور بری راہ ہے۔

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۠ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَاۗىِٕفَةٌ

مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔۲۰؎

ترجمہ۔ بدکار عورت اور بدکار مرد پس دونوں میں سے ہر ایک کو سو سو دُرّے مارو، اور تمہیں اللہ کے معاملہ میں ان پر ذرا رحم نہ آنا چاہیے اگر تم اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو، اور ان کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک جماعت کو حاضر رہنا چاہیے۔

(زانی کنوارے مرد اور عورت کے لئے یہ سزا ہے)۔

چوری:

وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۔۲۱؎

ترجمہ۔ چور مرد اور چور عورت تم ان دونوں کے ہاتھ کاٹ دو یہ بدلہ اس کا ہے جو انھوں نے کیا ہے اور یہ سزا ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔

بہتان:

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمَانِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ ۔۲۲؎

ترجمہ۔ جو لوگ پاک دامن عورتوں کو تہمت لگائیں پھر اس پر چار گواہ نہ لاسکیں تو تم ان کے ۸۰ کوڑے لگاؤ اور کبھی بھی ان کی گواہی کو قبول نہ کرو اور یہی فاسقین ہیں۔

ناپ تول:

وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۔۲۳؎

ترجمہ۔ جب تم ناپو تو پورا ناپو اور سیدھی ترازو سے تولو یہ بہتر اور نجام کے لحاظ سے اچھا ہے۔

اَوۡفُوا الۡکَیۡلَ وَلَا تَکُوۡنُوۡا مِنَ الۡمُخۡسِرِیۡنَ - ۲۴ ؎

ترجمہ۔ پیمانہ کو پورا رکھو اور کم دینے والوں میں نہ ہو۔

وَلَا تَبۡخَسُوا النَّاسَ اَشۡیَآءَهُمۡ وَلَا تَعۡثَوۡا فِی الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِیۡنَ - ۲۵ ؎

ترجمہ۔ لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو اور زمین میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔

شراب نوشی:

اِنَّمَا یُرِیۡدُ الشَّیۡطٰنُ اَنۡ یُّوۡقِعَ بَیۡنَکُمُ الۡعَدَاوَۃَ وَالۡبَغۡضَآءَ فِی الۡخَمۡرِ وَالۡمَیۡسِرِ وَیَصُدَّکُمۡ عَنۡ ذِکۡرِ اللّٰہِ وَعَنِ الصَّلٰوۃِ ۚ فَہَلۡ اَنۡتُمۡ مُّنۡتَہُوۡنَ - ۲۶ ؎

ترجمہ۔ مسلمانو! اس کے سوا کچھ نہیں کے شراب اور جوا اور بت اور استخارے کے پانسے ناپاک شیطانی کام ہیں، توتم ان سے بچتے رہو تا کہ تم فلاح پاؤ شیطان تو بس یہی چاہتا ہے کے شراب اور جوئے میں تمھیں پھنسا کر رکھے اور تمھارے درمیان عداوت اور نفرت ڈالے اور تم کو اللہ کی یاد اور نماز سے روک دے۔

فواحشات:

قُلۡ تَعَالَوۡا اَتۡلُ مَا حَرَّمَ رَبُّکُمۡ عَلَیۡکُمۡ اَلَّا تُشۡرِکُوۡا بِہٖ شَیۡئًا وَّبِالۡوَالِدَیۡنِ اِحۡسَانًا ۚ وَلَا تَقۡتُلُوۡۤا اَوۡلَادَکُمۡ مِّنۡ اِمۡلَاقٍ ؕ نَحۡنُ نَرۡزُقُکُمۡ وَاِیَّاہُمۡ ۚ وَلَا تَقۡرَبُوا الۡفَوَاحِشَ مَا ظَہَرَ مِنۡہَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقۡتُلُوا النَّفۡسَ الَّتِیۡ حَرَّمَ اللّٰہُ اِلَّا بِالۡحَقِّ ؕ ذٰلِکُمۡ وَصّٰکُمۡ بِہٖ لَعَلَّکُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ - ۲۷ ؎

ترجمہ۔ کہہ دو آؤ میں تمہیں سنا دوں جو تمہارے رب نے تم پر حرام کیا ہے، یہ کہ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ، اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو، اور تنگدستی کے سبب اپنی اولاد کو قتل نہ کرو، ہم تمہیں اور انہیں رزق دیں گے، اور بے حیائی کے ظاہر اور پوشیدہ کاموں کے قریب نہ جاؤ، اور ناحق کسی جان کو قتل نہ کرو جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے، (اللہ) تمہیں یہ حکم دیتا ہے تا کہ تم سمجھ جاؤ۔

گناہ:

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ -۲۸؂

ترجمہ۔ کھلے اور چھپے ہر گناہ کو چھوڑ دو بے شک جو لوگ گناہ کماتے ہیں ان کو اس کی سزا دی جائے گی۔ جو وہ کماتے ہیں۔

اپنے شوہر پر الزام لگانا:

وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكَاذِبِيْنَ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَاۤ اِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ -۲۹؂

ترجمہ۔عورت سے عذاب ٹل جائے گا اگر وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر یہ شہادت دے کے بے شک اس کا شوہر جھوٹا ہے۔

جھوٹ:

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كَاذِبٌ كَفَّارٌ -۳۰؂

ترجمہ۔ بے شک اللہ کسی ایسے کو ہدایت نہیں کرتا جو جھوٹا ناشکرا ہے۔

لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ -۳۱؂

ترجمہ۔ جھوٹوں پر اللہ کی لعنت۔

حضرت علیؑ نے فرمایا!

جھوٹے شخص کے پاس مروت نہیں ہوتی اور اللہ اس کو نسیان میں مبتلا کر کے اس کو نقصان پہنچاتا ہے اس کے اندر سے شرم رخصت ہو جاتی ہے وہ جھوٹ بولنے میں اس قدر معروف ہو جاتا ہے کے اس کا سچ بھی قابل قبول نہیں رہتا ہے اور علم کی سب سے بڑی روکاوٹ جھوٹ ہے، دو چیزیں جھوٹ سے جدا نہیں ہو سکتی ہیں۔

ا۔ بہت زیادہ وعدے۔ ۲۔ حد درجہ عذر خواہی۔ ۳۲۔

آباء پرستی:

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَآ أَنزَلَ اللّٰهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا أَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَّلَا يَهْتَدُونَ۔ ۳۳۔

ترجمہ۔ جب ان سے کہا جاتا ہے کے اس کی پیروی کرو جو اللہ نے اتارا ہے تو وہ کہتے ہیں کے (نہیں) بلکہ ہم اس طریقہ کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔

تکبر:

وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا۔ ۳۴۔

ترجمہ۔ جو تکبر کرتے رہے (اللہ) انھیں دکھ دینے والا عذاب دے گا۔

حضرت علیؑ نے فرمایا! تکبر صرف پست اور گمنام لوگ ہی کرتے ہیں جو تکبر کرتا ہے وہ علم حاصل نہیں کرسکتا ہے۔

خود پسندی دولت کے اضافے کو روک دیتی ہے۔

بدترین تکبر انسان کا اپنے رشتے داروں اور اپنے ہی جیسے لوگوں سے تکبر کرنا ہے۔ ۳۵۔

بخل:

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۨ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ۔ ۳۶۔

ترجمہ۔ ہر عیب کرنے والے، غیبت کرنے والے کی خرابی ہے جس نے مال جمع کیا اور گن گن کر رکھا۔ سمجھتا ہے کہ اس کا مال ہمیشہ اس کے پاس رہے گا۔

حضرت علیؑ نے فرمایا!

کنجوسی تمام بدترین عیوب کی جامع ہوتی ہے۔

کنجوس کی طرف فقیری بری تیزی سے بڑھتی ہے کیونکہ یہ اسی سے بھاگ رہا ہوتا ہے۔

آپ نے اپنے بیٹے سے کہا کے اے بیٹے! کنجوس کی دوستی سے بچو کیونکہ یہ تمھاری شدید حاجت کے وقت الگ ہو کر بیٹھ جائے گا۔

بہت سی بیماریاں بخل کی علامت ہوتی ہیں۔

کبھی کسی بخیل سے مشورہ نہ کرو کیونکہ وہ تم سے فضیلت کو الگ کردے گا اور فقر کو تمھارے قریب کردے گا۔ ۳۷۔

فضول خرچی:

إِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْا إِخْوَانَ الشَّيَاطِيْنِ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا۔ ۳۸۔

ترجمہ۔ بے شک فضوول خرچ شیطان کے بھائی ہیں۔

حضرت علیؓ نے فرمایا! اسراف ہر چیز میں برا ہے سوائے نیکیوں میں۔

میانہ روی تھوڑے کو بڑھا دیتی ہے جبکہ اسراف زیادہ کو بھی ختم کردیتی ہے۔ ۳۹۔

جادوگرنیاں:

أَسِحْرٌ هٰذَا وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُوْنَ۔ ۴۰۔

ترجمہ۔ نہیں پاتے فلاح جادوگر۔

وَمِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ۔ ۴۱۔

ترجمہ۔ (اللہ اپنی پناہ میں رکھنا) گرہوں میں پھونک مارنے والی عورتوں سے۔

حضرت امام احمد بن حنبل، امام شافعی اور امام ابوحنیفہ کا یہ قول ہے کے حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمانؓ غنی، حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت حفصہؓ اور حضرت موسی اشعریؓ سے مروی ہے کے ساحر کو قتل کردیا جائے۔ ۴۲۔

حضرت جندبؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ساحر کی حد یہ ہے کے اس کو تلوار سے مار دیا جائے۔ ۴۳۔

مال کی محبت:

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ۔ ۴۴؎

ترجمہ۔ بہتاتیت کی حرص نے تمھیں غافل کیا یہاں تک کہ تم قبرستان جا پہنچے۔

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! جو دوزخ سے ڈرتا ہے وہ حرام چیزوں سے پرہیز کرتا ہے

حرص کے ہوتے ہوئے حرام سے اجتناب ناممکن ہے۔

عقلمند، زاہد اور عالم وہ ہے جو کہ حرام اشیاء سے بچے۔

جو بزرگی کا خواہاں ہے اس کے لئے لازم ہے کہ وہ حرام اشیاء سے پرہیز کرے۔

اللہ اس بندے پر رحم کرے جو کہ حرام اشیاء سے بچے اور دنیا کے نقصانات کو برداشت کرے اور سب سے بڑا فائدہ آخرت کے لئے تگ ودو کرنا ہے۔

نفسیاتی پہلو

رومی حلال اور حرام سے متعلق گفتگو میں یہ کہتے ہیں کے حلال اور حرام کا براہ راست تعلق اور اثر انسانی ارواح پر قائم ہوتا ہے۔ حلال روزی اور غذائیں انسانی ارواح کو مصفیٰ رکھتے ہوئے اس میں ذہانت، ایمانداری، عبادت کا ذوق وشوق، علم وحکمت، رقت قلبی اور عشق حقیقی کے جذبات کو بیدار اور پیدا کرتی ہیں جبکہ رزق حرام سے انسانی ارواح پر نہایت برے اثرات مرتب ہوتے ہیں اس سے انسان میں شقاوت، مکاری، دنیاداری، چالاکی، عیاری اور تکبر پیدا ہوتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۲۔لغات القرآن۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔

۳۔لغات القرآن ۔غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادارہ طلوع اسلام لاہور۔
۴۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۵۷۔
۵۔سورہ اعراف۔آیت۔۳۳۔
۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۱۹۔
۷۔سورہ المائدہ۔آیت۔۱۰۰۔
۸۔سورہ الانعام۔آیت۔۱۲۰۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۷۳۔سورہ المائدہ۔آیت۔۳۔
سورہ الانعام۔آیت۔۱۴۵۔سورہ النمل۔آیت۔۱۱۵۔
۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۸۔
۱۰۔سورہ المائدہ۔آیت۔۴۲۔
۱۱۔سورہ المائدہ۔۴۴۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ) مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت
۱۲۔جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ) مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔
۱۳۔فتاویٰ قاضی خان علی ھامش الھندیہ۔ج۔۲۔ص۔۳۶۳۔فتح القدیر۔شیخ محمد بن علی شوکانی (متوفی ۱۲۵۰ھ) مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔
۱۴۔سنن کبریٰ۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۱۵۔سنن کبریٰ۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۱۶۔سورہ انعام۔آیت۔۱۵۱۔
۱۷۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۳۱۔
۱۸۔سورہ النسا۔آیت۔۹۲۔
۱۹۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۳۲۔
۲۰۔سورہ النور۔آیت۔۲۔
۲۱۔سورہ المائدہ۔آیت۔۳۸۔
۲۲۔سورہ النور۔آیت۔۴۔
۲۳۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۳۵۔
۲۴۔سورہ الشعرا۔آیت۔۱۸۱۔

۲۵۔سورہ الشعرا۔آیت۔ ۱۸۳۔
۲۶۔سورہ المائدہ۔آیت۔۹۱۔
۲۷۔سورہ انعام۔آیت۔۱۵۱۔
۲۸۔سورہ انعام۔آیت۔۱۲۰۔
۲۹۔سورہ النور۔آیت۔۸۔۹۔
۳۰۔سورہ الزمر۔آیت۔ ۳۔
۳۱۔سورہ آل عمران۔آیت۔۶۱۔
۳۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۳۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۷۰۔
۳۴۔سورہ النسا۔آیت۔ ۱۷۲۔
۳۵۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۳۶۔سورہ الھمزہ۔آیت۔۱۔۳۔
۳۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۳۸۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۲۷۔
۳۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۴۰۔سورہ یونس۔آیت۔۷۷۔
۴۱۔سورہ الفلق۔آیت۔ ۴۔
۴۲۔سنن کبریٰ۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۴۳۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۴۴۔سورہ التکاثر۔آیت۔۱۔

۴۔الحرص۔حرص وہوس۔حب دنیا

دنیا کی مثال ایک سانپ کی طرح ہے کے جس کا لمس نرم ہے لیکن اس کا زہر جان لیوا ہے
(حضرت علیؑ)

حرص۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ح۔ر۔ص) سے مشتق ہے۔ا؎
الحرص۔کے معنی کسی چیز میں چھید کر دینا، کسی چیز کو پھاڑ دینا یا چھیل دینا۔
ثوب الحریص۔سے مراد دھوبی نے کپڑے کو پٹخ کر اس طرح سے دھویا کے اس کپڑے میں سوراخ ہو گئے۔
الحارصہ۔سے مراد وہ بادل جو زمین پر اس قدر برسا کے زمین میں بارش کے سبب سوراخ ہو گیا۔
حرص۔سے مراد دل کی ایسی شدید خواہش یا آرزو (اچھی یا بری دونوں) جو دل کے آر پار ہو جائے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ ۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ۔۳؎

ترجمہ۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضرور دیکھیں گے کے وہ اورلوگوں سے اور مشرکین سے بھی زیادہ زندگی کے دلدادہ ہیں ان میں سے ہر ایک شخص یہ خواہش رکھتا ہے کے کاش اس کی عمر ہزار سال ہو، اسے عمر کا ملنا عذاب سے بچانے والا نہیں، اور اللہ دیکھتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ۔ ۴؎

ترجمہ۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہیے تم زمین میں گھومو پھرو، پھر دیکھو کے جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت موسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص اپنی دنیا سے محبت کرے گا وہ اپنی آخرت کو نقصان پہنچائے گا اور جو شخص اپنی آخرت سے محبت کرے گا وہ اپنی دنیا کو نقصان پہنچائے گا سو تم باقی رہنے والی چیز کو فانی ہونے والی چیز پر ترجیح دو۔ ۵؎

حسن بصری فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دنیا کی محبت ہر گناہ کی اصل ہے۔ ۶؎

حضرت عمرو بن عوفؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بخدا مجھے تم پر فقر کا خوف نہیں ہے لیکن مجھے تم پر خوف ہے کے تم پر دنیا اس طرح سے کشادہ کردی جائے گی جس طرح سے تم سے پہلے لوگوں پر کشادہ کردی گئی تھی سو تم دنیا میں اس طرح رغبت کرو گے جس طرح انھوں نے رغبت کی اور تم اسی طرح ہلاک ہوجاؤ گے جس طرح وہ ہلاک ہو گئے تھے۔ ۷؎

حضرت سلیمان فارسیؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دنیا مومن کا قید خانہ ہے اور کافر کی جنت ہے۔ ۸؎

محمد بن منکدر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دنیا ملعونہ ہے اور جو کچھ دنیا میں ہے وہ بھی ملعون ہے ماسوا اس کے جو اللہ کے لئے ہو۔ ۹؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے جس کے نشانات آپ کی جلد پر نقش ہو گئے تھے، میں نے عرض کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ پر میرے ماں باپ فدا، اگر آپ ہم کو اجازت دیں تو ہم چٹائی کے اوپر کوئی چیز بچھا دیں جس سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جلد محفوظ رہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مجھے دنیا سے کیا مطلب ہے؟ میری اور دنیا کی مثال یہ ہے جیسے کوئی سوار کسی درخت کے سائے میں بیٹھے پھر سایہ کو ترک کر کے سفر شروع کر دے۔ ۱۰؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ سے اس طرح سے حیا کرو جس طرح حیا کرنے کا حق ہے ہم نے کہا یا رسول اللہ ﷺ! الحمد اللہ ہم حیا کرتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا! یہ بات نہیں ہے لیکن اللہ سے حیاء کرنے کا حق یہ ہے کے تم سر اور اس کے نچلے حصہ کی حفاظت کرو اور پیٹ اور اس کے نچلے حصہ کی حفاظت کرو اور موت اور جسم کے بوسیدہ ہونے کو یاد رکھو اور جو شخص آخرت کا ارادہ کرتا ہے وہ دنیا کی زینت کو ترک کر دیتا ہے اور جس نے ایسا کیا اس نے اللہ سے اس طرح سے حیاء کی جو حیاء کرنے کا حق ہے۔ ۱۱؎

حضرت زید بن ثابتؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس شخص کا مقصود دنیا ہو اللہ اس کے حالات کو دگرگوں کر دیتا ہے اور اس کی آنکھوں کے سامنے فقر کر دیتا ہے اور دنیا سے اس کو وہی چیز ملتی ہے جو اس کے لئے مقدر ہوتی ہے اور جس شخص کی نیت آخرت ہوتی ہے اللہ تعالی اس کے حالات کو مجتمع کر دیتا ہے اور اس کا دل مستغنی کر دیتا ہے اور دنیا اس کے پاس ذلیل ہو کر آتی ہے۔ ۱۲؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ! جس شخص نے تمام تفکرات کو صرف آخرت کا حصہ بنا دیا اللہ اس کو دنیا کے افکار سے کافی ہوگا اور جس شخص کے تمام افکار دنیا کے حالات کے متعلق ہوں اللہ کو اس کی کوئی پرواہ نہیں کے وہ کس وادی میں ہلاک ہوتا ہے۔ ۱۳؎

حضرت سہل بن سعدؓ فرماتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اگر اللہ کے نزدیک دنیا کی وقعت مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی تو اللہ کافر کو اس میں سے ایک گھونٹ بھی نہ پلاتا۔ ۱۴؎

حضرت سہل بن سعد الساعدیؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کے مجھے کوئی ایسا عمل بتا دیجئے کے جس کے کرنے سے اللہ بھی مجھ سے محبت کرے اور لوگ بھی مجھ سے محبت کریں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم دنیا سے بے رغبتی کرو اللہ تم سے محبت

کرے گا اور لوگوں کے پاس موجود چیزوں سے بے رغبتی کرو تو لوگ تم سے محبت کریں گے ۔۱۵؎ حضرت علیؓ نے فرمایا! دنیا جانے والی ہے اور آخرت آنے والی ہے اور ان میں سے ہر ایک کے فرزند ہیں سو تم آخرت ے فرزند بنو دنیا کے فرزند نہ بنو۔ آج عمل ہے حساب نہیں اور کل حساب ہو گا عمل نہیں ۔۱۶؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! دین اور دنیا کا استحکام چار لوگوں میں منحصر ہے۔

۱۔ اپنے علم پر عمل پیرا ہونے والا عالم۔

۲۔ تعلیم سے گریز نہ کرنے والا جاہل۔

۳۔ اپنے عطیات میں بخل نہ کرنے والا سخی۔

۴۔ دنیا کے بدلے آخرت نہ بیچنے والا تہی دست۔

اللہ کے نزدیک دنیا کی بے اہمیتی کے لئے یہی کافی ہے کے اللہ کی نافرمانی یہیں کی جاتی ہے .

دنیا کی مثال ایک سانپ کی طرح ہے کہ جس کا لمس نرم ہے پر اس کا زہر شدید تر۔

فریب خوردہ جاہل دنیا کی محبت میں گرفتار ہوتا ہے جبکہ عقلمند اس سے بچتا رہتا ہے۔

دنیا ایک ایسا زہر ہے جسے صرف انجان ہی کھاتا ہے۔

دنیا احمق کے لئے مال غنیمت ہے۔

اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو اپنے دل سے حب دنیا کو نکال پھینکو اگر تم نے دنیا سے منہ موڑ لیا تو وہ تمھارے پاس آجائے گی۔

دنیا کا ایک تھوڑا حصہ بھی آخرت کے ایک بڑے حصے کو تباہ کر دیتا ہے۔

جس طرح سے رات اور دن اکھٹے نہیں ہو سکتے بالکل اسی طرح سے اللہ کی محبت اور دنیا کی محبت دل میں اکھٹی نہیں ہو سکتی۔

دنیا کی مثال تمھارے سائے کی طرح ہے، جب تم رک جاتے ہو تو وہ بھی رک جاتا ہے اور اگر

تم اس کو پکڑنا چاہو تو وہ دور ہو جاتا ہے۔
مال بن دینار بیان کرتے ہیں کہ! لوگوں نے حضرت علیؑ بن ابی طالب سے کہا کے اے ابوالحسن! ہمارے لئے دنیا کی حقیقت بیان کیجئے۔آپ نے فرمایا! دنیا کی جو چیزیں حلال ہوں گی ان کا حساب لیا جائے گا اور جو چیزیں حرام ہوں گی ان پر دوزخ کا عذاب ہوگا۔۱۷؎
حرص وحسد وتکبر ایسے اسباب ہیں جو گناہوں میں ڈوب جانے کے باعث ہوتے ہیں۔
کنجوسی، بزدلی اور حرص مختلف طبیعتیں ہیں جنھیں اللہ سے بدگمانی یکجا کر دیتی ہے۔
حرص وحقارت وزنا فقر ہے۔لالچ فقر کی علامت ہے۔
حریص کے پاس شرم وحیاء نہیں ہوتی۔
حرص انسان کی تقدیر میں سے کچھ نہ کچھ گھٹا ہی دیتی ہے۔
حرص سے تم قناعت کے ذریعے انتقام لو جس طرح سے تم اپنے دشمن سے قصاص کے ذریعے انتقام لیتے ہو۔
تین چیزیں تباہ کر دینے والی ہیں۔
۱۔تکبر جس نے ابلیس کو اس کے رتبے سے گرا دیا۔
۲۔حرص جس نے آدم کو جنت سے نکال دی۔
۳۔حسد جس نے آدم کے بیٹے کو اپنے بھائی کے قتل پر آمادہ کیا۔
آپؑ نے فرمایا کے سب سے بڑی ذلت دنیا کی لالچ ہے۔
حرص سے رزق میں تو اضافہ نہیں ہوتا ہے البتہ قدر ومنزلت میں کمی ضرور واقع ہوتی ہے۔
حریص فقیر ہوتا ہے بھلے ہی وہ پوری دنیا کا مالک ہی کیوں نہ ہو جائے۔
حد درجہ لالچ تمام عیوب کو لئے ہوئے ہے۔
حریص لالچ کا غلام ہوتا ہے۔حرص غصے کو بھڑکاتا ہے۔

جس کا حرص بڑھ جاتا ہے اس کی قدرو قیمت گھٹ جاتی ہے۔
بے جا تمنائیں دل کی آنکھوں کو اندھا کر دیتی ہیں۔۱۸؎

نفسیاتی پہلو

رومی کہتے ہیں !زندگی گزارنے کے لئے انسان کو مال کی ضرورت ہوتی ہے جیسے پانی کشتی کو چلنے میں مدد دیتی ہے لیکن اگر وہ پانی کشتی میں داخل ہوجائے تو کشتی ڈوب جاتی ہے بالکل اسی طرح سے حب دنیا اور حرص وہوس اگر انسان کے دل میں بڑھ جائے تو پھر وہ ہر طرح کی پستی بزدلی اور نفس انسانی کی بے شمار رابیوں کا سبب بنتی ہے، دوسری جانب یہی مال اہل دل کے لئے ذریعہ خیر ہے وہ اللہ کے دی ہوئی اس نعمت عظیم سے اللہ کے بندوں کی خدمت کرتے ہیں اور بھلائی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔

حب دنیا اور حرص وہوس کا واحد علاج ،صفات عالیہ کا عشق ہے جس کا کمال ذات الہیہ میں پایا جاتا ہے تاہم یہی وہ عشق کی قسم ہے جس میں تمام جسمانی اور روحانی بیماریوں کا علاج موجود ہے۔۱۹؎

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ البقرہ۔آیت ۔۹۶۔
۴۔سورہ انعام ۔آیت ۔۱۱۔
۵۔مسند احمد۔ امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔ ۱۳۹۸ھ۔
۶۔کتاب الزہد۔ امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۷۔صحیح بخاری۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۸۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۹۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۰۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔
۱۱۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔
۱۲۔ابن ماجہ ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر ۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔
۱۳۔ابن ماجہ ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر ۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔
۱۴۔ابن ماجہ ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر ۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔
۱۵۔ابن ماجہ ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر ۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔
۱۶۔صحیح بخاری ۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت ۔
۱۷۔ذم الدینا ۔ ۱۷۔مطبوعہ موسستہ الکتب الثقافیہ ۔ بیروت ۔ ۱۴۱۳ھ۔
۱۸۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران ۔ ۱۴۲۴ھ۔
۱۹۔تشبیہات رومی ۔جلال االدین رومی ۔مرتب ۔ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم ۔ص ۔۱۶ ۔ ۱۷ ۔ادارہ ثقافت اسلامیہ پاکستان لاہور ۔۱۹۵۹ء

۵۔حزن وملال۔غم

حزن وملال اورغم واندوہ کو دور کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے
کے اللہ کی قضاء وقدر پر راضی رہو۔(حضرت علیؑ)

حزن۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ح۔ز۔ن) سے مشتق ہے۔ا؎

حزن۔ایک نہایت جامع لفظ ہے۔

حزن۔سے مراد غم وفکر اور پریشانی۔

حزن۔سخت پتھریلی زمین کو بھی کہتے ہیں۔

حزن۔کا متضاد غلبہ،عظمت، بلندی،عروج اور اقبال۔

حزن۔سے مراد وہ غم جو حادثہ گزر جانے کے بعد ہو۔

حزنۃ الرجل۔سے مراد انسان کا اپنے اہل وعیال کے لئے رزق کی طلب وجستجو کرنا۔۲؎

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ۔۳؎

ترجمہ۔وہ کہیں گے کے اللہ کا شکر ہے جس نے ہم سے غم کو دور کر دیا بے شک ہمارا رب بہت بخشنے والا بہت قدر دان ہے۔

ارشادات خداوندی:

وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ۔۴؎

ترجمہ۔نا کمزوری دکھاؤ اور نہ غم کھاؤ اگر تم کامل مومن ہو تو تم ہی غالب رہو گے۔

فَمَنْ تَبِعَ هُدَایَ فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ۔۵؎

ترجمہ۔جس نے میری ہدایت کی پیروی کی تو انہیں کوئی ڈر ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى -٦ ؎

ترجمہ۔ بے شک آپ جنت میں نہ بھوکے رہیں گے اور نہ برہنہ۔

لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ -٧ ؎

ترجمہ۔آپ اس متاع (دنیاوی) کی طرف رشک سے نہ دیکھیں جو ہم نے کافروں کے کئی گروہوں کو دیا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت انس بن مالکؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب اللہ تعالی کسی بندے سے محبت کرتے ہیں تو اسے آزمائش میں مبتلا کردیتے ہیں تاکہ وہ اس کی گریہ وزاری سنے۔٨ ؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! غم آدھا بڑھاپا ہے اور جو عمل میں کوتاہی کرتا ہے وہ غم و اندوہ میں مبتلا ہوجاتا ہے۔

اللہ سے بکثرت مدد چاہو کیونکہ یہ غموں کو دور کرتی ہے اور مصیبتوں کو دور کرنے والی ہے۔

غم واندوہ کو دور کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اللہ کی قضاء وقدر پر راضی رہو۔

جو اللہ کے رزق سے راضی رہے گا وہ ہاتھ سے جانے والی چیزوں پر غمزدہ نہیں ہوگا۔

جو دنیاوی چیزوں کے لئے غمزدہ ہوتا ہے وہ اللہ کی قضاء وقدر پر غضبناک ہوتا ہے۔

جو اللہ کی تقسیم رزق پر خوش ہوگا، وہ دوسروں کے پاس موجود چیزوں کو دیکھ کر غمزدہ نہیں ہوگا۔٩ ؎

نفسیاتی پہلو

ماہرین کے مطابق! دنیا کے بے شمار لوگ بلا وجہ کسی پریشانی، فکر وتشویش میں مبتلا رہتے ہیں۔ اگر ان کی پریشانیوں کا تجزیہ کیا جائے تو ان میں سے صرف آٹھ فیصد پریشانیاں حقیقی جبکہ بقیہ

۹۲ فیصد پریشانیوں کا تعلق پچھتاؤں، خدشات یا معمولی اور غیر اہم باتوں سے ہوتا ہے اس کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے کے ایک بین الاقوامی یونیورسٹی نے لوگوں کی پریشانی سے متعلق دلچسپ اعداد شمار شائع کئے ہیں جیسے کے وہ پریشانیاں کے جن کا صرف خدشہ ہوتا ہے لیکن وہ کبھی بھی پیش نہیں آتیں وہ عموماً ۴۰ فیصد ہیں۔

وہ پریشانیاں جو ماضی سے متعلق ہوں اور اس کا صرف پچھتاوا ہو وہ عموماً ۳۰ فیصد ہوتی ہیں۔

معمولی اور غیر اہم پریشانیاں عام طور پر ۲۲ فیصد ہوتی ہیں۔

صرف ۸ فیصد پریشانیاں ہی ایسی ہیں جن سے انسان کا واسطہ ساری عمر پڑتا ہے۔

دنیا کا شاید ہی کوئی شخص ایسا ہو جو کبھی Anxiety یعنی (فکر و تشویش) کا شکار نہ ہوا ہو۔

انسان کا واسطہ چھوٹے بڑے تفکرات سے تا عمر جڑا رہتا ہے جس میں اولاد کی فکر، دولت کی فکر یا غم، صحت سے متعلق تفکرات شامل ہیں جن سے عام طور پر انسان ساری زندگی نبرد آزما رہتا ہے اور وہ کسی نہ کسی حد تک اس پر قابو بھی پالیتا ہے لیکن اگر یہی تفکرات اس کا مسلسل پیچھا کرتے رہیں اور اس کے لئے عذاب جان بن جائیں تو میڈیکل کی اصطلاح میں اس کو General Anxiety Disorder-GAD کہتے ہیں اس کی تشخیص تھوڑی مشکل ہے لیکن یہ مرض قابل علاج ہے۔ ماہرین کے مطابق! اس مرض سے متاثرہ فرد اپنے مستقبل کی شدید فکر میں مبتلا رہتا ہے اور بعض اوقات یہ تشویش اس قدر بڑھ جاتی ہے کے مریض اپنے آپ کو مجبور، بے بس اور لاچار سمجھنے لگتا ہے اس ذہنی کیفیت کے ساتھ ساتھ کچھ جسمانی علامات کا ظہور بھی ہوتا ہے۔

رومی کہتے ہیں! انسان دنیا میں کبھی خوشی اور کبھی غم کی کیفیات میں مبتلا ہوتا ہے بعض اوقات انسان ان چیزوں سے خوشی حاصل کرتا ہے جس کی کوئی حقیقت نہیں اسی طرح سے اکثر انسان ان چیزوں کی وجہ سے غم زدہ رہتا ہے جس کی کوئی اصل نہیں۔

خوشی اور غم نفس انسانی کے تصورات اور تخیلات ہیں جن کے اثرات انسان قبول کرتا ہے تاہم

نفس انسانی کی پیدا کردہ تصورات اور تخیلات درحقیقت جان تصاویر ہیں جیسے اگر کہیں مچھلی کی تصویر بنی ہو تو اس تصویر کے لئے خشکی یا پانی بے معنی ہیں۔۱۰؎

واصف علی واصف لکھتے ہیں! غم ہی وہ طلسم ہے جس سے عطار، رومی، رازی، غزالی اور اقبال پیدا ہوتے ہیں۔غم اگر ذاتی ہے تو بھی اس کی تاثیر کائناتی ہے لیکن غم کمزور انسان کو کھا جاتا ہے لیکن یہی غم طاقتور انسان کو فرش سے عرش پر پہنچا دیتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ فاطر۔آیت۔۳۴۔

۴۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۳۹۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔۳۸۔

۶۔سورہ طحہ۔آیت۔۱۱۸۔

۷۔سورہ الحجر۔آیت۔۸۸۔

۸۔الفردوس بماثور الخطاب۔امام ابوشجاع شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ الدیلمی۔(متوفی۔۴۶۳ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔۱۴۰۶ھ۔

۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۱۰۔تشبیہات رومی۔مرتب۔ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم۔ص۔۱۲۳۔ادارہ ثقافت اسلامیہ پاکستان لاہور۔۱۹۵۹ء۔

۶۔الخوف۔خوف وڈر

جو لوگوں سے ڈرتا ہے اللہ اسے ہر چیز سے ڈراتا ہے۔(حضرت علیؑ)

خوف۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(خ۔و۔ف) سے **مشتق** ہے۔ا؎
خوف۔سے مراد کسی خطرے یا نقصان کا اندیشہ
خوف۔کا تعلق مستقبل سے ہوتا ہے جبکہ حزن کا تعلق ماضی کے کسی تکلیف دہ واقعہ سے ہوتا ہے۔۲؎
الخافۃ۔سے مراد چمڑے کا لباس جس کو پہن کر شہد کے چھتے سے شہد نکالا جاتا ہے تاکہ شہد بھی مل جائے اور مکھیوں کے زہریلے ڈنک سے بھی محفوظ رہا جاسکے۔۳؎
الخیفۃ۔سے مراد حالت خوف۔۴؎

ارشادات خداوندی:

يَخَافُونَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ۔۵؎
ترجمہ۔وہ اپنے اوپر اپنے رب کے عذاب سے ڈرتے ہیں اور وہ وہی کام کرتے ہیں جس کا انہیں حکم دیا جاتا ہے۔

أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖ فَإِذَا جَاءَ الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ كَالَّذِي يُغْشَىٰ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوكُمْ بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۚ أُولَٰئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا۔
ترجمہ۔تم سے ہمدردی کرتے ہوئے، پھر جب ڈر کا وقت آجائے تو تو انہیں دیکھے گا کہ تیری طرف دیکھتے ہیں ان کی آنکھیں پھرتی ہیں جیسے کسی پر موت کی بے ہوشی آئے، پھر جب ڈر جاتا رہے تو تمہیں تیز زبانوں سے طعنہ دیتے ہیں مال کے لالچی ہیں، یہ لوگ ایمان نہیں لائے

تو اللہ نے ان کے تمام اعمال ضائع کر دیے، اور یہ بات اللہ پر بالکل آسان ہے۔۶؎

اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۔۷؎

ترجمہ۔ یا انہیں ڈرانے کے بعد پکڑے، پس تحقیق تمہارا رب نہایت ہی شفیق رحم کرنے والا ہے۔

اَلَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۔۸؎

ترجمہ۔ جس نے انہیں بھوک میں کھانا کھلایا اور ان کو خوف سے امن میں رکھا۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ۚ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ۔۹؎

ترجمہ۔ کیا ان لوگوں نے یہ نہیں دیکھا کے ہم نے حرم کو پر امن بنا دیا ہے حالانکہ ان کے اردگرد سے لوگ اچک لئے جاتے ہیں یعنی (قتل و غارت کا شکار ہو جاتے ہیں)۔

اللہ تعالیٰ نے اصحاب الفیل کو ہلاک کر کے اہل مکہ، ان کے شہر کو اور ان کے سفر کو محفوظ و مامون فرمایا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا پڑھتے! اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے دل سے جو ڈرتا نا ہو (جس دل میں خوف خدا نا ہو)، ایسی دعا سے جو سنی نا جائے اور اس نفس سے جو سیر نا ہو اور ایسے علم سے جو فائدہ نا پہنچائے، اے اللہ میں ان چار چیزوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں ۱۰؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! ہر وہ چیز جس سے تم ڈرتے ہو واقع نہیں ہوگی۔

جو لوگوں سے ڈرتا ہے اللہ اسے ہر چیز سے ڈراتا ہے۔

بدترین انسان وہ ہے جس کے شر کی وجہ سے لوگ اس سے کنارہ کش ہو جائیں۔۱۱؎

جس نے تمھیں عذاب الہی سے ڈرایا گویا اس نے تمھیں بشارت دی۔

جب قضاء آجاتی ہے تو بچاؤ کی صورت ختم ہوجاتی ہے

برے کاموں سے زیادہ ڈرنے سے بہتر کوئی اور نصیحت نہیں۔

مسخرہ پن، لہولعب، زیادہ ہنسنا اور فالتو چیزوں سے پرہیز کرو۔

جو لوگوں سے ڈرتا ہے اللہ اسے ہر چیز سے ڈراتا ہے۔

کثرت کلام اکتاہٹ کا سبب ہے۔

جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اسے ہر قسم کے خوف سے بچا لیتے ہیں۔

اکتاہٹ سے بچو کیونکہ یہ یہ کم عقلی اور بے وفائی کی علامت ہے۔۱۲؎

نفسیاتی پہلو

دنیا کے ہر انسان کے اندر کوئی نا کوئی ڈر یا خوف چھپا ہوتا ہے کچھ خوف ایسے ہوتے ہیں جنھیں حقیقی خوف یا Fear کہا جاتا ہے اس قسم کے خوف کی کوئی نا کوئی معقول وجہ ہوتی ہے جیسے سانپ، موذی جانور، شیر، آگ یا پانی کا خوف وغیرہ انسانی زندگی میں کچھ بے جا خوف ایسے بھی ہوتے ہیں جن کی سرے سے کوئی اہمیت یا وجہ نہیں ہوتی لیکن انسان ساری زندگی ان سے ڈرتا رہتا ہے اس قسم کے بے جا خوف کو انگریزی زبان میں Phobia کہتے ہیں۔

بے جا خوف غیر حقیقی ہوتے ہیں لیکن اس کے باوجود انسان اپنی زندگی کے قیمتی لمحات ان کی نذر کر دیتا ہے بے جا خوف کے حوالے سے پروفیسر مورس کہتے ہیں کے بے جا خوف عجیب وغریب اور منجمد کرنے والا خوف ہوتا ہے۔

ماہرین کے مطابق! خوف اور بے جا خوف میں واضح فرق ہوتا ہے لیکن خوف کی کوئی بھی قسم ہو اس کی بنیاد بچپن میں انسان کے لاشعور میں جڑ پکڑ چکی ہوتی ہے۔

ماہر نفسیات وڈزورتھ کے مطابق! خوف ایک جبلت ہے جو فرد کو خطرے کا احساس دلاتی ہے پھر فرد میں اس خوفناک صورت حال سے گریز کی خواہش جنم لیتی ہے جب یہ صورت حال ختم ہوجاتی ہے تو فرد کا خوف خود بخود ختم ہوجاتا ہے لیکن یہ تعریف حقیقی خوف یا Fear کی ہے بے

جا خوف یا Phobia میں فرد اس وقت تک خوفزدہ رہتا ہے جب تک کہ اس کی وجہ کو دور نہ کر دیا جائے اگر چہ بے جا خوف کو مکمل طور پر نقصان دہ نہیں کہا جا سکتا ہے کیونکہ اس کی وجہ سے بعض اوقات فرد اپنا دفاع اور خطرات سے نبٹنے کے قابل ہو جاتا ہے لیکن حد سے بڑھا ہوا خوف بعض اوقات انسان کو ایب نارمل کر دیتا ہے۔ ماہرین نفسیات تحلیل نفسی جیسے انگریزی میں Phychoanalysis بھی کہتے ہیں کے ذریعے سے مریض کے لاشعور سے خوف یا Phobia کو شعور میں لاکر ختم کر دیتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق خوف کی بھی دو اقسام ہیں۔

۱۔ سادہ خوف یا Simple Phobia۔

۲۔ پیچیدہ خوف یا Complex Phobia۔

سادہ خوف کی بہ نسبت پیچیدہ خوف زیادہ تکلیف دہ اور انسانی زندگی میں زیادہ مداخلت کا سبب ہوتے ہیں اس قسم کے پیچیدہ خوف کے لئے مریض کو کسی ماہر نفسیات کی مدد کی ضرورت پڑتی ہے لیکن سیگمنڈ فرائیڈ خوف کی تین اقسام بیان کرتا ہے۔

۱۔ ان تمام چیزوں سے خوف جو چند حالتوں میں نقصان دہ ہو سکتی ہیں جیسے ہوائی جہاز، ریل، بس یا گاڑی کا سفر وغیرہ جس میں حادثات کے امکانات پائے جاتے ہیں ۔

۲۔ ایسی چیزوں کا خوف جو نقصان دہ ہوں جیسے بم، گولی، اسلحہ، زہر، خطرناک گیسیز، ریز یا پھر خونخوا جانور شیر، مگر مچھ، سانپ اور بچھو وغیرہ۔

۳۔ ان چیزوں کا خوف جو کبھی بھی خطرناک نہیں جیسے کے ہجوم، اونچائی، پہاڑ، تنہائی وغیرہ۔

*Phobia کی اقسام:

دنیا کی کئی نامور شخصیات بھی Phobia یعنی بے جا خوف میں مبتلا رہی ہیں جن میں شامل نیوٹن جو کے پانی سے خوفزدہ رہتا تھا، اسی طرح سے جنگ عظیم میں بہادری کے کمالات دکھانے والا سپہ سالار لارڈ ابرٹس جو اپنے دشمنوں کے لئے خوف کی علامت تھا لیکن وہ خود بلیوں سے خوفزدہ رہتا تھا۔ بابائے نفسیات یعنی

(The Father of Psychology) سگمنڈ فرائیڈ جہاں ڈپریشن، اینگزائٹی، درد شقیقہ، بدہضمی کا شکار تھا وہیں وہ ریل کے سفر سے بھی شدید خوف محسوس کرتا تھا۔

ذیل میں بے جا خوف یعنی Phpbia کی کچھ اقسام بیان کی جا رہی ہیں لیکن ان میں سے بے شمار فوبیاز کے نام لاطینی اور یونانی زبانوں میں ہیں۔

۱۔ پانی کا خوف (Hydro Phobia)۔

۲۔ جانوروں کا خوف (Zoo Phobia)۔

۳۔ آگ سے خوف (Fire Phobia)۔

۴۔ روشنی سے خوف (Hollo Phobia)۔

۵۔ ہجوم سے خوف (Agro Phobia)۔

۶۔ بند جگہوں کا خوف (Clustro Phobia)۔

۷۔ کھلی جگہوں کا خوف (Agora Phobia)۔

۸۔ تنہائی کا خوف (Claustro Phobia)۔

۹۔ تمام چیزوں کا خوف (Pan Phobia)۔

۱۰۔ خوف زدہ ہونے کا خوف (Phobo Phobia)۔

۱۱۔ اونچائی کا خوف (Acro Phobia)۔

۱۲۔ بیماری کا خوف (Antho Phobia)۔

۱۳۔ طوفان اور گرج و چمک بارش کا خوف (Algo Phobia)۔

۱۴۔ اسکول جانے کا خوف (School Phobia)۔

۱۵۔ پرہجوم جگہوں کا خوف (Ochlophobia)۔

۱۶۔ سماجی خوف (Sociophobia)۔

۱۷۔ ہوائی سفر کا خوف (Aerophobia)۔

۱۸۔تنہائی کا خوف (Monophbia)۔

۱۹۔درد کا خوف (Algophobia)۔

۲۰۔خون کا خوف (Hemataphobia)۔

۲۱۔رات یا اندھیرے کا خوف (Nyctophobia)۔

۲۲۔ستاروں کا خوف (Astraphobia)۔

۲۳۔سوئی لگنے کا خوف (Belonophobia)۔

۲۴۔چھوت کی بیماری لگنے کا خوف (Mysophobia)

ماہرین نفسیات اور نظریہ آموزش کے ماہرین کے مطابق! بے جا خوف سیکھے جاتے ہیں اور ان کا تعلق کسی نہ کسی اعتبار سے ماضی کی تلخ، پریشان کن اور تکلیف دہ تجربات سے ہوتا ہے یہی نہیں بلکہ کسی بھی انسان کا بچپن نہایت اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔انسان کے دماغ میں کم سنی کے دور کا کوئی خوف موجود ہے جیسے خون خوار جانور یا کتے کا حملہ، گاڑی یا جہاز کا حادثہ، سوئمنگ یا ساحل سمندر پر پکنک کے دوران ڈوبتے ڈوبتے بچنا تو پھر ایسے انسان ساری عمر اس قسم کے خوف سے پیچھا نہیں چھڑا پاتے،عموماً والدین بچوں کو معمولی شرارتوں پر دھمکاتے ہوئے انھیں اندھیرے کمرے میں بند کرنے،جن، بھوت، چڑیل، کسی بوڑھے بابا کے حوالے کرنے یا ہمیشہ کے لئے ہاسٹل میں داخل کروانے سے ڈراتے ہیں اگرچہ بچہ اپنے والدین اور اساتذہ سے بے حد متاثر ہوتا ہے اور ان کی باتوں کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے اور بسا اوقات والدین اور اساتذہ کی باتوں کو وہ حرف آخر بھی سمجھتا ہے لہٰذا والدین یا اساتذہ کی جانب سے کسی بھی ایسی دھمکی کو وہ سچ سمجھتے ہوئے خوف زدہ ہوجاتا ہے بعض اوقات یہ خوف ساری زندگی اس کا پیچھا کرتا ہے اکثر والدین کا بے جا خوف جس کا اظہار اگر وہ بچوں کے سامنے کردیں تو وہ بھی بچوں میں منتقل ہوجاتا ہے، جیسے کے اگر ماں بادلوں کی گرج اور چمک سے ڈرتی ہے یا چوہے، چھپکلی یا کاکروچ سے اگر وہ خوفزدہ ہے تو پھر بچہ بھی تاعمر ان چیز کے

خوف میں مبتلا ہوسکتا ہے۔

ماہرین کے مطابق! بے جا خوف یعنی Phobia کا بروقت علاج ضروری ہے تاہم فرد کو اگر مستقل کوئی خوف لاحق ہوجائے تو وہ اس کی نارمل زندگی کو شدت سے متاثر بھی کرسکتا ہے۔

ایک تحقیق کے مطابق! مردوں کے مقابلے میں خواتین Phobia کا زیادہ شکار ہوتی ہیں یعنی خواتین کی شرح ۸ فیصد جبکہ مردوں کی شرح 3.4 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے پانی کا خوف جسے Hydro phobia کہتے ہیں وہ نفسیاتی نہیں بلکہ جسمانی بیماری کی علامت ہے لیکن اسے بھی نفسیاتی بیماریوں کی لسٹ میں شامل کردیا گیا ہے لیکن یہ خوف Rabies میں مبتلا کسی جانور یا پاگل کتے کے کاٹنے سے لاحق ہوتا ہے کیونکہ Rabies کے شکار جانور کے کاٹنے سے زخم کے راستے ایک وائرس انسانی اعصابی نظام پر حملہ آور ہوتا ہے جس کے نتیجے میں مریض کو پانی پینے اور اسے حلق سے نیچے اتارنے میں شدید تکلیف اور ایک قسم کی تشنجی کیفیت کا سامنا کرنا پڑتا ہے پھر ہوتے ہوتے وہ پانی کو دیکھ کر ہی چیخنے اور چلانے لگتا ہے یہی وجہ تھی کے زمانہ قدیم کے معالجین مریض کی ان کیفیات کو نفسیاتی بیماری سمجھتے تھے اور انھوں نے اس بیماری کا نام ہی Hydro Phobia رکھ دیا اسی طرح سے اکثر بچوں کو اسکول فوبیا بھی لاحق ہوتا ہے یعنی اسکول جانے کے نام سے سر یا پیٹ میں درد یا مروڑ کا ہونا جبکہ چھٹی والے دن بچہ بالکل نارمل رہتا ہے۔

خوف کی علامات:

بے جا خوف یعنی Phobia کی وجہ سے جسم میں کچھ Chemical and Harmonal Changes واقع ہوتے ہیں فرد اگر مسلسل بے جا خوف کا شکار ہو تو پھر فرد کے جسم میں یہ Chemical and Harmonal Changes مستقل بنیادوں پر پنپ جاتے ہیں۔ جس کے نتیجے میں فرد ایب نارملٹی کا شکار ہوجاتا ہے۔

ماہرین کے مطابق ، بے جا ڈر اور خوف کی حالت میں فرد میں درج ذیل کم از کم چار علامات ضرور ظاہر ہوتی ہیں۔ دم گھٹنا ، سانس لینے میں دقت ، کمزوری ، دل کی دھڑکن میں تیزی ، سینے میں درد کا احساس ، جسم اور ماتھے پر پسینہ ، کانوں میں آوزوں کا آنا ، پیٹ میں درد ، ہاضمے کی خرابی ، مریض کا اپنے اردگرد کے ماحول سے لاتعلقی ، چہرے کی اڑی اڑی رنگت ، خوف سے آنکھوں کا پھٹ جانا ، قوت کا سلب ہوجانا ، رنج وملال ، اکتاہٹ کا اظہار ، مریض کو کچھ کھو جانے کا ڈر ، کبھی کبھار دہشت سے چیخیں مارنا ، سر میں درد ، چکر آنا ، نبض کی رفتار کا سست ہوجانا ، نیند کی کمی اور وزن کا کم ہونا وغیرہ شامل ہے بعض اوقات خطرے کو محسوس کرتے ہوئے مریض میں اس صورت حال سے مقابلے کے لئے غیر معمولی طاقت اور توانائی بھی عود کر آجاتی ہے۔ تاہم بے جا خوف میں مبتلا مریض اپنے جسم سے متعلق عجیب وغریب واہموں کا شکار بھی رہتے ہیں جس میں موت کا خوف ، دل کے امراض ، کینسر ، ٹیومر یا پیٹ میں السر کا خوف شامل ہے۔ سگمنڈ فرائڈ اپنی کتاب Introductory Lectures میں اس حوالے سے کہتے ہیں !

بے جا خوف وہ ہوتے ہیں جن کا تعلق کسی خاص حالت سے ہوتا ہے اس خاص حالت کی موجودگی میں مریض از خود خوفزدہ ہوجاتا ہے ، بعض اوقات انسان کسی احساس جرم کے زیر اثر بھی خوفزدہ رہتا ہے بسا اوقات اپنی کمزوریوں کے ظاہر ہوجانے سے بھی جیسے کے اگر اسے لوگوں کے سامنے تقریر کرنے کو کہا جائے تو اس کی زبان گنگ ہوجائے گی اور اس کا یہ احساس شدید تر ہوجائے گا کے کہیں اس کی کمزوری اور نالائقی لوگوں کے سامنے عیاں نہ ہوجائے لہٰذا وہ لوگوں کے سامنے جانے سے خوفزدہ ہوجاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔ لغات القرآن ۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ) ۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور ۔ ۱۹۹۸ء ۔

۲۔ المفردات ۔ علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ) ۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ ۔

۳۔ تاج العروس ۔ علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ) ۔ مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر ۔

۴۔القاموس المحیط۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث۔
۵۔سورہ النحل۔آیت۔۵۰۔
۶۔سورہ احزاب۔آیت۔۱۹۔
۷۔سورہ النحل۔آیت۔۴۷۔
۸۔سورہ قریش۔آیت۔۴۔
۹۔سورہ العنکبوت۔آیت۔۶۷۔
۱۰۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۷۱۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔
۱۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۷۔ النار۔ الجہنم۔ جہنم

منافقت سے بہتر ہے کہ تم کافر مرجاؤ کیونکہ جہنم میں کافر کا درجہ منافق سے بہتر ہے
(حضرت علیؑ)

جہنم۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جس کے معنی گہرائی کے ہیں۔ ا؎
کچھ ماہرین لغات کہتے ہیں! جہنم عبرانی زبان کا لفظ ہے جو گہنام سے مشتق ہے۔ ۲؎
صاحب محیط کہتے ہیں! جہنم عبرانی الاصل ہے اور دو الفاظ سے مرکب ہے۔ ۳؎
جیی۔ ایک وادی کا نام ہے۔
ھنوم۔ ایک شخص کا نام ہے۔
تاہم وادی جیی ھنوم یروشلم کے جنوب میں ایک مشہور وادی کا نام ہے جہاں زمانہ قدیم میں (عمونیین کے دیوتا) کے حضور انسانوں کو جلا کر ان کی قربانیاں پیش کی جاتی تھیں۔
جیی ھنوم۔ سے مراد ایسی وادی جہاں انسان ذبح کر کے جلائے جاتے تھے۔ ۴؎
مندرجہ بالا تاریخی حوالے کے تناظر میں جھنم سے مراد انسانیت کی قربان گاہ ہے۔
اللہ تعالیٰ یہ چاہتے ہیں کے دنیا میں تمام انسان پیار، محبت، اتفاق اور اتحاد کے ساتھ مل جل کر رہیں اور سماج میں ہر طرف عدل وانصاف اور امن وامان کا کا بول بالا ہو چنانچہ اسلامی تعلیمات ایک ایسے ہی صالح معاشرے کے خدوخال کی عکاسی اور نمائندگی کرتی ہے دوسری جانب اس کے برعکس صورت حال نہایت ہولناک منظر پیش کرتی ہے جہاں انسانیت کو ذبح کر کے اس کو جلا کر راکھ کر دیا جاتا ہے تاہم انسانیت کے اسی قربان گاہ کو جہاں انسانیت کی نشونما رک جائے باالفاظ دیگر معاشرے میں عدل وانصاف، امن وامان اور اتحاد واتفاق کو روک دینا۔

جحیم۔عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی روک دینا ہے۔۵؎

جہنم ایک ایسا مقام ہے جہاں گمراہ، بت پرست، سرکش، ظالم، جابر، جھوٹی خدائی اور جھوٹی نبوت کے دعویدار، بددیانت، زانی، قاتل، چور، شراب نوش، والدین کے نافرمان فسادی، غدار، سازشی، بےضمیر، رشوت خور اور منکرین ومنافقین ومشرکین داخل کئے جائیں گے کیونکہ دنیا میں انھوں نے اللہ تعالی کی بتائی ہوئی ہدایات اور قوانین کے خلاف عمل کیا وہ اللہ کے برگزیدہ پیغمبروں اور انبیاء کو مستقل جھٹلاتے رہے جس کے نتیجے میں اللہ تعالی نے انھیں ناختم ہونے والے عذاب میں گھسیٹ لیا جو ان ہی کی مسلسل نافرمانیوں کا نتیجہ تھیں لہٰذا یہ بات طے ہوگئی کے جہنم ایک ایسا مقام ہے جہاں مایوسی، اضطراب، غم، دکھ، صدمہ، پچھتاوا، اور ایک نا ختم ہونے والا مستقل درد اور اپنی نافرمانیوں کی تیز جھلسا دینے والی آگ ہے جس میں جہنمی مسلسل جلتا رہے گا کیونکہ وہ اللہ کی ناراضگی کا مرتکب ہوا۔

ارشادات خداوندی:

وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ حَصِيرًا ۔۶؎

ترجمہ۔ہم نے کافروں کے لیے دوزخ کو قید خانہ بنادیا ہے۔

إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَلَاسِلَ وَأَغْلَالًا وَسَعِيرًا ۔۷؎

ترجمہ۔بے شک ہم نے کافروں کے لئے زنجیریں، طوق اور آگ تیار کر رکھی ہے۔

تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ ۔۸؎

ترجمہ۔آگ سے ان کے منہ جھلس جائیں گے اور وہ بدشکل ہوجائیں گے۔

هَٰذَا فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيمٌ وَغَسَّاقٌ ۔۹؎

ترجمہ۔پس عذاب چکھو گرم پانی اور پیپ کا۔

لَّيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِن ضَرِيعٍ ۔۱۰؎

ترجمہ۔ان کا کھانا کانٹے دار جھاڑیاں ہوں گی۔

لَّا يَأْكُلُهُ إِلَّا الْخَاطِئُونَ۔ ۱۱؎

ترجمہ۔ان کے لئے کھانا زخموں کا دھون ہوگا۔

يَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔یہ آپ سے عذاب کو جلد طلب کررہے ہیں اور (یہ مطمئن رہیں) یقیناً دوزخ کافروں کا احاطہ کرنے والی ہے۔

ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُو الْجَحِيمِ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔بے شک وہ ضرور دوزخ میں پہنچیں گے۔

يُصْهَرُ بِهِ مَا فِي بُطُونِهِمْ وَالْجُلُودُ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ان کی آنتیں اور کھالیں گلا دی جائیں گی۔

وَلَهُمْ مَقَامِعُ مِنْ حَدِيدٍ۔ ۱۵؎

ترجمہ۔ان کے لئے لوہے کے ہتھوڑے ہوں گے۔

وَنَادَوْا يَا مَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ قَالَ إِنَّكُمْ مَاكِثُونَ۔ ۱۶؎

ترجمہ۔دوزخی پکاریں گے کے اے مالک! ہم پر موت بھیج دے اس پر ان سے یہ کہا جائے گا کے تم ہمیشہ اسی میں رہنے والے ہو۔

أُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ حَقًّا وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ عَذَابًا مُهِينًا۔ ۱۷؎

ترجمہ۔ایسے لوگ یقیناً کافر ہیں، اور ہم نے کافروں کے لیے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

وَقَالَ الشَّيْطَانُ لَمَّا قُضِيَ الْأَمْرُ إِنَّ اللَّهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُكُمْ فَأَخْلَفْتُكُمْ۔ ۱۸؎

ترجمہ۔اس دن شیطان کہے گا کے اللہ نے تمھارے ساتھ سچا وعدہ کیا تھا جبکہ میرا وعدہ جھوٹا تھا۔

وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِي فَعَلْتَ وَأَنْتَ مِنَ الْكَافِرِينَ۔ ۱۹؎

ترجمہ۔تو اپنا وہ کرتوت کر گیا جو کر گیا اور تو ناشکروں میں سے ہے۔

يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْإِنْسَانُ مَا سَعٰى وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى فَاَمَّا مَنْ طَغٰى وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى۔۲۰

ترجمہ۔جس دن انسان اپنے کیے کو یاد کرے گا،اور ہر دیکھنے والے کے لیے دوزخ سامنے لائی جائے گی،سو جس نے سرکشی کی،اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی،سو بے شک اس کا ٹھکانا دوزخ ہی ہے۔

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى۔۲۱

ترجمہ۔ہر دیکھنے والے کے لیے دوزخ ظاہر کر دی جائے گی۔

درک کے معانی دوزخ کے طبقات:

ابو عبیدہ نے کہا کے درک کے معنی منزل کے ہیں اور جہنم کی کئی منازل اور طبقات ہیں تاہم منافقین جہنم کے سب سے نچلے طبقے میں ہوں گے۔

علامہ آلوسی (متوفی۔۱۲۷۰ھ) لکھتے ہیں!

دوزخ کے سات طبقات ہیں:

۱۔پہلا طبقہ جہنم ہے۔۲۔دوسر طبقہ الظی۔۳۔تیسرا طبقہ الحطمہ۔۴۔چوتھا طبقہ السعیر۔۵۔پانچواں طبقہ سقر۔۶۔چھٹا طبقہ جحیم۔۷۔ساتواں طبقہ ھاویہ ہے۔

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا۔۲۲

ترجمہ۔بے شک منافق دوزخ کے سب سے نچلے طبقے میں ہوں گے،تو ان کے لیے ہرگز کوئی مددگار نہ پائے گا۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کے منافقین لوہے کے ایک ایسے تابوت میں ہوں گے جس کا کوئی دروازہ نہیں ہوگا۔۲۳

ان طبقات کو درک اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ یہ تہہ در تہہ ہیں تاہم منافقین کا جہنم کے آخری

طبقے میں جانے کا مطلب عذاب کی شدت ہے۔ ۲۴ ؎

حضرت جبرائیل علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا! جہنم کے سات درجات ہیں۔

۷۔ ساتواں طبقہ ھاویہ ہے جس میں منافقین رہیں گے۔

۶۔ چھٹے طبقہ جحیم ہے جس میں اللہ مشرکین کو رکھے گا۔

۵۔ پانچواں طبقہ سقر ہے جس میں اللہ تعالی سورج اور چاند کی پوجا کرنے والوں کو رکھے گا۔

۴۔ چوتھا طبقہ السعیر ہے جس میں اللہ تعالی آتش پرستوں کو رکھے گا۔

۳۔ تیسرا طبقہ الحطمہ ہے جس میں اللہ تعالی یہود کو ڈالیں گے۔

۲۔ دوسرا طبقہ اللظی ہے جس میں اللہ تعالی نصاریٰ کو رکھیں گے۔

یہ کہہ کر حضرت جبرائیل علیہ السلام خاموش ہو گئے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پوچھنے پر انھوں نے فرمایا۔ ا۔ پہلا طبقہ جہنم ہے جس میں اللہ تعالی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امت کے گناہ گاروں کو رکھے گا، یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حد درجہ غمگین ہو گئے یہاں تک کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کرام نے روایت کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف نماز ادا کرنے مسجد تشریف لے جاتے اور پھر اپنے حجرے کا دروازہ بند کر کے رورو کر اللہ کے حضور دعا مانگا کرتے یہاں تک کے اللہ کا پیغام وحی کی صورت میں آ گیا! اۓ میرے محبوب غم نہ کرو، میں تمھیں اتنا عطا کروں گا کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راضی ہو جائیں گے۔ ۲۵ ؎

جب یہ آیت (وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى) نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر میرا ایک امتی بھی دوزخ میں ہوا تو میں راضی نہیں ہوں گا۔ ۲۶ ؎

جس اللہ تعالی نے فرمایا! اۓ محمد! ہم عنقریب آپ کو راضی کریں گے اور آپ کو رنجیدہ نہیں ہونے دیں گے۔ ۲۷ ؎

جہنم کا تیسرا درجہ حطمہ:

جہنم کے تیسرے درجے کا نام حطمہ ہے جس میں اللہ تعالی یہود کو داخل فرمائیں گے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

كَلَّا لَيُنْبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ وَمَآ اَدْرٰكَ مَا الْحُطَمَةُ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْئِدَةِ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ۔ ۲۸؎

ترجمہ۔ وہ ضرور حطمہ میں پھینکا جائے گا، اور آپ کو کیا معلوم حطمہ کیا ہے، وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے، جو دلوں تک جا پہنچتی ہے، بے شک وہ ان پر چاروں طرف سے بند کر دی جائے گی، لمبے لمبے ستونوں میں۔

الحطمۃ۔ کا معنی ریزہ ریزہ اور چورا چورا کرنے والی یعنی جو چیز ٹوٹ پھوٹ کر چورا چورا ہو جائے۔

حطمہ۔ حطم سے مشتق ہے جس کے معنی توڑ دینا۔ الحطمۃ۔ جہنم کا ایک مقام ہے۔ ۲۹؎

الحطمۃ۔ جہنم کی آگ کا وہ طبقہ ہے جہاں انسان کو توڑ پھوڑ کر پیس ڈالا جائے گا۔

حطمۃ۔ میں یہود کو توڑ کر، چورا چورا کر دیا جائے گا۔

وَمَآ اَدْرٰكَ مَا الْحُطَمَةُ۔ ۳۰؎

ترجمہ۔ آپ کیا سمجھے کے چورا چورا کر دینے والی (آگ) کیا ہے؟

مقاتل نے کہا! حطمہ جہنم کا وہ طبقہ ہے جہاں ہڈیوں کو توڑا جائے گا۔

جہنم کے اس طبقے میں طعنہ زن اور عیب جو کو رکھا جائے گا۔

نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ۔ ۳۱؎

ترجمہ۔ وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی (آگ) ہے۔

جہنم کی آگ کی شدت:

جہنم کی آگ ہے جو کبھی سرد نہیں ہوتی یہ دنیا کی جلائی ہوئی آگ کی طرح نہیں ہے جو بالآخر بجھ جاتی ہے اس آگ کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے جلایا گیا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تمہاری آگ جہنم کی آگ کا

سترواں حصہ ہے پوچھا گیا! یا رسول اللہ! یہ آگ بھی کافی تھی، آپ نے فرمایا! جہنم کی آگ تمہاری آگ پر انہتر درجہ زیادہ ہے۔ ۳۲؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، جہنم کی آگ کو ایک ہزار سال تک دہکایا گیا یہاں تک کے وہ سرخ ہوگئی پھر اس کو مزید ایک ہزار سال تک دہکایا گیا یہاں تک کے وہ سفید ہوگئی، پھرس کو مزیدا ایک ہزار سال تک دہکایا گیا یہاں تک کے وہ سیاہ ہوگئی، پس وہ سیاہ اندھیری ہے۔ ۳۳؎

کفار کے عذاب کی کیفیت:

الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَی الْاَفْئِدَةِ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ۔ ۳۴؎

ترجمہ۔ جہنم کی آگ کافروں کے پیٹ میں داخل ہوکر ان کے سینہ تک پہنچ جائے گی اور ان نے دلوں پر چڑھ جائے گی وہ (آگ) ان پر ہر طرح سے بند کی ہوئی ہوگی۔

ان کو جہنم میں پھینک دیا جائے گا یعنی جہنم ایک نہایت گہری جگہ ہے جیسے گہرا اندھا کنواں تاہم اس گہرے اور اندھے کنویں میں کافروں کو جھونک دیا جائے گا اس اندھے کنویں سے نکلنے کا کوئی راستہ نہ ہوگا اور اس طبقہ کے دروازوں کو مضبوطی سے بند کر دیا جائے گا اور اس درد ناک عذاب سے نجات کی کوئی صورت نہ ہوگی۔

فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ۔ ۳۵؎

ترجمہ۔ لمبے لمبے ستونوں میں۔

اس آیت میں عمد کا لفظ استعمال کیا گیا ہے جو عمود کی جمع ہے جس کے معنی ستون کے ہیں۔ مدۃ کے معنی طویل آگ کے شعلے جو لمبے لمبے ستونوں کی طرح بلند ہوں گے نہ وہ بجھیں گے نہ ان کی ایذا رسانی میں کوئی کمی ہوگی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت جابرؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جہنم پر ایک دن ایسا بھی آئے

گا جب وہ خزاں رسیدہ پتے کی مانند ہوجائے گی اور اس کے تمام دروازے کھل جائیں گے اور اس میں کوئی بھی نہ ہوگا۔۳۶؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تمہاری (دنیا کی) آگ جہنم کی آگ کا سترواں حصہ ہے۔۳۷؎

حضرت نعمان بن بشیرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک جہنم والوں میں سب سے کم عذاب اس شخص کو ہوگا جس کو آگ کی دو جوتیاں اور دو تسمے پہنائے جائیں گے اس سے اس کا دماغ اس طرح کھول رہا ہوگا جس طرح چولہے پر رکھی ہوئی دیگچی کھولتی ہے۔۳۸؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جہنم میں صرف شقی القلب داخل ہوگا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا گیا کے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! شقی کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے اللہ کے لیے کوئی اطاعت نہ کی اور نہ ہی اس کی کسی معصیت کو ترک کیا۔۳۹؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا! بنوآدم میں سب سے پہلے جہنم میں جانے والا قابیل ہے۔۴۰؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جہنم میں سب سے پہلے زبردستی حکمران بننے والا داخل ہوگا۔۴۱؎

بقول اقبال!

اہل دنیا جو یہاں آتے ہیں   اپنے انگارے بھی ساتھ لاتے ہیں۔۴۲؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

جہنم کے حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ۔۴۳؎۔ترجمہ۔ جب سمندر بھڑکائے جائیں گے۔

ایک قول یہ ہے کہ سمندر کا پانی زمین میں دھنسا دیا جائے گا اور اس میں آگ بھڑکا دی جائے گی۔

ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ۔ ۴۴؎

ترجمہ۔ اور پھر کفار دوزخ کی آگ میں جلائے جائیں گے۔

حدیث میں ہے کہ سمندر قیامت کے دن آگ بن جائیں گے۔

قتادہ نے کہا! اس کے معنی ہیں المملوء (بھرا ہوا) یعنی قیامت کے دن سمندر آگ سے بھرا ہوا ہوگا۔

امیر المومنین حضرت علیؓ نے ایک یہودی سے پوچھا! جہنم کہاں ہے؟ اس نے کہا! سمندر میں حضرت علیؓ نے کہا! میرا گمان ہے کہ وہ صادق ہے پھر آپؓ نے یہ آیت تلاوت فرمائی

وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ۔ ۴۵؎

ترجمہ۔ بھڑکائے ہوئے سمندر کی قسم۔ ۴۶؎

وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ۔ ۴۷؎۔ ترجمہ۔ جب سمندر بھڑکا دئے جائیں گے۔

حضرت علیؓ نے فرمایا! جو زیادہ باتیں کرتا ہے اس کی خطائیں زیادہ ہوجاتی ہیں، جس کی خطائیں زیادہ ہوجاتی ہیں اس کی شرم وحیاء کم ہوجاتی ہے، جس کی شرم وحیاء کم ہوجاتی ہے اس کا تقویٰ کم ہوجاتا ہے، جس کا تقویٰ کم ہوجاتا ہے، اس کا دل مرجاتا ہے اور جس کا دل مرجاتا ہے اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔ ۴۸؎

نفسیاتی پہلو

ابدال حق حضور قلندر بابا اولیاء فرماتے ہیں! جب انسان غصہ کرتا ہے تو اس کے شعور میں اضطراب پیدا ہوتا ہے اور اس کے اعصاب پر تناؤ طاری ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے وہ انسان جسمانی اور نفسیاتی مریض بن جاتا ہے دوسری جانب غصہ کرنے والے لوگوں کی روحانی ترقی رک جاتی ہے کیونکہ اللہ غصہ کرنے والے لوگوں کو پسند نہیں کرتا۔ ۴۹؎

رومی کہتے ہیں! تمام تر خباثتوں کی ہیئت کلی کا نام دوزخ ہے،انسان کے اندر جتنے بھی خبائیثات پائے جاتے ہیں وہ اس کل کا ایک جز ہیں ایسے لوگوں کا دوزخ میں جانے کا مطلب یہ ہے کے جز اپنے کل کی جانب مائل ہوکر واصل ہورہا ہے۔ کُلُ شَیئٍ یَرْ جِعُ اِلیٰ اَصْلِہٖ اس قانون کا اطلاق اومال صالح پر بھی ہوتا ہے تمام خوبیوں اور نعمتوں کی ہئیت کلی کا نام جنت ہے انسان میں جو بھی خوبی پائی جاتی ہے وہ جنت کا ایک جز ہے یہ خوبیاں انسان کو اس کلی سمت یعنی جنت کی طرف لے کر جاتی ہے۔۵۰؎

رومی کہتے ہیں! اللہ نے جہنم کو عذاب کے لئے نہیں بلکہ امتحان اور اصلاح کے لئے بنایا ہے جس طرح سے آگ سے دھات کا فضلہ صاف اور اس کی اصلیت نمایاں ہوجاتی ہے۔۵۱؎

خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! جب آدم نے قید و بند کی زندگی کو اپنالیا تو اسی لمحے اس نے جنت کی زندگی جو زمان و مکان کی پابندیوں سے آزاد تھی اس کو رد کردیا تاہم زمین ایک ایسا مقام ہے جس کو قرآن نے اسفل سافلین کہا ہے دوسری جانب دنیا میں آنے کے بعد انسان جنت کے حواس سے نکل کر قید و بند کی صعوبتوں میں گرفتار ہوگیا۔۵۲؎

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر

۳۔القاموس المحیط۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دارا حیاء التراث۔

۴۔القاموس المحیط۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دارا حیاء التراث۔

۵۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۶۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۸۔

۷۔سورہ الدھر۔آیت۔۴۔

۸۔سورہ مومن۔آیت۔۱۰۴۔

۹۔سورہ ص۔آیت۔۵۷۔

۱۰۔سورہ الغاشیہ۔آیت۔۶۔
۱۱۔سورہ الحاقۃ۔آیت۔۳۷۔
۱۲۔سورہ العنکبوت۔آیت۔۵۴۔
۱۳۔سورہ المطففین۔آیت۔۱۶۔
۱۴۔سورہ الحج۔آیت۔۲۰۔
۱۵۔سورہ الحج۔آیت۔۲۱۔
۱۶۔سورہ الزخرف۔آیت۔۷۷۔
۱۷۔سورہ النساء۔آیت۔۱۵۱۔
۱۸۔سورہ ابراہیم۔آیت۔۲۲۔
۱۹۔سورہ الشعراء۔آیت۔۱۹۔
۲۰۔سورہ النزعٰت۔آیت۔۳۵۔۳۹۔
۲۱۔سورہ النزعٰت۔آیت۔۳۶۔
۲۲۔سورہ النساء۔آیت۔۱۴۵۔
۲۳۔جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔
۲۴۔روح المعانی۔علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (متوفی ۱۲۷۰ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی۔
۲۵۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۰ھ۔
۲۶۔الجامع الاحکام القرآن۔علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (متوفی ۶۶۸ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت
۲۷۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۸۔سورہ الھمزہ۔آیت۔۴۔۹۔
۲۹۔القاموس المحیط۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث۔
۳۰۔سورہ الھمزہ۔آیت۔۵۔
۳۱۔سورہ الھمزہ۔آیت۔۶۔
۳۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۳۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۳۴۔سورہ الھمزہ۔آیت۔۸۔۷۔

۳۵۔سورہ الھمز ہ۔آیت۔۹۔

۳۶۔سیرۃ النبی۔ج۔۴۔ص۴۰۹۔دارالاشاعت،کراچی۔۱۹۸۵ء۔

۳۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۳۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۳۹۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۴۰۔الجامع الاحکام القرآن۔علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (متوفی ۶۶۸ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت

۴۱۔صحیح ابن حبان۔

۴۲۔کلیات اقبال (اردو ترجمہ۔بال جبرائیل)۔ڈاکٹر محمد اقبال۔ص۔۱۷۶۔خزینہ علم وادب لاہور۔

۴۳۔سورہ التکویر۔آیت۔۶۔

۴۴۔سورہ مومن۔آیت۔۲۷۔

۴۵۔سورہ الطور۔آیت۔۶۔

۴۶۔جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔

۴۷۔الجامع الاحکام القرآن۔علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (متوفی ۶۶۸ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔

۴۸۔نہج البلاغہ (خطبات حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم)۔خطبہ۔۳۴۹۔مطبوعہ ایران ومطبوعہ کراچی۔

۴۹۔وقت۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔

۵۰۔تشبیہات رومی۔مرتب۔ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم۔ص۔۱۲۹۔ادارہ ثقافت اسلامیہ پاکستان لاہور۔۱۹۵۹ء۔

۵۱۔تشبیہات رومی۔مرتب۔ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم۔ص۔۱۴۹۔ادارہ ثقافت اسلامیہ پاکستان لاہور۔۱۹۵۹ء۔

۵۲۔قلندر شعور۔ستمبر۔۲۰۱۵ء۔

۸۔نفاق۔منافقین

منافق کا علم اس کی زبان پر اور مومن کا علم اس کے عمل میں ہوتا ہے۔(حضرت علیؑ)

منافق ۔عربی زبان کا لفظ ہے،جو(ن۔ف۔ق) سے مشتق ہے۔۱؎
نفق ۔اس سرنگ کو کہتے ہیں جس کے دونوں راستے کھلے ہوں۔
منافق ۔اس شخص کو کہتے ہیں جو کسی بھی سماج یا معاشرے میں داخل ہونے سے پہلے یہ دیکھ لے کے یہاں سے نکلنے کا راستہ کون سا ہے۔۲؎

منافق کی اقسام

۱۔اعتقادی منافق:

اعتقادی منافق سے مراد وہ شخص جس کا عقیدہ ہی درست نہ ہو اور وہ اسلامی عقائد اللہ پر ایمان رسولوں پر ایمان ،آخرت پر ایمان ،الہامی کتابوں ،فرشتوں اور تقدیر پر ایمان نہ رکھتا ہوا ایسا شخص روپے پیسے کے لالچ کی وجہ سے اپنا یہ بہروپ بھرتے ہیں اور مسلمانوں کی صفوں میں گھس کر ان کے راز معلوم کرتے ہیں اور ان کے خلاف سازشوں میں پیش پیش ہوتے ہیں۔

۲۔عملی منافق:

عملی منافق سے مراد ایسا شخص جس کا ایمان اور عقیدہ تو درست ہو لیکن اس کا عمل درست نہ ہو۔ اور وہ اس میں دوغلی پالیسی اور دور خا پن دکھاتا ہو یعنی اس کی تربیت درست طریقے سے نہیں کی جاتی جس کی وجہ سے اس میں یہ کمزوری ہوتی ہے۔

ارشادات خداوندی:

وَاللّٰہُ یَشْھَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ لَکٰذِبُوْنَ ۔۳؎

ترجمہ۔اللہ یہ گواہی دیتا ہے کے بلاشبہ منافق ہی جھوٹے ہیں ۔

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۔ ۴؎

ترجمہ۔(اے رسول مکرم!) جب آپ کے پاس منافقین آتے ہیں تو کہتے ہیں کے ہم گواہی دیتے ہیں کے بے شک آپ ضرور اللہ کے رسول ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے ۔

بے شک آپ ضرور اللہ کے رسول ﷺ ہیں اور اللہ گواہی دیتا ہے کے بے شک منافقین ضرور جھوٹے ہیں ۔

اِتَّخَذُوْۤا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔

ترجمہ۔انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا لیا پس اللہ کے راستے سے (لوگوں کو) روکا۔

بے شک یہ بہت برا کام کر رہے ہیں۔ ۵؎

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۔ ۶؎

ترجمہ۔اس کی وجہ یہ ہے کے وہ (زبان سے) اایمان لائے پھر انہوں نے (دل کا) کفر ظاہر کر دیا سو ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی تو وہ سمجھتے نہیں ہیں۔

وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ؗ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۔ ۷؎

ترجمہ۔(اے مخاطب) جب تم انہیں دیکھو گے تو ان کے جسم تمہیں اچھے لگیں گے اور اگر وہ بات کریں تو تم ان کی بات سنو گے گویا وہ دیوار کے سہارے کھڑے ہوئے شہتیر ہیں وہ ہر بلند آواز کو اپنے خلاف سمجھتے ہیں یہی (حقیقی) دشمن ہیں سو تم ان سے خبردار ہو اللہ انہیں ہلاک کرے یہ کہاں اوندھے جا رہے ہیں۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ

يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۔۸ ؎

ترجمہ۔ جب ان سے کہا جاتا ہے کے آؤ رسول اللہ تمہارے لئے مغفرت طلب کریں تو یہ اپنے سر مٹکاتے ہیں اور آپ دیکھیں گے کے یہ تکبر سے اپنے آپ کو روکتے ہیں۔

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفَاسِقِيْنَ ۔۹ ؎

ترجمہ۔ ان کے حق میں برابر ہے خواہ آپ ان کے لئے مغفرت طلب کریں یا نہ کریں، اللہ ان کی ہرگز مغفرت نہیں کرے گا اللہ فاسق لوگوں کو ہدیات نہیں دیتا۔

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۔۱۰ ؎

ترجمہ۔ یہ وہی لوگ ہیں جو کہتے تھے کے ان لوگوں پر خرچ نہ کرو جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہیں حتیٰ کہ یہ لوگ منتشر ہو جائیں اور آسمانوں اور زمینوں کے تمام خزآنے اللہ ہی کی ملکیت میں ہیں لیکن منافقین نہیں سمجھتے۔

يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ۚ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۔۱۱ ؎

ترجمہ۔ وہ کہتے ہیں کے اگر (اب) ہم مدینہ واپس گئے تو ضرور عزت والا، ذلت والے کو وہاں سے نکال دے گا حالانکہ عزت تو صرف اللہ کے لئے ہے اور اس کے رسول کے لئے ہے اور ایمان والوں کے لئے ہے لیکن منافقین نہیں جانتے۔

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِى الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ۔۱۲ ؎

ترجمہ۔ بے شک منافقین دوزخ کے سب سے نچلے طبقہ میں ہوں گے۔

يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِىْ قُلُوْبِهِمْ ۚ قُلِ اسْتَهْزِئُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ۔۱۳ ؎

ترجمہ۔منافقین اس سے ڈرتے ہیں کے مسلمانوں پر ایسی سورت نازل ہوجائے گی جو مسلمانوں کو منافقوں کے دل کی باتوں کی خبر دے، دے گیآپ کہیے تم مذاق اڑاتے رہو۔ بے شک اللہ اس چیز کو ظاہر کرنے والا ہے جس سے تم ڈر رہے ہو۔

اَلْمُنَافِقُوْنَ وَالْمُنَافِقَاتُ بَعْضُهُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۘ يَأْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ۚ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ۗ اِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔منافق مرد اور منافق عورتیں (نفاق میں) سب ایک دوسرے کے مشابہ ہیں برائی کا حکم دیتے ہیں اور نیکی سے منع کرتے ہیں اور اپنے ہاتھوں کو بند رکھتے ہیں انہوں نے اللہ کو بھلا دیا سو اللہ نے ان کو بھلا دیا بیشک منافقین ہی فاسق ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! منافق کی تین نشانیاں ہیں۔

۱۔ جب بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے۔

۲۔ جب وعدہ کرتا ہے تو اس کے خلاف کرتا ہے۔

۳۔اور جب اس کے پاس امانت رکھی جاتی ہے تو اس میں خیانت کرتا ہے۔ ۱۵؎

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص میں چار خصلتیں ہوں وہ خالص منافق ہوگا اور جس شخص میں ان میں سے کوئی ایک خصلت ہو تو اس میں نفاق کی خصلت ہوگی حتی کہ وہ اس خصلت کو چھوڑ دے۔

۱۔ جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو اس میں خیانت کرے۔

۲۔ جب بات کرے تو جھوٹ بولے۔

۳۔ جب عہد کرے تو اس کے خلاف کرے۔

۴۔ جب جھگڑا کرے تو بدکلامی کرے۔ ۱۶؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم قیامت کے دن اس شخص کو سب سے بدتر پاؤ گے جو لوگوں کے سامنے ایک رخ سے آتا ہے اور دوسروں کے سامنے دوسرے رخ سے جاتا ہے۔۱۷؎

حضرت عمارؓ فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص کے دنیا میں دو چہرے ہوں گے یعنی (ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ) تو وہ قیامت کے دن اس ے لئے آگ کی دو زبانیں ہوں گی۔۱۸؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! یقیناً سب سے عظیم خیانت امت کے ساتھ خیانت کرنا ہے اور سب سے بڑے دھوکا دینے والے رہبر ہیں۔

کتنی بری بات ہے کے پیمان وعہد کے بعد ترک تعلقات، بھائی چارگی کے بعد جفائیں، محبت کے بعد عداوت، امانت رکھوانے والے سے خیانت اور اس شخص سے غداری جس نے خود کو تمھارے سپرد کر دیا ہو۔ خیانت اور جھوٹ میں برادری ہے۔

خیانت نفاق میں سرفہرست ہیں۔ دنیا میں سب سے بڑی خیانت اپنی سرزمین سے غداری ہے۔۱۹؎

نفسیاتی پہلو

پروفیسر احمد رفیق اختر کہتے ہیں! نفاق دل کی تقسیم کو کہتے ہیں اللہ نے انسان کا دل اپنی محبت، اپنی یاد اور امن وسکون کے لئے تخلیق فرمایا ہے اگر دل خوش اور مطمئن ہو تو یہ بہت بڑی خوش نصیبی ہے اور دلوں کا اطمینان اللہ کی یاد میں پنہاں ہے لیکن دوسری جانب اگر دل بے چین، مضطرب اور بے قرار ہے تو یہی بے چینی اس کے نفس کا نفاق ہے اور دل کا اللہ کی یاد سے غافل ہونا دل کا نفاق ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ المنافقون۔آیت۔۱۔
۴۔سورہ المنافقون۔آیت۔۱۔
۵۔سورہ المنافقون۔آیت۔۲۔
۶۔سورہ المنافقون۔آیت۔۳۔
۷۔سورہ المنافقون۔آیت۔۴۔
۸۔سورہ المنافقون۔آیت۔۵۔
۹۔سورہ المنافقون۔آیت۔۶۔
۱۰۔سورہ المنافقون۔آیت۔۷۔
۱۱۔سورہ المنافقون۔آیت۔۸۔
۱۲۔سورہ النساء۔آیت۔۱۴۵۔
۱۳۔سورہ التوبہ۔آیت۔۶۴۔
۱۴۔سورہ التوبہ۔آیت۔۶۷۔
۱۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۸۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۹۔السخط۔غیظ وغضب۔غصہ

عقلمند کا غصہ اس کے عمل سے جبکہ جاہل کا غصہ اس کی گفتگو سے ظاہر ہوتا ہے۔(حضرت علیؑ)

غضب۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(غ۔ض۔ب) سے مشتق ہے۔۱؎

غضب۔کے ایک معنی شیر کے بھی ہیں۔

گہرے سرخ رنگ یا کسی بھی گہری سرخ رنگت کی چیز کو بھی غضب کہا جاتا ہے۔۲؎

غضب۔کے بنیادی معنی شدت اور قوت کے ہیں۔

غضب۔کا متضاد رضا ہے۔

غضب۔بھڑکتی ہوئی آگ کو بھی کہتے ہیں۔

غضاب۔ایک جلدی بیماری جس میں سارا جسم سرخ ہوجاتا ہے۔

مغضوب۔چیچک کے مریض کو کہتے ہیں۔

غضاب۔اس شخص کو کہتے ہیں جس کی کھال موٹی اور سخت ہو۔

غضابی۔ایسا شخص جو اپنے دوستوں اور ملنے والوں کے ساتھ سخت ہو۔۳؎

الغضوب۔بہت بڑا سانپ۔۴؎

ارشادات خداوندی:

وَ الْکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَ الْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ۔۵؎

ترجمہ۔وہ غصے پر قابو پانے والے اور لوگوں کو معاف کرنے والے ہوتے ہیں۔

وَالَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ کَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا ھُمْ یَغْفِرُوْنَ۔۶؎

ترجمہ۔جو کبیرہ گناہ اور بے حیائی کے کاموں سے بچتے ہیں اور جب انھیں غصہ آتا ہے تو وہ

معاف کر دیتے ہیں (اللہ کے یہاں ان کا بڑا اجر ہے)۔

وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۚ اِنَّ الشَّيْطَانَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۚ اِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ۔۷؎

ترجمہ۔ یرے بندوں سے کہہ دو کہ وہی بات کہیں جو بہتر ہو، بے شک شیطان آپس میں لڑا دیتا ہے، بے شک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔

بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ۔۸؎

ترجمہ۔ (قوم بنی اسرائیل) اللہ کے غضب میں آ گئی۔

فَبَآءُوْا بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ۚ وَلِلْكَافِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۔۹؎

ترجمہ۔ وہ غضب در غضب میں آ گئے اور کافروں کے لیے ذلیل وخوار کرنے والا عذاب ہے۔

قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ۔۱۰؎

ترجمہ۔ (ہود) نے کہا یقینا تمہارے رب کی طرف سے تم پر عذاب اور غضب نازل ہو گیا۔

وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْ بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ ۔۱۱؎

ترجمہ۔ جب موسیٰ (علیہ السلام) اپنی قوم کی طرف لوٹے تو انہوں نے غضبناک ہو کر تاسف سے کہا تم نے میرے جانے کے بعد میرے پیچھے کیسے برے کام کیے۔

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۔۱۲؎

ترجمہ۔ لوگ تنگی اور فراغی (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں اور غصے کو ضبط کرنے والے ہیں اور لوگوں سے درگزر کرنے والے ہیں اور نیکوکاروں سے اللہ محبت کرتا ہے۔

وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَآئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ

یَغۡفِرُوۡنَ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ جولوگ کبیرہ گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں اور جب وہ غضبناک ہوں تو معاف کردیتے ہیں۔

وَ جَزٰٓؤُا سَیِّئَۃٍ سَیِّئَۃٌ مِّثۡلُہَا ۚ فَمَنۡ عَفَا وَ اَصۡلَحَ فَاَجۡرُہٗ عَلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیۡنَ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ برائی کا بدلہ اس کے برابر برائی ہے تو جس نے معاف کیا اور کام سنوارا تو اس کا اجر اللہ پر ہے، بیشک وہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔

وَلَمَنۡ صَبَرَ وَ غَفَرَ اِنَّ ذٰلِکَ لَمِنۡ عَزۡمِ الۡاُمُوۡرِ۔ ۱۵؎

ترجمہ۔ جو صبر کرے اور معاف کردے تو بے شک یہ ضرور ہمت کے کاموں سے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادات:

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! طاقت ور وہ نہیں جو کسی کو پچھاڑ دے بلکہ طاقت ور تو وہ ہے جو غصہ میں خود پر قابو پالے۔ ۱۶؎

عروہ بن محمد السعدی اپنے والد سے اور وہ اپنی دادی عطیہؓ سے روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! غضب شیطان سے ہے اور شیطان آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور آگ کو صرف پانی سے بجھایا جاتا ہے، پس جب تم میں سے کوئی شخص غضبناک ہو تو وہ وضو کرے۔ ۱۷؎

حضرت ابوذر غفاریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تم میں سے کوئی شخص غضب میں آئے اور وہ کھڑا ہو تو بیٹھ جائے اگر اس کا غضب دور ہو گیا تو فبہا ورنہ وہ لیٹ جائے۔ ۱۸؎

حضرت سلیمان بن صردؓ بیان کرتے ہیں، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تو وہاں دو اشخاص ایک دوسرے کو برا بھلا کہہ رہے تھے اور ان کے چہرے غصے سے سرخ تھے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مجھے ایک ایسے کلمہ کا علم ہے کے اگر وہ کلمہ یہ شخص پڑھ لے تو اس کا غضب جاتا رہے گا یعنی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔۱۹؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا! مجھے کچھ وصیت کیجئے اور مجھے زیادہ احکامات نہ بتائے کیونکہ مجھے زیادہ احکامات یاد نہیں رہیں گے آپ ﷺ مجھے کم سے کم باتیں بتائے تاکہ میں بھول نہ جاؤں، آپ ﷺ نے فرمایا! تم غضب نہ کرو۔۲۰؎

حضرت معاذ بن انس جنسیؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص اپنے غضب کے تقاضوں کو پورا کرنے پر قادر ہو اور وہ اپنا غضب ضبط کرلے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس شخص کو تمام لوگوں کے سامنے بلائے گا اور اس کو یہ اختیار دے گا کے وہ جو حور چاہے لے لے۔۲۱؎

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس نے اپنا غضب دور کیا اللہ تعالیٰ اس سے اپنے عذاب کو دور کردے گا اور جس نے اپنی زبان کی حفاظت کی اللہ تعالیٰ اس کے عیوب پر پردہ رکھے گا۔۲۲؎

حضرت عبداللہ بن عمر بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! کسی گھونٹ پینے کا ثواب اللہ تعالی کے یہاں اتنا زیادہ نہیں ہے جتنا اللہ تعالی کی رضا کے لئے غصہ کا گھونٹ پینے کا ہے ۔۲۳؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا کے غصے سے پرہیز کرو کیونکہ یہ شیطان کی فوجوں میں سے ایک بڑی فوج ہے۔ غصے کی حالت میں کبھی بھی فیصلے نہ کرو۔

جاہل اپنی چھ خصلتوں کی بناء پر پہنچانا جاتا ہے۔

۱۔ بلا سبب غصہ۔

۲۔ بلا فائدہ بولنا۔

۳۔ بغیر حق کے انعام دینا۔

۴۔ دوست اور دشمن کو نہ پہچاننا۔

۵۔ افشائے راز۔

۶۔ اور ہر کسی پر بھروسہ کرنا۔

غیظ وغضب میں آئے شخص سے ہٹ دھرمی نہ کرو کیونکہ اس طرز عمل سے اس کا غصہ مزید بڑھے گا اور پھر وہ کبھی بھی راہ راست کی جانب نہیں پلٹے گا۔

غصہ انسان کے اندر چھپے کینے کو ظاہر کر دیتا ہے۔

عقلمند کا غصہ اس کے عمل سے جبکہ جاہل کا غصہ اس کی گفتگو سے ظاہر ہوتا ہے۔

غصے کا آغاز دیوانگی سے جبکہ اس کا اختتام پشیمانی پر ہوتا ہے۔

کبھی بھی غصہ کرنے میں جلدی نہ کرو کیونکہ ایسا کرنے سے غصہ عادت بن کر تمھاری گردن پر مسلط ہو جائے گا۔ بادشاہوں کا غصہ موت کا پیغامبر ہوتا ہے۔ ۲۴؎

نفسیاتی پہلو

تاریخ انسانی کے مطالعہ سے یہ معلوم ہوا کے دنیا کی تعمیر اور تخریب میں انسانی کلام کا براہ راست عمل دخل پوری طاقت اور توانائی کے ساتھ ہر دور میں موجود رہا، دنیا کی ہر ترقی اور خوشحالی کے پیچھے بھی انسان کی نرمی گفتار، نیک نیتی، خلوص، محبت اور بھائی چارے کے احساسات پنہاں تھے جبکہ ہر قسم کی چھوٹی بڑی جنگیں چاہے وہ جنگ عظیم اول (۱۹۱۸۔ ۱۹۱۴) ہو یا جنگ عظیم دوم (۱۹۴۵۔ ۱۹۳۹)، یا اٹھارویں صدی کا انقلاب فرانس ہو یا بیسویں صدی کا انقلاب روس، یا پھر انقلاب ایران (۱۹۷۹ء) کے جس میں امام خمینی کے ہاتھوں ایران کے ڈھائی ہزار سالہ دور بادشاہت کا خاتمہ ہو، یا پھر قہر خداوندی المعروف چنگیز خان اور ہلاکو خان کی آدھی سے زائد دنیا کی فتوحات اور ان مفتوحہ علاقوں کی اینٹ سے اینٹ

بجانے کی نفرت انگیز داستان ان سب کے پیچھے انسان کا غیظ و غضب اور غم و غصے کے شدید ترین جذبات ہی کارفرما رہے۔

دین اسلام فرد کے ذاتی معاملات میں غم و غصے کے اظہار کو سخت ناپسند کرتے ہوئے اسے عفو درگزر کا حکم دیتا ہے اگر چہ غصے کے اظہار کی مشروط اجازت ہے لیکن حکم یہ ہے!

مسلمان کا غصہ اللہ کے دشمنوں کے لئے ہونا چاہئے یعنی جن لوگوں پر اللہ تعالی غضب ناک ہے ان پر مسلمان کو بھی غیظ و غضب کا اظہار کرنا چاہئے۔

انسان خیر اور شر کی قوتوں کا مجموعہ ہے نا تو وہ مکمل خیر ہے کہ فرشتوں کی صف میں جا کھڑا ہو اور ناہی وہ مکمل شر ہے کہ شیاطین میں اس کا شمار ہونے لگے۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کے دنیا میں آنے کا اصل مقصد یہی تھا کہ وہ بنی نوع انسانیت کو یہ پیغام دے سکیں کہ تمھارے اندر موجود دونوں قوتوں میں سے ایک یعنی شر کو اپنے کنٹرول میں رکھنا اور خیر کی قوت کو عام کرنا تاہم اگر انسان کے اندر سے غیظ و غضب مکمل طور سے ختم ہو جائے تو وہ بے غیرت ہو جائے گا کیونکہ اگر کوئی شخص اللہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا پھر اس کے بزرگوں کی شان میں گستاخی کرے اور اسے یہ برا نہ لگے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس کی غیرت رخصت ہوگئی لہذا غصے کا آنا بھی ضروری ہے لیکن یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ وہ کب کتنا اور کس قدر ہونا چاہئے۔

ماہرین کے مطابق! غیظ و غضب یا غصہ ایک منفی ہیجان ہے۔ اس کو احساس محرومی یعنی (Frustration) کا نارمل جوابی عمل (Response) بھی کہا جا سکتا ہے۔ فرد کی آزادی پر جب بھی ناروا پابندیاں عائد ہوتی ہیں تو ردعمل کے نتیجے میں فرد اپنے غصے کا اظہار کرتا۔

الفریڈ ایڈلر نے غصے کی تعریف اس طرح بیان کی ہے کے غصہ دوسروں پر برتری یا غلبہ حاصل کرنے کی حالت یا کیفیت کا نام ہے یہ ہیجان (Emotions) واضح طور پر یہ ظاہر کرتا ہے کہ غصہ کرنے والے کا حقیقی مقصد اپنی راہ میں حائل تمام دشواریوں اور رکاوٹوں کو دور کرنا ہے تاہم اس طرز عمل سے غصہ کرنے والا فرد یہ سمجھتا ہے کہ وہ اپنے مدمقابل پر باآسانی غالب

آ جائے گا۔

*-Clinical Psychologist کا یہ ماننا ہے! اکثر بے حد معمولی باتیں سنگین نوعیت اختیار کر جاتی ہیں کیونکہ ان نہایت معمولی باتوں کو غیر مہذبانہ انداز سے بیان کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے رائی کا پہاڑ بن جاتا ہے۔

غیظ و غضب کے موقع پر انسان کی دل کی دھڑکن اور دوران خون تیز ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے دل یا دماغ کی شریانوں کے پھٹنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں یہی نہیں بلکہ سانس کی تیزی، منہ کا مضبوطی سے بند ہونا، مٹھیوں کا بھینچنا، عضلات میں اینٹھن وغیرہ تو ظاہری علامات ہیں لیکن انسان کے اندرونی نظام میں جگر سے شکر کی زائد مقدار کا خون میں شامل ہونا ،اعصابی تناؤ، نظام انہضام کی بے ترتیبی، خون میں ایڈرینالین کی مقدار میں اضافہ جو ممکنہ کشمکش کی صورت میں جسم کو صدمہ پہنچنے سے روکتی ہے اور یہ ہیجانی کیفیات اس وقت تک کنٹرول میں نہیں آتی جب تک زائد کاربوہائیڈریٹ اور زائد قوت کا اخراج عمل میں نہ آ جائے۔ سگمنڈ فرائیڈ کے مطابق! جب انسان اپنے لاشعور میں موجود غلط تصورات اور ناپسندیدہ خیالات سے چھٹکارا پانا چاہتا ہے تو یہ صورت فطری توانائی یا Psychic Energy کی راہ میں رکاوٹ بنتی ہیں جس کی وجہ سے غصے کے جذبات پیدا ہوتے ہیں اس کے لئے فرائیڈ نے تحلیل نفسی یعنی Psychoanalysis کا طریقہ دریافت کیا فرائیڈ کو تحلیل نفسی کا بانی بھی کہا جاتا ہے۔ فرائیڈ کا یہ ماننا ہے کے نوجوانوں کے بے شمار مسائل کا تعلق ان کے بچپن کی ناآسودہ جنسی خواہشات کی عدم تکمیل کا نتیجہ ہیں ایسی ہی کئی خواہشات شعوری سطح پر آنے کے بعد تسکین پذیر ہونا چاہتی تھیں لیکن شعور انھیں ایسا کرنے سے باز رکھنے کی کوشش کرتا ہے اس طرح سے شعور اور لاشعور میں ایک تصادم کی کیفیت پیدا ہوتی ہے جس کے نتیجے میں تشویش، خوف، غم و غصے کے جذبات پیدا ہوتے ہیں جس سے انسانی شخصیت کے کئی زاویوں میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔

فرائیڈ کے مطابق! نا آسودہ جنسی خواہشات ہی تمام نفسیاتی بیماریوں کی اصل وجہ ہیں وہ مزید کہتا ہے کے خواب لاشعور میں جھانکنے والے روشن دان ہیں اور یہی وہ راستہ ہے جو لاشعور تک جاتا ہے۔

تحلیل نفسی میں ان ہی لاشعوری خواہشات کو جاننے کے لئے خوابوں کی تحلیل کی جاتی ہے اور فرد کے روزمرہ کے معمولات کا تجزیہ بھی کیا جاتا ہے اس طریقہ میں نا آسودہ خواہشات کو شعوری سطح پر لایا جاتا ہے اس کے ساتھ ہی مریض میں یہ بصیرت بھی پیدا کی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے مسائل کو سمجھتے ہوئے انھیں مثبت انداز سے حل کر سکے۔

فرائیڈ کے اس نظریے کے بعد مشرقی یورپ کی ریاست ہنگری سے تعلق رکھنے والے فرانز الیگزینڈر نے ۱۹۳۰ء میں Psycho Metic Medicins تیار کیں جو ایسے تمام مریضوں کے لئے موثر ہیں جو شعوری طور پر اپنے جذبات کو دبا کر ہائی بلڈ پریشر میں مبتلا ہوجاتے ہیں اگرچہ انسانی جسم پر غصے کے اثرات سے متعلق تحقیقات ابھی جاری ہیں لیکن یہ بات واضح ہے کے اس قسم کے ہیجان اور برانگیختگی کی کیفیت میں اگر غصے یا جذبات کا اظہار نہ کیا جائے تو جسم کا پورا اعصابی نظام متاثر ہوجاتا ہے۔

ماہرین کا یہ خیال ہے کہ زیادہ دیر تک غصے کو برداشت کرنے سے السر، دردسر، بے خوابی، ڈپریشن، منشیات کی عادت، کم یا زیادہ کھانے کی عادت، گھٹن، سینے کا کینسر، ہیجان اور بلڈ پریشر میں اضافہ ہوسکتا ہے تاہم زیادہ دیر تک غصے کو برداشت کرنے سے انسانی جسمانی ساخت اور اس کی ظاہری شکل وصورت میں بھی تبدیلی آسکتی ہے، ایسے افراد کے شانے عام طور پر جھکے ہوئے ہوتے ہیں جس کی وجہ سے گردن اور اس کے اردگرد کے پٹھوں میں درد اور تناؤ پیدا ہوتا ہے اور بعض اوقات یہ درد نا قابل برداشت بھی ہوجاتا ہے۔

غصہ کرنے سے انسان کی شخصی کشش ختم ہوجاتی ہے۔

لوگ اس سے دور ہوجاتے ہیں۔ اور اسے ناپسند کرتے ہیں۔

درست فیصلے کی صلاحیت کم یا ختم ہوجاتی ہے۔
دماغی، اعصابی کمزوری واقع ہوتی ہے۔
بے شمار جسمانی، ذہنی، دماغی اور نفسیاتی عوارض لاحق ہوجاتے ہیں۔
حالات سے مقابلے کی سکت کم یا ختم ہوجاتی ہے۔
منفی سوچ کے غلبے کے سبب اس کے لئے ماحول یا افراد سب کے سب ناقابل برداشت ہوجاتے ہیں۔غصہ سے نبٹنا کچھ آسان نہیں لیکن ناممکن بھی نہیں۔

احتیاطی تدابیر:

گہرے سانس کی مشق، مراقبہ، عبادت کی پابندی، پاکی طہارت کا خیال، راضی بہ رضا رہنا، صبر وشکر ادا کرنا، کائنات کے نظام میں غور وفکر کرنا، اللہ تعالی کی طرف سے آنے والی صورت حال کا دل جمعی سے مقابلہ کرنا اور نتیجہ اللہ پر چھوڑ دینا، مناسب انداز سے اپنی بات کو کہنے کا سلیقہ، شدید غصے کے وقت سر یا کان اور کنپٹی کا مساج، تحمل سے لوگوں کو سننا، درگزر کی عادت کو اپنانا، خاموشی کی عادت کو اپنانا، اچھی کتابوں کا مطالعہ جو انسان کی سیرت اور کردار کی نشونما میں اہم کردار ادا کریں وغیرہ۔
صوفیاء کرام کے مطابق! اگر کسی شخص کو بہت زیادہ غصہ آجائے تو اسے چاہئے کہ وہ دس مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ لے اس کا غصہ ختم ہوجائے گا یہ ایک مجرب عمل ہے۔
حضرت تمیم الداریؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم منقہ کھایا کرو کیونکہ یہ بہترین غذا ہے یہ تھکن کو دور کرتا ہے، غصہ کو ٹھنڈا کرتا ہے، اعصاب کو مضبوط کرتا ہے، چہرے کو خوبصورت بناتا ہے، چہرے کی رنگت کو نکھارتا ہے، جسم سے بلغم کو خارج کرتا ہے، کمزوری کو دور کرتا ہے، مزاج کو خوشگوار بناتا ہے، سانس کو خوشبودار بناتا ہے اور غم (ٹینشن، ڈپریشن، ذہنی دباؤ، اسٹریس اور غم وغصے) کو دور کرتا ہے۔ ۲۵؎
اگر آپ ہر وقت غصے میں رہیں گے اور لوگوں سے شکوے شکایات کرتے رہیں گے تو پھر

لوگوں کے پاس آپ کے لئے وقت نہیں ہوگا۔(اسٹیفن ہاکنگ)

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زنیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔

۳۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زنیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔

۴۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۵۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۱۳۴۔

۶۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔ ۳۷۔

۷۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔ ۵۳۔

۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۶۱۔

۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۹۰۔

۱۰۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۱۷۔

۱۱۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۱۵۰۔

۱۲۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۱۳۴۔

۱۳۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔ ۳۷۔

۱۴۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔ ۴۰۔

۱۵۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔ ۴۳۔

۱۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۷۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۱۸۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۱۹۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۲۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۲۱۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۲۲۔المعجم الاوسط ۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف ۔ریاض ۱۴۰۵ھ۔دارالفکر بیروت ۔۱۴۲۰ھ۔

۲۳۔ابن ماجہ ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر ۔بیروت ۔

۲۴۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران ۔۱۴۲۴ھ۔

۲۵۔حلیۃ الاولیاء ۔امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہائی (متوفی ۴۳۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۔

۱۰۔التوانی۔سہل پسندی۔کاہلی۔سستی

کاہلی اور سستی وقت اور عمر کو ضائع کر دیتی ہے۔(حضرت علیؑ)

سہل۔عربی زبان کا لفظ ہے،جو(س۔ھ۔ل) سے **مشتق** ہے۔ا؎
سہل۔سے مراد نرم چیز۔
سہل پسندی۔سے مراد آرام طلبی یا محنت سے جی کو چرانا۔
کہل،عربی زبان کا لفظ ہے،جو(ک۔ھ۔ل) سے **مشتق** ہے۔۲؎
الکھل۔کے معنی ادھیڑ عمری۔
کہل۔سے مراد انسانی صلاحیتوں کا انحطاط۔۳؎
کاہلی۔سے مراد سستی اور انتہا درجے کی سہل پسندی۔محنت سے جی چرانا۔

ارشادات خداوندی:

اَمۡ لِلۡاِنۡسَانِ مَا تَمَنّٰی۔۴؎
ترجمہ۔کیا انسان کے لیے وہ کچھ ہوتا ہے جس کو وہ تمنا کرتا ہے؟
وَاَنۡ لَّیۡسَ لِلۡاِنۡسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی۔۵؎
ترجمہ۔یہ کہ ہر انسان کا اسی کا عوض ملے گا جو اس نے کوشش کی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص تین جمعے سستی کی وجہ سے چھوڑ دیتا ہے،اللہ تعالی اس کے دل پر مہر لگا دیتا ہے۔۶؎

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! محرومیت کا ایک سبب کاہلی بھی ہے۔

کاہلی اور سستی وقت اور عمر کو ضائع کر دیتی ہے۔ کاہلی کے سبب انسان سب کچھ کھو دیتا ہے سستی اور کاہلی محرومی کے اسباب ہیں۔ بہت سی امیدیں محرومی کا سبب بن جاتی ہیں۔ ۷؎

نفسیاتی پہلو

بے مقصد زندگی:

بغیر مقصد زندگی گزارنے والے انسان دونوں ہاتھوں سے وقت اور اپنی توانائیوں کو ضائع کرتے ہیں ان کو نا تو وقت کی قدر ہوتی ہے اور نا ہی اپنے وجود کی اہمیت کا احساس۔ ایسے افراد اکثر یہ سوچتے ہیں کے ان کی زندگی کی نا تو کوئی اہمیت ہے اور نا ہی کوئی قدر اور اگر وہ دنیا میں نہ آئے ہوتے تو دنیا میں کون سا فرق پڑ جاتا یہ احساس ان کے اندر سستی اور کاہلی کو شدت سے پیدا کرتے ہیں۔

جذبہ رقابت:

سست اور کاہل انسان میں جذبہ رقابت بھی پایا جاتا ہے کیونکہ وہ خود تو اپنی کاہلی اور سستی کی وجہ سے دنیا سے بہت پیچھے رہ جاتا ہے کیونکہ محض خیالی پاؤ پکاتے رہنے سے مقاصد تو حاصل نہیں ہوتے دوسری جانب تن آسان اور کاہل افراد اپنے ہی عزیز و اقارب، بھائی بہن اور دوست احباب کی ترقی سے خائف رہتے ہیں اور ان افراد کی کامیابی اور نعمتوں کو دیکھ کر ان میں حسد اور جذبہ رقابت پیدا ہوتا ہے۔

غیر لچک دار سوچ:

سست اور کاہل افراد غیر لچکدار سوچ کے مالک بھی ہوتے ہیں کیونکہ وہ دنیا کو اپنی ہی عینک سے دیکھنے کے عادی ہوتے ہیں چنانچہ حقیقت پسندی، سچائی، زمینی حقائق، زندگی کی تلخیوں اور لوگوں کے برے رویوں پر سخت سیخ پا ہوتے ہیں یہی نہیں بلکہ ہر وقت دوسروں پر تنقید اور دنیا کے ہر فرد سے انھیں بڑی شکایات بھی ہوتی ہیں ایسے افراد خواب و خیال کی دنیا میں رہتے ہیں جس دنیا کا حقیقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہوتا ہے لہٰذا ایسے افراد اپنی قیمتی زندگی کو سوتے،

روتے، شکوے اور شکایات کرتے گزار دیتے ہیں۔

وسائل کی کمی:

وسائل کی کمی اور غربت سے پیدا ہونے والے مسائل بھی سستی اور کاہلی کی ایک وجہ ہو سکتے ہیں لیکن غربت اور وسائل کی کمی تو آدھی سے زائد دنیا کے افراد کو درپیش ہے لیکن آدھی سے زائد دنیا کے افراد اپنی مستقل مزاجی اور مسلسل محنت سے خود کو درپیش مسائل سے نکالنے میں کامیاب بھی ہو جاتے ہیں اگرچہ غربت اور وسائل کی کمی ایک حقیقت ہے لیکن تاریخ ایسے ہزاروں واقعات سے بھری پڑی ہے جہاں نہایت غریب افراد مسلسل محنت اور مشقت سے اپنے حالات کو بہتر بنانے میں کامیاب ہو گئے۔

پابندیوں کا سامنا:

بعض اوقات فرد میں بے تحاشا صلاحیتیں، مہارت اور ذہانت ہوتی ہے لیکن سماج کا غیر لچکدار رویہ، بلاوجہ کی روک ٹوک یا معاشی مشکلات کے سبب وہ جو چاہتا ہے اسے حاصل نہ کرنے کی وجہ سے بھی اس میں سستی اور کاہلی پیدا ہو جاتی ہے۔

علامات:

سست اور کاہل افراد میں احساس محرومی، مایوسی، اداسی، غم و غصے، اعصابی دباؤ کی کیفیات موجود ہوتی ہیں وہ، لڑائی جھگڑے، مار پیٹ، اور اکثر اپنی بے بسی اور بے چارگی کا رونا روتے ہیں۔ اکثر یہ اپنے بچپن میں لوٹ جاتے ہیں اور بچگانہ حرکات اور کم عمر نظر آنے کی کوشش کرتے ہیں، بسا اوقات یہ اپنی ناکامیوں کا سارا ملبہ دوسروں کے سر منڈھ دیتے ہیں یہ لوگ خیالات کی دنیا میں کھوئے رہتے ہیں کیونکہ خیالات کی دنیا ہی وہ واحد پناہ گاہ ہے جہاں ہر فرد جو چاہتا ہے وہ کر لیتا ہے لہٰذا خیالی دنیا میں ایسے افراد بہت پرسکون رہتے ہیں۔

احتیاطی تدابیر اور رہنمائی:

سست اور کاہل افراد کے لئے ضروری ہے کے وہ مثبت طرز فکر کو اپنائیں اس کے ساتھ ساتھ

عبادت کی پابندی، یکسوئی، سانس کی مشقیں، مراقبہ، کائنات میں تفکر، اپنی ذمہ داریوں کو ایمانداری سے نبھانا، اپنے آپ کو مصروف رکھنا، وقت کی پابندی، صبر وشکر کے جذبات اور راضی بہ رضا رہنا ان کے لئے بہت ضروری ہے۔

تن آسانی:

رومی کہتے ہیں کے راہ خدا پر چلنا کوئی آسان کام نہیں یہ انتہائی درجے کی قوت ارادی، مضبوط اور بلند مقاصد کے حصول، مستقل مزاجی، بہادری، شجاعت اور دلیری کا کام ہے بلند حوصلہ اور بہادر انسان ہی مشکلات کا مردانہ وار مقابلہ کرتے ہیں۔ سست اور تن آسان شخص کبھی بھی شیر خدا نہیں بن سکتا ہے۔ ۸؎

بقول اقبال!

لوگ آسان سمجھتے ہیں مسلمان ہونا

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر

۴۔سورہ نجم۔آیت۔ ۲۴۔

۵۔سورہ نجم۔آیت۔ ۳۹۔

۶۔۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (متوفی ۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ۔

۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔

۸۔تشبیہات رومی۔مرتب۔ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم۔ص۔۱۳۱۔ادارہ ثقافت اسلامیہ پاکستان لاہور۔۱۹۵۹ء۔

۱۱۔الخصومۃ۔دشمنی۔عداوت

ہنسی مذاق دشمنی کی ابتداء ہے۔(حضرت علیؑ)

عداوت۔عربی زبان کا لفظ ہے،جو(ع۔د۔و) سے مشتق ہے۔۱؎

عدو۔عربی زبان میں عدو دشمن کو کہتے ہیں۔

عدو۔کے متضاد صدیق(دوست) یا ولی(دوست) ہے۔

عدو۔کے معنی حد سے بڑھنا ہے۔

عدوان۔سے مراد عدل وانصاف کے تقاضے پورے نا کرنا۔

عدوان۔سے مراد بزور اور بدترین طریقہ یا حد سے تجاوز کرنا۔۲؎

عداوۃ۔کا متضاد مودت ہے۔

قرآن کریم میں عدوان کا متضاد تقویٰ آیا ہے۔

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ۔۳؎

ترجمہ۔کسی قوم کے ساتھ عداوت تمہیں اس پر نہ اکسائے کے انہوں نے تمہیں مسجد حرام میں آنے سے روک دیا تھا تو تم ان کے ساتھ زیادتی کرو اور تم نیکی اور تقوی پر ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور ظلم میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ سخت سزا دینے والا۔

ارشادات خداوندی:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ

وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ۔ ۴؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ، تم ان کو دوستی کا پیغام بھیجتے ہو۔حالانکہ انھوں نے اس حق کا انکار کیا ہے جو تمھارے پاس آیا۔

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ۔ ۵؎

ترجمہ۔ جو ایمان سے منکر ہوا تو اس کی محنت ضائع ہوئی اور وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا۔

۔تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ

ترجمہ۔تم اللہ کی حدود سے تجاوز نہ کرو اور جنہوں نے اللہ کی حدود سے تجاوز کیا تو وہی لوگ ظالم ہیں۔ ۶؎

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ۔

ترجمہ۔اے ایمان والو! یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ وہ ایک دوسرے کے دوست ہیں تم میں سے جو ان کو دوست بنائے گا وہ ان ہی میں (شمار) کیا جائے گا بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ ۷؎

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۚ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ۔ ۸؎

ترجمہ۔ بنی اسرائیل میں سے جنھوں نے کفر کیا، ان پر داؤد اور عیسٰی بن مریم کی زبان سے لعنت کی گئی کیونکہ انھوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے تجاوز کرتے تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی کو سب سے زیادہ ناپسند وہ شخص ہے جو سخت جھگڑالو ہو۔ ۹؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یہود اور نصاریٰ کو سلام میں پہل نہ کرو اور جب تم ان میں سے کسی سے راستے میں ملو تو انھیں تنگ راستے پر چلنے پر مجبور کرو۔ ۱۰؎

حضرت انسؓ بن مالک روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم اپنے معاملات میں مشرکین سے مشورہ نا کرو۔ ۱۱؎

حضرت سمرة بن جندبؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مشرکین (اللہ کے دشمنوں) کے ساتھ سکونت نہ کرو اور نہ ان کے ساتھ جمع ہو۔ جس نے (اللہ کے دشمنوں) ان کے ساتھ سکونت رکھی یا ان کے ساتھ جمع ہوا وہ ان کی مثل ہے۔ ۱۲؎

حضرت ابو الدرداؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کیا میں تمھیں وہ بات نہ بتاؤں جو درجے میں روزے، نماز اور زکوۃ سے بڑھ کر ہے؟ لوگوں نے کہا! کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! آپس میں صلح کرا دینا اور آپس کی لڑائی اور پھوٹ تو سر منڈنے والی ہے یعنی نیکیوں کا صفایا کر دینے والی ہے۔ ۱۳؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! جو اللہ کے بندوں پر ظلم کرتا ہے اللہ اس کا دشمن ہے۔ ۱۴؎

بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دوست وہی ہے جو کے اللہ کا اطاعت گزار ہو بھلے ہی اس کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نسبت دور کی ہی کیوں نہ ہو جبکہ بلاشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دشمن ہے وہ شخص جو اللہ کا نافرمان ہو اور بھلے ہی وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قرابت دار ہی کیوں نہ ہو۔

ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اپنے باپ، بھائیوں اور چچاؤں (اللہ اور اسلام ے دشمنوں) کو قتل کرتے تھے تو یہ صرف ہمارے ایمان میں اضافہ کا سبب ہوتا تھا اور ہم ان کو قتل کرنے کی وجہ سے حق کی وسیع شاہراہ پر درد کی تلخیوں پر صبر کرتے تھے اور دشمن کے ساتھ جہاد میں سنجیدہ

کوشاں رہتے تھے۔ دشمنوں کے تحفے قبول کرنے سے بچے رہو۔
دشمنی دین کو برباد کر دیتی ہے۔
سب سے بڑا دشمن وہ ہے جس کا مکر وفریب سب دشمنوں سے زیادہ اور خفیہ ہو۔
ہنسی مذاق دشمنی کی ابتداء ہے۔
انسان کا اپنے دشمن سے انتقام لینے کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ وہ اپنی خوبیوں میں اضافہ کرے۔
اپنے دشمن سے بطور آزمائش مشاورت کرلو تاکہ اس کی دشمنی کی مقدار کا تمھیں اندازہ ہوجائے
اپنے دشمن کے کسی عمل کو ہرگز معمولی نہ سمجھو۔
چار چیزوں کا تھوڑا بھی بہت ہے۔
۱۔آگ۔
۲۔دشمنی۔
۳۔بیماری۔
۴۔فقیری۔
جو دشمنی کے بیج بوتا ہے وہ گھاٹے کی فصل کاٹتا ہے۔۱۵؎

نفسیاتی پہلو

دین اسلام نے تمام مسلمانوں کو ایک نہایت اہم کلیہ اور طریقہ سیکھایا ہے اور وہ یہ کے تمام مسلمانوں کی دوستی، دشمنی، محبت اور نفرت صرف اور صرف اللہ کے لئے ہونی چاہئے جبکہ آپس کی دشمنی اور نفرت کو اسلام نہایت سختی سے مسترد کرتے ہوئے باہمی محبت، مودت اور اتحاد واتفاق کی ہدایت فرماتا ہے۔
اس کی سب سے بڑی نفسیاتی وجہ یہ ہے کے نفرت یا دشمنی میں انسان کی نہایت طاقت، توانائی اور قیمتی وقت کا ضیاع ہوتا ہے مسلمانوں کو آپس میں بھائی بھائی بنایا گیا ہے تاکہ وہ ایک

دوسرے کے ساتھ خیر خواہی، ہمدردی اور پیار و محبت کا سلوک کرتے رہیں جبکہ اللہ، اسلام اور مسلمانوں کے دشمنوں کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند آپس میں مضبوطی سے جڑ جائیں اور اللہ کے دشمنوں کے ساتھ سختی سے مقابلہ کریں تاکہ دشمنوں کی جڑ کٹ کر رہ جائے۔ لیکن اس کلیہ کی خلاف ورزی کرنے والے انسان اپنی طاقت، توانائی اور اعلیٰ صلاحیتوں کو خود اپنے ہی خلاف استعمال کرتے ہوئے شدید ذہنی انحطاط اور اپنی شخصیت کو ناقابل تلافی نقصانات پہنچاتے ہیں۔

شمس تبریز لکھتے ہیں! انسان جس لمحے دشمنی، نفرت، جلن، حسد اور جھگڑے کی زد میں ہوتا ہے گویا وہ اس دم جہنم کی آگ کی لپیٹوں میں ہوتا ہے۔

بقول شاعر!

میرا اس شہر عداوت میں بسیرا ہے جہاں   لوگ سجدوں میں بھی لوگوں کا برا سوچتے ہیں

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر

۳۔سورہ مائدہ۔آیت۔ ۲۔

۴۔سورہ الممتحنہ۔آیت۔ ا۔

۵۔سورہ مائدہ۔آیت۔ ۵۔

۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۲۹۔

۷۔سورہ مائدہ۔آیت۔ ۵۱۔

۸۔سورہ مائدہ۔آیت۔ ۷۸۔

۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۰۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۱۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۱۳۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۴۔غررالحکم۔
۱۵۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۱۲۔فتنہ وفساد

جو فتنہ وفساد کی آگ بھڑکائے گا وہ خود ہی اس کی لپیٹ میں آ جائے گا (حضرت علیؑ)

فساد فی الارض (دہشت گردی)

فتن ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ف ۔ت ۔ن) سے مشتق ہے۔ا؎

فتن ۔ کے بنیادی معنی سونے یا چاندی کو آگ میں جلانا تا کہ اس کا کھوٹ الگ ہو جائے

دینار مفتون ۔ سے مراد وہ دینا جو آگ میں جلایا گیا۔

فتنہ۔ کے معنی عذاب، مصیبت اور جنگ کے ہیں ۔ ۲؎

فتنہ۔ کے ایک معنی گمراہ کرنے کے بھی ہیں ۔ ۳؎

ارشادات خداوندی:

فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَاۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۔ ۴؎

ترجمہ۔اے ہمارے رب! ہم کو ظالم لوگوں کے ذریعہ آزمائش (فتنہ) میں مبتلا نہ کر۔

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ۭ كُلَّ مَا رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۔۵؎

ترجمہ۔ایک اور قسم کے منافق تم دیکھو گے جو چاہتے ہیں تم سے بھی امن میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی، جب کبھی وہ فساد کی طرف لوٹائے جاتے ہیں تو اس میں کود پڑتے ہیں۔

اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۔۶؎

ترجمہ۔ کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کے ان کو ہر سال ایک یا دو مرتبہ آزمائش میں ڈالا جاتا ہے پھر بھی وہ توبہ نہیں کرتے اور نہ ہی نصیحت قبول کرتے ہیں۔

فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفَاتِنِيْنَ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ۔۷؎

ترجمہ۔ پس بے شک تم اور جنہیں تم پوجتے ہو، کسی کو گمراہ نہیں کر سکتے، مگر اسی کو جو دوزخ میں جانے والا ہے۔

وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ۔۸؎

ترجمہ۔ آپ اللہ کے نازل کیے ہوئے (احکام) کے موافق ان کے درمیان فیصلہ کریں اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں اور ان سے ہوشیار رہیں، کہیں یہ آپ کو بہکا نہ دیں جو اللہ نے آپ پر اتارا ہے، پھر اگر یہ منہ موڑیں تو جان لیجئے کہ اللہ کا ارادہ انہیں مصیبت میں مبتلا کرنے کا ان کے بعض گناہوں کی پاداش میں، اور لوگوں میں بہت سے نافرمان ہیں۔

وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ۔۹؎

ترجمہ۔ قریب تھا کے وہ آپ کو اس چیز سے لغزش دے دیتے جس کی ہم نے آپ کی طرف وحی فرمائی ہے۔

وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ۨانْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۔۱۰؎

ترجمہ۔ اگر اس پر کوئی آزمائش آجائے تو وہ منہ کے بل پلٹ جاتا ہے۔

وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۣ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ ۔۱۱؎

ترجمہ۔ ہم نے (موسیٰ) کی کئی طرح آزمائش کی۔

وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ۖ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ

اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔ان سے جہاد کرتے رہو حتیٰ کے فتنہ (شرک) نہ رہے اور اللہ ہی کا دین رہ جائے۔

وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ان کے خلاف جنگ کرتے رہو حتیٰ کے کفر (کا غلبہ) نہ رہے اور پورا دین (صرف) اللہ کے لیے ہو جائے، پھر اگر یہ باز آ جائیں تو اللہ ان کے اعمال دیکھنے والا ہے۔

فساد۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ف۔س۔د) سے مشتق ہے۔ ۱۴؎

لحم فاسد۔سے مراد سڑا ہوا بدبودار گوشت۔

فساد۔کا متضاد صلاح ہے۔

فساد۔کے معنی توازن کا بگڑ جانا یا بے ترتیبی (Disorder)۔ ۱۵؎

قرآن کریم میں مفسدین کے مقابلے میں مصلحین کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

ارشادات خداوندی:

وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِى الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ۔ ۱۶؎

ترجمہ۔اس کی یہ کوشش ہوتی ہے کے زمین میں فساد برپا کرے اور کھیتوں کو (برباد) اور جانوروں کو ہلاک کرے اور اللہ فساد کو پسند نہیں فرماتا۔

فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ۔ ۱۷؎

ترجمہ۔پس تم پورا پورا ناپ اور تول کرو اور لوگوں کو کم تول کر ان کی چیزیں نہ دو اور زمین کی اصلاح کے بعد اس میں فساد نہ کرو۔

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ۔ ۱۸؎

ترجمہ۔لوگوں کی چیزیں کم نہ کرو اور زمین میں فساد پھیلاتے ہوئے حد سے تجاوز نہ کرو۔

قَالَتْ إِنَّ الْمُلُوكَ إِذَا دَخَلُوا قَرْيَةً أَفْسَدُوهَا وَجَعَلُوا أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً ۖ وَكَذَٰلِكَ يَفْعَلُونَ ۔۱۹۔

ترجمہ۔اس نے کہا بادشاہ جب کسی شہر میں داخل ہوتے ہیں تو اس کو اجاڑ دیتے ہیں اور اس کے معززین کو رسوا کر دیتے ہیں اور وہ (بھی) ایسا ہی کریں گے۔

قَالُوا تَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتُم مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْأَرْضِ وَمَا كُنَّا سَارِقِينَ ۔۲۰۔

ترجمہ۔انہوں نے کہا اللہ کی قسم! تم کو خوب معلوم ہے کہ ہم زمین میں فساد کرنے نہیں آئے اور نہ ہم چور ہیں۔

فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۔۲۱۔

ترجمہ۔پس تم اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو اور زمین میں فساد نہ پھیلاتے پھرو۔

إِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْأَرْضِ وَجَعَلَ أَهْلَهَا شِيَعًا يَسْتَضْعِفُ طَائِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ أَبْنَاءَهُمْ وَيَسْتَحْيِي نِسَاءَهُمْ ۚ إِنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ ۔۲۲۔

ترجمہ۔بے شک فرعون (اپنے) ملک میں سرکش تھا اور اس نے وہاں کے لوگوں کو گروہوں میں بانٹ رکھا تھا وہ ان میں سے ایک گروہ کو کمزور قرار دے کر ان کے بیٹوں کو ذبح کر دیتا تھا اور ان کی عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتا تھا بے شک وہ فساد کرنے والوں میں سے تھا۔

كُلُوا وَاشْرَبُوا مِن رِّزْقِ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۔۲۳۔

ترجمہ۔اللہ کے رزق سے کھاؤ اور پیو اور زمین میں فساد کرتے ہوئے نہ پھرو۔

وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ۔۲۴۔

ترجمہ۔اللہ کی راہ میں ان سے لڑو جو تم سے لڑیں اور زیادتی نہ کرو، بے شک اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيَاتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ۔

ترجمہ۔ان لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کی تکذیب کی وہی لوگ دوزخی ہیں ،وہ ہمیشہ اس دوزخ میں رہیں گے۔۲۵؎

لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا فَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ۔

ترجمہ۔آسمان اور زمین میں اللہ کے سوا معبود ہوتے تو وہ ضرور درہم برہم ہوجاتے سو اللہ جو رب العرش ہے وہ ان چیزوں سے پاک ہے جو یہ مشرکین بیان کرتے ہیں۔۲۶؎

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ يُخَادِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ۔۲۷؎

ترجمہ۔بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو یہ کہتے ہیں کے ہم اللہ اور آخرت پر ایمان لائے حالانکہ وہ مومن نہیں بلکہ وہ ایمان لانے والوں کے ساتھ دھوکے بازی کررہے ہیں،مگر وہ خود ہی اپنے ساتھ دھوکے بازی کررہے ہیں جس کا انھیں شعور ہی نہیں ان کے دلوں میں ایک بیماری ہے جسے اللہ نے اور بڑھادیا ہے وہ جھوٹ بولتے ہیں جس کے نتیجے میں انھیں سخت عذاب دیا جائے گا جب کبھی ان سے یہ کہا جاتا ہے کے تم زمین پر فساد کیوں کرتے ہوتو وہ یہ کہتے ہیں کے ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں ۔خبردار! درحقیقت یہ ہی لوگ فسادی ہیں لیکن انھیں اس کا شعور نہیں ۔

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ۔۲۸؎

ترجمہ۔لوگوں کو ان کی چیزیں کم کرکے نہ دو،اور زمین میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔

یخادعون۔کا لفظ خدع سے بنا ہے،خدع کے معانی کسی شخص کے ساتھ کئے ہوئے مکروفریب یا

سازش کو خفیہ رکھ کر اس سے خیر خواہی اور ہمدردی کا اظہار کرنا۔
یعنی ایک فریق کا دوسری فریق کو دھوکہ دینا۔
اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُوا كَمَا آمَنَ النَّاسُ قَالُوا أَنُؤْمِنُ كَمَا آمَنَ السُّفَهَاءُ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ وَلَٰكِن لَّا يَعْلَمُونَ۔۲۹؎

ترجمہ۔جب ان سے کہا گیا! اس طرح سے ایمان لاؤ جس طرح اور لوگ ایمان لائے ہیں تو انھوں نے کہا کے کیا ہم اس طرح سے ایمان لائیں جس طرح سے بے وقوف ایمان لائے ہیں؟ سنو یہی لوگ بے وقوف ہیں لیکن انھیں اس کا علم نہیں۔

اللہ کے یہاں بغاوت کی سزا بہت جلدی اور ظلم کی سزا بہت دیر میں ہے، بلاشبہ بغاوت اور جھوٹ انسان کو دین اور دنیا میں تباہ و برباد کر دیتے ہیں اور عیب جوئی کرنے والوں کے عیوب کو ظاہر کر دیتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا أَن يُقَتَّلُوا أَوْ يُصَلَّبُوا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُم مِّنْ خِلَافٍ أَوْ يُنفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ۚ ذَٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ۔۳۰؎

ترجمہ۔ان لوگوں کی سزا جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لڑتے ہیں اور زمین میں فساد پھیلانے کے لئے دوڑے دوڑے پھرتے ہیں بس یہی ہے کے وہ قتل کر دئے جائیں یا سولی دے دئے جائیں یا ان کے ہاتھ اور پیر الٹے سیدھے کاٹ دئے جائیں (سیدھا ہاتھ اور الٹا پیر) یا انھیں ملک سے نکال دیا جائے یہ ذلت تو ان کے لئے دنیا کی زندگی میں ہے اور آخرت میں ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔

قُلْ إِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْإِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ

وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطَانًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۔ ۳۱ے

ترجمہ۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! ان سے کہو کے میرے رب نے جو چیزیں حرام کی ہیں وہ تو یہ ہیں۔

۱۔ بے شرمی کے کام (چاہے کھلے ہوں یا چھپے)۔ ۲۔ گناہ (کبیرہ، صغیرہ)۔

۳۔ بغاوت (حق کے خلاف زیادتی)۔ ۴۔ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا (شرک)۔

۵۔ اور یہ کے اللہ کے نام پر کوئی ایسی بات کہنا جس کے متعلق تمھیں علم نہ ہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میں دیکھتا ہوں کے تمھارے گھروں میں فتنے اس طرح سے گر رہے ہیں جس طرح بارش کے قطرے گرتے ہیں۔ ۳۲ے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم پر ایک ایسا وقت آنے والا ہے جس میں ہر آنے والا دن تمھارے آج سے بدتر ہوگا حتیٰ کے تم اپنے رب سے جاملوگے۔ ۳۳ے

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ بن ابی طالب نے فرمایا! تم میں سے کوئی ہرگز یہ نہ کہے اے اللہ! میں تجھ سے فتنہ و آزمائش سے پناہ چاہتا ہوں اس لئے کے ایسا کوئی نہیں ہے، جو فتنوں کی لپیٹ میں نہ ہو بلکہ اگر کوئی پناہ مانگے تو گمراہ کرنے والے فتنے سے اللہ کی پناہ مانگے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ۔

ترجمہ۔ جان لو کے تمھارا مال اور تمھاری اولاد فتنہ ہیں۔

اس کے معنی یہ ہیں کے اللہ لوگوں کی آزمائش مال اور اولاد کے ذریعے سے کرتا ہے تا کہ یہ ظاہر ہو جائے کے کون اپنی روزی پر ناراض ہے اور کون اپنی قسمت پر شاکر ہے۔

کتنے ایسے لوگ ہیں کہ جنھیں نعمتیں دے کر رفتہ رفتہ عذاب کا مستحق بنایا جاتا ہے اور کتنے ہی

لوگ ایسے ہیں جو اللہ کی طرف سے گناہوں کی پردہ پوشی سے دھوکا کھائے ہوئے ہیں اور کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جو اپنے بارے میں اچھے الفاظ سن کر بلاء و آزمائش میں پڑ گئے جو فتنہ کی آگ بھڑکائے گا وہ خود ہی اس کی لپیٹ میں آجائے گا۔ فتنہ فساد کا جاری رہنا سب سے زیادہ عظیم مصیبت اور بلا ہے۔ فتنہ رنج و غم کے ساتھ ہوتا ہے۔

آپؑ نے فرمایا! میری جان کی قسم مستقبل میں ایسے فتنے اٹھ کھڑے ہوں گے جن کی آگ میں مومن ہلاک ہوں گے اور غیر مسلم ان سے بچے رہیں گے۔

جو بغاوت کی تلوار کھنچتا ہے وہ اسی سے قتل کر دیا جاتا ہے۔

بغاوت شر ہے۔ بغاوت نعمتوں کو سلب کر دیتی ہے۔ بغاوت کے ساتھ ہرگز کوئی کامیابی نہیں بغاوت بلاؤں کو دعوت دیتی ہے۔ باغیوں کے لئے عذاب عظیم ہے۔

سب سے جلدی بغاوت، غداری اور جھوٹی قسم کی سزا ملتی ہے۔

بغاوت اچھے اچھوں کو پچھاڑ دیتی ہے۔ بغاوت موت کو قریب تر کر دیتی ہے۔

کتنی قریب ہیں باغیوں اور طاغیوں کی سزائیں۔

آپ نے فرمایا! میری جان کی قسم! مستقبل میں ایسے فتنے اٹھ کھڑے ہوں گے جن کی آگ میں مومن ہلاک ہوں گے اور غیر مسلم ان سے بچے رہیں گے۔

ائے لوگو! امت کے بڑے حصے کے پابند رہو بلاشبہ اللہ کی حمایت جماعت کے ساتھ ہے اور تفرقہ سے دور رہو کیونکہ لوگوں سے الگ تھلگ رہنے والا شیطان کے لئے اسی طرح ہوتا ہے جیسے گلے سے الگ ہوجانے والی بھیڑ، بھیڑئے کے لئے ہوتی ہے۔

شیطان تمھارے مستحکم اجتماعات میں تفرقہ ڈال دیتا ہے اور تفرقہ کے ذریعہ فتنہ اور فساد پیدا کر دیتا ہے۔ آپؑ نے ایک دستے کو دشمن کی طرف بھیجتے ہوئے یہ نصیحت کی کے تفرقہ اور اختلاف سے پرہیز کرنا جب منزل اختیار کرنا تو ایک ہی جگہ اترنا اور جب کوچ کرنے کا وقت ہو تو سب ایک ساتھ کوچ کرنا۔

تفرقہ اہل باطل کا شیوہ ہے بھلے ہی وہ تعداد میں کتنے ہی زیادہ کیوں نہ ہوں جبکہ اتحاد و ہم آہنگی اہل حق کا طریقہ ہے اگر چہ وہ تعداد میں کم ہی کیوں نہ ہوں۔ ۳۴؎

حضرت علیؓ نے اپنے فرزند حضرت امام حسنؓ سے فرمایا! تم کسی کو جنگ کی دعوت نہ دینا لیکن جب کوئی للکار دے تو فوراً جواب دے دینا کیونکہ جنگ کی دعوت دینے والا باغی ہوتا ہے اور باغی بہرحال ہلاک ہونے والا ہے۔ ۳۵؎

نفسیاتی پہلو

سیکیٹرین ازم یا کمیونل ازم:

Sectarianism or Communalism:

یہ دونوں اصطلاحات فرقہ واریت کے لئے استعمال کی جاتی ہیں لیکن کمیونل ازم کی اصطلاح خاص طور سے ہندوستان کے دو مذہبی جماعتوں یا گروہوں کے لئے استعمال کی گئی جبکہ سیکیٹیرین ازم کی اصطلاح دو مذاہب کے تصادم کے لئے نہیں بلکہ ایک ہی مذہب کے فرقوں میں تصادم یا اختلافات کے لئے استعمال کی جاتی ہے جیسے کے عیسائیت میں کیتھولک یا پروٹسٹنٹ فرقوں کی لڑائیاں یا مسلمانوں میں شیعہ سنی اختلافات وغیرہ۔

ویسے تو ہر مذہب کے اندر فرقے اور اختلافات پیدا ہوتے رہتے ہیں تفرقہ یا فرقہ کا مطلب پھوٹ ڈالنا جو کسی بھی مذہب میں اچھا نہیں سمجھا جاتا ہے لیکن فرقے مذہب کے پھیلاؤ اور وقت کی تبدیلیوں کے سبب پیدا ہوتے ہیں یعنی کوئی بھی مذہب جب اپنے وطن سے نکل کر دوسرے علاقوں میں جاتا ہے تو اسے وہاں کی ثقافت، رسم ورواج اور عادات کے تحت بدلنا پڑتا ہے لہٰذا مذہب کی ثقافتی حیثیت پر معاشرے اور ملک میں بدلتی رہتی ہے۔

قانون نافذ کرنے والے ادارے جب ایک بار فسادات میں ملوث ہوجاتے ہیں تو ان کے کردار میں ظلم وتشدد آجاتا ہے اور وہ معاشرے کے ہر فرد کو مجرم سمجھتے ہوئے ان کے ساتھ غیر انسانی سلوک کرتے ہیں ان فسادات میں خواتین کی ایک بڑی تعداد بڑی شدت سے متاثر

ہوتی ہے کیونکہ انھیں بربریت کا نشانہ بنانے کا یہی مقصد ہوتا ہے کے ان کی پوری کمیونٹی کو بے عزت کیا جارہا ہے۔

موجودہ دور میں بوسنیا کی مثال پیش کی جاسکتی ہے جہاں خواتین کوتشدد اور بربریت کا نشانہ بنایا گیا ظالم اور مخالف فرقہ نے اس تشدد سے مظلوموں کو یہ پیغام دیا کہ وہ کس قدر لاچار و مجبور اور بے بس ہیں کہ اپنی عزتوں کی حفاظت تک نہیں کر سکتے ہیں یہ عمل طاقت، تسلط اور مردانگی کے اظہار کا ایک طریقہ ہے۔جس سے نفرت اور مخالفت میں شدید اضافہ ہوتا ہے لیکن خواتین اس بہیمانہ تشدد کے نتیجے میں اپنا دماغی توازن کھوبیٹھتی ہیں یا ان کی اکثریت خودکشی کو ترجیح دیتی ہے پھر معاشرہ بھی انھیں ہمدردی کے لائق نہیں سمجھتا اور وہ بغیر کسی وجہ کے عبرت کا نشان بن جاتی ہیں تاریخ کے مطالعے سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ فرقہ وارانہ فسادات، معاشرے کو تباہ و برباد، ویران، پسماندہ اور افراد کی زندگیوں کو بے معنی بنا دیتے ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔

۳۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔

۴۔سورہ یونس۔آیت۔ ۸۵۔

۵۔سورہ النساء۔آیت۔ ۹۱۔

۶۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۱۲۶۔

۷۔سورہ الصّف۔آیت۔ ۱۶۰۔ ۱۶۳۔

۸۔سورہ مائدہ۔آیت۔ ۴۹۔

۹۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔ ۷۳۔

۱۰۔سورہ الحج۔آیت۔ ۱۱۔

۱۱۔سورہ طٰحہ۔آیت۔ ۴۰۔

۱۲۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۹۳۔
۱۳۔سورہ انفال۔آیت۔ ۳۹۔
۱۴۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۱۵۔القاموس المحیط۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دارا حیاء التراث۔
۱۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۰۵۔
۱۷۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۸۵۔
۱۸۔سورہ الشعراء۔آیت۔ ۱۸۳۔
۱۹۔سورہ النمل۔آیت۔ ۳۴۔
۲۰۔سورہ یوسف۔آیت۔ ۷۳۔
۲۱۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۷۴۔
۲۲۔سورہ القصص۔آیت۔ ۴۔
۲۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۶۰۔
۲۴۔سورہ بقرہ۔آیت۔ ۱۹۰۔
۲۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۳۹۔
۲۶۔سورہ الانبیاء۔آیت۔ ۲۲۔
۲۷۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۸۔ ۱۲۔
۲۸۔سورہ الشعراء۔آیت۔ ۱۸۳۔
۲۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۳۔
۳۰۔سورہ مائدہ۔آیت۔ ۳۳۔
۳۱۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۳۳۔
۳۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۴۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔
۳۵۔نہج البلاغہ (خطبات حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم)۔مطبوعہ ایران ومطبوعہ کراچی۔

۱۳۔الجہل ۔ جہالت

جاہل کے سامنے دلیل لانا آسان ہے لیکن اس کا اس دلیل کو قبول کرنا مشکل ہے

(حضرت علیؑ)

جہل ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ج۔ھ۔ل) سے مشتق ہے۔۱؎

الجہل ۔سے مراد ناواقفیت۔

جاہل ۔ایسا شخص جو کسی بھی امر کی واقفیت کو حاصل کئے بغیر پیش قدمی کرے۔

جہل کی اقسام

امام راغب اصفہانی نے جہل کی درج ذیل تین اقسام بیان کی ہیں ۔

۱۔انسان کا ذہن علم سے خالی ہونا(یہی جہل کے بنیادی معنی ہیں)۔

۲۔کسی بھی بات کے متعلق اس کی درست کیفیات کے برخلاف اعتقاد رکھنا۔

۳۔کسی بات کو درست طریقے کے بجائے غلط طریقے سے کرنا۔۲؎

جہل ۔کی ضد علم ہے۔

جہل ۔کے معنی ہلکا پن اور بے اطمینانی کے ہیں ۔

مجھل ۔سے مراد ایسی زمین جس پر راستے کا نشان نہ ہو اور اس وجہ سے صحیح راستے کا نا ملنا۔

الجھول ۔سے مراد ایسا سادہ لوح یا ناتجربہ کار انسان جو جلد کسی دھوکے میں آجائے۔۳؎

جاھل ۔یہ لفظ ناواقفیت کے لئے بھی آتا ہے یعنی کسی چیز کی مذمت کرنا۔

قبل از اسلام اہل عرب کے لئے جاھلیۃ یہ لفظ استعمال کیا جاتا تھا اس کے معنی یہ نہیں کے اہل عرب مطلق جاہل تھے بلکہ اس کے معنی ہیں کہ وہ دین سے ناواقف تھے۔

قرآن کریم میں جہالت کے مقابلے میں سلام کا لفظ آیا ہے۔۴؎

ارشادات خداوندی:

وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِیَّةِ الْاُوْلٰی۔۵؎

ترجمہ۔ اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور قدیم جاہلیت کی طرح اپنے بناؤ سنگھار کی نمائش نہ کرنا

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ هَوْنًا وَاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُوْنَ قَالُوْا سَلَامًا ۔۶؎

ترجمہ۔رحمان کے بندے وہ ہیں جو زمین پر آہستگی سے چلتے ہیں اور جب ان سے جاہل بحث کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں بس سلام ہو۔

وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ سَلَامٌ عَلَیْكُمْ لَا نَبْتَغِی الْجَاهِلِیْنَ ۔۷؎

ترجمہ۔ جب وہ کوئی بے ہودہ بات سنتے ہیں تو اس سے کنارہ کش ہو جاتے ہیں اور کہتے ہیں کے ہمارے اعمال ہمارے لئے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لئے ہیں، تم پر سلام ہو ہم جاہلوں سے (بحث کرنا)۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عورتوں کے اس بناؤ سنگھار کو دیکھ لیتے جو عورتوں نے اب ایجاد کر لیے ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کو (مساجد میں نماز پڑھنے) سے منع فرما دیتے جس طرح بنو اسرائیل کی عورتوں کو مساجد میں نماز پڑھنے سے منع کر دیا گیا تھا۔۸؎

حضرت ام حمیدؓ بیان کرتی ہیں، میں نے عرض کیا! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ہمارے شوہر ہم کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھنے سے منع کرتے ہیں اور ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھنا چاہتے ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تمہارا گھروں میں نماز پڑھنا بیرونی کمروں میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور تمہارا بیرونی کمروں میں نماز پڑھنا حویلیوں میں نماز پڑھنے سے بہتر

ہے اور تمہارا حویلیوں میں نماز پڑھنا جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔۹؎
حضرت ام سلمہؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! عورتوں کی سب بہتر نماز وہ ہے جو ان کے گھروں کے اندرونی حصہ میں ادا کی جائے۔۱۰؎
علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی (متوفی۔۸۵۵ھ) نے لکھا ہے! جاہلیت سے مراد قبل از اسلام کی جہالت جہاں کفار کی جہالت بہ کثرت تھیں۔۱۱؎
حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری امت میں چار خصلتیں زمانہ جاہلیت کی ہیں جن کو لوگ ہرگز ترک نہیں کریں گے۔
۱۔نوحہ کرنا۔
۲۔حسب اور نسب میں طعن کرنا۔
۳۔مرض کو از خود متعدی بیان کرنا جیسے کے یہ یقین کرنا کے اگر ایک اونٹ کو خارش ہوئی تو اس سے دوسرے اونٹ کو بھی خارش ہو گی تاہم پہلے اونٹ میں خارش کس نے پیدا کی؟۔
۴۔یہ گمان کرنا کے فلاں ستاروں کے سبب بارش ہوئی۔۱۲؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! جہالت سے زیادہ لا علاج بیماری کوئی اور نہیں۔جہالت گمراہی ہے۔
دنیا کو دیکھتے ہوئے اس پر بھروسہ کرنا جہالت ہے۔
جو جاہل کی صحبت اختیار کرنے والے کی عقل کم ہو جاتی ہے۔
جاہل کا غصہ اس کی باتوں میں اور عقلمند کا غصہ اس کے عمل میں ہوتا ہے۔
سب سے بڑا جاہل وہ ہے جو کے ایک پتھر سے دو دفعہ ٹھوکر کھائے۔
جاہل کے سامنے دلیل لانا آسان ہے لیکن اس کا اس دلیل کو قبول کرنا مشکل ہے۔
جاہل اپنی چھ خصلتوں کی بناء پر پہنچانا جاتا ہے۔

۱۔ بلا سبب غصہ۔
۲۔ بلا فائدہ بولنا۔
۳۔ بغیر حق کے انعام دینا۔
۴۔ دوست اور دشمن کو نہ پہچاننا۔
۵۔ افشائے راز۔
۶۔ ہر کسی پر بھروسہ کرنا۔

جاہلوں کی اطاعت جہالت کی دلیل ہے۔ جاہل بدترین دوستوں میں سے ایک ہے۔

بدترین مصیبت جہالت ہے۔

جہالت کی کثرت انسان کو تباہ و برباد کر دیتی ہے۔

جاہل کی رائے بے کار ہے۔

بعض جہالتیں علم سے بہتر ہوتی ہیں۔

جہالت ہر برائی کی جڑ۔ جہالت ایک خطرناک ترین مرض ہے۔

جاہل کو اس چیز سے وحشت محسوس ہوتی ہے جس سے دانش مند کو انسیت محسوس ہوتی ہے۔

جاہل ایک ایسا پتھر ہے کے جس سے کبھی پانی کے سوتے نہیں پھوٹ سکتے ہیں اور وہ ایک ایسا درخت ہے کے جس کی لکڑیاں کبھی سبز نہیں ہو سکتی ہیں اور وہ ایک ایسی زمین ہے کے جس پر کبھی سبزہ نہیں اگ سکتا ہے۔

سب سے بڑی جہالت یہ ہے کے انسان خود اپنے بارے میں انجان رہے۔

انجان چیزوں کے دشمن نہ بنو کیونکہ اکثر علم انھی چیزوں میں ہوتا ہے جنھیں تم نہیں جانتے ہو۔

جہالت شدید ترین مصیبتوں میں سے ایک مصیبت ہے۔

بہت زیادہ غلطیاں حد درجہ جہالت کا پتا دیتی ہیں۔

جاہل کو جن چیزوں سے رغبت ہوتی ہے تم ان سے دوری اختیار کرو۔

جاہل کی نعمتیں جیسے جیسے بڑھتی جائیں گی اس کے اندر کی برائی بھی بڑھتی جائے گی۔
احمق کا دل اس کے منہ میں جبکہ عاقل کی زبان اس کے دل میں ہوتی ہے۔
احمق کو دوست نہ بناؤ کیونکہ اگر وہ تمھیں فائدہ بھی پہنچانا چاہے گا لیکن پھر بھی وہ تم کو نقصان ہی پہنچادے گا،لہٰذا احمقوں کا سکوت ان کے کلام سے بہتر، ان کی دوری ان کی قربت سے بہتر، اور ان کی موت ان کی زندگی سے بہتر ہے۔
طبیعت میں ٹھہراؤ عین عقل ہے جبکہ طبیعت میں تندروئی عین حماقت ہے۔
عقلمندی اور حماقت انسان پر غلبہ پانے کے لئے ہمیشہ لڑتی رہتی ہیں یہاں تک جب وہ ۱۸ سال کا ہوجاتا ہے تو ان دونوں میں سے جو بھی زیادہ ہوتی ہے وہ اس پر غالب آجاتی ہے
جب آپ سے پوچھا گیا کے احمق کون ہے تو آپ نے فرمایا کے دنیا سے فریب کھانے والا جبکہ وہ اس کے تغیرات کا مشاہدہ بھی کرتا ہے۔ احمق کی صحبت عذاب روح ہے۔
بے وقوف عورت سے شادی کرنے سے بچو کیونکہ اس سے پیدا ہونے والی اولاد بے کار ہوتی ہے۔ بیوقوف عورتوں سے اپنے بچوں کو دودھ نہ پلاؤ کیونکہ دودھ کے اثرات طبیعت پر غالب رہتے ہیں۔ بے وقوفی ایک ایسا مرض ہے جو لا علاج ہے، یہ ایک ایسی بیماری ہے جو کبھی نہیں چھوٹتی ہے۔ بے وقوفی ایک بدبختی ہے۔
انسان کی حماقت تین چیزوں سے پہچانی جاتی ہے۔
۱۔ ایسی باتیں جو اس کی مطلب کی نہ ہوں۔
۲۔ ایسی باتوں کا جواب جو اس سے پوچھی ہی نہ گئی ہوں۔
۳۔ اور ہر طرح کے کاموں میں بلا جھجک کود پڑنا۔
ہلاکت خیز کاموں میں ہاتھ ڈالنا حماقت ہے۔ احمق کا دوست پریشانی میں مبتلا رہتا ہے۔
احمق کی فقیری کو دولت بھی ختم نہیں کرسکتی ہے۔ احمق سے ترک تعلق دور اندیشی ہے۔
علم اور اہل علم کو صرف احمق اور جاہل ہی کمتر سمجھتا ہے۔

احمقوں کی محبت اور دوستی اس طرح سے ختم ہوتی ہے جس طرح سراب یا بدلیاں چھٹتی ہیں۔ ۱۳؎

نفسیاتی پہلو

دنیا کے تمام مسائل کی دو ہی وجوہات ہیں ۔ ا۔غربت ۔ ۲ جہالت ۔

غربت اور مسائل میں گھرا انسان صحیح اور غلط کے درمیان فرق کو بھول جاتا ہے اور اپنی غربت سے تنگ آ کر وہ جرائم کی جانب متوجہ ہوتا ہے تاہم غربت وافلاس کی وجہ سے اقوام افراد اور مما لک کو بعض اوقات نا قابل تلافی نقصانات اٹھانے پڑتے ہیں۔

جہاں تک جہالت کا تعلق ہے تو جہالت کی اصطلاح خاصی وسیع ہے بعض پڑھے لکھے ڈگری ہولڈرز بھی جاہل ہوتے ہیں تاہم کسی بھی مضمون کا ماہر دوسرے مضامین جن سے وہ ناواقف ہے جاہل ہی تصور کیا جائے گا چنانچہ دنیا کا ہر شخص جاہل ہے کیونکہ وہ مکمل علوم پر دسترس نہیں رکھتا اور یہی وہ نکتہ ہے جہاں سے مسائل سر اٹھاتے ہیں بالفرض ایک شخص بہت پڑھا لکھا ہے لیکن اس کو دین کا علم نہیں تو وہ شخص دینی اعتبار سے جاہل تصور کیا جائے گا۔

جہالت ایک بہت بڑی لعنت اور نہایت خطرناک مرض ہے۔

جہالت کے سبب دنیا میں کئی خطرناک جنگیں بپا ہوئیں جس میں کروڑوں اور اربوں کی تعداد میں لوگ ہلاک ہوئے۔

جہالت کی وجہ سے لوگ کئی بیماریوں میں مبتلا ہو کر یا تو عمر بھر کے لئے معذور ہو گئے یا پھر جان سے چلے گئے۔

جہالت کی وجہ سے بے شمار لوگ دشمنی کی نظر ہو گئے ۔

جہالت کی وجہ سے کئی لوگ قتل کر دئے گئے ۔

جہالت کی وجہ سے بے شمار لوگوں بالخصوص خواتین اپنے حقوق سے محروم کر دی گئیں ۔

جہالت کی وجہ سے ترقی پذیر مما لک دنیا سے بہت پیچھے رہ گئے ۔

جہالت کی وجہ سے دنیا بھر میں بے روزگاری کی شرح میں اضافہ ہوا۔
جہالت کی وجہ سے کئی وبائی امراض کے سبب ہزاروں افراد لقمہ اجل بنے۔
جہالت کی وجہ سے سماجی جرائم جس میں قتل، چوری، ڈکیتی، اغوا، ملاوٹ، سود اور رشوت معاشرے کی جڑوں میں سرائیت کر گئے۔
جہالت کی وجہ سے نجانے کتنے لوگ جادو اور بدعملیات کی نظر ہو گئے اور اپنی قیمتی جان اور مال سے بھی محروم ہو گئے۔
جہالت کی وجہ سے نجانے کتنے ہی لوگوں نے اپنی بیٹیوں کو زمین میں زندہ دفن کر دیا۔
جہالت کی وجہ سے اللہ کی زمین پر کتنا فتنہ اور فساد بپا ہوا۔ جہالت کی وجہ سے ہی نجانے کتنے لوگ جہنم واصل ہوں گے۔
جہالت کی وجہ سے کتنے ہی لوگ مشرک ہو گئے۔
جہالت کی وجہ سے ہی نجانے کتنے لوگ گستاخ اور نافرمان ہو گئے۔
الغرض جہالت کی وجہ سے ہونے والی تباہی کی ایک طویل اور ناختم ہونے والی فہرست ہے جس نے افراد، اقوام اور سماجی اقدار کو ناقابل تلافی نقصانات پہنچائے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔
۲۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۔القاموس المحیط۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث۔
۴۔لغات القرآن۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔
۵۔سورہ احزاب۔آیت۔۳۳۔
۶۔سورہ فرقان۔آیت۔۶۳۔
۷۔سورہ القصص۔آیت۔۵۵۔

۸۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۹۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی۔
۱۰۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۱۱۔عمدۃ القاری۔علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی (متوفی۔۸۵۵ھ)۔دار الکتب العلمیہ۔
۱۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۳۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۱۴۔الظلم۔ظلم

جو اپنی رعایا پر ظلم کرتا ہے، اللہ اس کی حکومت کو زائل کردیتا ہے
اور اس کی تباہی اور بربادی میں جلدی کرتا ہے۔(حضرت علیؑ)

ظلم۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ظ۔ل۔م) سے مشتق ہے۔۱؎
ظلم۔کے معنی کسی دوسرے کی ملکیت میں ناجائز تصرف یا حد سے زیادہ تجاوز۔
بعض آئمہ لغات نے لکھا ہے کے ظلم کے معنی نقص اور کم کرنا ہے۔
ظلم۔کے معنی کسی شے کو اس کے اصل مقام سے ہٹا دینا۔۲؎
ظلم۔سے مراد توازن کو بگاڑنا۔۳؎
ظلم۔کے معنی تاریکی یا چیزوں کو بے جگہ رکھنا۔۴؎
الظالم۔کی جمع الظالمون۔الظالمین اور الظلمۃ ہے۔۵؎

ارشادات خداوندی:

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ۔۶؎

ترجمہ۔تم جو اچھی چیزیں اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے تو اس کا تم کو پورا اجر دیا جائے گا اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ۔۷؎

ترجمہ۔اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے پھر ہر شخص کو اس کی کمائی کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا

وَأُولٰٓئِكَ اَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ۔۸؎

ترجمہ۔بے شک جن لوگوں نے کفر کیا ان کے مال اور ان کی اولاد ان کو اللہ (کے عذاب) سے ہرگز نہیں بچا سکیں گے وہ جہنمی ہیں اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا۔۹؎

ترجمہ۔جب ان پر اندھیرا چھا جاتا ہے تو کھڑے رہ جاتے ہیں۔

وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمَاتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ۔۱۰؎

ترجمہ۔ان کو ظلمات (اندھیروں) میں چھوڑ دیا۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ۔۱۱؎

ترجمہ۔ان کے لئے ایک نشانی رات ہے ہم اس سے دن کھینچ لیتے ہیں تو یکا یک وہ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں۔

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمَاتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ۔۱۲؎

ترجمہ۔مچھلی والے یونس کو یاد کیجیے جب وہ اپنی قوم پر غضب ناک ہو کر نکلے تو انہوں نے یہ گمان کیا کے ہم ہرگز ان پر تنگی نہیں کریں گے پھر انہوں نے تاریکیوں میں پکارا کہ تیرے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے تو پاک ہے، بے شک میں (ہی) زیادتی کرنے والوں میں سے تھا۔

وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظَّالِمِيْنَ بَعْضًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۔۱۳؎

ترجمہ۔ہم اس طرح سے بعض ظالموں پر بعض کو مسلط کر دیتے ہیں کیونکہ وہ معصیت کے کام کرتے تھے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ۔۱۴؎

ترجمہ۔اور جو لوگ کافر ہیں وہ ایک دوسرے کے رفیق ہیں، اگر تم یوں نہ کرو گے تو ملک میں فتنہ پھیلے گا اور بڑا فساد ہوگا۔

اللہ تعالی بعض انس اور جن کو آپس میں ایک دوسرے کا دوست اور مددگار بنا دیتا ہے اور ان کا یہ باہمی استفادہ اللہ تعالی کے علم سابق اور قضاء وقدر ے عین مطابق ہوتا ہے کیونکہ وہ جس چیز کا ارادہ کرتے تھے اللہ تعالی ان میں وہی چیزیں پیدا کر دیتا تھا اسی طرح سے اللہ تعالی بعض ظالموں کو بعض کا ولی ، مددگار اور کارساز بنا دیتا ہے۔

ظالم حکومت کا سبب عوام کا ظلم ہے

امام ابوبکر احمد بن حسین البیہقی (متوفی ۴۵۸ھ) اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں !

بنو اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے پوچھا کے آپ اللہ سے اللہ کے راضی اور ناراضی کی علامت پوچھیے۔تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ سے اس سوال کا جواب دریافت فرمایا اللہ نے جواب عنایت فرماتے ہوئے کہا ! اۓ موسیٰ انھیں بتاؤ کے جب ان کے اچھے لوگوں کو ان پر حاکم بناؤں تو میں ان سے راضی ہوں اور جب میں ان کے برے لوگوں کو ان پر حاکم بناؤں تو میں ان سے ناراض ہوں۔۱۵؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ! اللہ تعالی فرماتے ہیں ! اۓ میرے بندو ! میں نے ظلم کرنا اپنے اوپر حرام کیا ہے اور تمھارے درمیان بھی اسے حرام قرار دیا ہے اس لئے تم ایک دوسرے پر ظلم نا کرو۔۱۶؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ! ہم جس شخص کو کسی کام پر متعین کریں اور اسے اس پر تنخواہ بھی دیں تو وہ شخص جو اس سے مزید مال یعنی (رشوت یا فوائد) لے گا وہ خیانت ہوگی۔۱۷؎

کعب احبار بیان کرتے ہیں ! ہر زمانہ میں اللہ تعالی لوگوں کے دلوں کے مطابق بادشاہ مقرر کر دیتا ہے جب اللہ تعالی ان کی بہتری کا ارادہ کرتا ہے تو نیک بادشاہ مقرر فرماتا ہے اور جب

ان کی ہلاکت کا ارادہ فرماتا ہے تو عیش پسند بادشاہ ان پر مسلط فرماتا ہے۔۱۸؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں! جب اللہ تعالیٰ سی قوم کو سزا دینے کا ارادہ فرماتا ہے تو ان پر بدترین لوگوں کو حاکم بنادیتا ہے۔اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَمَآ اَصَابَکُمۡ مِّنۡ مُّصِیۡبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتۡ اَیۡدِیۡکُمۡ وَیَعۡفُوۡا عَنۡ کَثِیۡرٍ ۔۱۹؎

ترجمہ۔ جو مصیبت تمھیں پہنچتی ہے وہ تمھاری ہی شامت اعمال کا نتیجہ ہے اور تمھاری بہت سی خطاؤں کو وہ معاف کردیتا ہے۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جس نے باطل کی مددی اس نے حق پر ظلم کیا۔۲۰؎

ظلم دنیا میں ہلاکت اور آخرت میں تباہی ہے۔

جو اپنی رعایا پر ظلم کرتا ہے اللہ اس کی حکومت کو زائل کردیتا ہے اور اس کی تباہی اور بربادی میں جلدی کرتا ہے۔

جو اللہ کے بندوں پر ظلم کرتا ہے، بندوں کے علاوہ خدا بھی اس کا دشمن ہوجاتا ہے۔۲۱؎

نفسیاتی پہلو

ظلمت اس چیز کو کہتے ہیں جو دیکھنے سے منع کرتی ہے منافقوں کے لیے کئی ظلمات ہیں ظلمت کفر ظلمت نفاق اور ظلمت یوم قیامت جس دن مومنوں کا نور ان کے آگے اور ان کے دائیں جانب چمک رہا ہوگا' اور منافقوں کے سامنے اندھیرا ہوگا یا اس سے مراد ہے گمراہی کی ظلمت اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کی ظلمت اور دائمی عتاب کی ظلمت اور تمہاری تمام مانگی ہوئی چیزوں میں سے تم کو (بہت کچھ) عنایت کیا۔اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاِنۡ تَعُدُّوۡا نِعۡمَتَ اللّٰہِ لَا تُحۡصُوۡہَا اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَظَلُوۡمٌ کَفَّار ۔۲۲؎

ترجمہ۔ اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار نہ کرسکو گے بے شک انسان بہت ظالم اور ناشکرا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔المفردات ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۔القاموس المحیط ۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث ۔

۴۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۵۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۷۲۔

۷۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۸۱۔

۸۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۱۱۶۔

۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۰۔

۱۰۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۷۔

۱۱۔سورہ یٰسین۔آیت۔ ۳۷۔

۱۲۔سورہ الانبیاء۔آیت۔ ۸۷۔

۱۳۔سورہ انعام۔آیت۔ ۱۲۹۔

۱۴۔سورہ انفال۔آیت۔ ۷۳۔

۱۵۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۶۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۸۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۹۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔ ۳۰۔

۲۰۔غرر الحکم۔

۲۱۔تجلیات حکمت ۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۲۲۔سورہ ابراہیم۔آیت۔ ۳۴۔

۱۵۔الخمر۔شراب۔نشہ آور

چار چیزیں اگر کسی گھر میں داخل ہو جائیں تو وہ گھر کو ویران
کر کے چھوڑتی ہیں اور اس کے بعد وہ گھر کبھی آباد نہیں ہوتا۔
ا۔خیانت۔۲۔چوری۔۳۔شراب نوشی۔۴۔زنا۔حضرت علیؑ

شرب۔سے مراد پینا ہے۔
یشرب۔سے مراد سیراب ہونا۔
الشراب۔سے مراد ہر پینے کی چیز۔
المشرب۔سے مراد پانی۔پانی پینا۔پانی پینے کا گھاٹ۔
خمر۔عربی زبان کا لفظ ہے،جو(خ۔م۔ر) سے مشتق ہے۔ا
جس کے معنی ڈھانپ دینا یا چھپا دینا۔
الخمر۔سے مراد اوٹ۔آڑ۔پردہ۔
عربی زبان میں خمار،اوڑھنی کو کہتے ہیں۔
الخمر۔سے مراد ہر نشہ آور چیز جو عقل کو ڈھانپ دے۔
شراب کو الخمر اس لئے بھی کہا جاتا ہے کیونکہ وہ انسانی عقل کو ڈھانپ دیتی ہے۔۲
خمر۔سے مراد عرب انگور کے شیرے سے شراب بناتے تھے چنانچہ اس شراب کو وہ خمر کہتے تھے
عرب انگور کو بھی خمر کہتے ہیں۔۳

ارشاد خداوندی:

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۭ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۡ وَاِثْمُهُمَآ

اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ۔ ۴؎

ترجمہ۔لوگ آپ سے شراب اور جوئے کے متعلق سوال کرتے ہیں آپ کہیے کے ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لیے کچھ فائدے (بھی) ہیں اور ان کا گناہ ان کے فائدہ سے زیادہ بڑا ہے۔

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ ۔ ۵؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! نشہ کی حالت میں تم نماز کے قریب نہ جاؤ حتیٰ کے تم یہ جان لو کے تم کیا کہہ رہے ہو۔

قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۔ ۶؎

ترجمہ۔صالح نے کہا یہ اونٹنی ہے، ایک دن اس کے (پانی) پینے کا ہے اور ایک مقررہ دن تمہارے (پانی) پینے کا ہے۔

فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ۔ ۷؎

ترجمہ۔پس تم سخت پیاسے اونٹ کی طرح پینے والے ہو گے۔

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۚ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۚ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۔ ۸؎

ترجمہ۔اس جنت کا متقین سے وعدہ کیا گیا ہے اس میں ایسے دریا ہیں جن کا پانی متغیر نہیں ہوتا اور اس میں ایسے دودھ کے دریا ہیں جن کا ذائقہ متغیر نہیں ہوتا، اور اس میں ایسی شراب کے دریا ہیں جو پینے والوں کے لئے خوش ذائقہ ہیں اور اس میں صاف ستھرے شہد کے دریا ہیں اور اس میں ہر قسم کے پھل ہیں اور ان کے رب کی مغفرت ہے۔

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ

عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ-٩ ؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! شراب اور جوا اور بت اور فال کے تیر سب شیطان کے گندے کام ہیں سوان سے بچتے رہو تا کہ تم نجات پاؤ۔

وہ شراب اور جوئے کے سبب سے تمہارے درمیان بغض اور عداوت پیدا کر دے اور تمہیں اللہ کی یاد اور نماز سے روک دے تو کیا تم باز آنے والے ہو؟

حضرت عمرؓ نے جب یہ آیت سنی تو کہا! ہم باز آئے، ہم باز آئے۔

اس آیت میں شراب کی حرمت پر دس دلائل پیش کئے گئے ہیں:

۱۔شراب کا ذکر، جوئے، بتوں کے چڑھاؤوں کی جگہ اور بتوں کے پاس فال نکالنے کے تیروں کے ساتھ کیا ہے اور یہ سب حرام ہیں۔

۲۔شراب کو رجس یعنی (نجس) فرمایا اور ہر نجس چیز حرام ہے۔

۳۔شراب کو شیطانی کام فرمایا اور شیطانی کام حرام ہیں۔

۴۔شراب پینے سے اجتناب کا حکم دیا گیا ہے چنانچہ اس سے اجتناب کرنا فرض ہے اور جس سے اجتناب فرض ہو اس کا ارتکاب حرام ہے۔

۵۔حصول فلاح کو شراب سے اجتناب پر معلق فرمایا، اس لیے اس سے اجتناب فرض اور اس کا ارتکاب حرام ہوا۔

۶۔شراب کے سبب سے شیطان عداوت پیدا کرتا ہے اور عداوت حرام ہے اور حرام کا سبب بھی حرام ہوتا ہے چنانچہ شراب حرام ہے۔

۷۔شراب کے سبب سے شیطان بغض پیدا کرتا ہے اور بغض حرام ہے۔

۸۔شراب کی تاثیر سے شیطان اللہ کے ذکر سے روکتا ہے اور اللہ کے ذکر سے روکنا حرام ہے۔

۹۔شراب کی تاثیر سے شیطان نماز سے روکتا ہے اور نماز سے روکنا حرام ہے۔

۱۰۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا! کیا تم (شراب نوشی سے) باز آنے والے ہو؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان! کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے دنیا میں خمر (شراب) پی وہ آخرت میں اس سے محروم رہے گا۔ ۱۰؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، زنا کرتے وقت زانی میں ایمان (کامل) نہیں ہوتا اور خمر پیتے وقت شرابی میں ایمان (کامل) نہیں ہوتا اور چوری کرتے وقت چور میں ایمان (کامل) نہیں ہوتا۔ ۱۱؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، میں حضرت ابوعبیدہؓ، حضرت ابوطلحہؓ اور حضرت ابی بن کعبؓ کو آدھی پکی کھجوروں اور چھواروں کی شراب پلا رہا تھا کے ایک آنے والے نے کہا کے خمر کو حرام کر دیا گیا تو حضرت ابوطلحہؓ نے کہا، اے انسؓ اٹھو اور اس تمام شراب کو انڈیل دو حضرت ابو مالک اشعریؓ نے بیان کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! عنقریب میری امت میں ایسے لوگ ہوں گے جو زنا، ریشم، خمر اور آلات موسیقی کو حلال کہیں گے اور عنقریب کچھ لوگ پہاڑ کے دامن میں رہیں گے جب شام کو وہ اپنے جانوروں کا ریوڑ لے کر لوٹیں گے اور ان کے پاس کوئی فقیر اپنی حاجت لے کر آئے گا تو کہیں گے کل آنا۔ اللہ تعالیٰ پہاڑ گرا کر ان کو ہلاک کر دے گا اور دوسرے لوگوں (زنا، شراب اور آلات موسیقی کو حلال کرنے والوں) کو مسخ کر کے قیامت کے دن بندر اور خنزیر بنا دے گا۔ ۱۲؎

حضرت عمر بن الخطابؓ بیان کرتے ہیں! عمرؓ نے دعا کی! اے اللہ! خمر کے متعلق شافی حکم بیان فرما تو سورہ البقرہ کی یہ آیت نازل ہوئی۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَ الْمَيْسِرِ ۔ ۱۳؎

حضرت عمرؓ نے پھر دعا کی تو یہ آیت نازل ہوئی

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى ۔ ۱۴؎

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منادی نے نداء کی کے کوئی شخص نشہ کی حالت میں نماز کے قریب نہ جائے۔

حضرت عمرؓ نے پھر دعا کی! اے اللہ! خمر کے متعلق شافی حکم نازل فرما تو یہ آیت نازل ہوئی۔

فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ۔۱۵؎

حضرت عمرؓ نے کہا کے ہم باز آ گئے۔۱۶؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہر وہ چیز جو عقل کو ڈھانپ لے وہ خمر ہے اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے اور جس شخص نے کسی نشہ آور چیز کو پیا اس کی چالیس دن کی نمازیں ناقص ہو جائیں گی اگر اس نے توبہ کی تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمالے گا اور اگر اس نے چوتھی بار شراب پی تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اس کو طینۃ الخبال سے پلائے، پوچھا گیا کے طینۃ الخبال کیا ہے؟ آپ نے فرمایا کے جہنمیوں کی پیپ۔۱۷؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

اللہ تعالیٰ نے خمر پر لعنت فرمائی ہے اور خمر پینے والے پر، پلانے والے پر، بیچنے والے پر، خریدنے والے پر، خمر کو (انگوروں سے) نچوڑنے والے پر، اس کو بنانے والے پر،، خمر کو لادنے والے پر اور جس کے پاس لاد کر لائی جائے۔۱۸؎

حضرت امیر معاویہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص خمر پئے اس کو کوڑے مارو اگر وہ چوتھی بار پئے تو اس کو قتل کر دو۔۱۹؎

حسن بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خمر پینے کی بناء پر اسی کوڑے مارے۔۲۰؎

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص خمر پئے اس کو اسی کوڑے مارو۔۲۱؎

ایک دفعہ ابو القموس حالت نشہ میں تھا اور اس نے اسی حالت میں حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کے سر کو اونٹ کی ہڈی سے زخمی کر دیا اس کے بعد وہ بدر کے مقتولین پر نوحہ کنا ہو گئے جب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس وقعہ کی خبر ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غضب ناک ہو کر اپنی چادر کھینچتے ہوئے اٹھے اور ان صحابی سے سختی سے باز پرس فرمائی تاہم اس وقت یہ آیت نازل ہوئی !
شیطان یہ چاہتا ہے کے شراب اور جوئے کی وجہ سے تمھارے درمیان عداوت اور دشمنی ڈال دے۔ ۲۲؎

رسول للہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! شراب پینے والا اس بات کا اہل نہیں کے کوئی مسلمان اس کو لڑکی دے۔ ۲۳؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ! ہمیشہ شراب پینے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ ۲۴؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ! بتوں کی پرستش کے بعد اللہ نے شراب نوشی سے منع فرمایا ہے۔۔ ۲۵؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے دنیا میں شراب پی ،اللہ تعالی اس کو قیامت کے دن جہنم میں سیاہ سانپوں کا زہر پلائے گا (جس کے زہریلے اثرات سے) پینے سے قبل ہی اس شخص کے چہرے کا گوشت جھڑنے لگے گا اور اس شخص کے جسم سے ایسی بد بو آئے گی جس کو سونگھ کر جہنمی بھی تکلیف اٹھائیں گے۔ ۲۶؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ! شراب پینے والا ، اس کو نچوڑنے والا ، جس کے لئے اس کو نچوڑا جارہا ہے اس کے لئے، اس کو اٹھانے والا ، اور جس کے لئے اس کو لے جایا جارہا ہے اس کے لئے اور اس کی قیمت کھانے والے سب گناہ میں برابر کے شریک ہیں ۔ ۲۷؎

حضرت ام سلمٰی روایت کرتی ہیں ،ایک مرتبہ میری بیٹی بیمار ہوگئی چنانچہ میں نے ایک برتن میں نبیذ (شراب کی ایک قسم) تیاری ،تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے پوچھا ! یہ کیا ہے؟ تو میں نے عرض کی ، یہ نبیذ میں اپنی بیمار بیٹی کے لئے تیار کر رہی ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ! اللہ تعالی نے میری امت کے لئے کسی بھی حرام شے میں شفا نہیں رکھی ۔ ۲۸؎

خمر کی تعریف میں آئمہ مذاہب کا نظریہ اور امام ابوحنیفہ کے مؤقف پر دلائل

امام مالکؒ، امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک ہر نشہ آور چیز خمر ہے اور اس کے پینے پر حد واجب ہے خواہ قلیل مقدار میں پیئے یا کثیر مقدار میں۔۲۹؎

امام ابوحنیفہؒ کے مذہب کے متعلق شمس الائمہ سرخسیؒ لکھتے ہیں! قرآن کریم نے خمر کو حرام کیا ہے اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک خمر اس کچے شیرے کا نام ہے جو پڑے پڑے جوش کھانے لگے اور جھاگ چھوڑ دے، اس کو دلیل یہ ہے کے قرآن کریم میں ہے!

اَرٰىنِیۡۤ اَحۡمِلُ فَوۡقَ رَاۡسِیۡ۔۳۰؎

ترجمہ۔میں نے خمر کو نچوڑ رہا ہوں۔

انگوروں کو نچوڑ رہا ہوں جو خمر ہو جائیں گے۔۳۱؎

علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں! امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک صرف خمر حرام قطعی ہے، اس کا پینا پلانا، بیچنا، خریدنا، رکھنا سب حرام قطعی ہے۔

خمر کے علاوہ تین مشروبات اور حرام ہیں جن میں

۱۔ بازق۔یعنی انگور کا پکا ہوا شیرہ جو پکنے کے بعد ایک تہائی رہ جائے یا جو پڑے پڑے جوش کھانے لگے اور جھاگ چھوڑ دے۔

۲۔سکر۔یعنی تازہ کھجوروں کا کچا شیرہ جب جھاگ چھوڑ دے۔

۳۔نقیع الزبیب۔یعنی کشمش کا کچا شیرہ جو پڑے پڑے جھاگ چھوڑ دے۔۳۲؎

ان تینوں مشروبات کی حرمت ظنی ہے اور ان کی نجاست خفیفہ ہے جب کے نشہ آور مقدار میں پیا جائے اور اس سے کم مقدار میں یہ حرام ہیں نہ نجس۔

علامہ مرغینانی حنفی لکھتے ہیں! خمر کا ایک قطرہ بھی پی لیا جائے تو حد واجب ہوگی اور باقی تین شرابوں کے پینے سے اس وقت حد واجب ہوگی جب نشہ ہو جائے۔۳۳؎

امام ابوحنیفہؒ کا مذہب یہ ہے کہ خمر تو بعینہ حرام ہے اور باقی نشہ آور مشروب اگر مقدار نشہ میں

پیئے جائیں تو وہ بھی حرام ہیں اور اگر اس سے کم مقدار میں پیئے جائیں تو وہ حرام نہیں ہیں اور باقی آئمہ ثلاثہ کے نزدیک جو مشروب نشہ آور ہو وہ خمر ہو یا کوئی اور مشروب خواہ وہ قلیل مقدار میں پیا جائے یا کثیر مقدار میں وہ بہر حال حرام ہے' امام ابوحنیفہ کی دلیل یہ حدیث ہے۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا! چار چیزیں اگر کسی گھر میں داخل ہو جائیں تو وہ گھر کو ویران کر کے چھوڑتی ہیں اور اس کے بعد وہ گھر کبھی آباد نہیں ہوتا۔

ا۔ خیانت۔

۲۔ چوری۔ ۳۔ شراب نوشی۔ ۴۔ زنا۔ ۳۴؎

نفسیاتی پہلو

شراب کو ام الخبائث کہا جاتا ہے یعنی تمام خبائثات اور گناہوں کی ماں۔

اللہ تعالیٰ کی نظر میں ہر مسلمان مرد و عورت کا شخصی وقار خاص اہمیت رکھتا ہے چنانچہ یہ نظریہ ہی اسلام کے خلاف ہے کے انسان کسی بھی مشکل یا تکلیف دہ حالات سے وقتی طور پر نجات حاصل کرنے کے لئے شراب یا نشہ آور اشیا کا استعمال کرے.

اثم کے معنی اضملال، افسردگی، تھکن، سستی اور بے حد کمزوری ہے جس کی وجہ سے انسان زندگی کی دوڑ میں بہت پیچھے رہ جاتا ہے اگرچہ شراب نوشی سے جسم میں

حرارت ورخون کی روانی میں تیزی آجاتی ہے لیکن اس کے پینے سے انسان کی جسمانی، دماغی ذہنی، روحانی اور نفسیاتی صلاحیتوں میں شدت سے کمی واقع ہو جاتی ہے اور انسانی صحت پر اس کے نہایت برے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

مسلسل شراب نوشی سے انسانی قویٰ مضمحل ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے انسان میں محنت، سعی اور جدوجہد کی صلاحیت ماند پڑ جاتی ہے اور ایسا انسان کسی بھی معاشرے کا عضو معطل بن کر رہ جاتا ہے انسان کی زندگی میں اچھا یا برا وقت آتا ہے لیکن اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کے انسان

دکھ، درد اور پریشانی سے آنکھیں چراتے ہوئے شراب کے نشے میں گم ہو جائے اور عملاً ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جائے۔

اللہ نے انسان کو نہایت محبت سے تخلیق فرمایا ہے چنانچہ اللہ تعالی انسان کی جسمانی، ذہنی، نفسیاتی اور روحانی صحت کو بھی قابل رشک دیکھنا چاہتے ہیں اسی وجہ سے حرام اور نشہ آور اشیا کو اسلام نے مطلق حرام قرار دیا ہے تاکہ انسان ان چیزوں سے دور رہ کر اپنی صحت کی حفاظت کرے۔

دنیا انسان کے لئے آزمائش گاہ اور مومن کا قید خانہ ہے چنانچہ آزمائش گاہ اور قید خانے میں پے در پے آنے والی مشکلات کا مردانہ وار مقابلہ نہایت ضروری ہے مشکلات کو دیکھ کر منہ چھپا لینے سے مشکلات ٹلا نہیں کرتیں بلکہ ان تکالیف کا آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔۳۵

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۱۹۔

۵۔سورہ النساء۔آیت۔۴۳۔

۶۔سورہ الشعراء۔آیت۔۱۵۵۔

۷۔سورہ الواقعہ۔آیت۔۵۵۔

۸۔سورہ محمد۔آیت۔۱۵۔

۹۔جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔مطبوعہ دار المعرفہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔

۱۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۱۹۔
۱۴۔سورہ النساء۔آیت۔۴۳۔
۱۵۔سورہ مائدہ۔آیت۔۹۰۔
۱۶۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۷۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۸۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۹۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۲۰۔المصنف۔امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی (متوفی ۲۱۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۰ھ
مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔۱۴۱۲ھ۔
۲۱۔شرح معانی الآثار۔امام ابوجعفر احمد بن محمد الطحاوی (متوفی ۳۲۱ھ)۔مطبوعہ مطبع المجتبائی۔پاکستان۔
۲۲۔سورہ مائدہ۔آیت۔۹۰۔
۲۳۔دلائل النبوۃ۔امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہائی (متوفی ۴۳۰ھ)۔مطبوعہ دارالنفائس بیروت۔
۲۴۔سنن کبریٰ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔مطبوعہ نشر السنہ ملتان۔
۲۵۔دلائل النبوۃ۔امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہائی (متوفی ۴۳۰ھ)۔مطبوعہ دارالنفائس بیروت۔
۲۶۔سنن کبریٰ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔مطبوعہ نشر السنہ ملتان۔
۲۷۔دلائل النبوۃ۔امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہائی (متوفی ۴۳۰ھ)۔مطبوعہ دارالنفائس بیروت۔
۲۸۔سنن کبریٰ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔مطبوعہ نشر السنہ ملتان۔
۲۹۔الجامع الاحکام القرآن۔علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (متوفی ۶۶۸ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت
۳۰۔سورہ یوسف۔آیت۔۳۶۔
۳۱۔المبسوط۔شمس الائمہ محمد بن سرخسی (متوفی ۴۸۳ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۳۲۔ردالمختار۔علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی (متوفی ۱۲۵۲ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۳۳۔ہدایہ اخیریں
۳۴۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔

۱۶۔الامل۔آرزو۔ امید

تم سے پہلے والے اپنی لمبی آرزوں اور موت کے پوشیدہ ہونے کی وجہ سے ہلاک ہوئے۔
(حضرت علی)

الامل۔آرزو،عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ا۔م۔ل) سے **مشتق** ہے۔ا؎

امل۔سے مراد امید۔توقع۔آرزو۔

امل یا آرزو۔سے مراد انسان کی ایسی خواہشات جن کا حصول آسان نا ہو یا جس کے لئے طویل انتظار کرنا پڑے۔

دور دراز کا سفر کرنے والے شخص کو املت کہتے ہیں۔

الامیل۔سے مراد ریت کا پہاڑ جو ایک دن کی مسافت پر ہو۔

آرزو۔اس کے بنیادی معانی انتظار کے ہیں۔۲؎

ارشاد خداوندی:

الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ۔۳؎

ترجمہ۔انھیں ان کی امیدوں میں مشغول رہنے دیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا چار چیزیں بدبختی کی علامت ہیں
ا۔آنکھوں کا خشک ہوجانا۔۲۔دل کا سخت ہونا۔
۳۔لمبی امید رکھنا۔۴۔دینا کی حرص کرنا۔۴؎

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں،اس امت کے پہلے لوگوں کی نیکی زہد اور یقین کی وجہ سے اور اس امت کے آخر کی ہلاکت بخل اور امید کی وجہ سے ہوگی۔۵؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا! بوڑھے آدمی کا دل دو چیزوں میں جوان رہتا ہے۔ ا۔ دنیا کی محبت۔ ۲۔ لمبی امید۔ ۶۔

حضرت انسؓ بن مالکؓ کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! ابن آدم بوڑھا ہوجاتا ہے لیکن اس کی دو خواہشات بڑھ جاتی ہیں۔ ا۔ مال۔ ۲۔ لمبی عمر کی محبت۔ ۷۔

ام الولید بنت عمرؓ بیان کرتی ہیں، ایک دن رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور فرمایا! اے لوگوں! کیا تم حیا نہیں کرتے! مسلمانوں نے کہا! یارسول اللہ! کس چیز سے؟ آپ نے فرمایا! تم ان چیزوں جمع کرتے ہو جن کو کھا نہیں سکتے، ان مکانوں کو بناتے ہو جن میں تم نہیں رہو گے، تم ان چیزوں کی امید رکھتے ہو جن کو تم پا نہیں سکتے کیا تم اس سے حیا نہیں کرتے۔ ۸۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے میرے دونوں کندھوں کو پکڑ کر فرمایا! دنیا میں اس طرح رہوں جیسے تم مسافر ہو یا راستہ عبور کرنے والے۔ ۹۔

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ میرے پاس سے گزرے اس وقت میں اور میری ماں دیوار پر مٹی لیپ کر رہے تھے آپ ﷺ نے پوچھا! اے عبداللہ یہ کیا کر رہے ہو؟ میں نے کہا یارسول اللہ! اس دیوار میں دراڑ پڑ گئی ہے تو ہم اس کو ٹھیک کر رہے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا! معاملہ اس سے زیادہ جلد ہوگا۔ ۱۰۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے ایک چوکور خط کھینچا اور اس چوکور کے وسط میں ایک خط کھینچا جو اس چوکور سے باہر نکلا ہوا تھا اس کے وسط میں چھوٹے چھوٹے خطوط کھینچے جو اس متوسط خط کی جانب تھے پھر آپ ﷺ نے فرمایا! یہ انسان ہے اور یہ اس کی موت ہے جس نے اس کا احاطہ کیا ہوا ہے اور یہ خط جو اس چوکور سے باہر نکالا ہوا ہے یہ اس کی امیدیں ہیں اور یہ چھوٹے چھوٹے خطوط اس کو عارضی ہونے والے مصائب ہیں اگر اس مصیبت سے بچ نکلا تو یہ مصیبت اس کو ڈس لے گی اور اگر اس سے بچ نکلا تو یہ مصیبت اس کو ڈس لے گی۔ ۱۱۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر ابن آدم کے پاس مال کی دو وادیاں ہوں تو وہ تیسری وادی کو تلاش کرے گا اور مٹی کے سوا ابن آدم کا کوئی چیز پیٹ نہیں بھر سکتی اور جو شخص توبہ کرے اللہ اس کی توبہ قبول فرماتا۔ ۱۲ؔ

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جس نے اپنی آرزوؤں کو بے لگام چھوڑ دیا وہ اسی وجہ سے ہلاک ہوجائے گا۔ اے لوگو! میں تمھارے لئے دو چیزوں سے سب سے زیادہ ڈرتا ہوں۔

۱۔ خواہشات کی پیروی۔

۲۔ طویل آرزوئیں۔

کیونکہ خواہشات کی پیروی انسان کو حق سے دور کر دیتی ہے جبکہ طویل آرزوئیں انسان کی آخرت کو فراموش کر دیتی ہیں۔

جس نے اپنی آرزوؤں کو بے لگام چھوڑا وہ اسی کے ذریعے اپنی موت سے ہمکنار ہوجائے گا۔ جس شخص کے دل میں دنیا کی محبت داخل ہوجاتی ہے اس کا دل دنیا کی تین چیزوں کا خوگر ہوجاتا ہے۔

۱۔ ہمیشہ باقی رہنے والا غم۔

۲۔ کبھی نا ختم ہونے والی لالچ۔

۳۔ کبھی نا پوری ہونے والی آرزوئیں۔

یقیناً نا تم کبھی اپنی آرزوؤں کو مکمل کر پاؤ گے اور نا ہی تم اپنی موت پر سبقت لے جاسکتے ہو۔

بلاشبہ آرزوئیں انسان کی عقل کی غلطی اور اس کے حافظے کو نسیان سے دوچار کر دیتی ہیں لہٰذا تم امیدوں کو جھٹلاؤ کیونکہ یہ دھوکا ہیں اور ان کا تمنائی فریب خوردہ ہے۔

تم سے پہلے والے اپنی لمبی آرزوؤں اور موت کے پوشیدہ ہونے کی وجہ سے ہلاک ہوئے۔

اے لوگو! زہد کو اپناؤ، اپنی آرزوؤں میں کمی لاؤ، نعمتوں پر شکر گزاری کرو اور حرام اشیاء سے

اجتناب کرو۔

بہت سی امیدیں ناکام اور بہت سی لالچ جھوٹی ہوتی ہیں ۔

جس انسان کو دنیا کی بے ثباتی کا علم ہوگا اس کی امیدیں محدود اور کم ہوں گی ۔

جو انسان اپنی موت کو جان جاتا ہے اس کی آرزوئیں کم ہوجاتی ہیں۔

کثرت آرزو کے سبب بڑے بڑے جواں مردوں کی گردنیں کٹ گئیں ۔

بہترین دین آرزؤں میں کمی اور واضح ترین عبادت عمل میں اخلاص ہے۔

اللہ تعالی زیادہ آرزو رکھنے والے اور برے کام کرنے والے پر غضبناک ہوتا ہے۔

آرزوؤں پر بھروسہ کرنے سے بچو کیونکہ یہ احمقوں کا شیوہ ہے۔

امید اور آرزو اس سراب کی طرح ہوتی ہے جو دیکھنے میں دھوکا دیتا ہے۔

مجھے اس شخص کو دیکھ کر تعجب ہوتا ہے جو اپنی موت پر قدرت نہیں رکھتا ہے لیکن اس کی آرزوئیں بہت طویل ہوتی ہیں ۔ انسان کی عمر امید اور آرزؤں کے درمیان ضائع ہوجاتی ہے ۔

بہت سے اجل آرزوؤں میں چھپی ہیں ۔

آرزوئیں غافلوں کے دلوں پر شیاطین کی حکمرانی ہیں ۔ آرزوئیں موت کو قریب کردیتی ہیں ۔ امیدیں لامتناہی ہوتی ہیں ۔ جو شخص اپنی آرزوؤں کو بڑھالیتا ہے وہ شخص اسی سبب سے برباد ہوجاتا ہے ۔ آرزوئیں خائین ہیں ۔ ۱۳۱؎

نفسیاتی پہلو

دنیا ایک مسافر خانہ اور ہر انسان کی گزرگاہ ہے، یہ ایک ایسا زون ہے جہاں بہت تھوڑے وقت کے لئے انسان آیا ہے ایسے میں انسان بجائے اگلے زون میں جانے کی تیاری کرنے کے جہاں اسے ہمیشہ ہمیشہ رہنا ہے وہ اسی زون میں الجھ کر رہ جائے اور طرح طرح کی خواہشات اور امیدیں اس فانی دنیا اور فانی لوگوں سے وابستہ کرلے یہ نہایت کم عقلی کی بات ہے دوسری جانب موت بھی انسان کی طرف نہایت تیزی رفتاری سے دوڑتی ہوئی آرہی

ہے لہٰذا انسان کے پاس جو بھی وقت ہے اس کو غنیمت جانتے ہوئے اللہ کی عبادت، اطاعت، شکر گزاری، توبہ اور لوگوں کی خدمت میں اپنا قیمتی وقت سرف کرے۔ کیونکہ انسان کے دلوں میں بے تحاشا خواہشات اور امیدوں کا پیدا ہو جانا دراصل شیاطین کے ہتھیاروں میں سے نہایت موثر ہتھیار ہے، شیطان انسان کو اسی دنیا کے سبز باغ دکھاتا ہے تاکہ وہ اگلی دنیا میں جانے اور وہاں کی تیاری سے غافل رہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ الحجر۔آیت۔۳۔
۴۔مجمع الزوائد۔حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ)۔رقم الحدیث۔۱۷۵۲۱۔مطبوعہ
۵۔المعجم اوسط۔امام ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔
۶۔صحیح بخاری۔امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۷۔صحیح بخاری۔امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۸۔المعجم الکبیر۔امام ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی۔
۹۔شعب الایمان۔امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۰۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۲۔شعب الایمان۔امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۳۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۴۸۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۷۔الضحک۔قہقہہ۔ہنسنا

جیسے ہی ایک عالم ہنستا ہے اس کے علم میں سے ایک حصہ کم کر دیا جاتا ہے۔(حضرت علیؑ)

الضحک۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ض۔ح۔ک) سے مشتق ہے۔۱؎

ضحک۔یضحک۔ضحکاً۔خوشی کو کہتے ہیں،یعنی خوشی سے چہرے کا انبساط۔

ضحک۔سے مراد ہنسنا یا دانتوں کا کھل جانا۔

ضحک۔تعجب کرنا یا تعجب سے ہنسنا۔

ضحک۔ہنسی کا پہلا مرحلہ تبسم کہلاتا ہے۔

ضحک الرجل۔سے مراد اس شخص کو تعجب ہوا۔

ضحک۔کے بنیادی معانی کھلنے اور ظاہر ہونے کے ہیں۔۲؎

ارشادات خداوندی:

فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَّلْيَبْكُوا كَثِيرًاۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ۔۳؎

ترجمہ ان کو چاہیے کم ہنسیں اور زیادہ روئیں، یہ ان کاموں کی سزا ہے جو وہ کرتے تھے

فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ۔۴؎

ترجمہ۔(سلیمان) اس کی بات سے مسکرا کر ہنس پڑا اور کہا اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ میں تیرے احسان کا شکر کروں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ۔۵؎

ترجمہ۔بے شک مجرمین (دنیا میں) مؤمنین پر ہنستے تھے۔

وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنَاهَا بِاِسْحَاقَۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحَاقَ يَعْقُوْبَ۔۶؎

ترجمہ۔(ابراہیم) کی بیوی ہنس پڑی پھر ہم نے اسے اسحاق کے پیدا ہونے کی خوشخبری دی،

اور اسحاق کے بعد یعقوب کی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابوذرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میں ان چیزوں کو دیکھ رہا ہوں جن کو تم نہیں دیکھ سکتے اور میں ان چیزوں کو سنتا ہوں جن کو تم نہیں سن سکتے، آسمان چر چرا رہا ہے اور اس کو چر چرانے کا حق ہے، اس میں ہر چار انگشت پر ایک فرشتہ اپنی پیشانی کو اللہ کے لیے سجدہ میں رکھے ہوئے ہے، اللہ کی قسم! اگر تم ان چیزوں کو جان لو جن کو میں جانتا ہوں تم کم ہنسو اور روؤ زیادہ اور تم بستروں پر عورتوں سے لذت لینا چھوڑ دو اور تم اللہ سے فریاد کرتے ہوئے جنگلوں کی طرف نکل جاؤ۔ ۷؎

حضرت ابوذر نے کہا! کاش میں ایک درخت ہوتا جس کو کاٹ دیا جاتا۔ ۸؎

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا! اے لوگو! روؤ اگر تم کو رونا نہ آئے تو رونے کی کوشش کر کے رووء، کیونکہ دوزخی دوزخ میں روئیں گے حتیٰ کے ان کے آنسو ان کے چہروں پر اس طرح بہیں گے گویا وہ نہریں ہیں، حتیٰ کے ان کے آنسو ختم ہو جائیں گے پھر ان کا خون بہنے لگے گا اور وہ خون اتنا زیادہ بہہ رہا ہوگا کہ اگر اس میں کشتی چلائی جائے تو وہ چل پڑے گی۔ ۹؎

سالم بن ابی الجعد بیان کرتے ہیں، حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا! اس شخص کے لیے خوشی ہو جس نے اپنی زبان کی حفاظت کی اور اپنے گھر میں وسعت رکھی اور اپنے گناہ پر رویا۔ ۱۰؎

عبداللہ تیمی نے کہا! جس کو ایسا علم دیا گیا جس کی وجہ سے وہ رویا نہیں، وہ اس لائق ہے کے اس کو نفق آور علم دیا جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے رونے والے علماء کی تعریف کی ہے۔

بے شک اس سے پہلے جن لوگوں کو علم دیا گیا تھا، جب ان پر اس قرآن کی تلاوت کی جاتی تو وہ ٹھوڑیوں کے بل سجدے میں گر جاتے اور کہتے ہمارا رب پاک ہے۔

بے شک ہمارے رب کا وعدہ ضرور پورا ہونا تھا اور وہ روتے ہوئے ٹھوڑیوں کے بل گرتے ہیں اور یہ قرآن ان کے خشوع کو اور بڑھاتا ہے۔ ۱۱؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے بیان کیا، دنیا قلیل ہے، جو منافق اس میں جتنا چاہیں، ہنس لیں اور جب یہ دنیا منقطع ہوجائے گی اور یہ اللہ عزوجل کی طرف جائیں گے تو پھر یہ روئیں گے اور یہ رونا کبھی ختم نہیں ہوگا۔ ۱۲؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! زیادہ ہنسا نا کرو کیونکہ زیادہ ہنسنے سے دل مردہ ہوجاتا ہے۔ ۱۳؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! زیادہ نا ہنسا کرو کیونکہ زیادہ ہنسنے سے دل مردہ ہوجاتا ہے۔ ۱۴؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تباہی ہے اس کے لئے جو بولتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے تا کہ اس سے لوگوں کو ہنسائے، تباہی ہے اس کے لئے، تباہی ہے اس کے لئے۔ ۱۵؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود تبسم فرمایا کرتے تھے۔

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جیسے ہی ایک عالم ہنستا ہے اس کے علم میں سے ایک حصہ کم کردیا جاتا ہے۔

اپنے آپ کو ہنسنے کا عادی نہ بناؤ کیونکہ یہ تمھاری وقعت اور وقار کو کم کردے گی۔

انسان کی جہالت کے لئے یہی کافی ہے کے وہ بغیر کسی خوشی اور پسندیدگی کے ہنس پڑے۔

بہت زیادہ ہنسنے سے دل مردہ ہوجاتا ہے۔ بہترین ہنسی مسکراہٹ ہے۔

جس کی ہنسی زیادہ ہوجاتی ہے اس کی ہیبت کم ہوجاتی ہے اور وہ ذلیل ہوجاتا ہے۔

متقی اگر خاموش رہتا ہے تو اس کی خاموشی اس کو رنجیدہ نہیں کرتی ہے اور اگر وہ ہنستا ہے تو اس کی ہنسی کی آواز بلند نہیں ہوتی۔

قہقہ لگانے سے انسان کی شخصیت دوسروں کے سامنے ہلکی اور بے وقعت ہوجاتی ہے۔
بے شک زاہدوں کے دل دنیا میں روتے ہیں اگرچہ وہ بظاہر ہنس رہے ہوں لیکن ان کا غم شدید ہوتا ہے بھلے وہ ظاہر میں خوش ہی کیوں نا نظر آتے ہوں۔
متقی کی پہچان ہے کے اس کی خاموشی اس کو رنجیدہ نہیں کرتی اور جب وہ ہنستا ہے تو اس کی آواز بلند نہیں ہوتی۔ میرے بیٹے لوگوں کو مزاحیہ بات بتانے سے بچو بھلے ہی تم نے وہ بات دوسرے سے نقل ہی کیوں نا کی ہو۔
بہت زیادہ ہنسنے سے انسان کی شخصیت کا وقار کم ہوجاتا ہے اور اس کے دشمنوں پر اس کی ہیبت کوم رتا ہے نیز دشمن کو سرکشی پر بھی ابھارتا ہے۔
حد درجہ ہنسی ہم نشین کو وحشت زدہ اور سردار کو ہنسنے والے کے حق میں برا کر دیتی ہے۔
انسان کی جہالت کے لئے یہی کافی ہے کے وہ بغیر کسی وجہ، خوشی اور پسندیدگی کے ہنس پڑے۔۱۶؎

نفسیاتی پہلو

قہقہ لگانے والا شخص دوسروں ی نظر میں کم تر اور حقیر ہوجاتا ہے اور اس کی شخصیت کا رعب و دبدبہ ختم ہوجاتا ہے۔
ہر مسلمان کی عزت و تعظیم اور اس کے شخصی وقار کو اللہ تعالی بہت اہمیت دیتے ہیں چنانچہ بہت زیادہ، بے مقصد گفتگو، بہت زیادہ قہقہ لگانا اور ناچنے گانے سے انسان دوسروں ی نظروں میں کم وقعت، ذلیل اور حقیر ہوجاتا ہے اور یہ تمام رزائل انسان کی شخصیت کو نا قابل تلافی نقصان پہنچاتے ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ التوبہ۔آیت ۔ ۸۲۔

۴۔سورہ النمل۔آیت ۔ ۱۹۔

۵۔سورہ المطففین ۔آیت ۔ ۲۹۔

۶۔سورہ ھود۔آیت ۔ ۱۷۔

۷۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ ۔

۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔

۹۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ(متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔

۱۰۔کتاب الزہد۔امام عبداللہ بن مبارک (متوفی ۱۸۱ھ)۔مطبوعہ ادر الکتب العلمیہ بیروت ۔

۱۱۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت ۔ ۱۰۷۔ ۱۰۹۔

کتاب الزہد۔امام عبداللہ بن مبارک (متوفی ۱۸۱ھ)۔مطبوعہ ادر الکتب العلمیہ بیروت ۔

۱۲۔ تفسیر القرآن ۔حافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر شافعی (متوفی ۷۷۴ھ)۔مطبوعہ ادارہ اندلس بیروت ۱۳۸۵ھ۔

۱۳۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ(متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔

۱۴۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ(متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔

۱۵۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۱۶۔تجلیات حکمت۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ص۔ ۲۹۱۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران ۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۸۔الانتقام۔انتقام

صاحب قدرت کا سب سے بدترین عمل انتقام ہے۔(حضرت علیؑ)

الانتقام۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ن۔ق۔م) سے مشتق ہے۔۱؎
النقم۔عربی زبان میں وسط۔طریق۔راستے کے درمیانی حصے کو کہتے ہیں۔
نقم۔اس مادہ کے بنیادی معانی کسی چیز کو ناپسندیدہ قرار دینا۔۲؎
نقم۔سے مراد معیوب اور ناپسندیدہ۔
انتقام۔سے مراد بری بات کو برا کہنا۔
النقمۃ۔سے مراد جرم کی سزا دینا۔
انتقام۔کو مکافات عمل بھی کہا جاتا ہے۔
تنقمون۔سے مراد کوئی بات ناگوار گزرنا۔۳؎

ارشادات خداوندی:

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۔۴؎

ترجمہ۔اللہ غالب انتقام والا ہے۔

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيَاتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غَافِلِيْنَ۔۵؎

ترجمہ۔پھر ہم نے ان سے انتقام لیا اور ان کو سمندر میں غرق کر دیا کیوں کے انہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تھا اور وہ ان سے لا پروائی برتتے تھے۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيَاتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ۚ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ۔۶؎

ترجمہ۔اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جسے اس کے رب کی آیتوں سے سمجھایا جائے پھر وہ ان سے منہ موڑے، ہمیں تو گنہگاروں سے بدلہ لینا ہے۔

قُلْ يَآ اَهْلَ الْكِتَابِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فَاسِقُوْنَ۔۷؎

ترجمہ۔آپ ﷺ کہیے! اے اہل کتاب تم کو صرف یہ نا گوار لگا ہے کے ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس پر جو ہماری طرف نازل ہوا اور اس پر جو پہلے نازل ہوا اور بے شک تم میں سے اکثر لوگ فاسق ہیں۔

وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ۔۸؎

ترجمہ۔اور ان کو ان مومنین کی صرف یہ بات نا گوار گزری کے وہ اللہ پر ایمان لائے، جو غالب،حمد کیا ہوا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کے ارشادات:

حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ بیان کرتے ہیں، میں نے عرض کیا! یا رسول اللہ ﷺ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کن لوگوں کو سب سے زیادہ عذاب دے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا! جس شخص نے نبی کو قتل کیا پھر رسول اللہ ﷺ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی کے بے شک جو لوگ اللہ کی آیات کے ساتھ کفر کرتے ہیں اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے ہیں اور عدل وانصاف کا حکم دینے والوں کو قتل کرتے ہیں، پھر آپ ﷺ نے فرمایا! اۓ ابوعبیدہ!

بنواسرائیل نے صبح کے اول وقت میں تینتالیس (۴۳) انبیاء کو قتل کردیا تو بنواسرائیل کے ایک بارہ عبادت گزار علماء کھڑے ہوئے اور انھوں نے نیکی کا حکم دیا اور برائی سے روکا تو قوم بنی اسرائیل نے اس دن کے آخری حصہ میں ان سب کو قتل کردیا۔۹؎

امیرالمومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہرنفسیات

امیرالمومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! بے شک اللہ تعالی نے اپنی اطاعت کے بدلے ثواب اور

اپنی نافرمانی کے بدلے عقاب (عذاب وانتقام) رکھا ہے تا کہ بندے سزا سے دور اور جنت میں داخل ہوسکیں۔

اے لوگو! تم پر لازم ہے کے جب اللہ تعالی تمھیں نعمتیں عطا فرماتا ہے تو تم اس وقت بھی اسی طرح سے ہراساں نظر آؤ جس طرح سے کوئی شخص سزا کے خوف سے ہراساں نظر آتا ہے۔

نعمتوں کی مستی میں ڈوبے رہنے سے بچو اور بلاؤں کی سختی سے ڈرو۔

کفران نعمت سے بچتے رہو ورنہ بلائیں تم پر نازل ہوں گی۔

انتقام کے ساتھ کوئی راحت نہیں۔

ظلم ومعصیت سے بچتے رہو کیونکہ یہ سزا کا باعث اور نعمتوں کو سلب کرنے اور حالات کو بدتر بنانے کا سبب ہے۔ نعمتوں کا شکر اصل میں بلاؤں کے نزول سے امان کا سبب ہے۔

صلہ رحمی، نعمتوں کے نزول اور سزاؤں کو دفع کرنے کا باعث ہے۔

یتیموں اور کنیزوں پر ظلم، نزول عقوبت اور سلب نعمت کا باعث ہے۔

کھلے عام اللہ کی نافرمانی کے نتیجے میں سزائیں جلد نازل کی جاتیں ہیں۔

انتقام میں جلد بازی کم ظرف اور ذلیلوں کا شیوہ ہے۔

صاحب قدرت کا سب سے بدترین عمل انتقام ہے۔

جس نے انتقام لیا گویا اس نے دنیا میں اپنی فضیلت کھو دی اور آخرت ے ثواب سے محروم ہو گیا۔ کفران نعمت سے دور رہو ورنہ بلائیں تم پر نازل ہوئیں گی۔ جبکہ نعمتوں کی شکر گزاری سزاؤں اور بلاؤں سے امان ہے۔ کھلے عام اللہ کی نافرمانی سے سزائیں جلدی نازل ہوتی ہیں۔ ۱۰۱

نفسیاتی پہلو

اسلام انتقام کو سخت ناپسند کرتا ہے بجبکہ معافی، عفو درگزر کی بار بار تاکید اور ہدایت کرتا ہے کیونکہ انتقام کی آگ انسان کی مثبت توانائی کو بری طرح سے زائل کرتی ہے اور انسان اپنی

طاقت ،توانائی اور قیمتی وقت کا بڑا حصہ انتقامی کاروائی یا اس کی سوچ میں زائل کر دیتا ہے۔ اللہ کی یہ صفت ہے کے وہ اپنے گناہ گار بندوں کے گناہوں کو نا صرف معاف فرماتا ہے بلکہ انسانوں کی عیب پوشی بھی فرماتا ہے، اللہ اپنے بندوں سے بھی یہی چاہتا ہے کے میرے بندے بھی میری صفت کو اختیار کرتے ہوئے دوسروں کے گناہوں اور کمی کمزوریوں کو درگزر اور معاف فرمائیں۔

جب تک انسان انتقام کی آگ میں جلتا رہتا ہے اس وقت تک وہ بے شمار نفسیاتی ، ذہنی اور جسمانی بیماریوں کو دعوت دیتا رہتا اور انتقامی سوچ انسان کو پژمردہ اور نڈھا کر دیتی ہے ایسا انسانی روحانی ترقی اور مدارج طے کرنے کے قابل نہیں رہتا ہے اور وہ بدلے کی آگ میں جل کر اپنا بہت زیادہ نقصان کر لیتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ آل عمران۔آیت۔۴۔

۵۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۳۶۔

۶۔سورہ السجدہ۔آیت۔۲۲۔

۷۔سورہ مائدہ۔آیت۔۵۹۔

۸۔سورہ لبروج۔آیت۔۸۔

۹۔جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔ج۔۳۔ص۔۱۴۵۔مطبوعہ دارالمعرفہ۔

۱۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۹۔الباطل۔ باطل

حق انسان کو نجات دیتا ہے جبکہ باطل انسان کو تباہ و برباد کر دیتا ہے۔(حضرت علیؑ)

الباطل۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ب۔ط۔ل) سے مشتق ہے۔ا
باطل۔کی ضد حق ہے۔قرآن کریم میں بھی باطل بمقابلہ حق آیا ہے۔
باطل۔سے مراد تخریبی کوششیں۔
باطل۔جس کا کوئی نتیجہ نا نکلے۔
بطل الشیئ۔سے مراد کسی چیز کا یونہی ضائع ہو جانا۔
جب کسی چیز کو کسوٹی پر پرکھا جائے اور وہ کسوٹی پر پوری نا اترے تو وہ چیز باطل کہلاتی ہے۔۲
ابطال۔سے مراد کسی چیز کو ضائع یا خراب کر دینا۔
باطل رسومات۔سے مراد ایسی تمام رسومات اور رسم و رواج جن کا کوئی فائدہ نا ہو بلکہ وہ وقت اور توانائی کے زیاں کا سبب ہوں۔
باطل نظریات۔سے مراد ایسے تمام مشرکانہ خیالات و نظریات جو ضائع ہو گئے، اور ان کے بدلے کچھ حاصل نا ہو سکا۔۳

ارشادات خداوندی:

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ۔۴

ترجمہ۔حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ اور دیدہ دانستہ حق کو نہ چھپاؤ۔

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا۔۵

ترجمہ۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہیے! حق آ گیا اور باطل مٹ گیا۔بے شک باطل مٹنے کے لئے ہی تھا۔

اَفَبِالْبَاطِلِ یُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَۃِ اللّٰہِ یَکْفُرُوْنَ۔٦؎

ترجمہ۔تو کیا وہ باطل کو مانتے ہیں اور اللہ کی نعمتوں کونہیں مانتے۔

اَفَبِالْبَاطِلِ یُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰہِ ھُمْ یَکْفُرُوْنَ۔٧؎

ترجمہ۔تو کیا وہ باطل پر ایمان لاتے ہیں اور اللہ کی نعمت کا وہی کفر کرتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے اور بیت اللہ کے گرد ١٦٣ بت تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ چھڑی ان بتوں پر مارتے ہوئے فرماتے! جَآءَ الْحَقُّ وَزَھَقَ الْبَاطِلُ ۚ اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ زَھُوْقًا۔٨؎

حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے گھر میں ہر اس چیز کو توڑ ڈالتے تھے جس میں تصویر بنی ہوتی۔٩؎

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! کسی قوم کے عمل سے راضی رہنے والا انھیں لوگوں کے ساتھ اس کام میں شریک شمار ہوگا۔

ر ہر باطل کام میں شریک ہونے والے کے لئے دو گناہ ہیں۔ایک گناہ تو اس کام کے کرنے کا اور دوسرا گناہ اس عمل سے راضی رہنے سے۔

لوگوں کی رضامندی حاصل کرنا ایک لا حاصل مقصد ہے لہٰذا تم اپنی کوشش بھر نیک عمل کرتے رہو اور اس شخص کے غصے کی پرواہ نہ کرو جیسے باطل ہی خوش کرتا ہو

باخبر ہو جاؤ جو حق پر عمل پیرا رہا اس کا ٹھکانہ جنت اور جو باطل کا لقمہ بنا وہ جہنم واصل ہوا۔

حق انسان کو نجات دیتا ہے جبکہ باطل انسان کو تباہ و برباد کر دیتا ہے۔

جب آپؑ سے پوچھا گیا! عقلمند کون ہے؟ تو آپؑ نے فرمایا! جو باطل کو ٹھکرا دے۔

لوگوں کی رضامندی حاصل کرنا ایک لاحاصل مقصد ہے چنانچہ تم اپنی کوشش بھر نیک اعمال انجام دیتے رہو۔ اس شخص کے غصے کی تم ہرگز پرواہ نا کرو جسے باطل خوش کرتا ہو۔

جماعت اہل حق ہوتے ہیں چاہے وہ لوگ قلت میں ہی کیوں نا ہوں۔

باطل افراد گمراہیوں میں دھکیلے جانے والے ہیں۔

باطل کی مدد اور تعاون خیانت اور نہایت ندامت کا سبب ہے۔

باطل کی مدد اور نصرت کرنے والے پر دنیا اور آخرت کی ندامت واجب ہے۔

جو شخص باطل کا مرتکب ہوا اس کا وہی عمل اس کی ہلاکت کا سبب ہوگا۔

وہ شخص کبھی عزت دار نا ہوگا جس نے باطل اور جھوٹ ی پناہ حاصل کی۔

باطل کو اپنانے والا عذاب اور ملامت کی زد میں رہتا ہے۔

جو تمھارے لئے جھوٹی گواہی دے گا ایک دن وہ تمھارے خلاف بھی گواہی دے گا۔

آپؑ نے فرمایا! حق و باطل میں محض چار انگل کا فرق ہے۔ پھر آپ نے اپنا ہاتھ اپنے کان اور آنکھ کے درمیان رکھ کر فرمایا! جو کچھ تمھاری آنکھوں نے دیکھا وہ حق ہے اور جو کچھ تمھارے کانوں نے سنا اسکا اکثر حصہ باطل ہوتا ہے۔۱۰؎

نفسیاتی پہلو

اسلام نے حق اور باطل کو ایک دوسرے سے علیحدہ کر دیا اور بتا دیا کے حق کا راستہ سیدھا سچا، امن اور عافیت کا راستہ ہے اور اس راستے پر چلنے والے انسان کامیاب اور جنت کے مستحق ہیں دوسری جانب باطل اور شر، شیطان کی جانب سے ہے جو گمراہی اور ناکامی کا راستہ ہے اور اس پر چلنے والے انسان دوزخ کے مستحق ہیں، باطل کو قبول کرنا، اس کو مضبوط کرنا، اس کی سرپرستی کرنا ایسا ہی جیسا خود اس کو کرنے والا اور یہ اللہ کے کھلے دشمن ہیں جنھوں نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اعلان جنگ کر رکھا ہے۔

ہر انسان کے اندر خیر اور شر دونوں کی جذبات پائے جاتے ہیں تاہم ایک لاکھ چوبیس ہزار

پیغمبروں کی آمد کے اصل مقاصد ہی یہ تھے کے بنی نوع انسانیت کو یہ بتایا جائے کے اپنے اندر موجود خیر کو دنیا میں عام کریں اور باطل اور شر کی سرکوبی کریں یعنی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر (نیکی کا حکم اور برائی سے روکنا) یہ کام ہر انسان پر واجب ہے، دوسری جانب باطل پر عمل کرنے والے یا ان قوتوں کو مضبوط کرنے والے شیاطین کے پیروکار اور ان کے پجاری ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ قیامت کے دن جہنم میں گھسیٹے گا۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔المفردات ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۴۔سورہ البقرہ۔ا!یت۔ ۴۲۔
۵۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔ ۸۱۔
۶۔سورہ العنکبوت۔آیت۔ ۶۷۔
۷۔سورہ النحل۔آیت۔ ۲۷۔
۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۰۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ص۔ ۶۸۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۲۰۔الیاس۔مایوسی

لوگوں سے مایوسی قیدی کو بھی عزت بخش دیتی ہے جبکہ
طمع ولالچ بادشاہ کو بھی ذلیل وحقیر کر دیتی ہے۔(حضرت علیؑ)

الیاس۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ی۔ا۔س) سے مشتق ہے۔۱؎

الیاس۔کا مطلب ناامید اور مایوس ہونا۔

یوس۔سے مراد ناامید ہونا۔

استیاس۔سے مراد ناامید ہو گیا۔۲؎

ارشادات خداوندی:

فَلَمَّا اسْتَيْاَسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا۔۳؎

ترجمہ۔جب یوسف کے بھائی اس سے مایوس ہو گئے۔

يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ۔اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ۔۴؎

ترجمہ۔اے میرے بیٹو! جاؤ یوسف اور اس کے بھائی کو تلاش کرو اور اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔بے شک اللہ کی رحمت سے تو کافر ہی مایوس ہوتے ہیں۔

اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا۔۵؎

ترجمہ۔کیا ایمان والوں پر یہ منکشف نہیں ہوا کے اگر اللہ چاہتا تو سب لوگوں کو ہدایت دے دیتا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ۔۶؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! اس قوم سے دوستی نہ کرو جن پر اللہ کا غضب ہوا وہ تو آخرت سے ایسے ناامید ہو گئے کہ جیسے کافر اہلِ قبور سے ناامید ہو گئے۔

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا ۚ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۔۷؎

ترجمہ۔آپ ﷺ کہیے! اے میرے وہ بندو جو (گناہ کر کے) اپنی جانوں پر زیادتی کر چکے ہو۔اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بے شک اللہ سب گناہ بخش دے گا، بے شک وہ بخشنے والا رحم والا ہے۔

وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا وَادْعُوهُ خَوْفًا وَطَمَعًا ۚ إِنَّ رَحْمَتَ اللَّهِ قَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِينَ ۔۸؎

ترجمہ۔زمین میں اس کی اصلاح کے بعد فساد مت کرو اور اسے ڈر اور طمع سے پکارو، بے شک اللہ کی رحمت نیکوکاروں سے قریب ہے۔

رسول اللہ ﷺ کے ارشادات:

حضرت ثوبانؓ بیان کرتے ہیں، میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے! اگر مجھے اس آیت! قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا ۚ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۔۹؎

ترجمہ۔آپ ﷺ کہیے! اے میرے وہ بندو جو (گناہ کر کے) اپنی جانوں پر زیادتی کر چکے ہو۔اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بے شک اللہ سب گناہ بخش دے گا، بے شک وہ بخشنے والا رحم والا ہے۔

کے بدلہ میں دنیا اور مافیہا بھی مل جائے تو مجھے پسند نہیں ہے۔

ایک شخص نے پوچھا! یا رسول اللہ ﷺ! اور جو شخص مشرک ہو؟ تو رسول اللہ ﷺ خاموش رہے، پھر آپ نے تین بار فرمایا! ماسوا مشرکین کے یعنی (اس آیت کے عموم میں مشرکین کی

مغفرت داخل نہیں ہے)۔۱۰۱

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! خلوص کا پہلا مرحلہ لوگوں کے مال و دولت سے مایوسی ہے مایوسی کی خوبی یہ ہے کے انسان دوسروں سے مانگنے کی ذلت سے محفوظ رہتا ہے۔

لوگوں سے مایوسی قیدی کو بھی عزت بخش دیتی ہے جبکہ طمع ولالچ بادشاہ کو بھی ذلیل وحقیر کر دیتی ہے۔ جو کسی چیز سے مایوس ہو جاتا ہے وہ اس کی گرفت سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

سب سے بڑی بے نیازی دوسروں کے پاس موجود اشیاء سے مایوسی ہے۔

امت کے بدترین آدمی کے بارے میں بھی اللہ سے مایوس نہ ہونا کیونکہ اللہ سے مایوس ہونا کفر ہے۔فقیہہ کامل وہ ہے جو لوگوں کو اللہ کی رحمت سے مایوس نا کرے اور نا ہی اللہ کے عذاب سے لوگوں کو امن وامان میں رکھے۔

مجھے اس شخص پر تعجب ہوتا ہے جو مایوس ہو گیا جب کے استغفار اس کے پاس تھا۔

نا امیدی کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کے انسان لوگوں سے مانگنے ی ذلت سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ مایوسی کبھی کسی مقصد کے حصول کا سبب تو ہوسکتی ہے تاہم لالچ ہلاکت کا سبب ہے لوگوں کے مال اور دولت سے نا امیدی آزادی ہے جبکہ ان سے امید وابستہ کرنا غلامی ہے۔

راحت لوگوں کی دولت سے مایوسی میں ہے۔ ناامیدی لوگوں کے سامنے گڑگڑانے سے لاکھ درجہ بہتر ہے، بے نیازی آرام بخش آزادی ہے۔۱۱۱

نفسیاتی پہلو

امید کا متضاد لفظ مایوسی ہے تاہم مسلمان اور مومن اللہ کی رحمت سے کبھی مایوس نہیں ہوتا ہے جبکہ کافر مایوس اور افسردہ ہوتا ہے۔ مایوسی ایک کیفیت ہے اور ایسی کیفیات کے شکار وہی افراد ہوتے ہیں جو اللہ کی رحمت سے متعلق غلط فہمی کا شکار رہتے ہیں یعنی مایوس افراد میں یقین کی قوت نہیں ہوتی ہے، ان کا ایمان کمزور ہوتا ہے اور وہ حالات کے آگے بے بس اور نا امید

رہتے ہیں۔ اللہ تعالی نے مایوسی کو کفر سے تشبیہ دی ہے کیونکہ مومن کو یہ یقین ہوگا کے اللہ کا کائنات پر مکمل اختیار اور قدرت ہے چنانچہ کوئی کام اللہ کے لئے ناممکن۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

قُلْ يَاعِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَحْمَةِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۔ ۱۲؎

ترجمہ۔ آپ ﷺ کہیے! اے میرے وہ بندو جو (گناہ کر کے) اپنی جانوں پر زیادتی کر چکے ہو۔ اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بے شک اللہ سب گناہ بخش دے گا، بے شک وہ بخشنے والا رحم والا ہے۔

مایوسی میں مبتلا افراد کئی ذہنی، جسمانی اور نفسیاتی عوارض میں با آسانی مبتلا ہو جاتے ہیں

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ یوسف ۔آیت۔ ۸۰۔

۴۔سورہ یوسف ۔آیت۔ ۸۷۔

۵۔سورہ رعد۔آیت۔ ۳۱۔

۶۔سورہ الممتحنہ۔آیت۔ ۱۳۔

۷۔سورہ الزمر۔آیت۔ ۵۳۔

۸۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۵۶۔

۹۔سورہ الزمر۔آیت۔ ۵۳۔

۱۰۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔

۱۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔

۱۲۔سورہ الزمر۔آیت۔ ۵۳۔

۲۱۔الاعتبار۔عبرت

اللہ تعالی جب کسی بندے کو پسند فرماتا ہے تو اس کی نصیحت عبرت کے ذریعے کرتا ہے۔(حضرت علیؓ)

عبرت ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ع۔ب۔ر) سے مشتق ہے۔ا؎

عبر۔کے معانی ایک مقام یا ایک حالت سے دوسرے مقام یا حالت تک پہنچ جانا۔

عبر النہر۔سے مراد اس نے نہر کو عبور کر لیا۔

عبر السبیل۔سے مراد اس نے راستہ طے کر لیا۔

اعتبر الشیئ۔سے مراد کسی چیز کو اچھی طرح سے پرکھ لینا۔

عبرۃ۔سے مراد ارباب بصیرت کا مظاہر فطرت یا تاریخی شواہد کی روشنی میں زندگی کی غرض وغایت اور قوانین الٰہی کے مقصود و مطلوب تک پہنچ جانا۔

خواب کی تعبیر، خواب کی تاویل کو تعبیر کہتے ہیں کیونکہ تعبیر بیان کرنے والا متخیل سے معقول کی طرف منتقل ہوتا ہے اور الفاظ کو عبارات کہتے ہیں، کیونکہ بولنے والے کی زبان سننے والے کی طرف معانی منتقل کرتی ہے۔

عبرت۔سے مراد نصیحت حاصل کرنا، دوسرے کے حال پر اپنے آپ کو قیاس کرنا۔

عبر۔کے معنی آنسو بہنا۔۲؎

عبر۔کے معنی راستہ سے گزرنا۔

عبر۔کے معنی کسی شخص کے مافی الضمیر کو بیان کرنا، زبان سے دل کی ترجمانی کرنا۔۳؎

علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی۔۵۰۲ھ) لکھتے ہیں!

عبر۔کا اصل معنی ایک حال سے دوسرے حال کی جانب تجاوز کرنا۔

جیسے دریا عبور کرتا ہے یا آنکھ سے آنسو گرنا یا فلاں راستے سے گزرنا وغیرہ۔

اعتبار اور عبرت۔ اس کو کہتے ہیں کے انسان حاضر چیز کا مشاہدہ کر کے اس چیز کی معرفت حاصل کرے جو حاضر نہیں ہے اور تعبیر، خواب کی تاویل کے ساتھ خاص ہے، جس میں ظاہر سے باطن کی طرف انتقال ہوتا ہے۔ ۴؎

علامہ خلیل بن احمد فراہیدی (متوفی۔ ۱۷۵ھ) نے کہا! ماضی کے واقعات سے سب سیکھنا عبرت ہے۔ ۵؎

امام فخر الدین محمد بن عمر رازی (متوفی۔ ۶۰۶ھ) لکھتے ہیں!

اعتبار۔ کا لفظ عبور سے ماخوذ ہے جس کا معنی ایک چیز کا دوسری چیز کی طرف تجاوز کرنا، اس لئے آنسو کو عبرت کہتے ہیں کیونکہ وہ آنکھ سے تجاوز کرتا ہے۔ کہا جاتا ہے کے سعید وہ شخص ہے جو دوسرے عبرت حاصل کرے، کیونکہ اس کی عقل دوسرے کے حال سے اپنے حال کی طرف منتقل ہوتی ہے، اسی لئے مفسرین نے اعتبار کی تفسیر میں کہا ہے! حقائق اشیاء اور ان کی دلالت کی وجوہ میں غور وفکر کرنا، تاکہ اس سے اس کی جنس کی دوسری چیز حاصل ہو۔

اس کو اعتبار کہتے ہیں اور فَاعْتَبِرُوْا يَآ اُولِي الْاَبْصَارِ۔ سے مراد

اے عقل والو اور بصیرت والو!، یا اے وہ لوگو جنہوں نے اس واقعہ کا مشاہدہ کیا ہے۔ ۶؎

ارشادات خداوندی:

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً۔ ۷؎

ترجمہ۔ بے شک مویشیوں میں بھی تمہارے لیے غور کا مقام ہے۔

اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ۔ ۸؎

ترجمہ۔ اگر تم خواب کی تعبیر بتا سکتے ہو۔

فَاعْتَبِرُوْا يَآ اُولِي الْاَبْصَارِ۔ ۹؎

ترجمہ۔ آنکھوں والو! عبرت حاصل کرو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جلد بازی لوگوں کو ہلاکت میں ڈالتی ہے اگر لوگ اپنے کاموں میں تدبر کرتے تو کبھی ہلاک نا ہوتے۔ ۱۰۱

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! مومن دنیا کو صرف عبرت کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور دنیا کی دلربائی کو غضبناک ہو کر سنتا ہے۔

آپؑ نے امیر معاویہ کو لکھا! جو کچھ گزر چکا ہے اگر تم اس کے ذریعے عبرت حاصل کرلو تو بقیہ کو محفوظ کرلو گے۔ عبرت حاصل کرنا ہدایت ہے۔ اسے حاصل کرنے والا انسان آزمائش سے مستغنی ہو جاتا ہے۔

عبرت حاصل کرنا بہترین دانشمندی ہے اور افضل دور اندیشی اور پشت پناہی کا انتظام ہے جبکہ سب سے بڑی حماقت فریب خوری ہے۔

اللہ تعالی جب کسی انسان کو پسند کرتا ہے تو اس کی نصیحت، عبرتوں کے ذریعہ کرتا ہے۔

بصیرت سے عبرت حاصل ہوتی ہے۔ زمانہ کے نشیب وفراز میں عبرتیں ہیں۔

مومن کے لئے موت بہترین تحفہ ہے۔

موت انسان کے سایے سے بھی زیادہ اس سے قریب ہے۔

موت سے شدید تر درد وہ ہے جس سے نجات حاصل کرنے کے لئے انسان موت کی آرزو کرتا ہے۔ جو شخص موت کو یقین کی نظر سے دیکھے گا وہ اسے اپنے قریب پائے گا۔

جو شخص اپنی موت کو اپنی آنکھوں کے سامنے تصور کرتا ہے اس پر دنیا کے سخت کام آسان ہو جاتے ہیں۔ بہت کم تمنائیں تم کو سچا ٹھہراتی ہیں۔

عبرتیں کتنی زیادہ ہیں لیکن اس پر عمل کرنے والے کتنے کم ہیں۔

ہر وہ نگاہ جو عبرت حاصل نا کرے وہ بے کار ہے۔ عبرت کا پھل عصمت اور پاکدامنی ہے۔

عبرت حاصل کرنے والے ہر عقلمند کے لئے ہر چیز میں نصیحت ہے۔
اللہ تعالی جب کسی بندے کو پسند فرماتا ہے تو اس کی نصیحت عبرت کے ذریعے کرتا ہے۔
جو انسان جتنی زیادہ عبرتیں حاصل کرے گا اس کی ہلاکت کے امکانات اتنی ہی کم ہوں گے۔ ۱۱

نفسیاتی پہلو

قرآن کریم میں ۷۵۶ مقامات پر کائنات میں تفکر، تدبر، غور وفکر اور تحقیق کا حکم دیا گیا ہے اور اللہ تعالی قرآن کریم میں بار بار اپنی نشانیوں کا تذکرہ فرماتے ہوئے بنی نوع انسان کو اس جانب متوجہ فرمایا ہے مثلاً آسمان اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے آنے جانے میں اہل علم کے لئے نشانیاں ہیں، کس طرح سے آسمان بغیر کسی ستون کے تمھارے سروں پر موجود ہے، ان پرندوں کی جانب دیکھو جو بلندی پر محو پرواز ہیں بھلا کس نے انھیں سنبھال رکھا ہے؟، سمندر میں کس طرح سے یہ کشتیاں چلتی ہیں؟، زمین خشک اور بنجر ہوگئ پھر ہم نے آسمان سے پانی برسایا اور یہ ہری بھری ہوگئی، کیا انسان اپنی پیدائش پر غور نہیں کرتا؟ وہ ناقابل تذکرہ شے تھا ہم نے اسے جیتا جاگتا بنادیا وغیرہ الغرض قرآن کریم میں اللہ تعالی نے بنی نوع انسانیت کو جابجا غور وفکر اور تحقیق وجستجو کی دعوت دی ہے۔

سوال یہ ہے کے اللہ نے ایسا کیوں کہا؟

اس کا جواب نہایت آسان ہے کیونکہ اللہ نے انسان پر اپنی معرفت لازم فرمائی ہے چنانچہ جب انسان اللہ کی نشانیوں پر غور وفکر کرتا ہے تو وہ اللہ کی عظیم الشان ہستی کو ناصرف جاننے لگتا ہے بلکہ اس کے آگے سجدہ شکر بھی بجالاتا ہے یہی نہیں بلکہ وہ ان کائناتی نشانیوں پر غور فکر کرنے سے اللہ کا مقرب اور صاحب عرفان بھی بن جاتا ہے۔

اشیاء کائنات میں اور دنیا کے اتار چڑھاؤ پر غور فکر کرنے سے انسان کو دنیا اور اہل دنیا کے دھوکے کا بخوبی علم ہوجاتا ہے اور جیسے ہی انسان کو اس دنیا اور اہل دنیا کی بے ثباتی کا یقین آیا

نہیں کے وہ اپنی اصل کی جانب لوٹتا ہے یعنی اپنے مالک حقیقی کے ساتھ اپنے تعلقات کو استوار کرتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔مختار الصحاح ۔ص۔۲۴۶۔دار احیاء التراث العربی، بیروت۔۱۴۱۹ھ۔
۴۔المفردات ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۵۔کتاب العین ۔علامہ خلیل بن احمد فراہیدی (متوفی۔۱۷۵ھ)۔ج۔۲۔ص۔۱۱۲۵۔
مطبع باقری، قم۔ ۱۴۱۴ھ۔
۶۔تفسیر کبیر۔امام فخر الدین محمد بن عمر رازی (متوفی۔۶۰۶ھ) ج۔۱۰۔ص۔۵۰۴۔دار احیاء التراث العربی
۷۔سورہ النحل۔آیت۔۶۶۔
۸۔سورہ یوسف۔آیت۔ ۴۳۔
۹۔سورہ الحشر۔آیت۔ ۲۔
۱۰۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ص۔ ۲۵۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۲۲۔البدعۃ۔بدعت

کوئی بدعت اس وقت ایجاد نہیں کی جاتی جب تک کے ایک سنت کو ترک نہ کر دیا جائے۔(حضرت علیؓ)

بدعت۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ب۔د۔ع) سے مشتق ہے۔ا؎

البدع۔سے مراد وہ کام جو سب سے پہلے ہوا ہو اور اس سے قبل اس کی کوئی مثال موجود نا ہو۔

البدیع۔سے مراد وہ نئی رسی جو پہلی بار کسی نئے ریشے سے بٹی گئی ہو۔

الابداع۔سے مراد کسی چیز کو بغیر کسی تقلید کے پہلی بار پیدا کرنا۔

انگریزی زبان میں بدیع کو Originator بھی کہا جاتا ہے۔

مبدی۔اللہ کا ایک صفاتی نام۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَرَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا۔۳؎

ترجمہ۔رہبانیت کو انہوں نے ازخود ایجاد کیا۔

قُلْ مَا كُنتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ۔۴؎

ترجمہ۔کہہ دو میں کوئی انوکھا رسول نہیں ہوں اور میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور نہ تمہارے ساتھ، میں نہیں پیروی کرتا مگر اس کی جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے اور سوائے اس کے(کوئی بات) نہیں کہ میں کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں۔

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ بَدَأَ الْخَلْقَ ۚ ثُمَّ اللَّهُ يُنشِئُ النَّشْأَةَ الْآخِرَةَ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ۔۵؎

ترجمہ۔ کہہ دو ملک میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ اس نے کس طرح مخلوق کو پہلی دفعہ پیدا کیا، پھر اللہ آخری دفعہ بھی پیدا کرے گا، بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اَوَلَمۡ یَرَوۡا كَیۡفَ یُبۡدِئُ اللّٰہُ الۡخَلۡقَ ثُمَّ یُعِیۡدُہٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیۡرٌ ۔۶؎

ترجمہ۔ اللہ مخلوقات کو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اسے بار بار پیدا کرتا رہتا ہے۔

اَوَلَا یَذۡكُرُ الۡاِنۡسَانُ اَنَّا خَلَقۡنٰہُ مِنۡ قَبۡلُ وَلَمۡ یَكُ شَیۡئًا ۔۷؎

ترجمہ۔ کیا انسان کو یاد نہیں کے ہم پہلے اس کو پیدا کر چکے ہیں جبکہ وہ کچھ بھی نہ تھا؟

بَدِیۡعُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَاِذَا قَضٰۤی اَمۡرًا فَاِنَّمَا یَقُوۡلُ لَہٗ كُنۡ فَیَكُوۡنُ ۔۸؎

ترجمہ۔ آسمان و زمین کا وہی موجد ہے اور جب وہ کسی کام کی ٹھان لیتا ہے تو اس کے لئے فرماتا ہے کے 'کن' تو وہ ہو جاتا ہے۔

یَقُوۡلُ لَہٗ كُنۡ فَیَكُوۡنُ ۔۹؎

ترجمہ۔ جب (اللہ) کہتا ہے ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔

لَخَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ اَكۡبَرُ مِنۡ خَلۡقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ۔۱۰؎

ترجمہ۔ بے شک آسمان اور زمین کی پیدائش لوگوں کی پیدائش سے کہیں بڑھ کر ہے۔

لِلّٰہِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ یَخۡلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ یَہَبُ لِمَنۡ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَہَبُ لِمَنۡ یَّشَآءُ الذُّكُوۡرَ ۔۱۱؎

ترجمہ۔ آسمانوں اور زمین میں اللہ ہی کی بادشاہی ہے، جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے، جسے چاہتا ہے لڑکیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے لڑکے بخشتا ہے۔

وَرَبُّكَ یَخۡلُقُ مَا یَشَآءُ وَیَخۡتَارُ ۔۱۲؎

ترجمہ۔ تیرا رب جو چاہے پیدا کرتا ہے۔

اَلَّذِیۡۤ اَحۡسَنَ كُلَّ شَیۡءٍ خَلَقَہٗ وَبَدَاَ خَلۡقَ الۡاِنۡسَانِ مِنۡ طِیۡنٍ ۔۱۳؎

ترجمہ۔جس نے جو چیز بنائی خوب بنائی، اور انسان کی پیدائش مٹی سے شروع کی۔

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۚ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ۚ وَعْدًا عَلَيْنَا ۚ اِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ ۔۱۴؎

ترجمہ۔جس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹیں گے جیسے خطوں کا طومار لپیٹا جاتا ہے، جس طرح ہم نے پہلی بار پیدا کیا تھا دوبارہ بھی پیدا کریں گے، یہ ہمارے ذمہ وعدہ ہے، بے شک ہم پورا کرنے والے ہیں۔

كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ۔۱۵؎

ترجمہ۔جس طرح سے اللہ نے تمھیں ابتداء میں پیدا کیا ہے۔

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۖ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۚ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۚ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ۚ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۔۱۶؎

ترجمہ۔(اللہ) نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک طور پر بنایا ہے، اور جس دن کہے گا کہ ہو جا تو وہ ہو جائے گا، اس کی بات سچی ہے، اور اسی کی بادشاہی ہوگی جس دن صور میں پھونکا جائے گا، چھپی اور ظاہر باتوں کا جاننے والا ہے، اور وہی حکمت والا خبردار ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔۱۷؎

ترجمہ۔سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو آسمانوں اور زمین کا بنانے والا ہے فرشتوں کو رسول بنانے والا ہے جن کے دو دو تین تین چار چار پر ہیں، وہ پیدائش میں جو چاہے زیادہ کر دیتا ہے، بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ۖ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۚ اِنَّهٗ يَبْدَاُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۔۱۸؎

ترجمہ۔تم سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، اللہ کا وعدہ سچا ہے، وہی پہلی مرتبہ پیدا کرتا

ہے پھر وہی دوبارہ پیدا کرے گا۔

قُلۡ هَلۡ مِنۡ شُرَكَآئِكُمۡ مَّنۡ يَّبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ ثُمَّ يُعِيۡدُهٗ قُلِ اللّٰهُ يَبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ ثُمَّ يُعِيۡدُهٗ فَاَنّٰى تُؤۡفَكُوۡنَ۔۱۹

ترجمہ۔ کہہ دو کیا تمہارے شریکوں میں کوئی ایسا ہے جو مخلوقات کو پیدا کرے پھر اسے دوبارہ زندہ کرے، کہہ دو اللہ پہلے پیدا کرتا ہے پھر اسے لوٹائے گا، سوتم کہاں پھرے جاتے ہو۔

يَوۡمَ نَطۡوِى السَّمَآءَ كَطَىِّ السِّجِلِّ لِلۡكُتُبِ‌ؕ كَمَا بَدَاۡنَاۤ اَوَّلَ خَلۡقٍ نُّعِيۡدُهٗ‌ؕ وَعۡدًا عَلَيۡنَا‌ؕ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيۡنَ۔۲۰

ترجمہ۔جس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹیں گے جیسے خطوں کا طومار لپیٹا جاتا ہے، جس طرح ہم نے پہلی بار پیدا کیا تھا دوبارہ بھی پیدا کریں گے، یہ ہمارے ذمہ وعدہ ہے، بے شک ہم پورا کرنے والے ہیں۔

وَّرَهۡبَانِيَّةَ ۨابۡتَدَعُوۡهَا۔۲۱

ترجمہ۔رہبانیت کو انہوں نے ازخود ایجاد کیا۔

علامہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (متوفی ۶۶۸ھ) لکھتے ہیں! یہ آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ ہر نیا کام بدعت ہے اور جو شخص کسی بدعت حسنہ کو نکالے اس پر لازم ہے کہ وہ اس پر ہمیشہ برقرار رہے اور اس کی بدعت کی ضد کی طرف عدول نہ کرے ورنہ وہ اس آیت کی وعید میں داخل ہو جائے گا۔

حضرت ابوامامہ باہلیؓ بیان کرتے ہیں، تم نے تراویح کی بدعت نکالی ہے، تم پر تراویح فرض نہیں کی گئی تھی، تم پر صرف روزے فرض کئے گئے تھے۔اب جب کہ تم نے یہ بدعت اختیار کر لی ہے تو اس پر دوام کرو اور اس کو ترک نہ کرو کیونکہ بنی اسرائیل نے کئی بدعتیں نکالیں جن کو اللہ نے ان پر فرض نہیں کیا تھا اور انہوں نے صرف اللہ کی رضا کی طلب کے لئے یہ بدعتیں نکالی تھیں پھر انہوں نے ان بدعتوں کی اس طرح رعایت نہیں کی جس طرح ان کی رعایت

کرنے کا حق تھا تو اللہ تعالیٰ نے ان بدعات کے ترک کرنے پر ان کی مذمت کی اور فرمایا! اور رہبانیت کو انہوں نے خود ایجاد کیا۔ ہم نے اس کو ان پر فرض نہیں کیا تھا مگر (انہوں نے) اللہ کی رضا کی طلب کے لئے (اس کو ایجاد کیا) پھر انہوں نے اس کی ایسی رعایت نہیں کی جو رعایت کا حق تھا۔ ۲۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سب سے اچھی بات کتاب اللہ ہے اور سب سے اچھی ہدایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہدایت ہے اور بدترین امور محدثات (نئے نکالے ہوئے کام) ہیں اور ہر بدعت گمراہی ہے۔ ۲۳؎

حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ فرمایا! ہر نیا کام (یا نیا قول) بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی دوزخ میں ہے۔ ۲۴؎

حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالیٰ نے ہفتہ کے دن مٹی (زمین) پیدا کی، اتوار کے دن اس میں پہاڑ نصب کئے، پیر کے دن درخت پیدا کئے، منگل کے دن ناپسندیدہ چیزوں کو پیدا کیا، بدھ کے دن نور پیدا کیا، جمعرات کے دن زمین میں جانور پیدا کئے اور جمعہ کی آخری ساعت میں عصر اور مغرب کے درمیان آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ ۲۵؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! کوئی بدعت اس وقت ایجاد نہیں کی جاتی جب تک کہ ایک سنت کو ترک نہ کر دیا جائے لہٰذا بدعت سے ڈرو اور روشن راستے کے پابند رہو۔

جو کسی بدعتی کی طرف احترام سے بڑھے گا گویا اس نے اسلام کو منہدم کرنے کی کوشش کی۔

دین کو بدعت سے زیادہ کسی اور چیز نے نقصان نہیں پہنچایا۔

فتنوں کی علامت اور بدعتوں ی نشانی نا بنو۔ اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ بدترین شخص امام

جابر ہے جو خود بھی گمراہ ہے اور وہ لوگوں کو بھی گمراہ کرتا ہے یہ سنت کو ترک کرتا ہے جبکہ بدعات کو زندہ کرتا ہے۔

لوگ دو طرح کے ہیں۔ا۔ پابند شریعت۔۲۔ موجد بدعت۔

خوش نصیب ہے وہ انسان جو پابند شریعت ہو اور اس کی جانب کوئی بدعت منسوب نا ہو۔

بخدا سنت رسول اللہ ﷺ کی روش ہے، اس کے سوا سب کچھ بدعت ہے۔۲۶؎

اللہ نے سب سے پہلے خلق کی ابتداء فرمائی بغیر کسی گزشتہ تجربے کے اس نے بے جوڑ چیزوں میں توازن و ہم آہنگی پیدا کی ہر شے کو جداگانہ طبیعت و مزاج کا حامل بنایا اور ان طبیعتوں کے لئے مناسب صورتیں ضروری قرار دیں وہ ذات پاک ان کے وجود میں آنے سے پہلے انھیں جانتا تھااور ان سب کی حدود نہایت پر احاطہ کے ساتھ ساتھ ان کے نفوس اور اعضاء کو بھی جانتا اور پہچانتا تھا پھر اس نے شادہ فضاء، وسیع اطراف و اکناف اور خلاء کی وسعتیں خلق کیں۔۲۷؎

نفسیاتی پہلو

اسلام میں بدعت سے مراد ایسی بات کی شروعات جس کا کوئی تعلق دین اسلام سے نا ہو، کسی نئی ایجاد اور اختراع کی معاشرے میں شروعات جس حکم نا تو اللہ نے دیا ہے اور نا ہی پیغمبر کرام نے ان باتوں کا حکم دیا ہے۔

عام طور پر یہ شیطانی ہتھکنڈے ہیں جو دین کو فاسد کرنے کے لئے اپنائے جاتے ہیں چنانچہ ہر ایسی چیز سے تمام مسلمانوں کو بچنا چاہئے جس کا قرآن کریم میں اور رسول اللہ ﷺ کی سیرت وسنت میں کوئی حجت موجود نا ہو۔

تاہم کچھ بدعت حسنہ بھی ہیں مثلاً حضرت عمر فاروق نہایت منظم اور متحرک خلیفہ وقت تھے اور بے قاعدگی اور افراتفری کو ناپسند کرتے تھے جب انھوں نے دیکھا کے رمضان کے مہینے میں لوگ مختلف ٹولیوں میں بکھرے ہوئے ہیں اور دین اسلام، یا قرآن کریم کو سن یا سیکھ رہے

ہیں اور علیحدہ علیحدہ اپنی نمازیں ادا کر رہے ہیں تو انھوں نے مسلمانوں میں نظم وضبط کو قائم کرنے کے لئے اور بکھری ہوئی عبادات کو سمیٹ کر تراویح کو قائم کرنے کا حکم دیا اگرچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور میں تراویح کا اہتمام نہیں کیا جاتا تھا لیکن حضرت عمر فاروق کی اسلام اور مسلمانوں کے اتحاد اور نظم وضبط کی اس کوشش کو بدعت حسنہ کہا جاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ حدید۔آیت۔ ۲۷۔

۴۔سورہ احقاف۔آیت۔ ۹۔

۵۔سورہ العنکبوت۔آیت۔ ۲۰۔

۶۔سورہ العنکبوت۔آیت۔ ۱۹۔

۷۔سورہ مریم۔آیت۔ ۶۷۔

۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۱۷۔

۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۱۷۔

۱۰۔سورہ مومن۔آیت۔ ۵۷۔

۱۱۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔ ۴۹۔

۱۲۔سورہ القصص۔آیت۔ ۶۸۔

۱۳۔سورہ السجدہ۔آیت۔ ۷۔

۱۴۔سورہ الانبیاء۔آیت۔ ۱۰۴۔

۱۵۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۲۹۔

۱۶۔سورہ انعام۔آیت۔ ۷۳۔

۱۷۔سورہ فاطر۔آیت۔ ۱۔

۱۸۔سورہ یونس۔آیت۔ ۴۔

۱۹۔سورہ یونس۔آیت۔ ۳۴۔

۲۰۔سورہ الانبیاء۔آیت۔ ۱۰۴۔

۲۱۔سورہ حدید۔آیت۔ ۲۷۔

۲۲۔الجامع الاحکام القرآن۔علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (متوفی ۶۶۸ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت

۲۳۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۲۴۔سنن نسائی۔امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔

۲۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۲۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔ ۴۷۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۲۷۔نہج البلاغہ۔مرتب۔ڈاکٹر تصدق حسین۔خطبہ اول۔ص۔ ۹۲۔رومیل ہاؤس آف پبلی کیشنز۔ ۲۰۱۶ء۔

۲۳۔ الاسراف۔ فضول خرچی

جس نے فضول خرچی پر فخر کیا وہ افلاس کے ذریعے حقیر کر دیا جائے گا۔ (حضرت علیؑ)

السرف۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (س۔ ر۔ ف) سے مشتق ہے۔ ا؎

السرف۔ سے مراد مقررہ حد سے بڑھ جانا۔

سرف۔ سے مراد زیادتی یا نادانی۔ ۲؎

ارشادات خداوندی:

وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطَانًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ۔ ۳؎

ترجمہ۔ جس جان کو قتل کرنا اللہ نے حرام کر دیا ہے اسے ناحق قتل نہ کرنا، اور جو کوئی ظلم سے مارا جائے تو ہم نے اس کے ولی کے واسطے اختیار دے دیا ہے لہٰذا قصاص میں زیادتی نہ کرے، بے شک اس کی مدد کی گئی ہے۔

وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ۔ ۴؎

ترجمہ۔ اور وہ لوگ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ وہ فول خرچ کرتے ہیں اور نہ بخل کرتے ہیں اور ان کا خرچ کرنا میانہ روی پر ہوتا ہے۔

وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ۔ ۵؎

ترجمہ۔ حد سے تجاوز کرنے والوں کی اطاعت نہ کرو۔

اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ۔ ۶؎

ترجمہ۔ بے شک تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں کے پاس نفسانی خواہش کے لیے آتے ہو بلکہ تم تو (حیوانوں کی) حد سے (بھی) تجاوز کرنے والے ہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات :

مغیرہ بن شعبہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی تمھارے لئے تین چیزوں کو ناپسند کرتا ہے۔

ا۔ بلا وجہ کی گفتگو۔

۲۔ فضول خرچی۔

۳۔ لوگوں سے بہت مانگنا۔ ے

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! فضول خرچی جیسی کوئی جہالت نہیں ہے۔

جس نے فضول خرچی پر فخر کیا وہ افلاس کے ذریعے حقیر کر دیا جائے گا۔

فضول خرچی مفلس کر دینے والی ساتھی ہے۔ فضول خرچی فاقہ کا عنوان ہے۔

سخی بنو فضول خرچ نا بنو، اندازے سے خرچ کرو بخل نا کرو۔

آگاہ ہو جاؤ بغیر حق کے مال لٹانا فضول خرچی ہے اگرچہ یہ صفات انسان کو دنیا میں تو سر بلند کر دیتی ہیں لیکن آخرت میں انسان کی یہی صفت اس کی پستی کا سبب بنے گی۔

میانہ روی اختیار کرو۔ اپنی ضرورت بھر مال لے کر باقی کو آخرت کے لئے ذخیرہ کرو یعنی غرباء اور ضرورت مندوں میں اضافی مال تقسیم کر دو۔

فضول خرچ کی تین نشانیاں ہیں۔ ا۔ ایسا لباس زیب تن کرے گا جو اس کے لئے نہیں۔

۲۔ ایسی غذا کھائے گا جو اس کو موافق نہیں۔

۳۔ ایسی چیز خریدے گا جو اس کے لئے نہیں۔

میانہ روی تھوڑے سرمائے کو بھی بڑھا دیتی ہے جبکہ اسراف زیادہ سرمائے کو بھی کم کر دیتا ہے۔

دور اندیش ہے وہ انسان جو اسراف اور فضول خرچی سے اجتناب کرے۔

اسراف ہر چیز میں برا ہے سوائے نیکیوں میں۔

اسراف سخاوت پر داغ ہے۔
کم کھانا قناعت پسندی اور پرخوری اسراف ہے۔
سب سے بڑا شرف فضول خرچی اور اسراف سے پرہیز ہے۔
جس نے تکبر اور اسراف کا لبادہ اوڑھ لیا گویا اس نے خلعت فضل وشرف کو اتار پھینکا۔
سائل کو کبھی نا بھگاؤ بھلے وہ اسراف کا ہی مرتکب کیوں نا ہو۔۸؎

نفسیاتی پہلو

فضول خرچی یا اسراف انسان کی ایک ایسی منفی صفت ہے جو انسان کو قلاش اور مالی اعتبار سے کمزور کر دیتی ہے، اللہ تعالی نے دنیا میں انسانوں کو جتنے بھی وسائل مہیا کئے ہیں ان کا بے استعمال کم علمی اور انتہاء درجے کی ناقدری ہے، اس نکتے کی وضاحت خود رسول اللہ ﷺ نے اس طرح سے فرمائی! اگر تم کسی دریا کے کنارے بھی وضو کرو تو پانی کا اسراف ہرگز نا کرو اور اتنا ہی پانی استعمال کرو جو اس وضو کے لئے ضروری ہو۔
اس حدیث میں یہ پیغام ہے کے اللہ تعالی نے پانی یا اس جیسی جتنی بھی عظیم نعمتیں انسانوں کو عطا فرمائی ہیں انسان کو ان میں سے صرف ضرورت بھر لینا چاہئے اور اس نعمت کی فضول خرچی سے ہر ممکن طور پر بچنا چاہئے، اسلام فضول خرچ کو شیطان کا بھائی کہتا ہے کیونکہ فضول خرچ انسان نہایت بے دردی سے اللہ کی عطا کردہ نعمتوں کو ہر اس جگہ بھی خرچ کر دیتا ہے جہاں اس کے خرچ کرنے کا کوئی موقع اور محل نا تھا دوسری جانب اگر انھی وسائل اور نعمتوں کو سوچ سمجھ کر حکمت اور عقلمندی کے ساتھ خرچ کیا جائے تو اللہ کی کثیر مخلوق اس نعمت سے مستفید ہو سکے گی بصورت دیگر چند کم عقلوں کے ہاتھ میں بلا وجہ اور بلا ضرورت خرچ ہو کر ضائع ہو جائے گی چنانچہ اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کی حفاظت اور اس کا درست جگہ پر خرچ کرنا عین عقلمندی اور انسان کی سعادت ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ بنی اسرائیل ۔آیت ۔ ۳۳۔

۴۔سورہ فرقان ۔آیت ۔ ۶۷۔

۵۔سورہ الشعراء۔آیت ۔۱۵۱۔

۶۔سورہ اعراف۔آیت ۔۸۱۔

۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۸۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔ص۔۱۳۱۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۲۴۔الاکل۔پرخوری

اپنی غذا کو کم کرو امراض خود بخود کم ہو جائیں گے۔(حضرت علیؑ)

اکل۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ا۔ک۔ل) سے مشتق ہے۔ا؎

اکل۔سے مراد چبانے والی کسی چیز کو چبا کر کھانا۔

پینے والی یا چبائے بغیر نگلنے ولی چیز کو ماکول کہتے ہیں۔

الاکل۔بادشاہ کو بھی کہتے ہیں۔

الماکول۔رعایا کو بھی کہتے ہیں۔

االاکل۔سے مراد پھل۔

کھانے والی چیز کو الاکل کہا جاتا ہے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ۔۳؎

ترجمہ۔اس جنت کا حال جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے، اس کے نیچے نہریں بہتی ہیں، اس کے میوے اور سائے ہمیشہ رہیں گے، یہ پرہیزگاروں کا انجام ہے اور کافروں کا انجام آگ ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۔۴؎

ترجمہ۔اے رسولو! ستھری چیزیں کھاؤ اور اچھے کام کرو، بے شک میں جانتا ہوں جو تم کرتے ہو۔

يَآاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا كُلُوۡا مِنۡ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقۡنٰكُمۡ وَاشۡكُرُوۡا لِلّٰهِ اِنۡ كُنۡتُمۡ اِيَّاهُ تَعۡبُدُوۡنَ۔ ۵؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! ان پاک چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تم کو دی ہیں، اللہ کا شکر کرو اگر تم اس کی عبادت کرتے ہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابوسعیدؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے طیب چیز کو کھایا اور سنت کے مطابق عمل کیا اور لوگوں کو اپنے مظالم سے محفوظ رکھا وہ جنت میں ہوگا۔ ٦؎

حضرت مقدامؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کسی شخص نے بھی اپنے ہاتھ کی کمائی سے بہتر طعام نہیں کھایا اور اللہ کے نبی داؤد اپنے ہاتھ کی کمائی سے کھاتے تھے۔ ٧؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالیٰ پاک ہے اور وہ پاک چیز کے سوا اور کسی چیز کو قبول نہیں کرتا اور اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو وہی حکم دیا ہے جو رسولوں کو حکم دیا تھا۔ سو فرمایا! اے رسولو! پاک چیزیں کھاؤ اور نیک کام کرو' میں تمہارے کاموں سے باخبر ہوں' اور فرمایا: اے مسلمانو! ہماری دی ہوئی چیزوں سے پاک چیزیں کھاؤ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسے شخص کا ذکر کیا جو لمبا سفر کرتا ہے، اس کے بال غبار آلود ہیں، وہ آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر کہتا ہے یا رب! یا رب! اس کا کھانا پینا حرام ہو، اس کا لباس حرام ہو، اس کی غذا حرام ہو، اس کی غذا حرام ہو تو اس کی دعا کیسے قبول ہوگی۔ ٨؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زمین پر بیٹھ کر کھاتے، غلاموں کے ساتھ بیٹھا کرتے، اپنے پھٹے ہوئے کپڑے اور جوتے سی لیا کرتے، اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سواری کی ننگی پیٹھ پر سوار ہوتے۔

خوش خبری ہے اس انسان کے لئے جو اپنے گھر میں رہتا ہے۔

اپنی کمائی ہوئی حلال روزی کھاتا ہے اور اپنے پروردگار کی عبادت میں مصروف رہتا ہے۔
یہ سخت مشکل کاموں سے ہے کے انسان ایسی چیزوں کا ذخیرہ کرے جنھیں وہ کھا نا سکے، ایسی عمارتیں تعمیر کرے جن میں وہ رہ نا سکے اور اپنے اللہ کے حضور ایسی حالت میں حاضر ہو کے نا اس کے ہمراہ اس کی دولت ہو اور نا ہی عمارات۔ پیٹ بھر کر کھانے والوں کو پرخوری مارڈالے گی۔اپنی غذا کو کم کرو امراض خود بخود کم ہو جائیں گے۔
کم کھانا انسان کو امراض سے بچاتا ہے
زیادہ کھانا اسراف کی نشانی ہے۔جس انسان کی غذا کم ہوگی اس انسان کی تکالیف بھی کم ہوں گی۔
ہمیشہ پیٹ بھر کر کھانا مختلف تالیف اور بیماریوں کا سبب ہے۔
زیادہ کھان پرخوری کی شدید آرزو کی وجہ سے ہے جبکہ زیادہ کھانے کی آرزو بدترین عیوب میں سے ایک عیب ہے۔
زیادہ سونا اور زیادہ کھانا نفس کو تباہ کردیتا ہے۔
پرخوری سے بچے رہو کیونکہ یہ دلوں کی سختی، نماز میں تساہلی اور فساد جسم کا سبب ہے۔
کھانے سے قبل اور بعد نارنگی کا استعمال کرو کیونکہ یہ آل محمد ﷺ کی سنت ہے۔
اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ مغبوض ترین شخص وہ ہے جس کا سب کچھ اس کا پیٹ اور شرم گاہ ہو۔جس شخص کی ساری لگن پیٹ میں داخل کرنے والی اشیاء جتنی ہوگی تو اس کی قسمت بھی اس کے پیٹ سے خارج ہونے والے (فضلے) جتنی ہی ہوگی۔۹؎

نفسیاتی پہلو

ماہرین تغذیہ کا یہ ماننا ہے کے انسانی جسم کی بیماری کی اصل وجہ بہت اور بے وقت کھانا ہے انسان کم کھانے سے نہیں بلکہ زیادہ کھانے سے مرتا ہے تاہم علماء کرام لکھتے ہیں کے انسان اپنی قبر اپنے دانتوں سے ہی کھودتا ہے کیونکہ پرخوری کی عادت جہاں انسان کو نت نئی بیماریوں

سے متعارف کرواتی ہیں وہیں اس انسان کو غبی، کاہل، سست، کم عقل اور نفسانی خواہشات کا پیرو بھی بناتی ہیں۔

اسلام اپنے ماننے والوں کو کم کھانے، کم سونے اور کم بولنے کی ترغیب اور تاکید کرتا ہے تاکہ انسان تادیر اچھی صحت کے ساتھ دنیا میں رہ کر اللہ کی اطاعت اور عبادت کر سکے۔

لیکن عمدہ کھانا کھانے کی لگن انسان کو بہت جلد موذی امراض میں مبتلا کر کے اسے اپاہج، ناکارہ اور بیمار کر دیتے ہیں اور وہ بہت جلد خود اپنے اور دوسروں کے اوپر بوجھ بن جاتا ہے۔

کھانا کھانے کی اصل وجہ یہ ہے کے انسان اپنے جسم میں اتنی طاقت اور توانائی کا ذخیرہ کر لے تاکہ وہ اگلے وقت بہت سارے کام اور عبادت کرنے کے لائق ہو جائے اور انسان کی کمر سیدھی رہے تاکہ وہ اپنے کام بخوبی کر سکے۔

تحقیق سے یہ ثابت ہوا ہے کے جو لوگ وقت کی پابندی کے ساتھ کم کھانا کھاتے ہیں ایسے افراد لمبی عمر اور قابل رشک صحت کے مالک ہوتے ہیں انھیں کھانے کی ہوس نہیں ہوتی اور کھانے کی یہی بے رغبتی ان کی بہترین صحت کی ضامن ہے۔

رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام بہت کم غذا لیا کرتے اور دور نبوی ﷺ اور اس کے بعد تک لوگ صرف دو وقت کھانا کھایا کرتے یعنی صبح کا ناشتہ اور رات کا کھانا جبکہ ان کی غذا نہایت معمولی اور سادہ وہا کرتی، یہی وجہ تھی کے اس دور میں لوگوں نے اچھی صحت کے ساتھ اتنے بڑے بڑے کارنامے سرانجام دئے۔

امیر المومنین حضرت علیؑ فرماتے ہیں! اپنی غذا کو کم کرو امراض خود بخود کم ہو جائیں گے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ رعد۔آیت۔ ۳۵۔

۴۔سورہ مومنون ۔آیت۔ ۵۱۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۷۲۔

۶۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۸۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۹۔تجلیات حکمت ۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔ص۔ ۴۰۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۲۵۔البخل۔بخل۔کنجوسی

بہت زیادہ بیماریاں بخل کی علامت ہیں۔(حضرت علیؑ)

بخل۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ب۔خ۔ل) سے مشتق ہے۔ا۔

البخل۔سے مراد اپنی حاصل شدہ چیزوں کو ان مواقع پر خرچ کرنے سے روکنا جہاں ان کو خرچ کرنے کی ضرورت ہو۔

بخل۔کی دو اقسام ہیں۔ا۔انسان اپنی چیزوں کو خرچ کرنے سے گریز کرے۔
۲۔انسان دوسروں کو خرچ کرتے ہوئے دیکھ نا سکے۔۲۔

بخل۔سے مراد اشیاء کو روک لینا۔۳۔

ارشادات خداوندی:

اَلَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَأْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا۔۴۔

ترجمہ۔جو لوگ بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو بخل سکھاتے ہیں اور اسے چھپاتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا ہے، اور ہم نے کافروں کے لیے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

وَاَمَّا مَنْ م بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى۔۵۔

ترجمہ۔جس نے بخل کیا اور اللہ سے بے پروا رہا۔

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ۔۶۔

ترجمہ۔اللہ کی راہ میں خرچ کرو، پس تم میں سے بعض بخل کرتے ہیں اور جو بخل کرتا ہے تو وہ

صرف اپنی جان سے ہی بخل کرتا ہے، اور اللہ بے پروا ہے اور تم ہی محتاج ہو، اور اگر تم نہ مانو گے تو وہ اور قوم سوائے تمہارے بدل دے گا، پھر وہ تمہاری طرح نہ ہوں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

امیر المومنین حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ پھر بھی مجھ پر درود نا بھیجے۔ ۷؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! آدمی میں پائی جانے والی سب سے بری چیز انتہاء کو پہنچی ہوئی بخیلی اور سخت بزدلی ہے۔ ۸؎

حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ فرماتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا! خیرات کو مت روکو ورنہ تمھارا رزق بھی روک لیا جائے گا۔ ۹؎

حضرت جابرؓ فرماتے ہیں، کبھی ایسا نہیں ہوا کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کسی نے کوئی چیز مانگی ہو اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے وہ دینے سے انکار کیا ہو۔ ۱۰؎

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہر روز جب بندہ صبح اٹھتا ہے تو دو فرشتے آسمان سے اترتے ہیں ایک فرشتہ کہتا ہے اے اللہ! خرچ کرنے والے کو اس کا بدلہ دے اور دوسرا فرشتہ کہتا ہے اے اللہ! جو شخص صدقات واجبہ کو روکے اس کے مال کو تلف کردے۔ ۱۱؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! کنجوسی تمام تر عیوب کی جامع ہے۔ اور یہ ایک ایسی برائی ہے جو تمام برائیوں کی جانب آدمی کی رہنمائی کرتی ہے۔

مجھے کنجوس کو دیکھ کر تعجب ہوتا ہے کیونکہ اس کی جانب ایسی فقیری نہایت سرعت اور تیزی سے بڑھتی جس سے وہ بھاگتا ہے۔ تونگری اس کے ہاتھ سے چلی جاتی ہے جس کو وہ بہت چاہتا ہے اور وہ دنیا میں فقیری کی طرح زندگی بسر کرتا ہے لیکن آخرت میں اس کا محاسبہ مالداروں کی

طرح کیا جائے گا۔اے بیٹا! کنجوس کی دوستی سے بچو کیونکہ وہ تمھاری شدید حاجت کے وقت میں تم سے الگ ہو جائے گا۔

مردوں کے کچھ خصائل جوان کے لئے نہایت نقصان دہ ہیں لیکن وہی خصائل عورتوں کے لئے بہتر ہیں جس میں تکبر، بخل اور بزدلی شامل ہے۔

۱۔متکبر عورت جلدی غیر کے قابو میں نہیں آئے گی۔

۲۔بخیل عورت اپنے شوہر کے مال کی حفاظت کرے گی۔

۳۔ بزدل عورت ہر اس نقصان دہ چیز سے بھاگے گی جس سے اس کی آبرو کو کوئی خطرہ لاحق ہو۔ بہت زیادہ بیماریاں بخل کی علامت ہیں۔

کنجوس اپنا مال اپنے وارثوں کے لئے جمع کرتا ہے۔ کنجوسی باعث ملامت ہے۔

بخیل کو یہ خبر دے دو کے اس کا مال کسی حادثے یا اس کے مرنے کے بعد وارثوں کے حوالے ہو جائے گا۔بخل وحرص کے ساتھ کوئی نیکی نہیں۔

کنجوس اور لالچی شخص کبھی وسیع القلب نہیں ہوسکتا چاہے وہ ڈھیر ساری دولت ہی کیوں نا پالے۔کنجوس کے پاس دولت کا جمع ہونا دوطرح کے قحط میں سے ایک طرح کا قحط ہے۔

کنجوس کا وہی دوست ہوسکتا ہے جس نے اس کا تجربہ نا کیا ہو۔

کنجوس کا کسی سخی انسان پر غیظ وغضب اس کی کنجوسی سے زیادہ تعجب خیز ہے۔

اپنے مشوروں میں بخیل اور کنجوس کو ہرگز شامل نا کرو کیونکہ وہ تم سے فضیلت کو الگ کر کے فقر کو قریب کر دے گا۔بخیل کے لئے کوئی مروت نہیں۔کنجوسی نا کرو ورنہ تم فقیر ہو جاؤ گے۔

اشراف کے ساتھ کنجوسی کتنا بدترین بخل ہے۔

اپنے پاس موجود اشیاء کے مقابلے میں جس نے کسی محتاج کے ساتھ کنجوسی کی اس پر اللہ غضبناک ہوتا ہے۔جس نے خود اپنے آپ سے کنجوسی برتی وہ دوسروں کے ساتھ اس سے کہیں زیادہ کنجوسی برتے گا۔

اگر تم بخل کو کسی آدمی کے روپ میں دیکھتے تو اس کی مکروہ شکل دیکھ کر ہر انسان اپنی آنکھ کو بند کر لیتا اور ہر دل اس سے نفرت کرتا۔ کنجوس اور حریص کا کوئی دوست نہیں۔

آسائشات کے زوال کا ایک سبب محتاج کو کچھ نا دینا ہے۔

کنجوس اپنی دولت میں سے اپنے لئے بھی بہت کنجوسی کرتا ہے لین اپنی دولت کو اپنے وارثوں کے سپرد کر کے جاتا ہے۔ بخل کی کثرت انسان کی مردانگی اور اخوت کو تباہ کر دیتی ہے۔

دو خصائل مومن میں جمع نہیں ہو سکتے۔ ا۔ بداخلاقی۔ ۲۔ بخل۔

بدترین بخل مستحق کو دولت نا دینا ہے۔

مخلوقات میں اللہ تعالی سے سب سے زیادہ دور مال دار کنجوس ہوتا ہے۔

کنجوس کو دنیا میں مذمت جبکہ آخرت میں عذاب اور ملامت کا سامنا کرنا پڑے گا۔

کنجوس بہت جلد فقر میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ ۱۲؎

نفسیاتی پہلو

امیر المومنین حضرت علی فرماتے ہیں کے بہت ساری بیماریوں کی اصل وجہ بخل یعنی کنجوسی ہے، امیر المومنین کا اشارہ جسمانی، روحانی، ذہنی اور نفسیاتی بیماریوں کی جانب ہے۔

اسلام نے ایک نہایت سادہ سا اصول بیان فرمایا ہے کے جو چیز تمھاری ضرورت سے زائد ہے اس پر اب غریبوں اور ضرورت مندوں کا حق ہے۔

کنجوس شخص اللہ کا ناشکرا اور اللہ کی نعمتوں کا بے قدرا ہوتا ہے دوسری جانب وہ معاشرے میں کئی جرائم کا بھی ایک سبب بنتا ہے۔ جس طرح سے کسی جگہ پر اگر پانی کھڑا ہو جائے تو وہ بدبو، تعفن اور کئی امراض کا سبب بنتا ہے بالکل اسی طرح سے اگر کسی جگہ روپیہ پیسہ جمع کر لیا جائے اور اس کی حرکت کو روک دیا جائے تو وہ بھی کئی اخلاقی بیماریوں کی وجہ بن سکتا ہے جیسے کنجوس انسان جب حق داروں پر خرچ نہیں کرے گا تو خاندان اور گھر میں موجود افراد خانہ میں ایک اضطرابی کیفیت پیدا ہو گی، لوگ ایسے شخص سے بدظن ہونے کے بعد نفرت کرنے لگیں گے

والدین، بیوی، بچے اور دیگر رشتے دار جن کا حق ہے کے ان کی ضروریات پوری کی جائیں وہ کنجوس شخص کے ظلم اور اس کے رویے سے بے چینی اور شدید گھٹن محسوس کرتے ہیں یہی نہیں بلکہ اکثر یہی افراد خانہ یا رشتے دار اس کنجوس شخص سے روپیہ ہتھیانے کے لئے اس کو قتل، اغوا یا پھر جائیداد کے کاغذات پر کسی بہانے سے دستخط بھی کروا لیتے ہیں بسا اوقات گھر کا بھیدی ہی لنکا ڈھا دیتا ہے اور اپنے ہی گھر کی مخبری کرتے ہوئے چوری یا ڈکیتی بھی کروا دیتا ہے۔

قابل غور امر یہ ہے کے جس مشکل سے وہ پائی پائی جوڑ کر اپنے خزآنے میں اضافہ کرتا ہے اور اپنی اور اہل خانہ کی ضروریات سے پہلو تہی کرتا ہے مرنے کے بعد یہی مال انھی رشتے داروں اور ورثاء کے پاس چلا جاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۴۔سورہ النساء۔آیت۔۳۷۔

۵۔سورہ اللیل۔آیت۔۸۔

۶۔سورہ محمد۔آیت۔۳۸۔

۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۸۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۲۶۔اتہام۔تہمت۔بہتان۔جھوٹا لزام

جو شخص کسی برائی سے قریب ہوگا اس پر اس برائی کی تہمت لگے گی (حضرت علیؑ)

اتہام۔بہتان۔تہمت یہ سب عربی زبان کے الفاظ ہیں، جو (ب۔ھ۔ت) سے مشتق ہیں۔ا؎

اتہام۔بہتان۔تہمت۔سے مراد کسی بھی پاک باز مسلمان مرد یا عورت کے کردار پر جھوٹا لزام لگانا۔

بھت۔کے معانی حیرت زدہ ہوجانا۔

البھت۔سے مراد متحیر ہوکر خاموش ہوجانا۔

البھتان۔سے مراد کسی پر ایسا الزام لگا دینا جس کو سن کر وہ حیران و ششدر رہ جائے۔

اتہام۔کا لفظ بہتان سے نکلا ہے جس کے معنی کسی شخص پر جھوٹا الزام لگانا ہے اگرچہ وہ عیب اس شخص میں سرے سے موجود ہی نہ ہو یعنی کسی بھی پاک باز مرد یا عورت کے کردار کے حوالے سے کوئی ایسی بات کہہ دینا جس سے اس کے کردار اور ساکھ کو شدید نقصان پہنچے یہ گناہ کبیرہ ہے جس کے بارے میں قرآن کریم میں واضح ہدایت موجود ہے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحَانَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ۔۳؎

ترجمہ۔تم نے اس (تہمت) کو سنتے ہی یہ کیوں نہ کہا ایسی بات کرنا ہمارے لئے جائز نہیں ہے، اے اللہ! تو پاک ہے یہ بہت سنگین بہتان ہے۔

لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ

اِفۡكٌ مُّبِيۡنٌ ۔۴؎

ترجمہ۔ جب تم نے اس (تہمت) کو سنا تو مومن مردوں اور مومن عورتوں نے اپنوں کے متعلق نیک گمان کیوں نہیں کیا اور یہ کیوں نہیں کہا! یہ تو کھلا ہوا بہتان ہے۔

وَلَا يَاۡتِيۡنَ بِبُهۡتَانٍ ۔۵؎

ترجمہ۔ وہ اپنے ہاتھوں اور پیروں کے سامنے کوئی بہتان نہیں گھڑیں گی۔

وَالَّذِيۡنَ يَرۡمُوۡنَ الۡمُحۡصَنٰتِ ثُمَّ لَمۡ يَاۡتُوۡا بِاَرۡبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجۡلِدُوۡهُمۡ ثَمٰنِيۡنَ جَلۡدَةً وَّلَا تَقۡبَلُوۡا لَهُمۡ شَهَادَةً اَبَدًا‌ ۚ وَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ۔۶؎

ترجمہ۔ جو لوگ پاک دامن عورتوں پر تہمت لگائیں پھر اس پر چار گواہ نہ لا پائیں تو تم ان کو ۸۰ کوڑے لگاؤ اور ان کی گواہی کبھی بھی قبول نہ کرو یہی بدکار ہیں۔

(اس کو حد قذف کہتے ہیں)۔

اِنَّ الَّذِيۡنَ يَرۡمُوۡنَ الۡمُحۡصَنٰتِ الۡغٰفِلٰتِ الۡمُؤۡمِنٰتِ لُعِنُوۡا فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ وَلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ۔۷؎

ترجمہ۔ بے شک جو لوگ ایمان دار اور پاک دامن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں، وہ دنیا اور آخرت میں ملعون ہیں اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔

وَالَّذِيۡنَ يُؤۡذُوۡنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ بِغَيۡرِ مَا اكۡتَسَبُوۡا فَقَدِ احۡتَمَلُوۡا بُهۡتَانًا وَّاِثۡمًا مُّبِيۡنًا ۔۸؎

ترجمہ۔ جو لوگ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں پر بغیر کسی گناہ کے انھیں ایذا پہنچاتے ہیں انھوں نے بے شک بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ اٹھایا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سات ہلاک کرنے والی چیزوں سے بچو۔ صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! وہ کیا ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کے

ساتھ شرک کرنا، جادو کرنا، جس شخص کے قتل کو حق کے سوا اللہ نے حرام کیا ہے اس کو ناحق قتل کرنا، سود کھانا، یتیم کا مال کھانا، جنگ کے دن پیٹھ موڑنا اور پاک دامن مسلمان بے خبر عورت کو زنا کی تہمت لگانا۔ ۹؎

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، جب میری برأت نازل ہوگئی تو نبی ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے اور قرآن مجید کی تلاوت کی اور منبر سے اترنے کے بعد آپ ﷺ نے دو مردوں اور ایک عورت پر حد لگانے کا حکم دیا سو ان کو حد لگائی گئی۔ ۱۰؎

محمد بن اسحاق نے بھی اس حدیث کو روایت کیا اور کہا! جن دو مردوں اور ایک عورت نے تہمت لگائی تھی آپ نے ان کو حد قذف لگانے کا حکم دیا۔ حسان بن ثابت اور مسطح بن اثاثہ اور عورت حمنہ بنت جحش تھیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس شخص نے کسی مومن یا مومنہ پر بہتان باندھا اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن خبال (دوزخ کے ایک طبقہ کی کیچڑ) میں بند رکھے گا حتی کہ وہ اپنے بہتان سے نکل آئے لیکن وہ اس سے نہیں نکل سکے گا۔ ۱۱؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس نے کسی مسلمان کے عیب پر پردہ رکھا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے عیوب پر پردہ رکھے گا۔ ۱۲؎

حضرت حذیفہ بن یمان فرماتے ہیں، پاک دامن عورت پر تہمت لگانا ایک سال کے نیک اعمال کو ضائع کر دیتی ہے۔ ۱۳؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جو بری جگہوں پر جائے گا وہ متہم (اس پر تہمت لگی گی) ہوجائے گا۔ جو شخص کسی برائی سے قریب ہوگا اس پر اس برائی کی تہمت لگے گی۔ ۱۴؎

نفسیاتی پہلو

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! گمراہ کن احساسات وخیالات اور تفکرات، جسم

انسانی میں دوران خون کی طرح گردش کرتے ہیں جن کے نہایت برے اور براہ راست اثرات انسانی جسم، ذہن، اور نفسیات پر مرتب ہوتے ہیں، انسانی خیالات میں اگر کثافت اور بے زاری ہے تو انسانی خون میں اس کثافت کے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

بہتان طرازی دراصل شدید نفرت کی ایک قسم ہے یہی وجہ ہے کے بہتان باندھنے والا نہایت بے دردی سے جھوٹے الزامات کی بوچھاڑ کرتا ہے یہ سوچے سمجھے بغیر کے یہ کتنا بڑا گناہ کبیرہ ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ النور۔آیت۔ ۱۶۔

۴۔سورہ النور۔آیت۔ ۱۲۔

۵۔سورہ الممتحنہ۔آیت۔ ۱۲۔

۶۔سورہ النور۔آیت۔ ۴۔

۷۔سورہ النور۔آیت۔ ۲۳۔

۸۔سورہ احزاب۔آیت۔ ۵۸۔

۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۰۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

۱۱۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔

۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۳۔الجامع العلوم والحکم۔

۱۴۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۲۷۔الغیبۃ۔غیبت۔پیٹھ پیچھے برائی

غیبت سننے والا غیبت کرنے والوں میں محسوب ہوتا ہے۔(حضرت علیؑ)

غیبت۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو( ) سے مشتق ہے۔۱؎

غیبت۔سے مراد کسی شخص کی غیر موجودگی میں اس کی کوئی ایسی بات، کمزوری یا عیب کو بیان کیا جائے جس کو اگر وہ سن لے تو اس کو برا لگے یعنی کسی شخص کے پیٹھ پیچھے اس کی برائی کرنا۔

غیبت۔ایک گناہ کبیرہ ہے، جس کی اسلام نے سختی سے ممانیت فرمائی ہے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ۔۳؎

ترجمہ۔تباہی ہے اس شخص کے لئے جو(منہ در منہ) لوگوں پر طعن کرے اور پیٹھ پیچھے ان کی برائی کرے۔

وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۚ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ۔۴؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! تم میں سے کوئی کسی کی غیبت نہ کرے، کیا تم اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھانا پسند کروگے؟ یقیناً تمھیں اس سے گھن آئے گی، اللہ سے ڈرو اللہ بہت توبہ قبول کرنے والا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات:

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! جب مجھے معراج کرائی گئی تو میں ایسے لوگوں کے پاس سے گزرا جن کے پیتل کے ناخن تھے اور وہ اپنے چہروں اور سینوں کو نوچ رہے تھے۔میں نے پوچھا! اے جبرائیل! یہ کون لوگ ہیں؟ تو انھوں نے کہا!

یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے اور ان کی عزتوں کو پامال کرتے تھے۔۵؎
حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! جس نے دنیا میں اپنے مسلمان بھائی کا گوشت کھایا، قیامت میں اس کے بھائی کا گوشت اس کے سامنے پیش کیا جائے گا پھر اس سے کہا جائے گا! تم دنیا میں اپنے زندہ بھائی کا گوشت کھاتے تھے، لو اب اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھاؤ تو وہ شخص اس کو چیخ مارتا ہوا اور منہ بگاڑتا ہوا کھائے گا۔۶؎
حضرت ابو سعیدؓ اور حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! غیبت زنا سے زیادہ شدید اور سخت گناہ ہے۔ صحابہ نے پوچھا! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایسا بھلا کیسے ہوسکتا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! ایک شخص زنا کرتا ہے پھر اس کی توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالی اس کی توبہ کو قبول فرماتے ہیں لیکن غیبت کرنے والے کی مغفرت اس وقت تک نہیں ہوسکتی جب تک کے جس کی غیبت کی گئی ہے اس سے معافی نہ مانگ لی جائے۔۷؎
حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! غیبت کا کفارہ یہ ہے کے تم اس کے لئے استغفار کرو، جس کی تم نے غیبت کی ہے۔۸؎
عبداللہ بن مبارک نے کہا! جب کوئی شخص کسی کی غیبت کرے تو اس کو نہ بتائے بلکہ اس کے حق میں استغفار کرے۔۹؎

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! غیبت سننے والا غیبت کرنے والوں میں محبوب ہوتا ہے۔
بے وفائی اور غداری ظاہری ذلت ہے جبکہ غیبت باطنی پستی ہے۔
غیبت پست اور کمینوں کی نشانی ہے۔غیبت منافق کی نشانی ہے۔
فاسق کی کوئی غیبت نہیں۔عقلمند ہے وہ انسان جو اپنی زبان کو غیبت سے محفوظ رکھے۔
غیبت دوزخ کے کتوں کی خوراک ہے۔تم پر لازم ہے کے تم غیبت سے پرہیز کرو۔
غیبت لوگوں کو تمھاری دشمنی پر آمادہ کردے گی اور تمھارے اجر کو برباد کردے گی۔

اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ مغبوض شخص غیبت کرنے والا ہے۔
قبیح ترین پستی یہ ہے کے لوگوں کی غیبت کی جائے۔
اپنے نفس کو غیبت کا عادی نا بناؤ کیونکہ غیبت کا عادی شخص عظیم گناہوں میں مبتلا ہوجاتا ہے۔۱۰؎

نفسیاتی پہلو

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی نے فرمایا! کشف القبور کے مراقبہ میں انھوں نے دیکھا کے کچھ لوگوں کے چہرے پر خوف نمایاں ہے، ایک شخص دبے پاؤں نہایت آہستگی سے ایک شخص کی پشت پر چھری مارتا ہے اور اس شخص کے جسم سے رستے ہوئے خون کو کتے کی طرح چاٹتا ہے تاہم تازہ تازہ اور گرم گرم خون پیتے کے ساتھ اس کو قے ہوجاتی ہے پھر وہ بہت کمزوری کے عالم میں نہایت بے زاری سے کراہتے ہوئے کہتا ہے کے کاش عالم فانی میں مجھے یہ بات سمجھ میں آجاتی اور میں یہ جان جاتا کے غیبت کا انجام یہ ہوتا ہے۔۱۱؎

کمزور اور گرے ہوئے لوگوں کی کئی منفی عادات میں سے ایک عادت دوسروں کی عیب جوئی، غیب اور چغلی بھی ہے۔غیبت کرنے والے لوگوں میں خودتو کوئی کمال نہیں ہوتا، تاہم وہ اپنی اس کمزوری کو چھپانے کے لئے کامیاب لوگوں کی غیبت کرتے ہیں کیونکہ دوسروں کی غیبت اور برائی ناکام لوگوں کی مجبوری ہوتی ہے۔

جس انسان کو کرنے کے بہت کام ہوتے ہیں وہ ان فضولیات سے اپنے آپ کو آلودہ نہیں کرتے اگرچہ غیبت ایک گناہ کبیرہ ہے اور قرآن میں اس کی مثال اپنے مردہ بھائی کے گوشت کو کھانے سے پیش کی گئی ہے تاہم عالم اعراف میں بھی چغل خور اور غیبت کرنے والے افراد وہی عمل کریں گے جو وہ دنیا میں کیا کرتے تھے جبکہ دنیا فانی ہے اور مرنے کے بعد کی زندگی میں ہیشگی ہے یعنی ایسا شخص ساری عمر مردہ بھائی کا گوشت کھاتا رہے گا اگرچہ اس کو شدید ابکائی آئے گی لیکن اس کے پاس کوئی دوسرا آپشن نہیں ہوگا اور وہ بدبودار اور مردار کھانے پر مجبور ہوگا

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ الھمز ہ۔آیت۔۱۔۲۔

۴۔سورہ الحجرات۔آیت۔ ۱۲۔

۵۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۶۔المعجم اوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔

۷۔شعب الایمان ۔امام ابوبکراحمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۸۔شعب الایمان ۔امام ابوبکراحمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۹۔شعب الایمان ۔امام ابوبکراحمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۳۶۶۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۱۔احسان وتصوف۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔

۲۸۔کذب۔جھوٹ

جھوٹے شخص کی سب سے پہلی سزا تو یہ ہے کے اس کی کہی ہوئی سچ بات بھی لوگ ٹھکرا دیتے ہیں۔(حضرت علیؑ)

کذب۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ک۔ذ۔ب) سے مشتق ہے۔۱؎

الکذب۔سے مراد کسی بات کو جان بوجھ کر غلط طریقے سے پیش کرنا۔

کذب۔سے مراد حقیقت کے خلاف کوئی بات کرنا۔

کذب الرجل۔سے مراد ایسا انسان جو سو رہا ہے اور اس کو پکارا جائے لیکن وہ آواز سننے کے باوجود سوتا بنا رہے۔

کذابۃ۔سے مراد ایسا کپڑا جو مختلف رنگوں میں رنگا گیا ہو۔۲؎

کذب یا جھوٹ کا مطلب غلط بیانی کرنا یا حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنا ہے گمراہ کرنا یا واقعات کو جان بوجھ کر مکمل منصوبہ بندی کے ساتھ غلط انداز سے پیش کرنا ہے جھوٹ بولنا انتہائی اخلاق سے گری ہوئی حرکت ہے اور ایسا شخص جو کے غلط بیانی کرتا ہو معاشرے میں اس کا کوئی مقام و مرتبہ نہیں رہتا کیونکہ لوگوں کا اس پر سے اعتبار ختم ہو جاتا ہے اسلام نے بنی نوع انسان کو بار بار سیدھی اور سچی بات کرنے کی ہدایت فرمائی۔

ارشادات خداوندی:

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِیْ مَنْ ھُوَ کٰذِبٌ کَفَّار۔۳؎

ترجمہ۔بے شک اللہ جھوٹے کو راہ نہیں دکھاتا۔

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ کَذَبَ عَلَی اللّٰہِ وَ کَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَہٗ اَلَیْسَ فِیْ جَھَنَّمَ مَثْوًی لِّلْکٰفِرِیْنَ۔۴؎

ترجمہ۔اس شخص سے بڑا ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے اور حق کو جھٹلائے ۔۔۔ایسے کافروں کے لئے جہنم میں ٹھکانہ ہے۔

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ۔۵؎

ترجمہ۔(اے رسول مکرم!) جب آپ کے پاس منافقین آتے ہیں تو کہتے ہیں! ہم گواہی دیتے ہیں کے بے شک آپ ضرور اللہ کے رسول ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے۔

بے شک آپ ضرور اللہ کے رسول ہیں اور اللہ گواہی دیتا ہے کے بے شک منافقین ضرور جھوٹے ہیں۔

وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ۔۶؎

ترجمہ(یوسف کی قمیض پر) جھوٹا خون لگا لائے۔

وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ وَارْتَقِبُوْا اِنِّيْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ۔۷؎

ترجمہ۔اور اے میری قوم! اپنی جگہ پر کام کیے جاؤ میں تم بھی کام کرتا ہوں، آئندہ معلوم کرلو گے کس پر رسوا کرنے والا عذاب آتا ہے اور جھوٹا کون ہے، اور انتظار کرو بے شک میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ۔۸؎

ترجمہ۔اللہ اس کو راہ پر نہیں لاتا جو حد سے بڑھنے والا بڑا جھوٹا ہے۔

فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ۔۹؎

ترجمہ۔انہوں نے اس اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔تب (صالح نے) کہا! تین دن تک اپنے گھروں میں فائدہ اٹھالو، یہ وعدہ ہے جو جھوٹا نہ ہوگا۔

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ۔۱۰؎

ترجمہ۔نوح نے دعا کی اے میرے رب! میری مدد فرما کیونکہ یہ میری تکذیب کر رہے ہیں۔۱۰؎

ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ۔۱۱؎

ترجمہ۔پھر بے شک تم اے گمراہو جھٹلانے والو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابو امامہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میں اس شخص کو جنت کے درمیان میں ایک محل کی ضمانت دیتا ہوں، جو ہنسی اور مذاق میں بھی جھوٹ بولنا چھوڑ دے۔۱۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور کہنے لگا کے مجھ میں چار بری عادتیں ہیں۔۱۔میں چوری کرتا ہوں۔۲۔شراب پیتا ہوں۔۳۔بدکاری کرتا ہوں۔۴۔جھوٹ بولتا ہوں تاہم میں ان سب کو نہیں چھوڑ سکتا، ہاں اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمائیں تو میں کسی ایک بری عادت کو چھوڑ سکتا ہوں۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم جھوٹ کو چھوڑ دو چنانچہ جب اس نے جھوٹ کو ترک کیا تو آہستہ آہستہ تمام برائیاں (چوری، شراب نوشی اور بدکاری) چھوٹتی چلی گئیں اور وہ نیکی کے راستے پر چل پڑا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم مجھے جھوٹ نا بولنے کی ضمانت دے دو میں تمھیں جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔۱۳؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اپنے آپ کو جھوٹ سے بچاؤ کیونکہ جھوٹ فجور (گناہ) تک پہنچاتا ہے اور فجور دوزخ تک پہنچاتا ہے۔ایک شخص جھوٹ بولتا ہے اور جھوٹ کے مواقع تلاش کرتا ہے حتی کے اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کو کذاب لکھ دیا جاتا ہے۔۱۴؎

حضرت حفص بن عاصمؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کسی آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے یہ کافی ہے کے وہ سنی سنائی بات کو بیان کر دے۔۱۵؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! آخر زمانہ میں ایسے دجال اور کذاب ہوں گے جو تم سے ایسی احادیث بیان کریں گے جو تم نے سنی ہوں گی نہ تمہارے باپ دادا نے ،تم ان سے دور رہو وہ تم سے دور رہیں، کہیں وہ تم گمراہ نہ کردیں اور فتنے میں مبتلا نہ کردیں۔۱۶؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اس وقت تک بندہ کا ایمان مکمل نہیں ہوگا' جب تک کہ وہ جھوٹ کر ترک نہ کردے حتی کے مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولے اور ریا کو ترک کردے خواہ وہ اس میں صادق ہو۔۱۷؎

حضرت سمرہ بن جندبؓ بیان کرتے ہیں، ایک صبح کو رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمایا! میں نے رات کو خواب میں دیکھا ہے کے جبرائیل علیہ السلام اور میکائیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے ارض مقدسہ میں لے گئے میں نے دیکھا وہاں ایک آدمی بیٹھا ہوا تھا اور دوسرا آدمی اس کے پاس کھڑا ہوا تھا جس کے ہاتھ میں لوہے کا آنکڑا تھا' اس نے وہ آنکڑا اس کی باچھ میں داخل کیا اور آنکڑے سے اس کی باچھ کو کھینچ کر گدی تک پہنچا دیا' پھر وہ آنکڑا دوسری باچھ میں داخل کیا اور اس باچھ کو گدی تک پہنچا دیا، اتنے میں پہلی باچھ مل گئی اور اس نے پھر اس میں آنکڑا ڈال دیا (الی قولہ) جبرئیل علیہ السلام نے کہا! جس شخص کی باچھ پھاڑ کر گدی تک پہنچائی جارہی تھی یہ وہ شخص ہے جو جھوٹ بولتا تھا پھر اس سے وہ جھوٹ نقل ہو کے ساری دنیا میں پھیل جاتا تھا اس کو قیامت تک اسی طرح عذاب دیا جاتا رہے گا۔۱۸؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! ایمان کی نشانی یہ ہے! تم اپنے لئے فائدہ مند جھوٹ پر اپنے لئے نقصان دہ سچ کو ترجیح دو۔

اے بیٹے بہت زیادہ جھوٹے شخص سے ہرگز دوستی نا کرنا کیونکہ وہ سراب کی طرح ہے جو دور کی چیز کو قریب اور قریب کی چیز کو دور کر کے تمھیں دکھائے گا۔

بغیر تحقیق سنی سنائی باتوں کو آگے نا بڑھانا کیونکہ جھوٹے کے لئے یہی کافی ہے کے وہ ہر سنی سنائی بات کو بغیر تحقیق وتصدیق آگے بڑھا دیتا ہے۔ بدترین کلام جھوٹ ہے۔

جھوٹا شخص پستی اور بے عزتی سے ملحق ہوجاتا ہے۔ جھوٹ ذلت ہے۔

جھوٹے شخص کے پاس کوئی مروت نہیں۔

اللہ نے جھوٹوں کو نسیان کے ذریعے نقصان پہنچایا ہے۔ جھوٹ کا انجام سب سے برا انجام ہے

جھوٹے شخص کی سب سے پہلی سزا تو یہ ہے کے اس کی کہی ہوئی سچ بات بھی لوگ ٹھکرا دیتے ہیں۔ اللہ کے نزدیک سب سے عظیم خطا جھوٹی زبان ہے۔

دو چیزیں کبھی جھوٹ سے جدا نہیں ہوسکتیں۔ ا۔ بہت وعدے۔ ۲۔ بہت زیادہ عذر خواہی۔

انسان اس وقت تک ایمان کی لذت محسوس نہیں کرسکتا جب تک وہ مذاق اور سنجیدگی دونوں حالتوں میں جھوٹ سے کنارا کشی اختیار نا کرلے۔

جھوٹ دنیا میں ذلت اور آخرت میں عذاب جہنم ہے۔

جھوٹ تمھیں ہلاک کردے گا بھلے تم امن وامان میں ہی کیوں نا رہو۔

تمھاری جھوٹ کے لئے سرزنش کے لئے بس یہی کافی ہے کے تم کو یہ معلوم ہے کے تم جھوٹے ہو۔ جھوٹے کے پاس امانت داری اور بدکار کے پاس تحفظ نہیں ہوتا۔

جھوٹ اور مروت کبھی اکھٹی نہیں ہوسکتیں۔ جھوٹے کے پاس کوئی شرم نہیں۔

جو جھوٹ میں معروف ہوجاتا ہے لوگوں کا اس پر سے بھروسہ اٹھ جاتا ہے۔

جس کا جھوٹ معروف ہوجاتا ہے اس کا سچ بھی قابل قبول نہیں رہتا۔

علم کی سب سے بڑی روکاوٹ جھوٹ ہے۔ ۱۹؎

نفسیاتی پہلو

جھوٹ کو ام الخبائث بھی کہا جاتا ہے یعنی تمام خباثتوں کی اصل وجہ اور جڑ۔ یہ ایک ایسی روحانی بیماری ہے جو انسان کی تمام نیکیوں کو کھا جاتی ہے دوسری جانب جھوٹا شخص چاہے کبھی سچ بھی

بولے لیکن لوگ اس پر اعتبار نہیں کرتے اور اسے جھوٹا ہی سمجھتے ہیں، اور ناقابل اعتبار شخص معاشرے کا نہایت گرا ہوا فرد ہوتا ہے جس کی اپنے اور پرائے سب ہی سرزنش کرتے ہیں تاہم جھوٹ انسان کو ہلاکت میں مبتلا کر دیتا ہے اور ایسا انسان اپنے جھوٹ کے سبب جہنم واصل ہو جاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ الزمر۔آیت۔۳۔

۴۔سورہ الزمر۔آیت۔ ۳۲۔

۵۔سورہ منافقون۔آیت۔۱۔

۶۔سورہ یوسف۔آیت۔۱۸۔

۷۔سورہ ھود۔آیت۔ ۹۳۔

۸۔سورہ مومن۔آیت۔۲۸۔

۹۔سورہ ھود۔آیت۔ ۶۵۔

۱۰۔سورہ مومنون۔آیت۔۲۶۔

۱۱۔سورہ واقعہ۔آیت۔۵۱۔

۱۲۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

۱۳۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۴۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

۱۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۶۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۷۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔

۱۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔

۲۹۔الخیانۃ۔خیانت

یقیناً سب سے عظیم خیانت امت کے ساتھ خیانت ہے
اور سب سے بڑا دھوکا رہبروں کا دھوکا ہوتا ہے۔(حضرت علیؑ)

خیانت۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(خ۔و۔ن) سے مشتق ہے۔۱؎
الخون۔کے بنیادی معانی کسی چیز کو کم کردینا۔
خونہ۔سے مراد اس کو کم کر دیا۔
خان۔یخون۔خونا۔سے مراد ایسا شخص جو امانت دار سمجھا جائے لیکن وہ اپنی امانت کا پاس نا کرے۔
خیانت۔سے مراد امانت اور بھروسے کو توڑنا یا ضائع کرنا۔
قرآن کریم تو نگاہوں کی خیانت تک کو منع کرتا ہے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

إِنَّ اللّٰهَ يُدَافِعُ عَنِ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُورٍ۔۳؎
ترجمہ۔بے شک اللہ کسی خیانت کرنے والے ناشکرے کو پسند نہیں کرتا۔
يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ۔۴؎
ترجمہ۔خیانت کرنے والی آنکھوں کو اور سینہ میں چھپی ہوئی باتوں کو اللہ خوب جانتا ہے۔
عَلِمَ اللّٰهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَخْتَانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ۔۵؎
ترجمہ۔اللہ کو علم ہے کے تم اپنے نفسوں میں خیانت کرتے تھے۔
وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِينَ يَخْتَانُونَ أَنفُسَهُمْ ۚ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَن كَانَ خَوَّانًا أَثِيمًا۔۶؎

ترجمہ۔ ان لوگوں کی طرف سے مت جھگڑو جو اپنے دل میں دغا رکھتے ہیں، بے شک اللہ اسے پسند نہیں کرتا جو دغا باز گناہگار ہو۔

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَ تَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۔ ۷؎

ترجمہ۔ اے ایمان لانے والو، جانتے بوجھتے اللہ اور اس کے رسولؐ کے ساتھ خیانت نہ کرو، اپنی امانتوں میں غداری کے مرتکب نہ ہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! منافق کی تین نشانیاں ہیں۔
۱۔ جب بات کرے تو جھوٹ بولے۔ ۲۔ جب وعدہ کرے تو اس کے خلاف کرے۔
۳۔ جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو اس میں خیانت کرے۔ ۸؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! جو تمہارے پاس امانت رکھے اس کی امانت ادا کرو اور جو تم سے خیانت کرے اس کے ساتھ خیانت مت کرو۔ ۹؎

حضرت نواس بن سمعانؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! بہت بڑی خیانت یہ ہے کہ تمہارا بھائی تم سے کوئی بات کہے اور وہ اس میں سچا ہو اور تم اس کو جھوٹا کہو۔ ۱۰؎

حضرت عبادہ بن الصامتؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! تم میرے لیے چھ چیزوں کے ضامن ہو جاؤ تو میں تمہارے لیے جنت کا ضامن ہوں گا۔
۱۔ جب تمہارے پاس امانت رکھی جائے تو تم اس کو ادا کرو۔
۲۔ جب تم عہد کرو تو اس کو پورا کرو۔
۳۔ جب تم بات کرو تو سچ بولو۔
۴۔ تم اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرو۔
۵۔ اپنی نظروں کو نیچا رکھو۔

۶۔اپنے ہاتھوں کو کسی کے آگے نہ پھیلاؤ۔۱۱؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، اللہ کی راہ میں شہید ہوجانے سے تمام گناہوں کا کفارہ ہوجاتا ہے ماسوا امانت کے۔قیامت کے دن ایک بندہ کو لایا جائے گا خواہ وہ اللہ کی راہ میں شہید ہو چکا ہو اس سے کہا جائے گا! اپنی امانت کو ادا کر وہ کہے گا اے رب! میں اب کیسے امانت کو ادا کروں اب تو دنیا ختم ہوچکی ہے پھر کہا جائے گا اس کو دوزخ کی طرف لے جاؤ، اس کو دوزخ کی طرف لے جایا جائے گا پھر اس کے سامنے اس امانت کی مثل پیش کی جائے گی جس شکل وصورت میں اس کو وہ امانت دنیا میں پیش کی گئی تھی وہ اس کو پہچان لے گا وہ اس امانت کے پیچھے دوزخ کے ایک گڑھے میں اترے گا حتی کہ اس کو اٹھا کر اپنے کندھوں پر رکھے گا اور جب وہ گمان کرلے گا کہ وہ اس گڑھے میں سے باہر نکل رہا ہے تو وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اس گڑھے میں نیچے گرتا چلا جائے گا پھر حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے کہا! نماز امانت ہے، وضو امانت ہے، وزن امانت ہے، پیمائش امانت ہے اور انہوں نے کئی چیزیں گنیں اور ان سب سے بڑی امانت وہ ہے جو لوگ کسی کے پاس کوئی چیز رکھتے ہیں۔

زازان کہتے ہیں! پھر میں حضرت براء بن عازب کے پاس گیا انہوں نے بھی اسی طرح بیان کیا جس طرح حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے بیان کیا تھا اور قرآن کریم میں ہے کے اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کے تم امانت رکھوانے والوں کو ان کی امانتیں ادا کرو۔۱۲؎

حضرت عمر بن الخطابؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! سب سے پہلے لوگوں سے جو چیز اٹھالی جائے گی وہ امانت ہے، اور آخر میں جو چیز باقی رہ جائے گی، وہ نماز ہے اور بہت سے نمازی ایسے ہیں کے ان کی نماز میں کوئی خیر نہیں ہے۔۱۳؎

حسن بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم کسی شخص کی نماز اور اس کے روزے سے دھوکا نہ کھانا، جو چاہے روزہ رکھے اور جو چاہے نماز پڑھے لیکن جو امانت دار نہیں وہ دین دار نہیں۔۱۴؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے فرمایا، کسی شخص کی نماز کو دیکھو نہ اس کے روزے کو یہ دیکھو وہ اپنی بات میں کسی قدر سچا ہے اور جب اس کے پاس امانت رکھوائی جائے تو وہ کس قدر امانت دار ہے اور جب اس پر دنیا پیش کی جائے تو وہ کسی قدر متقی ہے۔ ۱۵ے

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! یقیناً سب سے عظیم خیانت امت کے ساتھ خیانت ہے اور سب سے بڑا دھوکا رہبروں کا دھوکا ہوتا ہے۔

جو امانت کی پاسداری نہیں کرتا وہ اپنے آپ کو ذلت کے گڑھے میں جھونک دیتا ہے اور ایسا شخص آخرت میں بھی ذلیل و رسوا ہوتا ہے۔

جس نے تمھارے پاس امانت رکھوائی اس میں تم کبھی خیانت نا کرنا بھلے ہی وہ تم سے کبھی خیانت کر چکا ہو۔ خیانت کے لئے یہی کافی ہے کے تم خائنوں کے امین ہو۔

خیانت جھوٹ اور بربادی ہے۔ خیانت نفاق میں سرفہرست ہے۔

خیانت بے دینی کی دلیل ہے۔ خائن وہ ہے جو خود اپنے آپ کو چھوڑ کر دوسروں میں مشغول رہے اور اس کا آج گزشتہ کل سے بدتر ہو۔

خیانت سے اجتناب کرو کیونکہ یہ دین اسلام سے انسان کو دور کر دیتی ہے۔

مشورے میں خیانت عظیم برائیوں میں سے ایک اور بدترین عذاب کا سبب ہے۔

خیانت اور اخوت کبھی اکھٹا ساتھ نہیں چل سکتے۔ ۱۶ے

نفسیاتی پہلو

خیانت کی کئی اقسام ہیں جن میں امانت کو واپس نا کرنا، کسی کے راز کی حفاظت نا کرنا، تعلیمی اداروں میں میرٹ پر اہل طلباء کو داخلے نا دینا، کسی اہل اور قابل انسان کو نوکری نا دینا اور کسی نا اہل کو سفارش یا رشوت کے ذریعے نوکری سے نوازنا اگر چہ وہ اس نوکری کا قطعاً اہل نا تھا۔

انسان کے اندرون اور باطن میں جب خیانت جڑ پکڑ جائے تو ایسا انسان دنیا کے بدترین

انسانوں میں شامل ہوجاتا ہے، اگرچہ انسان ساری عمر اپنی عزت اور ساکھ کو قائم رکھنے کے لئے مشکلات سے گزرتا ہے تاکہ لوگوں میں اس کی نیک نامی برقرار رہے لیکن خائین کو اپنی عزت اور نیک نامی کی قطعاً کوئی پرواہ نہیں ہوتی اور وہ تھوڑے سے فائدے کی خاطر لوگوں کو شدید نقصان پہنچاتا ہے جس کی وجہ سے لوگس میں اضطراب اور بے چینی بڑھتی ہے مثلاً ایک قابل ہونہار طالب علم کو مطلوبہ تعلیمی ادارے میں صرف اس لئے داخلہ نامل سکا کیونکہ اس کے پاس پیسے ناتھے اس سیٹ کو خریدنے کے یا ایک نہایت قابل شخص صرف اچھی نوکری سے اس لئے محروم ہوگیا کیونکہ اس کے پاس کوئی مضبوط سفارش یا بھاری رشوت کے پیسے ناتھے چنانچہ ممکن ہے ایسے تمام محروم افراد کسی ڈپریشن یا فرسٹریشن کا شکار ہوجائیں دوسری جانب معاشرے میں بڑھتا ہوا خودکشی کا رجحان بھی معاشرتی ناہمواریوں کی جانب اشارہ کرتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ الحج۔آیت۔۳۸۔

۴۔سورہ مومن۔آیت۔۱۹۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۸۷۔

۶۔سورہ النساء۔آیت۔۱۰۷۔

۷۔سورہ انفال۔آیت۔۲۷۔

۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۹۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۱۰۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔

۱۱۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۲۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۳۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۴۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۵۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۳۰۔ الکبر۔ تکبر۔ غرور

تکبر جس نے ابلیس کو اپنے مرتبے سے گرادیا۔ (حضرت علیؑ)

الکبر۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ک۔ب۔ر) سے مشتق ہے۔ ا؎

کبر۔ کے معانی بڑا۔

کبر۔ کی ضد صغر ہے۔

تکبر۔ استکبر۔ سے مراد بڑا بننا یا سرکشی اختیار کرنا۔

المتکبر۔ اللہ کا اسم صفاتی ہے۔

غرور اور تکبر کے معنی ہیں انسان کا کسی معاملے میں دھوکا کھا جانا، شریعت کی اصطلاح میں انسان کا اپنی بڑائی کا دھوکا، عزت، شہرت، روپے پیسے، علم وعقل یا اللہ کی دی ہوئی کسی بھی نعمت کا غرور یا دھوکا۔ مغرور شخص دوسروں کو کمتر اور اپنے آپ کو برتر سمجھتا ہے اور اللہ کی زمین پر اکڑ کر چلتا ہے۔ وہ یہ نہیں جانتا کہ جس نے اسے یہ نعمتیں دی ہیں وہ اس سے اس نعمت کو چھین بھی سکتا ہے، غرور اور تکبر میں مبتلا افراد دوسروں کی تضحیک وتذلیل کرتے ہیں ان کا مذاق اڑاتے ہیں اور انھیں نیچا دکھاتے ہیں۔ ۲؎

ارشادات خداوندی:

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ۔ ۳؎

ترجمہ۔ لوگوں کے ساتھ غرور سے اپنا رخ نہ پھیرو اور زمین پر اکڑ کر مت چلو بے شک اللہ ہر متکبر اور اترا کر چلنے والے کو ناپسند فرماتا ہے۔

لِيَحْمِلُوا أَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۙ وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِينَ يُضِلُّونَهُمْ بِغَيْرِ

عِلۡمٍ ؕ اَلَا سَآءَ مَا یَزِرُوۡنَ۔ ۴؎

ترجمہ۔(متکبر کافر) قیامت کے دن اپنے گناہوں کے پورے بوجھ اٹھائیں گے اور کچھ بوجھ ان لوگوں کے اٹھائیں گے جنھیں وہ اپنی جہالت سے گمراہ کرتے تھے۔سنو! وہ کیسا برا بوجھ ہے جسے وہ اٹھاتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد:

جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں نہیں جائے گا۔۵؎

کفار مکہ اور سرداران قریش رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تضحیک وتذلیل کرتے ،آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مذاق اڑاتے ،آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوطرح طرح کی اذیتیں دیتے کیونکہ وہ اپنے آپ کو برتر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کمتر سمجھتے تھے۔ابوسفیان جو سردار قریش تھا اس نے ساری زندگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تضحیک وتذلیل کی لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر فرمایا کے جس نے ابوسفیان کے گھر میں پناہ لی ہم نے اسے بھی معاف کیا تاہم یہ سن کر ابوسفیان اپنی ہی نظروں میں گر گیا۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص کے دل میں ایک ذرہ کے برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں نہیں جائے گا ،ایک شخص نے کہا ایک آدمی یہ پسند کرتا ہے کے اس کا لباس حسین ہو اور اس کی جوتی بھی حسین ہو،تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی حسین ہے اور حسن کو پسند فرماتا ہے،تکبر حق کا انکار کرنا ہے اور لوگوں کو حقیر جاننا ہے۔۶؎

حضرت ابوسعیدؓ اور حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں ،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی ارشاد فرماتا! عزت میری ازار (تہبند) ہے اور کبریاء میری چادر ہے جس شخص نے بھی ان کو مجھ سے چھیننے کی کوشش کی میں اس کو عذاب دوں گا۔۷؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص کے دل

میں رائی کے دانہ کے برابر بھی تکبر ہو وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا، ایک شخص نے کہا! ایک آدمی یہ چاہتا ہے کہ اس کے کپڑے اچھے ہوں، اور اس کے جوتے اچھے ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ جمیل (حسین) ہے وہ جمال کو پسند کرتا ہے، تکبر حق کا انکار کرنا اور لوگوں کو حقیر جاننا ہے۔ ۸؎

عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قیامت کے دن متکبرین کو مردوں کی صورت میں چیونٹیوں کی جسامت میں اٹھایا جائے گا، ان کو ہر جگہ سے ذلت ڈھانپ لے گی ان کو جہنم کے اس قید خانے کی طرف ہانکا جائے گا جس کا نام بولس ہے ان کے اوپر آگ کے شعلے بھڑک رہے ہوں گے اور ان کو دوزخیوں کی پیپ پلائی جائے گی۔ ۹؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے دن خطبہ دیتے ہوئے فرمایا! اے لوگو! تم سے اللہ تعالیٰ نے جاہلیت کا بوجھ اور اپنے آبا و اجداد پر فخر کرنے کو دور کر دیا ہے، لوگوں کی دو قسمیں ہیں ایک وہ ہیں جو نیک اور متقی ہیں اور اللہ عزوجل کے نزدیک کریم ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو فاجر ہیں، بدبخت ہیں اور اللہ عزوجل کے نزدیک ذلیل ہیں، تمام لوگ آدم کی اولاد ہیں اور اللہ نے آدم کو مٹی سے پیدا کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں!

يَآاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ۚ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۔ ۱۰؎

ترجمہ۔ اے لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے، اور تم کو گروہوں اور قبیلوں میں اس لیے تقسیم کر دیا ہے کہ تم ایک دوسرے کی شناخت کر سکو اور اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہو، بے شک اللہ بہت علم والا بہت خبر رکھنے والا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس شخص نے تکبر سے (قدموں کے نیچے) کپڑا لٹکایا، اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کی طرف نظر (رحمت) نہیں فرمائے گا۔۱۱؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! پچھلی امتوں میں ایک آدمی اتراتا ہوا ایک حلہ (ایک قسم کی دو چادریں) پہن کر چل رہا تھا اس نے اپنے بالوں میں سیدھی کنگھی کی ہوئی تھی وہ تکبر سے چل رہا تھا کے اللہ تعالیٰ نے اس کو زمین میں دھنسا دیا وہ قیامت تک زمین میں گڑ گڑاہٹ کے ساتھ دھنستا رہے گا۔ ۱۲؎

حضرت جبیر بن مطعمؓ بیان کرتے ہیں، انہوں نے لوگوں سے کہا! تم مجھے کہتے ہو کے مجھ میں تکبر ہے، حالانکہ میں گدھے پر سواری کرتا ہوں اور چوڑی چادر پہنتا ہوں اور بکری کا دودھ دوہتا ہوں اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص یہ کام کرے گا اس میں بالکل تکبر نہیں ہوگا۔ ۱۳؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! حرص، تکبر اور حسد گناہوں میں ڈوبنے کے اسباب ہیں۔

اپنے غرور و تکبر کو ختم کر کے اپنی موت اور قبر کو یاد کرو۔

مجھے متکبر کو دیکھ کر تعجب ہوتا ہے جو کل تو نطفہ تھا اور کل وہ مردار ہو جائے گا۔

یقیناً ہوش و حواس کو متوحش کرنے والی سب سے بڑی وحشت غرور اور تکبر ہے۔

خود پسندی دولت میں اضافہ کو روک دیتی ہے۔

خود پسندی اور تکبر سے بڑھ کر کوئی تنہائی وحشت زدہ کرنے والی نہیں۔ جان لو تکبر عقل کی آفت ہے۔ اللہ کے حضور تکبر کے آثار سے پناہ مانگو بالکل اسی طرح سے جس طرح تم زمانے کی سختیوں سے پناہ مانگتے ہو۔

اللہ اگر اپنے بندوں میں سے کسی کو تکبر کی اجازت دیتا تو وہ یقیناً پیغمبر اور اولیاء ہوتے لیکن اللہ

نے ان کے لئے بھی تکبر کو ناپسند کیا اور ان کے لئے تواضع اور انکساری کو پسند فرمایا۔
تکبر کرنے والا شخص لوگوں میں ذلیل اور رسوا ہوکر رہتا ہے۔
اصلاح کے لئے سب سے مشکل عیب تکبر اور جھگڑا ہے۔
تین چیزیں ہلاک کردینے والی ہیں ان سے بچو۔
۱۔ تکبر جس نے ابلیس کو اپنے مرتبے سے گرادیا۔
۲۔ حرص جس نے آدم کو جنت سے نکلوادیا۔
۳۔ حسد جس کی وجہ سے قابیل نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کردیا۔
فخر اور تکبر زہر قاتل کی طرح دل میں سرائیت کرجاتا ہے۔
تکبر، شرف اور بزرگی کی آفت ہے۔
بدترین تکبر یہ ہے کے انسان اپنے رشتے داروں اور اپنے جیسے لوگوں کے ساتھ تکبر کرے۔
تکبر صرف پست اور گمنام لوگوں کا ہی شیوہ ہے۔
تکبر کے ساتھ کوئی علم نہیں۔ ۱۴؎

نفسیاتی پہلو

ابدال حق حضور قلندر بابا اولیا فرماتے ہیں ! کسی شخص کو یہ زیب نہیں دیتا کے وہ کسی دوسرے کو کمتر سمجھے، تخلیقی پروگرام کے تحت خواہ وہ مرد ہو یا عورت، بچہ ہو یا بوڑھا سب اللہ کے نزدیک برابر ہیں، نہ کوئی چھوٹا ہے نا کوئی بڑا، تخلیقی پروگرام میں ہر شخص کا ایک خاص کردار متعین ہے۔ اللہ پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے اور بڑائی صرف اسی کو زیب دیتی ہے جو اللہ سے قریب ہو۔ تکبر کی اصل ہی یہ ہے کے انسان دوسروں کو حقیر اور کمتر سمجھتا ہے دوسری جانب یہی وہ شدید نفسیاتی عارضہ ہے جو نفس انسانی کو بیمار کردیتا ہے جبکہ تکبر شیطان کا خاص ہتھیار ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ لقمان ۔آیت ۔ ۱۸۔

۴۔سورہ النحل ۔آیت ۔ ۲۵۔

۵۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۶۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۷۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۸۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔

۹۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔

۱۰۔سورہ الحجرات ۔آیت ۔ ۱۳۔

سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔

۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۲۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔

۱۳۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔

۱۴۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۳۱۔ القیامۃ۔ قیامت

حزب اللہ کی آنکھیں قیامت کے خوف سے جاگتی ہیں۔(حضرت علیؑ)

القیامۃ۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ق۔و۔م) سے مشتق ہے۔۱؎

قام۔ قیاماً۔ سے مراد کھڑا ہونا، متوازن ہونا یا کسی معاملے کا معتدل، محکم اور استوار ہونا۔

قیام۔ سے مراد ثابت اور دائم ہونا۔

اقام۔ سے مراد سیدھا اور درست ہونا۔

القیامۃ۔ سے مراد انسان کا یکبارگی اٹھ کھڑے ہونا۔

القیامۃ۔ کا لفظ قیام کے آخر میں ۃ کے اضافہ سے بنا ہے جس کے معانی یک بارگی اٹھ کھڑا ہونا۔

القیامۃ۔ سے مراد اس خاص گھڑی کا واقع ہونا جس میں انسان اچانک اٹھ کھڑا ہوگا۔

قیامۃ۔ کا لفظ قرآن کریم کی ان بنیادی اصطلاحات میں سے ہے جس کا مفہوم نہایت واضح اور جامع ہے یعنی وہ دن جس دن تمام مرے ہوئے انسان یک بارگی اپنی اپنی قبروں سے اٹھ کھڑے ہوں گے اور اللہ کے حضور اپنے نامہ اعمال کے ساتھ پیش کئے جائیں گے اور مرنے کے بعد دوسری زندگی میں داخل ہو جائیں گے۔

لفظ قیامۃ ایک انقلابی ظہور، روز آخر، آخرت، معاد، ساعت اور بعث وغیرہ کے مفاہیم میں قرآن کریم میں جگہ جگہ بکثرت مستعمل ہوا ہے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔۳؎

ترجمہ۔ قیامت محض پلک جھپکنے میں واقع ہوجائے گی بلکہ وہ اس سے بھی قریب تر ہے۔

اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا ۔۴؎

ترجمہ۔ بے شک وہ یوم حشر کو بہت دور سمجھ رہے ہیں اور ہم اسے بہت قریب دیکھ رہے ہیں۔

وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا مَّاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ۔۵؎

ترجمہ۔ ہم نے انہیں قیامت کے دن مونہوں کے بل اندھے گونگے بہرے کر کے اٹھائیں گے، ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، جب بجھنے لگے گی تو ان پر اور بھڑکا دیں گے۔

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ۔۶؎

ترجمہ۔ لوگ صرف اس کا انتظار کررہے ہیں کے ان کے پاس قیامت اچانک آجائے، بے شک اس کی نشانیاں آچکی ہیں پس جب (قیامت) ان کے پاس آئے گی تو ان کو نصیحت قبول کرنے کا موقع کہاں ملے گا۔

لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً يَسْئَلُوْنَكَ ۔۷؎

ترجمہ۔ قیامت تم پر اچانک ہی آئے گی۔

وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِيْنِهٖ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۔۸؎

ترجمہ۔ قیامت کے دن سب زمینیں اس کی مٹھی میں ہوں گی اور تمام آسمان اس کے دائیں ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہوں گے۔

يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۔۹؎

ترجمہ۔ جس دن اسے دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے کو بھول جائے گی اور ہر

حمل والی اپنا حمل ڈال دے گی اور تجھے لوگ مدہوش نظر آئیں گے اور وہ مدہوش نہ ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب سخت ہوگا۔

قیامت کی نشانیاں

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ۔۱۰؎

ترجمہ۔لوگ صرف اس کا انتظار کر رہے ہیں کے ان کے پاس قیامت اچانک آجائے۔ سو بے شک اس کی نشانیاں آچکی ہیں، پس جب (قیامت) ان کے پاس آئے گی تو ان کو نصیحت قبول کرنے کا موقع کہاں ملے گا۔

ضحاک اور حسن بصری نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے! اہل کتاب نے اپنی کتابوں میں پڑھا تھا کہ! رسول اللہ ﷺ آخری نبی ہیں۔ پس آپ ﷺ کو دنیا میں مبعوث فرمانا قیامت کی علامتوں اور اس کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے اپنی دونوں انگلیوں کی طرف اشارہ کر کے فرمایا! مجھے اور قیامت کو اس طرح ساتھ ساتھ بھیجا گیا ہے۔۱۱؎

قیامت کی نشانیوں میں حسب ذیل امور کو بیان کیا گیا ہے۔

کنیزوں سے مالکوں کا پیدا ہونا۔فقراء کا بلند و بالا عمارتوں کو بنانا اور بادشاہ بن جانا۔۱۲؎

علم کا اٹھ جانا، جہل کا بڑھ جانا، شراب کا زیادہ پیا جانا، زنا کی کثرت، مردوں کا کم ہوجانا اور عورتوں کا زیادہ ہوجانا، حتی کے ایک مرد کا پچاس عورتوں کی کفالت کرنا۔۱۳؎

نااہل کو منصب دیا جانا۔یعنی امانت کا اٹھ جانا اور خیانت کا قائم ہونا)۔۱۴؎

کثرت مال کی وجہ سے زکوۃ کو قبول نہ کرنا۔۱۵؎

سر زمین حجاز سے آگ کا نکلنا۔۱۶؎

مال غنیمت کو ذاتی دولت بنالینا، امانت کو مال غنیمت بنالینا، زکوۃ کو جرمانہ سمجھنا، دین کے لئے

علم کو حاصل نہ کرنا، مرد کا اپنی بیوی کی اطاعت کرنا اور اپنی ماں کی نافرمانی کرنا، دوستوں کو قریب کرنا اور اپنے باپ کو دور کرنا، مساجد میں شور مچانا، سب سے بدکار شخص کو اپنے قبیلے کا سردار بنالینا، کسی شخص کے شر سے بچنے کے لئے اس کی عزت کرنا، گانے والیوں اور آلات موسیقی کا ظہور، امت کے آخری لوگوں کا پہلے لوگوں کو برا کہنا، سرخ آندھیوں کی کثرت، زلزلوں کی کثرت، زمین میں دھنسنے، شکل کے مسخ ہونے اور آسمان سے پتھر برسنے کا ظہور۔ ۱۷؎

امام مہدی کا ظہور اور ان کا دنیا میں عدل کو قائم کرنا۔ ۱۸؎

۱۔ دھویں کا ظہور۔ ۲۔ دجال کا ظہور۔ ۳۔ دابۃ الارض کا نکلنا۔

۴۔ سورج کا مغرب سے طلوع ہونا۔ ۵۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول۔

۶۔ یاجوج ماجوج کا نکلنا، تین بار زمین کا دھنسنا۔ ۱۔ مشرق میں۔ ۲۔ مغرب میں۔

۳۔ جزیرہ عرب میں۔ ۷۔ آگ کا لوگوں کو ہانک کر محشر کی جانب لے جانا۔

۸۔ آندھی کا لوگوں کو سمندر میں گرادینا۔ ۱۹؎

صور کا پھونکا جانا

صور پھونکے جانے سے متعلق قرآن کریم میں کئی آیات بیان کی گئیں ہیں جن میں سے چند درج ذیل ہیں۔

وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ۔ ۲۰؎

ترجمہ۔ ایک زبردست چیخ کا انتظار کر رہے ہیں (جس کے درمیان سانس لینے کی بھی مہلت نہ ہوگی)۔

پھر اللہ تعالیٰ پہاڑوں کو اڑا دے گا تو وہ بادلوں کی طرح چل رہے ہوں گے پھر وہ خاک کا ڈھیر ہو جائیں گے اور زمین اپنے ساکنوں کے ساتھ لرز رہی ہوگی۔

وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ۔ ۲۱؎

ترجمہ۔جس دن صور پھونکا جائے گا اور اس دن اسی کی حکومت ہوگی۔

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ۔۲۲؎

ترجمہ۔جس دن صور پھونکا جائے گا تو جو کچھ آسمان میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، سوائے جس کو اللہ چاہے سب گھبرا جائیں گے۔

يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا۔۲۳؎

ترجمہ۔جس دن صور پھونکا جائے گا ہم گناہ گاروں کو اس دن نیلی آنکھوں کے ساتھ اکٹھا کریں گے۔

يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَأْتُوْنَ اَفْوَاجًا۔۲۴؎

ترجمہ۔جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم فوج درفوج چلے آو گے۔

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ۔۲۵؎

ترجمہ۔صور پھونکا جائے گا۔تو جو آسمانوں میں ہے اور جو زمینوں میں ہے وہ سب فنا ہو جائیں گے مگر جن کو اللہ چاہے پھر دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو وہ اچانک دیکھتے ہوئے کھڑے ہو جائیں گے۔

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ يَوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِيْ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ۔۲۶؎

ترجمہ۔اے مخاطب غور سے سن! جب منادی قریب کی جگہ سے پکارے گی جس دن لوگ چیخ کی آواز کو برحق سنیں گے یہ قبروں سے نکلنے کا دن ہے۔بے شک ہم ہی زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے جس دن زمین پھٹ جائے گی تو وہ

دوڑتے ہوئے نکلیں گے یہ حشر بپا کرنا ہم پر بہت آسان ہے ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ یہ کفار کررہے ہیں اور آپ ان پر جبر کرنے والے نہیں پس آپ ان کو قرآن سے نصیحت فرمائے جو میرے عذاب کی وعید سے ڈرتا ہو۔

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَإِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ إِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ۔ ۲۷؎

ترجمہ۔صور پھونکا جائے گا پس وہ اس وقت اپنی قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف تیز تیز چلنے لگیں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

ایک انصاری صحابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا! کون سا مومن زیادہ عقل مند ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو موت کو زیادہ یاد کرتا ہے اور اس کے بعد کے مراحل کے لئے زیادہ اچھی تیاری کرتے ہیں یہی عقل مند ہیں۔ ۲۸؎

حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا، قیامت کا دن مومن پر اتنی مقدار کا ہوگا جتنی مقدار ظہر اور عصر کے درمیان ہوتی ہے۔ ۲۹؎

حضرت بریدہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مجھے اور قیامت کو ان دو انگلیوں کی مثل ساتھ ساتھ بھیجا گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کو ساتھ ساتھ ملا کر فرمایا۔ ۳۰؎

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک درندے انسانوں سے باتیں نہ کریں اور انسان سے اس کا کوڑے کا پھندا بات نہ کرے اور اس کی جوتی کا تسمہ بات نہ کرے۔ ۳۱؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قیامت صرف اشرار (بدترین) لوگوں پر قائم ہوگی۔ ۳۲؎

حضرت نعمان بن بشیرؓ بیان کرتے ہیں، حضرت عمرؓ نے بیان کیا ہے! جنت میں نیک آدمی کو نیک آدمی کے ساتھ ملا دیا جائے گا اور دوزخ میں بدکار کو بدکار کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔

حسن بصری اور قتادہ کہتے ہیں! ہر شخص کو اس کی جماعت کے ساتھ ملا دیا جائے گا یعنی یہودی کو یہودی اور نصرانی کو نصرانی کے ساتھ اور مومنین کی روحوں کو بڑی آنکھوں والی حوروں کے ساتھ اور کافرین کی روحوں کو شیاطین کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔ ۳۳؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات:

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! حزب اللہ کی آنکھیں قیامت کے خوف سے جاگتی ہیں ان کے پہلو آرام سے نا آشنا ہیں اور ان کی زبان ہمہ وقت اللہ کے ذکر سے تر رہتی ہیں۔ آگاہ ہو جاؤ کہ حزب اللہ ہی غالب ہونے والے ہیں۔ خوش بخت ہے وہ انسان جس نے قیامت کو یاد رکھا، حساب کے لئے عمل کیا، جتنا رزق اللہ نے دیا اس پر قانع رہا، اللہ کی رضا میں راضی رہا۔ سفر قیامت کے لئے بدترین زادراہ اللہ کے بندوں پر ظلم ہے۔

عقلمند ہے وہ انسان جو قیامت کے لئے اسی دنیا میں عمل کرتا ہے۔

جو انسان اللہ کے لئے اخلاص اختیار کرتا ہے اللہ تعالی اس کے لئے دنیا، آخرت اور معاشی حالات کے لئے پشت پناہی فرماتا ہے۔ جو قیامت پر یقین رکھتا ہے وہ زیادہ سے زیادہ زاد راہ کی فکر میں مبتلا رہتا ہے۔ وہ مومن نہیں جو آخرت کی فکر نا کرے۔

جو اپنی آخرت کو سنوارتا ہے اللہ اس کی دنیا کو سنوارتا ہے۔

دنیا کی تلخی آخرت کی مٹھاس ہے اور دنیا کی حلاوت آخرت کی تلخی ہے۔

امام حسن سے وصیت میں آپؓ نے فرمایا! جان لو بیٹا تم آخرت کے لئے پیدا کئے گئے ہو، نہ کے دنیا کے لئے، تم فنا کے لئے پیدا کئے گئے ہو نہ کے بقا کے لئے اور تم موت کے لئے پیدا کئے گئے ہو نہ کے زندگی کے لئے۔ جیسے آخرت کا یقین ہو وہ دنیا کی حرص میں مبتلا نہیں ہوتا ہے۔ اصلاح نفس کے لئے کوشاں رہو، کیونکہ اس معاملہ میں صرف کوشش ہی تمھاری معاون

ہوسکتی ہے۔انسان کی ہر سانس موت کی طرف ایک قدم ہے۔

ساعتوں کا گزرنا بھی اجل میں شامل ہے۔سب سے قریب ترین اور سچی چیز انسان کی موت ہے۔اس دن کے لئے عمل کرو جس دن کے لئے ذخیرہ کیا جاتا ہے اور اس دن اسرار سے پردہ ہٹ جائے گا۔بلاشبہ تقویٰ تمام تر استحکام کی کلید ہے اور معاد کا ذخیرہ ہر غلامی سے نجات اور ہر طرح سے ہلاکت سے بچنے کا ذریعہ ہے۔

اللہ کے خاص بندوں نے جو متقی ہیں انھوں نے دنیا اور آخرت دونوں سے فائدہ اٹھالیا۔ ۳۴؎

نفسیاتی پہلو:

قرآن کریم اور کتب حدیث سے قیامت کا قائم ہونا ثابت ہے جبکہ اسلام کے بنیادی عقائد میں عقیدہ آخرت کا شمار ہوتا ہے کیونکہ جب تک انسان عقیدہ آخرت کا اقرار اور یقین نہیں کرے گا وہ حلقہ اسلام میں داخل نہیں ہوسکتا،انسان اس دنیا میں جس سے آیا ہے اسی دن سے وہ ہر لمحہ موت اور اگلی دنیا میں جانے کے سفر پر گامزن ہے یعنی جو انسان دنیا میں آ گیا اب وہ یہاں سے جانے کے لئے سفر میں ہے۔

قرآن کریم کے تقریباً ہر صفحے پر آخرت سے متعلق کوئی نا کوئی بات یا پیغام موجود ہے مثلاً موت،قبر،یوم آخرت،قیامت،حساب کتاب،جنت دوزخ،میزان،ثواب عذاب،صور کا پھونکے جانا،پل صراط،اعمال کی باز پرس اور قیامت کا زلزلہ وغیرہ۔

جس معاشرے میں عقیدہ آخرت کمزور پڑ جاتا ہے وہاں ہر طرح کے جرائم بڑھنے لگتے ہیں کیونکہ لوگوں کے دلوں سے موت کا خوف اور قیامت میں باز پرس کا ڈر نکل جاتا ہے جبکہ جن معاشروں میں عقیدہ آخرت مضبوط بنیادوں پر استوار ہوتا ہے وہاں لوگوں کے دلوں میں خوف خدا ہوتا ہے اور وہ کسی بھی ظلم وزیادتی سے قبل یہ سوچتے ہیں کے ہمیں اللہ کے یہاں اس کا جواب دینا پڑے گا۔

قیامت کے قیام کے عقیدے پر یقین کا فلسفہ یہ ہے کہ انسان ہر وقت اگلے جہاں کی تیاری میں لگا رہے اور ہر گناہ سے بچنے اور نیکی کو کرنے کی جانب مکمل تندہی سے راغب رہے کیونکہ جو لوگ اللہ کی رحمت سے جنت میں داخل بھی کر دئے جائیں گے وہ وہاں اس بات پر ندامت محسوس کریں گے کہ ہم نے دنیا میں بہت وقت ضائع کیا چنانچہ اس خفت اور ندامت سے بچنے کا یہی ایک طریقہ ہے کہ ہر وقت ذکر الٰہی میں مصروف رہا جائے اور اللہ کی اطاعت اور عبادت کو نہایت دل جمعی سے ادا کیا جائے۔۔

بقول شاعر!

ہم خانہ بدوش لوگوں کی یہ منزلیں نہیں
ہم اگلے جہاں کے لوگ ہیں اور راستے میں ہیں

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ النحل۔آیت۔۷۷۔
۴۔سورہ المعارج۔آیت۔۶۔۷۔
۵۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۹۷۔
۶۔سورہ محمد۔آیت۔۱۸۔
۷۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۸۷۔
۸۔سورہ الزمر۔آیت۔۶۷۔
۹۔سورہ مزمل۔آیت۔۱۷۔
۱۰۔سورہ محمد۔آیت۔۱۸۔
۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۱۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۱۹۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۰۔سورہ ص۔آیت۔۱۵۔
۲۱۔سورہ انعام۔آیت۔۷۳۔
۲۲۔سورہ نمل۔آیت۔۸۷۔
۲۳۔سورہ طٰہٰ۔آیت۔۱۰۲۔
۲۴۔سورہ النباء۔آیت۔۱۸۔
۲۵۔سورہ الزمر۔آیت۔۶۸۔
۲۶۔سورہ ق۔آیت۔۴۱۔۴۵۔
۲۷۔سورہ یٰسین۔آیت۔۵۱۔
۲۸۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔
۲۹۔البعث والنشور۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔ص۔۸۷۔مطبوعہ دارالفکر بیروت
۳۰۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۳۱۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۳۲۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۳۔معالم التنزیل۔امام ابومحمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (متوفی ۵۱۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۳۴۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۴۴۴۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۳۲۔الشرک۔شرک

اللہ نے ایمان کو شرک سے پاکیزگی کی خاطر واجب کیا ہے۔(حضرت علیؑ)

الشرک۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ش۔ر۔ک) سے مشتق ہے۔۱؎
الشرک۔کے بنیادی معانی چمٹے رہنا یا خلط ملط ہوجانا۔
شارکت فلاں۔سے مراد فلاں کا ساتھی ہوجانا۔
مشارکتہ۔سے مراد ساجھے داری یا کسی کام میں ایک ساتھ شریک ہونا۔
الشرک۔سے مراد شکاری کا جال۔
الشرک۔سے مراد وہ چھوٹے چھوٹے راستے جو کسی بڑے راستے سے نکلیں۔
شرک۔قرآن کریم کی خاص اصطلاح ہے جس کے معانی غیر خدائی قوتوں کو خدا کے ہم سر ماننا۔
شرک۔سے مراد جو اختیار اور اقتدار اللہ کو حاصل ہے اس میں کسی دوسرے کو شریک ٹھہرانا۔
اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو اللہ کے قائم مقام سمجھنے والے کو مشرک کہا جاتا ہے۔
مشرک کی جمع مشرکین۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَاِذْ قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۭاِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۔۳؎

ترجمہ۔لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا!اے میرے پیارے بیٹے ! اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا، بے شک شرک کرنا ضرور سب سے بڑا ظلم ہے۔

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ۭ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰھٖمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۔۴؎

ترجمہ۔اور کہتے ہیں کے یہودی یا نصرانی ہو جاؤ تا کہ ہدایت پاؤ، کہہ دو بلکہ ہم تو ملت ابراھیمی پر رہیں گے جو موحد تھا اور مشرکوں میں سے نہیں تھا۔

وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ۔۵؎

ترجمہ۔ان میں سے اکثر لوگ اللہ پر ایمان لانے کے باوجود بھی شرک ہی کرتے ہیں۔

اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۔۶؎

ترجمہ۔بے شک شرک ایک بہت بڑا گناہ ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ۔۷؎

ترجمہ۔بے شک اللہ اسے نہیں بخشتا جو اس کا شریک ٹھہرائے اور شرک کے علاوہ دوسرے گناہ جسے چاہے بخشتا ہے، اور جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا اس نے بڑا ہی گناہ کیا۔

وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِيْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۔۸؎

ترجمہ۔اللہ کے ساتھ اور کسی کو معبود نہ بناورنہ تو ملزم مردود بنا کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا ۔۹؎

ترجمہ۔اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹہراؤ۔

اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۔۱۰؎

ترجمہ۔اللہ کی بندگی کرو جو میرا اور تمہارا رب ہے، بے شک جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا سو اللہ نے اس پر جنت حرام کی اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہوگا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے، انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا! سب سے بڑا گناہ کون سا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کے ساتھ شرک کرنا یعنی

جس نے تجھے پیدا کیا اور تو اس کا شریک ٹھہرائے۔۱۱؎

حضرت معاذ بن جبلؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اے معاذ! شرک سب سے بڑا گناہ عظیم ہے۔۱۲؎

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! سات تباہ کن گناہ ہیں تم ان سے بچو ان میں سب سے پہلا عظیم گناہ شرک ہے۔۱۳؎

شرک کی اقسام

۱۔شرک فی الذات:

شرک فی الذات سے مراد اللہ کی ذات میں کسی کو شریک ٹھہرانا یعنی یہ کہنا اور سمجھنا کے اس کائنات میں اور بھی کئی خدا ہیں یا اللہ کا خاندان یا بیٹا اور بیوی ہیں یہ تمام باتیں شرک فی الذات کہلاتی ہیں۔قرآن کریم میں اللہ تعالی نے واضح انداز سے یہ بتایا ہے!

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق سوائے اللہ کے۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه۔ ۱۵؎

ترجمہ۔محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔۱۶؎

ترجمہ۔کہو! اللہ ایک ہے، وہ بے نیاز ہے، نہ وہ کسی کا باپ ہے اور نہ اس کا کوئی بیٹا، اور اس کا کوئی ہم سر نہیں۔

۲۔شرک فی الصفات:

شرک فی الصفات کا مطلب ہے! اللہ تعالی کی بے شمار صفات ہیں اور ان صفات میں کسی کو شریک کرنا مثلاً اللہ تعالی خالق ہے لہذا کوئی شخص یہ نہیں کہہ سکتا ہے کے اس نے کسی انسان، جانور، درخت، پودے، سورج، چاند، ستارے یا کسی پہاڑ اور دریا کو خلق کیا ہے۔

اللہ کا ایک صفاتی نام رزاق ہے یعنی کائنات میں موجود تمام مخلوقات کو رزق اللہ تعالی دیتے ہیں اور ان کی زندگی اور موت کا اختیار بھی اللہ کے پاس ہے۔

ارشاد خداوندی ہے!

وَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ۔ ۱۷

ترجمہ۔ اللہ بہترین رزاق ہے۔

۳۔ شرک خفی:

شرک خفی سے مراد اپنے پاس موجود اشیاء پر اللہ کی ذات سے زیادہ یقین اور گمان کرنا مثلاً کوئی شخص اپنی دولت، جائیداد، مال، اولاد، وسائل، جاہ ومنصب اور عزیز واقارب پر یہ گمان اور یقین رکھے کے مشکل وقت میں یہ اس کے کام آئیں گی اور وہ اپنی دولت کے بل پر دنیا کی تمام مشکلات پر قابو پالے گا یعنی اللہ کی ذات سے زیادہ وہ شخص دنیاوی وسائل اور اسباب پر یقین رکھتے ہوئے انھیں ہی اپنا کارساز اور مشکل کشا سمجھے۔ اس سوچ کو شرک خفی کہتے ہیں۔

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! اللہ نے ایمان کو شرک سے پاکیزگی کی خاطر واجب کیا ہے اللہ ایک اکیلا ہے اور اس نے اپنی توصیف خود بیان کی ہے۔

میری یہ وصیت ہے کے اللہ کا کوئی شریک نہیں۔

وہ ظلم اور گناہ جو نا قابل معافی ہے وہ اللہ کا شریک قرار دینا ہے۔

اللہ تعالی کے یہاں شرک کی کوئی معافی نہیں۔

جان لو تھوڑی ریاکاری بھی شرک ہے۔

جس نے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ خلوص دل سے پڑھ لیا وہ شرک سے پاک ہوگیا۔

جس انسان کی اس حال میں موت واقع ہوئی کے اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرایا تو اس پر جنت واجب ہوگئی۔ ایمان کی سب سے بڑی آفت شرک ہے۔

مضر ترین شے شرک ہے۔شرک کفر ہے۔
جو شخص ایمان میں شک کرتا ہے وہ شرک میں مبتلا ہو جاتا ہے۔۱۸؎

نفسیاتی پہلو

شرک ایک گناہ عظیم ہے اور کائنات کا سب سے بڑا گناہ ہے اس کے نفسیاتی پہلو کے تجزیے سے یہ نکتہ واضح ہوتا ہے کے مشرک کائنات کی ایک اٹل حقیقت کا مستقل انکار کرتا ہے جبکہ حقیقت کے انکار سے حقیقت کو تو کوئی فرق نہیں پڑتا البتہ انکار کرنے والا اپنے لئے ہلاکت کے راستے کا انتخاب کرتا ہے کیونکہ قرآن کریم میں اللہ تعالی نے یہ فرمایا ہے! جس نے اللہ کا انکار کیا گو یا وہ ظالم ہے۔اب یہاں ظلم سے مراد یہ ہے کے اللہ کی ذات واحد ہے جو عبادت کے لائق ہے یعنی نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق سوائے اللہ کے لیکن مشرک اس عقیدے کا مسلسل انکار کرتا ہے جس کی وجہ سے وہ اپنے آپ کو جہنم کے گڑھے میں دھکیلنے کا انتظام کرتا ہے کیونکہ مشرک جنت میں داخل نہیں کیا جائے گا دوسری جانب یہ حقیقت تو روز روشن کی طرح عیاں ہے کے ایک عظیم ہستی اس کل نظام کائنات کو چلا رہی ہے اب اگر ایک روشن دن ہو جس میں سورج نہایت آب وتاب سے چمک رہا ہو تو کوئی کم عقل ،آنکھوں کا اندھا ہی ہو گا جو یہ کہے گا کے ابھی دن نہیں بلکہ اندھیری رات ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ لقمان۔آیت۔۱۳۔
۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۳۵۔
۵۔سورہ یوسف۔آیت۔۱۰۶۔
۶۔سورہ لقمان۔آیت۔۱۳۔

۷۔سورہ النساء۔آیت۔۴۸۔

۸۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۳۹۔

۹۔سورہ الذاریات۔آیت۔۵۱۔

۱۰۔سورہ مائدہ۔آیت۔۷۲۔

۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۴۔سورہ محمد۔آیت۔۱۹۔

۱۵۔سورہ فتح۔آیت۔۲۹۔

۱۶۔سورہ اخلاص۔آیت۔۱۔۵۔

۱۷۔سورہ مومنون۔آیت۔۷۲۔

۱۸۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۳۳۔الذنب۔گناہ

لوگوں کی گناہوں کے ذریعے ہونے والی اموات زیادہ ہوتی ہیں
بہ نسبت قضاء وقدر کے باعث ہونے والی اموات کے (حضرت علیؑ)

الذنب۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ذ۔ن۔ب) سے مشتق ہے۔۱؎
الذنب ۔سے مراد جانور کی دم ۔
الذنب ۔سے مراد کسی بھی چیز کے پچھلے حصے یا جانور کی دم کو پکڑنا۔۲؎
ذنب۔کا مطلب جرائم کے ہیں۔
ذنب۔سے مراد جانور کی دم کیونکہ کے پچھلے حصے میں واقع ہوتی ہے چنانچہ ان اتہامات کو ذنوب کہا جاتا ہے جو یونہی کسی انسان کے پیچھے لگا دئے جائیں۔
ذنوب۔اس گھوڑے کو بھی کہتے ہیں جس کی دم کے بال نہایت گھنے ہوں۔
ذنب ۔کے معانی گناہ کے ہیں۔۳؎

گناہ کا بوجھ

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ ۖ وَمَن يَلْعَنِ اللَّهُ فَلَن تَجِدَ لَهُ نَصِيرًا ۔۴؎
ترجمہ۔یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے اور جس پر اللہ لعنت کرے تو ہر گز کوئی بھی اس کا مددگار نہ ہوگا۔

إِنَّ الْمُنَافِقِينَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ وَلَن تَجِدَ لَهُمْ نَصِيرًا ۔۵؎
ترجمہ۔بے شک منافق دوزخ کے سب سے نچلے درجہ میں ہوں گے، اور تو ان کے لیے ہرگز کوئی مددگار نہ پائے گا۔

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ۚ أُولَٰئِكَ يُعْرَضُونَ عَلَىٰ رَبِّهِمْ وَيَقُولُ

الۡاَشۡهَادُ هٰۤؤُلَآءِ الَّذِيۡنَ كَذَبُوۡا عَلٰى رَبِّهِمۡ‌ ۚ اَلَا لَعۡنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيۡنَ ۔٦؎

ترجمہ۔اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے، وہ لوگ اپنے رب کے روبرو پیش کیے جائیں گے اور گواہ کہیں گے کہ یہی ہیں کہ جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا تھا، خبردار! ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے۔

لَّعۡنَتَ اللّٰهِ عَلَى الۡكٰذِبِيۡنَ ۔٧؎

ترجمہ۔جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ہے۔

ارشادات خداوندی:

وَلَيَحۡمِلُنَّ اَثۡقَالَهُمۡ وَاَثۡقَالًا مَّعَ اَثۡقَالِهِمۡ‌ وَلَيُسۡـَٔـلُنَّ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوۡا يَفۡتَرُوۡنَ ۔٨؎

ترجمہ۔وہ ضرور اپنا بوجھ اٹھائیں گے اور اپنے بوجھ کے ساتھ کئی اور بوجھ بھی اٹھائیں گے۔

لِيَحۡمِلُوۡۤا اَوۡزَارَهُمۡ كَامِلَةً يَّوۡمَ الۡقِيٰمَةِ‌ ۙ وَمِنۡ اَوۡزَارِ الَّذِيۡنَ يُضِلُّوۡنَهُمۡ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ‌ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوۡنَ ۔٩؎

ترجمہ۔(متکبر کافر) قیامت کے دن اپنے گناہوں کے پورے بوجھ اٹھائیں گے اور کچھ بوجھ ان لوگوں کے اٹھائیں گے جنھیں وہ اپنی جہالت سے گمراہ کرتے تھے۔سنو! وہ کیسا برا بوجھ ہے جسے وہ اٹھاتے ہیں۔

كَانُوۡا لَا يَتَـنَاهَوۡنَ عَنۡ مُّنۡكَرٍ فَعَلُوۡهُ‌ ؕ لَبِئۡسَ مَا كَانُوۡا يَفۡعَلُوۡنَ ۔١٠؎

ترجمہ۔وہ ایک دوسرے کو ان برے کاموں سے نہیں روکتے تھے جو انھوں نے کئے تھے وہ بہت برا کام کرتے تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت زینب بنت جحشؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نیند سے یہ فرماتے ہوئے بیدار ہوئے !لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ عرب کے لئے تباہی ہو اس شر سے جو قریب آ پہنچا۔ یاجوج ماجوج کی

روکاوٹ کے ٹوٹنے سے آج روم فتح ہوگیا۔ سفیان نے اپنے ہاتھوں سے دس کا عقد بنایا میں نے عرض کی! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا ہم ہلاک ہوجائیں گے؟ حالانکہ ہم میں نیک لوگ بھی موجود ہوں گے، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب برائیاں زیادہ ہوجائیں گی۔ ۱۱؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں! انصار کا ایک شخص یہود کی رہٹ والی زمین میں مقتول پایا گیا، انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کا ذکر کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہود کے پچاس چنے ہوئے لوگوں کو طلب کیا اور ہر ایک سے قسم لی کے وہ اللہ کی قسم کھا کر یہ کہے! اس نے اس شخص کو قتل نہیں کیا اور نہ ہی مجھے اس کے قاتلوں کا کچھ علم ہے پھر ان پر دیت لازم کردی، یہود نے کہا! بخدا یہ وہی فیصلہ ہے جو موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں تھا۔ ۱۲؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری پوری امت معاف کردی جائے گی لیکن کھلم کھلا گناہ کرنے والوں کو معاف نہیں کیا جائے گا۔ ۱۳؎

حضرت ابو ہریرہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے ہدایت کی دعوت دی تو اس کو ہدایت پر تمام عمل کرنے والوں کے برابر اجر ملے گا اور اس متبعین کے اجروں میں سے کوئی کمی نہ ہوگی اور جس نے گمراہی کی دعوت دی تو اس کو اس گمراہی پر تمام عمل کرنے والوں کے برابر سزا ملے گی اور ان متبعین کی سزاؤں میں کوئی کمی نہ کی جائے گی۔ ۱۴؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص کو بھی ظلماً قتل کیا جائے گا اس کے خون کی سزا سے ایک حصہ پہلے ابن آدم (قابیل) کو بھی ملے گا کیونکہ وہ ہی پہلا شخص تھا جس نے قتل کرنے کی رسم اور گناہ کو ایجاد کیا۔ ۱۵؎

مکافات عمل:

مکافات عمل کا یہ قانون ہے کے کوئی بندہ اس وقت تک اس دنیا سے نہیں جاسکتا جب تک وہ مکافات عمل کا کفارہ ادا نہیں کر لیتا۔ ۱۶؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا!۔ بدترین گناہ وہ ہے جسے اس کا کرنے والا ہلکا سمجھے۔

ترک گناہ، طلب توبہ سے زیادہ آسان ہے۔

مجھے ایسے گناہ کی پرواہ نہیں ہے جس کے کرنے کے بعد مجھے اتنی مہلت مل جائے کہ میں دو رکعت نماز پڑھ لوں اور اللہ سے عافیت مانگ لوں۔ حرص وحسد اور تکبر گناہوں میں ڈوب جانے کے باعث ہوتے ہیں۔

دنیا میں صرف دو ہی طرح کے لوگوں کو بھلائی حاصل ہوتی ہے۔

ا۔ جس نے گناہ کیا اور توبہ کر لی۔

۲۔ جس نے نیک کاموں میں جلدی کی

بڑے بڑے گناہوں کا کفارہ یہ ہے کے مظلوموں، ستم رسیدہ اور پریشان حال افراد کے لئے آسانی اور انھیں آرام پہنچایا جائے۔ گناہ کے علاوہ دوسری کسی چیز میں زیادہ سرزنش نہ کرو۔

کتنے ہی ایسے ہیں جو کے برابر گناہ کرتے رہتے ہیں لیکن انھیں آخری عمر میں توبہ کی توفیق حاصل ہوجاتی ہے۔ گناہوں سے مایوس نہ ہو جبکہ توبہ کا در کھلا ہوا ہو۔

اپنے پروردگار کے علاوہ کسی اور سے پر امید نہ رہو اور اپنے گناہوں کے علاوہ کسی اور سے خوف زدہ نہ رہو۔ اعتراف کے ساتھ کوئی گناہ نہیں رہتا۔

کم بولنا عیبوں کو چھپا دیتی ہے اور گناہوں کو کم کر دیتی ہے۔

آنسو صرف قساوت قلب کی جہ سے خشک ہوجاتے ہیں اور قساوت قلبی صرف گناہوں کی وجہ سے ہوتی ہے۔

گناہ تین طرح کے ہوتے ہیں۔

ا۔ بخش دیا جانے والا گناہ۔

۲۔ نہ بخشا جانے والا گناہ۔

۳۔ وہ گناہ کے جس کے بخشے جانے کی امید ہو،اور عذاب پانے کا خوف لاحق ہو۔

ا۔ بخش دئے جانے والے گناہ وہ ہوتے ہیں کے جن پر اللہ تعالی نے انھیں دنیا میں ہی سزا دے دی ہو اور اللہ اس سے بہت بڑا ہے کے وہ ایک ہی گناہ کے لئے دو دفعہ سزا دے۔

۲۔ پھر وہ گناہ جو نا قابل بخشش ہوں وہ بندوں کا ایک دوسروں کے اوپر ظلم وستم ہے۔

۳۔ تیسرا گناہ وہ ہے جیسے اللہ نے مخلوقات سے پوشیدہ رکھ کر اس گناہ گار کو توفیق توبہ عطا کر دی ہو اور اس گناہ گار کے شب وروز امید وخوف کے عالم میں گزرتے ہیں اور ہم بھی اس گناہ گار کے لئے اسی طرح ہیں ہم بھی اس کی مغفرت کے امیدوار اور عتاب سے خائف ہیں۔

لوگوں کی گناہوں کے ذریعے ہونے والی اموات زیادہ ہوتی ہیں بہ نسبت قضاء وقدر کے باعث ہونے والی اموات کے۔

گناہ ایک ایسا مرض ہے کے جس کی دوا استغفار ہے اور اس گناہ کو نہ دہرانا اس کی شفا ہے۔

گناہ کا اقرار کرنے والا تائب ہوتا ہے۔

مجھے تعجب ہوتا ہے اس شخص پر جو بیماری کی اذیت کی وجہ سے کھانے کا پرہیز تو کر لیتا ہے لیکن گناہوں کی وجہ سے آنے والے عذاب کی اذیت سے پرہیز نہیں کرتا۔

اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ بڑا گناہ وہ ہے جس کو کرنے والا اصرار کرے۔

جو شخص اپنا گناہ دہراتا ہے وہ اپنے رب کے غضب پر جراءت مند ہوتا ہے۔

گناہ کو ہلکا سمجھنا اس گناہ کے ارتکاب سے بڑھ کر ہے۔

خوش بختی ہے ایسے شخص کے لئے جو اپنی خوراک کھائے۔

اپنے رب کی اطاعت میں مشغول رہے اور اپنی غلطیوں پر روئے۔

کیونکہ ایسا انسان خود اپنے آپ میں مشغول رہتا ہے اور لوگ بھی اس کی طرف سے آرام میں رہتے ہیں۔

تین چیزیں خوش بختی اور نجات دہندہ ہیں۔

۱۔ اپنی زبان کو روکے رکھنا۔

۲۔ اپنی غلطیوں پر رونا۔

۳۔ اور اپنے لئے اپنا ہی گھر کافی ہونا خفیہ صدقہ غلطیوں کو ختم کر دیتا ہے۔ ۱۷؎

نفسیاتی پہلو

گناہ کی فطرت:

گناہ کی فطرت میں دکھ، درد، مایوسی، ہزیمت، ذلت، شرمندگی، افسوس، احساس ندامت، غم اور گہرا صدمہ شامل ہے جب انسان گناہ کرتا ہے تو انسان کی روح اس گناہ کی وجہ سے دکھ، درد اور غم میں مبتلا ہوجاتی ہے تاہم جب یہی گناہ بکثرت ہوجاتے ہیں تو انسان دکھ اور درد اور غم و مایوسی کی منہ بولتی تصویر بن جاتا ہے، گناہ اور اس کی تکلیف انسان کا چین اور سکون چھین لیتی ہے اور اکثر ایسے گناہگار سکون کی نیند سے بھی محروم ہوجاتے ہیں پھر اس کرب سے نکلنے اور ان غموں کو غلط کرنے کے لئے بڑی تعداد میں لوگ منشیات کا استعمال کرتے ہیں تاکہ وہ اس کرب سے راہ فرار اختیار کر سکیں پھر ہوتے ہوتے یہی نشہ انھیں جہنم واصل کر دیتا ہے۔

لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیونکہ رسول رحمت ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو آدمی گناہ کر بیٹھے، پھر وہ بہت اچھی طرح سے وضو کرے، اس کے بعد وہ شخص دو رکعت نماز پڑھے اور اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے تو اللہ تعالی اس شخص کے گناہوں کو یقیناً معاف فرما دے گا۔ ۱۸؎ تاہم گناہوں کی ایک نحوست یہ بھی ہے کے یہ انسان کے لئے اس کے کام کو دشوار کر دیتی ہے دوسری جانب گناہوں کے سبب انسان اللہ کی نعمتوں سے محروم ہوتا چلا جاتا ہے، پھر ہوتے ہوتے ان گناہوں کی کثرت انسان کی روح کو زخمی کر دیتی ہے اور اکثر لوگ یہ کہتے نظر آتے ہیں کے بہت بے چینی ہے لیکن سمجھ میں نہیں آرہا ہے کے بے چینی کس چیز کی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔المفردات ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۴۔سورہ النساء۔آیت ۔ ۵۲۔
۵۔سورہ النساء۔آیت ۔ ۱۴۵۔
۶۔سورہ ھود۔آیت ۔ ۱۸۔
۷۔سورہ ال عمران ۔آیت ۔۶۱۔
۸۔سورہ العنکبوت ۔آیت ۔ ۱۳۔
۹۔سورہ النحل۔آیت ۔ ۲۵۔
۱۰۔سورہ مائدہ۔آیت ۔۷۹۔
۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۲۔سنن دارقطنی ۔امام علی بن عمر دارقطنی (متوفی ۳۸۵ھ) مطبوعہ نشر السنہ ملتان ۔ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۱۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۴۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۱۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۶۔ بڑے بچوں کے لئے۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔
۱۷۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۱۸۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔

۴۳۔القتل۔قتل

جو بغاوت کی تلوار کھینچتا ہے وہ اسی تلوار سے قتل کر دیا جاتا ہے۔(حضرت علیؑ)

القتل۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ق۔ت۔ل) سے مشتق ہے۔ا؎
قتل۔ہتھیار، پتھر، زہر یا کسی جان لیوا چیز سے کسی انسان کو جان سے مارنے کو کہتے ہیں۔
قتل۔سے مراد کسی کو جھکا دینا اور ذلیل وحقیر کر دینا۔۲؎
قتل۔سے مراد ذلیل کر دینا اور مار ڈالنا۔۳؎
قتل۔تذلیل اور تحقیر کے حوالے سے کسی بھی انسان کو ایسا کر دینا کے کوئی اس کی پرواہ نا کرے اور ناہی کوئی اس کی بات پر دھیان دے اور اس شخص کا کوئی اثر باقی نا رہے۔
حق نفس۔اسلام میں انسان کی جان کی بہت قدر و قیمت ہے اور اس کو کسی طرح کا بھی نقصان پہنچانا اسلام میں جائز نہیں ہے۔
اسلام ملک میں امن وامان کے غرض سے کچھ شر پسند اور شدت پسند عناصر کو قتل کرنے کا حکم دیتا ہے لیکن اس قتل میں عام شہری حصہ نہیں لیں گے بلکہ یہ قتل اسلامی ریاست کے اعلی عہدے دار یعنی چیف جسٹس کے فیصلے پر کئے جائیں گے بعض صورت حال میں اسلامی ریاست کے سربراہ کے حکم کے مطابق اس میں حصہ لیا جائے گا۔

ارشادات خداوندی:

وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ذٰلِكُمْ وَصّٰكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔۴؎

ترجمہ۔ناحق کسی جان کو قتل نہ کرو جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے، (اللہ) تمہیں یہ حکم دیتا ہے تاکہ تم سمجھ جاؤ۔

مِنۡ اَجۡلِ ذٰلِكَ ۚ كَتَبۡنَا عَلٰى بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ اَنَّهٗ مَنۡ قَتَلَ نَفۡسًۢا بِغَيۡرِ نَفۡسٍ اَوۡ فَسَادٍ فِى الۡاَرۡضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيۡعًا ؕ وَمَنۡ اَحۡيَاهَا فَكَاَنَّمَاۤ اَحۡيَا النَّاسَ جَمِيۡعًا ۔۵؎

ترجمہ۔اسی وجہ سے بنی اسرائیل پر ہم نے یہ فرمان لکھ دیا تھا کہ جس نے انسان کو خون کے بدلے یا زمین میں فساد پھیلانے کے سوا کسی اور وجہ سے قتل کیا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کیا اور جس نے کسی کو زندگی بخشی تو گویا اس نے تمام انسانوں کو زندگی بخشی۔

وَمَا كَانَ لِمُؤۡمِنٍ اَنۡ يَّقۡتُلَ مُؤۡمِنًا اِلَّا خَطَـًٔـا ۚ وَمَنۡ قَتَلَ مُؤۡمِنًا خَطَـًٔا فَتَحۡرِيۡرُ رَقَبَةٍ مُّؤۡمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰۤى اَهۡلِهٖۤ اِلَّاۤ اَنۡ يَّصَّدَّقُوۡا ؕ فَاِنۡ كَانَ مِنۡ قَوۡمٍ عَدُوٍّ لَّـكُمۡ وَهُوَ مُؤۡمِنٌ فَتَحۡرِيۡرُ رَقَبَةٍ مُّؤۡمِنَةٍ ؕ وَاِنۡ كَانَ مِنۡ قَوۡمٍۢ بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَهُمۡ مِّيۡثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰۤى اَهۡلِهٖ وَتَحۡرِيۡرُ رَقَبَةٍ مُّؤۡمِنَةٍ ۚ فَمَنۡ لَّمۡ يَجِدۡ فَصِيَامُ شَهۡرَيۡنِ مُتَتَابِعَيۡنِ تَوۡبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيۡمًا حَكِيۡمًا ۔۶؎

ترجمہ۔مسلمانوں کا یہ کام نہیں کہ کسی مسلمان کو قتل کرے مگر غلطی سے، اور جو مسلمان کو غلطی سے قتل کرے تو ایک مسلمان کی گردن آزاد کرے اور مقتول کے وارثوں کو خون بہا دے مگر یہ کہ وہ خون بہا معاف کر دیں، پھر اگر وہ مسلمان مقتول کسی ایسی قوم میں تھا جس سے تمہاری دشمنی ہے تو ایک مومن غلام آزاد کرنا ہے، اور اگر وہ مقتول مسلمان کسی ایسی قوم میں سے تھا جس سے تمہارا معاہدہ ہے تو اس کے وارثوں کو خون بہا دیا جائے گا اور ایک مومن غلام کو آزاد کرنا ہوگا، پھر جو غلام نہ پائے وہ لگاتار دو مہینے کے روزے رکھے اللہ سے گناہ بخشوانے کے لیے، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

وَالَّذِيۡنَ لَا يَدۡعُوۡنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقۡتُلُوۡنَ النَّفۡسَ الَّتِىۡ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالۡحَـقِّ وَلَا يَزۡنُوۡنَ ۚ وَمَنۡ يَّفۡعَلۡ ذٰلِكَ يَلۡقَ اَثَامًا ۙ يُضٰعَفۡ لَهُ الۡعَذَابُ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ وَيَخۡلُدۡ فِيۡهٖ مُهَانًا ۔۷؎

ترجمہ۔ جو اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہیں پکارتے اور جس جاندار کو مار ڈالنا اللہ نے حرام کیا ہے اس کو قتل نہیں کرتے مگر جائز طریق (یعنی شریعت کے حکم سے) اور بدکاری نہیں کرتے اور جو یہ کام کرے گا وہ سخت گناہ میں مبتلا ہوگا، قیامت کے دن اس کو دگنا عذاب ہوگا اور وہ اس میں ذلت اور خواری سے ہمیشہ اسی میں رہے گا۔۷؂

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ۭ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۭ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۡ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۔۸؂

ترجمہ۔ کسی مومن کے لئے یہ شایاں نہیں ہے کے وہ کسی مومن کو مار ڈالے مگر بھول کر اور جو بھول کر بھی مسلمان کو مار ڈالے تو وہ مسلمان غلام آزاد کرے اور مقتول کے وارثوں کو خون بہا ادا کرے، اگر مقتول کے وارث خون بہا معاف کردیں تو یہ ان کو اختیار ہے اگر مقتول تمھارے دشمنوں کی جماعت میں سے ہو اور مومن بھی ہو تو صرف ایک غلام آزاد کرنا چاہئے اور اگر مقتول ایسے لوگوں میں سے ہو جن میں اور تم میں صلح کا عہد ہو تو وارثان مقتول کو خون بہا دینا اور ایک مسلمان غلام کو آزاد کرنا چاہئے اور جس کو یہ میسر نہ ہو تو اسے چاہئے کے دو ماہ کے متواتر روزے رکھے یہ کفارہ اللہ کی طرف سے قبول توبہ کے لئے ہے اور خدا سب کچھ جانتا ہے اور بڑی حکمت والا ہے۔

اسلام کسی بھی اسلامی ریاست میں امن وامان کو قائم کرنے کے غرض سے سات (۷) قسم کے قتل کی اجازت دیتا ہے۔ (۱۔قتل کے بدلے قتل۔ ۲۔ کفار سے میدان جنگ میں قتال۔ ۳۔ مرتد۔ ۴۔ شادی شدہ زانی۔ ۵۔ گستاخ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ ۶۔ فسادی۔ ۷۔ لوطی)۔

لیکن اس قتل میں عام لوگ شریک نہیں ہوں گے بلکہ اسلامی شرعی عدلیہ اور حکومت وقت کے

تشکیل کردہ ادارے جن کا کام قانون کی پاسداری اور اس پر عملداری ہے وہ ادارے ہی ان مجرموں کو ان کے جرائم کی سزائیں دیں گے۔

۱۔قاتل کو مقتول کے بدلے میں قتل کر دینا:

اگر تمام ثبوت مہیا ہوں تو اسلامی ریاست میں بے گناہ کے قتل کے بدلے میں قاضی قاتل کو سزائے موت، پھانسی یا سر قلم کرنے کی سزا دے سکتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! جب کوئی نفس ظلماً قتل کیا جاتا ہے تو اس کے گناہ کا ایک حصہ حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے (قابیل) پر بھی ڈالا جاتا ہے کیونکہ وہ پہلا شخص تھا جس نے قتل کی ابتداء کی تھی۔۹؎

حضرت زینب بنت جحشؓ بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نیند سے یہ فرماتے ہوئے بیدار ہوئے! لا الہ الا اللہ عرب کے لئے تباہی ہو اس شر سے جو قریب آ پہنچا یاجوج ماجوج کی روکاوٹ کے ٹوٹنے سے آج روم فتح ہو گیا۔سفیان نے اپنے ہاتھوں سے دس کا عقد بنایا میں نے عرض کی! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کیا ہم ہلاک ہو جائیں گے؟ حالانکہ ہم میں نیک لوگ بھی موجود ہوں گے۔تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! جب برائیاں زیادہ ہو جائیں گی۔۱۰؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں! انصار کا ایک شخص یہود کی رہٹ والی زمین میں مقتول پایا گیا انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے اس کا ذکر کیا۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہود کے پچاس چنے ہوئے لوگوں کو طلب کیا اور ہر ایک سے قسم لی کے وہ اللہ کی قسم کھا کر یہ کہے! اس نے اس شخص کو قتل نہیں کیا اور نہ ہی مجھے اس کے قاتلوں کا کچھ علم ہے پھر ان پر دیت لازم کر دی۔ یہود نے کہا! بخدا یہ وہی فیصلہ ہے جو موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں تھا۔۱۱؎

دیت

دیت وہ مال ہے جو کے مقتول کے ورثاء کو مقتول کی جان کے عوض دیا جاتا ہے لیکن اگر

مسلمان مقتول کے والدین یا رشتہ دار کافر ہوں تو انھیں دیت نہیں دی جائے گی کیونکہ کافر مسلمان کا وارث نہیں ہوتا۔

امام ابوحنیفہ کے نزدیک مسلمان مقتول کی دیت (۱۰۰) اونٹ یا (۱،۰۰۰) دینار یا (۱۰،۰۰۰) درہم ہیں اور یہ دیت تین سال کے اندر مقتول کے ورثاء کو ادا کی جائے گی جبکہ تمام آئمہ اربعہ کا اس بات پر اتفاق ہے کے عورت کی دیت مرد کی دیت کے نصف ہوگی اگر مقتول کا کوئی وارث نہ ہوتو یہ دیت بیت المال میں جمع کی جائے گی۔

علامہ زبیدی نے علامہ مجد الدین کی اس تعریف کو ذکر کیا ہے کے عقل وہ قوت ہے کے جس سے اچھی اور بری چیزوں میں تمیز حاصل کی جاتی ہے۔ ۱۲؎

علامہ شرتونی نے لکھا! عقل ایک روحانی نور ہے۔ ۱۳؎

امام ابوحنیفہ نے فرمایا! عقل دماغ ہے اگر کوئی شخص کسی کے سر پر ضرب لگائے جس سے اس کی عقل چلی جائے تو عقل کے جانے کے اعتبار سے اس پر دیت لازم ہوگی۔ ۱۴؎

حضرت ابو ہریرہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! یہودی اور نصرانی کی دیت مسلم کی دیت کے مثل ہے۔ ۱۵؎

کسی مسلمان نے کسی مسلمان کو دار اسلام میں خطاء قتل کیا ہو یا کسی مسلمان کو دارالحرب میں خطاء قتل کیا ہو یا کسی ذمی کو دار اسلام میں قتل کیا ہو تو تینوں صورتوں میں اللہ تعالیٰ نے مسلمان قاتل پر کفارہ لازم کیا ہے۔ اور وہ ایک مسلمان غلام یا باندی کی گردن چھڑانا ہے اب چونکہ غلاموں اور کنیزوں کا رواج بھی نہیں ہے یا کوئی شخص اس کی استطاعت نہ رکھتا ہو تو اس کو مسلسل دو ماہ کے روزے رکھنے ہوں گے لیکن یہ روزے رمضان کے علاوہ کسی مہینے میں اس ترتیب سے رکھنے ہوں گے کہ عیدین اور ایام تشریق کے دن ان میں حائل نہ ہوں لہٰذا یہ روزے ایام تشریق کے بعد ہی رکھنے چاہیے۔

ارشاد خداوندی ہے!

وَمَنۡ يَّقۡتُلۡ مُؤۡمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيۡهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيۡمًا ۔۱۶؎

ترجمہ۔ جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے تو اس کی سزا دوزخ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اور اس پر اللہ کا غضب ہوگا اور اللہ اس پر لعنت کرے گا اور اللہ نے اس کے لئے عذاب عظیم تیار کر رکھا۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اپنے باپ، بھائیوں اور چچاؤں کو قتل کرتے تھے تو یہ صرف ہمارے ایمان میں اضافہ کا سبب ہوتا تھا اور ہم ان کو قتل کرنے کی وجہ سے حق کی وسیع شاہراہ پر درد کی تلخیوں پر صبر کرتے تھے۔ اور دشمن کے ساتھ جہاد میں سنجیدہ کوشاں رہتے تھے۔

آپؓ نے مزید کہا! خدا کی قسم اگر تمام عرب بھی میرے قتل کے لئے اکٹھا ہو جائیں تو میں تب بھی انھیں پیٹھ نہ دکھاؤں۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا ضَرَبۡتُمۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوۡا وَلَا تَقُوۡلُوۡا لِمَنۡ اَلۡقٰۤى اِلَيۡكُمُ السَّلٰمَ لَسۡتَ مُؤۡمِنًا ۚ تَبۡتَغُوۡنَ عَرَضَ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا فَعِنۡدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيۡرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنۡتُمۡ مِّنۡ قَبۡلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيۡكُمۡ فَتَبَيَّنُوۡا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرًا ۔۱۷؎

ترجمہ۔ اے ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں جہاد کے لئے جاؤ تو خوب تحقیق کر لیا کرو اور تم کو جو سلام کرے اس سے یہ نہ کہو کے تم مسلمان نہیں ہو تم دنیاوی زندگی کا سامان طلب کرتے ہو اللہ کے پاس بہت غنیمتیں ہیں اس سے پہلے تم بھی اسی طرح تھے۔ پھر اللہ نے تم پر احسان فرمایا، سو تم خوب تحقیق کر لیا کر، بے شک اللہ تمہارے کاموں سے باخبر ہے۔۔

اس آیت سے فقہ کا یہ عظیم ضابطہ معلوم ہوا! احکام شرعیہ کا مدار صرف ظاہری حال پر ہے۔

آپؑ نے جنگ صفین کے موقع پر فرمایا! اورتم لوگوں کا یہ کہنا کے میں جنگ میں متذبذب ہوں ،تو خدا کی قسم میں جنگ میں ایک دن بھی تاخیر نہ کرتا مگر مجھے امید ہے! شاید ان میں سے کوئی گروہ مجھ سے ملحق ہوجائے اور میرے ذریعے سے ہدایت پا جائے ،اور میرے نور کے سایے میں آجائے ، کیونکہ یہ صورت حال میرے لئے گمراہی کے عالم میں انھیں قتل کرنے سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ بھلے وہ گمراہی ان کے گناہوں کا نتیجہ ہی کیوں نہ ہو۔

ایک موقع پر آپؑ نے فرمایا! میں صلح وصفائی کو اگر اس سے اسلام کو کسی قسم کی ٹھیس نہ پہنچے جنگ سے زیادہ سودمند سمجھتا ہوں۔

آپؑ نے اپنے خادم مالک سے کہا! ائے مالک! اپنے بادشاہوں کو حرام خون بہا کر ہرگز قوی نہ کرنا کیونکہ اس کا یہ عمل اس کو کمزور اور بے عزت تو کرے گا ہی لیکن اس کے ساتھ ہی اس کا یہ عمل اس کے لئے زوال اور معزولی کا سبب بھی ہوجائے گا اور اس طرح کے قتل عمد کے لئے اللہ کے اور نہ میرے سامنے اور نہ ہی تمھارے پاس کوئی عذر ہے کیونکہ قتل عمد میں قصاص ہے

آپؑ نے فرمایا! جو بغاوت کی تلوار کھنچتا ہے وہ اسی تلوار سے قتل کردیا جاتا ہے۔

آپؑ نے فرمایا! آپؑ اس وقت تک جنگ شروع نا کرتے جب تک زوال شمس نا ہوجاتا کیونکہ زوال شمس کے بعد آسمان کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں اور رحمت کا نزول شروع ہوجاتا اور اللہ کی مدد اور فتح کا نزول آسمان سے شروع ہوجاتا تاہم یہ وقت رات سے زیادہ قریب ہوتا لہذا کم قتل کی امید ہوتی ، جنگ کے خواہاں اس وقت تک پلٹ جاتے اور بھاگنے والے بھاگ جاتے۔ بلاشبہ اللہ کے راستے میں دین کی سربلندی کے لئے قتل ہوجانا نہایت باعزت قتل ہے۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں ابو طالب کے بیٹے کی جان ہے۔ میرے نزدیک تلوار کی ہزار ضربتیں اللہ کی اطاعت سے ہٹ کر بستر پر مرجانے سے زیادہ آسان ہے۔ ۱۸؎

نفسیاتی پہلو

اللہ تعالی نے انسان کے خاکی وجود میں اپنی روح پھونکی ہے اور روح اللہ کا امر اور ارادہ ہے یعنی روح انسانی میں اللہ کی صفات کام کرتی ہیں۔ دنیا کے کسی بھی انسان کو یہ حق حاصل نہیں کے وہ اللہ کی پھونکی ہوئی روح کو نکال دے کیونکہ روح ڈالنے والا اللہ ہے اور روح کو نکالنے کا اختیار بھی اللہ کے پاس ہے سوائے جہاد، یا کسی کبیرہ گناہ کے نتیجے میں ملنے والی شرعی سزا کے اور اس سزا کا اختیار بھی اللہ نے قاضی وقت کو دیا ہے کے وہ پوری طرح سے مقدمے کی تحقیق کر کے، دونوں فریقین کے دلائل اور حقائق کو جاننے کے بعد مجرم کو سزا موت دے۔

لیکن اگر کوئی شخص لوگوں کو قتل کرتا ہے تو یہ عمل گناہ کبیرہ ہے، کیونکہ قاتل اپنی نفسانی خواہش کی وجہ سے، یا غصے سے بے قابو ہو کر کسی بھی انسان کی جب جان لیتا ہے تو وہ اللہ کے شدید غضب کا شکار ہوتا ہے، قتل اسلام سمیت ہر مذہب میں نا قابل معافی جرم ہے اسلام اس جرم کی سزا میں قصاص یا دیت طلب کرتا ہے۔ انسان اس دنیا میں اپنی من مانی کرنے کے لئے نہیں بلکہ اللہ کے حکم کی اطاعت کے لئے بھیجا گیا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ انعام۔آیت۔ ۱۵۱۔

۵۔سورہ مائدہ۔آیت۔ ۳۲۔

۶۔سورہ النساء۔آیت۔ ۹۲۔

۷۔سورہ فرقان۔آیت۔ ۶۸۔۶۹۔

۸۔سورہ النساء۔آیت۔ ۹۲۔

۹۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۱۔سنن دارقطنی ۔امام علی بن عمر دارقطنی (متوفی ۲۸۵ھ) مطبوعہ نشر السنہ ملتان ۔دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۱۲۔تاج العروس۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر۔
۱۳۔اقرب الموارد۔ج۔۲۔ص۔۸۱۲۔مطبوعہ۔ایران۔
۱۴۔المبسوط ۔شمس الائمہ محمد بن سرخسی (متوفی ۴۸۳ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۱۵۔مسند امام اعظم ۔امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت (متوفی ۱۵۰ھ)۔مطبوعہ محمد سعید اینڈ سنز۔کراچی ۔
۱۶۔سورہ النساء۔آیت۔ ۹۳۔
۱۷۔سورہ النساء۔آیت۔ ۹۴۔
۱۸۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۳۵۔الزنا۔زنا

جو زنا کرتا ہے اس کے گھر میں بھی کسی کے ساتھ زنا کی جاتی ہے (حضرت علیؑ)

زنا۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ز۔ن۔ی) سے مشتق ہے۔ا؎

زنیٰ۔ یزنی۔زنی۔زناء۔سے مراداس نے بدکاری کی۔

زنا۔سے مراد بلا عقد کے جنسی تعلق کا استوار کرنا۔

زنا۔ایک گناہ کبیرہ ہے،جس کی قرآن کریم میں شدید مذمت کی گئی ہے۔

اسلام شادی شدہ زانی مردوعورت کو سنگسار کرنے کا حکم دیتا ہے تا کہ ان کی موت واقع ہوجائے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنَآ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّسَآءَ سَبِيْلًا۔۳؎

ترجمہ۔زنا کے قریب بھی نہ جاؤ۔بے شک وہ بے حیائی ہے اور بری راہ ہے۔

اَلْخَبِيْثَاتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثَاتِ وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبَاتِ۔۴؎

ترجمہ۔خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لئے ہیں اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لئے ہیں۔ پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لئے ہیں اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کے لئے ہیں۔

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ۔۵؎

ترجمہ۔زنا کار عورت اور زنا کار مرد ان میں سے ہر ایک کو سو،سو کوڑے لگاؤ اور اللہ کے دین

کے مقابلے میں تم کو ان پر شفقت نہ آئے اگر تم اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو تو ان کی سزا کے وقت مومنوں کی ایک جماعت موجود ہونی چاہیے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ! تم میں سے جو کوئی گناہ کے گندے کاموں میں سے اگر کسی کا مرتکب ہوجائے تو وہ اللہ کے ڈالے ہوئے پردے میں چھپا رہے لیکن اگر وہ ہمارے سامنے اپنا پردہ کھولے گا تو تو ہم اس پر کتاب اللہ کا قانون نافذ کر کے چھوڑیں گے۔۶؎

ماعز بن مالک اسلمی سے جب زنا کا جرم سرزد ہوا تو ہزال بن نعیم نے ان سے کہا! تم جا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اپنے اس جرم کا اقرار کرلو چنانچہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے جا کر اپنے جرم کا اقرار کرلیا۔جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک طرف تو انھیں رجم کی سزا سنائی لیکن دوسری جانب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہزال سے فرمایا! کاش تم اس کا پردہ ڈھانک لیتے تو یہ تمھارے لئے زیادہ اچھا ہوتا۔۷؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! حدود (اللہ کی قائم کردہ سزاؤں) کو آپس میں ہی معاف کردیا کرو مگر جس حد کا معاملہ مجھ تک پہنچے گا تو پھر اس پر (سزا) واجب ہوجائے گی یعنی اس پر حد قائم کردی جائے گی۔۸؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم زنا سے بچتے رہو کیونکہ اس میں چار خصلتیں ہیں۔

۱۔اس سے چہرے کی رونق ختم ہوجاتی ہے۔

۲۔رزق منقطع ہوجاتا ہے۔

۳۔رحمٰن ناراض ہوجاتا ہے۔

۴۔دوزخ میں خلود ہوتا ہے یعنی (وہاں بہت دیر تک رہنا پڑتا ہے)۔۹؎

عبیداللہ بیان کرتے ہیں! حضرت ابوبکر صدیق سے یہ سوال کیا گیا! ایک شخص نے ایک عورت

سے زنا کیا پھر اس شخص نے اس عورت سے نکاح کا ارادہ کیا، کیا یہ جائز ہے؟ حضرت ابو بکرؓ نے کہا! اس کے لئے اس سے افضل توبہ نہیں ہے کے وہ اس عورت سے نکاح کرے، وہ دونوں زنا سے نکل کر نکاح کی طرف آ گئے۔ ۱۰؎

حضرت ابن مسعودؓ، حضرت ابو سعید الخدریؓ، حضرت حذیفہؓ اور مسروق نے کہا! زنا سے کم گناہ مثلاً اجنبی عورت کو بوسہ دینا، چھیڑ چھاڑ کرنا، اس کو دیکھنا، اس سے بغل گیر ہونا 'لمم' اور گناہ صغیرہ ہے۔

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب بندہ گناہ کا اعتراف کرتا ہے پھر توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول فرماتے ہیں۔ ۱۱؎

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! تمھیں اچھی طرح سے علم ہے! رسول اللہ ﷺ نے شادی شدہ زانی کو سنگسار کیا، اس پر نماز جنازہ پڑھی اور اس کے گھر والوں کو اس کا وارث بنایا ۔۔۔ چور کے ہاتھ کاٹے اور غیر شادی شدہ زانی کو کوڑے لگائے اور مال غنیمت میں سے انھیں حصہ دے کر مسلمان لڑکیوں سے ان کی شادی کر دی۔

حد قذف

اسلامی ریاست اس وقت تک جرم زنا پر کوئی کاروائی نہیں کرے گی جب تک اس جرم کے ثبوت نہ مل جائیں۔ جرم کے ثبوت کے بغیر چاہے کتنے ہی ذرائع سے حکام کو اطلاعات موصول ہوتی رہیں گی اس پر حکومتی کاروائی اسی وقت ممکن ہوگی جب اس سے متعلقہ ثبوت میسر ہوں گے اور بغیر ثبوت کے حد جاری کرنا ممکن نہیں۔

مدینے میں ایک عورت تھی جس سے متعلق یہ خبر تھی کے وہ فاحشہ ہے لیکن عدم ثبوت کی بناء پر اس پر حد قائم نہ ہو سکی۔ اسی حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا ایک ارشاد ہے!

اگر میں ثبوت کے بغیر رجم کرنے والا ہوتا تو اس عورت کو ضرور رجم کرا دیتا۔ ۱۲؎

قرآن کریم چار گواہیاں طلب کرتا ہے۔ شہادت کے بغیر قاضی محض اپنے علم کی بناء پر فیصلہ

نہیں کر سکتا خواہ قاضی نے وہ جرم اپنی آنکھوں سے ہی ہوتا ہوا کیوں نہ دیکھا ہو۔

گواہ اسلامی قوانین شہادت کی رو سے قابل اعتماد ہوں یعنی گزشتہ کسی مقدمے میں وہ جھوٹے گواہ، سزا یافتہ، یا ملزم سے ان کی کوئی دشمنی ثابت نہ ہوتی ہو۔

نا قابل اعتبار شہادت کی بناء پر نہ تو کسی کو رجم کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی ملزمان کی پیٹھ پر کوڑے برسائے جا سکتے ہیں۔ گواہوں کو اس بات کی شہادت دینی ہوگی کے انھوں نے ملزم اور ملزمہ کو عین حالت مباشرت میں دیکھا ہے یعنی (جس طرح سے سرمہ دانی میں سلائی اور کنوئیں میں رسی ہو)۔

گواہوں کو اس امر پر متفق ہونا چاہیئے کے انھوں نے کب، کہاں، کس کو اور کس سے زنا کرتے ہوئے دیکھا ہے تاہم اگر ان بنیادی امور میں اختلاف ہوگا تو ان کی شہادت ساقط ہوجائے گی۔ اسلامی قوانین میں شبہ کا محرک سزا دینے کے لئے نہیں بلکہ معاف کرنے کے لئے بطور محرک ہونا چاہیئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! سزاؤں کو دفع کرو، جہاں تک دفع کرنے کی گنجائش پاؤ۔ ۱۳؎

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مسلمانوں سے سزاؤں کو دور رکھو جہاں تک ممکن ہو سکے۔ ۱۴؎

یعنی اگر کسی ملزم کے لئے سزا سے بچنے کا کوئی راستہ نکلتا ہے تو بہتر ہے کے اسے چھوڑ دیا جائے کیونکہ حاکم کا معاف کر دینے میں غلطی کر جانا اس سے بہتر ہے کے وہ سزا دینے میں غلطی کر جائے۔ ۱۵؎

تمام کتب احادیث میں یہ واقعہ درج ہے کے ماعز بن مالک اسلمٰی قبیلہ اسلم کا ایک یتیم لڑکا تھا اس نے حضرت ہزال بن نعیم کے یہاں پرورش پائی جہاں وہ ایک آزاد کردہ کنیز سے زنا کر بیٹھا۔ حضرت ہزال نے اس سے کہا! تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے اس گناہ کی خبر دے دو شاید ے وہ تمھارے لئے دعا مغفرت فرمائیں چنانچہ ماعز بن مالک اسلمٰی نے مسجد نبوی میں

جا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اپنا اعتراف جرم کرتے ہوئے کہا کے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے پاک کر دیجئے میں نے زنا کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ سن کر اپنا منہ پھیرتے ہوئے فرمایا وَيْحَكَ ارْجِعْ فَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ وَتُبْ إِلَيْهِ۔ ترجمہ۔ تو جا اور اللہ سے توبہ استغفار کر، لیکن ماعز نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پھر وہی بات دہرادی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر اپنا منہ پھیر لیا اس نے پھر تیسری بار وہی بات کہی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس بار بھی اپنا منہ دوسری جانب پھیر لیا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے ماعز کو متنبہ کیا! اب اگر چوتھی بار تو اقرار گناہ کرے گا تو تجھ پر حد قائم ہو جائے گی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تجھے رجم کرا دیں گے لیکن ماعز نہ مانا اور اس نے چوتھی بار بھی اپنے گناہ کا اقرار کرتے ہوئے اپنی بات دہرائی۔ اب کی بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی جانب متوجہ ہوئے اور اس سے فرمایا! لعلک قبلت او غمزت اونظرت۔ یعنی۔ شاید تو نے بوس و کنار کیا ہوگا؟ یا چھیڑ چھاڑ کی ہوگی؟ یا نظر بد ڈالی ہوگی؟ اور تو یہ سمجھ بیٹھا کے یہ زنا کا ارتکاب ہے؟ اس نے کہا! نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے پوچھا! کیا تو اس سے ہم بستر ہوا تھا؟ اس نے کہا! ہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا! کیا تو نے اس سے مباشرت کی تھی؟ اس نے کہا! ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا! کیا تو نے مجامعت کی تھی؟ اس نے کہا! ہاں۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس لفظ کا استعمال کیا کیا جو عربی زبان میں صریحاً مباشرت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور وہ لفظ فحش سمجھا جاتا ہے یہ لفظ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس سے پہلے کبھی کسی نے نہ سنا تھا اور نہ ہی اس کے بعد پھر کبھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ سے سنا، اگر ایک جان کا معاملہ نہ ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک سے یہ لفظ کبھی نہ نکلتا مگر اس نے اس کے جواب میں بھی ہاں کہا پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا! حتیٰ غاب ذالک منک فی ذالک منھا۔ یعنی۔ کیا اس حد تک کے تیری وہ چیز اس کی اس چیز میں غائب ہوگئی؟ ماعز نے کہا! ہاں۔ آپ نے پھر پوچھا! یغیب المیل فی الحکمۃ والرشاء فی البئر۔ کیا اس طرح سے غائب ہوگئی جیسے سرمہ دانی میں سلائی اور کنوئیں میں رسی؟ اس نے کہا! ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا! کیا تو جانتا ہے!

زنا کسے کہتے ہیں؟ اس نے کہا! ہاں۔ میں نے اس کے ساتھ حرام طریقے سے وہ کام کیا ہے جو شوہر حلال طریقے سے اپنی بیوی کے ساتھ کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے پوچھا! کیا تیری شادی ہو چکی ہے؟ اس نے کہا! ہاں۔ آپ ﷺ نے پوچھا! تو نے شراب تو نہیں پی رکھی؟ اس نے کہا! نہیں تاہم ایک شخص نے قریب آکر ماعز کا منہ بھی سونگھا اور تصدیق کی پھر آپ ﷺ نے اس کے محلے والوں سے دریافت کیا! کہیں یہ شخص دیوانہ تو نہیں؟
محلے والوں نے بتایا! ہم نے کبھی اس کی عقل میں کوئی خرابی نہیں دیکھی پھر رسول اللہ ﷺ نے ہزال سے فرمایا! لوسترتہ بثوبک کان یرالک۔ یعنی۔ کاش تم نے اس کا پردہ ڈھانک دیا ہوتا تو یہ تمھارے لئے اچھا تھا پھر آپ ﷺ نے ماعز کو رجم کرنے کا فیصلہ صادر فرمایا اور اسے شہر سے باہر لے جا کر سنگسار کر دیا گیا جب اس پر پتھر پڑنے لگے تو ماعز بھاگا اور اس نے کہا! لوگو! مجھے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے چلو میرے قبیلے کے لوگوں نے مجھے مروا دیا انھوں نے مجھے دھوکا دیا۔
رسول اللہ ﷺ مجھے قتل نہیں کروائیں گے مگر مارنے والوں نے اسے مار ڈالا بعد میں جب رسول اللہ ﷺ کو اس کی خبر ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا! تم لوگوں نے اسے چھوڑ کیوں نہ دیا اسے میرے پاس لے آتے شاید وہ توبہ کرتا اور اللہ اس کی توبہ قبول کر لیتا۔
حضرت جابر بن عبداللہ انصاریؓ روایت کرتے ہیں! جب رجم سے ماعز بن مالک کی موت واقع ہوگئی تو تو رسول اللہ ﷺ نے خود اس کی نماز جنازہ پڑھائی اور جب بھی آپ ﷺ ماعز کو یاد فرماتے تو اس کو خیر کے ساتھ یاد کرتے۔
مسلم بن بریدہؓ روایت کرتے ہیں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! ماعز کے حق میں دعائے مغفرت کرو اس نے ایسی توبہ کی ہے کے اگر ایک پوری امت پر اس کی توبہ کو تقسیم کر دیا جائے تو سب کے لئے کافی ہوگی۔
دوسرا واقعہ غامدیہ نامی ایک عورت کا ہے جو قبیلہ جہینہ سے تعلق رکھتی تھی اس عورت نے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے چار بار آ کر اپنے زنا کا اقرار کیا جس سے اس کا ناجائز حمل ٹھہر گیا تاہم جب اس عورت نے پہلی بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اقرار گناہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا! وَيْحَكِ ارْجِعِي فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ۔

یعنی۔ اری چلی جا اور اللہ سے معافی مانگ اور توبہ کر مگر اس نے کہا! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے ماعز کی طرح ٹالنا چاہتے ہیں؟ میں زنا سے حاملہ ہوں

(اس واقعے میں اقرار کے ساتھ حمل بھی موجود تھا) لہٰذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس عورت سے مفصل جراح نہ فرمائی جس طرح ماعز کے کیس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمائی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اچھا تو نہ مانتی ہے تو وضع حمل کے بعد آنا پھر وہ عورت وضع حمل کے بعد اپنے بچے کو گود میں لے کر آئی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے پاک کر دیجئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جا اس بچے کو دودھ پلا پھر دودھ چھوٹنے کے بعد آنا پھر جب بچے کا دودھ چھوٹ گیا تو وہ عورت دوبارہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اس بار اس کا بچہ اس کے ساتھ تھا اور وہ روٹی کا ایک ٹکڑا بھی ساتھ لائی تاکہ یہ بتا سکے کے بچہ اب روٹی کھا سکتا ہے پھر اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے بچے کو روٹی کا ٹکڑا کھلا کر دکھایا اور عرض کیا!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اب اس بچے کا دودھ چھوٹ گیا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیکھئے کے اب یہ روٹی بھی کھا سکتا ہے تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس بچے کی پرورش کی ذمہ داری ایک شخص کے سپرد فرمائی اور اس عورت کو رجم کرنے کا حکم دیا۔

ان دونوں واقعات میں چار مرتبہ اقرار کا ذکر موجود ہے۔

امام ابوداؤدؒ اور حضرت بریدہؓ کی روایت ہے! صحابہ کرام کا عام خیال یہ تھا کے اگر ماعز اور غامدیہ چار مرتبہ اقرار گناہ نہ کرتے تو انھیں رجم نہ کیا جاتا۔ غامدیہ کے رجم کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی اور جب حضرت خالد بن ولیدؓ نے غامدیہ کا ذکر برائی سے کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! خالد اپنی زبان کو روکو! اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں

میری جان ہے۔ غامدیہ نے ایسی توبہ کی ہے کے اگر کوئی ظالمانہ محصول لینے والا بھی ایسی توبہ کرتا تو بخش دیا جاتا۔

حضرت عمرؓ نے غامدیہ کی نماز جنازہ کے موقع پر کہا! رسول اللہ ﷺ اب اس زانیہ کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! اس نے ایسی توبہ کی ہے کے اگر وہ توبہ تمام اہل مدینہ میں تقسیم کردی جائے تو سب کے لئے کافی ہوگی۔

حضرت براء بن عازبؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک یہودی گزرا جس کا منہ کالا تھا اور اس کو کوڑے لگائے گئے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کو بلایا اور پوچھا! کیا تم اپنی کتاب میں زانی کی حد اسی طرح پاتے ہو؟ تو اس نے کہا! ہاں، پھر آپ ﷺ نے ان کے علماء میں سے ایک کو بلوایا اور فرمایا! تم کو اس ذات پاک کی قسم جس نے حضرت موسیٰ پر تورات نازل فرمائی، کیا تم اپنی کتاب میں زانی ی حد اسی طرح سے پاتے ہو؟ تو اس عالم نے کہا! اگر آپ ﷺ مجھے قسم نہ دیتے تو تو میں آپ ﷺ کو نہ بتاتا ہم اس حد و رجم پاتے ہیں لیکن ہمارے معززین میں جب زنا بکثرت ہو گیا تو ہم معززین کو چھوڑ دیتے اور اور معمولی آدمی کو پکڑ کر اس پر حد قائم کردیتے پھر ہم نے سوچا کے چلو ہم ایسی سزا پر اتفاق کرلیں جس کو معزز اور غری معزز دونوں پر ہی لاگو کر سکیں تو پھر ہم نے رجم (سنگسار) کی جگہ منہ کالا کرنے اور کوڑے لگانے کو مقرر کیا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اے اللہ! میں وہ پہلا شخص ہوں جس نے تیرے اس حکم کو زندہ کیا جس کو لوگوں نے مٹا دیا تھا پھر آپ ﷺ کے حکم پر اس یہودی کو رجم کیا گیا۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ مِنْ بَعْدِ مَوَاضِعِهِ۔ ۱۶؎

ترجمہ۔ اللہ کے کلام کو اس کی جگہوں سے بدل دیتے ہیں۔

وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرَاةُ فِيهَا حُكْمُ اللَّهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْ بَعْدِ

ذٰلِكَ ۚ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۔۱۷؎

ترجمہ۔ وہ آپ ﷺ کو کیسے منصف بنائیں گے حالانکہ ان کے پاس تورات ہے جس میں اللہ کا حکم ہے پھر اس کے باوجود وہ روگردانی کرتے ہیں اور وہ ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

رسول اللہ ﷺ کے پاس یہودی، دوزانیوں (مرد وعورت) کا مقدمہ لے کر آئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تورات پڑھو جب یہودی عالم نے تورات پڑھنا شروع کی تو اس نے رجم کی آیت پر اپنا ہاتھ رکھ دیا۔ حضرت عبداللہ بن سلام نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی! آپ ﷺ اس سے کہیں کے یہ اپنا ہاتھ ہٹائے، جب اس یہودی نے اپنا ہاتھ ہٹایا تو اس کے نیچے رجم کی آیت موجود تھی۔ اسی موقع پر یہ آیت نازل ہوئی!

وَ كَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۔۱۸؎

ترجمہ۔ وہ آپ ﷺ کو کیسے منصف بنائیں گے حالانکہ ان کے پاس تورات ہے جس میں اللہ کا حکم ہے پھر اس کے باوجود وہ روگردانی کرتے ہیں اور وہ ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

اگرچہ اتنا عرصہ گزر جانے کے بعد تورات میں نہ جانے کتنی مرتبہ تحریفات کی گئیں ہیں لیکن حیران کن بات یہ ہے کے تورات میں آج بھی یہ آیت موجود ہے۔

اسی حوالے سے تورات میں یہ آیت موجود ہے!

اگر کوئی مرد کسی شوہر والی عورت سے زنا کرتے ہوئے پکڑا جائے، تو دونوں مار دئے جائیں یعنی وہ مرد بھی جس نے اس عورت سے صحبت کی اور وہ عورت بھی۔۱۹؎

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۡ وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۔۲۰؎

ترجمہ۔ تھوڑی قیمت کے بدلے میری آیات کو فروخت نہ کرو۔ مجھ سے ہی ڈرو اور حق و باطل

کے ساتھ نہ ملاؤ اور دیدہ دانستہ حق کو نہ چھپاؤ۔
حضرت ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم میں سے کسی شخص کو لوگوں کا خوف حق گوئی یا عظیم نصیحت کرنے سے باز نہ رکھے، جب اسے اس کا علم ہو کیونکہ یہ خوف نہ موت کو نزدیک کرسکتا ہے اور نہ رزق کو دور کرسکتا ہے۔۲۱؎
اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!
كَانُوا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوهُ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ۔۲۲؎
ترجمہ۔ وہ ایک دوسرے کو ان برے کاموں سے نہیں روکتے تھے جو انھوں نے کئے تھے وہ بہت برا کام کرتے تھے۔

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! اللہ نے ترک زنا کو نسب کی حفاظت کے لئے واجب قرار دیا ہے۔ غیرت مند کبھی زنا نہیں کرسکتا۔
جو زنا کرتا ہے اس کے گھر میں بھی کسی کے ساتھ زنا کی جاتی ہے۔
زنا فقر ہے اور اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ قابل نفرت بوڑھا زانی ہے۔
چار چیزوں میں سے اگر کوئی ایک چیز بھی گھر میں داخل ہوجائے تو وہ اس گھر کو برباد کر کے ہی چھوڑتی ہے اور وہ گھر پھر کبھی آباد نہیں ہوتا ہے۔
۱۔ خیانت۔
۲۔ چوری۔
۳۔ شراب نوشی۔ ۲۳؎

زنا

حضرت عمرؓ نے ایک زانیہ حاملہ کو رجم کرنے کا ارادہ کیا تو حضرت معاذؓ نے کہا! جو بچہ اس کے پیٹ میں ہے اس کو ہلاک کرنے کا آپ کے پاس کیا جواز ہے؟ تو حضرت عمرؓ نے کہا!

اگر معاذؓ نہ ہوتے تو عمرؓ ہلاک ہو جاتا۔ ۲۴؎

حمل کی مدت:

فقہائے احناف کے نزدیک حمل کی کم از کم مدت چھ ماہ اور زیادہ سے زیادہ مدت دو سال ہے اس کے دلائل میں درج ذیل احادیث پیش کی گئی ہیں۔

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ) اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں! ابن اسود الدیلمی بیان کرتے ہیں! حضرت عمرؓ کے پاس ایک عورت لائی گئی جو تین ماہ کی حاملہ تھی۔ حضرت عمرؓ نے اس کو رجم کرنے کا حکم دیا، جب یہ بات حضرت علیؓ تک پہنچی تو انھوں نے فرمایا! اس کو سنگسار نہیں کیا جائے گا۔ حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ سے دلیل طلب کی تو حضرت علیؓ نے قرآن کریم کی یہ آیت تلاوت فرمائی!

وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ ۖ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ۔

ترجمہ۔ مائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال تک دودھ پلائیں یہ اس کے لئے ہے جو دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہے۔ ۲۵؎

وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا۔ ۲۶؎

ترجمہ۔ ماں کا حمل اور دودھ چھڑانا ۳۰ ماہ ہے۔

پس چھ ماہ میں اس کا حمل ہے اور دو سال اس کے دودھ پلانے کی مدت ہے لہٰذا اس عورت پر رجم نہیں۔ ۲۷؎

امام علی بن عمر الدارقطنی (متوفی ۳۸۵ھ) اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں!

حضرت عائشہؓ نے فرمایا! عورت کے حمل کی مدت بس دو سال سے اتنی زائد ہے جتنا چرخے کی لکڑی کا سایہ ہوتا ہے یعنی (بہت کم)۔ ۲۸؎

آئمہ ثلاثہ کے نزدیک حمل کی زیادہ سے زیادہ مدت چار سال ہے جس کے دلائل میں وہ کہتے ہیں! امام علی بن عمر دارقطنی اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں! ولید بن مسلم روایت کرتے

ہیں ! میں نے امام مالک بن انسؒ سے کہا! مجھے حضرت عائشہؓ کی یہ حدیث پہنچی ہے ! عورت کے حمل کی مدت دو سال سے بس اتنی زائد ہے کے جتنا چرخہ کی لکڑی کا سایہ۔

امام مالک نے کہا! سبحان اللہ! یہ کون کہہ سکتا ہے؟ محمد بن عجلان کی بیوی ہماری پڑوسن ہے وہ سچی عورت ہے اس کا خاوند محمد بن عجلان بھی سچا ہے اس کو بارہ سال میں تین حمل ہوئے اور ہر حمل کی مدت ۴ سال تھی۔۲۹؎

نفسیاتی پہلو

زنا کا شمار بھی گناہ کبیرہ میں کیا جاتا ہے، تاہم اگر اس کے نفسیاتی عوامل کا اجنزہ لیا جائے تو یہ بات سمجھ میں آتی ہے کے اللہ نے ہر انسان کی جنسی خواہشات کی تکمیل کے لئے ایک حلال اور محفوظ راستہ کھول دیا ہے جس کو اسلام میں نکاح کہا جاتا ہے، دوسری جانب نکاح کے انعقاد سے قبل لڑکے کی پسند اور لڑکی کی مرضی کا ہونا بھی لازمی شرائط میں سے ایک ہیں، پھر مردوں کو بیک وقت چار بیویوں کا اختیار بھی حاصل ہے اور خواتین کے لئے بھی محفوظ دروازہ موجود ہے، اگر ان کو اپنے شوہر کی کوئی عادت، طور طریقہ ناپسند ہے اور دونوں کا ایک ساتھ زندگی گزارنا ناممکن محسوس ہوتا ہو تو ایسی صورت میں خواتین اپنے شوہر سے خلع لینے کے بعد عدت مکمل کر کے اپنی پسند کا دوسرا نکاح کرنے میں مکمل آزاد ہیں لیکن غیر قانونی اور غیر شرعی طریقے سے ہر قسم کے ناجائز جسمانی تعلقات کی اسلام سختی سے مذمت کرتا ہے اور اس قسم کے تمام امور، بے حیائی، بدکاری اور فحاشی کے لئے سخت ترین سزاؤں کا حکم دیتا ہے تاکہ معاشرہ بے راہ روی اور تمام غیر اخلاقی امور سے پاک اور منزہ رہے اور لوگوں کا حسب نسب نکاح کے ذریعے سے محفوظ رہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ بنی اسرائیل ۔آیت ۔ ۳۲۔

۴۔سورہ النور۔آیت ۔ ۲۶۔

۵۔سورہ النور۔آیت ۔ ۲۔

۶۔احکام القرآن ۔امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس شافعی (متوفی ۲۰۴ھ)۔مطبوعہ دار احیاء العلوم بیروت ۔

۷۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۔

۸۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۔

۹۔المعجم الاوسط ۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف ۔

۱۰۔المصنف ۔امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی (متوفی ۲۱۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۔۱۳۹۰ھ۔

۱۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۳۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت ۔ ۱۴۱۵ھ۔

۱۴۔ ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت ۔

۱۵۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۔۱۴۱۴ھ۔

۱۶۔سورہ مائدہ۔آیت ۔ ۴۱۔

۱۷۔سورہ مائدہ۔آیت ۔ ۴۳۔

۱۸۔سورہ مائدہ۔آیت ۔ ۴۳۔

۱۹۔کتاب مقدس ۔(عہد نامہ قدیم)۔باب ۔ ۲۲۔آیت ۔۲۱۔ ۲۴۔مطبوعہ بائبل سوسائٹی ۔لاہور۔

۲۰۔سورہ البقرہ۔آیت ۔۴۱۔ ۴۲۔

۲۱۔المعجم الاوسط ۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف ۔

۲۲۔سورہ مائدہ۔آیت ۔ ۷۹۔

۲۳۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر

تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۲۴۔جامع البیان ۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔
۲۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۳۳۔
۲۶۔سورہ احقاف۔آیت۔ ۱۵۔
۲۷۔سنن الکبریٰ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۲۸۔سنن دارقطنی ۔امام علی بن عمر دارقطنی (متوفی ۲۸۵ھ) مطبوعہ نشرالسنہ ملتان ۔دارالکتب العلمیہ بیروت ۔
۲۹۔سنن دارقطنی ۔امام علی بن عمر دارقطنی (متوفی ۲۸۵ھ) مطبوعہ نشرالسنہ ملتان ۔دارالکتب العلمیہ بیروت ۔

۳۶۔الدنیا۔دنیا

اللہ کے نزدیک دنیا کی بے توقیری کے لئے یہی کافی ہے
کے اللہ کی نافرمانی صرف دنیا میں ہی کی جاتی ہے۔(حضرت علیؓ)

الدنیا۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(د۔ن۔و) سے **مشتق** ہے۔ ا؎

دنا۔ یدنو۔ دنوا۔ دناوہ۔ سے مراد قریب ہونا۔

الدنیا۔ سے مراد نزدیک ہونا۔

دنیا۔ مونث ہے اور اس کا مذکر ادنیٰ ہے۔

دنی۔ یدنیٰ۔ کا مطلب کمزور اور ضعیف کے ہیں۔

الادنیٰ۔ کے معانی زیادہ قریب کے ہیں لیکن کبھی کبھی اس سے مراد اصغر یا ارذل بھی ہوتا ہے۔

الدنیا۔ کے معانی قریب تر کے ہیں جبکہ یہ القصویٰ یعنی بعید تر کے مقابل ہے۔

قرآن کریم میں دنیا کے مقابلے میں آخرت کا ذکر کیا گیا ہے۔

قرآن کریم میں دنیا کی زندگی کو آخرت کے مقابلے میں کم قیمت قرار دیا گیا ہے۔ ۲؎

قرآن کریم میں آخرت کا لفظ ۱۱۵ مرتبہ آیا ہے اور دنیا کا لفظ بھی ۱۱۵ مرتبہ ہی آیا ہے۔

ارشادات خداوندی:

وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ۔ ۳؎

ترجمہ۔ ہمارے لیے اس دنیا اور آخرت میں بھلائی لکھ دے۔

اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ۔ ۴؎

ترجمہ۔جن لوگوں نے اس دنیا میں نیک کام کیے ان کے لیے اچھا اجر ہے اور آخرت کا گھر سب سے اچھا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کی قسم آخرت کے مقابلے میں دنیا کی حیثیت اس سے زیادہ نہیں جس طرح تم میں سے کوئی شخص اپنی ایک انگلی سمندر میں ڈالے اور پھر دیکھے وہ انگلی سمندر سے کتنا پانی نکال کر لائی ہے۔۵؎

حضرت سلیمان فارسیؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دنیا مومن کا قید خانہ ہے اور کافر کی جنت ہے۔۶؎

حضرت عمرو بن عوفؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بخدا مجھے تم پر فقر کا خوف نہیں ہے لیکن مجھے تم پر خوف ہے کے تم پر دنیا اس طرح سے کشادہ کردی جائے گی جس طرح سے تم سے پہلے لوگوں پر کشادہ کردی گئی تھی، سو تم دنیا میں اس طرح رغبت کرو گے جس طرح انھوں نے رغبت کی اور تم اسی طرح ہلاک ہوجاؤ گے جس طرح وہ ہلاک ہوگئے تھے۔۷؎

محمد بن منکدرؒ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دنیا ملعونہ ہے اور جو کچھ دنیا میں ہے وہ بھی ملعون ہے ماسوا اس کے جو اللہ کے لئے ہو۔۸؎

حب دنیا

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ۔۹؎

ترجمہ۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہیے! تم زمین میں گھومو پھرو پھر دیکھو کے جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا۔

حضرت موسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص اپنی دنیا سے محبت کرے گا، وہ اپنی آخرت کو نقصان پہنچائے گا اور جو شخص اپنی آخرت سے محبت کرے گا ،وہ اپنی دنیا کو نقصان پہنچائے گا سو تم باقی رہنے والی چیز کو فانی ہونے والی چیز پر ترجیح دو۔۱۰؎

حضرت زید بن ثابتؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص کا مقصود دنیا

ہو اللہ اس کے حالات کو دگرگوں کر دیتا ہے اور اس کی آنکھوں کے سامنے فقر کر دیتا ہے اور دنیا سے اس کو وہی چیز ملتی ہے جو اس کے لئے مقدر ہوتی ہے اور جس شخص کی نیت آخرت ہوتی ہے اللہ تعالی اس کے حالات کو مجتمع کر دیتا ہے اور اس کا دل مستغنی کر دیتا ہے اور دنیا اس کے پاس ذلیل ہو کر آتی ہے۔ ۱۱؎

حسن بصری فرماتے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دنیا کی محبت ہر گناہ کی اصل ہے۔ ۱۲؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے، جس کے نشانات آپ کی جلد پر نقش ہو گئے تھے، میں نے عرض کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ پر میرے ماں باپ فدا، اگر آپ ہم کو اجازت دیں تو ہم چٹائی کے اوپر کوئی چیز بچھا دیں جس سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جلد محفوظ رہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مجھے دنیا سے کیا مطلب ہے؟ میری اور دنیا کی مثال یہ ہے جیسے کوئی سوار کسی درخت کے سائے میں بیٹھے پھر سایہ کو ترک کر کے سفر شروع کر دے۔ ۱۳؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ سے اس طرح سے حیا کرو جس طرح حیا کرنے کا حق ہے، ہم نے کہا! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! الحمد اللہ ہم حیا کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا! یہ بات نہیں ہے لیکن اللہ سے حیاء کرنے کا حق یہ ہے کے تم سر اور اس کے نچلے حصہ کی حفاظت کرو اور پیٹ اور اس کے نچلے حصہ کی حفاظت کرو اور موت اور جسم کے بوسیدہ ہونے کو یاد رکھو اور جو شخص آخرت کا ارادہ کرتا ہے وہ دنیا کی زینت کو ترک کر دیتا ہے اور جس نے ایسا کیا اس نے اللہ سے اس طرح سے حیاء کی جو حیاء کرنے کا حق ہے۔ ۱۴؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے تمام تفکرات کو صرف آخرت کا حصہ بنا دیا، اللہ اس کو دنیا کے افکار سے کافی ہوگا اور جس شخص کے تمام افکار دنیا کے حالات کے متعلق ہوں اللہ کو اس کی کوئی پرواہ نہیں کے وہ کس وادی میں

ہلاک ہوتا ہے۔ ۱۵؎

حضرت سہل بن سعدؓ فرماتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اگر اللہ کے نزدیک دنیا کی وقعت مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی تو اللہ کافر کو اس میں سے ایک گھونٹ بھی نہ پلاتا۔ ۱۶؎

حضرت سہل بن سعد الساعدیؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کے مجھے کوئی ایسا عمل بتا دیجئے کے جس کے کرنے سے اللہ بھی مجھ سے محبت کرے اور لوگ بھی مجھ سے محبت کریں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم دنیا سے بے رغبتی کرو اللہ تم سے محبت کرے گا اور لوگوں کے پاس موجود چیزوں سے بے رغبتی کرو تو لوگ تم سے محبت کریں گے۔ ۱۷؎

حضرت ام سلمٰیؓ بیان کرتی ہیں، میں نے پوچھا! یا رسول اللہ ﷺ! آیا دنیا کی عورتیں افضل ہیں یا پھر بڑی آنکھوں والی حوریں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! دنیا کی عورتیں زیادہ افضل ہیں بڑی آنکھوں والی حوروں کے بالکل اسی طرح سے جس طرح سے ابری، استر سے زیادہ افضل ہوتی ہے، تو حضرت ام سلمٰیؓ نے پوچھا! وہ کس طرح سے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! دنیا کی عورتیں اللہ کے لئے نماز اور روزے رکھتی ہیں اس وجہ سے اللہ ان کے چہروں کو ایسا نور پہنائے گا اور ان کے جسموں کو ایسا ریشم کا لباس پہنائے گا کے جس کا رنگ سبز ہو گا جبکہ نور کی وجہ سے ان کا چہرہ سفید ہو گا۔ ۱۸؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! دنیا جانے والی ہے اور آخرت آنے والی ہے اور ان میں سے ہر ایک کے فرزند ہیں سو تم آخرت کے فرزند بنو، دنیا کے فرزند نہ بنو۔

آج عمل ہے حساب نہیں اور کل حساب ہو گا عمل نہیں۔

مالک بن دینار بیان کرتے ہیں! لوگوں نے حضرت علیؓ ابن طالب سے کہا! اے ابوالحسن! ہمارے لئے دنیا کی حقیقت بیان کیجئے، تو آپؓ نے فرمایا! دنیا کی جو چیزیں حلال ہوں گی ان

کا حساب لیا جائے گا اور جو چیزیں حرام ہوں گی ان پر دوزخ کا عذاب ہوگا۔۱۹؎

آپؑ نے فرمایا! دنیا اور آخرت ایک دوسرے کے متضاد ہیں۔

دنیا اور آخرت ایک دوسرے کے دشمن اور دو متضاد راستے ہیں۔

جو شخص دنیا کو پسند کرتا ہے اور اس سے محبت کرتا ہے تو وہ آخرت سے نفرت اور عداوت کرتا ہے۔ دنیا اور آخرت مشرق اور مغرب کی مانند ایک دوسرے سے جدا اور مخالف ہیں۔

جو شخص دنیا اور آخرت میں جس سے بھی قریب ہوگا وہ دوسرے سے اتنا ہی دور ہوگا۔

تم دنیا سے صرف ضرورت بھر اسباب لو اور اپنی خواہشات کو محدود کرو۔

اگر دنیا کسی کے پاس آتی ہے تو وقتی طور پر دوسروں کی خوبیاں بھی اس کو سونپ دیتی ہے اور جب دنیا کسی سے روٹھ جاتی ہے تو خود اس کی خوبیوں کو بھی سلب کر دیتی ہے۔

جو شخص حب دنیا اور طلب دنیا میں مصروف رہتا ہے تو موت اس شخص کو اس وقت تک ڈھونڈتی رہتی ہے جب تک اس کو دنیا سے باہر نا نکال لے اور جو انسان آخرت کا طلب گار ہوتا ہے تو دنیا اس انسان کی طالب ہوتی ہے یہاں تک کے اس کو اس کی مقررہ روزی پہنچادی جاتی ہے

آپؑ نے فرمایا! دین اور دنیا کا استحکام چار لوگوں میں منحصر ہے۔

۱۔ایسا عالم جو اپنے علم پر عمل کرتا ہے۔ ۲۔ دنیا سے گریز کرنے والا جاہل۔ ۳۔اپنے عطیات میں بخل نا کرنے والا سخی۔ ۴۔اور دنیا کے بدلے میں آخرت کو نا بیچنے والا تہی دست۔

دو بھوکے کبھی سیر نہیں ہوتے۔۱۔طالب دنیا۔ ۲۔طالب علم۔

اہل دنیا کی مثال ان سواروں جیسی ہے جو خود تو سو رہے ہیں لیکن انھیں آخرت کی جانب نہایت تیزی سے لے جایا جا رہا ہے۔آپؑ نے دنیا کی توصیف میں فرمایا! دنیا فریب دیتی ہے، انسان کو نقصان پہنچاتی ہے، گزر جاتی ہے۔

اللہ نے اپنے دوستوں کو بطور انعام دنیا دینے کو ناپسند فرمایا ہے۔

جو شخص دنیا کے لئے رنجیدہ ہوتا ہے تو وہ گویا اللہ کی قضاء وقدر سے ناراض ہوتا ہے۔

جس شخص کے دل سے حب دنیا چمٹ جاتی ہے اس شخص کو تین دائمی چیزیں لاحق ہوجاتی ہیں ۔
۱۔کبھی ناتم ہونے والاغم ۔ ۲۔حرص دائم ۔ ۳۔ لاحاصل تمنائیں ،آرزوئیں اور امید۔

اللہ کے نزدیک دنیا کی بے توقیری کے لئے یہی کافی ہے کے اللہ کی نافرمانی صرف دنیا میں ہی کی جاتی ہے ۔اللہ کے پاس موجود اشیاء اورخزآنے کوکوئی شخص اس وقت تک حاصل نہیں کرسکتا جب تک وہ دنیا کوترک نا کردے ۔

دنیا کی مثال سانپ کے نرم گوشت کی مانند ہے جس کالمس تو نہایت نرم اور ملائم ہے لیکن اس کا زہر جان لیوا ہے چنانچہ دنیا کی محبت میں فریب خوردہ جاہل مبتلا ہوتا ہے لیکن عقلمند اس کے تیز اور جان لیوازہر سے ڈرتا ہے اوراس سے دور رہتا ہے ۔

دنیا سے ڈرو کیونکہ یہ نہایت غدار اور دھوکے باز ہے یہ انسان کوکبھی تو مالا مال کردیتی ہے اور کبھی تہی دست کردیتی ہے، یہ دنیا انسان کوکبھی توخلعتیں عطا کرتی ہے اور کبھی ان خلعتوں کوچھین کر ذلیل ورسوا کردیتی ہے ۔دنیا کی آسائشات ناپائیدار اوراس کی سختیاں کبھی ناختم ہونے والی ہیں تاہم اس دنیا کی بلائیں بھی مستحکم ہیں۔

دل کے اندھے کے لئے دنیا اس کی نگاہ کی آخری حد ہے جبکہ بصیرت رکھنے والے عقلمند انسان اپنی ان نگاہوں سے دنیا کے اس پار دیکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں دنیا سے صرف اتنا لو جو تمھاری آخرت کوسنوارنے میں تمھیں مدد دیں ۔

آپؑ نے فرمایا! دنیا کی ابتدا مشکلات اوراس ی انتہا فنا ہے تاہم دنیا کی حلال اشیاء احساب اورحرام اشیاء پرعذاب ہے چنانچہ جواس فریبی دنیا سے بچ گیا وہ کامیاب ہوگیا لیکن جواس دنیا کے فریب میں مبتلا ہوگیا وہ ناکام اورغم زدہ ہوگیا۔

دنیا مومن کی سواری ہے جس پرسوار ہوکر مومن اپنے رب سے ملاقات کے لئے کوچ کرتا ہے چنانچہ اپنی سواریوں کو درست رکھو تاکہ تم باآسانی اپنے رب تک پہنچ سکو۔

جس نے اپنے آپ کو دنیا کے لئےمخصوص کرلیا تو ایسے شخص کاغم قیامت کے دن قابل دید

ہوگا۔ دنیا مصیبتوں ا مجموعہ اور پریشانیوں کی آماجگاہ ہے۔ دنیا اپنے جیسے احمقوں کی جانب مائل ہوتی ہے۔ جس شخص کی تمام آرزوئیں اور کوششیں صرف دنیا کے لئے ہوں گی اس شخص کو دنیا چھوڑتے وقت نہایت شدید تکلیف ہوگی۔

دنیا کی حیثیت مردار جیسی ہے چنانچہ جو اس سے محبت رکھتا ہے گویا وہ توں کا ہم نشین ہے۔

آپؑ نے فرمایا! احمق ہے وہ شخص جو دنیا سے دھوکا کھا جائے جبکہ اس دنیا کے ورز وشب اور اس کی بدلتی حالتوں میں عبرت پنہاں ہے۔ دنیا بادل ا سایہ اور سوتے ہوئے کا خواب ہے

دنیا ایک ایسا زہر ہے جسے صرف انجان ہی کھاتا ہے۔

دنیا کا حصول تو اتفاقیہ ہے لیکن آخرت کا حصول استحقاق کی بناء پر ہے۔

دنیا کا خوش قسمت ترین انسان وہ ہے جو اس کو ترک کر دیتا ہے۔

آخرت کا کامیاب ترین انسان وہ ہے جو اس کی تیاری کرتا ہے۔

اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو پھر حب دنیا کو اپنے دل سے نکال دو۔

اگر تم دنیا سے منہ موڑ لو گے تو وہ بھاگ کر تمھارے پاس آجائے گی۔

دنیا کا ہر فائدہ آخرت کا نقصان ہے جبکہ دنیا کا تھوڑا حصہ بھی آخرت کو تباہ کر دیتا ہے۔

جس طرح سے دن اور رات اکھٹے نہیں رہ سکتے بالکل اسی طرح سے اللہ کی محبت اور دنیا کی محبت اکھٹے نہیں رہ سکتے۔ دنیا کی جو چیز بھی تم سے کھو جائے وہ غنیمت ہے۔

جو شخص دنیا سے مقابلہ کرے گا اور اس سے محبت کرے گا دنیا اس کو پچھاڑ کر رکھ دے گی۔

اگر اہل دنیا کو عقل آجائے تو دنیا تباہ ہو جائے۔

جو شخص دنیا سے پسندیدہ چیزیں طلب کرے گا اس شخص پر الزامات، اس کی مشقتیں اور اس کی سرکشی بڑھ جائے گی۔

جس شخص پر دنیا غالب آجاتی ہے وہ شخص اپنے سامنے کی چیزوں سے بھی اندھا ہو جاتا ہے۔

جو شخص دنیا ی خدمت کرتا ہے دنیا اس کو اپنا خادم بنا لیتی ہے اور جو انسان اللہ کی خدمت

کرتا ہے دنیا اس انسان ی خادمہ بن جاتی ہے۔
دنیا کی مثال تمھارے سائے کی مانند ہے اگر تم رکتے ہو تو وہ بھی رک جاتا ہے اور اگر تم اس کو پکڑنا چاہو تو وہ تم سے دور ہوجاتا ہے۔ دنیا اپنے پناہ گزینوں اور محبت کرنے والوں کو کبھی نہیں بچاتی۔ دنیا مومن کا قید خانہ، موت اس کا تحفہ اور جنت اس ی مستقل پناہ گاہ ہے۔
دنیا افر کے لئے جنت ہے جبکہ موت اس کو اس جنت سے دور کر کے جہنم کی آگ سے قریب کر دیتی ہے۔۲۰؎

نفسیاتی پہلو

خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! مقصد حیات جب دنیا بن جائے تو انسان غم وغصہ، رنج وفکر، حسد، جلن، بدخواہی، تنگ نظری، مردہ دلی اور دماغی الجھنوں میں مبتلا ہوجاتا ہے۔۲۱؎
آپ مزید فرماتے ہیں! دنیا کی محبت انسان کو بزدل بنادیتی ہے، انسان حقیقی زندگی سے خوفزدہ رہتا ہے، اسی وجہ سے معاشرے میں نفس پرستی، پراگندگی، فتنہ انگیزی اور ظلم وستم عام ہوجاتا ہے، اس موقع سے فائدہ اٹھا کر دشمن طرح طرح کی سازشوں کے جال بچھا کر لالچی اور مال وزر کی ہوس میں مبتلا اقوام کے وجود کو ختم کر دیتی ہیں۔۲۲؎
رومی کہتے ہیں! زندگی گزارنے کے لئے انسان کو مال کی ضرورت ہوتی ہے جیسے پانی کشتی کو چلنے میں مدد دیتی ہے لیکن اگر وہ پانی کشتی میں داخل ہوجائے تو کشتی ڈوب جاتی ہے بالکل اسی طرح سے حب دنیا اور حرص وہوس اگر انسان کے دل میں بڑھ جائے تو پھر وہ ہر طرح کی پستی، بزدلی اور نفس انسانی کی بے شمار رابیوں کا سبب بنتی ہے، دوسری جانب یہی مال اہل دل کے لئے ذریعہ خیر ہے وہ اللہ کے دی ہوئی اس نعمت عظیم سے اللہ کے بندوں کی خدمت کرتے ہیں اور بھلائی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔
حب دنیا اور حرص وہوس کا واحد علاج، صفات عالیہ کا عشق ہے جس کا کمال ذات الہیہ میں پایا جاتا ہے تاہم یہی وہ عشق کی قسم ہے جس میں تمام جسمانی اور روحانی بیماریوں کا علاج

موجود ہے۔ ۲۳ے

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۵۶۔
۴۔سورہ النحل۔آیت۔۳۰۔
۵۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۶۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۹۔سورہ انعام۔آیت۔۱۱۔
۱۰۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۱۱۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۱۲۔کتاب الزہد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۱۳۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۴۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۵۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۱۶۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۱۷۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۱۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۹۔(ذم الدینا۔۱۷۔مطبوعہ موسستہ الکتب الثقافیہ۔بیروت۔۱۴۱۳ھ)
۲۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۲۱۔ بڑے بچوں کے لئے ۔خواجہ شمس الدین عظیمی ۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی ۔
۲۲۔ بڑے بچوں کے لئے ۔خواجہ شمس الدین عظیمی ۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی ۔
۲۳۔تشبیہات رومی ۔جلال االدین رومی ۔مرتب ۔ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم ۔ص ۔۱۶ ۔۱۷۔ ادارہ ثقافت اسلامیہ پاکستان لاہور ۔۱۹۵۹ھ ۔

۳۷۔الکفر۔کفر

نعمتوں کی ناشکری نا کرو کیونکہ کفران نعمت سب سے زیادہ گھٹیا کفر ہے (حضرت علیؑ)

کفر۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ک۔ف۔ر) سے مشتق ہے۔ا؎
کفر۔کے معانی چھپانے اور ڈھانپنے کے ہیں۔
کافر۔سے مراد ایسا شخص جو مختلف ہتھیار سے لیس ہو یہاں تک کے وہ اس میں ڈوب جائے اور اس کا جسم نظر نا آئے تو ایسے شخص کو کافر کہا جاتا ہے۔
رات کو بھی کافر کہا جاتا ہے کیونکہ رات کی تاریکی تمام چیزوں پر پردہ ڈال دیتی ہے۔
سیاہ بادل کو بھی کافر کہا جاتا ہے کیونکہ گہرے بادل روشنی کو چھپا دیتے ہیں۔
سمندر کو بھی کافر کہا جاتا ہے کیونکہ یہ اپنے اندر موجود چیزوں کو چھپاتے ہیں۔
کسان کو بھی کافر کہا جاتا ہے کیونکہ وہ بیج کو مٹی میں چھپا دیتا ہے۔
قبر کو بھی الکفر کہا جاتا ہے کیونکہ وہ مردے کو چھپا لیتی ہے۔
اسلام میں مومن کے مقابل کافر ہے۔
ٹھوس حقائق اور ابدی سچائیوں پر پردہ ڈالنے والا کافر کہلاتا ہے۔
ایمان کا مقابل کفر ہے۔
کفر۔سے مراد قرآنی صداقتوں کا انکار
کفر۔بمقابلہ شکر بھی ہے یعنی شکر کی کیفیت میں انسان ان چھپی ہوئی چیزوں کا اقرار کرتا ہے جو نعمتیں اور آسانیاں اللہ نے اسے عطا فرمائی ہیں۔
کفارہ کو کفارہ اس لئے کہا جاتا ہے کے وہ غلط اور ضرر رساں نتائج کو ڈھانپ دیتا ہے۔
کفران۔سے مراد نعمتوں کا انکار۔

کافر۔ کی جمع کفار۔

کفور۔ سے مراد بڑا ناشکرا۔

کافور۔ وہ خول جو شگوفے کو اپنے اندر چھپا لے لیکن کافور ایک خوشبودار دوا ہے جو حدت کے اثر کو کم کرتی ہے۔ ۲

ارشادات خداوندی:

أَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ۔ ۳

ترجمہ۔ ہر سرکش کافر کو جہنم میں ڈال دو۔

وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ۔ ۴

ترجمہ۔ ہماری آیات کا انکار صرف وہی شخص کرتا ہے جو بڑا بدعہد اور سخت ناشکرا ہے۔ ۴

كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِي لَشَدِيدٌ۔ ۵

ترجمہ۔ گرتم نے ناشکری کی، تو بے شک میرا عذاب ضرور سخت ہے۔

فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ لَا انْفِصَامَ لَهَا۔ ۶

ترجمہ۔ جو شخص طاغوت سے کفر کر کے اللہ پر ایمان لے آیا تو اس نے ایسا مضبوط دستہ پکڑ لیا جو کبھی ٹوٹنے والا نہیں ہے۔

أَنْ يَكْفُرُوا بِهِ وَيُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَنْ يُضِلَّهُمْ ضَلَالًا بَعِيدًا۔ ۷

ترجمہ۔ شیطان یہ چاہتا ہے کہ انھیں گمراہ کر کے بہت دور کی گمراہی میں ڈال دے۔

وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ۔ ۸

ترجمہ۔ جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کی تکذیب کی وہی لوگ دوزخی ہیں، وہ ہمیشہ اس دوزخ میں رہیں گے۔

وَاللّٰہُ لَا یُحِبُّ کُلَّ کَفَّارٍ اَثِیۡمٍ ۔۹؎

ترجمہ۔اللہ کسی ناشکرے گنہگار کو پسند نہیں کرتا۔

لَّا یَتَّخِذِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ الۡکٰفِرِیۡنَ اَوۡلِیَآءَ مِنۡ دُوۡنِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۔۱۰؎

ترجمہ۔مئومنین ،مئومنین کے سوا کافروں کو دوست نہ بنائیں۔

اِنَّ الۡکٰفِرِیۡنَ کَانُوۡا لَکُمۡ عَدُوًّا مُّبِیۡنًا ۔۱۱؎

ترجمہ۔بے شک کافر تمہارے کھلے ہوئے دشمن ہیں۔

اِنَّکَ اِنۡ تَذَرۡہُمۡ یُضِلُّوۡا عِبَادَکَ وَلَا یَلِدُوۡۤا اِلَّا فَاجِرًا کَفَّارًا ۔۱۲؎

ترجمہ۔بے شک اگر تو نے انہیں چھوڑا تو یہ تیرے بندوں کو گم راہ کریں گے اوران سے صرف بدکار کافر پیدا ہوں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! نماز مومن اور کافر میں فرق کرتی ہے۔۱۳؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! مومن ایک آنت سے کھاتا ہے جبکہ کافر سات آنتوں سے کھاتا ہے۔۱۴؎

عبداللہ بن بریدہؓ اپنے والدؓ سے روایت کرتے ہیں،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! ہمارے اور ان کے درمیان نماز کا عہد ہے،سوجس نے نماز کو ترک کیا اس نے کفر کیا۔۱۵؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات:

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! فر چارستونوں پر استوار ہے۔

۱۔حددرجہ کاوش۔

۲۔تنازعہ۔

۳۔کج روی۔

۴۔تفرقہ۔

چنانچہ جو اوہام پرستی کے نتیجہ میں حد درجہ کوشش کرتا ہے وہ کبھی حق کی جانب رجوع نہیں کرتا۔جس شخص کا جہالت پر تنازعہ ہمشگی اختیار کر لیتا ہے وہ شخص ہمیشہ حق سے اندھا ہی رہتا ہے۔

اور جو شخص حق سے منہ موڑ لیتا ہے اس کے نزدیک برائی، اچھائی اور اچھائی برائی بن جاتی ہے اور شخص اختلاف اور تفرقہ میں مبتلا ہو جاتا ہے اس کے راستے دشوار اور معاملات پیچیدہ ہو جاتے ہیں۔نعمتوں کے کفران سے بچو کیونکہ اس کے نتیجے میں تم پر بلائیں نازل ہوں گی۔

نعمتوں کی ناشکری نا کرو کیونکہ کفران نعمت سب سے زیادہ گھٹیا کفر ہے۔

کفر چار ستونوں پر کھڑا ہے۔

۱۔ جفا۔

۲۔اندھا پن۔

۳۔غفلت۔

۴۔شک۔

چنانچہ جو جفا کرتا ہے وہ حق کو حقیر اور باطل کو عیاں کرتا ہے، جو علماء سے دشمنی مول لیتا ہے وہ بڑے بڑے گناہوں پر اصرار کرتا ہے، جو اندھا ہو جاتا ہے وہ ذکر کو بھول جاتا ہے اور وہ اپنے گمان ہی پیروی کرتا ہے، جو شخص غفلت اختیار کرتا ہے وہ ہدایت سے دور ہو جاتا ہے، اور جو شخص اللہ کی ذات میں شک اور شبہ کرتا ہے وہ اللہ تعالی اسے اسی کی حکومت کے ذریعے ذلیل اور اسی کے رعب و دبدبے کو پامال کرتا ہے۔آپؑ نے فرمایا! سب سے شدید تر فقر ایمان کے بعد کفر ہے۔کافر کی ساری محنت اور لگن اس کی دنیا کے لئے ہوتی ہے اس کی ایک کی جدوجہد ہوتی ہے کے اس کی تمام آرزوئیں اور خواہشات مکمل ہو جائیں۔۱۶؎

نفسیاتی پہلو

کفر سے مراد چھپانا یعنی کافر اللہ کے ایک ہونے کی سچائی کو اپنے آپ سے چھپاتا ہے اگرچہ ہر

روز بے شمار حقائق کو وہ اپنی نظروں کے سامنے ہوتا دیکھتا ہے لیکن اس کے باوجود وہ اللہ کی وحدانیت کا انکاری ہے، حقیقت یہ ہے کے روزلست تمام ارواح نے اللہ کی وحدانیت کا اقرار کرلیا تھا اور سب نے اللہ کی ربوبیت کی گواہی دی تھی لیکن دنیا میں آنے کے بعد کچھ لوگ اس گواہی پر قائم رہے اور کچھ منکر ہو گئے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ ۔١٧؎

ترجمہ۔ ہماری آیات کا انکار صرف وہی شخص کرتا ہے جو بڑا بدعہد اور سخت ناشکرا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ ق۔آیت۔ ۲۴۔

۴۔سورہ لقمان۔آیت۔ ۳۲۔

۵۔سورہ ابراہیم۔آیت۔ ۷۔

۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۵۶۔

۷۔سورہ النساء۔آیت۔ ۶۰۔

۸۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۳۹۔

۹۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۷۶۔

۱۰۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۲۸۔

۱۱۔سورہ النساء۔آیت۔ ۱۰۱۔

۱۲۔سورہ نوح۔آیت۔ ۲۷۔

۱۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۴۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۵۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۶۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ ۴۱۲۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔
۱۷۔سورہ لقمان ۔آیت۔ ۳۲۔

۳۸۔القرض۔قرض

قرض زمین پر اللہ کی زنجیر ہے جب وہ کسی کو ذلیل ورسوا کرنا چاہتا ہے
تو اس شخص کی گردن میں قرض کی زنجیر ڈال دیتا ہے۔(حضرت علیؑ)

قرض۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ق۔ر۔ض) سے مشتق ہے۔۱؎
قرض۔سے مراد قطع کرنا یا کاٹنا۔
قرض المکان۔وہ کسی جگہ سے کترا کر نکل گیا۔
اقرض۔سے مراد کوئی چیز دینا یا کوئی کام کرنا اس امید پر کے وہ واپس مل جائے گی یا اس کا بدلہ مل جائے گا۔
عربوں کے محاوروں میں قرض حسن سے مراد اچھا یا نیک سلوک۔۲؎

ارشاد خداوندی:

مَّن ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ أَضْعَافًا كَثِيرَةً۔۳؎
ترجمہ۔کون ہے جو اللہ کو قرض حسن دے؟ تو اللہ اس کو بڑھا کر اس کے لیے کئی گنا کردے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری امت میں سے جس انسان نے قرضہ لیا اور پھر اس قرض کو ادا کرنے کی کوشش کی لیکن ادا کرنے سے پہلے ہی مر گیا تو میں اس کا ذمہ دار ہوں۔۴؎
امام ابوالشیخ اور امام بیہقی نے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! آسمان کے دروازوں میں سے ایک دروازہ پر ایک فرشتہ یہ کہتا ہے کے وہ کون ہے جو آج اللہ کو قرض حسن دے اور کل اس کی جزا لے لے اور ایک اور دروازہ پر فرشتہ یہ کہتا ہے! اے لوگو! اپنے رب کی طرف بڑھو، وہ قلیل مال جو ناکافی ہے اس زیادہ مال سے بہتر ہے جو

غافل کرنے والا ہو اور ایک اور دروازہ پر فرشتہ یہ کہتا ہے، اے بنو آدم! موت کے لیے جھگڑے پالو اور ویران ہونے کے لیے مکان بناؤ۔

امام بیہقی نے "شعب الایمان میں حسن سے روایت کیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں! اے ابن آدم! اپنے خزانے کو میرے پاس امانت رکھو وہ مال نا تو جلے گا، نا ڈوبے گا اور نا ہی چوری ہوگا (پھر یہی مال میں تم کو) تمہاری ضرورت کے وقت دے دوں گا۔۵؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جو شخص قرض لے کر ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہو جب تک ادا نا کر دے وہ شخص اللہ کی امان میں ہے لیکن اگر وہ واپس کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا تو ہو چور ہے

آپؓ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا! اۓ بیٹے تمھاری تونگری کے عالم میں جو تم سے قرض مانگے اسے غنیمت جانو تا کہ وہ تمھارے قرض کی ادائے گی کو تمھاری تنگ دستی کے زمانے کے لئے اٹھا رکھے۔ نیک اور پاک دامن انسان کا سب سے بدترین قلادہ قرض کا قلادہ ہے۔

ذلت قرض کے ہمراہ ہے۔

قرض زمین پر اللہ کی زنجیر ہے جب وہ کسی کو ذلیل ورسوا کرنا چاہتا ہے تو اس شخص کی گردن میں قرض کی زنجیر ڈال دیتا ہے۔

قرض غلامی ہے پس تم اپنی غلامی کسی ایسے کے ہاتھ میں نا سونپو جو تمھارا حق نا آشنا ہو۔

قرض سے بچو کیونکہ یہ دن میں ذلت اور رات میں غم واندوہ کا سبب ہے اور اس کی ادائے گی دنیا اور آخرت دونوں جگہوں پر ہے۔ قرض غلامی ہے اور قرض کی ادائے گی آزادی ہے۔

قرض دو غلامیوں میں سے ایک غلامی ہے۔

حد درجہ قرض سچے کو جھوٹا اور وعدہ نبھانے والے کو وعدہ خلاف بنا دیتا ہے۔۶؎

نفسیاتی پہلو

قرض ایک نہایت سخت معاملہ ہے، انسان مجبوری میں قرض لیتا ہے تاہم اگر وہ دینے کا ارادہ رکھتا ہے تو وہ اللہ کی امان میں ہے اور اگر وہ دینے کا ارادہ نہیں رکھتا ہے تو پھر وہ چور ہے، قرض ایک بدترین ذلت ہے، دوسری جانب جس انسان نے اسے لیا ہو اس کو ہر لحہ یہ فکر دامن گیر رہتی ہے کے کس طرح سے اس بوجھ کی ادائے گی ممکن ہے تاہم اللہ مسبب الاسباب ہے وہ دینے کی نیت کرنے والے کے لئے کوئی نا کوئی غیبی سبب پیدا کر دیتا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کے قرض ایک ذہنی بوجھ، الجھن اور مستقل پریشانی کا نام ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۴۵۔

۴۔مسند ابویعلیٰ موصلی ۔امام احمد بن علی المثنی التمیمی (متوفی ۳۰۷ھ)۔مطبوعہ دارالمامون التراث بیروت۔

۵۔الدرالمنثور ۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ج۔۱۔ص۔ ۳۱۲۔ ۳۱۳۔مطبوعہ مکتبہ آیت اللہ العظمی ایران ۔داراحیاء التراث العربی بیروت ۔۱۴۲۱ھ۔

۶۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ص۔ ۱۹۲۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۳۹۔الذلۃ۔ذلت۔خاکساری

جو اپنی ہر پریشانی کو کھل کر ہر کسی سے بیان کرتا ہے وہ اپنی ذلت سے راضی ہوجاتا ہے
(حضرت علیؑ)

الذلۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ذ۔ل۔ل) سے مشتق ہے۔۱۔

ذلۃ۔ذلالۃ۔کے معانی کسی کی سختی اور منہ زوری کا ٹوٹ جانا۔

الذل۔زور اور قہر کی وجہ سے جھکنا۔

الذل۔اس جھکنے کو کہتے ہیں جس میں طبیعت کی تیزی و سختی ازخود مغلوب ہوجائے۔

ذلول۔سے مراد تابع اور فرمانبردار ہوجانا منہ زوری نا کرنا۔

قرآن کریم میں تذل، تعز کے مقابلے میں آیا ہے۔۲۔

اللہ کا ایک اسم صفاتی مذل ہے یعنی وہ سرکش اور گناہگاروں کو دنیا اور آخرت میں ذلیل ورسوا کرکے چھوڑتا ہے۔

ارشاد خداوندی:

وَتُذِلُّ مَنۡ تَشَآءُ۔۳۔

ترجمہ۔وہ جس کو چاہتا ہے ذلت دیتا ہے۔

ذلت والی آندھی

اقوام گزشتہ پر بھی اللہ تعالی نے سخت آندھیاں بھیجیں جن کے سبب وہ صفحہ ہستی سے مٹ گئیں تاہم آج بھی اللہ کے حکم سے دنیا بھر میں سخت آندھیاں بھیجی جاتی ہیں جو کے افراد اوران کی قیمتی املاک کو لمحوں کے ہزارویں حصے میں پیوند خاک کر دیتی ہیں۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍ بِأَمْرِ رَبِّهَا فَأَصْبَحُوا لَا يُرَىٰ إِلَّا مَسَاكِنُهُمْ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِينَ وَلَقَدْ مَكَّنَّاهُمْ فِيمَا إِنْ مَكَّنَّاكُمْ فِيهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَأَبْصَارًا وَأَفْئِدَةً فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَا أَبْصَارُهُمْ وَلَا أَفْئِدَتُهُمْ مِنْ شَيْءٍ إِذْ كَانُوا يَجْحَدُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۔ ۴؎

ترجمہ۔ یہ اپنے رب کے حکم سے ہر چیز کو برباد کردے گی پھر وہ اس طرح سے ہو گئے کہ ان کے گھروں کے سوا اور کچھ دکھائی نہیں دیتا تھا ہم مجرموں کو اسی طرح سے سزا دیتے ہیں اور بے شک ہم نے ان کو ان چیزوں پر اقتدار عطا کیا تھا جن چیزوں پر تمھیں قدرت دی ہے اور ہم نے ان کے کان، آنکھیں اور دل بنائے تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کے دل ان کے کسی کام نہ آ سکے کیونکہ وہ اللہ کی آیات کا نکار کرتے تھے اور اس عذاب نے ان کا احاطہ کرلیا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے۔

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي أَيَّامٍ نَحِسَاتٍ لِنُذِيقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَخْزَىٰ ۖ وَهُمْ لَا يُنْصَرُونَ ۔ ۵؎

ترجمہ۔ ہم نے ان پر منحوس دنوں میں تیز آندھی بھیجی تا کہ ہم انہیں ذلت کے عذاب کا مزہ دنیا کی زندگی میں چکھا دیں اور آخرت کا عذاب تو اور بھی ذلت کا ہے اور ان کی مدد نہ کی جائے گی۔

إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُسْتَمِرٍّ ۔ ۶؎

ترجمہ۔ بے شک ہم نے ان پر منحوس دن میں تیز لگا تار چلنے والی آندھی بھیجی۔

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۔ ۷؎

ترجمہ۔ کیا تم نے نہیں دیکھا! تمھارے رب نے اونچی عمارتوں والے عاد ارم سے کیا سلوک کیا۔

وَفِي عَادٍ إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيحَ الْعَقِيمَ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ أَتَتْ عَلَيْهِ إِلَّا

جَعَلَتۡهُ كَالرَّمِيۡمِ ۔۸؎

ترجمہ۔اورقوم عاد میں بھی (عبرت ہے) جب ہم نے ان پر سخت آندھی بھیجی، جو کسی چیز کو نہ چھوڑتی جس پر سے وہ گزرتی مگر اسے بوسیدہ ہڈیوں کی طرح کر دیتی۔

ذلت والے ایام

اقوام گزشتہ پر کچھ ایام نحوست کے ساتھ اثر انداز ہوئے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کے بعد تمام مسلمان اور اہل اسلام عافیت اور خیر و برکت کے حصار میں ہیں۔

حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالیٰ نے ہفتہ کے دن مٹی (زمین) پیدا کی اور اتوار کے دن اس میں پہاڑ نصب کئے اور پیر کے دن درخت پیدا کئے اور منگل کے دن ناپسندیدہ چیزوں کو پیدا کیا اور بدھ کے دن نور پیدا کیا اور جمعرات کے دن زمین میں جانور پیدا کئے اور جمعہ کی آخری ساعت میں عصر اور مغرب کے درمیان آدم کو پیدا کیا۔۹؎

مسروق بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! حضرت جبرائیل آئے اور انھوں نے کہا! بدھ کا دن ہمیشہ منحوس ہوتا ہے۔

لیکن امام ابن جوزی اس حدیث کو ضعیف قرار دیتے ہیں بدھ کا دن کفار، فساق، فجار اور مفسدین پر منحوس ہوتا ہے اور مسلمانوں اور نیک لوگوں پر منحوس نہیں ہوتا ہے کیونکہ ان ایام میں عاد پر آندھی چل رہی تھی اور ان کو ہلاک کر رہی تھی لیکن ان ہی ایام میں ہود علیہ السلام اور دیگر مومنین بھی موجود تھے لیکن ان صالحین کے لئے یہ آندھی ضرر کا سبب نہ بنی قوم عاد پر بدھ کی شام کو سخت سرد آندھی چلنی شروع ہوئی پھر لگاتار سات راتیں اور آٹھ دن چلتی رہی یہ آندھی گھروں میں بند انسانوں کو ان کے گھر کے دروازے توڑ کر اٹھاتی اور انھیں زمین پر اس طرح پٹختی کے ان کے سر دھڑ سے الگ ہوجاتے اس آندھی کو دبور کہا جاتا ہے قوم عاد دراز قد اور مضبوط قد کاٹھ کے، قوی ہیکل افراد تھے۔قوم عاد نے کہا!

وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ۔۱۰؎۔ترجمہ۔ہم سے زیادہ بدنی قوت والا کون ہے؟
وہ پہاڑوں میں گھر بناتے تھے حضرت ہود علیہ السلام انھیں اللہ کے غضب سے ڈراتے تھے مگر وہ بعض نہ آتے اور غرور وتکبر میں ڈوبے رہتے تب اللہ تعالی نے ان پر ایک سخت آندھی بھیجی۔

وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ۔۱۱؎

ترجمہ۔قوم عاد میں بھی حیرت انگیز نشانیاں ہیں جب ہم نے ان پر رحمت سے خالی آندھی بھیجی ،جو کسی چیز کو نہیں چھوڑتی تھی وہ جس پر سے بھی گزرتی اس کو ریزہ ریزہ کردیتی۔

فاسق جانور

حضرت ثابت بن زید انصاریؓ سے روایت ہے، ایک سفر میں ایک مقام پر رکے وہاں گوہ (ایک جانور) بکثرت موجود تھے چنانچہ صحابہ کرام نے گوہ کو ذبح کرکے پکایا لیکن رسول اللہ ﷺ سے جب گوہ کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ فرمایا! بنی اسرائیل کے ایک گروہ کو مسخ کرکے زمین پر چلنے والا جانور بنادیا تھا میں (ازخود) جانتا ہوں کے شاید یہ وہی جانور ہے۔۱۲؎

ایک دوسری روایت کو حضرت عبدالرحمان بن حسنہؓ بیان کرتے ہیں،ایک سفر میں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے پھر ہم ایک ایسی جگہ ٹھہرے جہاں بہت زیادہ گوہ تھیں چنانچہ ہم نے انھیں ذبح کیا اور پتیلیوں میں پایا پھر رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور فرمایا!
بنی اسرائیل کا ایک گروہ گم ہوگیا تھا مجھے ڈر ہے کے وہ یہی گوہ ہیں ان دیگچیوں کو الٹ دو تو ہم نے بھوکے ہونے کے باوجود دیگچیوں کو الٹ دیا۔۱۳؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، بنو اسرائیل کا ایک گروہ گم ہوگیا تھا یہ معلوم نہیں ہوا کے وہ کہاں ہے اور میرا گمان ہے کے وہ (مسخ شدہ) چوہے ہیں کیا تم نہیں دیکھتے کے جب چوہوں

کے سامنے اونٹ کا دودھ رکھا جائے تو وہ نہیں پیتے ہیں اور جب ان کے سامنے بکری کا دودھ رکھا جائے تو وہ اسے پی لیتے ہیں تاہم ایک دوسری روایت کے مطابق! چوہا مسخ شدہ ہے۔ ۱۴؎ حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا! جس نے سانپ کو قتل کیا گویا اس نے مشرک کو قتل کیا۔ ۱۵؎

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! پانچ جانور فاسق ہیں جن کو حرم میں بھی قتل کردیا جائے گا۔ ۱۔ چوہا۔ ۲۔ بچھو۔ ۳۔ چیل۔ ۴۔ کوا۔ ۵۔ باولا کتا۔ ۱۶؎

حضرت عبداللہ بن مغفلؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر کتے اللہ کی مخلوق نہیں ہوتے تو میں ان سب کو قتل کردینے کا حکم دے دیتا پس تم ان میں سے سیاہ کتے کو قتل کردو اور جن لوگوں نے کھیت، شکار اور مویشیوں کے بغیر کتا رکھا ہوا ہے ان کے اجر میں ہر روز ایک قیراط کم ہوتا رہے گا۔ ۱۷؎

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چھپکلیوں کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے اور انھیں فوسیق کہا ہے۔ ۱۸؎

منحوس اعمال

گناہ کبیرہ یا گناہ صغیرہ جنھیں اعمال فاسدہ یا اخلاق رزیلہ بھی کہا جاتا ہے ان کے بارے میں سخت احکامات قرآن کریم اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں موجود ہیں اور ان سے بچنے کی ہدایات موجود ہیں جو کوئی بھی گناہ گار ہے چاہے وہ مرد ہو یا عورت، اس کو اپنے کئے کی پوری سزا دی جائے گی گناہ کبیرہ اور صغیرہ میں شامل قتل، چوری، شراب نوشی، جوا، سود، دھوکہ، بہتان، زنا، غیبت، چغلی، جھوٹ، تکبر، خود پسندی، مال جمع کرنے کی ہوس تمسخر اڑانا، عیب لگانا، برے ناموں سے پکارنا، اولاد کی غلط تربیت کرنا، ظن وگمان، اپنے شوہر پر الزام لگانے کی سزا، جادو ٹونہ کرنے والے، فضول خرچی، جھوٹی عبادات، آباء پرستی شخصیت پرستی، سٹہ، الغرض دنیا میں موجود جو بھی برائی ہے اس کو کرنے والے کو پورے عدل وانصاف کے

ساتھ سزا دی جائے گی اگرچہ معاشرے میں کمزور کردار کے افراد پائے جاتے ہیں جن کی نشاندہی قرآن وسنت میں موجود ہے جس کا ذیل میں اختصار سے جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ۔۱۹؎

ترجمہ۔ جو کفر کرے گا اس کے کفر کا وبال اسی پر ہے۔

قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ۔۲۰؎

ترجمہ۔ کہہ دو کہ اللہ تمہیں اس سے اور ہر سختی سے بچاتا ہے تم پھر بھی شرک کرتے ہو۔

ا۔شرک:

شرک کے لغوی معنی 'حصہ داری' اور ساجھے پن کے ہیں، شریعت کی اصطلاح میں شرک کے معنی اللہ کی ذات اور صفات میں کسی دوسرے کو شریک کرنا یا سمجھنا ہے تاہم شرک کرنے والے کو مشرک کہا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بار بار یہ بتایا ہے کہ! اگر کوئی عبادت کے لائق ہے تو وہ صرف اللہ کی ذات ہے لہٰذا تمام انسانوں کو صرف ایک اللہ کی عبادت کرنا چاہئے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْم۔۲۱؎

ترجمہ۔ بے شک شرک ایک بہت بڑا گناہ ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا۔۲۲؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ اسے نہیں بخشتا جو اس کا شریک ٹھہرائے اور شرک کے علاوہ دوسرے گناہ جسے چاہے بخشتا ہے، اور جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا اس نے بڑا ہی گناہ کیا۔

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِيْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا۔۲۳؎

ترجمہ۔ اللہ کے ساتھ اور کسی کو معبود نہ بنا ورنہ تو ملزم مردود بنا کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا۔ ۲۴۔

ترجمہ۔ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹہراؤ۔

مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰهُ النَّارُ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ۔ ۲۵۔

ترجمہ۔ بے شک جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا سو اللہ نے اس پر جنت حرام کی اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہوگا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی شرک کی سختی سے مذمت کی ہے۔

اسی حوالے سے چند احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم درج ذیل ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے، انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کے سب سے بڑا گناہ کون سا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کے ساتھ شرک کرنا یعنی جس نے تجھے پیدا کیا اور تو اس کا شریک ٹہرائے۔ ۲۶۔

حضرت معاذ بن جبلؓ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اے معاذ! شرک سب سے بڑا گناہ عظیم ہے۔ ۲۷۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سات تباہ کن گناہ ہیں تم ان سے بچو ان میں سب سے پہلا عظیم گناہ شرک ہے۔ ۲۸۔

۲۔قتل:

قتل کے حوالے سے بھی مرد و عورت دونوں کو ہی شریعت برابر کی سزا تجویز کرتی ہے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔ ۲۹۔

ترجمہ۔ ناحق کسی جان کو قتل نہ کرو جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے، (اللہ) تمہیں یہ حکم دیتا ہے تاکہ تم سمجھ جاؤ۔

وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ۔ ۳۰

ترجمہ۔ اپنی اولاد کو محتاجی کے خوف سے قتل نہ کرو ہم ان کو بھی روزی دیتے ہیں اور تم کو بھی روزی دیتے ہیں بے شک ان کو قتل کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـــــًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـــــًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ۭ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَھُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۭ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَھُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۡ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِــيْمًا حَكِــيْمًا ۔ ۳۱

ترجمہ۔ مسلمانوں کا یہ کام نہیں کہ کسی مسلمان کو قتل کرے مگر غلطی سے، اور جو مسلمان کو غلطی سے قتل کرے تو ایک مسلمان کی گردن آزاد کرے اور مقتول کے وارثوں کو خون بہا دے مگر یہ کہ وہ خون بہا معاف کر دیں، پھر اگر وہ مسلمان مقتول کسی ایسی قوم میں تھا جس سے تمہاری دشمنی ہے تو ایک مومن غلام آزاد کرنا ہے، اور اگر وہ مقتول مسلمان کسی ایسی قوم میں سے تھا جس سے تمہارا معاہدہ ہے تو اس کے وارثوں کو خون بہا دیا جائے گا اور ایک مومن غلام کو آزاد کرنا ہوگا، پھر جو غلام نہ پائے وہ لگاتار دو مہینے کے روزے رکھے اللہ سے گناہ بخشوانے کے لیے، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

۳۔ زنا:

غیر قانونی جنسی تعلق کا قائم ہونا یوں تو ہر سماج اور مذہب میں اس قسم کے ناجائز تعلقات کو نہایت حقارت سے دیکھا جاتا ہے لیکن اب دنیا کے کئی ممالک میں اس قسم کے تعلقات کو

قانونی حیثیت بھی حاصل ہو چکی ہے لیکن شریعت اسلامیہ ہر قسم کی فحاشی اور بدکاری کی شدت سے مذمت کرتی ہے جبکہ از روئے شریعت زنا کا تعلق گناہ کبیرہ میں کیا جاتا ہے کیونکہ شریعت نے جب جائز اور حلال راستہ کھول رکھا ہے تو پھر ناجائز اور غیر قانونی راستے کی طرف جانے کی ضرورت کیا ہے؟ شریعت کی رو سے مرد ایک وقت میں چار نکاح کر سکتا ہے جبکہ خواتین کے پاس بھی خلع کا Option موجود ہے جسے وہ وقت ضرورت استعمال کر سکتی ہیں جبکہ خلع لینے کے لئے عورت کی اس مرد سے ناپسندیدگی ہی کافی ہے چنانچہ خلع لینے کے بعد عورت عدت پوری کر کے دوسرا نکاح کرنے میں آزاد ہے اگر چہ وہ شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے متعدد نکاح ہی کیوں نہ کرے شرط صرف اتنی ہے کہ اس نے اسلامی قوانین کی خلاف ورزی نہ کی ہو جب مرد و عورت دونوں ہی اس معاملے میں آزاد ہیں تو پھر انھیں ناجائز راستے کی طرف جانے کی کیا ضرورت ہے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّسَآءَ سَبِيْلًا - ۳۲ ؎

ترجمہ۔ زنا کے قریب بھی نہ جاؤ بے شک وہ بے حیائی اور بری راہ ہے۔

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۪ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ - ۳۳ ؎

ترجمہ۔ زنا کار عورت اور زنا کار مرد ان میں سے ہر ایک کے ۱۰۰ کوڑے لگاؤ اور اللہ کے دین کے مقابلے میں تم کو ان پر شفقت نہ آئے اگر تم اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو اور ان کی سزا کے وقت مومنوں کی ایک جماعت موجود رہنی چاہئے۔

(یہ سزا زانی کنوارے مرد اور عورت کے لئے ہے)۔

شادی شدہ زانی مرد و عورت کے لئے سزا کے احکامات نہایت سخت ہیں۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں !

وَالّٰتِیْ یَاْتِیْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَیْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِی الْبُیُوْتِ حَتّٰی یَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ یَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِیْلًا ۔ ۳۴؎

ترجمہ۔تمھاری عورتوں میں سے جو عورتیں بدکاری کی مرتکب ہوں تم ان کے خلاف چار گواہ لے آؤ اور اگر وہ شہادت دے دیں تو پھر انھیں گھروں میں قید رکھو یہاں تک کہ انھیں موت آجائے یا پھر اللہ ان کے واسطہ کوئی راستہ قرار دے (لیکن یہ اس قید کا فیصلہ شوہر نہیں بلکہ عدالت کرے گی)۔

اَلْخَبِیْثَاتُ لِلْخَبِیْثِیْنَ وَالْخَبِیْثُوْنَ لِلْخَبِیْثَاتِ۔ ۳۵؎

ترجمہ۔خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لئے ہیں اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لئے ہیں۔

زنا سے کراہیت کے حوالے سے حضرت علیؑ کرم اللہ وجہ الکریم کے اقوال ہیں !

جو زنا کرتا ہے اس کے گھر میں بھی زنا کیا جاتا ہے کیونکہ زنا ایک قرض ہے اور زنا فقر ہے۔

چار چیزیں جس گھر میں داخل ہوجائیں وہ اس گھر کو تباہ و برباد کر کے چھوڑتی ہیں ۔

۱۔خیانت ۔ ۲۔ چوری ۔ ۳۔شراب نوشی ۔ ۴۔زنا۔

اللہ نے ترک زنا کو نسب کی حفاظت کے لئے واجب قرار دیا ہے جبکہ غیرت مند کبھی بھی زنا نہیں کرتا ہے، اللہ کو سب سے زیادہ نفرت بوڑھے زانی سے ہے۔۳۶؎

حضرت علیؑ نے ایک جگہ فرمایا! تمھیں اچھی طرح سے معلوم ہو کے رسول اللہ ﷺ نے شادی شدہ زانی کو سنگسار کیا پھر ان پر نماز جنازہ پڑھی اور اس کے گھر والوں کو اس کا وارث بھی بنایا آپ ﷺ نے چور کے ہاتھ کاٹے اور غیر شادی شدہ زانی کو ۱۰۰ کوڑے مارے تاہم مال غنیمت میں سے انھیں حصہ بھی دیا بعدازاں مسلمان لڑکیوں سے ان کے نکاح بھی کروائے ۔

۴۔ چوری:

شریعت اسلامی میں چوری بھی گناہ کبیرہ ہے اب چاہے اس کا ارتکاب مرد کرے یا عورت دونوں کی سزا شریعت نے متعین کردی ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۔۳۷؎

ترجمہ۔ چور مرد اور چور عورت تم ان دونوں کے ہاتھ کاٹ دو یہ بدلہ اس کا ہے جو انھوں نے کیا ہے اور یہ سزا ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔

مشہور واقعہ ہے کے عرب کی فاطمہ نامی ایک صاحب ثروت خاتون نے چوری کی اور ان پر جرم ثابت ہوگیا انھوں نے حضرت زید بن حارثؓ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ بولے بیٹے اور غلام تھے ان کے ذریعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ پیغام بھجوایا کے اگر میرے ہاتھ کاٹنے کی سزا کو جرمانے سے بدل دیا جائے تو میں بھاری جرمانہ بھی ادا کرنے کے لئے تیار ہوں جب ان کی یہ عرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچائی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سخت غضبناک ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بخدا اگر فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی یہ گناہ سرزد ہوتا تو میں ان کے بھی ہاتھ کاٹ دیتا اور تم سے پچھلی امتیں اسی وجہ سے تباہ برباد ہوئیں کے جب ان کے صاحب ثروت افراد سے کوئی جرم سرزد ہوتا تو وہ چھوٹ جاتے جبکہ غریب ناکردہ جرائم کی بھی سزا بھگتتا۔۳۸؎

۵۔ بہتان:

بہتان بھی ایک سخت گناہ کبیرہ ہے یعنی مسلمان پاکباز مرد وعورت کی عزت پر کوئی تہمت یا بہتان دھرنا شریعت میں نہایت ناگوار اور قابل مذمت ہے یہ معاملہ نہایت سنگین نوعیت کا ہے کیونکہ اکثر سماجی سطح پر گھر اور گھر سے باہر، مرد اور عورتیں دونوں ہی کسی تیسرے کی عزت کو

نشانہ بناتے ہیں یعنی جس طرح کے موسم کا حال بیان کیا جاتا ہے بالکل اسی طرح سے دوسروں کی عزت کو ہدف بنایا جاتا ہے۔

اس حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوْا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمَانِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ۔۳۹؎

ترجمہ۔ جو لوگ پاک دامن عورتوں کو تہمت لگائیں پھر اس پر چار گواہ نہ لاسکیں تو تم ان کے ۸۰ کوڑے لگاؤ اور کبھی بھی ان کی گواہی کو قبول نہ کرو اور یہی بدکار رہیں۔

شریعت اسلامیہ میں اسی کوڑے کی سزا کو حد قذف بھی کہا جاتا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنَاتِ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ لُعِنُوْا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ۔۴۰؎

ترجمہ۔ بے شک جو لوگ ایمان دار اور پاک دامن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں وہ دنیا اور آخرت میں ملعون ہیں اور ان کے لئے بڑا عذاب تیار کیا گیا ہے۔

اس دنیا میں نہیں تو آخرت میں ضرور اس گناہ عظیم کی بابت پوچھ گچھ ہوگی کیونکہ عزت کا معاملہ اللہ کی نظر میں بھی نہایت اہم ترین اور سنگین ہے جب ہی اس پر چار گواہ طلب کئے گئے ہیں کیونکہ کوئی بھی گناہ کبیرہ عام طور پر چھپ کر کیا جاتا ہے لہٰذا اس کے پس پردہ حکمت الٰہیہ کو بھی سمجھنا چاہئے اگر کوئی شخص کسی گناہ میں ملوث ہے تو ذاتی حیثیت میں اس کی اصلاح کی جائے بجائے اس کے اس کو لوگوں میں ذلیل ورسوا کیا جائے اور اس کی عزت کو سرعام بدنام کیا جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ستار العیوب بھی ہے یعنی وہ اپنے بندوں کے عیبوں کی پردہ پوشی فرماتا ہے چنانچہ وہ اپنے بندوں سے بھی یہ چاہتا ہے کے اس کے بندے بھی ایک دوسرے کے عیبوں کی پردہ پوشی کریں اور دنیا میں عیوب کی پردہ پوشی کرنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ نے آخرت میں اجر عظیم کی بشارت دی ہے۔

اسی حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک حدیث مبارکہ ہے!
جس نے کسی مسلمان مومن مرد یا عورت پر بہتان باندھا اللہ تعالی اسے روز قیامت دوزخ کے سب سے نچلے طبقے یعنی 'خبال' میں ڈالیں گے۔[۴۱]

۶۔ ناپ تول:

ناپ تول میں کمی ایک نہایت غیر اخلاقی، غیر ذمہ دارانہ اور شاطرانہ عمل ہے جس میں گاہک سے پیسے تو پورے وصول کئے جاتے ہیں لیکن اس کو سودا کم دیا جاتا ہے۔
حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم جب اس غیر اخلاقی سرگرمی میں ملوث ہوئی تو ان کی رہنمائی کے لئے پیغمبر بھیجے گئے تاکہ انھیں اس قبیح فعل سے روکا جا سکے لیکن ایک طویل ہدایت اور رہنمائی کے باوجود قوم شعیب نہایت ہٹ دھرمی اور ڈھٹائی سے اپنے مذموم عزائم میں ملوث رہی اور انھوں نے حضرت شعیب کی ایک نہ سنی دین اسلام مادیت پرستی، زر پرستی اور دنیا کی ہوس کی سخت مذمت کرتا ہے اور یہ چاہتا ہے کے مال و زر کسی ایک جگہ منجمد ہو کر نہ رہ جائے بلکہ سماج میں اس کی ترسیل جاری رہے تاکہ امیر امیر تر اور غریب غریب تر نہ ہو جائے جب ہی دین اسلام تمام مسلمانوں کو زکوۃ، صدقات، خیرات، فدیہ اور فطرے کی جانب ترغیب دیتا ہے تاکہ انسان مال کو اپنے ہاتھ سے خرچ کرے اور مال کی محبت میں گرفتار نہ ہو تاہم دنیا بھر کے مردوں کی طرح قرآن کریم اپنے خطاب میں مسلمان خواتین کو بالخصوص اور دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والی خواتین کو بالعموم یہ ہدایت دے رہا ہے کے اپنے مالی معاملات کی درستگی کا بہت لحاظ رکھا جائے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَاَوۡفُوا الۡكَيۡلَ اِذَا كِلۡتُمۡ وَزِنُوۡا بِالۡقِسۡطَاسِ الۡمُسۡتَقِيۡمِ‌ؕ ذٰ لِكَ خَيۡرٌ وَّاَحۡسَنُ تَاۡوِيۡلًا۔[۴۲]

ترجمہ۔ جب تم ناپو تو پورا ناپو اور سیدھی ترازو سے تولو یہ بہتر اور انجام کے لحاظ سے اچھا ہے۔

اَوۡفُوا الۡكَيۡلَ وَلَا تَكُوۡنُوۡا مِنَ الۡمُخۡسِرِيۡنَ۔ ۴۳؎

ترجمہ۔ پیمانہ کو پورا رکھواور کم دینے والوں میں نہ ہو۔

اَوۡفُوا الۡمِكۡيَالَ وَالۡمِيۡزَانَ بِالۡقِسۡطِ وَلَا تَبۡخَسُوا النَّاسَ اَشۡيَآءَهُمۡ وَلَا تَعۡثَوۡا فِى الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِيۡنَ۔ ۴۴؎

ترجمہ۔لوگوں کوان کی چیزیں کم نہ دواور نہ زمین میں فساد پھیلاتے پھرو۔

۷۔شراب نوشی:

شراب نوشی یا نشہ چاہے وہ کسی بھی قسم کا ہواس کے نہایت مضر اثرات صحت انسانی پر مرتب ہوتے ہیں لیکن دنیا بھر میں مردوزن کی ایک کثیر تعداد مختلف اقسام کے نشے کے عادی ہے اب یہ ایک الگ بحث ہے کے وہ یہ نشہ فیشن، عادت یا ضرورت کے تحت کرتے ہیں لیکن ہرصورت میں اس کے مضررساں اثرات سے فرد کے ساتھ ساتھ اس کا پورا خاندان بھی شدت سے متاثر ہوتا ہے۔تاریخ کے مطالعے سے یہ معلوم ہوتا ہے کے دنیا کے ہر ملک، خطے، قبیلے اور قوم میں نشہ کسی نہ کسی صورت میں موجود رہا جو بدستور آج بھی مستعمل ہے جس کی روک تھام کے لئے ہر سطح پر دامے درمے قدمے سخنے کوششیں جاری ہیں لیکن وقت گزرنے کے ساتھ، ساتھ اس میں کمی کے بجائے اضافہ ہوا ہے۔

اسلام اپنے پیروکاروں کو یہ ہدایت دیتا ہے کہ وہ نشہ اور اس کی ہر قسم سے دور رہے کیونکہ مسلمان کے لئے دنیا ایک آزمائش کی جگہ ہے جہاں مختلف انواع کی مشکلات سے اس کا واسطہ اور سابقہ پڑتا ہے لیکن کمزور اور بزدل ذہنیت کے افراد ان مشکلات سے بچنے کے لئے نشے کا سہارا لیتے ہیں جس سے مشکلات تو خیر کیا کم یا ختم ہوں گی بلکہ ایک نئی بن بلائی مصیبت ان کا گھر دیکھ لیتی ہے لہٰذا بار بار مصائب ومشکلات میں صبر وصلوۃ سے مدد لینے کی تلقین کی گئی دوسری جانب انسان کے حالات بھی سدا ایک جیسے نہیں رہتے بلکہ کچھ ہی عرصہ میں اللہ تعالیٰ حالات کو بدل دیتے ہیں لہٰذا وقت کی ایک خصوصیت تو یہ ہے کے چاہے وہ اچھا ہو یا برا گزر

ہی جا تا ہے ۔نشے اور شراب نوشی کی بری عادت سے دور رہنے کے لئے قرآنی احکامات ذیل میں بیان کئے جا رہے۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَ الْمَیْسِرُ وَ الْاَنْصَابُ وَ الْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ اِنَّمَا یُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّوْقِعَ بَیْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَ الْبَغْضَآءَ فِی الْخَمْرِ وَ الْمَیْسِرِ وَ یَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَ عَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ۔ ۴۵

ترجمہ۔مسلمانو! اس کے سوا کچھ نہیں کہ شراب اور جوا اور بت اور استخارے کے پانسے ناپاک شیطانی کام ہیں توتم ان سے بچتے رہو تا کہ تم فلاح پاؤ شیطان تو بس یہی چاہتا ہے کے شراب اور جوئے میں تمھیں پھنسا کر رکھے اور تمھارے درمیان عداوت اور نفرت ڈالے اور تم کو اللہ کی یاد اور نماز سے روک دے۔

۸۔فواحشات:

فواحشات سے مراد بدکاری، فحاشی اور بے حیائی ہے اس ضمن میں اسلامی تعلیمات نہایت واضح اور دوٹوک ہیں کیونکہ اسلام اپنے ماننے والوں کو سختی سے فواحشات کے قریب جانے سے بھی منع کرتا ہے چاہے وہ مرد ہوں یا خواتین ۔لیکن تاریخ انسانی میں فحاشی، بدکاری، بے حیائی اور بے راہ روی کی مثالیں ہر سماج میں موجود رہیں لیکن یہ بھی مقام حیرت ہے کے بسا اوقات ان فواحشات کی کھلم کھلا اجازت اور آزادی میں ملکی اور مذہبی قوانین بھی پیش پیش رہے جیسے کے پروہت، پنڈت ،کلیساء کے پوپ اور دیگر اعلیٰ عہدے داران نے اپنے مذموم عزائم کی تسکین کے لئے اس کو مذہبی رنگ میں لوگوں پر حلال کر دیا لیکن اسلام نے ہر قسم کے کھلے اور چھپے فواحشات پر سختی سے قدغن لگائی تا کہ ایک صالح سماج کی داغ بیل پڑ سکے جب ہی نکاح کو انبیاء کی سنت کہتے ہوئے یہ بھی کہا گیا کے جس نے نکاح کیا گو یا اس نے اپنے آپ کو ایک محفوظ قلعے میں بند کر لیا۔

اسی نظریے کے پیش نظر زنا اور بدکاری کی شدید سزائیں مقرر کی گئیں ہیں جبکہ نکاح کی زیادہ سے زیادہ ترغیب دی گئی ہے یہاں تک کے کنیزوں اور غلاموں کے نکاح کی بھی بار بار ہدایت کی گئی ہے تا کہ سماج میں بدکاری پنپنے نہ پائے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ۔[۴۶]

ترجمہ۔ بے حیائی کے کام جو کھلے ہوں یا چھپے ہوں ان کے قریب بھی نہ جاؤ۔

اَلشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ۔[۴۷]

ترجمہ۔شیطان تم سے تنگ دستی کا وعدہ کرتا ہے اور تمھیں بے حیائی کا حکم دیتا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔[۴۸]

ترجمہ۔ جولوگ یہ چاہتے ہیں کے مسلمانوں میں بے حیائی کا چرچا ہو، تو انھیں دنیا اور آخرت میں دکھ دینے والا عذاب دیا جائے گا۔

۹۔ گناہ:

گناہ سے مراد اللہ کی نافرمانی ہے، ہر وہ کام گناہ کے زمرے میں داخل ہے جس سے خالق کائنات کی نافرمانی ظاہر ہوتی ہو اب چاہے یہ گناہ صغیرہ ہوں یا کبیرہ ہر صورت میں ان سے اجتناب ضروری ہے لیکن انسان بشری اعتبار سے کمزور پیدا کیا گیا ہے اور اس سے جانے اور ان جانے میں گناہ سرزد ہوتے رہتے ہیں لیکن اللہ تعالی نے اپنی رحمت خاص سے توبہ کا دروازہ کھول رکھا ہے چنانچہ جب کوئی انسان اپنے گناہ پر نادم ہوتا ہے اور اللہ کے حضور سچے دل سے معافی مانگتا ہے تو اللہ تعالی اپنی رحمت خاص سے اس کے تمام چھوٹے بڑے گناہوں کو معاف فرمادیتے ہیں اب چاہے ان گناہوں کی کثرت آسمان پر موجود ستاروں جتنی ہو، صحرا میں موجود ریت کے ذرات جتنی ہو یا سمندر میں موجود لہروں جتنی ہو۔ اللہ اپنے بندوں پر

بے حد مہربان، شفیق اور رحم فرمانے والا ہیں لیکن گناہوں سے نفرت اور کراہیت ہر مسلمان کے دل میں ضرور ہونی چاہیئے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ۚ اِنَّ الَّذِیْنَ یَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَیُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا یَقْتَرِفُوْنَ۔۴۹ ؎

ترجمہ۔ کھلے اور چھپے ہر گناہ کو چھوڑ دو بے شک جو لوگ گناہ کماتے ہیں ان کو اس کی سزا دی جائے گی جو وہ کماتے ہیں۔

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِیْنَ اَسَآءُوا السُّوْٓاٰۤى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا یَسْتَهْزِءُوْنَ۔۵۰ ؎

ترجمہ۔ پھر ان کا انجام جو برے کام کرتے ہیں برا ہی ہے کیونکہ انھوں نے اللہ کی آیات کو جھٹلایا اور اس کی ہنسی اڑائی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سات مہلک گناہوں سے بچو!

۱۔ شرک۔ ۲۔ جادو۔ ۳۔ ناحق قتل۔ ۴۔ سود۔ ۵۔ یتیم کا مال کھانا۔ ۶۔ جنگ کے دن پیٹھ پھیر لینا۔ ۷۔ پاک دامن مومن عورتوں پر تہمت لگانا۔ ۵۱ ؎

۱۰۔ زوجین کا ایک دوسرے پر الزام تراشی کرنا:

مسلمان پاکباز مرد یا عورت پر الزام یا بہتان لگان گناہ کبیرہ میں شمار کیا جاتا ہے تاہم ہمارے سماج میں ایسے بے شمار کمزور کردار کے مرد و خواتین پائی جاتی ہیں جو کے اپنے نیک اور پاکباز بیویوں یا شوہروں پر الزام تراشی کرتی ہیں یا ان کے کردار کو مشکوک انداز سے لوگوں کے سامنے بیان کرتے ہیں جس کی وجہ سے ان کے کردار کے حوالے سے ابہام پیدا ہو جاتا ہے اگر چہ ایسا ادوار گزشتہ میں بھی ہوتا تھا لیکن فی زمانہ یہ برائی سماج میں بہت زیادہ دیکھنے میں آرہی ہے جس کی کئی وجوہات میں سے سب سے بڑی وجہ قوت برداشت کا کم ہونا، بہت

زیادہ توقعات کا قائم کر لینا اور مرد و خواتین کی شادی کے وقت ان کی رضا مندی اور مرضی کا نہ ہونا سرفہرست ہے۔

ظہار:

ظہار کا مادہ ظہر سے نکلا ہے جس کے معنی شدت، غلبے، ظاہر اور پشت کے ہیں۔ محرمات ابدیہ یعنی جن سے نکاح حرام ہے جیسے ماں، بیٹی، بہن وغیرہ اور ان کے جسم کا وہ حصہ جو دیکھنا جائز نہیں ہے اس حصہ کے ساتھ اپنی بیوی کو تشبیہ دینا جیسے تو میری ماں کی پیٹھ کی طرح ہے یہ واضح اور صاف طور پر ظہار ہے گو کہ ظہار سے نکاح نہیں ٹوٹتا ہے لیکن کفارہ ادا کئے بغیر وہ اپنی بیوی کے ساتھ قربت نہیں کر سکتا اور ظہار کا کفارہ بھی ایلاء کے کفارے جیسا ہے۔

ارشاد خداوندی!

اَلَّذِيْنَ يُظَاهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهَاتِهِمْ ؕ اِنْ اُمَّهَاتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـئِیْ وَلَدْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْر ۔۵۲؎

ترجمہ۔تم میں سے جو لوگ اپنی عورتوں سے زبردستی کہہ رہے ہیں، وہ ان کی مائیں نہیں ہو جاتیں ان کی مائیں تو بس وہی ہیں جنھوں نے انھیں جنم دیا اور وہ بے شک ایک بے ہودہ اور جھوٹی بات کہتے ہیں بے شک اللہ درگزر کرنے والا اور معاف کرنے والا ہے۔

اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلَآئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۔۵۳؎

ترجمہ۔بس اگر تم دونوں (ازدواج) اللہ کے حضور توبہ کرو کے بے شک تم دونوں کے قلوب مائل ہو جائیں گے (نیکی کی توفیق حاصل ہوگی) بس اگر تم دونوں اس کے اوپر زبردست بننے کی کوشش کرتی رہی تو بے شک اللہ جبرائیل اور صالح مومنین نبی کے دوست ہیں اور اس کے بعد ملائکہ بھی مددگار ہیں۔

لعان:

اگر کوئی مرد اپنی بیوی پر زنا کا الزام صاف الفاظ میں لگائے یا اولاد کے متعلق کہے کہ وہ اس کی نہیں ہے اور قاضی کے سامنے یہ مقدمہ پیش ہو تو اس کو لعان کہتے ہیں حاکم شرعی پہلے ان دونوں کو موقع دے گا کے ان میں سے کوئی اپنے قصور کا اعتراف کرے یعنی یا تو مرد اپنا الزام واپس لے یا پھر عورت اپنے قصور کا اعتراف کرے اگر دونوں ہی اپنی بات پر اصرار کریں تو تب لعان کروایا جائے گا یعنی پہلے شوہر سے کہا جائے گا کے وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر یہ کہے کے اس نے اپنی بیوی پر جو زنا کا لزام لگایا ہے وہ درست ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کے اگر وہ جھوٹا ہے تو خدا کی لعنت اس پر ہو پھر بیوی سے یہ کہا جائے گا کے وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر یہ کہے کے شوہر نے جو زنا کا الزام اس پر لگایا ہے وہ غلط ہے پھر پانچویں مرتبہ یہ کہے کے اگر وہ جھوٹی ہے تو اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۔ ۵۴؎

ترجمہ۔ جو لوگ اپنی عورتوں پر الزام لگاتے ہیں اور ان کے پاس گواہ نہیں ہیں سوائے ان کی اپنی ذات کے تو ان میں سے ایک کی گواہی ہے خدا کی قسم کے ساتھ چار بار کہے کے بے شک وہ سچوں میں ہے اور پانچویں بار یہ کہے کہ اگر وہ جھوٹوں میں ہے تو اس پر لعنت ہو اور اس عورت سے یہ بات سزا کو ٹال دیتی ہے کے وہ چار بار گواہی دے اللہ کی قسم کے ساتھ کہ

بے شک وہ مرد جھوٹوں میں ہے اور پانچویں بار یہ کہے کے یعنی مجھ پر اللہ کو غضب نازل ہو اگر وہ مرد سچوں میں ہو اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت اور یہ بات نہ ہوتی کے اللہ مہربان حکمت والا ہے تو کیا کچھ نہ ہو جاتا۔

وَيَدْرَأُ عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ۔

ترجمہ۔ عورت سے عذاب ٹل جائے گا اگر وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر یہ شہادت دے کے بے شک اس کا شوہر جھوٹا ہے۔ ۵۵ ۔

۱۱۔ جھوٹ:

جھوٹ ایک نہایت قبیح اخلاقی برائی ہے جس کی وجہ سے انسان کا سماجی وقار اور عزت بری طرح سے مجروح ہوتی ہے یہی نہیں بلکہ اس کی ہر بات کا اعتبار بھی ختم ہوجاتا ہے اسی لئے بار بار سچ گوئی کی تلقین کی گئی تاکہ شخصی وقار کے ساتھ ساتھ سماجی سطح پر بھی دروغ گوئی کے مضر اثرات سے بچا جا سکے اس ضمن میں مرد و زن دونوں کے درمیان ہی سخت مقابلہ جاری ہے اور دونوں ہی اس میدان میں کسی سے پیچھے نہیں بالخصوص آج کے اس مادی دور میں مردوں کی طرح خواتین بھی بڑھ چڑھ کر اپنی بڑائی جتانے ، لوگوں میں فخر اور غرور کے اظہار اور نام ونمود کی خاطر جھوٹ کا سہارا لیتی ہیں جبکہ لوگوں کی ایک بڑی تعداد فیشن میں بھی جھوٹ بولتی ہے۔

قابل غور امر یہ ہے کے اللہ نے انسان کی زبان اور دل ایک بنایا ہے تو انسان پر لازم ہے کے وہ بات بھی مکمل یقین اور سچائی کے ساتھ ایک اور سیدھی سچی کرے اگر چہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کے سچ بولنا ہر فرد کے بس کی بات نہیں کیونکہ سچ صرف وہی شخص بولتا ہے جو نڈر اور بہادر ہو لہٰذا یہ سوال سب کے لئے اہم ہے کے آیا ہم کتنے بہادر ہیں؟ اور کس قدر سچ بولنے کی ہمت رکھتے ہیں؟

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ كَاذِبٌ كَفَّارٌ۔ ۵۶ ۔

ترجمہ۔ بے شک اللہ کسی ایسے کو ہدایت نہیں کرتا جو جھوٹا ناشکرا ہے۔

لَّعۡنَتَ اللّٰهِ عَلَى الۡكٰذِبِيۡنَ ۔ ۵۷۔

ترجمہ۔ جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ۔ ۵۷۔

فَاجۡتَنِبُوا الرِّجۡسَ مِنَ الۡاَوۡثَانِ وَاجۡتَنِبُوۡا قَوۡلَ الزُّوۡرِ ۔ ۵۸۔

ترجمہ۔ بتوں کی ناپاکی اور جھوٹی باتوں سے بچو۔

اسی حوالے سے حضرت علیؑ کرم اللہ وجہ الکریم نے فرمایا! جھوٹے شخص کے پاس مروت نہیں ہوتی اور اللہ اس کو نسیان میں مبتلا کر کے اس کو نقصان پہنچاتا ہے اس کے اندر سے شرم رخصت ہوجاتی ہے اور وہ جھوٹ بولنے میں اس قدر معروف ہوجاتا ہے کے اس کا سچ بھی قابل قبول نہیں رہتا ہے۔ علم کی سب سے بڑی روکاوٹ جھوٹ ہے، تاہم دو چیزیں جھوٹ سے جدا نہیں ہوسکتی ہیں۔

ا۔ بہت زیادہ وعدے۔

۲۔ حد درجہ عذر خواہی ۔ ۵۹۔

۱۲۔ آباء پرستی:

آباء پرستی سے مراد اپنے آباؤ اجداد پر بے جا فخر کرتے ہوئے ان کے قائم کردہ غیر انسانی، غیر اخلاقی اور غیر اسلامی رسم ورواج کی پابندی کرتے ہوئے غرور وفخر محسوس کرنا اس قسم کی آباء پرستی ہر دور میں ہی ہوتی رہی جس کی شدید مذمت اس وقت کے انبیاء اور رسل نے کی خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کفار اور مشرکین اپنے آباؤ اجداد کی بے جا تعریفیں بیان کرتے اور ایک اللہ کی عبادت سے صرف اس وجہ سے انکار کرتے کیونکہ ان کے آباؤ اجداد کئی خداؤں کی عبادت کیا کرتے تھے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہوا!

وَاِذَا قِيۡلَ لَهُمُ اتَّبِعُوۡا مَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ قَالُوۡا بَلۡ نَتَّبِعُ مَاۤ اَلۡفَيۡنَا عَلَيۡهِ اٰبَآءَنَا اَوَلَوۡ

كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ-٦٠

ترجمہ۔ جب ان سے کہا جاتا ہے کے اس کی پیروی کرو جو اللہ نے اتارا ہے تو وہ کہتے کے (نہیں) بلکہ ہم اس طریقہ کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔

موجودہ دور میں بھی کئی خاندانی رسم ورواج جس کا اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہیں بڑے اہتمام سے ادا کی جاتی ہیں اور اپنے آباؤاجداد پر بے جا فخر بھی کیا جاتا ہے مثلاً شادی بیاہ کے موقع پر رسم مایوں اور رسم حنا، گانا بجانا، ناچنا، زبردستی جہیز وصول کرنا، نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کی اپنی پسند کی شادی میں روکاوٹیں کھڑی کرتے ہوئے یہ کہنا کے شادیاں ہمارے خاندان اور نسل ونسب میں ہی ہوتی ہیں، اندرون سندھ سادات کرام کا اپنی بیٹیوں کی خاندان میں بے جوڑ شادیاں کرنا اور یہ کہنا کے ہماری نسل یا نسب میں کسی دوسری نسل کا پیوند نہ لگے اور بسا اوقات لڑکیوں کی شادیاں قرآن سے کرنا وغیرہ شامل ہے۔

شریعت اسلامی ایسی تمام واہیات رسم ورواج کی شدت سے ممانیت کرتی ہے۔

۱۳۔ تکبر:

اسلام میں غرور وتکبر کو سخت ناپسند کیا گیا ہے کیونکہ یہ صفت ابلیسیت ہے اور اسی نے تکبر میں اللہ کے حکم کی نافرمانی کرتے ہوئے آدم کو سجدے سے انکار کیا تھا روایت میں آتا ہے کہ جس نے تکبر کیا گویا اس نے اللہ کی چادر کو کھینچنے کی جسارت کی اور کائنات میں تکبر صرف اللہ کو زیب دیتا ہے لیکن اس اخلاقی بیماری میں بھی مرد وزن دونوں ہی مبتلا ہیں جس کی وجہ سے سماج میں کئی پیچیدہ نفسیاتی اور ذہنی امراض اضافہ ہورہا ہے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا-٦١

ترجمہ۔ جو تکبر کرتے ہیں (اللہ) انھیں دکھ دینے والا عذاب دے گا۔

وَنَادٰۤى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَاۤ اَغْنٰى عَنْكُمْ

جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ۔ ۶۲؎

ترجمہ۔اعراف والے پکاریں گے جنہیں وہ ان کی نشانی سے پہچانتے ہوں گے، کہیں گے تمہاری جماعت تمہارے کسی کام نہ آئی اور نہ وہ جو تم تکبر کیا کرتے تھے۔

اسی حوالے سے حضرت علیؓ کرم اللہ وجہ الکریم کے اقوال ہیں!

تکبر صرف پست اور گمنام لوگ ہی کرتے ہیں۔

جو تکبر کرتا ہے وہ علم حاصل نہیں کرسکتا ہے۔

خود پسندی دولت کے اضافے کو روک دیتی ہے۔

بدترین تکبر انسان کا اپنے رشتے داروں اور اپنے ہی جیسے لوگوں سے تکبر کرنا ہے۔ ۶۳؎

۱۴۔بخل:

بخل سے مراد اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کی ناشکری اور ان نعمتوں اور مال واسباب کو جہاں خرچ کرنے کے شرعی احکامات ہیں ان سے روگردانی کرنا ہے بخل شیطان کی عادت اور اس کا وسوسہ ہے کیونکہ وہ بنی نوع انسان کو غربت اور افلاس سے ڈراتا ہے اور مال کو بچا کر رکھنے کی ترغیب دیتا ہے دوسری جانب اللہ اپنے دئے ہوئے مال کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے اور وسعت کی خوشخبری سناتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ الَّذِىْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗ اَخْلَدَهٗ۔ ۶۴؎

ترجمہ۔ ہر عیب کرنے والے، غیبت کرنے والے کی خرابی ہے جس نے مال جمع کیا اور گن گن کر رکھا وہ یہ سمجھتا ہے کے اس کا مال ہمیشہ اس کے پاس رہے گا۔

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۤءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖۚ وَاللّٰهُ الْغَنِىُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاۤءُ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْۤا اَمْثَالَكُمْ۔ ۶۵؎

ترجمہ۔خبردار تم وہ لوگ ہو کہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کو بلائے جاتے ہو،تو کوئی تم میں سے وہ ہے جو بخل کرتا ہے، اور جو بخل کرتا ہے سو وہ اپنی ہی ذات سے بخل کرتا ہے، اور اللہ بے پروا ہے اور تم ہی محتاج ہو، اور اگر تم نہ مانو گے تو وہ اور قوم سوائے تمہارے بدل دے گا، پھر وہ تمہاری طرح نہ ہوں گے۔۔

وَمَا يُغْنِي عَنْهُ مَالُهُ إِذَا تَرَدَّى۔٦٦؎

ترجمہ۔(بخیل) کا مال اس کے کچھ کام نہ آئے گا جب وہ (دوزخ) میں اوندھا گرے گا۔

اسی حوالے سے حضرت علیؑ کرم اللہ وجہ الکریم کے اقوال ہیں !

کنجوسی تمام بدترین عیوب کی جامع ہوتی ہے۔

کنجوس کی طرف فقیری بڑی تیزی سے بڑھتی ہے کیونکہ یہ اسی سے بھاگتا ہے

آپ نے اپنے بیٹے سے کہا!اۓ بیٹے ! کنجوس کی دوستی سے بچو کیونکہ یہ تمھاری شدید حاجت کے وقت الگ ہوکر بیٹھ جائے گا۔

بہت سی بیماریاں بخل کی علامت ہوتی ہیں ۔

کبھی کسی بخیل سے مشورہ نہ کرو کیونکہ وہ تم سے فضیلت کو الگ کردے گا اور فقر کو تمھارے قریب کردے گا۔٦٧؎

۱۵۔فضول خرچی:

اللہ کی نعمت کو بلا وجہ ضائع کرنا اور حد درجہ اسراف اللہ کو سخت ناپسند ہے اسی وجہ سے فضول خرچ کو شیطان کا بھائی کہا گیا کیونکہ وہ اپنی ہوائے نفس میں اس قدر ڈوب چکا ہے کے اسے اپنے سوا کوئی نظر ہی نہیں آتا شریعت اسلامی ہر مسلمان مرد وزن کو اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کی قدر دانی، ان کا شکر ادا کرنا، اور ضرورت مندوں پر اس کو خرچ کرنے کی ترغیب دیتی ہے۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہے!

اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ۭ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ۔٦٨؎

ترجمہ۔ بے شک فضول خرچ شیطان کے بھائی ہیں جبکہ شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔

وَّ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ-٦٩؎

ترجمہ۔کھاؤ اور پیئو اور حد سے نہ نکلو، بے شک اللہ حد سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

اسی حوالے سے حضرت علیؑ کے اقوال ہیں!

اسراف ہر چیز میں برا ہے سوائے نیکیوں میں جبکہ میانہ روی تھوڑے کو بڑھا دیتی ہے تاہم اسراف زیادہ کو بھی ختم کر دیتی ہے۔٧٠؎

١٦۔جادو:

کمزور کردار کے مرد و زن لوگوں کو تکلیف و ایذا پہنچانے کے لئے طرح طرح کے ہتھکنڈے استعمال کرتے ہیں جن میں جادو ٹونا بھی شامل ہے تاہم ہمارے سماج میں جادو ٹونے کو بڑھاوا دینے میں دینی تعلیمات کی کمی، جہالت اور توہم پرستی نے بھی اپنا کردار ادا کیا ہے دوسری جانب اس کے بڑھنے کی ایک نفسیاتی وجہ بھی ہے جس کی جانب توجہ دینا بھی از حد ضروری ہے اور وہ یہ کہ جادو ٹونے میں وہی خواتین وحضرات زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں جو اپنے مسائل کے ممکنہ حل سے تقریباً مایوس ہو چکے ہوں یعنی ان کو درپیش گھریلو، مالی، معاشی یا دیگر افراد خانہ کی جانب سے دی جانے والی اذیت، پریشانی اور تکالیف جب حد سے بڑھ جاتی ہیں اور وہ جب ان کا تذکرہ اپنے اہل خانہ، شوہر، بھائی یا باپ سے کریں تو اس جانب سے بھی بے رخی اور لا پرواہی کا مظاہرہ کیا جائے چنانچہ ایسے افراد اپنی محدود Capacity میں از خود ان مسائل کو حل کرنے کے لئے کسی پیر یا جعلی عامل کے چکر میں پھنستے ہیں لہٰذا افراد خانہ بالخصوص گھر کے بااثر مرد حضرات کو لازمی ایک دوسرے کی بات کو توجہ سے سننا اور اس کے مناسب حل کی تجویز دینا چاہئے کیونکہ ابتداء میں تو یہ مسئلہ انھی کی جانب پیش کیا جاتا ہے لیکن لوگوں کی بے رخی کے سبب متاثرہ افراد اس انتہائی قدم کی جانب متوجہ ہوتے ہیں۔

اس حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ ۔۷۱؎

ترجمہ۔صرف جادوگر کا فریب ہے، اور جادوگر کا بھلا نہیں ہوتا جہاں بھی ہو۔

وَمِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ۔۷۲؎

ترجمہ۔(اللہ اپنی پناہ میں رکھنا) گرہوں میں پھونک مارنے والی عورتوں سے۔

وَاتَّبَعُوا مَا تَتْلُو الشَّيَاطِينُ عَلَىٰ مُلْكِ سُلَيْمَانَ ۖ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ وَلَٰكِنَّ الشَّيَاطِينَ كَفَرُوا يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا أُنزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوتَ وَمَارُوتَ ۚ وَمَا يُعَلِّمَانِ مِنْ أَحَدٍ حَتَّىٰ يَقُولَا إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۖ فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ ۚ وَمَا هُم بِضَارِّينَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنفَعُهُمْ ۚ وَلَقَدْ عَلِمُوا لَمَنِ اشْتَرَاهُ مَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۚ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهِ أَنفُسَهُمْ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۔۷۳؎

ترجمہ۔انہوں نے اس چیز کی پیروی کی جو شیطان سلیمان کی بادشاہت کے وقت پڑھتے تھے، اور سلیمان نے کفر نہیں کیا تھا لیکن شیطانوں نے ہی کفر کیا لوگوں کو جادو سکھاتے تھے، اور اس (چیز) کی بھی جو شہر بابل میں ہاروت و ماروت دو فرشتوں پر اتارا گیا تھا، اور وہ کسی کو نا سکھاتے تھے جب تک یہ نہ کہہ دیتے ہم تو صرف آزمائش کے لیے ہیں، تو کافر نہ بن، پس ان سے وہ بات سیکھتے تھے جس سے خاوند اور بیوی میں جدائی ڈالیں، حالانکہ وہ اس سے کسی کو اللہ کے حکم کے سوا کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکتے تھے، اور سیکھتے تھے وہ جو ان کو نقصان دیتی تھی اور نہ کہ نفع، اور وہ یہ بھی جانتے تھے کہ جس نے جادو کو خریدا اس کے لیے آخرت میں کچھ حصہ نہیں، اور وہ چیز بہت بری ہے جس کے بدلہ میں انہوں نے اپنے آپ کو بیچا، کاش وہ جانتے۔

وَمَا هُم بِضَارِّينَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ۔۷۴؎

ترجمہ۔کیونکہ (وہ) اللہ کے اذن کے بغیر کسی کو ضرر (یا نقصان) نہیں پہنچا سکتے۔

حضرت امام احمد بن حنبل، امام شافعی اور امام ابوحنیفہ کا یہ قول ہے، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت حفصہؓ اور حضرت موسیٰ اشعریؓ سے مروی ہے ساحر کو قتل کر دیا جائے۔ حضرت جندبؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!

ساحر کی حد یہ ہے کے اس کو تلوار سے مار دیا جائے۔ ۷۵۔

۱۷۔ مال کی محبت:

بے شک انسان مال کی محبت میں شدید تر ہے روایت میں آتا ہے کے رسول اللہ ﷺ کی امت کو مال کے فتنہ میں مبتلا کیا گیا اور قیامت سے قبل ایک ایسا وقت بھی آئے گا جب لوگوں کو اس بات کی قطعاً کوئی پرواہ نہ ہوگی کے آیا مال حلال یا حرام ذرائع سے کمایا گیا ہے اگر سماجی برائیوں کا مطالعہ کیا جائے تو ہر جرم کے پیچھے مال کی حرص و ہوس نظر آتی ہے چاہے وہ قتل، چوری، ڈکیتی، اغوا برائے تاوان، رشوت، سود، ناپ تول میں کمی، بے ایمانی، دھوکہ، جھوٹی قسم، ملاوٹ، ذخیرہ اندوزی، مفلسی کے خوف سے اپنی اولاد کو قتل کرنا اور انھیں بیچنا ہی کیوں نہ ہو یہاں تک خود انسان اپنے آپ کو بھی پیسوں کی خاطر بیچ دیتا ہے یہ ایک حقیقت ہے کے انسان کی پیدائش سے قبل تین چیزوں کا فیصلہ کر دیا جاتا ہے یعنی:

۱۔ اس کا دنیا میں آنے کا وقت۔

۲۔ اس کا دنیا سے جانے کا وقت۔

۳۔ اس کا رزق۔

جب اللہ کی طرف سے اس کی عمر اور رزق کا تعین کر دیا گیا جس میں کسی قسم کی کوئی کمی کی گنجائش نہیں اور نہ ہی اس کا رزق کوئی چھین سکتا ہے لیکن بدقسمتی سے انسان اپنے رب سے متعلق بے یقینی کا شکار ہے جس کی وجہ سے وہ تا عمر مال کے پیچھے بھاگتا رہتا ہے تاہم قدرت کا یہ اصول ہے کہ جس طرح سے انسان کی موت اس کے پیچھے دوڑ رہی ہے بالکل اسی طرح سے اس کا مال بھی اس کے پیچھے دوڑتا ہے اور اس تک پہنچ کر ہی رہتا ہے بس وہ اس دنیا میں آ کر

صرف ایک کام کرتا ہے یعنی اللہ کے دئے ہوئے رزق کو یا تو وہ حلال کرتا ہے یا پھر حرام یہاں خواتین مخاطب ہیں اسی لئے انھیں بھی اپنے گھر کے مردوں اور شوہر کو اپنی بے جا فرمائشوں اور فضول خرچیوں سے پریشان نہیں کرنا چاہئے بلکہ رزق حلال کی جانب ان کی توجہ قائم رکھنا چاہئے کیونکہ خواتین کی بے جا فرمائشوں کی وجہ سے بھی مرد بے راہ روی اور رزق حرام کی جانب متوجہ ہوتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ۔۷۶۔

ترجمہ۔تمہیں حرص نے غافل کر دیا، یہاں تک کے تم نے قبریں جا دیکھیں۔

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى۔۷۷۔

ترجمہ۔تم ہمارا دیا ہوا پاک رزق کھاؤ اور اس میں حد سے آگے نہ بڑھو ورنہ تم پر میرا غضب نازل ہوگا اور جس پر میرا غضب نازل ہوا وہ تباہ ہوا۔

وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا۔۷۸۔

ترجمہ۔تم اپنی اولاد کو افلاس کے ڈر سے قتل نہ کرو ہم تم کو بھی رزق دیتے ہیں اور ان کو بھی ان کا مارنا بہت بڑی خطاء ہے۔

اسی حوالے سے ارشادات رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے!

رزق کا دروازہ عرش تک پھیلا، اور کھلا ہے اور اسباب معیشت بے حساب ہیں۔۷۹۔

حضرت کعب بن عیاضؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہر امت کے لئے ایک فتنہ ہوتا ہے اور میری امت کا فتنہ مال ہے۔۸۰۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر ابن آدم کے پاس مال کی دو

وادیاں ہوں تو پھر بھی وہ چاہے گا کے اسے تیسری وادی بھی مل جائے اور مٹی کے سوا کوئی چیز اس کے منہ کو نہیں بھر سکتی ہے اور جو شخص توبہ کرے اللہ اس کی توبہ قبول فرمالیتا ہے۔۸۱۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ مسلمان کامیاب ہو گیا جس کو اس کی ضرورت کے مطابق رزق دیا گیا اور اللہ نے اس کو اس پر قانع کر دیا۔۸۲۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ بیان کرتے ہیں! میں نے عرض کیا! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے نزدیک کون سے شہداء سب سے زیادہ مکرم ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ شخص جس نے کسی ظالم حاکم کے سامنے کھڑے ہو کر اس کو نیکی کا حکم دیا اور برائی سے روکا اور حاکم نے اس کو شہید کر دیا۔۸۳۔

حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ بیان کرتے ہیں! میں نے عرض کیا! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! قیامت کے دن کن لوگوں کو سب سے زیادہ عذاب ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے نبی کو قتل کیا یا نیکی کا حکم دینے والے اور برائی سے روکنے والے کو قتل کیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آیت کی تلاوت فرمائی! بے شک جو لوگ اللہ کی آیات کے ساتھ کفر کرتے ہیں اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے ہیں اور عدل وانصاف کا حکم دینے والوں کو قتل کرتے ہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اے ابوعبیدہ! بنی اسرائیل نے صبح کے اول وقت میں ۴۳ نبیوں کو قتل کیا تو نبی اسرائیل کے ۱۱۲ عبادت گزار علماء کھڑے ہوئے انھوں نے ان کو نیکی کا حکم دیا اور برائی سے روکا تو بنی اسرائیل نے اس دن کے آخری حصے میں ان سب کو قتل کر دیا۔۸۴۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! اللہ تعالی ہر جبر کرنے والے کو ذلیل اور ہر متکبر کو بے عزت کرتا ہے۔ جو اپنی ہر پریشانی کو کھل کر ہر کسی سے بیان کرتا ہے وہ اپنی ذلت سے راضی ہو جاتا ہے۔ جو اللہ کی نافرمانی میں لذت محسوس کرتا ہے اللہ اس کو ذلت سونپ دیتا ہے۔

قرض زمین پر اللہ کی زنجیر ہے جب وہ کسی کو ذلیل کرنا چاہتا ہے تو اسے اس کی گردن میں ڈال دیتا ہے۔خوشخبری ہے اس کے لئے جو اپنے آپ میں ذلیل یعنی منکسر المزاج ہو گیا وہ دوسروں میں باعزت ہو گیا۔ اللہ تعالی ہر جبر کرنے والے کو ذلیل اور ہر متکبر کو بے عزت کرتا ہے۔

جو اپنی ہر پریشانی کو کھل کر ہر کسی سے بیان کرتا ہے۔ وہ اپنی ذلت سے راضی ہو جاتا ہے۔

جو اللہ کی نافرمانی میں لذت محسوس کرتا ہے اللہ اس کو ذلت سونپ دیتا ہے۔

ذلت قرض کے ہمراہ ہے۔

ذلت کی ایک گھڑی کو زمانے بھر کی عزت بھی نہیں لوٹا سکتی اور جو ذلیل سے مدد چاہے گا وہ ذلیل ہوگا۔اس امت کی برائیوں کو دیکھ کر اللہ سے مایوس نہ ہونا کیونکہ اللہ نے فرمایا ہے!

اللہ کی رحمت سے صرف کافر ہی مایوس ہوتے ہیں۔

جب اللہ کسی انسان کا برا چاہتا ہے تو اسے اسی کے سپرد کر دیتا ہے۔

ادب کا فقدان تمام برائیوں کا سبب ہے۔

برے کی صحبت ہرگز اختیار نہ کرو کیونکہ تمھاری طبیعت اس کی بیعت سے کوئی ایسی بات چرالے گی جس کو تم کو خبر ہی نہ ہوگی۔

برائی ہر انسان کی طبیعت میں پوشیدہ ہوتی ہے، اگر کسی انسان نے اس پر غلبہ حاصل کر لیا تو وہ پوشیدہ رہتی ہے اور اگر کوئی غلبہ نا پا سکا تو وہ ظاہر ہو جاتی ہے۔

شر اپنے سوار کو منہ کے بل گرا دیتا ہے۔۸۵۔

نفسیاتی پہلو

ہر گناہ کے ساتھ ذلت ہے چنانچہ اسی ذلت سے بچنے کے لئے اللہ نے بنی نوع انسانیت کی ہدایت کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر دنیا میں مبعوث فرمائے جنھوں نے انسانوں کی ہدایت اور رہنمائی فرمائی اور انھیں اللہ کا پیغام دیتے ہوئے بتایا کے اللہ کے احکامات پر عمل داری انسان کو دنیا اور آخرت میں باعزت اور سرخرو کرتی ہے جبکہ اللہ کی نافرمانی، گناہ، سرکشی،

بغاوت اور گمراہی انسان کو دین و دنیا دونوں جگہ ذلت اور شرمندگی سے آراستہ کرتی ہے تاہم انسان کی فطرت میں اللہ نے خیر اور شر دونوں قوتوں کو یکجا کیا ہے تاہم خیر کی قوتوں کو معاشرے میں عام کرنا جبکہ شر کی قوتوں کو کنٹرول کرنا ہی اصل جہاد ہے۔

اللہ نے انسان کو عقل اور ارادے کے ساتھ پیدا فرمایا ہے تا کہ وہ حق اور باطل میں فرق کو جانتے ہوئے حق کی پیروی اور باطل کی سرکوبی کرے لیکن شیاطین کے پیروکار ساری زندگی باطل قوتوں کی سرپرستی کرتے ہیں جس کے نتیجے میں ذلت ان کا مقدر ٹھہرتی ہے۔ذلت ایک ایسی کیفیت ہے جس میں انسان لوگوں کی نظروں سے گر جاتا ہے، لوگ اس سے نفرت کرتے ہیں، لوگوں کی سخت مذمت کا اسے سامنا کرنا پڑتا ہے لیکن اس کا ضمیر حرص دنیا میں اس قدر محو ہو جاتا ہے کے اسے نیکی کا کوئی پیغام، اہل دنیا کی مذمت اور لوگوں کی نفرتوں کی قطعاً کوئی پرواہ باقی نہیں رہتی اور وہ بڑی بے نیازی سے سرکشی میں آگے بڑھتے ہی چلے جاتے ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز۔۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز۔ص۔ ۱۰۷۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۲۷۔

۴۔سورہ احقاف۔آیت۔ ۲۵۔۲۶۔

۵۔سورہ حم السجدہ۔آیت۔ ۱۶۔

۶۔سورہ القمر۔آیت۔ ۱۹۔

۷۔سورہ الفجر۔آیت۔ ۶۔۷۔

۸۔سورہ الذاریات۔آیت۔ ۴۱۔۴۲۔

۹۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔کتاب المنافقین۔رقم الحدیث ۔ ۲۷۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔ ۱۴۱۷ھ۔

۱۰۔سورہ حم السجدہ۔آیت۔ ۱۵۔

۱۱۔سورہ الذاریات۔آیت۔۴۱۔۴۲۔
۱۲۔سنن ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔
۱۳۔مسند احمد۔معجم الکبیر۔امام طبرانی۔امام ابویعلی۔امام بزاز۔مجمع الزوائد۔مطبوعہ دارلکتاب العربی۔
۱۴۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۵۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔
۱۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ء۔
۱۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۹۔سورہ روم۔آیت۔۴۴۔
۲۰۔سورہ انعام۔آیت۔۶۴۔
۲۱۔سورہ لقمان۔آیت۔۱۳۔
۲۲۔سورہ النسا۔آیت۔۴۸۔
۲۳۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۳۹۔
۲۴۔سورہ الذاریات۔آیت۔۵۱۔
۲۵۔سورہ المائدہ۔آیت۔۲۷۔
۲۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۹۔سورہ انعام۔آیت۔۱۵۱۔
۳۰۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۳۱۔
۳۱۔سورہ النسا۔آیت۔۹۲۔
۳۲۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۳۲۔
۳۳۔سورہ النور۔آیت۔۲۔
۳۴۔سورہ النسا۔آیت۔۱۵۔

۳۵۔سورہ النور۔آیت۔۲۶۔
۳۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔
۳۷۔سورہ المائدہ۔آیت۔۳۸۔
۳۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۳۹۔سورہ النور۔آیت۔۴۔
۴۰۔سورہ النور۔آیت۔۲۳۔
۴۱۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۴۲۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۳۵۔
۴۳۔سورہ الشعراء۔آیت۔۱۸۱۔
۴۴۔سورہ ھود۔آیت۔۸۵۔
۴۵۔سورہ المائدہ۔آیت۔۹۱۔۹۰۔
۴۶۔سورہ انعام۔آیت۔۱۵۱۔
۴۷۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۶۸۔
۴۸۔سورہ النور۔آیت۔۱۹۔
۴۹۔سورہ انعام۔آیت۔۱۲۰۔
۵۰۔سورہ روم۔آیت۔۱۰۔
۵۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۵۲۔سورہ المجادلہ۔آیت۔۲۔
۵۳۔سورہ تحریم۔آیت۔۴۔
۵۴۔سورہ النور۔آیت۔۶۔۱۰۔
۵۵۔سورہ النور۔آیت۔۸۔
۵۶۔سورہ الزمر۔آیت۔۳۔
۵۷۔سورہ آل عمران۔۶۱۔
۵۸۔سورہ الحج۔آیت۔۳۰۔

۵۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔

۶۰۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۷۰۔

۶۱۔سورہ النسا۔آیت۔۱۷۳۔

۶۲۔سورہ اعراف۔آیت۔۴۸۔

۶۳۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔

۶۴۔سورہ الھمزہ۔آیت۔۱۔۳۔

۶۵۔سورہ محمد۔آیت۔۳۸۔

۶۶۔سورہ الیل۔آیت۔۱۱

۶۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔

۶۸۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۲۷۔

۶۹۔سورہ اعراف۔آیت۔۳۱۔

۷۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔

۷۱۔سورہ طحہ۔آیت۔۶۹۔

۷۲۔سورہ الفلق۔آیت۔۴۔

۷۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۰۲۔

۷۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔۱۰۲۔

۷۵۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔رقم الحدیث۔۱۴۶۰۔مطبوعہ دارالفکر۔

۷۶۔سورہ التکاثر۔آیت۔۱۔۲۔

۷۷۔سورہ طحہ۔آیت۔۸۱۔

۷۸۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۳۱۔

۷۹۔کنوز الحقائق۔امام عبدالروف بن علی المنادی (متوفی ۱۰۳۱ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۸۰۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔رقم الحدیث۔۲۳۳۶۔مطبوعہ دارالفکر۔
۸۱۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۸۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔رقم الحدیث۔۲۳۴۸۔مطبوعہ دارالفکر۔
۸۳۔مسند بزاز۔حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی۔مکتبہ دارالمعرفہ بیروت۔
۸۴۔جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔
۸۵۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔

۴۰۔زمان۔الدھر۔زمانہ

جب زمانہ خراب ہوتا ہے تو برے لوگ حکمران بن جاتے ہیں۔(حضرت علیؑ)

الدھر۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(د۔ھ۔ر) سے **مشتق** ہے۔ا؎

دھر یا زمانہ۔مدت یا عالم کو کہتے ہیں۔

دھر۔سے مراد ابتداء افرینش سے اس کے اختتام تک کا عرصہ۔

دھر۔کے بنیادی معانی غلبہ اور زبردستی کے ہیں۔۲؎

زمانہ کو دھر اس لئے کہتے ہیں کیونکہ یہ ہر چیز پر سے گزرتا ہے اور اس پر غالب آجاتا ہے۔

الدھاریر۔سے مراد زمانے کے حوادث اور گردشیں۔

دھرھم امر۔ان پر کوئی مصیبت نازل ہوئی۔

الدھر یا زمانہ۔کو زمان یا Time بھی کہتے۔۳؎

وقت کا سائنسی مطالعہ: Scientific Study of Time:

وقت کا سائنسی مطالعہ سولھویں صدی میں ایک اطالوی طبیعات دان اور ماہر فلکیات گلیلو گلیلی نے شروع کیا اس نے اپنی تحقیق میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کے زمین اور دیگر سیارے سورج کے گرد گھومتے ہیں یہی نہیں بلکہ اس نے ۱۵۸۰ء میں پنڈولیم والی ایک گھڑی بھی ایجاد کی جس نے بعد کی گھڑیوں کے لئے ایک بنیاد فراہم کی لیکن گلیلیو کی یہ تحقیق چونکہ کیتھولک چرچ کے عقائد کی خلاف ورزی تھی چنانچہ چرچ کی جانب سے گلیلیو پر کفر کا فتویٰ عائد کیا گیا اور ۱۶۳۳ء میں اسے مستقل طور پر قید کر دیا گیا جہاں طویل قید و بند کی صعوبتوں کو سہتے ہوئے ۱۶۴۲ء میں اس کا انتقال ہو گیا یہ الگ بات کے ساڑھے تین سو سال کے بعد خود کیتھولک چرچ نے گلیلیو کے نظریات کی نا صرف تصدیق کی بلکہ انھیں تسلیم بھی کیا لیکن گلیلیو کے انتقال

کے بعد اس کے بیٹے Vincenzo نے اپنے باپ کے کام کو آگے بڑھاتے ہوئے اس کے کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا بعد ازاں سترہویں صدی عیسوی میں انگریز ریاضی دان اور طبیعات دان سر آئزک نیوٹن نے وقت کے حوالے سے اپنی تحقیق کو آگے بڑھایا جبکہ اسی ضمن میں بیسویں صدی کے اوائل میں جرمن سائنسدان البرٹ آئین اسٹائین نے پہلی مرتبہ وقت کی ایک جامع تعریف پیش کرنے کی کوشش کی اگرچہ آئین اسٹائین نے ہی وقت کو چوتھی جہت کے طور پر متعارف کروایا۔

وقت کی تقسیم

مہینہ: (Month)

قمری کلینڈر ہو یا شمسی کلینڈر ہو عیسوی سال ہو یا ہجری سال ہو دونوں کلینڈرز میں ایک سال میں ۱۲ مہینے ہی ہوتے ہیں۔

دن: (Days)

شمسی کلینڈر میں سات ماہ یعنی (جنوری، مارچ، مئی، جولائی، اگست، اکتوبر اور دسمبر) ۳۱ دن کے جبکہ چار ماہ (اپریل، جون، ستمبر اور نومبر) ۳۰ دن کے ہوتے ہیں تاہم فروری ۲۸ یا ۲۹ دن کا ہوتا ہے لیکن قمری مہینے میں چونکہ چاند دیکھ کر مہینے کا آغاز کیا جاتا ہے چنانچہ مہینہ کبھی ۲۹ اور کبھی ۳۰ کا چند ہوتا ہے۔

گھنٹہ: (Hour)

زمین پر ایک دن ۲۴ گھنٹوں کا ہوتا ہے جبکہ ہر گھنٹے میں ۶۰ منٹ ہوتے ہیں۔

سیکنڈ: (Second)

ایک منٹ میں ۶۰ سیکنڈز ہوتے ہیں جبکہ انسانی دل ایک سیکنڈ میں ایک مرتبہ دھڑکتا ہے جبکہ ایک سیکنڈ میں چاند کی روشنی زمین تک پہنچتی ہے۔

ملی سیکنڈ: (Mili Second)

ایک سیکنڈ کے ہزارویں حصے کو ملی سیکنڈ کہتے ہیں۔

مائیکرو سیکنڈ: (Micro Second)

اگر ایک سیکنڈ کو دس لاکھ حصوں میں تقسیم کر دیا جائے تو اس کے ہر حصے کو مائیکرو سیکنڈ کہیں گے تاہم ماہرین کے مطابق! چمگادڑ میں اللہ تعالی نے اتنی تیز صلاحیت رکھی ہے کہ وہ اپنی جانب آنے والی کسی بھی شے کو صرف دو مائیکرو سیکنڈز میں با آسانی سمجھ لیتی ہے۔

پیکو سیکنڈ: (Pico Second)

اگر ایک سیکنڈ کے ایک کروڑ حصے کئے جائیں پھر اس ایک حصے کے بھی مزید ایک ہزار حصے کئے جائیں تو ہزارویں حصے کو پیکو سیکنڈ کہیں گے۔

آٹو سیکنڈ: (Atto second)

اگر ایک سیکنڈ کے ایک کروڑ حصے کئے جائیں اور پھر جو حصہ fraction حاصل ہو اس کے بھی ایک کروڑ حصے کر دئے جائیں تو اس کو ایک آٹو سیکنڈ کہتے ہیں۔

نینو سیکنڈ: (Nino Second)

ایک سیکنڈ کے ایک ارب ویں حصے کو نینو سیکنڈ کہتے ہیں۔

ارشادات خداوندی:

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ۔ ۴؎

ترجمہ۔ یقینا انسان پر زمانہ میں ایک ایسا وقت آ چکا ہے جب وہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں، اس سے مراد غیر معین مدت اور غیر محدود زمانہ ہے۔

وَالْعَصْرِ ۔ ۵؎ ۔ ترجمہ۔ قسم ہے زمانے کی۔

روایت ہے کے وَالْعَصْرِ سے مراد دھر اور زمانہ ہے۔

ایک قول یہ ہے کے اس سے مراد! رب عَصْرِ کی قسم ہے۔

ابن کیسان نے کہا! اس سے مرد ادن اور رات ہے۔

حسن بصری نے کہا! اس سے مراد زوال شمس سے لے کر غروب شمس تک کا وقت ہے۔

قتادہ نے کہا! اس سے مراد دن کی ساعات میں سے آخری ساعت ہے۔

مقاتل نے کہا! اس سے مراد عصر کی نماز ہے کیونکہ وہ صلوۃ وسطیٰ ہے۔٦؎

مقاتل نے کہا! وَالْعَصْرِ سے مراد عصر کی نماز ہے۔

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا۔

ترجمہ۔ اسی نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے والا بنایا اس کے لئے جو نصیحت حاصل کرنے یا شکر ادا کرنے کا ارادہ کرتا ہو۔٧؎

اِنَّمَا النَّسِيْٓءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَه عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَه عَامًا لِّيُوَاطِئُوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ۔٨؎

ترجمہ۔ یہ مہینوں کا ہٹا دینا کفر میں اور ترقی ہے، اس سے کافر گمراہی میں پڑتے ہیں کہ اس مہینے کو ایک برس تو حلال کر لیتے ہیں اور دوسرے برس اسے حرام رکھتے ہیں تاکہ ان بارہ مہینوں کی گنتی پوری کر لیں جنہیں اللہ نے عزت دی ہے پھر حلال کر لیتے ہیں جو اللہ نے حرام کیا ہے، ان کے برے اعمال انہیں بھلے دکھائی دیتے ہیں، اور اللہ کافروں کو ہدایت نہیں کرتا۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ۔٩؎

ترجمہ۔(اللہ) نے سورج کو ذریعہ روشنی اور چاند کو نور بنایا اور چاند کے لئے منزلیں مقرر کیں تاکہ تم اس سے برسوں کی تعداد اور حساب معلوم کرسکو، اللہ نے اس کو بغیر کسی مصلحت کے پیدا نہیں کیا اور ان لوگوں کے لئے جو علم رکھتے ہیں تفصیل سے اپنی نشانیاں بیان کرتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! دھر(زمانہ) کو برا نا کہو کیونکہ زمانہ خدا ہے۔١٠؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی فرماتے ہیں! آدم کا بیٹا مجھے تکلیف دیتا ہے اور وہ اس طرح کے وہ زمانے کو برا بھلا کہتا ہے اور زمانہ میں ہوں، میرے ہاتھ میں اختیارات ہیں اور میں ہی شب وروز کو الٹ پلٹ کرتا ہوں۔١١؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک زمانہ قریب نا ہوجائے یعنی سال ایک مہینہ کے برابر، ایک مہینہ ایک ہفتے کے برابر، ایک ہفتہ ایک دن کے برابر، ایک دن ایک ساعت، گھڑی کے برابر اور ایک ساعت، گھڑی آگ سے پیدا ہونے والی چنگاری کے برابر ہوجائے گی۔١٢؎

بقول اقبال!

زندگی از دھر ودھر از زندگی است　　　لا تسبوا الدھر فرمان نبی است

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! زمانہ دو ہی دنوں پر محیط ہے۔

١۔ایک وہ دن جس دن تمھیں نعمتیں ملیں تو تم اس دن اللہ کا شکر ادا کرو۔

٢۔ایک وہ دن جس دن تم پر مشکلات آئیں تو تم اس دن صبر کرو۔

جب زمانے اور اہل زمانہ پر خیر اور صلاح کی حکمرانی ہو اور ایسے میں کوئی کسی شخص کسی نیک انسان کے بارے میں بدگمانی کرے تو اس نے ظلم کیا اور اگر زمانہ اور اہل زمانہ پر فتنہ وفساد کا راج ہو اور ایسے میں کوئی شخص کسی سے حسن ظن رکھے تو بلاشبہ اس نے دھوکا دیا۔

بے صبری زمانے کے مددگاروں میں سے ہے۔
زمانہ انسان کے جسم کو پرانا اور تمناؤں کو نیا کر کے اس کو موت سے قریب کر دیتا ہے۔
ہر زمانے کی ایک خوراک ہے اور تم موت کی خوراک ہو۔ لوگ اپنے آباء و اجداد کے مقابلے میں اپنے زمانے سے زیادہ مشابہہ ہوتے ہیں۔
زمانے اپنوں کے ساتھ خیانت کرتا ہے اور اپنے سے شاکی افراد کی شکایات کو قطعاً خاطر میں نہیں لاتا۔ دور اندیش اور عقلمند ہے وہ انسان جو اپنے زمانے سے اچھی طرح سے پیش آئے۔
سب سے بڑا زمانہ شناس وہ ہے جو زمانے کے تغیرات سے متعجب نا ہو۔
جب زمانہ خراب ہوتا ہے تو برے لوگ حکمران بن جاتے ہیں۔
زمانے کی کوئی ضمانت نہیں۔ کوئی انسان بھی زمانے کے تغیرات سے محفوظ نہیں اور نا ہی کوئی شخص روز آنہ نازل ہونے والی بلاؤں سے بچا ہوا ہے۔
جو انسان زمانہ شناس ہو اس کو چاہئے کے وہ زمانے کے تغیرات سے اپنے آپ کو امان میں نہ سمجھے۔ زمانے کی دو ہی حالتیں ہیں۔ ا۔ لینا۔ ۲۔ دینا۔ پس زمانے نے اگر کچھ لے لیا تو وہ کبھی واپس نہیں ملتا۔ اور اگر زمانے نے کچھ دے دیا تو وہ ہمیشہ باقی نہیں رہتا۔
جو شخص زمانے کو امانت دار سمجھتا ہے زمانہ اس کے ساتھ خیانت کرتا ہے۔
جو شخص زمانے کو باعظمت سمجھتا ہے زمانہ اس کو ذلیل و رسوا کرتا ہے۔
جو شخص زمانے کی پناہ میں چلا جاتا ہے زمانہ اس کو ہلاکت میں پھینک دیتا ہے۔
زمانہ ایک ایسا دشمن ہے جس سے دشمنی کی نہیں جا سکتی۔ یہ ایک ایسا حاکم ہے جو ظالم نہیں اور یہ ایک ایسا جنگجو ہے جو ناقابل شکست ہے۔ کتنے ہی حد درجہ مالداروں کو زمانے نے حقیر کر دیا۔ تم کیونکر اپنی حالت پر باقی رہ سکتے ہو جبکہ زمانہ تمھیں ہر دم بدل رہا ہے۔ ۱۳؎

نفسیاتی پہلو

خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! زندگی کا دارومدار زمانیت پر قائم ہے، زمانیت انسان کو

اللہ سے متعارف کراتی ہے، جب کوئی انسان یہ بات جان لیتا ہے کے میری اصل اللہ کا امر (زمانیت) ہے تو سمجھ لیتا ہے کے کائنات میں تمام انواع اور کہکشانی نظام میں اللہ کے حکم کے ساتھ قائم ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ الدھر۔آیت۔۱۔

۵۔سورہ العصر۔آیت۔۱۔

۶۔معالم التنزیل۔امام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (متوفی ۵۱۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔

۷۔سورہ فرقان۔آیت۔ ۶۲۔

۸۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۳۷۔

۹۔سورہ یونس۔آیت۔ ۵۔

۱۰۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۱۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔

۱۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۱۳۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔

۱۴۱۔الحقد۔کینہ

کینہ بھی دولت کی طرح وراثت میں ملتا ہے۔(حضرت علیؑ)

کینہ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ک۔ن۔ن) سے مشتق ہے۔[۱]

الکن۔الکنۃ۔الکنان۔سے مراد ہر چیز کا غلاف۔

الکن۔سے مراد وہ جگہ جہاں کسی چیز کو محفوظ رکھا جائے۔

کینہ۔دل میں چھپا کر رکھا جاتا ہے اور اس کو ظاہر نہیں کیا جاتا ہے۔

بغض وعناد یا کینہ۔سے مراد شدید نفرت جو دل میں چھپی ہو لیکن انسان کے گفتگو اور عمل سے ظاہر ہو۔[۲]

ارشادات خداوندی:

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًاؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْۚ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ۔[۳]

ترجمہ۔اے ایمان والو! غیروں کو اپنا راز دار نہ بناؤ وہ تمہاری بربادی میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے انہیں وہی چیز پسند ہے جس سے تمہیں تکلیف پہنچے، ان کی باتوں سے دشمنی تو ظاہر ہو چکی ہے اور جو کچھ ان کے سینوں میں چھپا ہوا ہے وہ اس سے بھی زیادہ بڑا ہے اگر تم عقل سے کام لیتے ہو تو ہم نے تمہارے لیے نشانیوں کو بیان کر دیا ہے۔

لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًىؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ۔[۴]

ترجمہ۔وہ تمہیں زبانی اذیت دینے کے سوا اور کوئی ضرر نہیں پہنچا سکیں گے۔

وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَاؕ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا

وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ۔۵؎

ترجمہ۔اور تمہیں ہم سے یہی دشمنی ہے کہ ہم نے اپنے رب کی نشانیوں کو مان لیا جب وہ ہمارے پاس آئیں، اے ہمارے رب! ہمارے اوپر صبر ڈال اور ہمیں مسلمان کر کے موت دے۔

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ۚ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوْطَتَانِ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ۚ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۚ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۚ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا ۚ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ۔۶؎

ترجمہ۔ یہود کہتے ہیں کہ اللہ کا ہاتھ بند ہو گیا ہے، انہیں کے ہاتھ بند ہوں اور انہیں اس کہنے پر لعنت ہے، بلکہ اس کے دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں جس طرح چاہے خرچ کرتا ہے،

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو کلام آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے وہ ان میں سے زیادہ تر لوگوں کے کفر اور سرکشی کو زیادہ کرے گا اور ہم نے ان کے درمیان قیامت تک کے لیے عداوت اور بغض کو ڈال دیا ہے، وہ جب بھی لڑائی کی آگ بھڑکاتے ہیں اللہ اسے بجھا دیتا ہے، وہ زمین میں فساد پھیلانے کی تگ ودو کر رہے ہیں اور اللہ فساد پھیلانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

اِنَّ الْكَافِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا۔۷؎

ترجمہ۔ بے شک کافر تمہارے کھلے ہوئے دشمن ہیں۔

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ ۙ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ۗ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ ۚ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ

بِالْمَوَدَّةِ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ -۸؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! میرے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ کہ ان کے پاس دوستی کے پیغام بھیجتے ہو حالانکہ تمہارے پاس جو سچا دین آیا ہے اس کے یہ منکر ہو چکے ہیں، رسول کو اور تمہیں اس بات پر نکالتے ہیں کہ تم اللہ اپنے رب پر ایمان لائے ہو، اگر تم جہاد کے لیے میری راہ میں اور میری رضا جوئی کے لیے نکلے ہو تو ان کو دوست نہ بناؤ، تم ان کے پاس پوشیدہ دوستی کے پیغام بھیجتے ہو، حالانکہ میں خوب جانتا ہوں جو کچھ تم مخفی اور ظاہر کرتے ہو، اور جس نے تم میں سے یہ کام کیا تو وہ سیدھے راستہ سے بہک گیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں، رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مشرکین کی آگ سے روشنی حاصل نہ کرو اور نہ اپنی انگوٹھیوں میں کسی عربی کا نام نقش کراؤ۔

حسن بصری نے اس کی تفسیر میں کہا! مشرکین سے اپنے امور میں مشورہ نہ کرو اور نا ہی اپنی انگوٹھیوں میں سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام نقش نہ کراؤ۔۹؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! اپنے دلوں میں چھپی عصبیت اور جاہلیت کے کینے کی آگ کو بجھادو کیونکہ یہ مسلمانوں کے اندر شیطانی وسواس، ترغیبات، فتنہ اور فساد کو جنم دیتی ہیں۔

جس کا مزاح بڑھ جاتا ہے، وہ دوسروں کے کینے اور اہانت سے محفوظ نہیں رہ پاتا ہے۔

جس کا کینہ بڑھ جاتا ہے اس کا غصہ بھی بڑھ جاتا ہے۔

غصہ پوشیدہ کینہ کو بھڑکاتا اور عیاں کرتا ہے۔

کینہ بھی دولت کی طرح وراثت میں ملتا ہے۔

جب آپؓ سے سوال کیا گیا! لوگوں کے نفوس میں سب سے زیادہ باقی رہنے والی کون سی شے

ہے؟ تو آپؑ نے فرمایا! جہاں تک علماء کا تعلق ہے تو ان کے نفوس میں گناہوں پر ندامت دیر تک باقی رہتی ہے جبکہ احمقوں کے نفوس میں کینہ مدتوں تک باقی رہتا ہے۔

کینہ ایک لا علاج اور وبائی مرض ہے۔کینہ سب سے زیادہ موذی عیب ہے۔

کینہ انسانوں کو ہلاک کر دیتا ہے۔کینہ پرور نفس ہمیشہ عذاب میں مبتلا رہتا ہے۔

لوگوں میں سب سے طویل غم اس حریص کا ک ہوتا ہے جو لالچ کرتا ہے اور اس کینہ پرور کا ہوتا ہے جس کے عطیات روک دئے گئے ہوں۔

کینہ ایک چھپی ہوئی آگ ہے جو کامیابی کے بعد ہی ٹھنڈی ہوتی ہے۔کینہ بدکاروں کی عادت ہے۔کینہ پرور کا نفس ہمیشہ عذاب میں مبتلا رہتا ہے اور اس کا غم ہمیشہ بڑھتا ہی رہتا ہے۔

سب سے سخت دل کینہ پرور کا ہوتا ہے۔عقلمند ہے وہ انسان جو اپنے دل سے کینہ کو نکال پھینکے۔

فتنوں کا سبب کینہ ہے۔برائی کا اسلحہ کینہ ہے۔دل میں رہنے والی بدترین چیز کینہ ہے۔

کریم کبھی کینہ پرور نہیں ہوسکتا۔عیبوں کا سرغنہ کینہ ہے۔۱۰؎

نفسیاتی پہلو

جو شخص اپنے دل میں کینہ رکھتا ہے اور مدمقابل کے خلاف بغض وعناد رکھتا ہے وہ اپنے آپ کو خود ہی نفسیاتی امراض کی جانب دھکیل دیتا ہے کیونکہ معاف نا کرنا ایک ایسی عادت اور نفسیاتی بیماری ہے جس کی وجہ سے انسان کی زندگی میں تلخیوں اور اذیت کا عمل دخل بڑھ جاتا ہے، ایسا انسان ساری زندگی افسردہ اور پژمردہ رہتا ہے، کیونکہ معافی وہی انسان دے سکتا ہے جو اندر سے مضبوط ہو جبکہ کھوکھلے انسان تا عمر صرف بدلے کی آگ میں جلتے رہتے ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۱۸۔

۴۔سورہ آل عمران۔آیت۔۱۱۱۔

۵۔سورہ اعراف۔آیت۔۱۲۶۔

۶۔سورہ مائدہ۔آیت۔۶۴۔

۷۔سورہ النساء۔آیت۔۱۰۱۔

۸۔سورہ الممتحنہ۔آیت۔۱۔

۹۔جامع البیان۔امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ)۔ج۔۴۔ص۔۴۰۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔

۱۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۴۲۔الفجور۔فجور

فاسق وفاجراور بدکرداروں کی موت پوری دنیا کے لئے راحت وآسائش ہوتی ہے۔(حضرت علیؑ)

فجور۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ف۔ج۔ر) سے مشتق ہے۔۱؎

الفجر۔کے اصل معانی پھاڑنے اورشق کرنے کے ہیں۔

فجر راکب فجورا۔سے مرادسوار اپنی زین سے ایک طرف ہٹ گیا۔

فجر عن الحق۔سے مراد وہ حق سے ہٹ گیا۔

فاسق وفاجر۔سے مراد حق سے ہٹ جانے والے لوگ۔

بہت مالدار انسان کو بھی فاجر کہا جاتا ہے۔

فجار۔کی ضد متقین ہے۔

فجور۔سے مراد منتشر یا Disintegration۔

فاجیر۔سے مراد خدا کی راہ سے ہٹا ہوا۔۲؎

ارشادات خداوندی:

فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا۔۳؎

ترجمہ۔پھراس (نفس) کواس کے برے کام اوران سے بچنے کا طریقہ سمجھا دیا۔

أَمْ نَجْعَلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَالْمُفْسِدِينَ فِي الْأَرْضِ أَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِينَ كَالْفُجَّارِ۔۴؎

ترجمہ۔کیا ہم ایمان والوں کوجنہوں نے نیک اعمال کیے ہیں زمین میں فساد کرنے والوں کی مثل بنادیں گے؟ یا ہم پرہیزگاروں کو بدکاروں کی مثل بنادیں گے؟

اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ۔۵؎

ترجمہ۔ بے شک اگر تو نے انہیں چھوڑا تو یہ تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے اور ان سے صرف بدکار کافر پیدا ہوں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات:

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ۔۶؎

ترجمہ۔ پھر اس (نفس) کو اس کے برے کام اور ان سے بچنے کا طریقہ سمجھا دیا۔۶؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا! اللہ تعالیٰ نے مومن متقی کے دل میں اس کا تقویٰ ڈال دیا اور فاجر کے دل میں اس کا فجور ڈال دیا۔۷؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہ آیت پڑھی۔

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہ دعا کی!

اَللّٰهُمَّ آتِ نَفْسِيْ تَقْوَاهَا، وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا، اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا۔

ترجمہ۔ اے اللہ! میرے نفس کو اس کا تقویٰ عطا فرما اور اس کو پاک کر دے، تو سب سے عمدہ پاک کرنے والا ہے، تو اس کا ولی اور اس کا مولا ہے۔۸؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! کیا میں تمھیں جہنمی لوگوں کے بارے میں نہ بتاؤں؟ ہر سخت مزاج، بداخلاق اور متکبر جہنمی ہے۔۹؎

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! مومن بھولا بھالا اور شریف ہوتا ہے اور فاجر فسادی اور کمینہ ہوتا ہے۔۱۰؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! لوگو پر ایسا وقت آنے والا ہے جب صرف بدترین و مکار دشمن ہی مقرب ہوگا اور فاجر کو ہی قابل عزت سمجھا جائے گا، اس وقت منصف اور انصاف پسند لوگوں کو کمزور کر دیا جائے گا، اس وقت صدقہ کو نقصان اور گھاٹا سمجھا جائے گا، رشتے داروں

سے میل جول کو ان پر احسان سمجھا جائے گا، عبادات کو لوگوں پر فخر اور بڑائی کا ذریعہ سمجھا جائے گا، ایسے زمانے میں حکومت کا دارومدار عورتوں کے مشوروں، بچوں کی فرمان روائی اور خواجہ سراؤں کی تدبیر ورائے پر ہوگا۔ بے شک ہر بدکار اور خبیث شخص فاجر ہے۔

بدکردار سے کبھی دوستی نہ کرو کیونکہ وہ تمھیں کوڑیوں کے مول بیچ ڈالے گا۔

گناہ گار اور فاجر کے ساتھ دوستی نا کرو کیونکہ وہ چاہے گا کے تم بھی اسی جیسے ہو جاؤ۔

جھوٹ انسان کو بدکرداری کی طرف لے جاتا ہے اور بدکرداری انسان کو جہنم میں پہنچا دیتی ہے

نیک انسانوں کی موت ان کے لئے راحت وآسائش ہے جبکہ فاسق وفاجر اور بدکرداروں کی موت پوری دنیا کے لئے راحت وآسائش ہوتی ہے۔

فسق وفجور کے برملا اظہار سے بچو کیونکہ یہ بدترین گناہوں میں سے ایک گناہ ہے۔

تم فاسق اور فاجر سے جتنا دور رہ سکتے ہو دور رہو۔

بدکاروں سے الگ رہنے میں ہی عافیت اور بھلائی ہے۔اا؎

دنیا وآخرت کی ساری برائی دو ہی چیزوں میں ہے۔ا۔ناداری۔۲۔بدکاری۔

جھوٹ انسان کو بدکرداری کی طرف لے جاتا ہے اور بدکرداری انسان کو جہنم میں پہنچا دیتی ہے۔ جو فاجروں سے امید لگاتا ہے اس کی سب سے کم سزا محرومی ہوگی۔

جس کی گفتگو نرم ہوتی ہے اس کی برائیاں مخفی رہتی ہیں مگر اس کی نیکیاں سب کو معلوم ہوتی ہیں

جو کسی بری بات کو کہنے کے بعد دہراتا ہے وہ اس کو کہنے والے کی طرح ہوتا ہے اور گالی سے دور رہو کیونکہ یہ اللہ کو سخت ناپسند ہے۔گناہوں پر فخر کرنے سے بڑا کوئی گناہ نہیں۔

سب سے زیادہ احمق و نادان ہی وہ ہے جس گالی اور بدکلامی پر فخر کرے۔

نفسیاتی پہلو

فسق وفجور سے مراد حق سے ہٹے ہوئے لوگ ہیں جو حقیقت کو ماننے کے انکاری ہیں دوسری جانب وہ شیاطین کے پیروکار ہیں، شیطان انھیں گناہ کے کاموں میں جاذبیت پیدا کر کے

دکھاتا ہے چنانچہ وہ شیاطین کے پجاری بن جاتے ہیں اور اپنی تمام تر طاقت، توانائی اور کوشش کو برائی اور گناہ کے کاموں میں سرف کرتے ہیں۔

ایسے افراد باطنی طور پر نہایت کمزور، مایوس، لالچی، موقع پرست، ہٹ دھرم اور اپنے نفس کے غلام ہوتے ہیں، ان کی یہی عادات انھیں دین و دنیا میں ذلیل و رسوا کر کے چھوڑتی ہیں۔

خیالات کی کثافت اور آلودگی انسان کو بے چین اور بے قرار رکھتی ہے اور ایسا انسان اپنے برے نظریات اور خیالات کی وجہ سے ہمیشہ ذہنی، دماغی، جسمانی اور نفسیاتی بیماریوں اور اذیتوں کا شکار رہتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ الشّمس ۔آیت ۔ ۸۔

۴۔سورہ ص۔آیت ۔ ۲۸۔

۵۔سورہ نوح۔آیت ۔ ۲۷۔

۶۔سورہ الشّمس ۔آیت ۔ ۸۔

۷۔الجامع الاحکام القرآن ۔علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (متوفی ۶۶۸ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت

۸۔شعب الایمان ۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۹۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۱۰۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

۱۱۔تجلیات حکمت۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔ص۔ ۳۰۷۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران ۔ ۱۴۲۴ھ۔

۴۳۔الخرق۔سخت گیری۔خشونت

جہالت میں سرفہرست سخت گیری ہے۔(حضرت علیؑ)

الخرق۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(خ۔ر۔ق) سے مشتق ہے۔ا؎

الخرق۔کے معانی کسی بھی چیز کو بلا سوچے سمجھے بے قاعدہ پھاڑ دینا۔

الخرق۔کی ضد الخلق ہے۔

خرق الثوب۔سے مراد اس نے بغیر اندازے کے کپڑے کو پھاڑ دیا۔

خرق۔سے مراد اس نے جھوٹ بولا۔

خرق الکذب۔سے مراد اس نے جھوٹ تراشا۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا إِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْأَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا۔۳؎

ترجمہ۔زمین میں اکڑ اکڑ کر نہ چلو کیونکہ نہ تو تم زمین کو پھاڑ سکتے ہو اور نہ ہی تم طول میں پہاڑ وں تک پہنچ سکتے ہو۔

فَانْطَلَقَا حَتَّىٰ إِذَا رَكِبَا فِي السَّفِينَةِ خَرَقَهَا قَالَ أَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا۔۴؎

ترجمہ۔(خضر) نے کشتی (کے تختے) کو توڑ دیا (موسیٰ نے کہا!) کیا آپ نے اس کو اس لئے توڑا ہے کے اس میں سوار لوگ ڈوب جائیں؟ یہ تو آپ نے بہت خطرناک کام کیا ہے۔

وَجَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوا لَهُ بَنِينَ وَبَنَاتٍ بِغَيْرِ عِلْمٍ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يَصِفُونَ۔۵؎

ترجمہ۔ اللہ کا شریک جنوں کو ٹھہراتے ہیں حالانکہ اس نے انہیں پیدا کیا ہے، اور اس کے لیے بیٹے اور بیٹیاں تجویز کرتے ہیں جہالت سے، وہ پاک ہے اور ان باتوں سے بلند ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اکھڑ پن (سختی) جس چیز میں بھی ہوگی وہ اس کو بدنما بنا دے گی۔ بلاشبہ اللہ نرمی والا ہے اور وہ نرمی کو پسند کرتا ہے۔ ۶؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بداخلاقی نحوست ہے۔ ۷؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کے نزدیک مبغوض ترین شخص وہ ہے جو سخت جھگڑالو ہے۔ ۸؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! علم میں سرفہرست نرمی ہے اور علم کی آفت سخت گیری ہے۔ بہت سے عزت دار ایسے تھے جن کو ان کی سخت گیری نے ذلیل کر دیا جبکہ بہت سے ایسے ذلیل تھے جن کو ان کے اخلاق نے عزت دار بنا دیا۔

نرمی جس چیز میں بھی ہوتی ہے وہ اس کو سجا دیتی ہے جبکہ سختی جہاں بھی ہوگی وہ اس کو بگاڑ دے گی۔ سخت گیری اخلاق کی برائی ہے۔ سخت گیری بدترین شیوہ ہے۔

جہالت میں سرفہرست سخت گیری ہے۔

جس شخص کی سخت گیری میں اضافہ ہو جاتا ہے وہ ذلیل و رسوا ہو جاتا ہے۔

سخت گیری سے زیادہ ہلاکت خیز کچھ اور نہیں۔ جاہل سخت گیری کی زبان اختیار کرتا ہے۔ ۹؎

نفسیاتی پہلو

سخت گیری، درشتی، اکھڑ پن، اور بداخلاقی انسان کو دنیا اور آخرت بے حد ذلیل و رسوا کرتی ہے، کیونکہ بدمزاج افراد سے لوگ ان کی بداخلاقی اور سخت گیری کی وجہ سے ملنا جلنا ترک

کر دیتے ہیں ،دوسری جانب بدمزاج اور بد دماغ افراد اپنے اکھڑ پن کی وجہ سے دنیا میں بھی اکیلے رہ جاتے ہیں نا ان کا کوئی دوست ہوتا ہے اور ناہی رشتے داران سے ملنا پسند کرتے ہیں سخت گیری کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے انسان لوگوں کے ساتھ سختی کے ساتھ پیش آئے لوگوں کے دکھ درد اور پریشانی کے موقع پر انھیں ذلیل ورسوا کرے ،ان کے ساتھ تکبر کے ساتھ پیش آئے اور ان سے طنزیہ بات کرے چنانچہ لوگ ایسے بد دماغ انسان سے اس کی بدتمیزیوں کی وجہ سے ملنا جلنا چھوڑ دیتے ہیں ،عام طور پر ایسے افراد کو ہر کسی سے شکایت بھی ہوتی ہے اور وہ ہر شخص کے بارے میں بدگمان بھی رہتے ہیں ،ایسے بد دماغوں کے ساتھ لوگ چاہے کتنا بھی اچھا سلوک کرلیں انھیں ہمیشہ لوگوں سے شکایات ہی رہتی ہیں اور یہ کبھی بھی لوگوں کے احسان مند نہیں ہوتے ۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔۳۷۔

۴۔سورہ کہف۔آیت۔۱۷۔

۵۔سورہ انعام۔آیت۔۱۰۰۔

۶۔الادب المفرد۔امام ابوعبداللہ بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔۱۴۱۲ھ۔

۷۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔

۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۶۶۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۴۴۔الخلاف۔اختلاف۔تفرقہ

اختلافات کے سبب افراد میں جدائی اور دوری پیدا ہوتی ہے۔(حضرت علیؑ)

اختلاف۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(خ۔ل۔ف) سے مشتق ہے۔۱؎
خلف۔کے معانی پیچھے کے ہیں نیز یہ بعد کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔
الخلف۔سے مراد ایک قرن کے بعد دوسرا قرن۔
الخالف۔سے مراد ایسا شخص جو کسی کے بعد اس کی جگہ پر بیٹھے۔
خلف اباہ۔سے مراد باپ کا جانشین۔
خلفاء۔سے مراد جانشین۔
اخلاف۔سے مراد وعدہ خلافی کرنا۔
اختلاف۔سے مراد مخالفت کرنا۔
اختلاف۔کی ضد اتفاق ہے۔۲؎
فرقہ،عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ف۔ر۔ق) سے مشتق ہے۔۳؎
الفرق۔کے معانی الگ الگ ہونا۔
قرآن کریم کا ایک اسم الفرقان ہے جس کے معنی حق اور باطل میں فرق کرنے والا۔
فارق۔سے مراد چھوڑ دینا یا علیحدہ ہوجانا۔۴؎

ارشادات خداوندی:

إِنَّ هَٰذِهِۦٓ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَٰحِدَةً وَأَنَا۠ رَبُّكُمْ فَٱعْبُدُونِ۔۵؎
ترجمہ۔انھوں نے آپس میں اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔
وَمَا كَانَ ٱلنَّاسُ إِلَّآ أُمَّةً وَٰحِدَةً فَٱخْتَلَفُوا۟ ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِىَ

بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ -٦ ؎

ترجمہ۔ابتداء میں سارے انسان ایک ہی امت تھے، بعد میں انھوں نے مختلف عقائد اور مسلک بنا لئے۔

إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ ۚ إِنَّمَا أَمْرُهُمْ إِلَى اللَّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ -٧ ؎

ترجمہ۔بے شک جنھوں نے اپنے دین میں تفرقہ ڈالا اور فرقہ فرقہ ہو گئے، تیرا ان سے کوئی تعلق نہیں، ان کا کام اللہ ہی کے حوالے ہے پھر وہی انہیں بتلائے گا جو کچھ وہ کرتے تھے۔

وَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ إِنَّهُمْ لَمِنكُمْ وَمَا هُم مِّنكُمْ وَلَٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَفْرَقُونَ -٨ ؎

ترجمہ۔وہ اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کے بے شک وہ ضرور تم میں سے ہیں حالانکہ وہ تم میں سے نہیں ہیں لیکن وہ تقیہ کرتے ہیں (کے تم ان سے مشرکوں جیسا سلوک نہ کرو)۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تَتَّقُوا اللَّهَ يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَانًا وَيُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ -٩ ؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! اگر تم الہ سے ڈرتے رہو گے تو وہ تمہیں کفار سے الگ اور ممتاز کر دے گا۔

مِنَ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا ۖ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ -١٠ ؎

ترجمہ۔ان لوگوں میں سے (نہ ہو جاؤ) جنھوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور وہ گروہ در گروہ ہو گئے، ہر گروہ اسی سے خوش ہوتا ہے جو اس کے پاس ہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابو الدرداءؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! آپس کی لڑائی اور پھوٹ تو سر منڈنے والی ہے یعنی نیکیوں کا صفایا کر دینے والی ہے۔١١ ؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یہود کے ۷۱ یا ۷۲ فرقے

تھے۔نصاریٰ کے بھی تقریباً اتنے ہی فرقے تھے اور میری امت کے ۷۳ فرقے ہوں گے۔ ۱۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! فرقہ فرقہ مت بنو، جس شخص کو اللہ نے تمھارے لئے معاملات کا نگران بنایا ہے اس کی اطاعت کرو۔ ۱۳؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! میری جان کی قسم! مستقبل میں ایسے فتنے اٹھ کھڑے ہوں گے جن کی آگ میں مومن ہلاک ہوں گے اور غیر مسلم ان سے بچے رہیں گے۔

اے لوگو! امت کے بڑے حصے کے پابند رہو۔

بے شک اللہ کی حمایت جماعت کے ساتھ ہے اور تفرقہ سے دور رہو، کیونکہ لوگوں سے الگ تھلگ رہنے والا شیطان کے لئے اسی طرح ہوتا ہے جیسے گلے سے الگ ہوجانے والی بھیڑ، بھیڑئے کے لئے ہوتی ہے۔

شیطان تمھارے مستحکم اجتماعات میں تفرقہ ڈال دیتا ہے اور تفرقہ کے ذریعہ فتنہ اور فساد پیدا کردیتا ہے۔آپ نے ایک دستے کو دشمن کی طرف بھیجتے ہوئے یہ نصیحت کی کے تفرقہ اور اختلاف سے پرہیز کرنا، جب منزل اختیار کرنا تو ایک ہی جگہ اترنا اور جب کوچ کرنے کا وقت ہوتو سب ایک ساتھ کوچ کرنا۔

تفرقہ اہل باطل کا شیوہ ہے بھلے ہی وہ تعداد میں کتنے ہی زیادہ کیوں نہ ہوں جبکہ اتحاد وہم آہنگی اہل حق کا طریقہ ہے اگرچہ وہ تعداد میں کم ہی کیوں نہ ہوں۔

حضرت علیؓ نے جب عبداللہ بن عباسؓ کو خوارج سے بحث کرنے کے لئے بھیجا تو انھیں بھیجتے ہوئے یہ فرمایا! تم ان سے قرآن کے ذریعے بحث نہ کرنا کیونکہ قرآن بہت سی جہات کو لئے ہوئے ہے، تم کچھ کہو گے وہ کچھ کہیں گے بلکہ ان کے سامنے سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ استدلال کرنا کیونکہ وہ اس سے راہ فرار اختیار نہ کر پائیں گے۔

جس گھر کے افراد آپس میں متحد (متفق) ہوں اور ایک دوسرے سے صلہ رحمی کرتے ہوں، تو اللہ تعالیٰ ان کو رزق دیتا ہے خواہ وہ گناہ گار ہی کیوں نہ ہوں اور جس گھر کے افراد آپس میں لڑتے ہوں اور قطع رحمی کرتے ہوں، اللہ ان کو رزق سے محروم کر دیتا ہے خواہ وہ متقی ہی کیوں نہ ہوں۔ ۱۴؎

اختلاف، رائے کو ڈھا دیتا ہے۔ بہت زیادہ اختلافات آپس میں پھوٹ کا سبب بنتے ہیں۔

اختلافات کے ساتھ باہمی محبت اور الفت ممکن نہیں۔

اگر نا جاننے والا جاہل خاموش رہے تو اختلاف ختم ہو جائے۔

بغض و کینہ ہی اختلافات کا سبب ہیں۔

اختلاف، تفرقہ کی وجہ اور تفرقہ کمزوری کا باعث ہے تاہم کمزوری ذلت کا سبب ہے اور ذلت زوال حکومت و نعمت کا باعث ہے۔

منظم امور کو بھی اختلاف برباد کر دیتا ہے۔

اختلافات کے سبب افراد میں جدائی اور دوری پیدا ہوتی ہے۔ ۱۵؎

نفسیاتی پہلو

افراد یا اقوام کا اختلاف اور ان کا گروہوں میں منتشر اور منقسم ہو جانا کئی قسم کے امراض، بلاء، وبا اور آسمانی و زمینی آفات کا ایک اہم سبب ہے، اس کی فلسفیانہ اور نفسیاتی وجہ تو یہ ہے کے کیونکہ گروہوں کا یقین مختلف ہوتا جس کی وجہ سے شک مضبوط ہو جاتا ہے جو زمین کے چاروں اطراف پھیل جاتا ہے چنانچہ شک کا زمین کے چاروں اطراف پھیل جانا اس بات کی جانب اہم اشارہ ہے کے اس شک کے انتشار کے سبب آفات ارضی و سماوی کا حرکت میں آ جانا عین فطری تقاضا ہے۔ ۱۶؎

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۴۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۵۔سورہ الانبیاء۔آیت۔ ۹۲۔

۶۔سورہ یونس۔آیت۔ ۱۹۔

۷۔سورہ انعام۔آیت۔ ۱۵۹۔

۸۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۵۶۔

۹۔سورہ انفال۔آیت۔ ۲۹۔

۱۰۔سورہ روم۔آیت۔ ۳۲۔

۱۱۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۱۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۱۳۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۴۔الاصول من الکافی۔شیخ ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی (متوفی ۳۲۹ھ)۔ج۔۲۔ص۔۳۴۸۔
مطبوعہ دارالکتب الاسلامیہ تہران۔

۱۵۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۷۰۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۶۔ بڑے بچوں کے لئے۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔ص۔۱۴۹۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔

۴۵۔العذاب۔عذاب

لوگوں پر ظلم کرنے والا روز قیامت اپنے ظلم کی وجہ سے اوندھے منہ جہنم کا عذاب سہے گا۔(حضرت علیؑ)

عذاب۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ع۔ذ۔ب) سے مشتق ہے۔ا؎

عذب۔کے تین معانی ہیں۔

ا۔ پانی کی ٹھنڈک اور مٹھاس جو پیاس کو روک دیتی ہے۔

۲۔تکلیف اور اذیت جو زندگی کے آرام میں حائل ہیں۔

۳۔روکاوٹ، بندش اور منع کرنا۔

الاعذبان۔سے مراد دو خوشگوار چیزیں۔

عذب۔سے مراد کئی تنکے یا اسی نوعیت کا کوڑا کرکٹ جو پانی کی سطح پر جمع ہو کر پانی کو مکدر کر دے۔

عذبہ۔سے مراد ایک قسم کا درخت جس کو کھا کر اونٹ کی موت واقع ہو جاتی ہے۔

عذاب۔سے مراد سزا، بھوک، پیاس اور تکلیف۔

عذوب یا عاذب۔سے مراد وہ انسان، اونٹ یا گھوڑا جو پیاس کی شدت سے کھانا پینا چھوڑ دے۔

عاذب۔سے مراد ایسا شخص جو بغیر کھانا کھائے رات گزار دے۔

عاذب۔سے مراد ایسا شخص جس کو حفاظت یا سایہ کے لئے چھت نصیب نا ہو۔

عذاب۔قرآن کریم میں یہ لفظ سزا اور مجرموں کو ان کے اعمال، بدکاری، کفر و شرک، غرور و تکبر اور اللہ کی زمین پر فتنہ و فساد کے نتیجے میں دی گئی سزا کے طور پر کئی مقامات پر آیا ہے۔۲؎

ارشاد خداوندی:

فَلَا تَدۡعُ مَعَ اللّٰہِ اِلٰـھًا اٰخَرَ فَتَکُوۡنَ مِنَ الۡمُعَذَّبِیۡنَ۔ ۳؎

ترجمہ۔(اے مخاطب!) تو اللہ کے ساتھ کسی اور کی عبادت نہ کر ورنہ تو بھی عذاب یافتہ لوگوں میں سے ہوجائے گا۔

عذاب یافتہ اقوام

وہ اقوام جن کے غرور وتکبر کو اللہ تعالی نے توڑ کر رکھ دیا اور رہتی دنیا تک انھیں مقام عبرت بناڈالا۔

وَکَمۡ اَھۡلَکۡنَا قَبۡلَھُمۡ مِّنۡ قَرۡنٍ ھُمۡ اَحۡسَنُ اَثَاثًا وَّرِئۡیًا۔ ۴؎

ترجمہ۔ہم اس سے پہلے کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں جو ساز وسامان اور شان وشوکت میں ان سے بہت بڑھ کر تھیں۔

اَفَلَمۡ یَسِیۡرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ فَیَنۡظُرُوۡا کَیۡفَ کَانَ عَاقِبَۃُ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِھِمۡ ؕ کَانُوۡۤا اَکۡثَرَ مِنۡھُمۡ وَاَشَدَّ قُوَّۃً وَّاٰثَارًا فِی الۡاَرۡضِ فَمَاۤ اَغۡنٰی عَنۡھُمۡ مَّا کَانُوۡا یَکۡسِبُوۡنَ۔ ۵؎

ترجمہ۔کیا انھوں نے زمین میں سفر کرکے اپنی سے پہلی قوموں کا حال نہیں دیکھا؟ جو ان سے تعداد میں زیادہ تھے اور قوت میں بھی زیادہ تھے،اور انھوں نے زمین میں بہت یادگاریں چھوڑی تھیں سو ان کے کئے ہوئے کام ان کو اللہ کے عذاب سے نہیں بچا سکے۔

وَکَمۡ اَھۡلَکۡنَا قَبۡلَھُمۡ مِّنۡ قَرۡنٍ ھُمۡ اَشَدُّ مِنۡھُمۡ بَطۡشًا فَنَقَّبُوۡا فِی الۡبِلَادِ ھَلۡ مِنۡ مَّحِیۡصٍ۔ ۶؎

ترجمہ۔اے نبی مکرم! ہم آپ سے پہلے کتنی ہی ایسی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں جو اہل مکہ سے زیادہ طاقت ور تھے انھوں نے ہمارے ہلاک آفرین عذاب سے بچنے کے لئے بہت سے شہروں میں پناہ ڈھونڈنی چاہی لیکن ان کو کسی بھی جگہ ہمارے عذاب سے پناہ نہ مل سکی۔

قوم ثمود (حضرت صالح علیہ السلام کی قوم)

قوم ثمود سے مراد حضرت صالح علیہ السلام کی قوم ہے اللہ تعالی نے اس قوم کی ہدایت کے لئے حضرت صالح علیہ السلام کو بھیجا لیکن قوم نے آپ سے معجزہ طلب کیا تا ہم قوم کے مطالبہ پر ایک پتھر کی چٹان سے اونٹنی نکال کر اللہ تعالی نے حضرت صالح علیہ السلام کی نبوت پر دلیل قائم کردی حضرت صالح علیہ السلام نے اپنی قوم کو یہ بتایا کے یہ اونٹنی جو کے اللہ کی ایک نشانی ہے اور تمھارے درمیان پانی کی تقسیم ہوگی ایک دن یہ اونٹنی کنویں کا سارا پانی پیئے گی اور ایک دن تم لوگ اس کنویں سے پانی پیو گے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی!

وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌ بَيْنَهُمْ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ۔۷؎

ترجمہ۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انھیں بتا دیجئے کے ان کے اور اونٹنی کے درمیان پانی تقسیم کیا ہوا ہے ہر ایک اپنے پانی کی باری پر حاضر ہوگا۔

حضرت عبد اللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کے جس دن ثمود پانی پیتے تھے اس دن اونٹنی بالکل پانی نہیں پیتی تھی اور ان کو اپنا دودھ پلاتی تھی اور وہ بہت عیش و آرام میں تھے اور جس دن اونٹنی کی باری ہوتی تو وہ سارا پانی پی جاتی اور ان کی قوم کے لئے پانی کا ایک قطرہ بھی نہیں بچتا ان کی قوم سے کہا گیا تھا کے اس اونٹنی کا احترام کریں مگر انھوں نے اس اونٹنی کی کونچیں کاٹ کر اس کو قتل کردیا۔

فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۔۸؎

ترجمہ۔سو انھوں نے اپنے صاحب کو پکارا تو (اس نے اونٹنی کو پکڑ کر) اس کی کونچیں کاٹ دیں پس کیسا تھا میرا عذاب اور کیسا تھا میرا ڈرانا۔

امام محمد بن اسحاق نے کہا! پس ایک شخص اونٹنی کے آنے کے راستے میں ایک درخت کی جڑ میں گھات لگا کر بیٹھ گیا پھر تاک کر اس کی پنڈلی کے پٹھوں میں تیر مارا پھر تلوار سے اس کی ٹانگیں

کاٹ دیں اور اس اونٹنی کو ذبح کر دیا اور اس اونٹنی کا بچہ پہاڑ کی چوٹی کی طرف بھاگ گیا اور وہیں غائب ہو گیا پھر جب حضرت صالح علیہ السلام آئے اور انھوں نے دیکھا کہ اونٹنی کی کونچیں کاٹ دی گئیں ہیں اور اس کو ذبح کر دیا گیا ہے تو وہ رونے لگے اور کہا کے تم نے اللہ کی حدود کو توڑ دیا ہے پس میں تمھیں اللہ کے عذاب کی بشارت ہو۔حضرت صالح علیہ السلام نے اپنی نافرمان قوم کو بتا دیا کے اب مہلت ختم ہو گئی لہٰذا تم تین دن اپنے گھروں میں گزار لو پھر تم کو عذاب الٰہی سے ہلاک کر دیا جائے گا چنانچہ تین دن کے بعد ان کو ایک زبردست کڑک نے آلیا اور وہ سب کے سب ہلاک ہو گئے قرآن کریم میں متعدد مقامات پر جب بھی 'صاعقہ' کا لفظ آیا ہے تو اس سے مراد مہلک عذاب کے ہی ہیں اس کے ایک معنی کڑک کے بھی ہیں جس وقت ان پر عذاب آیا وہ اس کو دیکھ رہے تھے لیکن اس کے سامنے اٹھنے کی طاقت نہیں رکھتے تھے تاہم جس وقت حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کو اللہ تعالی عذاب الٰہی سے ہلاک کر رہا تھا وہ قوم باوجود چاہنے کے بھی کسی سے مدد حاصل نہیں کر پائی۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں !

فَعَقَرُوهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوا فِي دَارِكُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ ذَٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوبٍ۔۹؎

ترجمہ۔تب کہا کے برت لو اپنے گھروں میں تین دن یہ وعدہ ہے جھوٹا نہ ہوگا۔

وَفِي ثَمُودَ إِذْ قِيلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوا حَتَّىٰ حِينٍ فَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ وَهُمْ يَنظُرُونَ فَمَا اسْتَطَاعُوا مِن قِيَامٍ وَمَا كَانُوا مُنتَصِرِينَ۔۱۰؎

ترجمہ۔قوم ثمود میں بھی عبرت انگیز نشانیاں ہیں جب ان سے کہا گیا کے تم ایک عارضی مدت تک فائدہ اٹھا لو تو انھوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی تو ان کو ایک ہولناک کڑک نے پکڑ لیا اور وہ دیکھ رہے تھے پس وہ نہ کھڑے ہو سکتے تھے اور نہ کسی سے مدد حاصل کر سکتے۔

قوم ثمود (حضرت صالح علیہ السلام کی قوم) پر عذاب کی کیفیت

پہلے روز خوف سے سب کے چہرے زرد پڑ گئے، دوسرے روز ڈر اور شدید خوف سے سب کے چہرے سرخ ہو گئے اور تیسرے روز دہشت کا یہ عالم تھا کے ان سب کے چہرے سیاہ ہو گئے تین دن کے بعد بجلی کی چمک اور کڑک سے آل ثمود پر عذاب نازل ہوا سوائے حضرت صالح علیہ السلام اور ان پر ایمان لانے والے افراد کے پوری قوم ہلاک ہو گئی عذاب سے بچ جانے والے یہی لوگ ثمود ثانیہ کہلاتے ہیں۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ مَا نَرَاكَ إِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرَاكَ اتَّبَعَكَ إِلَّا الَّذِينَ هُمْ أَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّأْيِ وَمَا نَرَىٰ لَكُمْ عَلَيْنَا مِن فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ كَاذِبِينَ قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِن كُنتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّي وَآتَانِي رَحْمَةً مِّنْ عِندِهِ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ أَنُلْزِمُكُمُوهَا وَأَنتُمْ لَهَا كَارِهُونَ۔[11]

ترجمہ۔ پھر اس کی قوم کے جو کافر سردار تھے وہ بولے کہ ہمیں تو تم ہم جیسے ہی ایک آدمی نظر آتے ہو اور ہمیں تو تمہارے پیروکار وہی نظر آتے ہیں جو ہم میں سے رذیل ہیں وہ بھی سرسری نظر سے، اور ہم تم میں اپنے سے کوئی فضیلت بھی نہیں پاتے بلکہ تمہیں جھوٹا خیال کرتے ہیں، اس نے کہا اے میری قوم! دیکھو اگر میں اپنے رب کی طرف سے صاف راستہ پر ہوں اور اس نے مجھ پر اپنے ہاں سے رحمت بھیجی ہو پھر وہ تمہیں دکھائی نہ دے، تو کیا میں زبردستی تمہارے گلے مڑھ دوں اور تم اس سے نفرت کرتے ہو۔

الْحَاقَّةُ مَا الْحَاقَّةُ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحَاقَّةُ كَذَّبَتْ ثَمُودُ وَعَادٌ بِالْقَارِعَةِ فَأَمَّا ثَمُودُ فَأُهْلِكُوا بِالطَّاغِيَةِ وَأَمَّا عَادٌ فَأُهْلِكُوا بِرِيحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ حُسُومًا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيهَا صَرْعَىٰ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ فَهَلْ تَرَىٰ لَهُم مِّن بَاقِيَةٍ۔[12]

ترجمہ۔ قیامت، قیامت کیا چیز ہے، تمہیں کیا معلوم کے قیامت کیا ہے؟ ثمود اور عاد نے قیامت کو جھٹلایا تھا، سو ثمود تو سخت ہیبت ناک چیخ سے ہلاک کیے گئے، لیکن قوم عاد، سو وہ ایک سخت آندھی سے ہلاک کیے گئے، وہ ان پر سات راتیں اور آٹھ دن لگا تار چلتی رہی (اگر تو موجود ہوتا)، اس قوم کو اس طرح گرا ہوا دیکھتا کہ گویا کہ گھری ہوئی کھجوروں کے تنے ہیں، سو کیا تمہیں ان کا کوئی بچا ہوا نظر آتا ہے؟

فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔ ۱۳؎

ترجمہ۔ پھر جب ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے صالح کو اور جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے اپنی رحمت سے بچا لیا اور اس دن کی رسوائی سے نجات دی، بے شک تیرا رب وہی زور والا زبردست ہے۔

اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ۔ ۱۴؎

ترجمہ۔ بے شک ہم نے ان پر ایک زور کی چیخ کا عذاب بھیجا پھر وہ ایسے ہو گئے جیسا کانٹوں کی باڑ کا چورا۔

قرآن کریم نے قوم ثمود کو کھجور کے بوسیدہ تنوں سے تشبیہ دی ہے جو سوکھ کر جھڑ جاتی ہے اور جانوروں کی آمدورفت سے پامال ہو کر برادہ راہ بن جاتی ہے۔ صبح کے سورج نے شہر میں ہر طرف تباہی اور بربادی دیکھی بڑے بڑے عالیشان محل کھنڈر بن گئے سرسبز باغوں کا نام و نشان تک نہیں تھا حجر کا پر رونق علاقہ ٹوٹ پھوٹ کر آثار قدیمہ کا منظر پیش کر رہا تھا قوم کی ہلاکت کے بعد حضرت صالح علیہ السلام اپنے حواریوں کے ساتھ شام کی طرف ہجرت کر گئے جب عذاب کی وجہ سے آپ تباہ حال بستی سے گزرے اور انھوں نے جگہ جگہ بکھری ہوئی لاشوں کو دیکھا تو نہایت افسوس کے ساتھ ہلاک شدگان کو مخاطب کر کے کہا!

يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ۔

ترجمہ۔اے میری قوم ! بے شک میں نے اپنے پروردگار کا پیغام تم کو پہنچا دیا اور تم کو نصیحت کی لیکن تم نصیحت کرنے والوں کو دوست نہ رکھتے تھے۔ ۱۵۔

العلا اور الحجر

عذاب الٰہی سے ہلاک ہونے والے آل ثمود ڈیڑھ ہزار گھرانوں پر مشتمل تھے جبکہ حضرت صالح علیہ السلام کے ساتھ بچ جانے والوں کی تعداد ایک سو بیس بتائی جاتی ہے عبرت کے لئے ثمود کی عمارتوں میں سے کچھ اب بھی باقی ہیں مدینہ طیبہ اور تبوک کے درمیان حجاز کے مشہور مقام العلاء (جیسے عہد نبوی میں وادی القری کہتے تھے) سے چند میل دور شمال کی طرف ثمود کی تباہی کے آثار موجود ہیں۔ العلاء اب بھی سرسبز و شاداب وادی ہے جبکہ الحجر کے گرد و پیش تباہی اور نحوست کے آثار موجود ہیں ہر طرف ایسے پہاڑ ہیں جو سطح زمین پر دھنکی ہوئی روئی کی طرح ہو گئے ہیں یہ تقریباً ۴۰۰ میل لمبا اور ۱۰۰ میل چوڑا علاقہ ہے اسے ایک عظیم زلزلے نے ہلا کر رکھ دیا۔

تحقیق سے یہ ثابت ہوا ہے کے ثمود کی تباہی ایک آتش فشاں پہاڑ کے پھٹنے سے ہوئی جس کے لاوے کے نشانات ااج بھی مدائن صالح کے مغرب میں موجود ہیں۔ چنگھاڑ یا صور ا آواز کی ایسی لہر ہے جو انفرادی شعور کی سکت سے زیادہ ہے زیادہ کرخت آواز چنگھاڑ بن جاتی ہے چنگھاڑ آواز کی ایسی لہروں کا مجموعہ ہے جو زندگی میں کام کرنے والی لہروں کو درہم برہم کر دیتی ہے شعور بکھر جاتا ہے آدمی بھس کی طرح ہو جاتا ہے جب لہری نظام ٹوٹ جاتا ہے تو زندگی موت میں تبدیل ہو جاتی ہے، چنگھاڑ آواز کی ایسی لہر ہے جو سماعت کے سسٹم کو توڑ دیتی ہے سسٹم کا ٹوٹنا حواس کا ٹوٹنا ہے عام حالات میں دیکھا گیا ہے کہ ! 'دھماکہ' سے سماعت ختم ہو جاتی ہے کان کے پردے پھٹ جاتے ہیں۔

وادی حجر اور دیگر ممنوعہ علاقوں میں نماز پڑھنے سے متعلق فقہاء کرام کی رائے۔

قاضی ابوبکر ابن العربی (متوفی ۵۴۳ ھ) نے کہا ! وادی الحجر میں نماز پڑھنا بھی جائز نہیں ہے

کیونکہ یہ وہ جگہ ہے جہاں اللہ تعالی کی ناراضگی اور اس کا عذاب نازل ہوا تھا یہاں کی مٹی میں تیمم کرنا بھی جائز نہیں اور نہ ہی یہاں کنویں سے وضو کرنا جائز ہے۔

فلسطین کے علاقہ رملہ کے قریب کچھ عرصہ قیام کے بعد حضرت صالح علیہ السلام مکہ مکرمہ ہجرت کر گئے اور وہیں آپ کا انتقال ہوا جبکہ حرم کعبہ کے اندر کعبہ کے مغربی سمت میں آپ مدفون ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، جس شخص نے اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں اس کا رنگ سرخ اور آنکھیں نیلی تھیں اس کا نام قدار بن سالف تھا۔

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، جب ہم غزوہ تبوک میں مقام حجر میں پہنچے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اے لوگو! معجزات کا سوال نہ کیا کرو کیونکہ یہ صالح علیہ السلام کی قوم تھی جس نے اپنے نبی سے سوال کیا تھا کے اللہ تعالی ان کے لئے اونٹنی بھیج دے تو اللہ تعالی نے ان کے لئے اونٹنی بھیج دی پس وہ اس راستہ سے آتی تھی اور اپنی باری پر ان کا تمام پانی پی جاتی تھی اور اس دن وہ اس اونٹنی سے اتنا دودھ دوھ لیتے تھے، جتنا وہ اس دن پانی پیتے تھے اور پھر وہ اسی راستے سے واپس چلی جاتی پھر حضرت صالح علیہ السلام کی قوم نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی اور اس اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں پھر اس قوم کو ایک ہولناک چیخ نے آ پکڑا اور اس آسمان کے نیچے ان میں سے کوئی نہیں بچا سوائے ایک شخص جو کے اللہ کی حرم میں تھا لوگوں نے پوچھا! یا رسول اللہ ﷺ وہ کون سا شخص تھا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! وہ ابو رغال تھا جب وہ حرم سے نکلا تو اس پر بھی عذاب آ گیا جو اس کی قوم پر آیا تھا۔ ۱۶؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے اصحاب الحجر سے متعلق فرمایا! اس قوم کے پاس سے سوائے روتے ہوئے نہ گزرنا اگر تم رو نہ سکو تو پھر ان کے پاس سے نہ گزرنا ورنہ تم پر بھی ویسا ہی عذاب نازل ہوگا جیسا ان پر نازل ہوا تھا۔ ۱۷؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ وادی الحجر میں ٹھہرے جو قوم ثمود کی

سرزمین ہے مسلمانوں نے ان کے کنویں سے پانی پیا اور اس کنویں کے پانی سے آٹا گوندھا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کی خبر ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کے جو پانی نکالا گیا ہے اس کو الٹ دو اور جو آٹا گوندھا گیا ہے اس کو اونٹوں کو کھلا دو پھر انھیں یہ حکم دیا کے اس کنویں سے پانی نکالیں جس کنویں پر حضرت صالح کی اونٹنی آیا کرتی تھی۔۱۸۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موجودہ بندر اور خنزیر کیا ان کی نسل سے ہیں جن کو مسخ کیا گیا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی جس قوم کو ہلاک کرتا ہے یا جس قوم پر عذاب نازل کرتا ہے تو اس کی نسل کو جاری نہیں کرتا اور بندر اور خنزیر تو ان سے پہلے بھی ہوتے تھے۔۱۹۔

قوم عاد (حضرت ہود علیہ السلام کی قوم)

عاد ایک شخص کا نام تھا جو کہ عمالیق سے تھا یہ کثیر الاولاد تھا اور یہ لوگ کئی قبائل میں منقسم تھے جو یمن کے احقاف (ٹیلوں، ریگستان) میں رہتے تھے یہ حضرت ہود علیہ سلام کی قوم تھی قوم عاد جہاں پر آباد تھی یہ علاقہ ایک طرف یمن اور حضرموت سے ملتا اور دوسری طرف اس کے عقب میں ربع الخالی کا صحرا ہے یورپی محققین کی تلاش کے نتیجے میں اس علاقہ میں بہت سے شہاب ثاقب دریافت ہوئے اور قرین قیاس ہے کے قوم عاد پر جب عذاب نازل ہوا تو سردیوں کا زمانہ تھا ایک بہت بڑا شہاب ثاقب اور اس کے ساتھ چھوٹے چھوٹے شہاب ثاقب قوم عاد کی رہائش سے کچھ فاصلہ پر گرے جس سے بہت زبردست زلزلے کے جھٹکے محسوس ہوئے، گرد و غبار اٹھنے لگا گھروں میں سوئے ہوئے لوگ زلزلے کی آوازوں سے گھروں سے نکل کر میدان میں آ گئے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَفِیْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَیْهِمُ الرِّیْحَ الْعَقِیْمَ مَا تَذَرُ مِنْ شَیْءٍ اَتَتْ عَلَیْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِیْمِ۔۲۰۔

ترجمہ۔قوم عاد میں بھی حیرت انگیز نشانیاں ہیں جب ہم نے ان پر رحمت سے خالی آندھی بھیجی جو کسی چیز کو نہیں چھوڑتی تھی وہ جس پر سے بھی گزرتی اس کو ریزہ ریزہ کر دیتی۔

اس آیت میں لفظ رَّمِیۡمِ استعمال ہوا ہے جب گھاس سوکھ کر چور چور ہو جائے تو اس کو رَّمِیۡمِ اور ھشیم کہا جاتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا! جو چیز بوسیدہ ہو کر ہلاک ہو جائے اس کو رَّمِیۡمِ کہتے ہیں۔

ابو العالیہ کہتے ہیں! جن پتھروں کو کوٹ کر ریزہ ریزہ کر دیا جائے اس کو رَّمِیۡمِ کہتے ہیں۔

قطرب نے کہا! رَّمِیۡمِ کے معنی راکھ ہے۔جو ہڈی بوسیدہ ہو کر ریزہ ریزہ ہو جائے اس کو بھی رَّمِیۡمِ کہتے ہیں لہٰذا اس آیت کے معنی یہ ہوئے کے اس تند و تیز آندھی نے قوم عاد کے اجسام کو توڑ پھوڑ کر ریزہ ریزہ کر دیا۔

گرد بار: (Twister Tirnado):

گرد بار ہوا کو آندھی یا طوفان بھی کہتے ہیں اس میں گردش کرنے والی ہوا کی رفتار ۳۰۰ میل فی گھنٹہ ہوتی ہے جبکہ ایک سمت میں چلنے کی رفتار ۵۰ میل فی گھنٹہ تک ہوتی ہے یہ طوفان اتنے شدید ہوتے ہیں کے مکانوں کی چھتیں اڑ جاتی ہیں۔پکے مکانات زمین بوس ہو جاتے ہیں بڑے بڑے ٹریلرز کو یہ ہوائیں میلوں دور پھینک دیتی ہیں حتیٰ کے جانور تک ہوا میں اڑنے لگ جاتے ہیں اس طوفان میں بجری یا پتھر راکٹ کی رفتار سے حرکت کرتے ہیں جس کی زد میں آنے والی ہر شے تباہ و برباد ہو جاتی ہے جاندار ملبے میں دب کر مر جاتے ہیں ان طوفانون کے ساتھ عام طور پر بارش بھی ہوتی ہے جس سے مٹی کیچڑ میں تبدیل ہو جاتی ہے بعض طوفان کڑک اور بجلی کی چمک کے ساتھ آتے ہیں بجلی کی چمک اتنی شدید ہوتی ہے کے بڑے بڑے محلات اور درخت زمین بوس ہو جاتے ہیں ایک اندازے کے مطابق ایک طوفان میں تقریباً ۵۰ سے ۱۰۰ مرتبہ بجلی چمکتی ہے متوسط قسم کے طوفان بادو باراں میں دس ایٹم بم کے برابر

طاقت ہوتی ہے جبکہ بجلی کے ایک فلیش میں میں اتنا کرنٹ ہوتا ہے کے چھوٹے شہر میں ایک سال کی بجلی کی ضروریات پوری ہوسکتی ہیں ایک فلیش میں تقریباً ۳۰،۰۰۰ (ایمپیئر کرنٹ) ہوتا ہے اور اس کا فلو ۶۰،۰۰۰ فارن ہائیٹ تک پہنچ جاتا ہے جو کے سورج میں پیدا ہونے والی گرمی سے بھی زیادہ درجہ حرارت زیادہ ہونے کی وجہ سے ہوا کی رفتار آواز سے بھی زیادہ ہوجاتی ہے۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا فَالْعَاصِفَاتِ عَصْفًا وَالنَّاشِرَاتِ نَشْرًا فَالْفَارِقَاتِ فَرْقًا۔

ترجمہ۔ان ہوؤاں کی قسم جو مسلسل بھیجی جاتی ہیں پھران ہواؤں کی قسم جو بہت تیز چلتی ہیں پھر ان ہواؤں کی قسم جو بادلوں کو پھیلاتی ہیں۔۲۱؎

شہاب ثاقب: (Leonid):

شہاب ثاقب جب زمین کی حدود اور فضاء میں داخل ہوتے ہیں تو ان کی رفتار بہت زیادہ ہوتی ہے ہوا میں رگڑ کھانے کی وجہ سے یہ جلنے لگتے ہیں بہت چھوٹے شہاب ثاقب اکثر جل کر ہوا ہی میں ختم ہوجاتے ہیں اور زمین تک نہیں پہنچ پاتے ہیں البتہ بہت بڑے بڑے شہاب ثاقب زمین تک پہنچ جاتے ہیں جن کے گرنے سے شدید دھماکے ہوتے ہیں ان دھماکوں سے زلزلے کی کیفیت پیدا ہوجاتی ہے یہ شہاب ثاقب کئی دنوں کے بعد ٹھنڈے ہوتے ہیں۔

شہاب ثاقب میں شدید حرارت کی وجہ سے ہوا گرم ہوکر جب اوپر اٹھی تو زمین پر ہوا کا دباؤ کم ہوگیا اور زمین میں خلاء بڑھ گیا یہ دباؤ اتنا کم تھا کہ ہوا بہت تیزی کے ساتھ جگہ کو پر کرنے کے لئے خلاء میں داخل ہوگئی چونکہ یہ واقعہ سردیوں کا تھا اس لئے سرد ہوائیں زیادہ چلیں اور شہاب ثاقب کو ٹھنڈا ہونے میں ایک ہفتہ سے زیادہ وقت لگا اس لئے سرد ہوا سات دن اور آٹھ راتوں تک چلتی رہی قوم عاد لے لوگ نہایت تندرست وتوانا اور بڑے قد کاٹھ کے تھے ان طوفانی ہوؤں نے انھیں اٹھا اٹھا کر پٹخنا شروع کردیا یہاں تک کے ان کی ہڈیاں کھجور کے

بکھرے تنے کی مانند ہو گئیں۔

اسی حوالے سے ارشاد خداوندی!

وَفِیْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَیْہِمُ الرِّیْحَ الْعَقِیْمَ مَا تَذَرُ مِنْ شَیْءٍ اَتَتْ عَلَیْہِ اِلَّا جَعَلَتْہُ کَالرَّمِیْمِ ۔۲۲؎

ترجمہ۔قوم عاد میں عبرت ہے جب ہم نے ان پر خیر و برکت سے خالی آندھی بھیجی جو کسی چیز کو خالی نہیں چھوڑتی تھی وہ جس پر سے بھی گزرتی اس کو ریزہ ریزہ کر دیتی۔

(رَّمِیْمِ ، ریزہ ریزہ کرنے والی)۔

جو ہوا مشرق سے مغرب کی طرف چلے اس کو صبا کہتے ہیں جبکہ جو ہوا مغرب سے مشرق کی جانب چلے اس کو دبور کہا جاتا ہے۔۲۳؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری مدد صبا سے کی گئی ہے جبکہ قوم عاد کو دبور سے ہلاک کیا گیا ہے۔۲۴؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا مطلب یہ ہے! قرآن کریم میں اکثر طور پر ریح کا لفظ ضرر پہنچانے والی آندھی کے لئے آیا ہے اور ریاح کا لفظ نفع پہنچانے والی اور برسانے والی ہواؤں کے لئے آیا ہے اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے! اے اللہ! تو اس آندھی کو ریاح بنا دے اور ریح نہ بنا۔۲۵؎

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آسمان پر بادل آتے دیکھتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام کام چھوڑ کر اس کی جانب متوجہ ہو جاتے اور یہ دعا کرتے اے اللہ! میں کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں اگر بادل چھٹ جاتا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالی کی حمد ثناء فرماتے اور کہتے! اے اللہ! اس کو نفع پہنچانے والا پانی بنا دے۔۲۶؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بادل گرجنے اور بجلی کڑکنے کی آواز سنتے تو یہ دعا کرتے! اے اللہ! ہمیں اپنے غضب سے ہلاک نہ کر اور نہ ہی ہمیں اپنے

عذاب سے ہلاک کر اور اس سے پہلے ہمیں اپنی عافیت میں رکھ۔۲۷؎

ارشاد خداوندی ہے!

إِنَّآ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ۔۲۸؎

ترجمہ۔ بے شک ہم نے ان پر منحوس دن میں تیز لگاتار چلنے والی آندھی بھیجی۔

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۔۲۹؎

ترجمہ۔کیا تم نے نہیں دیکھا کے تمھارے رب نے اونچی عمارتوں والے عاد ارم سے کیا سلوک کیا۔

بدھ کی شام کو سخت سرد آندھی چلنی شروع ہوئی پھر لگاتار سات راتیں اور آٹھ دن چلتی رہی یہ آندھی گھروں میں بند انسانوں کو ان کے گھر کے دروازے توڑ کر اٹھاتی اور انھیں زمین پر اس طرح پٹختی کہ ان کے سر دھڑ سے الگ ہوجاتے اس آندھی کو دبور کہا جاتا ہے قوم عاد دراز قد اور مضبوط قد کاٹھ کے، قوی ہیکل افراد تھے۔

فَأَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوا مَنْ أَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَهُمْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ ۔۳۰؎

ترجمہ۔ پس قوم عاد نے زمین میں ناحق تکبر کیا اور کہا ہم سے طاقت میں کون زیادہ ہے، کیا انہوں نے دیکھا نہیں کہ اللہ جس نے انہیں پیدا کیا ہے وہ ان سے طاقت میں کہیں بڑھ کر ہے، وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے رہے۔

وہ پہاڑوں میں گھر بناتے تھے حضرت ہود علیہ السلام انھیں اللہ کے غضب سے ڈراتے تھے مگر وہ بعض نہ آتے اور غرور و تکبر میں ڈوبے رہتے تب اللہ تعالی نے ان پر ایک سخت آندھی بھیجی۔

قوم لوط (حضرت لوط علیہ السلام کی قوم)

حضرت لوط علیہ السلام ،حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بھتیجے حضرت لوط علیہ السلام کو مصر کے بادشاہ ہیکسوس کی جانب سے دئے گئے تحائف میں سے کئی مال و مویشی اور غلام و کنزیں ہدیہ میں پیش کرتے ہوئے دین اسلام کی ترویج واشاعت کے لئے سرزمین اردن کی جانب بھیجا جہاں حضرت لوط علیہ السلام نے دریائے اردن کے کنارے واقع دوشہر 'سدوم' اور 'عمورہ' کی جانب قیام فرمایا آپ نے یہاں دین اسلام کی تبلیغ واشاعت فرمائی لیکن آپ کی قوم ایک انتہائی قبیح فعل ہم جنس پرستی یعنی (Homosex) کی شدت سے شکار تھی اور یہ قبیح فعل اسی قوم نے سب سے پہلے دنیا میں متعارف کروایا تاہم اس قوم پر بھی اللہ کی جانب سے عذاب کا فیصلہ طے ہوا۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

كَذَّبَتۡ قَوۡمُ لُوۡطٍۭ بِالنُّذُرِ ۔ ۳۱؎

ترجمہ۔لوط کی قوم نے عذاب سے ڈرانے والے رسولوں کی تکذیب کی۔

اِنَّاۤ اُرۡسِلۡنَاۤ اِلٰى قَوۡمِ لُوۡطٍ ۔ ۳۲؎

ترجمہ۔فرشتوں نے کہا کہ! بے شک ہمیں مجرم قوم کی طرف بھیجا گیا ہے۔

قَالُوۡۤا اِنَّاۤ اُرۡسِلۡنَاۤ اِلٰى قَوۡمٍ مُّجۡرِمِيۡنَ لِنُرۡسِلَ عَلَيۡهِمۡ حِجَارَةً مِّنۡ طِيۡنٍ مُّسَوَّمَةً عِنۡدَ رَبِّكَ لِلۡمُسۡرِفِيۡنَ ۔ ۳۳؎

ترجمہ۔(فرشتوں نے کہا) ہم ایک مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں، تاکہ ہم ان پر مٹی کے پتھر برسائیں جو آپ کے رب کے نزدیک حد سے بڑھنے والوں کے لئے نشان زدہ ہیں۔

اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ حَاصِبًا اِلَّاۤ اٰلَ لُوۡطٍ نَّجَّيۡنٰهُمۡ بِسَحَرٍ ۔ ۳۴؎

ترجمہ۔بے شک ہم نے ان پر پتھر برسائے ماسواء آل لوط کے ہم نے انھیں سحری کے وقت بچالیا۔

ایک قول کے مطابق ! وہ پتھر سفید اور کالی دھاری دار تھے جبکہ دوسرے قول کے مطابق ! وہ کالی اور سرخ دھاری دار پتھر تھے اور ہر پتھر پر اس شخص کا نام لکھا ہوا تھا ۔

اس آیت میں حَاصِبًا کا لفظ ہے جس کے معنی وہ تیز ہوا جو کنکریاں برساتی ہو یعنی پہلے ان کی بستیوں کو الٹ دیا گیا پھر ان پر تیز ہوا جن میں کنکریاں بھی شامل تھیں اس کی بارش کی گئی ۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں !

قَالُوٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ۔ ۳۵ ؎

ترجمہ۔فرشتوں نے کہا کے بے شک ہمیں ایک مجرم قوم کی طرف بھیجا گیا ہے تاکہ ہم ان پر مٹی سے بنے ہوئے پتھر برسائیں جو پتھر آپ کے رب کی طرف سے نشان زدہ تھے یہ ان کے لئے ہے جو حد سے گزرنے والے ہیں ۔

ایک قول ہے کے وہ پتھر سیاہ یا سفید دھاری دار تھے جبکہ ایک دوسرے قول کے مطابق ! وہ پتھر سیاہ اور سرخ دھاری دار تھے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کے وہ پتھر عذاب نازل کرنے کے لئے معروف تھے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کے ہر پتھر پر اس شخص کا نام لکھا ہوا تھا جس شخص کو جا کر وہ پتھر لگنا تھا اور اس سے اس کی موت واقع ہونی تھی ۔

وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۔ ۳۶ ؎

ترجمہ۔ بے شک انھوں نے لوط سے ان کے مہمانوں کو طلب کیا تو ہم نے ان کی آنکھیں اندھی کر دیں پس میرے عذاب اور میرے ڈرانے کا مزا چکھو۔

فرشتے حسین لڑکوں کی شکل میں حضرت لوط کے پاس مہمان بن کر آئے تھے ان کی قوم کے اوباش لوگوں نے حضرت لوط علیہ السلام سے کہا کے ان لڑکوں کو ہمارے حوالے کر دیں اور وہ دروازہ توڑ کر حضرت لوط علیہ السلام کے گھر میں جا گھسے حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ان کے اوپر اپنا پر مارا جس سے وہ سب اندھے ہو گئے ایک روایت ہے کے ان کی آنکھ کی جگہ

سپاٹ ہوگئی اور آنکھوں کی جگہ کوئی گڑھا نہ رہا جبکہ دوسری روایت یہ ہے کے ان کی آنکھیں تو تھیں پر انھیں کچھ نظر نہیں آ رہا تھا پھر اللہ تعالی نے انھیں عذاب کا مزہ چکھایا۔

اسی حوالے سے ارشادات خداوندی ہیں!

وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ۔ ۳۷

ترجمہ۔ بے شک انھیں طے شدہ عذاب نے علی الصبح تباہ کر دیا۔

یہ وہ عذاب تھا جو دنیا میں ان پر مسلسل جاری رہا اور اس عذاب نے ان کی بستی کے نچلے حصہ کو اوپر اور اوپر کے حصہ کو نیچے کر دیا تھا۔

وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ قَآئِلُوْنَ فَمَا كَانَ دَعْوٰهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۔ ۳۸

ترجمہ۔ ہم نے کتنی ہی بستیوں کو ہلاک کر دیا، پس ان پر ہمارا عذاب اچانک رات کے وقت آیا یا جس وقت وہ دوپہر کو سو رہے تھے جب ان پر ہمارا عذاب آیا تو اس وقت ان کی یہی چیخ و پکار تھی کہ ہم ظالم تھے۔

یہاں بَاْسُنَا کے معنی خوف، شدید اور جنگ میں شدت کے ہیں

علامہ راغب اصفہانی نے لکھا ہے! بَاْسُنَا کے معنی عذاب کے ہیں۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ۔

ترجمہ۔ اللہ کی گرفت بہت شدید ہے اور اللہ کا عذاب بہت سخت ہے۔ ۳۹

امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۰ھ) اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں!

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کوئی قوم اس وقت تک عذاب سے ہلاک نہیں ہوئی جب تک کہ انھوں نے خود اس عذاب کا عذر بیان نہ کیا ہو راوی کہتے ہیں کے میں نے عبدالملک سے پوچھا کے یہ کس طرح سے ہوسکتا ہے تو انھوں نے یہ آیت پڑھی!

فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ۔ ۴۰؎

ترجمہ۔ جب ان پر ہمارا عذاب آیا تو اس وقت ان کی یہی چیخ و پکار تھی کے بے شک ہم ہی ظالم تھے۔

اصحاب الرس

جس طرح سے کفار مکہ نے رسول اللہ ﷺ کی تکذیب کی بالکل اسی طرح سے حضرت نوح علیہ السلام کی قوم نے آپ کی تکذیب کی۔

الرس۔ کے دو معنی ہیں۔

ا۔ زمین کا کوئی بھی گڑھا خواہ وہ قبر کا یا کنویں کا گڑھا ہی کیوں نہ ہو اس کو الرس کہا جاتا ہے۔

۲۔ وہ کنواں جس کو کسی چیز سے ڈھانکا نہ گیا ہو اور نہ ہی اس کے گرد منڈیر بنائی گئی ہو ایسا اندھا کنواں کے جس میں لوگوں کے گرنے کا اندیشہ ہو اس کو بھی الرس کہا جاتا ہے۔ اصحاب الرس سے متعلق چار اقوال ہیں۔

ا۔ ضحاک نے کہا! یہ وہ کنواں ہے جس میں صاحب یسین کو قتل کر کے ڈال دیا گیا تھا۔

۲۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا! یہ آذر بائی جان کے لوگوں کا کنواں ہے۔

۳۔ قتادہ اور زہیر نے کہا! اس سے مراد اہل یمامہ ہیں انھوں نے بہت کنویں بنائے تھے۔

۴۔ اس سے مراد اصحاب الخذود ہیں۔ ۴۱؎ ارشاد خداوندی ہے!

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ۔ ۴۲؎

ترجمہ۔ اس سے پہلے نوح کی قوم نے اور اندھے کنویں والوں نے اور ثمود نے جھٹلایا تھا۔

اس آیت میں ثمود کا ذکر ہے۔

حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کو قوم ثمود کہا جاتا ہے۔

یہ عرب کے قدیم لوگ تھے۔

ایکہ والے

قرآن کریم میں ایکہ والوں کے حوالے سے ارشاد خداوندی ہے!

وَاَصْحٰبُ الْاَیْکَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ کُلٌّ کَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِیْدِ۔ ۴۳؎

ترجمہ۔ ایکہ والوں اور تبع کی قوم نے ان میں سے ہر ایک نے رسولوں کو جھٹلایا۔

ایکہ۔ اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں بہت زیادہ جنگل اور گھنے درخت ہوں یعنی درختوں کا جھنڈ ہو بعض لوگوں نے یہ کہا کے یہ کسی خاص شہر کا نام ہے حضرت شعیب اصحاب ایکہ اور اہل مدین کی طرف مبعوث کئے گئے تھے اور دونوں ہی قوم پر عذاب الٰہی آیا اہل مدین ایک خوفناک چیخ سن کر ہلاک ہو گئے جبکہ اصحاب ایکہ جس جنگل میں تھے ان پر بادل کا عذاب آیا تھا اس آیت میں قوم تبع کا ذکر بھی کیا گیا ہے تبع عرب کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ تھا۔

قتادہ کہتے ہیں! تبع کی قوم سے مراد قوم سبا ہے اور سبا میں حمیر نامی ایک قبیلہ تھا جو کے اپنے بادشاہ کو تبع کہا کرتے تھے جس طرح سے روم کے بادشاہ کو قیصر کہا جاتا ہے یا فارس کے بادشاہ کو کسریٰ کہا جاتا ہے قوم سبا اپنے وقت کی ایک عظیم قوم تھی۔

حافظ ابن کثیر نے کہا! دو تبع تھے جن میں سے ایک پہلے کافر تھا اور بعد میں وہ مسلمان ہو گیا۔

حضرت سہل بن سعد ساعدی نے بیان کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تبع کو برا نہ کہو کیونکہ وہ مسلمان ہو چکا تھا۔ ۴۴؎

اصحاب حضرت عیسیٰ ابن مریم

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حواریوں سے کہا! تم تیس (۳۰) دن کے روزے رکھو پھر تم اللہ سے جو دعا بھی کرو گے اللہ اس کو قبول فرمائے گا چنانچہ حواریوں نے تیس دن کے روزے رکھے اور انھوں نے حضرت عیسیٰ ابن مریم سے کہا!

اِذْ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ یٰعِیْسَى ابْنَ مَرْیَمَ هَلْ یَسْتَطِیْعُ رَبُّكَ اَنْ یُّنَزِّلَ عَلَیْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ۔ ۴۵؎

ترجمہ۔اے عیسیٰ ابن مریم! یا آپ کا رب ہم پر آسمان سے کھانے کا ایک خوان اتار سکتا ہے؟ تو عیسیٰ نے کہا کے اللہ سے ڈرو اگر تم مومن ہو؟

قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ۔ ۴۶؎

ترجمہ۔انھوں نے کہا! ہم یہ چاہتے ہیں کے ہم اس خوان میں سے کھائیں اور ہمارے دل مطمئن ہو جائیں اور ہمیں یہ معلوم ہو جائے کے آپ نے جو کچھ ہم سے کہا ہے وہ سچ ہے اور ہم اس پر گواہ ہوں۔

قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْن۔ ۴۷؎

ترجمہ۔اس پر عیسیٰ ابن مریم نے دعا کی کے خدایا! اے ہمارے رب! ہم پر آسمان سے ایک خوان نازل فرما جو ہمارے لئے اور ہمارے اگلے پچھلوں کے لئے ایک خوشی (عید) کا موقع ہو اور تیری طرف سے ایک نشانی ہو ہم کو رزق عطا فرما اور تو بہترین رزاق ہے۔

اس دعا کے بعد اوپر تلے دو بادلوں کے درمیان ایک دستر خوان نازل ہوا اور لوگ اس کی طرف دیکھ رہے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے کہا! فرشتے اس دستر خوان کو اٹھائے ہوئے تھے اس میں سات مچھلیاں اور سات روٹیاں تھیں جیسے تمام لوگوں نے سیر ہو کر تناول کیا۔

حضرت سلمانؓ روایت کرتے ہیں! اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ ابن مریم کو وحی کی!

قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ۔ ۴۸؎

ترجمہ۔اے عیسیٰ میں یہ خوان نازل کرنے والا ہوں مگر اس کے بعد اگر کسی نے کفر کیا تو میں اس کو ایسی سزا دوں گا جو دنیا میں کسی کو نہ دی ہوگی۔

حضرت عیسیٰ ابن مریم نے اپنی قوم کو تبلیغ کی تاہم حواریوں کو یہ خوف لاحق ہوا کے کہیں اس مائدہ کے نزول اللہ کی ناراضگی کی وجہ تو نہیں اگرچہ حضرت عیسیٰ ابن مریم نے اپنی قوم کے غرباء معذور، کوڑھیوں اور دیوانوں کو یہ رزق کھلاتے ہوئے فرمایا کے اپنے رب کے رزق اپنے نبی کی دعا اور اپنے رب کی نشانی سے کھاؤ اور اس کی برکت تمھارے لئے ہوگی جبکہ اس کی نحوست دوسروں کے لئے۔

ایک روایت کے مطابق! تقریباً تیرہ سو مرد و عورت نے اس طعام کو جی بھر کے تناول کیا لیکن دسترخوان بالکل اسی طرح سے کھانے سے لبریز تھا پھر دسترخوان کو آسمان پر اٹھالیا گیا اور وہ سب اس کے سائے کو دیکھتے رہے یہاں تک کے وہ نظروں سے اوجھل ہوگیا تاہم جس فقیر، بیمار یا بھوکے نے اس دسترخوان سے کھانا کھایا وہ تادم حیات کھانے سے مستغنی، سیر اور صحت مند ہوگیا جب دوسری بار دسترخوان نازل ہوا تو امیر وغریب سب کے سب اس پر ٹوٹ پڑے تو حضرت عیسیٰ نے ان سب کی باریاں مقرر فرمادیں چنانچہ ایک دن بیچ کر کے مائدہ آسمان سے نازل ہوتا اور چالیس دن تک یہی معمول رہا پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ ابن مریم کو وحی فرمائی کے اس طعام میں سے صرف اور صرف غرباء، مساکین، اپاہج اور نادار افراد ہی کھائیں گے یہ سن کر امراء اور اغنیاء ناراض ہوئے اور انھوں نے برائیوں کو پھیلانا شروع کردیا اور اس مائدہ پر شک کیا تاہم ایک شخص نے حد سے بڑھتے ہوئے یہ بھی کہہ دیا! اے کلمۃ اللہ اور روح اللہ! کیا واقعی یہ مائدہ ہمارے رب کی طرف سے نازل ہوتا ہے؟

اس پر حضرت عیسیٰ ابن مریم نے جواب دیا کے تمھارے لئے تباہی ہو تم ہلاک ہوجاؤ اور تم پر عذاب نازل ہوگا الا یہ کے تمھیں اللہ معاف فرمادے اور تم پر رحم فرمائے پھر حضرت عیسیٰ ابن مریم نے اللہ سے دعا فرمائی!

اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

ترجمہ۔(اللہ) اگر تو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو انھیں بخش دے تو،

تو بہت غالب اور بڑی حکمت والا ہے۔۴۹۔

پھر حضرت عیسیٰ ابن مریم نے ان سرکشوں کو عذاب الٰہی کی وعید سنائی جس کے نتیجے میں ۳۳ افراد کو اللہ نے مسخ کر کے خنزیر بنا دیا وہ رات کو اپنی بیویوں کے ساتھ بے خوفی سے سوئے ہوئے تھے لیکن جب وہ صبح بیدار ہوئے خنزیر بن چکے تھے اور گھاس پر سے لید اور گندگی کو تلاش کر کے کھا رہے تھے۔ حضرت عیسیٰ ابن مریم اور ان مسخ شدہ افراد کے گھر والے انھیں دیکھ کر روتے حضرت عیسیٰ ابن مریم نے ان میں سے ایک ایک شخص کو اس کے نام سے مخاطب کر کے فرمایا! ائے فلاں بن فلاں کیا میں نے تمھیں اللہ کے عذاب سے نہیں ڈرایا تھا؟ جس کو سن کر وہ اثبات میں سر ہلاتے تھے۔۵۰۔

اس واقعے کی تائید درج ذیل آیات میں اس طرح سے کی گئی ہے!

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ۔۵۱۔

ترجمہ۔ بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کیا ان پر داوٗد اور عیسیٰ ابن مریم کی زبان سے لعنت کی گئی کیونکہ وہ سرکش ہو گئے تھے اور زیادتیاں کرنے لگے تھے۔

قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَاۗءِ السَّبِيْلِ۔۵۲۔

ترجمہ۔ کہہ دو کیا میں تمہیں بتاؤں کہ اللہ کے ہاں ان میں سے کس کی بری جزا ہے، وہی جس پر اللہ نے لعنت کی اور اس پر غضب نازل کیا اور بعضوں کو ان میں سے بندر بنایا اور بعضوں کو سور اور جنہوں نے شیطان کی بندگی کی، وہی لوگ درجہ میں بدتر ہیں اور راہ راست سے بھی بہت دور ہیں۔

اصحاب الفیل

ابراہہ نامی ایک بااثر شخص حبشہ کی فوج میں موجود تھا جو کہ شاہ حبشہ کی موت کے بعد ان کا نائب یا جانشین مقرر ہوا یونانی مورخین اس کا نام 'ابرامس' اور سریانی مورخین اسے 'ابراھام' کہتے ہیں جبکہ حبشی تلفظ میں اسے 'ابراہہ' کہا گیا ابراہہ نامی یہ شخص رفتہ رفتہ یمن کا خودمختار بادشاہ بن گیا اس شخص کے دو مقاصد تھے۔

ا۔عرب میں عیسائیت کا پرچار۔

۲۔اور اس تجارت پر قابض ہونا جو بلادِ مشرق اور رومی مقبوضات کے درمیان عربوں کے ذریعہ ہوتی تھی۔

ابراہہ نے پہلے مرحلے میں یمن کے دارالسلطنت صنعاء میں ایک عظیم الشان کلیساء تعمیر کروایا جس کا ذکر عرب مورخین نے بھی کیا پھر اس نے شاہ حبشہ کو ایک خط لکھا کے میں عربوں کا حج اس کلیساء میں موڑے بغیر نہیں رہوں گا چنانچہ وہ اس خطے سے خانہ کعبہ کی مرکزیت کو ختم کرنا چاہتا تھا تاہم اپنے انھی مذموم عزائم کی خاطر وہ دن رات خانہ خدا کی مرکزیت کے خلاف سازشوں میں لگا رہتا اس کے ساتھ ہی اس نے یہ قسم بھی کھائی کے میں جب تک چین سے نہ بیٹھوں گا جب تک میں خانہ کعبہ کو ڈھا نہ دوں۔قرآن کریم اس حملہ آور گروہ کو 'اصحاب الفیل' کے نام سے بیان کرتا ہے 'فیل' عربی زبان میں ہاتھی کو کہتے ہیں اسی اعتبار سے ابراہہ کا عظیم الشان لشکر جس میں ہاتھی بھی تھے اور جس کی تعداد ۶۰،۰۰۰ کے قریب بیان کی جاتی ہے وہ مکہ کی جانب خانہ کعبہ کو ڈھانے کے غرض سے چلا اس لشکر یا فوج کو قرآن کریم میں 'اصحاب الفیل' کے نام سے سورہ الفیل میں بیان کیا جس میں ابراہہ کے مذموم عزائم کو اللہ نے خاک میں ملاتے ہوئے اس کا ذکر کیا۔اس حوالے سے دو روایات بیان کی جاتی ہیں۔

پہلی روایت محمد بن اسحاق بیان کرتے ہیں ! ابراہہ کے لوگ اہل قریش کے کچھ جانور لوٹ کر لے آئے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا حضرت عبدالمطلب کے دوسو اونٹ بھی تھے

ابراہہ نے اپنے ایلچی کے ذریعے اہل مکہ کو یہ پیغام بھیجا کہ! میں تم لوگوں سے لڑنے نہیں بلکہ خانہ کعبہ کو ڈھانے کے ارادے سے آیا ہوں اگر تم لوگ مجھ سے نہیں لڑو گے تو میں تم لوگوں سے کوئی تعرض نہیں کروں گا ابراہہ کے ایلچی نے یہ پیغام مکہ کے سب سے بڑے سردار عبدالمطلب کو دیا تو انھوں نے جواب دیا کے ہم ابراہہ سے لڑنے کی طاقت نہیں رکھتے یہ اللہ کا گھر ہے وہ چاہے گا تو خود اپنے گھر کی حفاظت فرمائے گا اس پر ایلچی نے کہا کے آپ میرے ساتھ ابراہہ کے پاس چلیں یہ سن کر حضرت عبدالمطلب ابراہہ سے ملنے کے لئے تیار ہو گئے جب آپ ابراہہ کے پاس پہنچے تو ابراہہ آپ کی شخصیت کے رعب ودبدبے سے بے حد متاثر ہوا اور اس نے آپ کی بڑی پذیرائی کی پھر ابراہہ نے عبدالمطلب سے پوچھا کے آپ کیا چاہتے ہیں؟ جس پر عبدالمطلب نے جواب دیا کے آپ میرے دوسو اونٹ مجھے واپس لوٹا دیں عبدالمطلب کے منہ سے اونٹ کی بات سن کر ابراہہ حیران رہ گیا اس نے کہا! آپ کو دیکھ کر میں بے حد متاثر ہوا تھا لیکن آپ کی بات سن کر آپ کی قدر میری نظر میں کم ہوگئی کیونکہ میں اس گھر کو ڈھانے کے ارادے سے آیا ہوں جو کہ آپ کے آباؤ اجداد کا مرجع ہے اس کے بارے میں تو آپ نے کوئی بات ہی نہیں کی؟ یہ سن کر عبدالمطلب نے کہا کے میں اپنے اونٹوں کا مالک ہوں اس لئے میں انھی کی بات کر رہا ہوں اب رہ گیا اس گھر کا معاملہ تو جو اس گھر کا مالک ہے وہ ہی اس کی حفاظت فرمائے گا، ابراہہ نے یہ سن کر کہا کے لیکن وہ مجھ سے اپنے گھر کو کبھی بھی نہ بچا پائے گا حضرت عبدالمطلب نے کہا کے آپ جانے اور وہ یہ کہہ کر حضرت عبدالمطلب، ابراہہ کے پاس سے اٹھ کر واپس آ گئے جبکہ ابراہہ نے ان کے اونٹ بھی انھیں لوٹا دئے۔

دوسری روایت حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے مروی ہے، وہ اس روایت میں اونٹوں کے مطالبے کا سرے سے ذکر ہی نہیں کرتے ہیں بلکہ یہ کہتے ہیں کے عبدالمطلب خود ابراہہ کے پاس گئے اور اس سے کہا کے آپ کو یہاں آنے کی کیا ضرورت تھی؟ اگر آپ کو کوئی چیز مطلوب

تھی تو آپ ہمیں کہلا بھیجتے ابراہہ نے کہا کے میں خانہ کعبہ جو کے امن کا گھر ہے میں اس کا امن ختم کرنے اور اسے ڈھانے کے ارادے سے آیا ہوں اور میں اسے منہدم کئے بغیر ہرگز یہاں سے نہ جاؤں گا اس پر عبد المطلب نے کہا کے آپ کو جو چیز چاہئے وہ ہم سے لے لیں لیکن اپنے ارادے سے باز رہیں لیکن ابراہہ نے انکار کرتے ہوئے اپنے لشکر کو عبد المطلب سے آگے بڑھا لیا۔

مورخین بیان کرتے ہیں! یہ واقعہ ۵۷۱ء محرم الحرام کا ہے جب ابھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا نہیں ہوئے تھے ابھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش میں تقریباً تین ماہ باقی تھے یعنی ماہ ربیع الاول میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش ہوئی، مفسرین کی اکثریت کی یہ رائے ہے کے اس واقعہ کے ۵۰ دن کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش ہوئی جب ہی مورخین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش کو عام الفیل کہتے ہیں یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس سال پیدا ہوئے جس سال ہاتھی والے مکہ پر حملہ آور ہوئے تھے۔ ابراہہ کا ۶۰،۰۰۰ کا عظیم الشان لشکر مکہ سے ایک وادی پہلے وادی محسر میں ٹھہرا ہوا تھا۔ حضرت عبد المطلب ابراہہ سے بات کرنے کے بعد خانہ کعبہ تشریف لے گئے اور انھوں نے خانہ کعبہ کا دروازہ پکڑ کر یہ دعا مانگی کے اے خانہ کعبہ کے رب! تو اپنے گھر کی حفاظت فرما اور اے میرے رب! میں ابراہہ سے تیرے سوا کسی سے مقابلے کی امید نہیں رکھتا ہوں اے میرے رب! ان سے اپنے حرم کی حفاظت فرما کیونکہ اس گھر کا دشمن تیرا دشمن ہے اپنی بستی کو تباہ ہونے سے بچا آپ یہ دعا مانگ کر پہاڑوں میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ چلے گئے اگلے روز ابراہہ نے اپنے سب سے زور آور اور قابل بھروسہ ہاتھی کو چاہا کے وہ مکہ کی جانب پیش قدمی کرے لیکن ہاتھی الٹے قدموں واپس لوٹنے لگا بہت کوششیں کی گئیں لیکن وہ مکہ کی جانب قدم اٹھانے سے گریزاں تھا چنانچہ سب تدابیر جب اکارت ہوگئیں تو اسے مارا پیٹا گیا لیکن وہ اپنی جگہ سے ٹس سے مس نہ ہوا پھر اچانک آسمان پر چھوٹے چھوٹے پرندوں کے جھنڈ کے جھنڈ نمودار ہوئے جن کی چھوٹی سی چونچ میں چھوٹی چھوٹی کنکریاں

تھیں اور وہ ان کنکریوں کو اس لشکر پر پھینک رہے تھے ایسا معلوم ہوتا تھا کے جیسے آسمان سے سنگریزوں کی بارش شروع ہوگئی اور وہ کنکری جس انسان یا جانور پر پڑتی اس کا جسم گلنا شروع ہوجاتا۔

محمد بن اسحاق اور عکرمہ روایت کرتے ہیں ! کنکری کے پڑتے ہی وہ شخص یا جانور چیچک کے مرض میں مبتلا ہوجاتا اور اسے اس قدر سخت خارش ہوتی اور کھجاتے کھجاتے اس جسم سے خون اور پیپ جاری ہوتی اور تھوڑی ہی دیر میں جسم سے گوشت اور کھال بہہ کر گرنے لگتی اور ہڈیاں ظاہر ہوجاتیں چنانچہ بلاد عرب میں سب سے پہلے چیچک اسی سال دیکھی گئی۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں ! کنکری کے جسم پر لگتے ہی گوشت، خون اور پیپ جسم سے بہنے لگتے اور تھوڑی ہی دیر میں جسم کے اندر کی ہڈیاں نمودار ہوجاتیں ابراہہ کے ساتھ بھی یہی ہوا اور اس کا جسم ٹکڑے ٹکرے ہوکر بہہ گیا افراتفری کے اس عالم میں ان لوگوں نے یمن کی جانب بھاگنا شروع کردیا کچھ لوگ تو اسی وقت ہلاک ہوگئے کچھ راستے میں جبکہ ابراہہ بلاد خثعم پہنچ کر جہنم واصل ہوا یہ واقعہ مزدلفہ اور منیٰ کے درمیان وادی محسر کے مقام پر پیش آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا کے مزدلفہ پورے کا پورا ٹھہرنے کا مقام ہے لیکن وادی محسر میں نہ ٹھہرا جائے بلکہ اگر وہاں سے گزر ہو تو اپنی رفتار کو تیز کردو۔ ۵۳؎

اس واقعے کو قرآن کریم میں اس طرح سے بیان کیا گیا ہے !

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ تَرْمِيهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّن سِجِّيلٍ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ۔ ۵۴؎

ترجمہ۔تم نے نہیں دیکھا کے تمھارے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا؟

کیا اس نے ان کی تدبیر کو اکارت نہیں کردیا؟

اور ان پر پرندوں کے جھنڈ کے جھنڈ بھیج دیئے۔

جو ان پر پکی ہوئی مٹی کے پتھر پھینک رہے تھے۔

پھر ان کا یہ حال کر دیا جیسے جانوروں کا کھایا ہوا بھوسا۔ ۵۴ ۔

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! اس امت کے اچھے لوگوں کو بھی عذاب سے امان میں نا سمجھنا کیونکہ اللہ تعالی نے یہ فرمایا ہے! اللہ کے مکر سے نقصان اٹھانے والی اقوام کے علاوہ اور کون ہے جو اپنے آپ کو امان میں سمجھے؟ اس آگ سے ڈرو جس کی گہرائی طویل، اس کی گرمی شدید اور اس کے عذاب میں ہر دن تبدیلی واقع ہوتی ہے، یہ ایسا ٹھکانہ ہے جہاں رحمت کا وجود تک نہیں، وہاں کسی کی کوئی پکار نا سنی جائے گی اور نا ہی کسی کی تکلیف میں کوئی کمی کی جائے گی۔ برا اخلاق دو عذابوں میں سے ایک عذاب ہے۔

اللہ کے عذاب سے خوف زدہ رہنا متقی کا وطیرہ ہے۔

اللہ کے گھر کی زیارت عذاب جہنم سے امان ہے۔

لوگوں پر ظلم کرنے والا روز قیامت اپنے ظلم کی وجہ سے اوندھے منہ جہنم کا عذاب سہہ رہا ہوگا۔

جھوٹی قسم کھانے والا بھلا کیسے عذاب الہی سے بچ سکتا ہے؟

جو مدد چاہنے والے کو پناہ دیتا ہے اللہ اسے اپنے عذاب سے بچا لیتا ہے۔

وہ شخص اللہ کے عذاب سے نہیں بچ سکتا جس کے شر سے لوگ نا بچ سکیں۔

اپنے نفوس کو عذاب الہی سے اللہ کی اطاعت اور عبادات کے ذریعے بچاؤ۔

جہنم میں وارد ہونے والے ہمیشہ معذب رہیں گے۔

نہایت ہی بعید ہے یہ بات کے ظالم اللہ کے دردناک عذاب اور عظیم سطوت سے بچ جائے۔ ۵۵ ۔

نفسیاتی پہلو

افراد اور اقوام میں موجود غیر یقینی کی کیفیت ایک ایسا پیٹرن ہے جو افراد اور اقوام کو تباہ و برباد کر کے چھوڑتا ہے بظاہر شاید لوگ اس کی شدت اور تباہی سے ناواقف ہوں اور انھیں ایسا لگتا ہو کے بھلا عذاب تو کسی کے اپنے ہی اعمال کا نتیجہ ہوتا ہے لیکن من حیث القوم بھی اختلافات، شک وشبہ، اور گروہ میں بٹ جانا پوری قوم کو ہی عذاب میں لپیٹنے کے لئے کافی ہوتا ہے۔ بے یقینی اور شک وشبہ کی کیفیات میں مبتلا افراد اور اقوام نا صرف خود کئی اقسام کی نفسیاتی، ذہنی اور جسمانی بیماریوں کا با آسانی شکار ہوتی ہیں بلکہ یقین کے پیٹرن کے ٹوٹنے سے وہ سب عذاب کی مستحق بھی ہو جاتی ہیں، عذاب کے معانی بھوک، پیاس، تکلیف اور شدید بے آرامی کی کیفیات، چنانچہ عذاب سے بچنے کے لئے ضروری ہے کے انسان توبہ استغفار کی کثرت کرے، اللہ کی اطاعت اور عبادات کا اہتمام کرے اور اس کے ساتھ ساتھ آپس کے اختلافات کو بھلا کر باہم متحد ہو کر اللہ کی ذات پر یقین کامل رکھتے ہوئے اشیاء کائنات پر غور وفکر کرے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز۔۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز۔ص۔۱۰۷۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ الشعراء۔آیت۔ ۲۱۳۔

۴۔سورہ مریم۔آیت۔ ۷۴۔

۵۔سورہ المومن۔آیت۔ ۸۲۔

۶۔سورہ ق۔آیت۔۳۶۔

۷۔سورہ القمر۔آیت۔ ۲۸۔

۸۔سورہ القمر۔آیت۔۲۹۔۳۰۔

۹۔سورہ ہود۔آیت۔ ۶۵۔

۱۰۔سورہ الذاریات۔آیت۔ ۴۳۔۴۵۔
۱۱۔سورہ ہود۔آیت۔ ۲۷۔۲۸۔
۱۲۔سورہ الحاقہ۔آیت۔۱۔۸۔
۱۳۔سورہ ہود۔آیت۔ ٦٦۔
۱۴۔سورہ القمر۔آیت۔۳۱۔
۱۵۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۷۹۔
۱٦۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔رقم الحدیث۔ ۱۶۰۱۴۱۴مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔
۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵٦ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵٦ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۹۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲٦۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۰۔سورہ الذاریات۔آیت۔۴۱۔ ۴۲۔
۲۱۔سورہ المرسلات۔آیت۔۱۔ ۴۔
۲۲۔سورہ المرسلات۔ ۴۱۔ ۴۲
۲۳۔المفردات باالفاظ القرآن۔علامہ راغب اصفہانی (متوفی۔)۔دارالشامیہ بیروت لبنان۔۱۴۱٦ھ۔
۲۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵٦ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۵۔المسند۔امام محمد بن ادریس شافعی (متوفی ۲۰۴ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۰۰ھ۔
۲٦۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۲۷۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۲۸۔سورہ القمر۔آیت۔ ۱۹۔
۲۹۔سورہ الفجر۔آیت۔ ٦۔۷۔
۳۰۔سورہ حم السجدہ۔آیت۔ ۱۵۔
۳۱۔سورہ القمر۔آیت۔ ۳۳۔
۳۲۔سورہ ہود۔آیت۔ ۷۰۔
۳۳۔سورہ الذاریات۔آیت۔ ۳۲۔ ۳۴۔
۳۴۔سورہ القمر۔آیت۔ ۳۴۔

۳۵۔سورہ الذاریات۔آیت۔۳۲۔۳۴۔

۳۶۔سورہ القمر۔آیت۔۳۷۔

۳۷۔سورہ القمر۔آیت۔۳۸۔

۳۸۔سورہ اعراف۔آیت۔۴۔۵۔

۳۹۔سورہ النسا۔آیت۔۸۴۔

۴۰۔سورہ اعراف۔آیت۔۵۔

۴۱۔النکت والعیون۔علامہ ابوالحسن علی بن محمد بن حبیب ماوردی شافعی (متوفی ۴۵۰ھ)۔دارالکتب العلمیہ۔بیروت۔۱۴۲۲ھ۔

۴۲۔سورہ ق۔آیت۔۱۲۔

۴۳۔سورہ ق۔آیت۔۱۴۔

۴۴۔مسند احمد۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۸ھ۔

۴۵۔سورہ المائدہ۔آیت۔۱۱۲۔

۴۶۔سورہ المائدہ۔آیت۔۱۱۳۔

۴۷۔سورہ المائدہ۔آیت۔۱۱۴۔

۴۸۔سورہ المائدہ۔آیت۔۱۱۵۔

۴۹۔سورہ المائدہ۔آیت۔۱۱۸۔

۵۰۔مختصر تاریخ دمشق۔ج۔۲۰۔ص۔۱۰۶۔مطبوعہ دارالفکر دمشق۔۱۴۰۴ھ۔

۵۱۔سورہ المائدہ۔آیت۔۸۷۔

۵۲۔سورہ المائدہ۔آیت۔۶۰۔

۵۳۔الجامع الصحیح مسلم۔ابوالحسین مسلم بن الحجاج النیشاپوری (متوفی ۲۶۱ھ) کتاب فتن۔باب فتنہ دجال۔مکتبہ۔دارالسلام الریاض۔۲۰۰۰ء۔

۵۴۔سورہ الفیل۔آیت۔۱۔۵۔

۵۵۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۳۲۰۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۴۶۔الریاء۔ریا کاری۔دکھاوا

جان لو کے تھوڑی سی ریا کاری بھی شرک ہے۔(حضرت علیؑ)

ریا۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ر۔ا۔ی) سے مشتق ہے۔ا؎

یراءون۔سے مراد لوگوں کو دیکھانا۔

ریا کاری۔سے مراد لوگوں کو دیکھانے اور اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے نیک ظاہر کرنے کے لئے دکھاوے کی عبادت کرنا۔

ریا کاری۔سے مراد وہ لوگوں کو دکھاتے ہیں کے وہ اللہ کی اطاعت کرتے ہوئے نماز پڑھ رہے ہیں حالانکہ وہ دکھاوے کی نماز پڑھتے ہیں، جیسے فاسق اس لئے نماز پڑھتا ہے کے اس کو نمازی کہا جائے۔

۱۔ریا کار کا پہلا طریقہ یہ ہے کے وہ عبادت کے ذریعے دنیا طلب کرتا ہے اور دکھاوے کی عبادات سے لوگوں کے دلوں میں اپنی جگہ اور عزت پیدا کر سکے، ریا کار شخص دکھاوے کی عبادات کے ذریعے لوگوں سے تعریف اور تحسین کی توقع کرتا ہے۔

۲۔ریا کار کا دوسرا طریقہ یہ ہے کے وہ موٹے کپڑے پہنتا ہے تاکہ یہ ظاہر کرے کے اس کو دنیا میں کوئی رغبت نہیں ہے

۳۔ریا کار کا تیسرا طریقہ یہ ہے کے وہ اپنی باتوں سے ریا کاری کرتا ہے، وہ اہل دنیا کی مذمت کرتا ہے اور نیکی اور عبادت کے ضائع ہونے پر افسوس کا اظہار کرتا ہے۔

۴۔ریا کار کا چوتھا طریقہ یہ ہے کے وہ لمبی لمبی نمازیں پڑھتا ہے اور لوگوں کو دکھا کر بہت خیرات اور صدقات دیتا ہے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَاِذَا قَامُوْا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۔ ۳؎

ترجمہ۔ بے شک منافق (اپنے زعم میں) اللہ کو دھوکا دے رہے ہیں، جبکہ اللہ ان کو دھوکے کی سزا دینے والا ہے اور جب وہ نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں تو سستی سے کھڑے ہوتے ہیں لوگوں کو دکھانے کے لیے اور اللہ کا ذکر بہت ہی کم کرتے ہیں۔

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ۔ ۴؎

ترجمہ۔ان نمازیوں کے لئے ہلاکت ہے۔ جو اپنی نمازوں سے غفلت کرتے ہیں، جو ریا کاری کرتے ہیں اور وہ استعمال کی معمولی چیز دینے سے منع کرتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک ریا شرک ہے۔ ۵؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اس وقت تک بندہ کا ایمان مکمل نہیں ہوگا' جب تک کہ وہ جھوٹ کرترک نہ کردے حتیٰ کے مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولے اور ریا کوترک کردے خواہ وہ اس میں صادق ہو۔ ۶؎

براء بن عبدالرحمانؓ بیان کرتے ہیں، وہ بصرہ میں جب حضرت انس بن مالکؓ کے گھر گئے تو وہ ظہر کی نماز پڑھ کر فارغ ہوگئے تھے، ان کا گھر مسجد کے ساتھ تھا، جب ہم ان کے پاس پہنچے تو انہوں نے پوچھا، کیا تم نے عصر کی نماز پڑھ لی ہے؟ ہم نے کہا ابھی ظہر کی نماز پڑھ کر فارغ ہوئے ہیں، انہوں نے کہا عصر کی نماز پڑھ لو، ہم نے کھڑے ہوکر نماز پڑھی، جب ہم فارغ ہوئے تو حضرت انسؓ نے کہا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے اتنی تاخیر کرنا منافق کی نماز ہے، وہ بیٹھ کر سورج کو دیکھتا رہتا ہے حتیٰ کے جس وقت سورج دو

سینگھوں کے درمیان ہوتا ہے تو کھڑا ہو کر چار ٹھونگیں مارتا ہے اور اس میں اللہ کا ذکر بہت کم کرتا ہے۔ ۷؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! عشاء اور فجر کی نماز منافقوں پر سب سے بھاری ہے اور فرمایا کاش ان کو معلوم ہوتا کے عشاء اور فجر کی نماز میں کتنا اجر ہے۔ ۸؎

حضرت محمود بن ولیدؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مجھے اپنی امت پر جس چیز کا سب سے زیادہ خوف ہے وہ شرک اصغر ہے' صحابہ نے پوچھا! یا رسول اللہ ﷺ! شرک اصغر کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا! ریا' قیامت کے دن جب اللہ تعالی لوگوں کو انکے اعمال کی جزا دے گا تو فرمائے گا! جاؤ انہی لوگوں کے پاس جن کے لیے تم ریا کاری کرتے تھے دیکھو ان سے تمہیں کوئی جزا ملتی ہے۔ ۹؎

حضرت شداد بن اوسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مجھے اپنی امت پر شرک اور شہوت خفیہ کا خوف ہے، میں نے پوچھا! یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ ﷺ کی امت آپ ﷺ کے بعد شرک کرے گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا! ہاں، لیکن وہ سورج' چاند، پتھروں اور بتوں کی عبادت نہیں کرے گی لیکن وہ اپنے اعمال میں ریا کرے گی اور شہوت خفیہ یہ ہے کے ایک شخص روزہ رکھے' پھر کسی نفسانی خواہش کی بناء پر وہ روزہ ترک کردے۔ ۱۰؎

حضرت بشیر بن عقربہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس شخص نے محض لوگوں کے دکھانے اور سنانے کے لیے خطبہ دیا اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن ریا اور سمعہ (دکھانے اور سنانے) کے مقام پر کھڑا کرے گا۔ ۱۱؎

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا! منافق وہ ہے جو تنہائی میں نماز نہیں پڑھتا اور لوگوں کے سامنے نماز پڑھتا ہے۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! عمل بغیر ریا اور دکھاوے کے کرو کیونکہ جو اللہ کے سوا کسی اور کے لئے عمل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے، اسی کے سہارے چھوڑ دے گا۔

جان لو کے تھوڑی سی ریا کاری بھی شرک ہے۔

ریا کار کا ظاہر خوبصورت اور باطن بیمار ہوتا ہے۔

عبادت کی مصیبت ریا کاری ہے۔

ریا کار کی زبان بڑی میٹھی اور پیاری ہوتی ہے لیکن اس کے دل میں بیماری جڑ پکڑے ہوتی ہے۔ ۱۲ے

نفسیاتی پہلو

ریا کاری سے مراد دکھاوا ہے یعنی انسان لوگوں کو دکھانے کے لئے نیک اعمال کرے لیکن تنہائی میں وہ گناہ کی آلودگی میں جکڑا رہے۔

علماء کرام لکھتے ہیں کے انسان جس طرح سے جلوت میں نیک اعمال انجام دیتا ہے اسی طرح سے اس کی خلوت بھی پاکیزہ اور عبادات سے مزین ہونی چاہئے، لیکن ریا کاری میں سارا زور اس بات پر ہوتا ہے کے لوگ اس شخص کے بارے میں اچھا گمان کریں تاہم ایسے تمام افراد دراصل نفسیاتی اعتبار سے جھوٹے اور دھوکے باز ہیں کیونکہ وہ لوگوں کے سامنے جھوٹ اور دھوکے کا لبادہ اوڑھتے ہیں لیکن تنہائی میں ان کا روپ شیطان سے مماثل ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کو اخلاص پسند ہے اور اخلاص کے ساتھ کیا گیا عمل ہی اللہ کے یہاں منظور اور مقبول ہے، ریا کار شخص دو زندگی جیتا ہے لوگوں کے سامنے کچھ اور تنہائی میں کچھ۔ ایسا شخص نہایت دوغلا اور نا قابل اعتبار ہوتا ہے کیونکہ وہ لوگوں کے ساتھ اللہ کو بھی دھوکہ دینے کی کوشش کرتا ہے

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ النساء۔آیت ۔ ۱۴۲۔
۴۔سورہ الماعون۔آیت ۔ ۴۔۷۔
۵۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔ ۱۴۲۱ھ۔
۶۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۷۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۹۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۱۰۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۱۱۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۱۲۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔ص۔۲۲۱۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۴۷۔الخدیعۃ۔دھوکا

دنیا تم کو فریب نہیں دیتی بلکہ تم اس سے دھوکا کھاتے ہو۔(حضرت علیؑ)

الخدیعۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(خ۔د۔ع) سے مشتق ہے۔ا؎

خدع۔کے معانی جو کچھ دل میں ہے اس کے برخلاف کرنا یعنی دھوکا،فریب۔

خدع۔سے مراد کسی کے ساتھ چھپ کر برائی کرنا۔

خدع۔سے مراد چھپانا اور مخفی رکھنا۔۲؎

خدوع۔اس اونٹنی کو بھی کہتے ہیں جو کبھی تو بہت دودھ دیتی ہے لیکن کبھی کچھ بھی نہیں کیونکہ عرب بے حد مہمان نواز ہوتے ہیں اب اگر کوئی مہمان گھر میں آئے اور اونٹنی دودھ نا دے تو میزبان کو کس قدر شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

خیدع۔سے مراد سراب یعنی دھوکا۔

خدع۔سے مراد زندگی کی وہ روش جس کا ظاہر اور باطن الگ ہو، یعنی دھوکا اور فریب۔۳؎

ارشادات خداوندی:

فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ بِمَا كَانُوْا یَكْذِبُوْنَ۔۴؎

ترجمہ۔ان کے دلوں میں بیماری ہے تو اللہ نے ان کی بیماری کو زیادہ کر دیا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے کیونکہ وہ جھوٹ بولتے تھے۔

یُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَمَا یَخْدَعُوْنَ اِلَّا اَنْفُسَهُمْ وَمَا یَشْعُرُوْنَ۔۵؎

ترجمہ۔وہ اللہ کو اور ایمان والوں کو دھوکہ دیتے ہیں لیکن (درحقیقت) وہ صرف اپنے آپ کو دھوکہ دیتے ہیں جس کا انھیں شعور نہیں۔

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكَافِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَانًا مُّبِيْنًا ۔٦؎

ترجمہ۔اے ایمان والو! مومنوں کے سوا کافروں کو دوست نہ بناؤ کیا تم اپنے خلاف اللہ کے لیے ایک واضح حجت قائم کرنا چاہتے ہو۔

اِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ۔٧؎

ترجمہ۔بے شک منافقین دوزخ کے سب سے نچلے طبقہ میں ہوں گے اور تو ان کے لیے ہرگز کوئی مددگار نہیں پائے گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے کسی مومن کو نقصان پہنچایا یا اس کے ساتھ فریب یعنی (دھوکہ) کیا تو وہ ملعون ہے۔٨؎

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! منافق کی تین نشانیاں ہیں جب بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے، جب وعدہ کرتا ہے تو اس کے خلاف کرتا ہے اور جب اس کے پاس امانت رکھی جاتی ہے تو اس میں خیانت کرتا ہے۔٩؎

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص میں چار خصلتیں ہوں وہ خالص منافق ہوگا اور جس شخص میں ان میں سے کوئی ایک خصلت ہو تو اس میں نفاق کی خصلت ہوگی حتیٰ کے وہ اس خصلت کو چھوڑ دے۔

١۔ جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو اس میں خیانت کرے۔

٢۔ جب بات کرے تو جھوٹ بولے۔

٣۔ جب عہد کرے تو اس کے خلاف کرے۔

٤۔ جب جھگڑا کرے تو بدکلامی کرے۔١٠؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! بد بخت ہے وہ شخص جو اپنی خواہشات اور اس کی فریب کاریوں سے دھوکا کھا جائے۔ دنیا سے بچو کیونکہ یہ نہایت غدار، فریب کار اور دھوکے باز ہے۔

دھوکے سے کام نا لو کیونکہ یہ نہایت مذموم عادت ہے۔

دنیا تم کو فریب نہیں دیتی بلکہ تم اس سے دھوکا کھاتے ہو۔

حکمت اور عقلمندی کا سرمایہ یہ ہے کے فریب کاریوں سے اجتناب کیا جائے۔

جس نے اللہ کو دھوکہ دیا دراصل اس نے اپنے آپ کو دھوکا دیا۔ دھوکے باز کا کوئی مذہب نہیں کبھی کبھی بڑے بڑے مرد بھی دھوکا کھا جاتے ہیں۔ ۱۱؎

نفسیاتی پہلو

دھوکا کا مطلب چھپ کر برائی کرنا تا کہ پتا نا چل سکے، دھوکہ سے مراد جھوٹ اور فریب ہے یعنی ایک ایسے انسان کو فریب دینا جو اس پر یقین اور اعتماد کرتا ہو اور اسے اس سے اس کو دھوکے کی توقع نا ہو۔ دھوکا نفس انسانی کی نہایت ذلت آمیز برائی ہے، دھوکے باز شخص لوگوں کے اعتماد سے کھیلتا ہے چنانچہ اسلام ایسے افراد فاسق اور فاجر سمجھتا ہے ہے جو اپنے مسلمان بھائی کے اعتماد کو ٹھیس پہنچائے۔

بدقسمتی سے آج پوری دنیا بالخصوص پاکستان میں دھوکہ اور فریب اتنا زیادہ عام ہو گیا ہے جس کی مثال محال ہے، ہر شخص دوسرے کو دھوکہ دے رہا ہے مثلاً بازار میں دوکاندار غیر معیاری اشیاء کو زیادہ داموں بیچ کر، جعلسازی کے ذریعے، ملاوٹ کے ذیعے، ڈاکٹرز جعلسازی کے ذریعے مریضوں سے لاکھوں روپیہ اینٹھتے ہیں، تعلیمی داروں میں قابل طلباء کو دیوار سے لگا کر بد ترین طلباء کو آگے لایا جاتا ہے، آفس میں میں بھی ہر شخص دوسرے کی ٹانگ گھسیٹتا ہے اور ادھر کی بات ادھر کرنا تو گویا قومی فریضہ ہے، وکلاء، ججز اور قاضی سب کے سب بکاؤ ہیں رشوت اور بھاری معاوضہ یا اثر و رسوخ کے زیر اثر وہ مظلوم کو ذلیل و رسوا کرتے ہیں جبکہ ظلم اور ظالم کو

مضبوط کرتے ہیں، سیاست دانوں نے تو تمام حدود و قیود کو ہی پامال کر دیا، اربوں کھربوں کی چوری، منی لانڈرنگ اور بڑی بڑی جائیداد تو جیسے روز کی بات ہے یہی نہیں بلکہ عام انسان بھی اس دھوکے اور فریب سے مستثنیٰ نہیں، وہ بھی اپنے تئیں بہتی گنگا میں ہاتھ دھوتا ہے اور اپنی حدود میں جہاں تک ممکن ہوتا ہے وہ بھی دھوکہ اور فریب سے باز نہیں آتا یعنی بحیثیت مجموعی پورا معاشرہ ہی کرپٹ، دھوکے باز اور فریبی ہے اور کوئی بھی اس سے جدا نہیں دوسری جانب پورا معاشرہ ہی ذہنی، دماغی، جسمانی، اور نفسیاتی امراض کا شکار ہے کیونکہ دھوکہ، جھوٹ، جعلسازی مکاری اور فریب یہ سب کی سب علامات حد درجہ اخلاقی گراوٹ کی جانب اشارہ کرتی ہیں۔
کسی دانش ور کا قول ہے! دھوکا دشمن کی نہیں بلکہ دوست کی ایجاد ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۰۔
۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۹۔
۶۔سورہ النساء۔آیت۔ ۱۴۴۔
۷۔سورہ النساء۔آیت۔ ۱۴۵۔
۸۔سنن ترمذی ۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔ ۱۴۱۴ھ۔
۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔ ۱۶۵۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۴۸۔ الفقر ولفاقہ۔ فقر وفاقہ۔ تنگ دستی

اللہ تعالیٰ نے فقر وفاقہ کے تازیانے سے زیادہ تکلیف دہ کسی تازیانے سے بندوں کو نہیں مارا۔ (حضرت علیؑ)

الفقر۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ف۔ق۔ر) سے مشتق ہے۔ ا؎

الفقرۃ۔ سے مراد ریڑھ کی ہڈی کا ایک جوڑ یا منکا۔

الفقیر ۔ سے مراد ایسا شخص جس کی ریڑھ کی ہڈی ٹوٹ چکی ہو۔

الفقیر ۔ سے مراد کمر شکستہ۔

الفقر۔ الفقیر ۔ سے مراد گڑھا کھودنا۔

قرآن کریم میں فقر بمقابلہ غنی آیا ہے۔

فقر۔ کے معانی احتیاج کے ہیں۔

فقراء۔ سے مراد اصحاب احتیاج۔ ۲؎

ارشادات خداوندی:

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ۚ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۔ ۳؎

ترجمہ۔ تم اپنے بے نکاح مردوں اورعورتوں کا نکاح کردو اور اپنے نیک غلاموں اور باندیوں کا اگر وہ فقیر ہیں تو اللہ ان کو اپنے فضل سے غنی کردے گا اور اللہ وسعت والا بہت جاننے والا ہے

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِى الْاَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۔ ۴؎

ترجمہ۔ یہ خیرات) ان فقراء کا حق ہے جو خود کو اللہ کی راہ میں وقف کیے ہوئے ہیں جو (اس میں شدت اشتغال کی وجہ سے) زمین میں سفر کی طاقت نہیں رکھتے ناواقف شخص ان کے سوال نہ کرنے کی وجہ سے ان کو خوش حال سمجھتا ہے، تم (ان میں بھوک کے آثار دیکھ کر) ان کو صورت سے پہنچان لوگے وہ لوگوں سے گڑگڑا کر سوال نہیں کرتے اور تم جو اچھی چیز بھی (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہو بے شک اللہ اس کو خوب جاننے والا ہے۔

علامہ ابوالحیان اندلسی لکھتے ہیں، حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور مقاتل نے کہا! یہ فقراء اہل صفہ تھے جنہوں نے خود کو اللہ کی عبادت کے لیے وقف کرلیا تھا ان کے پاس بالکل مال نہیں تھا ان کی تعداد تقریباً چار سو تھی۔

مجاہد نے کہا! یہ قریش کے فقراء مہاجرین تھے۔

سعید بن جبیرؓ نے کہا! یہ وہ صحابہ تھے جو مختلف غزوات میں زخمی ہو کر اپاہج ہو گئے تھے اور وہ مرض کی وجہ سے زندگی کے کام کاج کرنے اور سفر کرنے سے معذور ہو گئے تھے۔

سدی نے کہا! کفار نے ان کو گھیرے میں لے لیا تھا اور وہ کفار کے غلبہ کی وجہ سے گھر گئے تھے۔ قتادہ نے کہا! انہوں نے خود کو جہاد کے لیے وقف کر لیا تھا لیکن فقر کی وجہ سے جہاد نہیں کر سکتے تھے۔

محمد بن فضل نے کہا! یہ وہ فقراء تھے جو اپنی بلند ہمت اور خودداری کی وجہ سے صرف اللہ سے دعا کرتے تھے اور کسی کے آگے دست سوال دراز نہیں کرتے تھے زمخشری نے کہا! یہ فقراء تھے جو جہاد میں مشغول رہنے کی وجہ سے تجارت کے لیے زمین میں سفر نہیں کر سکتے تھے۔۵؎

ناواقف شخص ان کے سوال نہ کرنے کی وجہ سے ان کو خوش حال سمجھتا ہے۔

مِنَ التَّعَفُّفِ تَعْرِفُهُمْ بِسِيمَاهُمْ لَا يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا۔٦؎

ترجمہ۔ اے مخاطب! تم ان میں بھوک کے آثار دیکھ کر ان کو ان کی صورتوں سے پہچان لوگے

وہ لوگوں سے گڑگڑا کر سوال نہیں کرتے۔

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ۔ ۷؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ نے ان لوگوں کا قول سن لیا جنہوں نے کہا کے اللہ فقیر ہے اور ہم غنی۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ۔ ۸؎

ترجمہ۔اے لوگو! تم سب اللہ کی طرف محتاج ہو اور اللہ ہی بے نیاز ہے، ستائش اور حمد کیا ہوا۔

يَسْاَلُه مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۔ ۹؎

ترجمہ۔اسی سے سوال کرتے ہیں جو بھی آسمانوں اور زمینوں میں ہیں، وہ ہر آن نئی شان میں ہے۔سوتم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔

تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ۔ ۱۰؎

ترجمہ۔وہ یہ گمان کریں گے کے ان کے ساتھ کمر توڑ دینے والا معاملہ کیا جائے گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص کسی عورت سے اس کی عزت کی وجہ سے نکاح کرے گا تو اللہ اس شخص کی ذلت میں اضافہ کرے گا اور جو شخص کسی عورت سے اس کے مال کی وجہ سے نکاح کرے گا اللہ تعالی اس کے فقر میں اضافہ کرے گا۔۱۱؎

حضرت فضالہ بن عبیدؓ سے روایت ہے،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز پڑھاتے تو کچھ لوگ بھوک شدت سے قیام کے دوران گر پڑتے تھے، یہ اصحاب صفہ تھے اور دیہاتی لوگ ان کو مجنون گمان کرتے تھے۔ ۱۲؎

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، اصحاب صفہ کی تعداد ستر تھی اور ان میں سے کسی کے پاس چادر تک نہ تھی۔ سے غنی کر دے گا اور اللہ وسعت والا بہت جاننے والا ہے۔ ۱۳؎

للفقرآء۔ترجمہ۔یہ خیرات ان فقراء کا حق ہے جو خود کو اللہ کی راہ میں وقف کیے ہوئے ہیں جو (اس میں شدت اشتغال کی وجہ سے) زمین میں سفر کی طاقت نہیں رکھتے ناواقف شخص ان کے سوال نہ کرنے کی وجہ سے ان کو خوش حال سمجھتا ہے، تم (ان میں بھوک کے آثار دیکھ کر) ان کو صورت سے پہنچان لوگے وہ لوگوں سے گڑگڑا کر سوال نہیں کرتے اور تم جو اچھی چیز بھی (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہو بے شک اللہ اس کو خوب جاننے والا ہے۔ ۱۴؎

امام محمد بن سعد نے محمد بن کعب قرظی سے روایت کیا ہے! یہ آیت اصحاب صفہ کے متعلق نازل ہوئی ہے ان کا مدینہ میں کوئی گھر نہ تھا کوئی قبیلہ اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو ان پر صدقہ کرنے کی ترغیب دی ہے۔ ۱۵؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! فقیری سب سے بڑی موت ہے۔

فقیری زیرک آدمی کی زبان کو بھی دلائل کی قوت دکھانے سے عاجز کر دیتی ہے جبکہ مفلس اپنے وطن میں بھی غریب الوطن اور اکیلا ہوتا ہے۔

ناداری دین میں نقص و کمی کا سبب ہوتی ہے یہ عقل کے لئے تشویش و پریشانی جبکہ لوگوں کے لئے نفرت کا باعث ہے۔

دولت کے ہوتے ہوئے پردیس بھی اپنا وطن ہے جبکہ ناداری اور مفلسی میں اپنا وطن بھی پردیس ہے۔آگاہ ہوجاؤ فقر و فاقہ ایک مصیبت ہے۔

فقر سے زیادہ سخت جسمانی امراض ہیں اور جسمانی امراض سے زیادہ سخت دل کی یعنی (روحانی) بیماری ہے، اپنی خوراک سے راضی رہنے سے زیادہ فقر و فاقہ کو دور کرنے والی کوئی دولت نہیں۔صبر و تحمل فقر و فاقہ سے محفوظ رکھنے والا ہے۔

پاکدامنی فقر کی زینت ہے۔

جب دولت مند نیکی اور احسان میں بخل کرنے لگتا ہے تو فقیر اپنی آخرت کو اپنی دنیا کے بدلے

بیچ دیتا ہے۔زنا اسباب فقر میں سے ہے۔
میں نے ان تمام باتوں کا جائزہ لیا جو کسی بھی باعزت اور باوقار انسان کو ذلیل و رسوا کر دیتی ہیں اور اس کی شوکت کو ختم کر دیتی ہیں لہٰذا میں نے فقر و فاقہ سے بڑھ کر کوئی دوسری چیز نہیں دیکھی۔اللہ تعالی نے فقر و فاقہ کے تازیانے سے زیادہ تکلیف دہ کسی تازیانے سے بندوں کو نہیں مارا۔آپؓ سے پوچھا گیا! کون سا فقر سب سے زیادہ سخت ہے؟ تو آپؓ نے فرمایا! ایمان کے بعد کفر اختیار کرنا۔فقر و تنگ دستی کا اظہار کرنا مزید فقر کو بڑھا دیتا ہے جبکہ قبر اور موت۔فقر و ناداری سے کہیں زیادہ بہتر ہیں۔مفلسی مومن کے لئے بہتر ہے کیونکہ یہ ہمسایوں کی جلن، دوستوں کی چاپلوسی اور بادشاہ کے تسلط سے نجات دیتی ہے۔
جس کے اوپر فقر دباؤ ڈالے اس کو چاہئے کے وہ بکثرت
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھے۔
دنیا اور آخرت کا تمام شر دو خصائل میں جمع ہے۔ا۔فقیری۔۲۔فسق و فجور۔
جو شخص لوگوں کے سامنے التماس و خواہشات کا ایک دروازہ اپنے لئے کھول دیتا ہے تو اللہ بھی اس کے لئے فقر و ناداری کا ایک دروازہ اس کی طرف کھول دیتا ہے۔
بدترین فقر نفس کا فقر و فاقہ ہے۔
فقیری مومن کے لئے گھوڑے کے رخسار پر زیورات سے زیادہ بہتر ہے۔
فقیر مومنین اہل ثروت سے چالیس برس پہلے جنت کے باغات میں داخل کر دئے جائیں گے
فقیری ایمان کی زینت ہے۔قبر اور موت فقر و ناداری سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔
قرض کے ساتھ فقیری سرخ موت کی علامت ہے۔(قتل ہونے کا اشارہ)۔
سنگین فقر و فاقہ بدنام کرنے والی دولت سے کہیں بہتر ہے۔
ایسا فقیر جو قناعت کے ساتھ زندگی بسر کرے وہ شیاطین کے حیلے اور بہانوں سے محفوظ رہے گا تاہم قناعت نا کرنے والا فقیر شیاطین کے مکر و فریب میں گرفتار ہو جائے گا۔

اللہ تعالیٰ کے بدترین بندے یہ ہیں۔۱۔متکبر فقیر۔ ۲۔ بوڑھا زانی ۔ ۳۔ فاجر عالم ۔
وہ درہم جو فقیر اللہ کی راہ میں خرچ کردے اللہ کے نزدیک دولت مند کے دینار سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔فقیر کی بے نیازی اس کی قناعت ہے۔
دنیا اور آخرت کے بادشاہ وہ فقیر ہیں جو اللہ کی رضا میں راضی ہیں۔
فقیر پر واجب ہے کے بغیر اضطرار کے لوگوں سے سوال نا کرے۔
جو دنیا میں سلامتی چاہتا ہے وہ فقر کو چنے اور جو راحت وآرام چاہتا ہے وہ زہد کو چنے۔
دو چیزوں نے لوگوں کو ہلاک کر دیا۔۱۔فقر کا خوف۔ ۲۔تکبر اور فخر۔۱۶؎

نفسیاتی پہلو

فقیری یا تنگ دستی ایک تازیانہ ہے کیونکہ تنگ دستی انسانوں کو کئی ایسے گناہوں کی طرف راغب کردیتی ہے جو اس نے شاید کبھی سوچے بھی نا ہوں کیونکہ بھوک انسان کو گناہ اور جرائم کی طرف راغب کرتی ہے، تاہم بھوک کے سوا بھی کئی ایسی لازمی ضروریات ہیں جن سے انسان کا تاعمر واسطہ رہتا ہے، دنیا کے بے شمار جرائم کے پیچھے اصل وجہ بھوک تھی، انسان اپنے اور اپنے بیوی بچوں کی خاطر رشوت، سود، چوری، ڈکیتی، ناجائز دولت، کرپشن، ملاوٹ، دھوکا اور فریب کاری پر مجبور ہو جاتا ہے بسا اوقات انسان بھوک، تنگ دستی، غربت، افلاس اور قرض کی وجہ سے خودکشی تک کرنے سے گریز نہیں کرتا جبکہ اکثر تو یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کے خودکشی سے قبل اس نے اپنے تمام اہل خانہ کو زہر دے کر ہلاک کر دیا اور آخر میں خودکشی کر لی، تنگ دستی کسی بھی معاشرے کا ایک نہایت دل دہلا دینے والا المیہ ہے۔
اسلام اسی وجہ سے ایسی معاشی پالیسیز مرتب کرتا ہے تاکہ روپیہ اور پیسہ کسی ایک جگہ جامد نا رہے بلکہ معاشرے میں گردش کرتا رہے اور اسی وجہ سے اسلام زکوۃ، خیرات، صدقات، فدیہ اور فطرہ کی خاص تاکید کرتا ہے دوسری جانب اسلام اپنے پیروکاروں کو لوگوں کو کھانا کھلانے کا بھی پابند کرتا ہے۔اسی حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! تم سلام میں پہل کرو،

لوگوں کو کھانا کھلاؤ اور رات میں اللہ کی عبادت کرو تم عافیت کے ساتھ جنت میں داخل کر دئے جاؤ گے ۔اسلام تنگ دست، بدحال ،یتیم ،مساکین اور بیوہ کی مالی امداد کا بار ہا حکم دیتا ہے ،لوگوں کو قرض دینا، ان کی حاجت روائی کرنا اور ان کی مشکلات کو دور کرنے والے کو جنت کی بشارت دی گئی ہے ۔دنیا بھر میں Criminolgy کا مطالعہ کرنے والے اس بات سے بخوبی واقف ہیں کے کس طرح سے ایک عام، سیدھا سادا انسان جرم کی طرف راغب ہوتا ہے اور معاشرے کے وہ کون سے محرکات ہیں جو اسے ان جرائم کی طرف راغب کرتے ہیں۔
حکومت وقت کی یہ اہم ذمہ داری ہے کے وہ اپنے نو جوانوں کو مفت ہنر،تعلیم وتربیت سے آراستہ کرے اس کے ساتھ ساتھ مزدور طبقہ کے لئے پناہ گاہیں تعمیر کی جائیں جہاں انھیں مفت کھانا، علاج اور رہائش فراہم کی جائے ،سرکاری اسپتالوں میں مستحق مریضوں کو مفت علاج اور داوؤں کی ترسیل کو یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے ۔دوسری جانب خواتین کو بھی تعلیم اور ہنر سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ انھیں بھی ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا چاہئے اس طرح سے بھی قومی دھارے میں شریک ہو کر اپنے پیروں پر کھڑی ہو جائیں گی۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ النور۔آیت ۔ ۳۲۔

۴۔سورہ البقرہ۔آیت ۔ ۲۷۳۔

۵۔البحر المحیط ۔علامہ ابوالحیان محمد بن یوسف اندلسی (متوفی ۷۵۴ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۲ھ۔

۶۔سورہ البقرہ۔آیت ۔ ۲۷۳۔

۷۔سورہ آل عمران۔آیت ۔۱۸۱۔

۸۔سورہ فاطر۔آیت۔۱۵۔
۹۔سورہ الرحمن۔آیت۔۲۹۔۳۰۔
۱۰۔سورہ القیامۃ۔آیت۔۲۵۔
۱۱۔المعجم الاوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔
۱۲۔مجمع الزوائد۔حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ)۔مطبوعہ
۱۳۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۴۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی
۱۵۔الدرالمنثور۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ج۔۱۔ص۔۳۵۸۔مطبوعہ مکتبہ آیت اللہ العظمی
ایران۔داراحیاء التراث العربی بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۱۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۳۷۶۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۴۹۔الشہوۃ۔شہوت۔خواہشات نفس

خواہشات کا غلام ایک ایسا غلام ہے جس کی قید کی مدت کبھی ختم نہیں ہوتی۔(حضرت علیؑ)

الشہوۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ش۔ھ۔و) سے مشتق ہے۔۱؂
شھاء۔واشتہاء۔سے مراد کسی چیز کی خواہش،اس کو چاہنا اور اس کی جانب طبیعت کا رجحان ومیلان ہونا ہے۔
شھوۃ۔سے مراد نفس انسانی کا پسندیدہ چیزوں کی جانب کھنچنا۔۲؂
شہوات ایک انتہائی غیر معمولی محرک ہے۔
ماہرین نفسیات خصوصاً سگمنڈ فرائیڈ نے شہوت کے حوالے سے چونکا دینے والے انکشافات کئے ہیں فرائیڈ کے یہاں جنسی جبلت کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے اس کا یہ ماننا ہے کے یہ جبلت باقی تمام جبلتوں پر حاوی ہے جبکہ انسان کے تمام اعمال وافعال کی سب سے بڑی وجہ بھی یہی ہے وہ مزید کہتا ہے کے انسان کی تمام تر سوچ،فکر،خواہش اور سوچ اسی کے گرد گھومتی ہے اب شعور میں چاہے کچھ بھی ہو لیکن تمام عمر انسانی لاشعور میں شہوات کا ہی مکمل اثر ورسوخ اور تسلط قائم رہتا ہے فرائیڈ کے یہاں جنسی محرکات دراصل جامع الصفات جذبات کا دوسرا نام ہے جس کے دائرے میں ایسے اعمال وافعال بھی آجاتے ہیں جن کا بظاہر تناسلی اعضاء سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے باالفاظ دیگر ہر وہ عمل جس سے یک گونہ قلبی یا ذہنی آسودگی حاصل ہو وہ بہر حال شہوت کے ہی دائرے میں آئے گا وہ اس کو علیحدہ سے بطور محرک کے بیان کرتا ہے یہی نہیں بلکہ اس کا یہ بھی ماننا ہے کے اس کا آغاز انسان کے اس دنیا میں آنے کے بعد یعنی عہد طفولیت سے ہی شروع ہوجاتا ہے اس کی مثال میں وہ بچے کی پیدائش کے پہلے سال کا حوالہ پیش کرتے ہوئے یہ کہتا ہے!ابتدائی عمر میں شیر خوار بچے کی حصول لذت کا سب سے

بڑا ذریعہ اس کا منہ ہوتا ہے لہٰذا وہ ہر چیز کو منہ میں لے کر محسوس کرتا ہے منہ اس کی غذائی ضروریات ہی کا نہیں بلکہ اس کی جذباتی تسکین کا بھی ایک ذریعہ ہے۔

فرائیڈ کے خیال میں چھوٹے بچوں کا ہمہ وقت لذت کام و دہن میں مشغول رہنا دراصل جنسیت کا مظہر اولین ہے پھر اس کے بعد کے ادوار میں بھی فرد کسی نا کسی اعتبار سے شہوت کی زد میں ہی رہتا ہے جو عمر کے مختلف مراحل میں مختلف اشکال میں سامنے آتی رہتی ہے جبکہ انسانی زندگی میں عمل کے حوالے سے شہوت کو یک اہم محرک تصور کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے صنعت و حرفت، ادب اور آرٹ تخلیق ہوئے۔

اسلام نے شہوت جیسے سرکش محرک سے نبٹنے کے لئے نکاح کو آسان کیا لیکن بدقسمتی سے ہمارے سماج میں نکاح مشکل اور مہنگا ترین اور زنا آسان اور سستا ترین ہو چکا۔

شہوت کی اسی سرکشی اور بے راہ روی کی روک تھام کے لئے اسلام نے مردوں کو چار بیویاں بھی رکھنے کی اجازت دی جبکہ طلاق اور خلع جیسے ناپسندیدہ افعال کی بھی مشروط اجازت دی گئی تاکہ انسان کے نسب اور نسل کی حفاظت ہو سکے۔

ارشادات خداوندی:

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ۔ ۳؎

ترجمہ۔لوگوں کو مرغوب چیزوں کی محبت نے فریفتہ کیا ہوا ہے جیسے عورتیں اور بیٹے اور سونے اور چاندی کے جمع کیے ہوئے خزانے اور نشان کیے ہوئے گھوڑے اور مویشی اور کھیتی، یہ دنیا کی زندگی کا فائدہ ہے اور اللہ ہی کے پاس اچھا ٹھکانہ ہے۔

جب شیطان نے ان کے لئے ان کے کاموں کو مزین کر دیا! شیطان لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے اور باطل چیزوں کی شہوات کو انسان کی نگاہ میں حسین اور خوشنما بنا کر پیش کرتا

ہے جیسا کے خود شیطان نے اللہ تعالیٰ سے کہا!

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِىْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِى الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ۔ ۴؎

ترجمہ۔شیطان نے کہا! اے میرے رب! کیونکہ تو نے مجھے گمراہ کیا (تو) میں ضرور ان کے لیے زمین میں (برے کاموں کو) مزین کردوں گا اور میں سب کو ضرور گمراہ کروں گا، سوا تیرے ان بندوں کے جو ان میں سے اصحاب اخلاص ہیں۔

جمہور اہل سنت کا یہ مذہب ہے کہ خیر اور شر ہر چیز کا اللہ تعالیٰ خالق ہے شیطان کا مزین کرنا بھی اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی قدرت سے ہے اور انسان کے دل میں ان چیزوں کی شہوت کو مزین کرنے والا بھی اللہ تعالیٰ ہے اور یہ تزئین ابتلاء اور امتحان کے لئے ہے تا کہ اللہ تعالیٰ یہ ظاہر فرمائے کہ کون لوگ ان چیزوں کی محبت میں ڈوب کر یاد الٰہی سے غافل ہوجاتے ہیں اور وہ کون لوگ ہیں جنہیں ان چیزوں کی محبت اللہ کی یاد اور اس کے احکام کی اطاعت سے نہیں روکتی اور جن کے دلوں میں ان سب سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کی محبت ہے جو اپنی میٹھی نیند اور اپنی ازواج کے قرب کی لذت کو چھوڑ کر رات کے پچھلے پہر اٹھتے ہیں اور سجدوں اور قیام میں صبح کر دیتے ہیں۔

ارشاد خداوندی ہے!

اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا۔ ۵؎

ترجمہ۔ بے شک جو کچھ زمین پر ہے ہم نے اسے زمین کے لئے زینت بنایا تا کہ ہم انہیں آزمائش میں ڈالیں (اور یہ ظاہر کریں) کے ان میں سے کون سب سے اچھے کام کرنے والا ہے۔

كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔ ۶؎

ترجمہ۔اسی طرح ہم نے ہر جماعت کے لئے اس کا عمل مزین کردیا ہے پھر انہوں نے اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے تو وہ انہوں ان کاموں کی خبر دے گا جن کو وہ کرتے تھے۔

اَئِنَّكُمۡ لَتَاۡتُوۡنَ الرِّجَالَ شَهۡوَةً مِّنۡ دُوۡنِ النِّسَآءِ ؕ بَلۡ اَنۡتُمۡ قَوۡمٌ تَجۡهَلُوۡنَ۔۷؎

ترجمہ۔کیاتم نفسانی خواہش پوری کرنے کے لیے ضرور عورتوں کو چھوڑ کر مردوں کے پاس جاتے ہو۔

فَخَلَفَ مِنۡ بَعۡدِهِمۡ خَلۡفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوۡفَ يَلۡقَوۡنَ غَيًّا۔۸؎

ترجمہ۔(انھوں نے)خواہشات کی پیروی کی توعنقریب وہ(ہلاکت) میں جاگریں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اے نوجوانو! تم میں سے جو شخص گھر بسانے کی طاقت رکھتا ہے وہ نکاح کرلے کیونکہ نکاح نظر کو نیچے رکھتا ہے اور شرم گاہ کی حفاظت کرتا ہے اور جو نکاح کرنے کی طاقت نہیں رکھتا وہ روزے رکھے کیونکہ روزے شہوت کو کم کرتے ہیں۔۹؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جو شخص اپنے نفس کو دنیاوی آلائشات سے پاک کرلیتا ہے اس کے نزدیک دنیاوی خواہشات اور شہوات بے معانی ہوجاتی ہیں۔

جو مشتاق جنت ہوگا وہ خواہشات اور شہوات سے نکل جائے گا۔

جو انسان اپنی شہوات کو لگام ڈال دیتا ہے وہ انسان اپنی قدرومنزلت کو بچالیتا ہے۔

خواہشات اور شہوات انسان کو معصیت اور گناہ کی جانب کھینچتی ہیں۔

لوگ تین طرح کے ہیں۔

۱۔ پرعزم زاہد۔

۲۔ خواہشات نفسانی سے لڑنے والے صابر۔
۳۔ اور شہوات کے پیچھے چلنے والے راغب۔
تاہم راغب کو اس کا نفس دنیا کی جانب بلاتا ہے تو وہ دنیا کی جانب دوڑتا ہے یہاں تک کے اس کی شہوات اس کو پستی میں دھکیل کر اس کی آخرت کو برباد کر دیتی ہیں۔
جو انسان اپنی شہوات کو ترک کر دیتا ہے وہ آزاد ہو جاتا ہے۔
خواہشات کا غلام شخص، غلاموں سے زیادہ پست اور ذلیل ہوتا ہے۔
وہ شخص قابل تعجب ہے جو خواہشات اور شہوات کے پیچھے بھاگ رہا ہے لیکن اس کے نتیجے میں اس کو حسرت اور ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے بھلائی کاک ارادہ فرماتا ہے تو وہ اس کے اور اس کی خواہشات کے درمیان حائل ہو جاتا ہے اور خواہشات اور اس کے دل کے درمیان ایک پردہ ڈال دیتا ہے
جس شخص کو خواہشات اپنا غلام بنا لیتی ہیں اس شخص کا صاحب فضیلت ہونا بہت مشکل ہے۔
خواہشات اور شہوات شیاطین کی شکار گاہیں ہیں۔
اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو عقل بغیر شہوت کے عطا فرمائی اور جانوروں کو شہوت بغیر عقل کے عطا فرمائی جبکہ انسانوں کو عقل اور شہوت دونوں ہی عطا فرمائی تاہم جس کی عقل اس کی خواہشات پر غالب آگئیں وہ فرشتوں سے بہتر ہے اور جس شخص کی شہوت اس کی عقل پر غالب آگئی تو وہ جانوروں سے بدتر ہے۔
کتنی ہی ایسی لمحاتی خواہشات اور شہوات ہیں جو انسان کو طویل حزن وملال میں مبتلا کر دیتی ہیں
خواہشات اور شہوات انسان کو مار ڈالنے والی آفات ہیں چنانچہ ایسے وقت میں صبر اور شکر سے کام لو۔ خواہشات کی پیروی بدترین امراض میں سے ایک مرض ہے۔
خواہشات جاہلوں کو غلام بنا لیتی ہے۔
اپنی خواہشات پر غالب رہو تمھارے لئے حمتیں مکمل ہو جائیں گی۔

اپنے قلوب کو خواہشات اور شہوات کے غلبے سے بچاؤ کیونکہ اس کی ابتداء حصول لیکن انتہاء ہلاکت ہے۔

شہوات کی ابتداء طرب انگیز ہے جبکہ اس کی انتہاء ہلاکت خیز ہے۔

جب آنکھیں خواہشات کو دیکھتی ہیں تو پھر قلب کی عافیت مشکل ہے۔

ترک خواہشات بافضیلت عبادت اور بہترین عادت ہے۔

خواہشات کی حلاوت کو بے عزتی کی ذلت فنا کر دیتی ہے۔

تقویٰ میں سرفہرست ترک خواہشات ہیں۔ فانی خواہشات میں کوئی لذت نہیں

خواہشات کا غلام ایک ایسا غلام ہے جس کی قید کی مدت کبھی ختم نہیں ہوتی۔

جو انسان اپنی خواہشات پر غلبہ پالیتا ہے تو اس کی عقل ظاہر ہو جاتی ہے۔

جس شخص کی خواہشات بڑھ جاتی ہیں تو اس کی مروت کم ہو جاتی ہے۔۱۰؎

نفسیاتی پہلو

شہوت ایک غیر معمولی محرک ہے تاہم زمانہ قدیم سے آج تک اسی شہوت پرستی کا دنیا بھر میں راج اور سکہ چل رہا ہے اب چاہے وہ فلم انڈسٹری،، میڈیا ہاوسز، فلم وڈرامہ، ماڈلنگ، فحاشی کے لائسنس یافتہ یا غیر لائسنس یافتہ اڈے ہوں، بچوں کی جنسی پامالی، عریاں آرٹ یا فن مجسمہ سازی کی آڑ میں جسم انسانی کی تشہیر و تعریف ہو الغرض کے اسی شہوات نے دنیا بھر کے لوگوں کو اپنے جال میں بری طرح سے جکڑ لیا صرف یورپ اور امریکہ میں اس بزنس کے ذریعے سالانہ اربوں کھربوں ڈالرز کماتے ہیں یعنی شہوات ایک انڈسٹری بن چکی جس سے کئی باعزت لوگوں کا روزگار وابستہ ہے۔

شہوت کسی بھی چیز کی ہوسکتی ہے اس میں جنس، کھانا، پینا، پہننا، اوڑھنا، مال وزر کو جمع کرنے کی خواہشات، ناموری، عزت اور شہرت کی خواہشات اور علماء کے مابین علمی فخر اور تکبر وغیرہ۔

اسلام نفسانی خواہشات سے بچنے کی خاص تاکید کرتا ہے، قرآن کریم میں دنیا اور اس میں

موجود اشیاء کو دھوکہ کہا گیا ہے چنانچہ اسلام اپنے پیروکاروں کو یہ حکم دیتا ہے کے وہ دنیا سے صرف اتنا لیں جتنا ان کو ضرورت ہے تا کہ دنیا کی گہما گہمی سے انسان بچا رہے اور آخرت کی تیاری میں اپنے آپ کو لگا کر رکھے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔المفردات ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۔سورہ آل عمران ۔آیت ۔ ۱۴۔

۴۔سورہ الحجر۔آیت۔ ۳۹۔ ۴۰۔

۵۔سورہ کہف۔آیت۔ ۷۔

۶۔سورہ انعام۔آیت۔ ۱۰۸۔

۷۔سورہ نمل۔آیت۔ ۵۵۔

۸۔سورہ مریم۔آیت۔ ۵۹۔

۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۰۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۵۰۔ السوال۔ سوال

اللہ تعالی سے سوال کرو کیونکہ وہ دعا اور سوال کو پسند فرماتا ہے۔ (حضرت علیؑ)

سوال ۔عربی زبان الفظ ہے، جو (س۔ا۔ل) سے مشتق ہے۔ا؎

سالۃ الشئ ۔سے مراد نے اس سے وہ چیز مانگی۔

اسالہ سولہ۔ سے مراد اس کی ضرورت کو پورا کر دیا۔

السائل ۔سے مراد سوال کرنے والا یا ضرورت مند۔

المسالۃ ۔سے مراد ضرورت یا حاجت ۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنۡهَرۡ ۔۳؎

ترجمہ۔اور مانگنے والے کو نہ جھڑکیں۔

يَسۡـَٔلُهٗ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ‌ؕ كُلَّ يَوۡمٍ هُوَ فِىۡ شَاۡنٍ ۔۴؎

ترجمہ۔اسی سے سوال کرتے ہیں جو بھی آسمانوں اور زمینوں میں ہیں وہ ہر آن نئی شان میں ہے۔

سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيۡنَ ۔۵؎

ترجمہ۔جو (سوال) طلب کرنے والوں کے لیے مساوی ہے۔

وَاٰتٰٮكُمۡ مِّنۡ كُلِّ مَا سَاَلۡتُمُوۡهُ‌ ؕ وَاِنۡ تَعُدُّوۡا نِعۡمَتَ اللّٰهِ لَا تُحۡصُوۡهَا ؕ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَـظَلُوۡمٌ كَفَّارٌ ۔۶؎

ترجمہ۔اور جو چیز تم نے اس سے مانگی اس نے تمہیں دی، اور اگر اللہ کی نعمتیں شمار کرنے لگو تو انہیں شمار نہ کر سکو گے، بے شک انسان بڑا بے انصاف اور ناشکرا ہے۔

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۔ ۷ ؎

ترجمہ۔ یہ لوگ کس چیز کے متعلق ایک دوسرے سے سوال کر رہے ہیں؟

سوال کرنے والے کفار اور مشرکین تھے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کرتے تھے کے آپ جس قیامت کا ہم سے وعدہ کر رہے ہیں، وہ کب آئے گی؟

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ ۔ ۸ ؎

ترجمہ۔ ان کو ٹھہراؤ بے شک ان (سب) سے سوال کیا جائے گا۔

قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ۔ ۹ ؎

ترجمہ۔ اے موسیٰ! تمہارا سوال پورا کر دیا گیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

گداگری کی مذمت اور سوال نہ کرنے کی فضیلت میں حافظ سیوطی احادیث صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیان کرتے ہیں، حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! وہ شخص مسکین نہیں ہے جس کو ایک کھجور یا دو کھجور لوٹا دیں یا ایک لقمہ یا دو لقمے لوٹا دیں، مسکین تو صرف وہ شخص ہے جو سوال کرنے سے باز رہے اور اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو، وہ لوگوں سے گڑگڑا کر سوال نہیں کرتے۔ ۱۰ ؎

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے اپنے فاقہ یا اپنے گھر والوں کے فاقہ کے بغیر سوال کیا قیامت کے دن اس کے چہرے پر گوشت نہیں ہوگا اور اللہ تعالیٰ اس پر فاقوں کا دروازہ کھول دے گا جہاں اس کا گمان بھی نہ ہوگا۔ ۱۱ ؎

حضرت جابر بن عبداللہ انصاریؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے بلاضرورت سوال کیا قیامت کے دن اس کے چہرے پر خراشیں پڑی ہوں گی۔ ۱۲ ؎

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے مال بڑھانے

کے لیے سوال کیا وہ صرف انگاروں کا سوال کر رہا ہے، کم سوال کرے یا زیادہ۔ ۱۳؎

حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو آدمی مجھے اس بات کی ضمانت دے کے وہ لوگوں سے سوال نہیں کرے گا میں اس کے لیے جنت کا ضامن ہوں۔ ۱۴؎

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کوئی شخص کثرت مال سے غنی نہیں ہوتا بلکہ غنی وہ شخص ہے جس کا دل غنی ہو۔ ۱۵؎

حضرت جابرؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم حرص کرنے سے بچو کیونکہ حرص ہی درحقیقت فقر ہے اور اس بات سے بچو کے تم سے معذرت کی جائے۔ ۱۶؎

حضرت زبیر بن العوام بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم میں سے کوئی بھی اگر (ضرورت مند ہو تو) اپنی رسی لے کر آئے اور لکڑیوں کا گٹھا باندھ کر اپنی پیٹھ پر رکھ کر لائے اور اسے بیچے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ اس کی عزت کو محفوظ رکھ لے تو یہ اس سے اچھا ہے کے وہ لوگوں سے سوال کرتا پھرے، اسے وہ دیں یا نا دیں۔ ۱۷؎

سوال کرنے کی حد جواز

علامہ علاء الدین حصکی لکھتے ہیں! جس شخص کے پاس ایک دن کا کھانا ہو یا اتنی بدنی طاقت ہو کہ وہ محنت مزدوری کر کے ایک دن کی خوراک حاصل کر سکے، اس کے لیے سوال کرنا جائز نہیں ہے اور اگر دینے والے کو یہ علم ہو اور اس کے باوجود وہ اس کو دے تو وہ گنہگار ہوگا کیونکہ وہ حرام کام میں مدد کر رہا ہے اور اگر وہ شخص طلب علم دین یا جہاد میں مشغول ہو اور وہ کپڑوں کا سوال کرے تو جائز ہے، بشرطیکہ اس کو کپڑوں کی ضرورت ہے۔ ۱۸؎

علامہ شامی لکھتے ہیں! جس شخص کے لیے سوال کرنا جائز نہیں ہے، اس کے سوا پر اس کو دینا تو حرام ہے لیکن جو شخص صاحب نصاب نہ ہو اس کو اس کے سوال کے بغیر بہ طور صدقہ اور خیرات کے دینا جائز ہے اور کار ثواب ہے اور جو شخص صاحب نصاب ہو اس کو بہ طور ہدیہ اور ہبہ کے

دنیا جائز ہے۔۱۹؎

حضرت قبیصہ بن مخارقؓ بیان کرتے ہیں، میں لوگوں کی طرف سے حقوق ادا کر رہا تھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جا کر اس سلسلہ میں سوال کیا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم ہمارے پاس ٹھہرو حتیٰ کہ ہمارے پاس صدقہ کا مال آجائے پھر ہم اس میں سے تمہیں دینے کا حکم دیں گے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تین صورتوں کے سوا اور کسی صورت میں سوال کرنا جائز نہیں ہے۔

۱۔ایک وہ شخص ہے جس نے کسی کی طرف کسی حق کو ادا کرنے کا ذمہ لیا ہو اس کے لئے سوال کرنا جائز ہے حتیٰ کہ اس کو مطلوبہ مال مل جائے پھر وہ سوال سے رک جائے۔

۲۔دوسرا وہ شخص جس کے مال پر کوئی آفت آگئی ہو اور اس کا سب مال ضائع ہو گیا ہو اس کے لئے سوال کرنا حلال ہے حتیٰ کے اس کو گزر اوقات کے لئے مل جائے۔

۳۔تیسری صورت یہ ہے کے کوئی شخص فاقوں میں مبتلا ہو حتیٰ کے اس کی قوم کے تین آدمی گواہی دیں کے فلاں شخص فاقوں میں مبتلا ہے تو اس کے لئے سوال کرنا جائز ہے۔

(تین آدمیوں کی گواہی استحباب کی شرط ہے اگر وہ واقعی فاقے کر رہا ہے تو اس کے لئے سوال کرنا جائز ہے) اے قبیصہ ان تین صورتوں کے سوا جو شخص سوال کرتا ہے، وہ حرام کھاتا ہے۔۲۰؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے سوال کیا اور اس کے پاس اتنی چیزیں تھیں جو اس کو سوال سے غنی کر سکتی تھیں وہ صرف آگ کو زیادہ کر رہا ہے۔نفیلی نے پوچھا! اس چیز کی کتنی مقدار ہے جو اس کو سوال سے غنی کر دے اور اس مقدار کے ہوتے ہوئے اس کو سوال نہیں کرنا چاہیے؟ فرمایا! اس کے پاس صبح اور شام کا کھانا ہو یا ایک دن اور ایک رات کا کھانا ہو۔۲۱؎

حضرت حبشی بن جنادہؓ باین کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! غنی

(مالک نصاب زکوۃ) کے لئے سوال کرنا جائز نہیں اور نہ تندرست آدمی کے لئے، سوال کرنا صرف اس کے لئے جائز ہے جس کو فقر ہلاک کر رہا ہو یا جو قرض کے بوجھ سے گھبرا رہا ہو اور جس نے اپنے مال میں اضافے کے لئے سوال کیا، قیامت کے دن اس کے چہرے پر خراشیں ہوں گی اور وہ دوزخ کے گرم پتھر کھا رہا ہوگا، پس جو چاہے (اس عذاب کو) کم کرے اور جو چاہے زیادہ کرے۔ (اگر کسی شخص کو علم ہو کے اس سائل کے لئے سوال کرنا جائز نہیں ہے تو اس پر واجب ہے کہ وہ اس کو نرمی سے مسترد کر دے اور اگر وہ اس کو دے گا تو وہ گنہ گار ہوگا)۔ ۲۲ے

سائل کو دینے کی ترغیب کے متعلق احادیث:

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالی ارشاد فرماتے ہیں! اے ابن آدم! تو (لوگوں پر) خرچ کر، میں (تجھ پر) خرچ کروں گا۔ ۲۳ے

حضرت ابوامامہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اے ابن آدم! اگر تو ضرورت سے زائد چیز کو خرچ کر دے تو یہ تیرے لئے بہتر ہے اور اگر تو اس کو روک کر رکھے تو یہ تیرے لئے برا ہے اور اگر تیرے پاس بہ قدر ضرورت مال ہو تو تجھ کو ملامت نہیں کی جائے گی اور دینے کی ابتداء اپنے اہل وعیال سے کر۔ ۲۴ے

حضرت ام حبیبہؓ بیان کرتی ہیں! میں نے عرض کیا! یا رسول اللہ! کسی دن میرے دروازے پر سائل کھڑا ہوتا ہے حتیٰ کے مجھے حیاء آتی ہے اور میرے پاس اسے دینے کے لئے کوئی چیز نہیں ہوتی، تب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تمہارے پاس جو کچھ بھی ہے اسے دے دو، خواہ وہ بکری کا جلا ہوا پایا ہو۔ ۲۵ے

حضرت ام سلمہؓ بیان کرتی ہیں، حضرت ام سلمہؓ کو کچھ گوشت ہدیہ کیا گیا اور نبی ﷺ کو گوشت پسند تھا انہوں نے خادمہ سے کہا! اس کو گھر میں رکھ دو شاید رسول اللہ ﷺ اس کو تناول فرمائیں خادمہ نے اس کو گھر کے طاق میں رکھ دیا اس اثناء میں ایک سائل نے

دروازے پر کھڑے ہو کر کہا! صدقہ دو، اللہ تمہارے مال میں برکت دے، گھر والوں نے کہا اللہ تمہیں برکت دے، وہ سائل چلا گیا بعد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا! اے ام سلمہ! تمہارے پاس کچھ کھانے کی چیز ہے؟ اور انہوں نے خادمہ سے کہا، جاؤ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وہ گوشت لا کر دو، وہ گئی تو اس طاق میں گوشت نہیں تھا، ایک پتھر کا ٹکڑا پڑا ہوا تھا، تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یہی وہی گوشت ہے جو اب پتھر کی شکل میں تبدیل ہو گیا ہے کیونکہ تم نے سائل کو یہ گوشت نہیں دیا تھا۔۲۶؎

حضرت ابوامامہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر مساکین جھوٹ نہ بولیں تو ان کو رد کرنے والا فلاح نہ پائے۔۲۷؎

حضرت حسین بن علیؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! سائل کے لئے حق ہے، خواہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر آئے۔۲۸؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ فرماتے ہیں! تمھارے چہرے کی رونق منجمد ہو جاتی ہے تاہم سوال کرنے سے یہ رونق ٹپکنے پر مجبور ہو جاتی ہے چنانچہ یہ دیکھ لینا کے تم اس رونق کو کس کے سامنے ٹپکا رہے ہو۔ اچھی مایوسی لوگوں سے کچھ مانگنے سے بہتر ہے۔

آپؓ نے اپنے اصحاب سے فرمایا! تم میں جس کی بھی کوئی حاجت ہو وہ مجھ لکھ کر دے تا کہ میں تمھارے چہروں پر مانگنے کی ذلت نا دیکھ سکوں۔

اللہ کے سوا کسی سے سوال نا کرو کیونکہ اگر اس نے تمھیں عطا کر دیا تو وہ تمھیں عزت دار بنائے گا اور اگر اس نے ہاتھ روک لیا تو بھی وہ تمھاری عزت کی حفاظت کرے گا۔

اللہ تعالی سے سوال کرو کیونکہ وہ دعا اور سوال کو پسند فرماتا ہے۔

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کے تم نے اللہ سے سوال کیا لیکن وہ چیز تمھیں نا ملی لیکن اللہ نے تمھیں اس سے کہیں اچھی چیز عطا فرما دی۔ سائل کو بغیر عطا کئے نا بھیجو۔ کثرت سوال باعث ملامت

ہے۔اگر تم چاہتے ہو کے تمھاری بات مانی جائے تو صرف اتنا ہی سوال کرو جو استطاعت میں ہو۔۲۹؎

نفسیاتی پہلو

سوال کرنے میں بذات خود کوئی قباحت نہیں ہے لیکن اصل سوال یہ ہے کے سوال کیا کس سے جا رہا ہے؟ اگر بندہ اللہ سے سوال کرتا ہے اور اپنے دکھ درد کو اللہ کے سامنے پیش کرتے ہوئے اللہ سے مدد مانگتا ہے تو پھر ایسا انسان اللہ کو بہت محبوب ہے کیونکہ اللہ سے دعا یا سوال کرنا اللہ کو بے حد پسند ہے کیونکہ اس کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے انسان کو یہ یقین کامل ہوتا ہے کے اس کی حاجات کو سوائے اللہ کے کوئی دوسرا پورا نہیں کر سکتا ہے دوسری جانب اگر یہی سوال کوئی شخص کسی انسان سے کرے اور اس انسان کو ہی اپنا کفیل، محب، نجات دہندہ اور سفارشی سمجھے تو یہ شرک کی ایک قسم ہے کیونکہ دنیا کی کوئی طاقت اور انسان کسی کی کوئی مدد نہیں کر سکتے جب تک اللہ نا چاہے اور نا ہی کسی کو کوئی نقصان پہنچا سکتے ہیں جب تک اللہ نا چاہے چنانچہ لوگوں سے سوال کرنا اللہ کو سخت نا پسند ہے اور یہ گناہ ہے۔

لوگوں سے سوال کرنے کا ایک نفسیاتی پہلو یہ بھی ہے کے اللہ نے انسان کو چونکہ اشرف المخلوق تخلیق فرمایا ہے لہٰذا ہر انسان کی شخصیت کا ایک وقار بھی ہے اللہ کو یہ بات سخت نا پسند ہے کے کائنات کی سب سے اشراف مخلوق اپنا شخصی وقار داؤ پر لگا کر اپنی ساکھ کو نقصان پہنچائے چنانچہ جیسے بھی حالات ہوں انسان کو صرف اور صرف اللہ کے ساتھ وابستہ رہنا چاہئے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ الضحیٰ۔آیت۔۱۰۔

۴۔سورہ الرحمن۔آیت۔۲۹۔

۵۔سورہ فصلت۔آیت۔۱۰۔
۶۔سورہ ابراہیم۔آیت۔۳۴۔
۷۔سورہ النباء۔آیت۔۱۔
۸۔سورہ الصفٰت۔آیت۔۲۴۔
۹۔سورہ طٰحہ۔آیت۔۳۶۔
۱۰۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۱۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۱۲۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۱۳۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۴۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۱۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۶۔المعجم الاوسط۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔
۱۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۱۸۔درمختار علی ھامش ردالمختار۔علامہ علاء الدین حصکفی حنفی۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۱۹۔ردالمختار۔۔ج۔۲۔ص۔۶۹۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔بیروت۔۱۴۰۷ھ۔
۲۰۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۱۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۲۲۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۲۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۴۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۲۵۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۲۶۔دلائل النبوۃ۔امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہائی (متوفی ۴۳۰ھ)۔مطبوعہ دارالنفائس بیروت۔
۲۷۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبر انی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۲۸۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۲۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔

۵۱۔الجزع۔بے تابی

بے تابی انسان کو صبر سے زیادہ تھکا دیتی ہے۔(حضرت علیؑ)

جزع۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ج۔ز۔ع) سے مشتق ہے۔ا؎

جزع۔کے اصل معنی رسی کو درمیان سے کاٹ دینا ہے۔

جزع وادی۔سے مراد وادی کا وہ حصہ جہاں وادی ختم ہو جائے۔

الجازع۔سے مراد وہ شہتیر جو چھت کے وسط میں ڈالا جاتا ہے۔

الجزع۔صبر کی ضد ہے۔

صبر۔سے مراد مسلسل استقامت اور برداشت کے ہیں۔

جزع۔کے معانی بے تابی اور جلد بازی کے ہیں۔۲؎

ارشاد خداوندی:

أَجَزِعْنَآ أَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِن مَّحِيصٍ۔۳؎

ترجمہ۔ہم چیخیں چلائیں یا صبر کریں ہمارے بچنے کی کوئی صورت نہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! نیکی کے کاموں میں جلدی کرو۔۴؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا! سوچ سمجھ کر کام کرنا اور جلد بازی نا کرنا اللہ کی طرف سے ہے جبکہ جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے۔۵؎

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے اشعث بن قیس کے بیٹے کی موت کی تعزیت کے موقع پر فرمایا!

اگر تم صبر کرو گے تو بھی اللہ کے حکم سے قضاء وقدر جاری ہو رہے گی لیکن تمھیں صبر کا اجر ملے گا لیکن اگر تم نے بے تابی کا مظاہرہ کیا تو بھی اللہ کی قضاء وقدر تو جاری ہو کر ہی رہے گی لیکن تم گناہ گار ہو گے۔ جسے صبر نجات نا دے سکے اسے بے تابی ہلاک کر دیتی ہے۔

صبر کے ذریعے حادثات کے اثرات کمزور ہو جاتے ہیں لیکن بے تابی حوادث کی شدت میں اضافہ کا سبب ہے۔ بے تابی انسان کو صبر سے زیادہ تھکا دیتی ہے۔

بلاؤں اور پریشانی کے وقت بے تابی کا مظاہرہ مشکلات کی سختیوں میں اضافے کا سبب ہیں۔

کوئی بھی مصیبت ایک ہوتی ہے لیکن بے تابی اس مصیبت کو دور دیتی ہے۔

بے تابی پر صبر کے ذریعے غلبہ حاصل کرو۔

بے تابی سے قضاء الٰہی ٹل نہیں سکتی جبکہ یہ اس مصیبت کے اجر کو بھی ضائع کر دیتی ہے۔

مصیبت کے وقت بے تابی کا اظہار مصیبت سے زیادہ سخت ہے۔

جس شخص پر بے تابی غالب آ گئی اس شخص ے ہاتھ سے فضیلت صبر رخصت ہو گئی۔

بے تابی کے ساتھ کوئی ثواب نہیں۔

جس شخص نے لوگوں کے سامنے بے تابی کا مظاہرہ کیا گویا اس شخص نے خود اپنے آپ کو عذاب میں مبتلا کرتے ہوئے امر الٰہی کو بھی ضائع کر دیا اور اپنے ثواب کو بھی بیچ ڈالا۔

صبر اور بے تابی کبھی اکٹھے نہیں رہ سکتے۔

تھوڑی بہت ناپسندیدہ چیزوں پر اظہار بے تابی اور برہمی نا کرو کیونکہ تمھارا یہ رویہ تمھیں مزید بے شمار ناپسندیدہ حالات سے دوچار کر دے گا۔[۶]

نفسیاتی پہلو

مومن کی شخصیت میں ٹھہراؤ، تحمل، متانت، سنجیدگی اور اطمینان قلبی اللہ کو بہت پسند ہے لیکن دنیا کے بے شمار مسلمان ایسے بھی ہیں جو نام کے مسلمان ہیں وہ اسلام پر صحیح طریقے سے عمل کر کے اپنے اندرون میں کوئی تبدیلی پیدا نا کر سکے۔

ایک نکتے کو نہایت توجہ سے سمجھ لینا چاہئے اور وہ یہ کے ہر مشکل اللہ کے حکم سے آتی ہے اور اللہ کے حکم سے جاتی ہے اب اگر مشکل میں گرفتار شخص صبر وتحمل اور ٹھہراؤ سے اس مشکل وقت کو گزار لے تو اس انسان کی طبیعت کا یہ ٹھہراؤ اس کے لئے باعث رحمت، برکت، ثواب اور اجر عظیم ہوگا دوسری جانب اگر کوئی شخص اس مشکل میں بے چینی، بے قراری، رونا، دھونا، شکوہ، شکایات، اضطراب اور حد درجہ برہمی کا مظاہرہ کرتا ہے تو اس کی ان کیفیات سے اس مشکل کو کوئی فرق نہیں پڑے گا وہ مشکل اپنے وقت پر اللہ کے حکم سے ہی جائے گی لیکن بے چینی اور غم وغصے اور شکوہ شکایات کے اظہار کے سبب وہ اجر وثواب سے دستبردار ہوجائے گا اور گناہ گار الگ ہوگا چنانچہ اللہ انسان کی ان نفسیاتی کیفیات سے بخوبی واقف ہے اسی وجہ سے اسلام اپنے پیروکاروں کو صبر وتحمل کی خاص ہدایت دیتا ہے کیونکہ دنیا کی کوئی طاقت حالات کو بدلنے کا اختیار نہیں رکھتیں چاہے کچھ بھی ہوجائے، انسان کو اس نکتے کو اپنے پلے میں بہت اچھی طرح سے باندھ لینا چاہئے کے جب تک اللہ نا چاہے اس وقت تک کچھ بھی نہیں ہوسکتا۔

دنیا میں اس کی بے شمار مثالیں موجود ہیں بڑے بڑے بادشاہ، وزیر سفیر بھی برے وقت کو اپنی تمام دولت دے کر بھی ٹالنے پر قادر نہیں۔

اس معاملے کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے ہر پریشان شخص اپنی الجھن اور پریشانیوں کے سبب بڑی شدید تکلیف اور دباؤ میں ہوتا ہے، اس کو جسمانی، دماغی، ذہنی، نفسیاتی اذیتوں کے علاوہ ارد گرد رہنے والے عزیز اور رشتے داروں کے کڑے سوالات، ذومعنی جملوں اور طنزیہ گفتگو کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے اور اس لمحے اس کی جسمانی اور دماغی کیفیات میں بہت تناؤ اور درد ہوتا ہے لیکن صبر کرنے سے وہ دباؤ اور تناؤ کی کیفیات اللہ کی جانب منتقل ہوجاتی ہیں کیونکہ بندہ اسی یقین سے اللہ کے سامنے اپنی تکالیف کا اظہار کرتا ہے اور اسے یقین کامل ہوتا ہے کے مجھے ان مشکلات سے اللہ کے سوا کوئی بھی نہیں نکال سکتا چنانچہ اس یقین کی وجہ سے اس انسان میں موجود منفی دباؤ اور حد درجہ ڈپریشن، فرسٹریشن اور اینگزائٹی، مثبت یقین اور اطمینان میں

بدل جاتی ہے اور وہ اللہ کے ساتھ اور اس کی رضا اور مشیت کے ساتھ قائم ہوجاتا ہے۔

انسانوں کی اسی بے چینی اور بے قراری کو سمجھتے ہوئے اللہ تعالی نے قرآن کریم میں فرمایا! تم صبر اور صلوۃ سے مدد لو۔(بقرہ) کیونکہ صبر میں تم اللہ کے ساتھ جڑ جاؤ گے جبکہ صلوۃ کی ادائے گی میں تم اللہ کے ساتھ قائم ہوجاؤ گے، اور یہی وہ دو چیزیں ہیں جن کی پابندی سے تم اس مشکل سے باآسانی نکل جاؤ گے۔

قرآن کریم میں ایک جگہ اللہ نے ارشاد فرمایا مشکل وقت میں کثرت سے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا کرو، اور اللہ نے یہ دعا مشکل کے وقت میں پڑھنے کی خاص ہدایت فرمائی ہے اس دعا کی برکت سے انسان بہت جلد اس مشکل سے نکل کر آسانی کی جانب چل پڑتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ ابراہیم۔آیت۔۲۱۔

۴۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۵۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔۔

۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔ص۔۱۰۵۔
مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۵۲۔الجماعت۔گروہ

خدا کی قسم، ہم آہنگ اور متحد افراد اہل حق کا اجتماع ہیں۔(حضرت علیؓ)

الجماعت۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ج۔م۔ع) سے مشتق ہے۔
جس کے معنی متفرق چیزوں کو اکھٹا کرنا ہے۔اـــ
جمع۔سے مراد چیزوں یا اشیاء کو ایک دوسرے سے قریب لا کر ملا دینا۔۲ـــ
جمع۔عربی زبان میں سرخ رنگ کی گوند کو بھی کہتے ہیں۔
جماعت۔سے مراد لوگوں کے گروہ۔
الجمیع۔سے مراد لشکر۔
الجماع۔سے مراد چیزوں کے اجزاء کا باہمی مجتمع ہونا۔
مجتمع۔سے مراد مختلف قبائل کا ایک جگہ جمع ہونا۔
جمع الکف۔سے مراد بندھی ہوئی مٹھی۔
اجمع۔مذکر ہے۔
اجمعون۔(جمع مذکر)۔
جمعاء۔مونث ہے۔
جمع۔(جمع مونث)۔
امر جامع۔سے مراد کسی عظیم الشان کام کے لئے یکجا ہونا۔
یوم الجمعہ۔قبل از اسلام قبیلہ قریش کے افراد جمعہ کے دن جس کو وہ یوم العروبہ بھی کہتے تھے دار قصی کے پاس دارالندوہ (اپنے قومی المشاورت) میں ایک ساتھ جمع ہوا کرتے تھے بعدازاں اس دن کا نام یوم الجمعہ رکھ دیا گیا۔

المجمع ۔ قصی بن کلاب کا لقب بھی المجمع تھا، جو انھیں دار الندوہ میں تمام اہل قریش کو جمع کرنے کی وجہ سے دیا گیا۔

قرآن کریم میں یہ بتایا گیا کے مومنین کی جماعت باہمی مشورے سے اپنے امور کو طے کرتے ہیں۔

جمیعاً ۔ کی ضد ہے اشتاتاً یعنی الگ الگ۔

قرآن کریم میں اجمعین کا لفظ بکثرت استعمال کیا گیا ہے۔ ۳؎

ارشادت خداوندی:

یَآاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَکُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِیْعًا ۔ ۴؎

ترجمہ۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو، مقابلہ کے لیے ہر وقت تیار رہو، ۱۰۱ پھر جیسا موقع ہو الگ الگ دستوں کی شکل میں نکلو یا اکٹھے ہو کر۔

وَاِنَّا لَجَمِیْعٌ حٰذِرُوْنَ ۔ ۵؎

ترجمہ۔ ہم ایک ایسی جماعت ہیں جس کا شیوہ ہر وقت چوکنا رہنا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ساری مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور اللہ سب سے زیادہ اس سے محبت کرتا ہے جو اس کے کنبے سے محبت کرتا ہے۔ ۶؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک اللہ میری امت کو گمراہی پر جمع نہیں کرے گا۔ ۷؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے اور جو جماعت سے الگ ہوا وہ دوزخ میں اپنا ٹھکانہ دیکھ لے۔ ۸؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لئے ایک عمارت کی مانند ہے جس کی ایک اینٹ دوسری اینٹ کو مضبوط کرتی ہے۔ ۹؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! ائے لوگو! امت کے بڑے حصے کے پابند رہو۔
بے شک اللہ کی حمایت جماعت کے ساتھ ہے۔
تفرقہ سے دور رہو، کیونکہ لوگوں سے الگ تھلگ رہنے والا شیطان کے لئے اسی طرح ہوتا ہے جیسے گلے سے الگ ہوجانے والی بھیڑ، بھیڑئے کے لئے ہوتی ہے۔
شیطان تمھارے مستحکم اجتماعات میں تفرقہ ڈال دیتا ہے اور تفرقہ کے ذریعہ فتنہ اور فساد پیدا کر دیتا ہے۔
میری جان کی قسم! مستقبل میں ایسے فتنے اٹھ کھڑے ہوں گے جن کی آگ میں مومن ہلاک ہوں گے اور غیر مسلم ان سے بچے رہیں گے۔
آپ نے ایک دستے کو دشمن کی طرف بھیجتے ہوئے یہ نصیحت کی کے تفرقہ اور اختلاف سے پرہیز کرنا۔ جب منزل اختیار کرنا تو ایک ہی جگہ اترنا اور جب کوچ کرنے کا وقت ہوتو سب ایک ساتھ کوچ کرنا۔
جس گھر کے افراد آپس میں متحد (متفق) ہوں اور ایک دوسرے سے صلہ رحمی رتے ہوں، تو اللہ تعالی ان کو رزق دیتا ہے خواہ وہ گناہ گار ہی کیوں نہ ہوں اور جس گھر کے افراد آپس میں لڑتے ہوں اور قطع رحمی کرتے ہوں، اللہ ان کو رزق سے محروم کر دیتا ہے خواہ وہ متقی ہی کیوں نہ ہوں۔ ۱۰؎
فتنوں اور بدعتوں کی علامت نا بنو بلکہ اہل جماعت کے پابند رہو۔
شیطان تمھارے لئے اپنی راہ کو آسان بناتا ہے اور تمھارے دین کو کمزور اور تمھارے اجتماعات کو تفرقے اور پھوٹ میں بدل دیتا ہے۔ اگر دلوں میں جدائی ہے تو باہمی کثرت بے معنی ہے۔
جماعت اور گروہ کی آپس کی کدورتیں متفقر اور الگ الگ رہنے والے لوگوں کی صاف دلی

سے کہیں بہتر ہے۔ صاحب تفرقہ لوگ اہل باطل ہوتے ہیں چاہے وہ کثرت میں ہی کیوں نا ہوں جبکہ ہم آہنگ لوگ صاحب حق ہوتے ہیں چاہے وہ کم ہی کیوں نا ہوں۔

خدا کی قسم، ہم آہنگ اور متحد افراد اہل حق کا اجتماع ہیں۔

جماعت کے پابند رہو اور تفرقے سے دور رہو۔ ۱۱ے

نفسیاتی پہلو

دین اسلام میں باہمی تعاون اور جماعت کا نظریہ اپنے اندر بے پناہ عافیت لئے ہوئے ہے کیونکہ مسلمانوں کا باہمی اتحاد ایک تو خود ان کی تعمیر ترقی کے لئے بے حد ضروری ہے دوسری جانب مسلمانوں کی حمیت اور نظم وضبط دشمنان اسلام کے لئے بھی کسی دہشت سے کم نہیں تاہم عبادات کے در پردہ بھی مسلمانوں کی جمعیت اور باہم اتحاد اتفاق کا ایک زبردست پیغام موجود ہے اگر چہ مسلمان اکیلے بھی نماز پڑھ سکتا ہے لیکن جماعت کے ساتھ نماز کا اجر وثواب 27 گنا زیادہ ہے کیونکہ اسلام مسلمانوں کے باہمی میل جول کو بے حد پسند کرتا ہے تاکہ مسلمان ایک دوسرے کے ساتھ جڑے رہیں اور ایک دوسرے کے خیر خواہ رہیں دوسری جانب جمعہ کا اجتماع جامع مسجد میں منعقد کیا جاتا ہے جہاں تمام اہل محلہ شریک ہوتے ہیں جبکہ عید کا اجتماع عید گاہ میں منعقد کیا جاتا ہے جس میں تمام شہر کے لوگ شریک ہوتے ہیں اسی طرح سے حج کا اجتماع میں دنیا بھر کے ہر رنگ ونسل اور زبان کے بولنے والے شریک ہوتے ہیں جو ایک ساتھ طواف، سعی، رمی وجمرات، قربانی اور تمام مناسک حج کو کندھے سے کندھا ملا کر ادا کرتے ہیں جس سے مسلمانوں کے دشمنوں کو دنیا بھر میں مسلمانوں کی اجتماعیت، اتحاد اور اتفاق کا ایک پیغام جاتا ہے تاکہ دشمن اسلام کسی کاروائی کو ارادہ تو ایک طرف سازش کے بارے میں سوچیں بھی نا۔ امیر المومنین کا یہ قول!

جماعت اور گروہ کی آپس کی کدورتیں متفقر اور الگ الگ رہنے والے لوگوں کی صاف دلی سے کہیں بہتر ہے۔ صاحب تفرقہ لوگ اہل باطل ہوتے ہیں چاہے وہ کثرت میں ہی کیوں

ناہوں جبکہ ہم آہنگ لوگ صاحب حق ہوتے ہیں چاہے وہ کم ہی کیوں نا ہوں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۔لغات القرآن۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ النساء۔آیت۔۱۷۔

۵۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔۵۶۔

۶۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۷۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی(متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۰۔ الاصول من الکافی۔شیخ ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی (متوفی ۳۲۹ھ)۔مطبوعہ دارالکتب الاسلامیہ تہران

۱۱۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۵۳۔الحذر۔احتراز یا ڈر

ہر اس قول سے ڈرو جو تمھارے لئے دین و دنیا کی بربادی کا سبب ہو۔(حضرت علی)

الحذر۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ح۔ذ۔ر) سے مشتق ہے۔ا؎

جس کے معنی خوف زدہ کرنے والی چیز۔

حذر۔کے معنی ہیں بچنا، محتاط رہنا یا اجتناب کرنا۔

حذر۔کے بنیادی معنی بچنا اور چوکنا رہنا۔۲؎

رجل حذر۔سے مراد ایسا شخص جو سخت احتیاط کے باعث جاگتا رہے۔

الحاذر۔سے مراد ایسا شخص جو ہتھیار سے لیس جنگ کے لئے بالکل مستعد اور چوکنا ہو۔۳؎

ارشادات خداوندی:

وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حَاذِرُوْنَ۔۴؎

ترجمہ۔ہم ایک ایسی جماعت ہیں جس کا شیوہ ہر وقت چوکنا رہنا ہے۔

اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ۔۵؎

ترجمہ۔حقیقت یہ ہے کے تیرے رب کا عذاب ہی ڈرنے کے لائق ہے۔

وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ

ترجمہ۔اللہ تمھارے دلوں کا حال جانتا ہے لہٰذا اسی سے ڈرو۔۶؎

وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۔۷؎

ترجمہ۔اللہ تمھیں اپنے آپ سے ڈراتا ہے اور تمھیں اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو چیز سب سے زیادہ جنت میں داخل کرے گی وہ اللہ تعالی کا ڈر

(خشیت الٰہی) اور اچھا اخلاق ہے۔۸؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! جس نے تمھیں عذاب الٰہی سے ڈرایا اس نے تمھیں بشارت دی۔ گناہوں سے احتراز کی سب سے اچھی شکل یہ ہے کے انسان دنیا کے تغیرات سے عبرت حاصل کرے۔

انسان کو سب سے زیادہ جابر اور قدرت رکھنے والے دشمن اور دھوکے باز دوست سے ڈرنا چاہئے۔ گناہوں سے ڈرنے سے زیادہ بہتر کوئی نصیحت نہیں۔

ہر اس کام سے ڈرو کے جب اللہ کے یہاں اس سے متعلق باز پرس ہو تو کرنے والا شرمندہ ہو کر اس کام کا انکار کردے۔ کبھی کبھی بچنے والا خود ہی ہلاک ہوجاتا ہے۔

خود شناسی (اپنی معرفت) کے بعد انسان کے لئے لازم ہے کے وہ گناہوں سے بچتا رہے اور اپنے نفس کے فتنوں سے ڈرتا رہے۔

ہر اس قول سے ڈرو جو تمھارے لئے دین و دنیا کی بربادی کا سبب ہو۔

ہر اس کام سے بچو جو کرنے والا اپنے لئے پسند کرے جبکہ دوسروں کے لئے اسے ناپسند کرے۔ مسخرہ پن، لہولعب اور زیادہ ہنسنے سے گریز کرو۔۹؎

نفسیاتی پہلو

حضرت شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! دنیا کی محبت انسان کو بزدل بنادیتی ہے ایسا انسان زندگی کے حقائق سے خوفزدہ رہتا ہے کیونکہ جس انسان کے دل میں دنیا داخل ہوجائے تو نتیجے میں نفس پرستی بڑھ جاتی ہے اور معاشرہ پراگندگی، فتنہ انگیزی کا شکار ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے ظلم وستم میں بھی اضافہ ہوتا ہے دوسری جانب موقع پرست افراد اور اقوام طرح طرح کی سازشوں کے جال بچھاتے ہیں اور مال وزر کی محبت اور لالچ میں مبتلا ہوکر کم ہمت افراد اور اقوام کے وجود کو ختم کردیتے ہیں۔۱۰؎

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔ ۵۲۔

۵۔سورہ بنی اسرائیل۔آیت۔ ۵۷۔

۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۳۵۔

۷۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۲۸۔

۸۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔

۹۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۰۔بڑے بچوں کے لئے۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔

۵۴۔محرومی۔حرمان

سستی اور کاہلی محرومی کے اسباب ہیں۔(حضرت علیؑ)

حرمان۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ح۔ر۔م) سے مشتق ہے۔ا؎
جس کے معنی محرومی کے ہیں۔
حرماناً۔سے مراد کسی شئے کو روک لینا۔
حرمان کے بنیادی معانی شدت کے ساتھ کسی چیز سے روک دینا ہے یا ممانیت کے بھی ہیں۔
الحرام۔سے مراد وہ تمام کام جن کی سختی سے ممانیت کی گئی ہو۔
المحروم۔سے مراد جس کی ضروریات کو روک دیا جائے۔
محروم۔سے مراد جس کے پاس کچھ بھی نا ہو۔۲؎

ارشادات خداوندی:

بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ۔۳؎

ترجمہ۔ ہمارے تو نصیب ہی پھوٹے ہوئے ہیں۔

وَفِیْ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ۔۴؎

ترجمہ۔ان کے مال میں حق تھا سائل اور محروم کے لئے۔

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِیْنَ اُحْصِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ ضَرْبًا فِی الْاَرْضِ یَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِیَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ تَعْرِفُهُمْ بِسِیْمَاهُمْ لَا یَسْاَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَیْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ۔۵؎

ترجمہ۔خیرات ان حاجت مندوں کے لیے ہے جو اللہ کی راہ میں رکے ہوئے ہیں ملک میں چل پھر نہیں سکتے، ناواقف ان کے سوال نہ کرنے سے انہیں مال دار سمجھتا ہے، تو ان کے

چہرے سے پہچان سکتا ہے، لوگوں سے لپٹ کر سوال نہیں کرتے، اور جو کام کی چیز تم خرچ کرو گے بے شک وہ اللہ کو معلوم ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! نرمی سے محرومی، خیر سے محرومی ہے۔[٦]

حضرت ثوبانؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! انسان کے گناہوں کی نحوست کی وجہ سے وہ رزق سے محروم کر دیا جاتا ہے۔[٧]

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! کسی بھی انسان کو کم دینے سے شرم محسوس نا کرو کیونکہ محروم رکھنا اس سے بھی زیادہ برا ہے۔

سستی اور کاہلی محرومی کے اسباب ہیں۔

بہت سی امیدیں محرومی کا سبب ہیں۔

محرومیت، حرص کے ساتھ ہے۔

دوسروں کے احسانات سے بہتر محرومی ہے۔

اشراف کو ہجر سے سزا دی جاتی ہے نا کہ محرومی سے۔

جو شخص اپنے حق سے زیادہ کا سوال کرتا ہے وہ محرومیت کا مستحق ہے۔

محرومیت کو عقل انسانی کے ساتھ متصل کر دیا گیا ہے یعنی ہر انسان کی محرومیت اس کی عقل جتنی ہوگی۔ جس شخص کسی فاجر سے امید وابستہ کرے اس شخص کی کم ترین سزا محرومی ہے۔

احسان فراموشی محرومیت کا سبب ہے۔

جو صاحب حیثیت استعداد کے باوجود کسی کو محروم رکھے اس کو بھی محرومیت کے ذریعے عذاب دیا جائے گا۔[٨]

نفسیاتی پہلو

محرومی کا جو بنیادی سبب ہے وہ کاہلی اور سستی ہے، دنیا میں بے شمار افراد ایسے ہیں جو محنت مشقت کرتے ہیں اور روزگار کمانے کی مشکلات سے گزرتے ہیں لیکن محروم وہی شخص ہے جو کام چور، آرام پسند اور خوب وخیال کی دنیا میں رہتا ہے، ایسے لوگ اپنی محرومیوں اور ناکامیوں کا ذمہ دار دوسروں کو سمجھتے ہیں، ساری زندگی خواب وخیال کی دنیا میں رہتے ہوئے خیالی پلاؤ پکاتے رہتے ہیں، ایسے لوگوں کا ایک مسئلہ یہ بھی ہوتا ہے کے یہ ساری ارت جاگتے اور سارا دن سوتے ہیں چنانچہ رات بھر یا رات کے کافی حصے میں جاگ کر اپنی توانائیوں کو اتنا زیادہ خرچ کر چکے ہوتے ہیں کے اگلے دن کسی کام کے قابل نہیں رہتے دوسری جانب یہ لوگ کام چور بھی ہوتے ہیں جسمانی محنت اور مشقت سے بھاگتے ہیں اور شاہانہ زندگی کے متمنی ہوتے ہیں ان کی خواہشات تو بے لگام ہوتی ہی ہیں لیکن ان کے دماغ بھی آسمان پر ہوتے ہیں بہت عمدہ لباس، اچھی غذا، بہترین زندگی اور بے شمار آسائشات کے خواب دیکھتے ہیں لیکن زندگی کی حقیقتوں سے دور کسی دوسری ہی دنیا میں رہتے ہیں، ایسے لوگ ہرگز عملی نہیں ہوتے، اکثریت نماز روزے اور عبادات سے بھی غافل ہوتی ہے اس کے ساتھ ساتھ ناپاک بھی رہتے ہیں چنانچہ لباس اور جسم کی ناپاکی بھی انھیں سخت نقصان پہنچاتی ہے۔ کھانے پینے اور پہننے اوڑھنے کے بہت شوقین ہوتے ہیں، ان لوگوں کا بہترین مشغلہ دوسروں کی زندگی میں جھانکنا، ان کی آسودگی سے جلنا اور حسد کرنا، ؛لوگوں کی غیبت اور چغلی ان کے درمیان فساد پھیلانا اس کے ساتھ اپنی ناکامیوں کو ذمہ دار دوسروں کو ٹھہرانا ان کا محبوب مشغلہ ہوتا ہے، یہ لوگ سخت کنجوس اور مفاد پرست ہوتے ہیں اور اپنے کام کو نکلوانے میں انھیں کسی قسم کی کوئی شرم وحیاء نہیں ہوتی لیکن حقیقت یہ ہے کے ان کی تمام تر محرومیوں کے یہ خود ذمہ دار ہوتے ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز(متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ واقعہ۔آیت۔ ۶۷۔

۴۔سورہ الذاریات۔آیت۔۱۹۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۷۳۔

۶۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۷۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۸۔تجلیات حکمت ۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر۔

۵۵۔الحماقۃ۔حماقت

حماقت ایک ایسا مرض ہے جس کا کوئی علاج نہیں اور ایک ایسی بیماری ہے جو کبھی ختم نہیں ہوتی۔(حضرت علیؑ)

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! احمق کا دل اس کی زبان میں اور عقلمند کی زبان اس کے دل میں ہوتی ہے۔

عالم کی زبان اس کے دل کے پیچھے جبکہ احمق کا دل اس کی زبان کے پیچھے ہوتا ہے۔

سب سے بڑا فقر حماقت ہے۔تمناؤں کے بھروسے پر نار ہو کیونکہ یہ احمقوں کا سرمایہ ہے۔

دل کو مردہ کرنے والی چیزوں میں۔1۔گناہ پر گناہ۔2۔احمقوں کے ساتھ لڑائی جھگڑا۔

کسی احمق کو اپنا دوست نا بناؤ کیونکہ اگر وہ تمھارا فائدہ بھی چاہے گا تو تمھارا نقصان ہوگا۔

احمقوں کا سکوت ان کے کلام سے، ان کی قربت ان کی دوری سے اور ان کی موت ان کی زندگی سے بہتر ہے۔طبیعت میں ٹہراؤ عین عقل ہے جبکہ تیز روئی حماقت ہے۔

عقلمندی اور حماقت انسان پر غلبہ پانے کی کوشش کرتی ہے یہاں تک کے انسان اٹھارہ برس کا ہوجاتا ہے تو ان دونوں میں سے جو بھی زیادہ ہوتی ہے وہ انسان پر غالب آجاتی ہے۔

عقلمند دشمن، احمق دوست سے بہتر ہوتا ہے۔

احمق وہ ہے جو دنیا کے فریب سے دھوکہ کھا جائے جبکہ وہ صبح وشام اس کے تغیرات کا مشاہدہ کرتا ہے۔احمق کی صحبت روح کا عذاب ہے۔

بے وقوف عورت سے نکاح سے بچو کیونکہ اس عورت کا ساتھ اور اس سے پیدا ہونے والی اولاد دونوں بے کار ہوتی ہیں۔

بے وقوف عورت کو اپنے بچوں کو دودھ پلانے کی ذمہ داری نا سونپو کیونکہ دودھ کے اثرات

طبیعت پر غالب ہوتے ہیں۔
بے وقوفی ایک ایسا مرض ہے جس کا کوئی علاج نہیں اور ایک ایسی بیماری ہے جو کبھی ختم نہیں ہوتی۔حماقت، جہالت کا نتیجہ ہے۔بے وقوفی بدبختی ہے۔
بے وقوفی مضر ترین ساتھی ہے۔احمق اپنے شہر میں بے وطن اور اپنے عزیز و اقارب کے درمیان خوار ہوتا ہے۔
احمق کی صحبت سے بچو کیونکہ اس کی صحبت تمھارے لئے وبال جان ہوگی اور اس کی مخالفت تمھیں اذیت پہنچائے گی۔
سب سے بڑا احمق وہ ہے جو لوگوں سے برا سلوک کرے لیکن ان سے شکریہ کی خواہش رکھے جبکہ برائیاں کرے اور ثواب کی خواہش کرے۔
سب سے بڑا احمق وہ ہے جو اپنے آپ کو سب سے زیادہ عقل مند سمجھتا ہو۔
احمق کی تین نشانیاں ہیں۔
1۔ایسی باتیں کرنا جو اس کے مطلب کی ناں ہو۔
2۔ایسی باتوں کا جواب دینا جو اس سے پوچھی نا گئی ہوں۔
3۔ہر کام میں بلا جھجک کود پڑنا۔
انسان کی حماقت کا سب سے زیادہ پتا اس کی نعمتوں میں حد درجہ مستی اور بلاؤں میں حد درجہ ذلت سے ہوتا ہے۔ہلاکت خیز کاموں میں ہاتھ ڈالنا احمقوں کی نشانی ہے۔
احمق کا دوست ہر وقت کسی نا کسی پریشانی میں مبتلا رہتا ہے۔احمق کی فقیری کو دنیا کی دولت بھی کم نہیں کرسکتی۔احمق سے ترک تعلقات دور اندیشی ہے۔
ہر طرح کے فقر اور محرومیت کا سدباب ممکن ہے سوائے حماقت کے۔
احمق کی عظمت بیان نا کرو چاہے وہ عظیم ہی کیوں نا ہو۔
علم اور اہل علم کو صرف احمق جاہل ہی کمتر سمجھتا ہے۔حماقت سے بڑھ کر کوئی فاقہ نہیں۔

حماقت سے بڑھ کر کوئی روگ نہیں ۔لوگوں کی ہر بات کا جواب نا دو کیونکہ یہ عمل حماقت کے لئے کافی ہے ۔حماقت کی موجودگی میں کوئی کام نہیں ہوسکتا۔متلون مزاجی بھی حماقت کی ایک علامت ہے ۔احمقوں کی دوستی اور رفاقت ایسے ہی چھٹتی ہے جیسے سراب یا بدلی ۔
احمق کی دوستی ،آگ کے اس درخت کی مانند ہے جس کا بعض حصہ اپنے بعض حصوں کوخود ہی کھا جاتا ہے۔ا؎

نفسیاتی پہلو

کچھ لوگ پیدائشی احمق یا بے وقوف ہوتے ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ ان کی بے وقوفیوں میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے تاہم امیر المومنین کا یہ قول بھی نہایت توجہ طلب ہے کے آپ فرماتے ہیں !عقلمندی اور حماقت انسان پر غلبہ پانے کی کوشش کرتی ہے یہاں تک کے انسان اٹھارہ برس کا ہوجاتا ہے تو ان دونوں میں سے جو بھی زیادہ ہوتی ہے وہ انسان پر غالب آجاتی ہے، دوسری جانب اگر خواتین میں بے وقوفی پائی جاتی ہے تو امیر المومنین نے ایسی عورت کو اپنی اولاد کو دودھ پلانے سے منع فرمایا ہے کیونکہ دودھ کے اثرات انسان کی طبیعت پر اثر انداز ہوتے ہیں ،احمق کی اپنی ہی ایک دنیا ہوتی ہے اور وہ اس دنیا میں اتنا خوش اور مطمئن ہوتا ہے کے دوسروں کو بھی وہ اپنے جیسا ہی سمجھتا ہے تاہم بے وقوف انسان ،عقلمندوں کے لئے ہر وقت کوئی نا کوئی دردسری پیدا کرتے رہتے ہیں اور ایسے لوگوں کو جھیلنا بہت مشکل ہوتا ہے، اگر کوئی شخص ان کی اصلاح کرنا چاہے تو یہ اسی کی جان کو آجاتے ہیں اور بجائے کوئی اچھی بات سیکھنے کے ایسے افراد اپنے خیرخواہ سے جھگڑا مول لے لیتے ہیں۔
بے وقوف افراد اللہ کی زمین پر عقل والوں کے لئے ایک امتحان کا درجہ رکھتے ہیں۔

حوالہ کتب:

ا۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر۔

۵۶۔الخیئۃ۔خطا

اپنی غلطیوں پر رونے والوں کے لئے خوش بختی ہے۔(حضرت علیؑ)

الخطاء۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (خ۔ط۔اء) سے مشتق ہے جس کے معنی غلط کے ہیں۔ا؎

الخطاء۔اس قصور کو کہتے ہیں جو جان بوجھ کر نا کیا جائے۔

الخطاء۔سے مراد بلا ارادہ اور بلا عمد، کوئی عمل سرزد ہوجانا۔۲؎

ارشادات خداوندی:

بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓئَتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ۔۳؎

ترجمہ۔جس نے کوئی بدی اور اس کے گناہ نے اس کو اپنے گھیرے میں لے لیا ہے تو وہی لوگ دوزخی ہیں، جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا۔۴؎

ترجمہ۔اے پروردگار اگر ہم بھول جائیں یا ہم سے کوئی غلطی ہوجائے تو ہم سے مواخذہ نا کیجئے گا۔

اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۚ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۔۵؎

ترجمہ۔انہیں ان کے اصلی باپوں کے نام سے پکارو اللہ کے ہاں یہی پورا انصاف ہے، سو اگر تمہیں ان کے باپ معلوم نہ ہوں تو تمہارے دینی بھائی اور دوست ہیں، اور تمہیں اس میں بھول چوک ہوجائے تو تم پر کچھ گناہ نہیں لیکن وہ جو تم دل کے ارادہ سے کرو، اور اللہ بخشنے والا

مہربان ہے۔

اَلَمۡ یَعۡلَمۡ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی کَلَّا لَئِنۡ لَّمۡ یَنۡتَہِ لَنَسۡفَعًۢا بِالنَّاصِیَۃِ نَاصِیَۃٍ کَاذِبَۃٍ خَاطِئَۃٍ ۔۶؎

ترجمہ۔تو کیا وہ نہیں جانتا کہ اللہ دیکھ رہا ہے، ہرگز ایسا نہیں چاہیے، اگر وہ باز نہ آیا تو ہم پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے، پیشانی جھوٹی خطا کار۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہر انسان خطا کار ہے لیکن بہترین خطا کار وہ ہے جو گناہ کے فوراً بعد توبہ کرلے یا کوئی نیکی یا صدقہ کرلے۔۷؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے شک اللہ نے میرے لئے میری امت سے خطا، بھول چوک اور جس گناہ میں انھیں مجبور کیا جائے، سب معاف فرمادیا ہے۔۸؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی فرماتا ہے کے ائے ابن آدم! جب تک تو مجھے پکارتا رہے گا تیرے اعمال جیسے بھی ہوں، میں تجھے معاف کرتا رہوں گا اور مجھے تیرے گناہوں کی کوئی فکر نہیں۔۹؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تم اپنے گناہوں میں اضافہ کرتے ہو، اس لئے اپنی توبہ میں بھی اضافہ کرو کیونکہ اگر کوئی بندہ قیامت کے دن ہر دو لکیروں کے درمیان استغفار کرتا ہوا پایا گیا تو وہ (اللہ) اس سے راضی ہوگا۔۱۰؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مومن کا مرض اس کی خطاؤں کا کفارہ ہوتا ہے۔۱۱؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

اللہ اس بندے پر رحم کرے جس نے توبہ کرنے میں جلدی کی اور وہ اپنی موت کو یاد رکھتا ہو۔

اپنی غلطیوں پر رونے والوں کے لئے خوش بختی ہے۔

تین چیزیں انسان کے لئے نجات دہندہ ہیں۔۱۔اپنی غلطیوں پر رونا۔۲۔اپنی زبان پر قابو

رکھنا۔ ۳۔ اپنے گھر کو اپنے لئے کافی سمجھنا۔

غلطیوں کو ترک کر دینا طلب توبہ سے زیادہ آسان ہے۔ خفیہ صدقہ غلطیوں کو ختم کر دیتا ہے۔ ۱۲؎

نفسیاتی پہلو

تمام انسان خطا کار ہیں ان سے جانے یا انجانے میں کوئی نا کوئی گناہ سرزد ہو جاتا ہے تاہم بہترین خطا کار وہ لوگ ہیں جو گناہ یا غلطیوں کے بعد اس پر شرمندگی کا اظہار کرتے ہوئے اللہ سے رجوع کریں اور اپنے گناہوں کی اللہ سے معافی طلب کریں، یا پھر صدقات، خیرات یا کوئی بھی نیکی کا کام کر لیں تو اللہ اپنے بندوں کے اس عمل سے خوش ہو کر ان کے گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! نیکی، بدی کو مٹا دیتی ہے۔

انسان گناہ کے مرتکب ہوتے رہتے ہیں لیکن اس گناہ پر شرمندگی اور استغفار ضروری ہے تاہم کچھ لوگ گناہ کر کے اس پر اصرار کرتے ہیں جو نہایت غلط روش ہے اور اللہ کی ناراضگی کا سبب ہے۔ اصل میں گناہ کا نفسیاتی پہلو یہ ہے کے انسان جانے یا ان جانے میں کچھ غلط کر لیتا ہے لیکن جیسے ہی اسے اپنی غلطیوں کا احساس ہو تو وہ فوراً اللہ کے حضور اس گناہ کی معافی مانگ لے اور اسے اس بات کا یقین ہو کے میرے گناہ کو اللہ کے سوا کوئی دوسرا معاف نہیں کر سکتا ہے یہی حضرت آدم علیہ السلام کی روش تھی لیکن شیطانی روش اس کے برخلاف ہے اور شیاطین کے پیروکار گناہ کرنے کے بعد اس پر بجائے شرمندہ ہونے کے اس گناہ کی ڈھٹائی کے ساتھ تکرار کرتے رہتے ہیں۔ گناہوں کی ڈھٹائی کے ساتھ تکرار اللہ کو غضبناک کرتی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔۸۱۔
۴۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۸۶۔
۵۔سورہ احزاب۔آیت۔۵۔
۶۔سورہ علق۔آیت۔ ۱۴۔۱۶۔
۷۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔
۸۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔
۹۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۱۴ھ۔
۱۰۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۱۔المستدرک۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (متوفی ۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ۔
۱۲۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۵۷۔الذم۔مذمت

کبھی احسان کی مذمت نا کرو۔(حضرت علیؑ)

الذم ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ذ۔م۔م) سے مشتق ہے۔ا؎
ذمہ، یذمہ، ذما اور مذمۃ ۔سے مراد برائی کرنا ہے۔
مذمت ۔کی ضد مدح ہے۔
زمۃ ۔سے مراد ہر وہ ذمہ داری، قول وقرار یا معاہدہ کے جس کے ضائع کر دینے سے مذمت لازم اور واجب ہو۔
جیسے عہد کے توڑنے کے سبب اس انسان کی مذمت کی جاتی ہے۔
الذمہ۔سے مراد امان کے ہیں یعنی کسی انسان کی حفاظت اور کفالت کی ذمہ داری لینا۔
ذمی سے مراد اسلامی سلطنت میں رہنے والے وہ غیر مسلم جن کی حفاظت کی ذمہ دار اسلامی ریاست ہے لیکن اس حفاظت کے بدلے وہ جزیہ بھی ادا کرتے ہوں۔۲؎

ارشادات خداوندی:

لَّوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ۔۳؎

ترجمہ۔اگر اس کے رب کی مہربانی اس کے شامل حال نا ہوتی تو وہ مذموم ہو کر چٹیل میدان میں پھینک دیا جاتا۔

كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۔۴؎

ترجمہ۔کیونکر صلح ہو اور اگر وہ تم پر غلبہ پائیں تو نہ تمہاری قرابت کا لحاظ کریں اور نہ عہد کا، تمہیں اپنی منہ کی باتوں سے راضی کرتے ہیں اور ان کے دل نہیں مانتے اور ان میں سے اکثر

بد عہد ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی بھی قوم کی مشابہت کو اختیار کرنے کی مذمت فرمائی۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی تو وہ انھی میں سے ہے۔۵؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز جمعہ کے دن نمازیوں کی گردنیں پھلانگنے کی مذمت فرمائی ہے۔

حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں، ایک شخص جمعہ کے دن مسجد میں داخل ہوا، اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ دے رہے تھے، وہ شخص لوگوں کی گردنیں پھلانگتے ہوئے آگے جانے لگا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بیٹھ جاؤ، تم نے لوگوں کو تکلیف پہنچائی اور آنے میں تاخیر بھی کی۔۶؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! دنیا ایک ایسا گھر ہے جو بلاؤں سے پر اور غداری میں مشہور ہے یہاں کے حالات ہر وقت بدلتے رہتے ہیں جبکہ یہاں کی دفعات ہر دم متغیر ہیں یہاں امن معدوم ہے جبکہ یہاں کی زندگی قابل مذمت ہے۔

بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بہترین سیرت دنیا کے عیوب کی مذمت ہے جو دنیا کی حد درجہ ذلت اور برائیوں کے لئے بطور دلیل کافی ہے۔

جب تم مذمت کرو تو میانہ روی اختیار کرو۔

عقلمندوں کی مذمت حکمرانوں کی سزاؤں سے بدتر ہے۔

کبھی احسان کی مذمت نا کرو۔۷؎

نفسیاتی پہلو

علماء، صوفیاء اور عرفاء نے دنیا اور دنیا داری کی ہمیشہ ہی مذمت فرمائی کیونکہ دنیا کی مثال ایک

زہریلے سانپ کی مانند ہے جو انسان کو ہلاک کر دیتا ہے لہٰذا دنیا سے صرف اتنا لو جتنا ضروری ہے دوسری جانب اگر تجارت، کاروبار، نوکری، گھر داری کرنا بھی ہو تو ان چیزوں سے فائدہ اٹھانے میں کوئی قباحت نہیں اگر دل اللہ کی یاد سے معمور ہو،

اسی حوالے سے الشیخ عبدالقادر جیلانیؒ فرماتے ہیں! مرد مومن کی یہ پہچان ہے کے وہ کاروبار اور کام کاج میں مصروف رہتا ہے لیکن اس کا دل اللہ کی یاد میں مصروف رہتا ہے۔

رومی بھی دنیا کی مذمت بڑے سخت الفاظ میں کرتے ہوئے یہ کہتے ہیں، جس طرح سے کشتی میں اگر سمندر کا پانی داخل ہو جائے تو وہ کشتی ڈوب جاتی ہے بالکل اسی طرح سے انسان کے دل میں اگر دنیا کی محبت داخل ہو جائے تو انسان ہلاک ہو جاتا ہے چنانچہ انسان دنیا میں ضرور رہے لیکن اس کی محبت کو دل میں جگہ نا دے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ القمر ۔آیت ۔ ۴۹۔

۴۔سورہ التوبہ۔آیت۔ ۸۔

۵۔سنن ابوداؤد۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۶۔ابن ماجہ۔ امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔

۷۔تجلیات حکمت۔ مرتب۔ آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔ مترجم۔ سید قمر عباس۔ مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۵۸۔ الرائی۔ رائے

بزرگ کی رائے کسی جوان کے مشورے اور اس کے مشاہدے سے زیادہ بہتر ہے۔ (حضرت علیؑ)

الرائی۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ر۔أ۔ی) سے مشتق ہے۔ا؎

رویہ۔ سے مراد کسی مرئی چیز کا ادراک حاصل کرنا۔

رویۃ۔ یہ لفظ آنکھوں سے دیکھنے، عقل وبصیرت سے سمجھنے اور خواب وخیال اور تصورات سب کے لئے ہی استعمال ہوتا ہے۔

رویا۔ خواب کو بھی کہتے ہیں۔

الرأی یا رائے۔ سے مراد جب کوئی بات یقینی نا ہو یعنی وہ بات ظنی ہو اور اس بات کے دو پہلوؤں میں سے کسی ایک کو اختیار کرنا رائے کہلاتا ہے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

اَرَاَيۡتَ الَّذِىۡ يُكَذِّبُ بِالدِّيۡنِ۔ ۳؎

ترجمہ۔ تم نے دیکھا اُس شخص کو جو آخرت کی جزا وسزا کو جھُٹلاتا ہے؟

اَلَمۡ تَرَ كَيۡفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصۡحٰبِ الۡفِيۡلِ۔ ۴؎

ترجمہ۔ تم نے دیکھا نہیں، کے تمہارے ربّ نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا؟

قَدۡ كَانَ لَـكُمۡ اٰيَةٌ فِىۡ فِئَتَيۡنِ الۡتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَاُخۡرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوۡنَهُمۡ مِّثۡلَيۡهِمۡ رَاۡىَ الۡعَيۡنِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصۡرِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَعِبۡرَةً لِّاُولِى الۡاَبۡصَارِ۔ ۵؎

ترجمہ۔ تمہارے سامنے ابھی ایک نمونہ دو فوجوں کا گزر چکا ہے جو آپس میں ملیں، ایک فوج

اللہ کی راہ میں لڑتی ہے اور دوسری فوج کافروں کی ہے وہ کافر مسلمانوں کو اپنے سے دوگنا دیکھ رہے تھے، آنکھوں کے دیکھنے سے اور ااﷲ جسے چاہے اپنی مدد سے قوت دیتا ہے، اس واقعہ میں دیکھنے والوں کے لیے عبرت ہے۔

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَرِئْيًا۔۶؎

ترجمہ۔ حالانکہ ان سے پہلے ہم کتنی ہی ایسی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں جو اِن سے زیادہ سرو سامان رکھتی تھیں اور ظاہری شان وشوکت میں اِن سے بڑھی ہوئی تھیں۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! جس نے صرف اپنی رائے پر بھروسہ کیا وہ ہلاک ہوگیا اور جس نے لوگوں سے مشورہ کیا وہ ان کی عقول میں میں شامل ہوگیا۔

اختلاف، رائے کو برباد کر دیتا ہے۔ عقلمند کی پہلی رائے جاہل کی آخری رائے ہوتی ہے۔

بزرگ کی رائے کسی جوان کے مشورے اور اس کے مشاہدے سے زیادہ بہتر ہے۔

سخت دشمنیاں رائے کو ختم کر دیتی ہیں۔

کامیابی، دور اندیشی سے ہے اور دور اندیشی رائے کی عظمت اور جلالت سے ہے، جبکہ رائے راز کو چھپانے سے ہوتی ہے۔ جس شخص کو اپنی رائے پسند ہوگی وہ گمراہ ہوجائے گا۔

دین رائے کا نہیں بلکہ اتباع کا نام ہے۔ اپنی رائے سے صرف بے وقوف ہی خوش ہوتا ہے۔

کثرت آرأ فساد ہے کیونکہ وہ دیگ کبھی بھی اچھی نہیں پک سکتی جس کے پکانے والے زیادہ ہوں۔ جو شخص عقل کو چھوڑ کر ہدایت حاصل کرتا ہے وہ نہج آرأ میں غلطی کرتا ہے۔

رائے کسی بھی کام کی ابتدأ میں ہی اس کی انتہا کو دکھا دیتی ہے۔

جس شخص کو اپنی رائے بہت پسند ہوتی ہے اس پر اس کے دشمن غالب آجاتے ہیں۔

رائے صبر اور تحمل کے ساتھ ہے۔ سب سے بری چیز بغیر سوچے سمجھے رائے کا اظہار ہے۔

بعض آرا کے تصادم کے نتیجے میں ان کے درمیان سے درست رائے نکل آتی ہے۔

ہر انسان کی رائے اس کی عقل کی میزان ہوتی ہے۔ رائے کی مضبوطی کے سبب دور اندیشی پائیدار ہوتی ہے۔ خلاف شرع رائے کا شمار بدترین رائے میں ہوتا ہے۔
جس شخص کی رائے کمزور ہوگی اس کے دشمنوں کی تعداد زیادہ ہوگی۔ ۸؎

نفسیاتی پہلو

اللہ نے انسان کو عقل کی نعمت سے سرفراز فرمایا ہے چنانچہ اللہ تعالی اپنے بندوں سے یہ چاہتے ہیں کے وہ اپنی عقل اور علم کو استعمال کرتے ہوئے معاملات کے درست نتائج تک پہنچیں تاہم ایسے بہت کم لوگ ہیں جو معاملات کے تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے اور اہل علم حضرات سے مشورے کے بعد کسی نتیجے تک پہنچیں، اسلام عقل اور علم والوں سے مشورے کو بہت پسند کرتا ہے لیکن جو لوگ جلد بازی اور خودی پسندی کا شکار ہوتے ہیں اور اپنے آپ کو عقل کل سمجھتے ہیں وہ ہمیشہ اپنی کٹ حجتی کے باعث ناکامیوں کا منہ دیکھتے ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ الماعون۔آیت۔۱۔
۴۔سورہ الفیل۔آیت۔۱۔
۵۔سورہ آل عمران۔آیت۔ ۱۳۔
۶۔سورہ مریم۔آیت۔ ۷۴۔
۷۔حدیث۔
۸۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۵۹۔العیب۔عیب

جو انسان حیا کا لباس پہن لیتا ہے اللہ تعالی اس کے عیب کو چھپا دیتے ہیں۔(حضرت علیؑ)۔

العیب۔عربی زبان کا لفظ ہے جو (ع۔ی۔ب) سے مشتق ہے۔ا؎

جس کے معنی نقص، برائی اور خرابی کے ہیں۔

عاب الشیٔ۔کے معنی کسی شے کا عیب دار ہو جانا۔۲؎

ارشاد خداوندی:

اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا۔۳؎

ترجمہ۔اُس کشتی کا معاملہ یہ ہے کہ وہ چند غریب آدمیوں کی تھی جو دریا میں محنت مزدوری کرتے تھے میں نے چاہا کے اسے عیب دار کر دوں، کیونکہ آگے ایک ایسے بادشاہ کا علاقہ تھا جو ہر کشتی کو زبردستی چھین لیتا تھا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بے حیائی جس چیز میں بھی ہو اس کو عیب دار بنا دیتی ہے۔۴؎

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! سب سے بڑا عیب یہ ہے کے جن باتوں کو تم دوسروں کے لئے عیب سمجھتے ہو وہ کام تم خود کرتے ہو۔

جو انسان اپنے عیوب پر نظر رکھتا ہے وہ دوسروں کی عیب جوئی سے باز رہتا ہے۔

کسی بھی انسان کا عیب یہ نہیں ہے کے اس کو اپنا حق دیر سے ملے بلکہ اس کے لئے یہ بات زیادہ باعث عیب ہے کے وہ ان چیزوں کا مطالبہ کرے جس کا اس کے پاس حق نہیں۔

اللہ تعالیٰ تمھارے عیوب کو اس وقت تک چھپاتے رہتے ہیں جب تک نصیب تمھارے ساتھ ہے۔ جو انسان حیا کا لباس پہن لیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے عیب کو چھپا دیتے ہیں۔

تحمل اور بردباری عیوب کا قبرستان ہے۔

کنجوسی انسان کے تمام عیوب کو یکجا کر دیتی ہے۔

عقلمند وہ ہے جو ہمت کر کے گناہوں سے کنارہ کشی اختیار کر لے اور اپنے اندر موجود عیوب کی اصلاح کر لے۔ اپنے عیوب سے ناواقفیت بڑے گناہوں میں شامل ہے۔

جو شخص کسی کی عیب جوئی کرے گا اس انسان کی بھی عیب جوئی کی جائے گی اور جو شخص کسی کو گالی دے گا اس کو بھی گالی دی جائے گی۔

انسانی عیوب میں شامل خود پسندی اور ہٹ دھرمی کا علاج نہایت مشکل اور سخت ہے۔

وہ انسان خوش نصیب ہے جو اپنے عیوب کی اصلاح اور دوسروں کے عیوب کی پردہ پوشی کرے

جس طرح سے تم اپنے دشمنوں کو پہچاننے میں ہوشیار رہتے ہو بالکل اسی طرح سے اپنے عیوب کو بھی جاننے میں تیزی کا مظاہرہ کرو۔ خاموشی انسان کے عیوب کو چھپا دیتی ہے۔

خبردار لوگوں کے عیوب کو تلاش کرنے والوں سے دوستی نا رکھو کیونکہ ایسے لوگوں کی صحبت تمھیں بھی ان ہی جیسا کر دے گی۔

دوسروں کے عیوب کی جستجو بہت بڑا گناہ اور سب سے بڑا عیب ہے۔ صاحبان عیب لوگوں کے عیوب کو بیان کرتے ہیں تاکہ وہ اپنے عیوب کی عذر خواہی کے لئے بہانہ تلاش کر سکیں۔

تمھارا سب سے اچھا دوست وہ ہے جو تمھیں تمھارے عیوب سے مطلع کرے اور تمھاری مدد کرے۔ جو شخص اپنے عیوب سے واقف ہے یہ اس کی سب سے اچھی اور نفع بخش معرفت ہے۔ جو شخص لوگوں کے پوشیدہ عیوب کی جستجو میں لگا رہتا ہے اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو لوگوں کی

دوستی اور محبت سے محروم کر دیتا ہے۔جو انسان تنہائی میں میں تمھیں تمھارے عیوب کو بتائے وہ تمھاری غیر موجودگی میں تمھارے عیوب کی پردہ پوشی اور تمھاری عزت کی حفاظت کرے گا۔۵؎

نفسیاتی پہلو

انسان کمزوریوں اور عیوب کا مجموعہ ہے تاہم اسلام نے انسان کی ہدایت کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کو مبعوث فرمایا جنھوں نے انسانوں تک اللہ کے پیغام کو نا صرف پہنچایا بلکہ ان کی اصلاح اور رہنمائی بھی فرمائی، انسان اس کائنات میں اللہ کی اشرف ترین مخلوق ہے جب ہی اس کی ہدایت اور اصلاح کے لئے اللہ نے اتنے انتظامات فرمائے تاہم انسان سے جانے انجانے میں کئی گناہ اور خطائیں سرزد ہو جاتی ہیں جبکہ انسان سب سے زیادہ اپنے آپ کو ہی جانتا ہے کیونکہ وہ سب سے زیادہ وقت اپنے ساتھ ہی گزارتا ہے، اس اعتبار سے وہ اپنے عیوب اور خامیوں سے سب سے زیادہ واقف اور آگاہ ہوتا ہے، اسلام کی نظر میں سب سے عقلمند انسان وہ ہے جو اپنے عیوب اور خامیوں پر قابو پاتے ہوئے اچھائی اور نیکیوں کے کاموں میں جلدی کرے، انسان جتنی زیادہ اپنے عیوب کی اصلاح کرے گا اتنا ہی زیادہ وہ مطمین، پرسکون اور حقیقی مسرت کے ساتھ زندگی بسر کرے گا۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ کہف۔آیت۔۷۹۔

۴۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔۱۴۱۵ھ۔

۵۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۶۰۔الغبن ۔غبن (نقصان)

کافر کی یہ پہچان ہے کے وہ حیلہ گر، خائین اوراپنے نفس سے فریب کھایا ہوا مغبون ہوتا ہے
(حضرت علیؑ)

الغبن ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (غ ۔ب ۔ن) سے مشتق ہے۔ا؎
الغبن کے معنی کسی مشترکہ معاملے میں اپنے ساتھی کے مفاد یا حقوق میں پوشیدہ طور پر کمی کرنا۔
قرآن کریم میں یوم القیامۃ کو یوم تغابن کہا جاتا ہے۔
تغابن ۔کے معانی باہم غبن کرنا یعنی ایک دوسرے کے مال یا حقوق میں کمی کرنا۔۲؎

ارشادخداوندی:

يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ۔۳؎
ترجمہ۔اِس کا پتہ تمہیں اُس روز چل جائے گا، جب اجتماع کے دن وہ تم سب کو اکٹھا کرے گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دونوں سجدوں کے درمیان یہ دعا فرماتے تھے! اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور میرے نقصان کی تلافی فرما اور مجھے ہدایت دے اور مجھے رزق عطا فرما۔۴؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! حقیقی گھاٹے میں وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے نفس کو نقصان پہنچایا۔مغبون وہ شخص ہے جس کا دین فاسد ہو۔

مغبون ہے وہ شخص جو جنت کے بلند مقامات کو نہایت پست گناہ کے بدلے فروخت کر دے۔
مغبون ہے وہ شخص جو دنیا میں اس طرح سے مشغول ہو جائے کہ آخرت کا حصہ اس کے ہاتھ سے نکل جائے۔
کافر کی یہ پہچان ہے کہ وہ حیلہ گر، خائین اور اپنے نفس سے فریب کھایا ہوا مغبون ہوتا ہے۔
اگر تم نے برا کام کیا ہے تو یقیناً تم نے اپنے نفس کی توہین کی ہے اور اپنی ذات کو نقصان پہنچایا ہے۔۵؎

نفسیاتی پہلو

دھوکا، فریب، جھوٹ، خیانت اور بد دیانتی انسان کی نفسیات اور اس کی شخصیت کو کو بری طرح سے متاثر کرتے ہوئے اسے دوسروں کی نظروں میں گراتے ہوئے غیر مقبول کر دیتی ہیں، یہ وہ تمام رزائل اخلاق ہیں جن کی اصلاح انسان کو خود کرنی ہے، ایسا ممکن نہیں کے انسان دواؤں کے ذریعے ان برائیوں سے نجات حاصل کر لے بلکہ اپنی کمزوریوں اور خطاؤں کا ادراک کرتے ہوئے ان کے سد باب کی کوشش کرنا کیونکہ انسان ہر دن نئے تجربات اور احساسات سے گزرتا ہے جو اس کے علم میں اضافے سبب ہے لہٰذا عقلمند انسان وہ ہے جو گناہوں اور برائیوں کو ترک کر کے نیکی کی طرف یعنی اپنی اصل کی جانب لوٹ آئے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ التغابن۔آیت۔۹۔
۴۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔
۵۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۶۱۔الغی۔گمراہی

گمراہی کے ساتھ کوئی تقویٰ اور پارسائی نہیں۔(حضرت علیؑ)

الغی۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (غ۔و۔ی) سے مشتق ہے۔۱؎

جس کے معنی بھٹک جانا، دھوکا کھانا یا گمراہ ہوجانا ہے۔

غی۔رشد کی ضد ہے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۔۳

ترجمہ۔دین کے معاملے میں زبردستی نہیں ہے، بے شک ہدایت یقیناً گمراہی سے ممتاز ہو چکی ہے، پھر جو شخص شیطان کو نہ مانے اور اللہ پر ایمان لائے تو اس نے مضبوط حلقہ پکڑ لیا جو ٹوٹنے والا نہیں، اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔

مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى۔۴؎

ترجمہ۔تمہارا رفیق نہ بھٹکا ہے، نہ بہکا ہے۔

فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى۔۵؎

ترجمہ۔پھر دونوں (آدم اور حوا) نے اس درخت سے کھایا تب ان پر ان کی برہنگی ظاہر ہوگئی اور اپنے اوپر جنت کے پتے چپکانے لگے، اور آدم نے اپنے رب کی نافرمانی کی پھر بھٹک گیا۔

فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا۔۶؎

ترجمہ۔ پھر ان کی جگہ ایسے ناخلف آئے جنہوں نے نماز ضائع کی اور خواہشوں کے پیچھے پڑ گئے، پھر عنقریب گمراہی کی سزا پائیں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جس نے (لوگوں کو) کسی گمراہی اور (بدعملی) کی دعوت دی تو اس داعی کو ان سب لوگوں کے گناہوں کے برابر گناہ ہوگا جو اس کی دعوت پر اس گمراہی اور بدعملی کے مرتکب ہوں گے۔ ۷؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! عقلمند ہے وہ انسان جو حق اور باطل (گمراہی) میں فرق کرسکتا ہو۔ جو شخص اپنی گمراہی کے ذریعے نجات چاہے وہ کبھی نجات حاصل نہیں کرسکتا ہے۔
سب سے عقلمند انسان وہ ہے جو درست اور گمراہی کے راستوں کو اچھی طرح سے پہچانتا ہو۔
سب سے بدترین شے گمراہی ہے۔ گمراہی کے ساتھ کوئی تقویٰ اور پارسائی نہیں۔
برا ہو اس شخص کا جو گمراہیوں میں اس حد تک آگے نکل جائے کے پھر ہدایت کی طرف پلٹ نا سکے۔ بدترین گناہ، گمراہی کی اطاعت کرنا ہے۔
تم اس وقت تک جنت میں داخل نہیں کئے جاسکتے جب تک تم گمراہی سے نکل کر ہدایت کی طرف نا آجاؤ۔ ۸؎

نفسیاتی پہلو

ماہرین نفسیات کے مطابق! گمراہ اور اپنے آپ کو دوسروں سے بہتر سمجھنے والا شخص ہر وقت لوگوں کے سامنے اپنی اچھائیوں کو بیان کرتا ہے، ایسا شخص اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کو لوگوں کے سامنے جتاتا ہے، وہ دوسروں کے معاملات میں مداخلت کرتا ہے اور لوگوں کو خود سے کمتر سمجھتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ البقرہ۔آیت ۔ ۲۵۶۔

۴۔سورہ نجم۔آیت ۔ ۲۔

۵۔سورہ طٰحہ۔آیت ۔ ۱۲۱۔

۶۔سورہ مریم۔آیت ۔ ۵۹۔

۷۔معارف حدیث ۔

۸۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۶۲۔ فحش۔ گالی

فحش گو شخص اپنے حاسدین کے مرض یعنی حسد کو شفا عطا کرتا ہے۔ (حضرت علیؑ)

الفحش ۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ف ۔ ح ۔ ش) سے مشتق ہے۔ ا؎

جس کے معنی حد سے بڑھ جانا، زیادتی کرنا، گفتگو میں ادب و احترام کی حدود کو پھاند جانا یا کسی بات میں حد سے تجاوز کر جانا ہے۔

قرآن کریم میں فحشا کی ضد عدل ہے۔

فاحش ۔ عربی زبان میں بخیل کو بھی فاحش کہا جاتا ہے۔

فحش ۔ کے ایک معنی رزق کی تنگی بھی ہے۔

فحشا ۔ کے معنی ناجائز طریقے سے دولت کو کمانا بھی ہے۔

سورہ بنی اسرائیل میں زنا کو فاحشہ کہا گیا ہے۔ ۲؎

ارشادات خداوندی:

وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۔ ۳؎

ترجمہ۔ (اللہ) تمھیں بدی اور بے حیائی اور ظلم و زیادتی سے منع کرتا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ۔ ۴؎

ترجمہ۔ اللہ بے حیائی کا حکم کبھی نہیں دیا کرتا۔

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۚ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۔ ۵؎

ترجمہ۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیویو، تم میں سے جو کسی صریح فحش حرکت کا ارتکاب کرے گی اسے دوہرا عذاب دیا جائے گا۔

اَلشَّيۡطٰنُ يَعِدُكُمُ الۡفَقۡرَ وَيَاۡمُرُكُمۡ بِالۡفَحۡشَآءِ ۔٦؎

ترجمہ۔شیطان تمہیں مفلسی سے ڈراتا ہے اور شرمناک طرز عمل اختیار کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔

اِنَّ الَّذِيۡنَ يُحِبُّوۡنَ اَنۡ تَشِيۡعَ الۡفَاحِشَةُ فِى الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ‌ؕ وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ وَاَنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ ۔٧؎

ترجمہ۔بے شک جو لوگ چاہتے ہیں کے لوگوں میں بے حیائی پھیلے ان کے لئے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے، اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عائشہؓ روایت کرتی ہیں ،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!وہ آدمی بدترین ہے جس کی بدکلامی کے ڈر سے لوگ اسے چھوڑ دیں۔٨؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہوا کو گالی نا دو کیونکہ یہ اللہ کا ایک جھونکا ہے جو رحمت اور عذاب لاسکتا ہے بلکہ اللہ سے اس کی بھلائی مانگو اور اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگو۔٩؎

امیر المومنین حضرت علیؑ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا!فحش گو شخص اپنے حاسدین کے مرض یعنی حسد کو شفا عطا کرتا ہے۔بردبار انسان کبھی فحش گو نہیں ہوتا۔

سب سے زیادہ احمق اور نادان ہے وہ شخص جو فحش گوئی ، بدکلامی اور گالی گلوچ پر فخر کرتا ہو۔

فحش گوئی اور جھوٹ سے بچو کیونکہ یہ انسان کو دنیا میں ذلیل ورسوا کر کے چھوڑتی ہیں ۔

جو شخص بری بات کو سننے کے بعد دہراتا ہے وہ بری بات کہنے والے جیسا ہی ہوجاتا ہے۔

براکام اپنے نام کی طرح کی برا ہے۔١٠؎

نفسیاتی پہلو

فحش گو ، بدکلام انسان اخلاق رزیلہ کے اتنے نچلے درجے پر فائز ہوتا ہے کے لوگ اس شخص کی

بدکلامی اور فحش گوئی کے سبب اس سے ملنا جلنا ترک کر دیتے ہیں کیونکہ ہر انسان کو اپنی عزت پیاری ہوتی ہے جبکہ بدگو انسان دوسروں کو رسوا اور بے عزت کر کے سکون محسوس کرتا ہے اس بری عادت کے در پیش انسان کا غرور و تکبر اور دوسروں کو حقارت سے دیکھنا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ النحل۔آیت۔ ۹۰۔

۴۔سورہ اعراف۔آیت۔ ۲۸۔

۵۔سورہ احزاب۔آیت۔ ۳۰۔

۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۶۸۔

۷۔سورہ النور۔آیت۔ ۱۹۔

۸۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۹۔شعب الایمان۔امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔مطبوعہ داعالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۱ھ۔

۱۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۶۳۔ الفکر۔ فکر

تفکر جیسا کوئی علم نہیں۔ (حضرت علیؑ)

فکر۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ف۔ک۔ر) سے مشتق ہے۔ ا؎
جس کے معنی کسی بھی معاملے میں ایک خاص ترتیب کے ساتھ غور وفکر کرنا اور عقل ونظر سے کام لینا۔

انسان انھی چیزوں پر تفکر کرسکتا ہے جن چیزوں کا تصور اس کے دل ودماغ میں قاءم ہوتا ہے۔ ۲؎

تفکر۔ سے مراد عبرت حاصل کرنا بھی ہے۔ ۳؎

قرآن کریم میں 756 آیات میں غوروفکر اور تفکر وتدبر کی بار بار دعوت دی گئی ہے۔

ارشاد خداوندی:

قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ۔ ۴؎

ترجمہ۔ تمہیں ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں، وہ یہ کے تم اللہ کی خاطر دو دو اور ایک ایک کر کے اٹھنے پر غور کرو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ خدا کے نور سے دیکھتا ہے۔ ۵؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! فکر ایک صاف وشفاف آئینہ ہے۔

تفکر جیسا کوئی علم نہیں ۔

بے وقوف بے سوچے سمجھے بہت بولتا ہے جبکہ عقلمند کائنات میں غور وفکر کے باعث کم گو اور صاحب بصیرت ہوتا ہے۔

جو انسان غور وفکر کرتا ہے وہ وہ عبرت حاصل کر لیتا ہے اور جو عبرت حاصل کر لیتا ہے وہ وہ لوگوں سے دور ہو جاتا ہے اور جو لوگوں سے دور ہو جاتا ہے وہ سلامتی میں داخل ہو جاتا ہے۔

ہر وہ خاموشی جس میں غور وفکر نہیں وہ غلطی ہے ۔

عقل انسانی ، افکار کی امام ہیں ، افکار قلوب کے امام ہیں ،قلوب حواس کے امام ہیں ، اور حواس ، اعضا کے امام ہیں ۔

تفکر کے ذریعے اپنے اللہ سے ڈرو اور رات میں اٹھ کر اس کی عبادت کرو اور اس سے توبہ طلب کرو۔

حکمت اور دانائی کی باتوں کے سوا کسی دوسری باتوں میں غور وفکر ہوس ہے۔

اللہ کی نعمتوں کے بارے میں غور وفکر بہترین عبادت ہے ۔

غور وفکر انسان کو ہدایت کی جانب لے جاتی ہے ۔غور وفکر متقین کی تفریح ہے ۔

غور وفکر سے انسانی عقل کو جلا ملتی ہے ۔ سب سے افضل عبادت غور وفکر ہے ۔

کسی بھی کام میں ہاتھ ڈالنے سے قبل اس کے ہر پہلو پر غور فکر کر لینے سے انسان کئی لغزشوں سے بچا رہتا ہے۔

کسی بھی کام کے نتائج کے بارے میں سوچ اور سمجھ لینے سے انسان ہلاکتوں سے بچ جاتا ہے۔عقل کی جڑ غور وفکر ہے جبکہ اس کا پھل سلامتی ہے ۔

غور وفکر کی عادت انسان کو ہدایت تک لے جاتی ہے اور یہی غور وفکر اور ہدایت انسان کو آخرت کے معاملات میں آسانیاں مہیا کرتی ہیں۔ گھڑی بھر کا تفکر کئی سال کی عبادت سے بہتر ہے۔جس انسان کی غور وفکر میں طوالت واقع ہو جاتی ہے اس انسان کی بصیرت میں گہرائی

پیدا ہو جاتی ہے۔جس انسان میں غور فکر کی جتنی زیادہ صلاحیت ہوگی اس انسان کے لئے دنیا کی ہر شے میں اتنی ہی زیادہ عبرت موجود ہوگی۔

جو انسان اللہ کی نعمتوں کے بارے میں غور وفکر کرتا ہے اللہ تعالی اس انسان کو نیک اعمال کی توفیق عطا فرماتے ہیں۔٦

نفسیاتی پہلو

قرآن کریم میں 756 مقامات پر اللہ نے بنی نوع انسانیت کو غور وفکر اور تفکر وتدبر کی ہدایت فرمائی ہے، کیونکہ کائنات میں تفکر انسان کو اللہ کی عظمت، بڑائی، بادشاہت، اختیارات اور لامتناہی علم کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے تاہم جب انسان اللہ کی وسیع کائنات کا مطالعہ اور مشاہدہ کرتا ہے تو اس پر علم وحکمت کے کئی زایوں کی عقدہ کشائی ہوتی ہے، پھر جب انسان سجدہ کرتا ہے تو اس سجدے کی لذت ہی کچھ اور ہوتی ہے۔

حوالہ کتب:

١۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ١۴٠۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔١٩٩٨ء۔
٢۔المفردات۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵٠٢ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
٣۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ١۴٠۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔١٩٩٨ء۔
۴۔سورہ سبا۔آیت۔۴٦۔
۵۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ٢٧٩ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔١۴٢١ھ۔
٦۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔١۴٢۴ھ۔

۶۴۔الکراحۃ۔ناپسندیدگی

بلاؤں کے وقت بہادر اور ناپسندیہ امور کے وقت خوش رہو۔(حضرت علیؑ)

الکرہ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ک۔ر۔ہ) سے مشتق ہے۔اؔ
کراہ۔سے مراد سخت ناپسندیدگی۔
الکرہ۔سے مراد سخت مشقت۔
الکرہ۔ایسی تکلیف جو کسی بھی انسان پر کسی بھی خارجی ذریعے سے مسلط کی جائے اس کو کرہ کہتے ہیں۔
اکراہ طبعی یعنی physical بھی ہوتا ہے یعنی کسی بھی انسان کو کسی ہتھیار سے زودوکوب کر کے اس سے کوئی کام کروانا۔
اکراہ ذہنی یعنی mental بھی ہوتا ہے اور کوئی بھی شعبدہ دکھا کر انسان سے کوئی بات منوانا وغیرہ۔
طوعاً۔کی ضد کراھاً ہے۔۲ؔ

ارشادات خداوندی:

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسَىٰ أَن تَكْرَهُوا شَيْئًا وَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ وَعَسَىٰ أَن تُحِبُّوا شَيْئًا وَهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ۔ ۳ؔ

ترجمہ۔تم پر کفار سے جنگ فرض کی گئی اور وہ تمہارے لیے ایک ناگوار شے ہے، ممکن ہے تم ایک شے کو ناگوار خیال کرو حالانکہ وہ تمہارے لیے بہتر ہو اور ممکن ہے کے تم ایک شے کو پسندیدہ سمجھو اور وہ تمہارے لیے بری ہو۔اللہ جانتا ہے، تم نہیں جانتے۔

حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا۔ ۴ؔ

ترجمہ۔اس کی ماں نے دکھ کے ساتھ اس کو پیٹ میں رکھا اور دکھ کے ساتھ اس کو پیدا کیا۔

قَالَ يٰقَوۡمِ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ كُنۡتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّىۡ وَاٰتٰٮنِىۡ رَحۡمَةً مِّنۡ عِنۡدِهٖ فَعُمِّيَتۡ عَلَيۡكُمۡ ؕ اَنُلۡزِمُكُمُوۡهَا وَاَنۡتُمۡ لَهَا كٰرِهُوۡنَ۔۵؎

ترجمہ۔اس نے کہا اے میری قوم! دیکھو اگر میں اپنے رب کی طرف سے صاف راستہ پر ہوں اور اس نے مجھ پر اپنے ہاں سے رحمت بھیجی ہو پھر وہ تمہیں دکھائی نہ دے، تو کیا میں زبردستی تمہارے گلے مڑھ دوں اور تم اس سے نفرت کرتے ہو۔

لَاۤ اِكۡرَاهَ فِى الدِّيۡنِ ۙ قَد تَّبَيَّنَ الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَىِّ۔۶؎

ترجمہ۔دین کے معاملے میں کوئی جبر نہیں ہے، ہدایت گمراہی سے بالکل الگ ہو چکی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جنت ناپسندیدہ چیزوں میں گھری ہوئی ہے جبکہ جہنم خواہشات نفسانی میں گھری ہوئی ہے۔۷؎

حضرت ابو ہریرہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ان اعمال سے اللہ تعالی گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور انسان کے درجات کو بلند فرماتا ہے، ناگواری کے باوجود مکمل وضو کرنا، مسجد کی طرف زیادہ چل کر جانا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا۔۸؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! سب سے افضل عمل وہ ہے جس کے لئے تم نے اپنے نفس کو مجبور کیا۔مومن، رفعت، بلندی اور شہرت کو ناپسند کرتا ہے۔

تمھارے نفس کے لئے یہی ادب کافی ہے کے ان تمام اشیاء سے اجتناب کرو جن کو تم دوسروں کے لئے ناپسند کرتے ہو۔

بے شک ہر ناپسندیدہ شے یا معاملات کی کوئی نا کوئی حد مقرر ہے چنانچہ عقلمند نامساعد حالات میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتا ہے کیونکہ وقت سے پہلے ان کے لئے کوشش مسائل میں اضافہ کا

سبب ہوسکتی ہے۔ دین کو سمجھو اور ناپسندیدہ چیزوں پر صبر کی عادت ڈالو۔
اگر تم کسی ناپسندیدہ معاملے میں پھنس جاؤ تو پہلے اس معاملے کے ہر پہلو کو اچھی طرح سے دیکھ لو اگر گلوخلاصی کی گنجائش ہو تو نکلنے کی کوشش کرو اور اگر اس مشکل سے نکلنے کی کوئی صورت نا ہو تو پھر صبر و استقامت سے اس مشکل وقت کو گزارو اور بے صبری کا مظاہرہ ہرگز نا کرو۔
ظلم سے بچو کیونکہ ظالم کے ایام سخت ناپسندیدہ ہوتے ہیں۔
لوگوں کی معذرتوں کو قبول کرو اور ان کی دل آزاری سے بچو۔
بلاؤں کے وقت بہادر اور ناپسندیہ امور کے وقت خوش رہو۔
ایسی ناپسندیدہ چیز جس کی عاقبت کامیاب ہو ایسی پسندیدہ چیز جس کی عاقبت قابل مذمت ہو اس سے بہتر ہے۔ عزتیں ناپسندیدہ چیزوں کے ساتھ ہے۔
ناپسندیدہ اور سخت معاملات پر تحمل سے جنت ملا کرتی ہے۔ ۹؎

نفسیاتی پہلو

دنیا مومن کے لئے آزمائش کی جگہ ہے، جہاں پے در پے انسان مشکلات، ناپسندیدہ حالات اور دکھ اور غم سے گزرتا ہے، اسی حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے! مومن ایک مشکل سے نکل کر دوسری مشکل میں مبتلا ہوتا ہے، ہوتے ہوتے اسی طرح اس کی زندگی تمام ہوجاتی ہے، پھر جب اس کی اپنے رب سے ملاقات (موت) ہوتی ہے تو وہ اپنے رب سے اس حال میں ملتا ہے کے اس پر کوئی گناہ باقی نہیں ہوتا کیونکہ وہ ہر مشکل اور پریشانی میں صبر کیا کرتا تھا۔
ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ حضرت عائشہؓ کے ساتھ تشریف فرما تھے کے اچانک چراغ گل ہوگیا جس پر آپ ﷺ نے إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ پڑھا یہ دیکھ کر حضرت عائشہؓ نے دریافت فرمایا کے اس بات پر بھی إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ پڑھنی چاہیے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا! ہر ناپسندیدہ چیز پر جو انسان کو کسی دکھ یا پریشانی میں مبتلا کرے، جبکہ ایک جگہ آپ ﷺ نے فرمایا! مومن کو اگر ایک کانٹا چبھتا ہے یا کوئی شے اس کی تکلیف کا سبب بنتی

ہے تو قیامت کے دن اللہ اس تکلیف کے بدلے میں اس کو اجر عظیم سے نوازے گا۔

مندرجہ بالا احادیث نبوی ﷺ کے مطالعے سے یہ بات معلوم ہوئی کے دنیا انسان کے لئے جنت نہیں بلکہ جنت کے حصول کا ایک ذریعہ ہے جہاں اچھے اعمال اور صبر وسکون کے بدلے میں اللہ اس کو انعامات سے نوازے گا۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۱۶۔

۴۔سورہ احقاف۔آیت۔۱۵۔

۵۔سورہ ھود۔آیت۔۲۸۔

۶۔سورہ البقرہ۔آیت۔۲۵۶۔

۷۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۸۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۹۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۶۵۔اللجاج۔ہٹ دھرمی

ہٹ دھرمی اپنے سوار کو پھینک کر اوندھے منہ گراتی ہے۔(حضرت علیؑ)

اللجاج۔عربی زبان کا لفظ ہے،جو(ل۔ج۔ج) سے مشتق ہے۔ا؎

اللجاج۔سے مراد کسی بھی جھگڑے میں بڑھتے ہی چلے جانا اور اپنی غلطیوں کے باوجود ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرنا۔

اللجاج۔سے مراد اصرار کرنا۔

لجاج۔کا مطلب باز نا آنا اور ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرنا ہے۔۲؎

ارشاد خداوندی:

اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ یَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ ۔۳؎

ترجمہ۔بھلا وہ کون ہے جو تم کو روزی دے گا اگر وہ اپنی روزی بند کر لے، کچھ نہیں بلکہ وہ سرکشی اور نفرت میں اڑے بیٹھے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! روزہ ڈھال ہے،اس لئے روزہ دار نا فحش باتیں کرے، نا جہالت کی باتیں کرے اور اگر کوئی شخص اس سے لڑے (ہٹ دھرمی) کرے یا اسے گالی دے تو اسے چاہئے وہ صرف یہ کہہ دے کے میرا روزہ ہے اور یہ الفاظ وہ دو بار کہہ دے۔۴؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! ہٹ دھرمیوں سے دور رہو۔

ہٹ دھرمی رائے کو تباہ کر دیتی ہے۔

غصہ میں آئے ہوئے شخص کے ساتھ ہٹ دھرمی نا کرو، اگر تم اس کو زیادہ غصہ دلاؤ گے تو وہ اور زیادہ غصے کا اظہار کرے گا اور راہ راست سے دور ہو جائے گا۔

صلاح اور بھلائی میں سب سے بڑی روکاوٹ ہٹ دھرمی ہے۔ ہٹ دھرمی عقل کی آفت ہے۔ دنیا اور آخرت کی سب سے زیادہ نقصان دہ شے ہٹ دھرمی ہے۔

ہٹ دھرمی جنگوں کا سبب ہے اور یہ دلوں کو جلا دیتی ہے۔

ہٹ دھرمی اپنے سوار کو پھینک کر اوندھے منہ گراتی ہے۔

ہٹ دھرمی انسان کو ایسی چیزوں کے لئے آمادہ کرتی ہے جس کی اس کو قطعاً ضرورت نا تھی۔

بہترین اخلاق ہٹ دھرمی سے دور ہوتا ہے۔ ہٹ دھرمی کا سوار ہر وقت بلاؤں میں گھرا رہتا ہے۔ ہٹ دھرمی سے زیادہ کوئی دوسری سرکش سواری نہیں۔ ہٹ دھرم کے لئے کوئی دوسری تدبیر نہیں۔ ۵؎

نفسیاتی پہلو

ہٹ دھرمی کے در پردہ انسان کا غرور، تکبر، انا اور بے لگام نفسانی خواہشات موجود ہوتی ہیں، ہٹ دھرم انسان اپنے آگے کسی کی نہیں سنتا وہ اس قدر اخلاقی گراوٹ، جھوٹ، غم وغصے، فسق وفجور اور سرکشی میں سینہ زور ہو جاتا ہے کے کسی بھی عقلمند اور دور اندیش انسان کے مشورے کو نا سنتا ہے اور نا ہی کوئی بھلائی اور حکمت کی بات کو سمجھتا ہے چنانچہ اپنی سرکشی کے سبب ایسا انسان ہر وقت کسی نا کسی مشکل اور پریشانی کا شکار رہتا ہے تاہم اس کے طرز عمل کی وجہ سے لوگ اس سے شدید نفرت کرتے ہیں، ہٹ دھرم اور سرکش انسان لوگوں کی نظروں سے گر جاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ الملک ۔آیت۔ ۲۱۔

۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۵۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

٦٦۔المراء۔کٹ حجتی

کٹ حجتی کسی بھی برائی کا بیج ہے۔(حضرت علیؑ)

المراء۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (م۔ر۔ی) سے مشتق ہے۔ا؎

مریۃ۔سے مراد کسی معاملے میں تردد اور کٹ حجتی۔

مریۃ۔سے مراد شک وشبہ۔

مراء۔کسی دوسرے کی کہی ہوئی بات میں خلل اور طعنہ دینے کو بھی کہا جاتا ہے۔

المراء۔سے مراد تحقیر، ذلیل اور تضحیک کے ہیں۔

ممترین۔سے مراد جھگڑالو، شک اور تردد کرنے والے لوگ۔۲؎

ارشادات خداوندی:

سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا۔۳؎

ترجمہ۔بعض کہیں گے تین ہیں چوتھا ان کا کتا ہے، اور بعض اٹکل پچو سے کہیں گے پانچ ہیں چھٹا ان کا کتا ہے، اور بعض کہیں گے سات ہیں آٹھواں ان کا کتا ہے، کہہ دو ان کی گنتی میرا رب ہی خوب جانتا ہے ان کا اصلی حال تو بہت ہی کم لوگ جانتے ہیں، سوتو ان کے بارے میں سرسری گفتگو کے سوا جھگڑا نہ کر، اور ان میں سے کسی سے بھی ان کا حال دریافت نہ کر۔

اَلَآ اِنَّ الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِي السَّاعَةِ لَفِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ۔۴؎

ترجمہ۔جو لوگ قیامت کے بارے میں جھگڑ رہے ہیں وہ بہت دور کی گمراہی میں مبتلا ہیں۔

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۔ ۵؎

ترجمہ۔آپ کے رب کی طرف سے حق وہی ہے، پس شک کرنے والوں میں سے نہ ہوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! روزہ ڈھال ہے،اس لئے روزہ دار نافحش باتیں کرے، نا جہالت کی باتیں کرے اور اگر کوئی شخص اس سے لڑے (کٹ حجتی) کرے یا اسے گالی دے تو اسے چاہئے وہ صرف یہ کہہ دے کے میرا روزہ ہے اور یہ الفاظ وہ دو بار کہہ دے۔۶؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

جس انسان کو اپنی عزت پیاری ہو اس کو کٹ حجتی سے اجتناب کرنا چاہئے۔

شک ان چیزوں پر استوار ہے۔ 1۔کٹ حجتی۔2۔خوف۔3۔اور کشمکش۔

جو شخص کٹ حجتی پر قائم ہو جاتا ہے اس کی شب تاریک میں کبھی سحر نمودار نہیں ہوتی۔

کبھی کسی عالم، فقیہ اور بے وقوف کے ساتھ بحث نا کرو کیونکہ عالم اور فقیہ کے ساتھ بحث اور کٹ حجتی کے نتیجے میں تم اس کی نیکیوں سے محروم رہ جاؤ گے جبکہ بے وقوف سے بحث کے نتیجے میں اس کی برائی تمھارے لئے تکلیف کا سبب بنے گی۔کٹ حجتی کے ساتھ کوئی محبت نہیں۔

جوانوں کو مباحثہ، ادھیڑ عمر افراد کو غور وفکر اور بوڑھے لوگوں کو خاموش رہنا چاہئے۔

کٹ حجتی اور لڑائی سے دور رہو کیونکہ یہ دونوں ہی انسان کے دل کو بیمار کر دیتے ہیں اور اسی کے سبب دلوں میں نفاق بھی پیدا ہوتا ہے۔

کسی بھی جھگڑے کا اصل سبب حد درجہ کٹ حجتی ہے

کٹ حجتی کسی بھی برائی کا بیج ہے۔

جس انسان کا یقین درست ہوتا ہے وہ انسان کٹ حجتی سے پرہیز کرتا ہے۔

جس شخص کی کٹ حجتیوں میں اضافہ ہو جاتا ہے وہ شخص کبھی غلطیوں سے نہیں بچ سکتا۔۷؎

نفسیاتی پہلو

کٹ حجتی سے مراد شک، تضحیک وتذلیل، جھگڑا، طعنہ اور منافقت ہے، جو انسان ان برائیوں کا شکار ہوتا ہے اللہ تعالی اس کو لوگوں کی نظروں میں ذلیل ورسوا کر کے چھوڑ تے ہیں کیونکہ اللہ کو جھگڑالو، طعنہ اور لوگوں کو تکلیف دینے والے افراد سخت ناپسند ہیں۔

اللہ چاہتے ہیں کے اللہ کی زمین پر امن وسکون اور پیار ومحبت کی بالا دستی ہو، لوگ ایک دوسرے کے ساتھ بھلائی اور اچھے سلوک کے ساتھ رہیں اور ایک دوسرے کی باتوں کو درگزر کرتے ہوئے مل کر بھائی بھائی بن کر رہیں۔

لیکن بدقسمتی سے اللہ کی زمین پر اللہ کے بندوں نے اس قدر فتنہ اور فساد بپا کیا کے اللہ کی زمین جنگ وجدل، نفرتوں اور شک وشبہات سے بھر گئی۔

کٹ حجتی ایک نفسیاتی مرض ہے، اور اس مرض میں مبتلا افراد خوشی اور سکون کی نعمت سے ہمیشہ محروم رہتے ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ کہف۔آیت۔ ۲۲۔

۴۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔ ۱۸۔

۵۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۱۴۷۔

۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۷۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

٦٧۔المرض۔مرض

چار چیزوں کی قلت کو بھی کثرت جانو۔ا۔آگ۔۲۔دشمنی۔۳۔مرض۔۴۔فقر۔
(حضرت علیؑ)

المرض۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (م۔ر۔ض) سے مشتق ہے۔ا؎
مرض۔کے معنی توازن اور اعتدال کا بگڑ جانا جس کی وجہ سے قوت میں کمی واقع ہو جائے یا پھر طبیعت میں ضعف اور اضمحلال کا پیدا ہو جانا۔
مرض۔کی ضد شفا ہے۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔۳؎
ترجمہ۔اور جب میں بیمار پڑتا ہوں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے۔

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا۔۴؎
ترجمہ۔ان کے دلوں میں روگ تھا تو اللہ نے ان کے روگ کو بڑھا دیا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔۵؎
ترجمہ۔اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی جانب سے نصیحت، سینوں کے امراض کی شفا اور مومنین کے لیے ہدایت و رحمت آ گئی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، جب ہم میں سے کوئی شخص بیمار ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے متاثرہ حصے پر اپنا دایاں ہاتھ پھیرتے اور فرماتے!

اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّاسِ، أَذْهِبِ الْبَأْسَ، وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا ۔ ۶؎

ترجمہ۔ تکلیف کو دور کردے، ائے تمام انسانوں کے پالنے والے شفا دے، تو ہی شفا دینے والا ہے، تیری شفا کے سوا کوئی شفا نہیں، ایسی شفا جو بیماری کو باقی نہیں چھوڑتی۔

حضرت ابو درداءؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بے شک اللہ تعالی نے بیماری اور دوا دونوں کو نازل کیا ہے اور ہر بیماری کی دوا بنائی ہے سو تم دوا کرو اور حرام کے ساتھ دوا نہ کرو۔ ۷؎

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! ہر بیماری کی دوا ہے پس جب کسی بیماری کی دوا حاصل ہو جائے تو وہ اللہ کے اذن سے تندرست ہو جاتا ہے۔ ۸؎

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! اللہ نے کوئی بیماری ایسی نازل نہیں کی جس کی کوئی دوا نہ ہو۔ ۹؎

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! بیماری کو لعنت نا کرو کیونکہ یہ انسان کے گناہ اس طرح سے مٹاتی ہے جیسے بھٹی لوہے کے زنگ کو دور کرتا ہے۔ ۱۰؎

مشہور صوفی محمد بن علی بن عطیہ المشہور ر بابی طالب مکی (متوفی ۳۷۶ھ) لکھتے ہیں!

جو شخص علاج نہیں کرتا ہے اس کے لئے افضل یہ ہے کے وہ اپنی بیماری کو مخفی رکھے کیونکہ یہ عمل نیکیوں کے خزآنے میں سے ہے، اس لئے کے یہ اس کے اور اس کے اخلاق کے درمیان معاملات سے ہے اس لئے ان کو چھپانے میں زیادہ سلامتی ہے اور زیادہ فضیلت ہے۔

حدیث ہے کے جب کوئی بندہ بیمار ہوتا ہے تو اللہ تعالی فرشتوں کی طرف وحی فرماتے ہیں اور کہتے ہیں کے دیکھو میرے بندے کی طرف کہ وہ اپنی عیادت کرنے والوں سے کیا کہتا ہے؟ اگر وہ اللہ کی حمد وثناء کرتا ہے اور کلمہ خیر کہتا ہے تو اس کے لئے دعا کرو اور اگر وہ شکایت کرتا ہے اور برے کلمات کہتا ہے تو پھر اس طرح نہ کرنا۔

حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! زیتون کی مسواک کیا خوب ہے وہ مبارک درخت کی ہے وہ بدبو کو زائل کرتی ہے اور منہ کو خوشبو دار کرتی ہے یہ میری مسواک ہے اور مجھ سے پہلے انبیاء کی مسواک ہے۔ ۱۱؎

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے نشہ آور چیزوں کے متعلق فرمایا اللہ نے ان چیزوں میں تمھاری شفا نہیں رکھی جن کو تم پر حرام کیا گیا ہے۔ ۱۲؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے! اللہ تعالی نے اس چیز میں تمھارے لئے شفا نہیں رکھی جس کو تم پر حرام کیا گیا ہے۔ ۱۳؎

حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جب تمھیں کسی علاقے میں بلا کا علم ہو تو تم وہاں نہ جاؤ اور جب تم کسی علاقے میں ہو اور وہاں وباء آجائے تو تم وہاں سے نہ نکلو۔ ۱۴؎

تحقیق سے یہ ثابت ہوا ہے کے بغیر دھوئے تکیے کے غلاف اور تکیے میں ٹوائلٹ سیٹ سے ۷۰۰۰ ازیادہ بیکٹر یاز ہوتے ہیں۔

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! بہت سی دوائیں بھی بیماری ہوجاتی ہیں۔

ہر مرض کی دوا اس مرض کو لوگوں سے چھپانا ہے۔

دوا پینا جسم کے لئے ایسا ہی ہے جیسے کپڑے کے لئے صابن، جو اس کپڑے کو صاف ستھرا تو کردیتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی اس کو بوسیدہ بھی کردیتا ہے۔

گائے کا گوشت بیماری ہے لیکن اس کا دودھ، مکھن اور گھی شفا ہے۔

مسلمان کو اس وقت تک دوا استعمال نہیں کرنی چاہئے، جب تک اس کا مرض اس کی صحت پر غالب نہ آجائے۔ جو دوا کی کڑواہٹ برداشت نہیں کرے گا وہ ہمیشہ تکلیف میں ہی رہے گا۔

جس کے امراض بڑھ جاتے ہیں اس کی شفا سمجھ میں نہیں آتی ہے۔

بہت سی بیماریاں دوا ہوجاتی ہیں اور ہر بیماری کی ایک دوا ہے۔
اللہ نے تمھاری بیماری کو تمھارے گناہ کو مٹانے کا سبب بنایا ہے۔
بیماری میں کوئی اجر نہیں ہے لیکن یہ گناہوں کو اس طرح سے ختم کر دیتی ہے جیسے سوکھے ہوئے پتے درخت سے جھڑتے ہیں۔
دنیا میں طویل عمر اور صحت سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔
سب سے اچھی قسمت جسمانی صحت ہے۔صحت کے ذریعے لذتیں مکمل ہوتی ہیں۔
آپ نے حضرت امام حسنؑ سے فرمایا! میں تمھیں چار ایسی باتیں بتاتا ہوں جس کے کرنے سے تم کسی طبیب کے محتاج نہیں رہوگے۔
۱۔شدید بھوک میں کھانا۔ ۲۔کھانے کو اچھی طرح سے چبا کر کھانا۔ ۳۔تھوڑی بھوک باقی رکھنا۔ ۴۔سونے سے قبل رفع حاجت سے فارغ ہونا۔
اس کو شفا نہیں ہوسکتی جو اپنا مرض اپنے طبیب سے چھپائے اور جو ایسا کرتا ہے وہ اپنے جسم کے ساتھ خیانت کرتا ہے۔
جو اپنے پوشیدہ امراض کو طبیب سے چھپاتا ہے، طبیب بھی اس کے علاج سے عاجز ہوجاتا ہے۔فاقہ بلاؤں میں سے اور فاقے سے زیادہ سخت جسمانی بیماری ہے اور جسم کی بیماری سے سخت دل کی بیماری ہے۔
کتنے ہی زبوں حال مریض نجات پاگئے اور کتنے ہی صحت مند لوگ برباد ہوگئے۔
میں اشتہا رکھنے والے مریض کی صحت سے زیادہ پر امید ہوں بجائے ایسے صحت مند کے جس کو اشتہا نا ہو۔کم عقلی سے زیادہ کوئی تکلیف دہ مرض نہیں۔
چار چیزوں کی قلت کو بھی کثرت جانو۔۱۔آگ۔ ۲۔دشمنی۔ ۳۔مرض۔ ۴۔فقر۔
مرض دو میں سے ایک قید ہے۔انسانی جسم کو بیماریوں سے نجات نہیں۔
دو چیزوں میں کوئی شرم اور عار نہیں۔۱۔مرض۔ ۲۔محتاج رشتے دار۔

جسموں کی صحت بیماریوں سے ہے۔
جس نے اپنا مرض طبیب سے چھپایا اس نے اپنے جسم سے خیانت کی۔۱۵؎
حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا! جب تک جسم بیماری کو برداشت کر سکے دوا کے استعمال سے پرہیز کرو۔۱۶؎

نفسیاتی پہلو

دنیا ایک ایسا مقام ہے جہاں دکھ، درد، تکالیف، اذیتیں اور بیماریاں انسان کا پیچھا کرتی ہیں اور انسان ان بیماریوں اور دکھ واذیت کے باعث بدمزاج اور چڑچڑا ہو جاتا ہے تاہم دنیا کے تقریباً تمام انسانوں کو ان اذیتوں سے گزرنا پڑتا ہے حتیٰ کے بڑے بڑے پیغمبر، انبیاء اور الیاء کرام بھی ان تکالیف کی زد میں رہے لیکن انھوں نے اللہ کی بھیجی ہوئی مشکلات اور بیماریون پر صبر اور تحمل کا مظاہر کیا جس کے نتیجے میں اللہ نے نا صرف انھیں ان بیماریوں سے صحت عطا فرمائی بلکہ ان کے درجات کو بھی بلند فرمایا۔
اسی حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے! جب تم کسی مریض کے پاس جاؤ تو اس سے اپنے لئے دعا کی درخواست کرو، اس لئے کے اس کی دعا فرشتوں کی دعا کی طرح ہے۔۱۷؎
اس حدیث ﷺ سے یہ معلوم ہوا کے انسان کسی بھی دکھ، بیماری اور تکلیف کے وقت اللہ سے اس قدر قریب ہو جاتا ہے کے اگر وہ دعا کرے تو اللہ اس کی دعاؤں کو رد نہیں فرماتے اور اس کی دعا فرشتوں کی دعاؤں کی قائم مقام تصور کی جاتی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ الشوریٰ۔آیت۔ ۸۰۔

۴۔سورہ البقرہ۔آیت ۔۱۰۔

۵۔سورہ یونس۔آیت۔۵۷۔

۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۷۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔

۸۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۹۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۰۔ المستدرک ۔امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (متوفی ۴۰۵ھ)۔مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ۔

۱۱۔المعجم الاوسط ۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔

۱۲۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۳۔المعجم الکبیر۔امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی۔

۱۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔

۱۵۔تجلیات حکمت ۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۱۶۔طب امام صادقؑ۔

۱۷۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔ بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔

۶۸۔المزاح۔مزاح

کثرت مزاح کے سبب انسان کی ہیبت اور جلال میں کمی واقع ہوتی ہے۔(حضرت علیؑ)

المزاح۔عربی زبان کا لفظ ہے، جس کے معنی کسی بھی شخص کا مذاق اڑانا۔ا؎

ارشادات خداوندی:

وَاِذَا انْقَلَبُوْا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ۔ ۲؎

ترجمہ۔ جب اپنے گھر والوں کے پاس لوٹ کر جاتے تو ہنستے ہوئے جاتے تھے۔

فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ۔ ۳؎

ترجمہ۔پس (قیامت کے دن) وہ لوگ جو ایمان لائے کفار سے ہنس رہے ہوں گے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ۔ ۴؎

ترجمہ۔بے شک نافرمان (دنیا میں) ایمان داروں سے ہنسی کیا کرتے تھے۔

وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ۔ ۵؎

ترجمہ۔اور بیت اللہ کے سامنے ان کی نماز سیٹی بجانے اور تالی پیٹنے کے سوا کچھ نہیں، تو چکھو عذاب اپنے کفر کی پاداش میں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! اگر تم مذاق میں بھی جھوٹ بولنا ترک کر دو تو میں جنت کے درمیان میں تمھیں ایک محل کی ضمانت دیتا ہوں۔۶؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! مذاق کرنے سے عقل انسانی کا ایک حصہ کم ہوجاتا ہے۔
مذاق کی وجہ سے دل میں کینہ جنم لیتا ہے۔
جو شخص مذاق کرتے ہیں وہ لوگوں کے درمیان اپنی عزت کھودیتا ہے۔
جس شخص کا مذاق بڑھ جاتا ہے اس کی وجہ سے لوگوں کے درمیان اس شخص کی بے عزتی اور جلن بڑھ جاتی ہے۔ مذاق عداوت کی ابتداء ہے۔ گالی دینا احمقوں کا مذاق ہے۔
کبھی کبھار خوش مزاجی اور ایک دوسرے کے ساتھ ہنسنے بولنے میں کوئی ہرج نہیں اور ایسا کر لینے سے آپس کی ترش روئی کا خاتمہ بھی ہوجاتا ہے۔
مذاق سے بچو کیونکہ یہ بغض اور کینے کا سبب ہے جبکہ اس کو چھوٹی گالی سمجھو۔
مذاق ایک تفرقہ ہے اس کے بعد کینہ وجود میں آتا ہے۔ ہیبت اور بزرگی کی آفت مذاق ہے۔
مذاق میں حد سے گزرجانا بے وقوفی اور دشمنی کی ابتداء ہے۔
حد درجہ مذاق انسان کی عزت اور لحاظ کو ختم کردیتا ہے۔
کثرت مزاح کے سبب انسان کی ہیبت اور جلال میں کمی واقع ہوتی ہے۔
ہر چیز کا ایک بیج ہے اور عداوت اور دشمنی کا بیج مذاق ہے۔
اپنے دوستوں اور دشمنوں کا مذاق ہرگز نا اڑانا کیونکہ ایسا کرنے سے دوست تمھارا دشمن ہوجائے گا اور دشمن تمھیں اذیت پہنچائے گا۔
جس شخص کا مذاق بڑھ جاتا ہے اس شخص کا وقار ختم ہوجاتا ہے۔ ۷؎

نفسیاتی پہلو

ابدال حق حضور قلندر بابا اولیاء فرماتے ہیں! کسی کی ہنسی نا اڑایئے کیونکہ ہنسی یا مذاق اڑانے سے انسان میں احساس برتری پیدا ہوتا ہے اور احساس برتری انسان کے لئے ہلاکت کا سبب ہے۔ ۸؎

کسی بھی شخص کے ساتھ مذاق کرنا یا اس کو ہنسی ہنسی میں طعنہ دینا یا دوسروں کے سامنے اس کو کمتر جاننا دراصل انسان کے اندرون یعنی اس کی باطنی کیفیات کی عکاسی کرتی ہیں یعنی جو کینہ اور نفرت اس انسان کے دل کے اندر چھپی تھی وہ ہنسی مذاق کے ذریعے ظاہر ہو جاتی ہے، تاہم عقلمند انسان لوگوں کے اس طرز عمل سے فوراً اپنے دشمنوں اور بدخواہوں کو پہچان لیتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ المطففین ۔آیت ۔ ۳۱۔

۳۔سورہ المطففین ۔آیت ۔ ۳۲۔

۴۔سورہ مطففین ۔آیت ۔ ۲۹۔

۵۔سورہ انفال ۔آیت ۔ ۳۵۔

۶۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۷۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۸۔روحانی ڈائجسٹ۔ ۲۰۲۲۔

۶۹۔المصیبۃ۔مصیبت

جو شخص چھوٹی چھوٹی مصیبتوں پر شور مچاتا ہے اللہ اس کو بڑی بڑی مصیبتوں میں گرفتار کرتا ہے۔(حضرت علیؑ)

المصبۃ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ص۔ب۔ب) سے مشتق ہے۔۱؎

فصب۔سے مراد عذاب۔

ارشادات خداوندی:

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ۔۲؎

ترجمہ۔پھر ان پر تیرے رب نے عذاب کا کوڑا اچھینکا۔

هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ۔۳؎

ترجمہ۔یہ دو فریق ہیں جو اپنے رب کے معاملہ میں جھگڑتے ہیں، پھر جو منکر ہیں ان کے لیے آگ کے کپڑے قطع کیے گئے ہیں، ان کے سروں پر کھولتا ہوا پانی ڈالا جائے گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! صبر تو وہی ہے جو صدمہ کے شروع میں کیا جائے۔۴؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مومن کی مثال ایسی ہے کے وہ ایک کے بعد ایک مشکل میں گرفتار ہوتا چلا جاتا ہے اور یہ سلسلہ اس کی موت تک جاری رہتا ہے۔مومن اپنے اوپر آنے والی مشکلات پر صبر کرتا ہے یہاں تک کے جب اس کی اللہ سے ملاقات ہوتی ہے تو اس کے صبر کے نتیجے میں اس کے اوپر کوئی گناہ باقی نہیں رہتا۔۵؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! جو شخص چھوٹی چھوٹی مصیبتوں پر شور مچاتا ہے اللہ اس کو بڑی بڑی مصیبتوں میں گرفتار کرتا ہے۔

جو انسان دنیا میں زہد اختیار کرتا ہے وہ تمام دنیاوی مشکلات کو ہلکا سمجھتا ہے۔

صبر، مصیبت کی مقدار کے برابر نازل ہوتا ہے چنانچہ جس شخص نے کسی مصیبت کے وقت اپنے زانو پر ہاتھ مارا اس کا عمل برباد ہوجاتا ہے۔

جو انسان اپنی مصیبتوں کا شکوہ لوگوں سے کرتا ہے دراصل وہ اللہ کا شکوہ لوگوں سے کرتا ہے۔

بے شک نیکیوں کے خزانوں میں شامل بلاؤں پر صبر اور مصیبت کو چھپانے میں ہے۔

تین کے بعد تعزیت تجدید مصیبت ہے۔

جس انسان کی مصیبتیں بڑھ جائیں اس کو موت کو یاد کرنا چاہئے چنانچہ موت کی یاد سے وہ مصیبت اس انسان کو ہلکی محسوس ہوگی اور جس انسان کو کام میں کوئی تنگی محسوس ہو تو اس کو قبر یاد کرلینی چاہئے اللہ اس کے لئے کشادگی پیدا فرمادیں گے۔

چار چیزیں جنت کی طرف بلاتی ہیں۔ 1۔ مصیبت کو چھپانا۔ 2۔ پوشیدہ طور پر صدقہ دینا۔ 3۔ والدین کے ساتھ نیکی کرنا۔ 4۔ لا الہ الا اللہ کا بکثرت ورد کرنا۔

آپ نے فرمایا دین میں آئی مصیبت سب سے بڑی مصیبت ہے۔

اللہ کے پاس مصیبت کے جتنا ہی ثواب ہے۔

جب مصیبت دور ہوتی ہے تو عیش وعشرت قریب آجاتا ہے۔

ثواب، مصیبت کے بقدر ہی ملتا ہے۔

نیک انسان کی سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کے انھیں بدکرداروں کی ضرورت پڑ جائے۔[٦]

نفسیاتی پہلو

یہ قدرت کا ایک مسلمہ اصول ہے کے اللہ تعالی انسان کو اس کی پسندیدہ چیزوں سے آزماتا ہے یعنی ایک طرف دنیا، مال، اسباب اور اولاد کی محبت اور دوسری جانب اللہ کی ذات۔

اب ان دونوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہے، اگر کسی نے دنیا کو منتخب کیا تو پھر اللہ تعالی ایسے انسان کو اس دنیا کے دھوکے، فریب اور دغابازیاں دیکھاتا ہے اور انسان بلا آخر مسلسل دھوکے کھا کھا کر اللہ کی جانب رجوع کرتا ہے یعنی اللہ انسان کو بے بس کر کے، لوگوں کے ہاتھوں توڑ کر اور دنیا سے مایوس کر کے اپنے آپ سے قریب کرتا ہے۔

لیکن اس دنیا میں کچھ ایسی سعید روحیں اور اچھے انسان بھی پائے جاتے ہیں جو اللہ کو منتخب کرتے ہیں اور اللہ کے دیئے ہوئے مال واسباب، اولاد اور اپنی ترقی کی خوشی اور نعمت کو اللہ سے جوڑتے ہیں یہی انبیاء کرام کی طرز فکر ہے اور اس طرز فکر کے حامل تمام انسان دنیا اور آخرت میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ فجر۔آیت۔ ۱۳۔

۳۔سورہ الحج۔آیت۔۱۹۔

۴۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔

۵۔ابن ماجہ۔امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (متوفی ۲۷۳ھ)۔مطبوعہ دارالفکر۔بیروت۔ ۱۴۱۵ھ۔

۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۷۰۔المعصیت۔نافرمانی اور سرکشی

اللہ کی نعمتوں کو اس کی نافرمانی کے لئے مددگار نا بناؤ۔(حضرت علیؑ)

معصیت۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ع۔ص۔و) سے مشتق ہے۔۱؎
معصیت۔۔سے مراد نافرمانی اور سرکشی کے ہیں۔

ارشادات خداوندی:

وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّه فَغَوٰى۔۲؎
ترجمہ۔آدمؑ نے اپنے رب کی نافرمانی کی تو وہ بھٹک گیا۔

بِالۡاِثۡمِ وَالۡعُدۡوَانِ وَمَعۡصِيَتِ الرَّسُوۡلِ‌ۖ وَاِذَا جَآءُوۡكَ۔۳؎
ترجمہ۔وہ سرگوشیاں کرتے ہیں گناہ زیادتی اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی سے متعلق۔

وَبَرًّاۢ بِوَالِدَيۡهِ وَلَمۡ يَكُنۡ جَبَّارًا عَصِيًّا۔۴؎
ترجمہ۔(یحییٰ) اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنے والا تھا اور خودسرو نافرمان نہیں تھا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اپنی امت کی سرکشی، نافرمانی اور گناہوں کی آلودگی کے حوالے سے فرمایا! حضرت ابو مالک اشعریؓ بیان کرتے ہیں،

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

میری امت ضرور خمر (انگور کی شراب) کا نام بدل بدل کر پیتی رہے گی اور اس کے سروں پر آلات موسیقی بجتے رہیں گی اور گانے والیاں گاتی رہیں گی حتیٰ کے اللہ ان کو زمین میں دھنسادے گا اور ان میں سے بندر اور خنزیر بنادے گا۔۵؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! خلوت میں اللہ کی نافرمانی سے ڈرو کیونکہ وہی خلوتوں میں تمھارا شاہد ہے اور وہی فیصلہ کرنے والا بھی ہے۔

اللہ کی نعمتوں کو اس کی نافرمانی کے لئے مددگار نا بناؤ۔

دنیا کی کمتری کے لئے یہی کافی ہے کے صرف یہاں ہی اللہ کی نافرمانی کی جاتی ہے۔

نفسانی خواہشات انسان کو اللہ کی نافرمانی کی جانب لے جاتی ہے۔

جو شخص اللہ کی نافرمانی کے بعد خوش ہوتا ہے اللہ تعالی ایسے شخص کو ذلیل ورسوا کر کے چھوڑتا ہے۔

اخلاص کی تکمیل ہی اس وقت ہوتی ہے جب انسان نافرمانی کو چھوڑ دے۔

بہترین عبادت نافرمانی سے گریز اور شک وشبہ کے وقت توقف اختیار کرنا ہے۔

تعجب ہے ایسے انسان پر جو دعا کی قبولیت میں دیر کا شکوہ کرتا ہے لیکن وہ اللہ کا نافرمان ہے۔

آپ نے فرمایا بدترین ہے وہ صحبت جس میں اللہ کی نافرمانی کو سنوار کر پیش کیا جائے۔

اس شخص کے پاس کوئی دین نہیں جس نے مخلوق کی اطاعت اللہ کی نافرمانی کے ذریعے سے کی نافرمانی اللہ کا ممنوعہ علاقہ ہے چنانچہ جس نے اس کے اطراف من مانی کی تو بہت ممکن ہے کے وہ اس میں داخل ہوجائے۔ نافرمانی سے دوری بھی اللہ کی عبادت ہے۔

نافرمانی قبولیت دعا کو روک دیتی ہے۔ نافرمانی سزا لے آتی ہے۔

نافرمانی نجس لوگوں کی لگن ہے۔ نافرمانی سے بدبختی وجود میں آتی ہے۔ نافرمان کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ جو شخص نافرمانی کے بارے میں بہت زیادہ سوچتا ہے نافرمانی اس کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔ جو انسان اپنے نفس کی عزت کا خواہاں ہوگا وہ نافرمانی سے دور رہے گا۔

جو انسان اللہ کی نافرمانیوں سے اپنے آپ کو بچالیتا ہے وہ آخرت میں کامیاب ہوجاتا ہے ۔[۶]

نفسیاتی پہلو

اللہ کی نافرمانی، معصیت اور سرکشی انسان کو دکھ، غم، پریشانی اور افسردگی میں مبتلا کر دیتی ہے کیونکہ گناہ کی یہ فطرت ہے کے وہ انسان کو بے چین رکھتا ہے، گناہگار انسان پرسکون نیند سے محروم رہتا ہے، اپنے گناہوں کے سبب وہ ہمیشہ مضمحل اور اداس رہتا ہے اس کے اندرون میں بے چینی اور احساس ندامت موجود ہوتا ہے دوسری جانب اس کا ضمیر بھی اس کو ہر وقت ملامت کرتا ہے، اسی حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے! گناہ اور معصیت کے سبب انسان کے قلب پر ایک سیاہ نقطہ نمودار ہو جاتا ہے پھر گناہوں کے سبب یہ نقطہ بڑھتا چلا جاتا ہے لیکن دل کی یہ سیاہی کثرت استغفار سے دور کی جاسکتی ہے۔

حیران کن امر یہ ہے کے اللہ نے انسان کو تمام وسائل عطا فرمائے اس کے ساتھ ساتھ اس کو جسمانی صحت اور تندرستی بھی عطا فرمائی لیکن انسان ان وسائل، نعمتوں اور اپنی صحت کو اللہ کی نافرمانی میں سرف کرتا ہے بجائے کے وہ اللہ کی شکر گزاری کرے۔

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! بداخلاق انسان ہمیشہ غصے اور پریشانی میں مبتلا رہتا ہے ۔ ے

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ طحہ ۔آیت ۔۱۲۱۔

۳۔سورہ المجادلہ ۔آیت ۔۸۔

۴۔سورہ مریم ۔آیت ۔ ۱۴۔

۵۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۶۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران ۔ ۱۴۲۴ھ۔

۷۔غررالحکم۔

۷۱۔الملالۃ۔اکتاہٹ

حد درجہ سوالات اکتاہٹ کا باعث ہیں۔(حضرت علیؓ)

ملال۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(م۔ل۔ل) سے مشتق ہے۔۱؎
ملال ۔کا مطلب وہ تکان اور دل برداشتگی ہے جو کسی بھی کام کو مسلسل کرنے کی وجہ سے طاری ہوجائے اس کو ہم اکتاہٹ بھی کہتے ہیں۔

ارشادات خداوندی:

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔۲؎
ترجمہ۔اللہ کے دوستوں کو نا کوئی خوف (حزن وملال) ہوگا اور نا کوئی غم ہوگا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! مسلمان کو کوئی تکلیف ،فکر، بیماری ، ملال ، اذیت اور کوغم نہیں پہنچتا یہاں تک کے اگر اس کو کانٹا بھی چبھے تو اللہ اس کے گناہوں کو معاف فرمادیتا ہے۔۳؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا!وہ تھوڑا سا عمل جس کو تم ہمیشہ کرسکو اکتا دینے والے زیادہ عمل سے کہیں زیادہ افضل ہے۔
اکتا جانے والے کے پاس وفا نہیں ہوتی ہے۔
اکتاہٹ سے بچو کیونکہ یہ کم عقلی کی نشانی ہے
حد درجہ سوالات اکتاہٹ کا باعث ہیں۔
کثرت کلام سے سماعت اکتا جاتی ہے۔

اکتاہٹ دوستی اور اخوت کو خراب کرتی ہے۔
بہترین بات وہ ہے جس میں اکتاہٹ اور کمی نا ہو۔
حکمت کی لطافتوں کے علاوہ ہر چیز سے اکتاہٹ ہوتی ہے۔
کسی اکتانے والے پر بھروسہ نا کرنا بھلے وہ تمھارا رشتے دار ہی کیوں نا ہو۔[۴]

نفسیاتی پہلو

اگر انسان اللہ کے بتائے ہوئے قوانین پر عمل کرے گا تو وہ یقیناً لوگوں کے دلوں پر راج کرے گا اور لوگ اس کے قرب کے متمنی ہوں گے اور اس کی علم وحکمت کی باتوں کو توجہ سے سنیں گے لیکن اگر انسان فضول اور بے ہودہ گوئی، جھوٹ، غیبت، چغلی، الزام، بہتان، جھوٹی قسمیں، دھوکے، فریب، خیانت، جھوٹے وعدے اور لڑائی جھگڑے کا عادی ہوگا تو ایسے لوگوں سے لوگ کترانے لگتے ہیں، حتیٰ کے ایسے تمام لوگ جو ان بری عادتوں میں ملوث ہوتے ہیں وہ زندگی میں تنہاء رہ جاتے ہیں کیونکہ لوگ ان کو سخت ناپسند کرتے ہیں، ایسے تمام لوگ نفسیاتی اعتبار سے بھی بیمار، غصیلے، لوگوں کے لئے برا سوچنے والے اور حاسد ہوتے ہیں چنانچہ اپنی جلن اور حسد کے سبب یہ اپنی ہی لگائی ہوئی آگ میں جل جل کر مر جاتے ہیں۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔سورہ یونس۔آیت ۔ ۶۲۔
۳۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۴۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۲۷۔السفہ۔بے وقوفی

بے وقوفوں کی دوستی سے انسان حقیر ہو جاتا ہے۔(حضرت علیؑ)

سفہ۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (س۔ف۔ہ) سے مشتق ہے۔۱؎

سفہ۔کا مطلب نادانی، جہالت، بے وقوفی اور عقل کا ہلکا پن۔

سفہاء۔قرآن کریم میں سفہاء سے مراد ایسے لوگ جن کے قلوب نفسانی خواہشات کی آماجگاہ ہوں۔۲؎

ارشادِ خداوندی:

فَإِنْ كَانَ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيهًا أَوْ ضَعِيفًا۔۳؎

ترجمہ۔ ناسمجھ یا ضعیف ہو یا اس کے اندر اتنی صلاحیت نہ ہو کے املا کروا سکے۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ افْتِرَاءً عَلَى اللَّهِ قَدْ ضَلُّوا وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ۔۴؎

ترجمہ۔ یقیناً نامراد ہوئے وہ لوگ جنہوں نے اپنی اولاد کو قتل کیا بے وقوفی سے بغیر علم کے، اور اللہ پر بہتان باندھ کر اس رزق کو حرام کر لیا جو اللہ نے انہیں دیا تھا، بے شک وہ گمراہ ہوئے اور سیدھی راہ پر نہ آئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام سے فرمایا! کیا عورت کی گواہی مرد کی گواہی کے آدھے کے برابر نہیں؟ صحابہ نے عرض کیا کیوں نہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! یہی تو ان کی عقل کا نقصان (کم عقلی/ بے وقوفی) ہے۔۵؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! عاقبت کو سنوارنے کے دس جز ہیں جن میں سے ایک جز بے وقوفوں سے کنارا کشی اختیار کرنا بھی ہے۔

عقل کی خرابی بے وقوفوں کی ہم نشینی میں ہے۔ بے وقوفی شر کا راستہ ہموار کرتی ہے۔

بے وقوفی اور غصہ سے اجتناب برتو کیونکہ یہ رفاقتوں کو ختم کر دیتی ہے۔

بے وقوفوں کے سوالات کا جواب نا دینا سب سے اچھا جواب ہے۔

بے وقوفوں کی دوستی سے انسان حقیر ہوجاتا ہے۔

جس کی حماقت اور غصہ بڑھ جاتا ہے وہ ذلیل ورسوا ہوجاتا ہے۔٦

نفسیاتی پہلو

اسلام انسان کو بے وقوف اور کم عقل انسان سے دوری کا حکم دیتا ہے کیونکہ ایسے تمام لوگ نیک لوگوں کے اعمال کی خرابی کا سبب ہوتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ بے وقفوں کی صحبت انسان کو لوگوں کی نظروں میں حقیر اور کم تر بنا دیتی ہے تاہم اسلام کی نظر میں انسانی صحبت کے نہایت دیر پا اثرات لوگوں پر مرتب ہوتے ہیں لہٰذا اسی پہلو کو مدنظر رکھتے ہوئے اسلام اس قسم کے لوگوں سے دوری اختیار کرنے کا حکم دیتا ہے۔ بے وقوف اور کم عقل افراد شر کے پیروکار ہوتے ہیں اور ان کی صحبت شر، فتنہ اور فساد سے پر ہوتی ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ البقرہ۔آیت۔ ۲۸۲۔

۴۔سورہ انعام۔آیت۔ ۱۴۰۔

۵۔صحیح بخاری۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب العلمیہ بیروت۔
۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر۔

۷۳۔الشر۔شر

شر اپنے سوار کو منہ کے بل گرادیتا ہے۔(حضرت علیؓ)

الشر۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ش۔ر۔ر) سے **مشتق** ہے۔ا؎

شر۔ برائی کو کہتے ہیں۔

شر۔کی ضد خیر ہے۔

شر۔سے مراد فتنہ، فساد اور لڑائی جھگڑا ہے۔۲؎

ارشاد خداوندی:

مِن شَرِّ مَا خَلَقَ۔۳؎

ترجمہ۔(میں پناہ میں آتا ہوں) اس کی تمام مخلوقات کے شر سے۔۳؎

وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ۔۴؎

ترجمہ۔(میں پناہ میں آتا ہوں) اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔

وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ۔۵؎

ترجمہ۔(میں پناہ میں آتا ہوں) گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے۔

وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ۔۶؎

ترجمہ۔(میں پناہ میں آتا ہوں) حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کریں۔

مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ۔۷؎

ترجمہ (میں پناہ مانگتا ہوں) بار بار وسوسہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے والے کے شر سے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت ابودرداؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو شخص سورہ کہف کی آخری دس

آیات پڑھتا ہے وہ فتنہ دجال یعنی دجال کے شر سے محفوظ رہے گا لیکن امام نسائی نے صرف دس آیات کا ذکر کیا ہے اس میں اول آخر کی قید نہیں لگائی۔ ۸؎

حضرت ابوالدرداء بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو شخص سورہ کہف کی ابتدائی دس آیات کی تلاوت کرے گا وہ فتنہ دجال یعنی دجال کے شر سے محفوظ رہے گا۔ ۹؎

امیر المومنین حضرت علیؓ بحیثیت ماہر نفسیات:

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! جو شخص شر کے ذریعے غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے وہ مغلوب ہو جاتا ہے۔

دوسروں کے سینے کی برائی کو نکالنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کے اپنے سینے میں موجود دوسروں کی برائی کو کھینچ کر نکال پھینکو۔ ادب کا فقدان تمام تر شر اور برائیوں کا سبب ہے۔

پتھر کو اسی جانب پھینک دو جدھر سے یہ آیا ہے کیونکہ شر کا جواب شر ہی سے ممکن ہے۔

امت کی برائیوں کو دیکھ کر اللہ کی رحمت سے مایوس نا ہونا کیونکہ اللہ نے فرمایا ہے کے اللہ کی رحمت سے تو صرف کافر ہی مایوس ہوتے ہیں۔

اپنے بھائی کی برائیوں کو انعام اور عطیات کے ذریعے سے دور کرو۔

نیکی انجام دینے والا انسان نیکی سے بہتر جبکہ برائی انجام دینے والا شخص برائی سے بدتر ہوتا ہے۔ اہل شر سے دوری اختیار کرو۔

بغاوت شر کی طرف لے جاتی ہے۔

انسان کی برائی کے لئے یہی کافی ہے کے وہ خود اپنی کسی برائی سے واقف ہو جائے لیکن پھر بھی اس برائی پر اصرار کرے۔

جب اللہ کسی شخص کا برا چاہتا ہے تو اس کو اسی کے حوالے کر دیتا ہے۔

برے انسان کی صحبت کبھی بھی اختیار نا کرو کیونکہ تمھاری طبیعت اس برے انسان کی برائی کو اس طرح سے چرا لے گی کے تمھیں خبر بھی نا ہوگی۔

برائی تمھیں چھوڑ دے گی اگر تم بھی اس کو چھوڑ دو۔
دنیا اور آخرت کی برائیاں دو چیزوں میں موجود ہیں۔ 1۔فقیری۔ 2۔فسق و فجور۔
برائی ہر انسان کے اندر پوشیدہ ہوتی ہے اگر کسی انسان نے اس پر غلبہ حاصل کرلیا تو وہ چھپی رہتی ہے اور اگر کوئی اس پر غالب نا آسکا تو وہ ظاہر ہوجاتی ہے۔
حد درجہ برا شخص کسی بھی انسان سے اچھائی کی توقع نہیں کرتا کیونکہ وہ دوسروں کو اپنی طبیعت کے لحاظ سے دیکھتا ہے۔شر اپنے سوار کو منہ کے بل گرا دیتا ہے۔
شر، حرص سے مرکب ہے جبکہ خواہشات فتنوں کی سواری ہے۔
شر کے نتیجے میں پیدا ہونے والی عادتوں میں شامل جھوٹ، کنجوسی، ظلم اور جہالت ہیں۔
اپنے دل سے برائیوں کو مٹا دو اس طرح سے تمھارے اعمال مقبول اور نفس پاک ہوجائے گا۔
عروج حکومت کے وقت برے آدمی سے ڈرو کہیں وہ اسے زائل نا کردے اور زوال حکومت کے وقت اس بات سے خوف زدہ رہو کہیں وہ تمھارے خلاف مصروف عمل نا ہوجائے۔
شر سے بچو کیونکہ یہ تمھارے دشمن سے پہلے ہی تم تک پہنچ جائے گا اور شر کے ذریعے تم اپنا دین خود اپنے ہی ہاتھوں برباد کرلو گے۔
تمام انسانوں کے مزاج اور طبیعت جدا ہیں لیکن ان میں سب سے زیادہ اچھی طبیعت اس انسان کی ہے جو شر سے دور ہے۔ بدترین ذخیرہ عمل شر ہے۔
جو شخص برا کام کرتا ہے وہ خود اپنے ہی اوپر ظلم کرتا ہے۔
جو انسان برائیوں کو ترک کردیتا ہے اللہ اس کے لئے نیکیوں کے دروازے کو کھول دیتا ہے۔
شر سے زیادہ لوگوں کو ہلاک کرنے والی کوئی دوسری شے نہیں۔
جس انسان کا دل شر سے خالی ہوگا اس کا دین سلامت ہوگا اور ایسا انسان صادق ہوگا۔
جو شخص چھپی ہوئی برائی کی آگ کو بھڑکاتا ہے اس کی ہلاکت اسی کے سبب ہوتی ہے۔
برے شخص میں سب سے برا وہ شخص ہے جو اپنی برائی پر فخر کرتا ہو۔

بدترین شخص وہ ہے جس سے نیکی کی امید نا ہو اور اس کے شر سے امان نا ہو۔
بدترین شخص ہے جو لوگوں کے لئے مصیبتوں کی آرزو رکھتا ہو۔
شر سے بچنے والا انسان نیکی انجام دینے والے کی طرح ہے۔۱۰؎

نفسیاتی پہلو

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی فرماتے ہیں! انسان جب شر پر فتح پالیتا ہے تو اس کے اندر بصیرت پیدا ہوجاتی ہے باور عالمین کی روشنی اس کے لئے نگاہ بن جاتی ہے۔
شر ایک ایسی صفت ہے جو سرکش شیاطین، انسان اور جنات میں پائی جاتی ہے لیکن انسان میں شر کے ساتھ خیر کے جذبات بھی پائے جاتے ہیں تاہم جتنے پیغمبر بھی دنیا میں تشریف لائے سب نے ایک ہی پیغام دیا کے انسان اپنے شر کو قابو میں رکھے جبکہ خیر کو عام کرے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ الفلق۔آیت۔۲۔
۴۔سورہ فلق۔آیت۔۳۔
۵۔سورہ فلق۔آیت۔۴۔
۶۔سورہ فلق۔آیت۔۵۔
۷۔سورہ الناس۔آیت۔۴۔
۸۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۹۔صحیح مسلم۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۱۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۴۷۔ الشکوی۔ شکوہ

جو انسان اپنی کسی پریشانی کا شکوہ اپنے کسی مومن بھائی کے سامنے کرتا ہے تو گویا اس نے اپنی یہ پریشانی اللہ کے حضور بیان کی۔ (حضرت علیؑ)

الشکوی۔ عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ش۔ ک۔ و (ی)) سے مشتق ہے۔ ۱؎

الشکوی۔ کا مطلب شکایت کرنا۔ ۲؎

ارشاد خداوندی:

قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۔ ۳؎

ترجمہ۔ یعقوب نے کہا) میں اپنی پریشانی اور اپنے غم کی فریاد اللہ ہی سے کرتا ہوں ۔

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۔ ۴؎

ترجمہ۔ بے شک اللہ نے اس عورت کی بات سن لی ہے جو آپ سے اپنے خاوند کے بارے میں جھگڑتی تھی اور اللہ کی جناب میں شکایت کرتی تھی، اور اللہ تم دونوں کی گفتگو سن رہا تھا، بے شک اللہ سب کچھ سننے والا دیکھنے والا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بدنصیب ہے وہ شخص جو فجر کے وقت سویا رہتا ہے اور لوگوں سے رزق کی تنگی کا شکوہ کرتا ہے۔ ۵؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! میں ایسے معاشرے کی اللہ سے شکایت کرتا ہوں جو جہالت کے عالم میں زندہ رہتے ہیں اور گمراہی کے عالم مین مرجاتے ہیں۔

جو دنیا کے لئے غم زدہ ہوتا ہے وہ دراصل اللہ کی قضاء اور قدر پر غضبناک ہوتا ہے اور جو شخص اپنے اوپر آنے والی کسی مصیبت کی شکایت کرتا ہے دراصل وہ اپنے پروردگار کی شکایت کرتا ہے۔

جو انسان اپنی کسی پریشانی کا شکوہ اپنے کسی مومن بھائی کے سامنے کرتا ہے تو گویا اس نے اپنی یہ پریشانی اللہ کے حضور بیان کی۔

اور جس نے اپنی پریشانی کسی کافر کے سامنے بیان کی تو گویا اس نے اللہ کی شکایت کی۔

اپنی شکائیت اس کے سامنے پیش کرو جو انھیں دور کرنے پر قادر ہو۔

کم عقل ہے وہ شخص جو کسی بے رحم کے سامنے اپنی پریشانی بیان کرے۔

سب سے زیادہ اثر انداز ہونے والی وہ شکایت ہے جس کا اظہار بلا اور مصیبت کی ظاہری حالت کرتی ہو۔٦؎

نفسیاتی پہلو

ابدال حق حضور قلندر بابا اولیاء فرماتے ہیں! عموماً لوگ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے میں کوتاہی کرتے ہیں اور نتیجہ اپنی پسند یا مرضی کے مطابق چاہتے ہیں اور جب نتیجہ ان کی مرضی کے مطابق نہیں نکلتا ہے تو کڑھتے ہیں اور شکوہ کرتے ہیں، جب بندہ پختہ ارادہ کرکے بھرپور کوشش کرتا ہے تو اس کا انجام اچھا ہوتا ہے۔٧؎

شکوہ شکایات کرنے والے افراد کی بڑی تعداد کاہل الوجود اور سست ہوتی ہے، وہ دوسروں کو ترقی کرتا دیکھ کر جلن اور حسد کا شکار ہوجاتے ہیں، یہ لوگ حقیقت پسند نہیں ہوتے ہیں اور اپنی ہی خواب وخیال کی کسی دنیا میں رہتے ہیں، ان کو اپنی اصلاح کی کوشش کرنی چاہئے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ یوسف۔آیت۔۸۶۔

۴۔سورہ المجادلہ۔آیت۔۱۔

۵۔حدیث صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۷۔روحانی ڈائجسٹ۔جنوری۔۲۰۲۰ء۔

۷۵۔الطمع۔طمع (لالچ)

طمع وہ مقام ہے کے جہاں سے واپسی ممکن نہیں۔(حضرت علیؑ)

الطمع۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو (ط۔م۔ع) سے مشتق ہے۔ا۔
الطمع۔کا مطلب نفسانی خواہشات کا کسی جانب میلان اور جھکاؤ جس میں حرص وہوس اور امید بھی شامل ہو۔۲۔
طمع۔کے معنی دل میں کسی چیز کی پر زور امید کا ہونا۔
طمع۔کا متضاد خوف ہے کیونکہ خوف نقصان کے احساس کو کہتے ہیں جبکہ طمع نفع کی امید کو کہتے ہیں۔۳۔

ارشادات خداوندی:

هُوَ الَّذِیْ یُرِیْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّیُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ۔۴۔
ترجمہ۔وہی ہے جو تمہیں دکھاتا ہے بجلی (کی چمک) خوف سے بھی اور امید سے۔

اَیَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ یُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِیْمٍ ۔۵۔
ترجمہ۔کیا ان میں سے ہر ایک واقعتا اس کا خواہش مند ہے کہ وہ نعمت بھری جنت میں داخل کیا جائے گا۔

ثُمَّ یَطْمَعُ اَنْ اَزِیْدَ۔۶۔
ترجمہ۔پھر وہ چاہتا ہے کے میں اسے اور بھی دوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ابن آدم کے پاس سونے کی دو وادیاں بھی ہوں گی تو یہ تیسری وادی کی خواہش (لالچ) کرے گا اور ابن آدم کا پیٹ قبر کی مٹی ہی بھر سکتی ہے۔۷۔

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! جس نے لالچ کو اپنا شعار بنالیا وہ شخص ذلت نفس پر آمادہ ہو گیا اور جس نے اپنی پریشانیاں کھل کر بیان کرنا شروع کردیں تو گویا وہ شخص اپنی ذلت پر راضی ہو گیا۔

عقل انسانی کی بربادی کی ایک وجہ طمع بھی ہے۔

طمع وہ مقام ہے کے جہاں سے واپسی ممکن نہیں۔

طمع ایسی ضامن ہے جس میں وفا نہیں۔

طمع، لالچ اور آرزویں انسان کو اندھا کر دیتی ہیں دوسری جانب تو قسمت اس انسان کی بھی ہے جو اس کی جانب بھاگ دوڑ نہیں کرتا۔

اللہ ایسے انسان سے راضی ہوتا ہے جو دکھاوا، بناوٹ اور لالچ سے دور رہتا ہے۔

تم طمع سے خوف زدہ رہو کیونکہ یہ انسان کو ذلت میں دھکیل دیتی ہے۔

بہت سی لالچ جھوٹی ہوتی ہیں۔

ذلت طمع کے ساتھ ہے۔

آزاد انسان جس چیز کی طمع کرتا ہے وہ اس کا غلام بن جاتا ہے اور غلام انسان جس چیز پر قناعت کرتا ہے وہ اس سے آزاد ہو جاتا ہے۔

انسانوں میں سب سے زیادہ غمگین شخص وہ ہے جو لالچی کینہ پرور ہو۔

ایمان کا ثبات تقویٰ سے جبکہ ایمان کا زوال طمع سے ہوتا ہے۔

دین کو بدعت سے زیادہ کسی دوسری شے نے منہدم نہیں کیا جبکہ انسانوں کو طمع سے زیادہ کسی دوسری شے نے فاسد نہیں کیا۔

انسان کی ذلت اور رسوائی طمع اور حرص میں ہے۔

اگر تم نے کسی لالچی شخص کی پیروی کی تو یہ پیروی تم کو ہلاک کردے گی۔

قاضی (جسٹس) اگر لالچی ہوگا تو یہ اس کے زوال اور بربادی کا بڑا سبب ہے۔
لالچ کا پھل دنیا اور آخرت کی ذلت ہے۔
طمع کا مقابلہ ورع یعنی تقویٰ سے کرو۔
تھوڑی سی طمع، تقویٰ کے بڑے حصے کو فاسد کردیتی ہے۔
وہ انسان بھلا کیسے صاحب تقویٰ ہوسکتا ہے جس کو طمع نے اپنا غلام بنالیا ہو۔
ایسی پارسائی جو انسان کی نجات کا ذریعہ ہو اس لالچ سے بہتر ہے جو انسان کو ہلاک کردے۔
تمھیں اللہ نے آزاد پیدا فرمایا ہے چنانچہ تم طمع کی غلامی اختیار نا کرو۔۸؎

نفسیاتی پہلو

جس طرح سے بٹوے یا تھیلی کی گردن میں گرہ مضبوطی سے کس کر اس کا گلہ گھونٹ دیا جاتا ہے تاکہ مال محفوظ رہے بالکل اسی طرح سے کثرت زر انسان کی زندگی اور اس کے دل کا یہی حال کرتی ہے جبکہ بے زر مفلس یہ سمجھتا ہے کہ! اس سرمایہ دار کو خوب اطمینان قلب نصیب ہوگا لیکن جب تم اس سرمایہ دار کی زندگی کو دیکھو تو معلوم یہ ہوتا ہے کہ! اس دولت نے اس کا گلہ گھونٹ کر رکھ دیا ہے اس کے مقابلے میں ایک کم آمدنی والا مزدور زیادہ مطمین اور خوشحال ہے۔۹؎

انسان کی تقدیر میں جو اللہ نے لکھا ہے وہ اس کو مل کر رہتا ہے اور جب تک وہ اپنی تقدیر کے لکھے ایک ایک دانے کو کھا نہیں لیتا دنیا سے جا بھی نہیں سکتا، قابل غور نکتہ یہ ہے کے انسان ساری عمر مال و دولت اور جاہ و حشم کے پیچھے بھاگتا رہتا ہے لیکن وہ کبھی یہ نہیں سوچتا کے اس کے علیشان گھر میں موجود کئی آراستہ کمروں میں سے صرف ایک کمرہ ہی اس کے استعمال میں ہے یعنی وہ ایک وقت میں ایک ہی بستر پر سوتا ہے، اس کا دسترخوان انواع واقسام کی غذاؤں سے بھرا ہوا ہی کیوں نا ہو لیکن وہ ایک وقت میں دو ہی روٹی کھا سکتا ہے، اس کے پاس بے شمار قیمتی ملبوسات ہی کیوں نا ہوں لیکن وہ ایک وقت میں ایک ہی لباس زیب تن کرسکتا ہے، یہ

دنیا ایک مسافر خانہ ہے لہٰذا یہاں کے مسافروں کو چاہئے کے وہ سفر کی صعبتوں سے بچنے کے لئے کم سے کم سامان کے ساتھ سفر کو ترجیح دیں ورنہ ساری زندگی سامان کی حفاظت اور اس میں اضافے کی فکر میں ہی گزر جائے گی اور ہاتھ کچھ بھی نہیں آئے گا تاہم لالچ انسان کے دین کو بے حد نقصان پہنچاتا ہے۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔المفردات ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۳۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۴۔سورہ رعد۔آیت۔ ۱۲۔

۵۔سورہ المعارج۔آیت۔ ۳۸۔

۶۔سورہ مدثر۔آیت۔ ۱۵۔

۷۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔

۸۔تجلیات حکمت ۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۹۔تشبیہات رومی ۔ص۔ ۳۹۷۔

۷۶۔العتاب والاعتاب۔عتاب

جو شخص زمانے کو برا جانتا ہے اس شخص کی سرزنش طویل ہو جاتی ہے۔(حضرت علیؑ)

العتاب۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ع۔ت۔و) سے مشتق ہے۔۱؎

عتا۔ یعتو۔ عتیا۔ وعتوا۔ سے مراد حد سے تجاوز کرنا یا حکم عدولی کرنا ہے۔

عتت الریح۔ سے مراد تند و تیز آندھی جو ہلاکت کا سبب بن جائے۔

لیل عات۔ ۔سے مراد سخت تاریک رات۔

ملك عات۔ ۔سے مراد ظالم اور سنگ دل بادشاہ۔۲؎

ارشادات خداوندی:

وَاَمَّا عَادٌ فَاُهۡلِكُوۡا بِرِيۡحٍ صَرۡصَرٍ عَاتِيَةٍ ۔۳؎

ترجمہ۔اور عاد ہلاک کر دیے گئے ایک جھکڑ والی تیز آندھی سے۔

وَكَاَيِّنۡ مِّنۡ قَرۡيَةٍ عَتَتۡ عَنۡ اَمۡرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبۡنٰهَا حِسَابًا شَدِيۡدًا وَّعَذَّبۡنٰهَا عَذَابًا نُّكۡرًا ۔۴؎

ترجمہ۔اور کتنی ہی بستیاں ایسی ہیں جنہوں نے اپنے رب کے حکم اور اس کے رسولوں سے سرکشی کی تو ہم نے ان کا محاسبہ کیا بہت شدید محاسبہ اور ہم نے ان کو عذاب دیا بہت ہولناک عذاب۔

لَقَدِ اسۡتَكۡبَرُوۡا فِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ وَعَتَوۡ عُتُوًّا كَبِيۡرًا ۔۵؎

ترجمہ۔انہوں نے اپنے آپ میں بہت زیادہ تکبر کیا ہے اور وہ بہت بڑی سرکشی کے مرتکب ہوئے ہیں۔

ثُمَّ لَنَنۡزِعَنَّ مِنۡ كُلِّ شِيۡعَةٍ اَيُّهُمۡ اَشَدُّ عَلَى الرَّحۡمٰنِ عِتِيًّا ۔۶؎

ترجمہ۔ پھر ہر گروہ میں سے ان لوگوں کو الگ کر لیں گے جو اللہ سے بہت ہی سرکش تھے۔

قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّ كَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّ قَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا

ترجمہ۔(ذکریا نے کہا) اے میرے پروردگار! میرے ہاں بیٹا کیسے ہوجائے گا جبکہ میری بیوی بانجھ ہے اور میں پہنچ چکا ہوں بڑھاپے کے باعث سوکھ جانے کی حالت کو۔ ۷؎

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آسمان سے ہمیں بادل دکھاتے، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کام چھوڑ کر اس کی طرف متوجہ ہوجاتے اور یہ دعا کرتے اے اللہ! میں کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اگر بادل چھٹ جاتے تو اللہ تعالی کی حمد ثناء کرتے اور کہتے کے اے اللہ! اس کو نفع پہنچانے والا پانی بنادے۔ ۸؎

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بادل گرجنے اور بجلی کڑکنے کی آواز سنتے تو یہ دعا کرتے اے اللہ ہمیں اپنے غضب سے ہلاک نہ کر اور نہ ہی ہمیں اپنے عذاب سے ہلاک کر اور اس سے پہلے ہمیں اپنی عافیت میں رکھ۔ ۹؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! جب تم کسی نوجوان کو ڈانٹو تو اس کے پاس اپنی غلطی کے عذر کا کوئی موقع چھوڑ دو تاکہ تمھاری سخت گیری اسے غلطی پر اڑ جانے پر آمادہ نا کرے۔

جاہل کو نا ڈانٹو کیونکہ وہ تم پر اپنے غیظ وغضب کا اظہار کرے گا البتہ عقلمند کو ڈانٹو، وہ اس نصیحت سے تم سے محبت کرنے لگے گا۔

جو شخص زمانے کو برا جانتا ہے اس شخص کی سرزنش طویل ہوجاتی ہے۔

شفقت آمیز سرزنش انسان کے لئے محبت بھری زندگی ہے۔

جب تم کسی کو سرزنش کرو تو اس سے قبل تم خود اس کام کو ترک کرنے پر سبقت لے جاؤ۔

اپنے بھائی کی سرزنش احسانات کے ذریعے سے کرو۔

کسی بھی انسان کی سرزنش ضرورت سے زیادہ نا کرو کیونکہ تمھارا یہ عمل اس کے لئے بغض اور کینے کا سبب بنے گا۔

اس انسان کو منانے کی کوشش کرو جس کے مان جانے کی تمھیں امید ہو۔

بغیر کسی وجہ کے زیادہ سرزنش سے گریز کرو۔

اپنے مسلمان بھائی سے کسی شک کی وجہ سے قطع تعلق نا کرو بلکہ اس کو منالو۔۱۰؎

نفسیاتی پہلو

اسلام نرمی کو پسند کرتا ہے جبکہ غیض وغضب ،لڑائی، جھگڑے اور فتنے فسادات کو سخت ناپسند کرتا ہے، جھگڑالو اور غصے والے افراد سخت مایوس، بے چین، انا پسند، خود پسند اور متکبر ہوتے ہیں، وہ اپنی بالادستی کو قائم رکھنے کی کوشش کرتے ہیں یہی وجہ ہے کے وہ اپنے غیض وغضب کا مظاہرہ کرتے رہتے ہیں، اس کیفیت کا مشاہدہ ہر جگہ نظر آتا ہے چاہے وہ اقتدار کے ایوان میں موجود سیاست دان ہوں، سماج میں موجود چوہدری، وڈیرے اور قبائلی سردار ہوں، خاندان کے حاسدین اور متکبر افراد ہوں یا گلی محلے میں رہنے والے بدمزاج پڑوسی ہوں الغرض یہ رجحانات اور برا رویہ ہر جگہ نظر آتا ہے، اس رویے کے حامل افراد شدید نفسیاتی کشمکش کا شکار ہوتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! جو آدمی نرمی سے محروم ہے وہ نیکی سے بھی محروم ہے۔۱۱؎

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔۱۹۹۸ء۔

۳۔سورہ الحاقۃ۔آیت۔۶۔

۴۔سورہ طلاق۔آیت۔۸۔

۵۔سورہ فرقان۔آیت۔۲۱۔

۶۔سورہ مریم۔آیت۔۶۹۔

۷۔سورہ مریم۔آیت۔۸۔

۸۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۹۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۱۰۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔۱۴۲۴ھ۔

۱۱۔سنن ترمذی۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت۔۱۴۲۱ھ۔

۷۷۔الاستبداد۔خودسری

خودسری ہلاکت ہے کیونکہ جس نے اپنی رائے پر بھروسہ کیا وہ ہلاک ہوگیا۔(حضرت علیؑ)

الاستبداد۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(س۔د۔د) سے مشتق ہے۔۱؎

السد ۔سے مراد روک یا حائل ہونے والی چیز۔

ارشادات خداوندی:

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۔۲؎

ترجمہ۔ہم نے ایک دیوار کھڑی کردی ہے ان کے آگے اور ایک ان کے پیچھے اس طرح ہم نے انہیں ڈھانپ دیا ہے پس اب وہ دیکھ نہیں سکتے۔

وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَافًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۔۳؎

ترجمہ۔ ایسے لوگوں کو ڈرنا چاہیے جو اپنے بعد چھوٹے چھوٹے ایسے بچے چھوڑنے والے ہوں جن کی انہیں فکر ہوتو پھران لوگوں کو چاہیے کہ اللہ سے ڈریں اور سیدھی بات کہیں۔

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۔۴؎

ترجمہ۔اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور سیدھی بات کیا کرو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اپنی امت کی خودسری، سرکشی، نافرمانی اور گناہوں کی آلودگی کے حوالے سے فرمایا! حضرت ابو مالک اشعریؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! میری امت ضرور خمر (انگور کی شراب) کا نام بدل بدل کر پیتی رہے گی اور اس کے سروں پر

آلات موسیقی بجتے رہیں گی اور گانے والیاں گاتی رہیں گی حتیٰ کے اللہ ان کو زمین میں دھنسا دے گا اوران میں سے بندر اور خنزیر بنادے گا۔۵؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علی نے فرمایا! خودسری ہلاکت ہے کیونکہ جس نے اپنی رائے پر بھروسہ کیا وہ ہلاک ہوگیا جبکہ جس نے مشورہ کیا وہ کامیاب ہوگیا۔

بدترین استعداد خودسری ہے۔

جس شخص نے اپنی رائے پر اصرار کیا گویا اس نے اپنے آپ کو خطرے میں ڈال دیا۔

خودسر شخص کے پیر اپنے دشمن کے مقابلے میں اکھڑ جاتے ہیں۔

عقلمند انسان لوگوں سے مشورہ طلب کرتا ہے اایسا کرتے رہنے سے اس کے مزاج میں خودسری جنم نہیں لے پاتی ہے۔

صرف اپنی رائے پر بھروسہ کرنے والا شخص غلطیاں اور خطاؤں میں مبتلا ہوجاتا ہے۔٦؎

نفسیاتی پہلو

اللہ کی زمین کو ظالموں نے ظلم واستبداد سے بھر دیا ہے، معصوم لوگوں کا حق چھین کر، حق اور سچ کی آواز کو دبا کر، دیدہ دلیری اور سینہ زوری سے ظلم وجبر ہر روز اور ہر جگہ جاری ہے، اللہ کی زمین پر سب سے زیادہ حق ہے کے اللہ کا نظام انصاف قائم ہو اور دین اسلام کی بالادستی دنیا کے طول وارض میں نافذ ہو لیکن اس کے برعکس دنیا دار، ضمیر فروش، اقتدار اور جاہ ومنصب کے بھوکوں نے دنیا اور اس میں رہنے والے معصوموں کو بے حد نقصان پہنچایا ہے۔

امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا! حق کا تھوڑا حصہ بھی ظلم وجبر کو مٹا دیتا ہے۔

حضرت امام حسینؓ فرماتے ہیں! ظلم کے خلاف جتنی دیر سے آواز اٹھاؤ گے قربانی بھی اتنی ہی زیادہ دینی پڑے گی۔

حوالہ کتب:

۱۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔سورہ یٰسین۔آیت۔۹۔

۳۔سورہ النساء۔آیت۔۹۔

۴۔سورہ احزاب۔آیت۔۷۰۔

۵۔سنن ابوداؤد۔امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (متوفی ۲۷۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۶۔تجلیات حکمت۔مرتب۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی۔مترجم۔سید قمر عباس۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

۷۸۔الظن۔گمان

ہر انسان کا گمان اس کی عقل جتنا ہی ہوتا ہے۔(حضرت علیؑ)

ظن۔عربی زبان کا لفظ ہے، جو(ظ۔ن۔ن) سے مشتق ہے۔۱؎

ظن۔سے مراد غیر یقینی عقیدہ جس میں وضاحت اور یقین نا ہو کیونکہ صاف اور واضح یقین کو علم کہتے ہیں۔

ظن۔وہ غیر یقینی کیفیت ہے جو وھم سے قریب ترین ہے۔

ظنون۔سے مراد قیاس آرائیاں۔۲؎

ارشادات خداوندی:

اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا۔۳؎

ترجمہ۔جب وہ لوگ تم پر تمہارے اوپر کی طرف اور نیچے کی طرف سے چڑھ آئے اور جب آنکھیں پتھرا گئی تھیں اور کلیجے منہ کو آنے لگے تھے اور تم اللہ کے ساتھ طرح طرح کے گمان کر رہے تھے۔

وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّاۤ اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ۔۴؎

ترجمہ۔اور ان میں بعض ان پڑھ ہیں وہ کتاب کا علم نہیں رکھتے سوائے بے بنیاد آرزوؤں کے اور وہ کچھ نہیں کر رہے مگر ظن وتخمین پر چلے جا رہے ہیں۔

وَقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا۔۵؎

ترجمہ۔ان کے یہ کہنے پر کہ ہم نے مریم کے بیٹے مسیح عیسیٰ کو قتل کیا جو اللہ کا رسول تھا حالانکہ انہوں نے نہ اسے قتل کیا اور نہ سولی پر چڑھایا لیکن ان کو اشتباہ ہو گیا، اور جن لوگوں نے اس کے بارے میں اختلاف کیا ہے وہ بھی دراصل شک میں مبتلا ہیں، ان کے پاس بھی اس معاملہ میں کوئی یقین نہیں ہے محض گمان ہی کی پیروی ہے، انہوں نے یقیناً مسیح کو قتل نہیں کیا۔

وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ۚ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِمَا يَفْعَلُوْنَ۔۶؎

ترجمہ۔ان میں سے اکثر مگر گمان کی اور یہ گمان کسی بھی درجے میں (انسان کو) حق سے مستغنی نہیں کر سکتا، بے شک اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! بدگمانی سے بچے رہو کیونکہ بدگمانی سب سے زیادہ جھوٹی بات ہے، دوسروں کے ظاہری عیب تلاش نا کرو، نا دوسروں کے باطنی عیب ڈھونڈو، مال و دولت میں ایک دوسرے کے ساتھ مسابقت نا کرو، ایک دوسرے سے حسد نا کرو، آپس میں بغض نا رکھو، ایک دوسرے سے روگردانی نا کرو، اللہ کے ایسے بندے بن کر رہو جو آپس میں بھائی بھائی ہیں۔۷؎

امیر المومنین حضرت علی بحیثیت ماہر نفسیات

امیر المومنین حضرت علیؑ نے فرمایا! جو لوگوں کے بارے میں اچھا گمان کرتا ہے وہ ان کی محبت حاصل کر لیتا ہے۔۸؎

گمان پر فیصلہ کر دینا عدل نہیں ہے۔

جس نے تم سے اچھائی کا گمان کیا، تم اس کے اس گمان کو سچ کر دکھاؤ۔

عقلمند کا گمان پیشن گوئی ہوتی ہے۔

مومنین کے گمان سے ڈرو کیونکہ اللہ نے ان کی زبان پر حق جاری کیا گیا ہے۔

ڈھکے چھپے کاموں پر گمانوں کی یلغار اس وقت تک نہیں ہوتی ہے جب تک تم خود اسے عیاں نہ کردو۔

ہر انسان کا گمان اس کی عقل جتنا ہی ہوتا ہے۔ عاقل کا گمان جاہل کے یقین سے زیادہ درست ہوتا ہے۔ دین کی آفت بدگمانی ہے۔

جس کا گمان اچھا ہوگا اس کی نیت بھی اچھی ہوگی۔ جس کا لوگوں سے متعلق گمان اچھا ہوگا وہ ان سے بدلے میں محبت پائے گا۔

اللہ تعالیٰ سے کوئی بندہ اس وقت تک حسن ظن نہیں رکھ سکتا ہے جب تک کے اللہ اس کے حسن ظن کے نزدیک موجود نا ہو۔ ۹؎

نفسیاتی پہلو

بدگمان انسان کی مثبت توانائی اور قیمتی وقت لوگوں کے خلاف جھوٹی باتیں سوچنے اور سمجھنے میں گزر جاتا ہے، ممکن ہے ان باتوں کی کوئی حیثیت نا ہو لیکن انسان ساری عمر اپنی مثبت توانائیوں کو بے وقعت کاموں میں بے دریغ خرچ کرتا رہتا ہے جس کے نتیجے میں وہ اللہ سے بہت دور ہوجاتا ہے اور وہ وقت جب وہ اپنے اعمال کو بہتر کر کے اپنی مثبت توانائی اور قیمتی وقت سے اللہ کی مخلوق کو کوئی فائدہ پہنچا سکتا تھا وہ اس نے ضائع کر دیئے چنانچہ ایسے تمام لوگوں کے لئے یوم آخرت حسرت اور افسوس کا دن ہوگا جہاں وہ اپنے اعمال پر حد درجہ متاسف ہوگا کے یہ اس نے کیا کر دیا، ایسے ہی لوگوں کے لئے ارشاد خداوندی ہے کے لوگ اللہ سے چند لمحے دنیا میں واپس جانے کی استدعا کریں گے تا کہ وہ دنیا میں جا کر جلدی سے اسلام قبول کر کے اپنا مال ومنال اللہ کی مخلوق پر خرچ کریں اور عذاب جہنم سے اپنے آپ کو بچالیں۔

حوالہ کتب:

ا۔ لغات القرآن۔ غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔ طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔

۲۔لغات القرآن ۔غلام پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔طلوع اسلام ٹرسٹ لاہور۔ ۱۹۹۸ء۔
۳۔سورہ احزاب۔آیت ۔۱۰۔
۴۔سورہ البقرہ۔آیت ۔۷۸۔
۵۔سورہ النساء۔آیت ۔۱۵۷۔
۶۔سورہ یونس۔آیت ۔۳۶۔
۷۔صحیح مسلم ۔امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ) ۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۸۔غرر الحکم۔
۹۔تجلیات حکمت ۔مرتب ۔آیت اللہ سید اصغر ناظم زادہ قمی ۔مترجم ۔سید قمر عباس ۔مطبع انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی تہران۔ ۱۴۲۴ھ۔

کتابیات:

ماخذ ومراجع:

۱۔القرآن۔
۲۔تورات۔
۳۔انجیل۔

کتب احادیث:

۴۔مسند امام اعظم۔امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت (متوفی ۱۵۰ھ)۔مطبوعہ محمد سعید اینڈ سنز۔کراچی۔
۵۔موطا امام مالک۔امام مالک بن انس اصبحی (متوفی ۱۷۹ھ)۔مطبوعہ دار الفکر۔بیروت۔۱۴۰۹ھ۔
۶۔کتاب الزہد۔امام عبداللہ بن مبارک (متوفی ۱۸۱ھ)۔مطبوعہ ادر الکتب العلمیہ بیروت۔
۷۔کتاب الآثار۔امام ابویوسف یعقوب بن ابراہیم (متوفی ۱۸۳ھ)۔مطبوعہ مکتبہ اثریہ،سانگلہ ہل۔
۸۔موطا امام محمد۔امام محمد بن حسن شیبانی (متوفی ۱۸۹ھ)۔مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی۔
۹۔کتاب الآثار۔امام محمد بن حسن شیبانی (متوفی ۱۸۹ھ)۔مطبوعہ ادارۃ القرآن،کراچی ۱۴۰۷ھ۔
۱۰۔کتاب الزہد۔امام وکیع بن جراح (متوفی ۱۹۷ھ) مکتبۃ دار مدینہ منورہ۔۱۴۰۴ھ۔
۱۱۔مسند طیالسی۔امام سلیمان بن داؤد بن اجر وطیالسی حنفی (متوفی ۲۰۳ھ)۔مطبوعہ ادارۃ القرآن،کراچی۔
۱۲۔المسند۔امام محمد بن ادریس شافعی (متوفی ۲۰۴ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔بیروت ۱۴۰۰ھ۔
۱۳۔مسند ابوداؤد الطیالسی۔امام سلیمان بن داؤد الجارود (متوفی ۲۰۴ھ) مطبوعہ ادر الکتب العلمیہ بیروت۔
۱۴۔کتاب المغازی۔امام محمد بن عمر بن واقد (متوفی ۲۰۷ھ)۔مطبوعہ عالم الکتاب،بیروت۔۱۴۰۴ھ۔
۱۵۔المصنف۔امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی (متوفی ۲۱۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔۱۳۹۰ھ۔
۱۶۔المسند۔امام عبداللہ بن الزبیر حمیدی (متوفی ۲۱۹ھ) مطبوعہ عالم الکتب بیروت۔
۱۷۔سنن سعید بن منصور خراسانی (متوفی ۲۲۷ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۱۸۔المصنف۔امام ابوبکر عبداللہ بن محمد ابی شیبہ (متوفی ۲۳۵ھ)۔مطبوعہ دار القرآن کراچی،۱۴۰۶ھ۔
۱۹۔مسند ابن ابی شیبہ۔امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ (متوفی ۲۳۵ھ)۔مطبوعہ دار الوطن بیروت۔
۲۰۔المسند۔امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۸ھ۔دار الکتب العلمیہ۔

۲۱۔ کتاب الزہد۔ امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۲۲۔ سنن درامی۔ امام عبداللہ بن عبدالرحمن درامی (متوفی ۲۵۵ھ)۔ مطبوعہ دار الکتاب العربی ۱۴۰۷ھ۔
۲۳۔ صحیح بخاری۔ امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔ مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت۔
۲۴۔ خلق افعال العباد۔ امام ابوعبداللہ بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔ مطبوعہ موسسۃ الرسالہ۔
۲۵۔ الادب المفرد۔ امام ابوعبداللہ بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔ مطبوعہ دار المعرفہ بیروت۔
۲۶۔ صحیح مسلم۔ امام ابوالحسین مسلم بن حجاج قشیری (متوفی ۲۶۱ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ۔
۳۱۔ شمائل محمدیہ۔ امام ابوعیسی محمد بن عیسی ترمذی (متوفی ۲۷۹ھ)۔ مطبوعہ الکتبۃ التجاریہ۔ مکہ
۳۲۔ سنن دارقطنی۔ امام علی بن عمر دارقطنی (متوفی ۲۸۵ھ) مطبوعہ نشر السنہ ملتان۔ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۳۳۔ الاحاد والمثانی۔ امام ابن ابی عاصم (متوفی ۲۸۷ھ) مطبوعہ دار الرایہ ریاض۔ ۱۴۱۱ھ۔
۳۴۔ البحر لزخار المعروف بہ مسند البزار۔ امام احمد عمر بن عبدالخالق (متوفی ۲۹۲ھ)۔ مطبوعہ موسسۃ القرآن
۳۵۔ سنن نسائی۔ امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔ مطبوعہ دار المعرفہ بیروت۔
۳۶۔ عمل الیوم واللیلہ۔ امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔ مطبوعہ موسسۃ الکتب۔
۳۷۔ سنن کبریٰ۔ امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی (متوفی ۳۰۳ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۳۸۔ مسند اصحابہ۔ امام ابوبکر محمد بن ہارون الرویانی (متوفی ۳۰۷ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۳۹۔ مسند ابویعلیٰ موصلی۔ امام احمد بن علی المثنی التمیمی (متوفی ۳۰۷ھ)۔ مطبوعہ دار المامون التراث بیروت
۴۰۔ المنتقیٰ۔ امام عبداللہ بن علی بن جارود نیشاپوری (متوفی ۳۰۷ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۴۱۔ صحیح ابن خزیمہ۔ امام محمد بن اسحاق بن خزیمہ (متوفی ۳۱۱ھ)۔ مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۳۹۵ھ۔
۴۲۔ مسند عمر بن عبدالعزیز۔ امام ابوبکر محمد بن محمد بن سلیمان باغندی (متوفی ۳۱۲ھ)۔ مطبوعہ
۴۳۔ مسند ابوعوانہ۔ امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق (متوفی ۳۱۶ھ) مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ۔
۴۴۔ نوادر الاصول۔ امام ابوعبداللہ محمد الحکیم الترمذی (متوفی ۳۲۰ھ)۔ مطبوعہ دار الریان التراث القاہرہ۔
۴۵۔ شرح مشکل آثار۔ امام ابوجعفر احمد بن محمد الطحاوی (متوفی ۳۲۱ھ)۔ مطبوعہ موسسۃ الرسالہ بیروت۔
۴۶۔ تحفۃ الاخیار۔ امام ابوجعفر احمد بن محمد الطحاوی (متوفی ۳۲۱ھ) مطبوعہ دار بلنسیہ ریاض۔ ۱۴۲۰ھ۔
۴۷۔ شرح معانی الآثار۔ امام ابوجعفر احمد بن محمد الطحاوی (متوفی ۳۲۱ھ)۔ مطبوعہ مطبع المجتبائی۔ پاکستان۔
۴۸۔ کتاب الضعفاء الکبیر۔ امام ابوجعفر احمد بن محمد الطحاوی (متوفی ۳۲۱ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔
۴۹۔ مکارم الاخلاق۔ امام ابوجعفر احمد بن محمد الطحاوی (متوفی ۳۲۱ھ)۔ مطبوعہ مطبعہ المدنی مصر ۱۴۱۱ھ۔

۵۰۔ الاحسان بہ ترتیب صحیح ابن حبان۔ امام ابو حاتم محمد بن حبان البستی (متوفی ۳۵۴ھ)۔ مطبوعہ موسستہ۔
۵۱۔ الشریعہ۔ امام ابو بکر احمد بن حسین آضری (متوفی ۳۶۰ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ دار السلام ریاض۔ ۱۴۱۳ھ۔
۵۲۔ مجم الصغیر۔ امام ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔ مطبوعہ سلفیہ مدینہ منورہ۔
۵۳۔ المعجم اوسط۔ امام ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔ مطبوعہ مکتبۃ المعارف۔
۵۴۔ المعجم الکبیر۔ امام ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی۔
۵۵۔ مسند الشامیین۔ امام ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔ مطبوعہ موسستۃ الرسالہ۔
۵۶۔ کتاب الدعاء۔ امام ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی (متوفی ۳۶۰ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔
۵۷۔ عمل الیوم واللیۃ۔ امام ابو بکر احمد بن اسحاق دینوری المعروف بابن السنی۔ (متوفی ۳۶۴ھ) مطبوعہ موسستۃ الکتب الثقافیہ بیروت ۱۴۰۸ھ۔
۵۸۔ الکامل فی ضعفاء الرجال۔ امام عبد اللہ بن عدی الجرجانی (متوفی ۳۶۵ھ)۔ مطبوعہ دار الفکر بیروت۔
۵۹۔ الناسخ المنسوخ من الحدیث۔ امام ابو حفظ عمر بن احمد المعروف بابن شاہین۔ (متوفی ۳۸۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۲ھ۔
۶۰۔ کتاب العظمۃ۔ امام عبد اللہ بن محمد بن جعفر المعروف بابی الشیخ (متوفی ۳۹۶ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب۔
۶۱۔ المستدرک۔ امام ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ حاکم نیشاپوری (متوفی ۴۰۵ھ)۔ مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ۔
۶۲۔ حلیۃ الاولیاء۔ امام ابو نعیم احمد بن عبد اللہ اصبہانی (متوفی ۴۳۰ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۶۳۔ دلائل النبوۃ۔ امام ابو نعیم احمد بن عبد اللہ اصبہانی (متوفی ۴۳۰ھ)۔ مطبوعہ دار النفائس بیروت۔
۶۴۔ سنن کبریٰ۔ امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔ مطبوعہ نشر السنہ ملتان۔
۶۵۔ کتاب الاسماء والصفات۔ امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔ مطبوعہ دار احیاء التراث۔
۶۶۔ معرفۃ السنن والآثار۔ امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۶۷۔ دلائل النبوۃ۔ امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۶۸۔ کتاب الآداب۔ امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۶۹۔ کتاب فضائل الاوقات۔ امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ المنارۃ۔ مکہ مکرمہ
۷۰۔ شعب الایمان۔ امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی (۴۵۸ھ)۔ مطبوعہ داعا لکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۰ھ۔
۷۱۔ الجامع لشعب الایمان۔ امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ الراشد ریاض۔
۷۲۔ البعث والنشور۔ امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی (متوفی ۴۵۸ھ)۔ مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔

۷۳۔ الفوائد۔ امام عبدالوصاب بن محمد ابن مندہ (متوفی ۴۷۵ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۷۴۔ جامع البیان العلم وفضلہ۔ امام ابوعمر یوسف ابن عبدالبر قرطبی (متوفی ۴۶۳ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب۔
۷۵۔ الفردوس بماثور الخطاب۔ امام ابوشجاع شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ الدیلمی۔ (متوفی ۵۰۹ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۶ھ۔
۷۶۔ شرح السنہ۔ امام حسین بن مسعود بغوی (متوفی ۵۱۶ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۲ھ۔
۷۷۔ تاریخ دمشق الکبیر۔ امام ابوالقاسم علی ابن الحسن ابن عساکر (متوفی ۵۷۱ھ)۔ مطبوعہ داراحیاء التراث۔
۷۸۔ تہذیب وتاریخ دمشق۔ امام ابوالقاسم علی ابن الحسن ابن عساکر (متوفی ۵۷۱ھ)۔ مطبوعہ داراحیاء۔
۷۹۔ جامع الاصول۔ امام مجدالدین المبارک بن محمد الشیبانی المعروف بابن الاثیر الجزری۔
(متوفی ۶۰۶ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۸ھ۔
۸۰۔ الاحادیث المختارۃ۔ امام ضیاء الدین محمد بن عبدالواحد مقدسی حنبلی (متوفی ۶۴۳ھ) مطبوعہ مکتب النہضۃ
۸۱۔ الترغیب والترہیب۔ امام زکی الدین عبدالعظیم بن عبدالقوی المنذری (متوفی ۶۵۶ھ) مطبوعہ دار الحدیث قاہرہ ۱۴۰۷ھ۔ دارابن کثیر بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۸۲۔ التذکرۃ فی امور الآخرہ۔ امام عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (متوفی ۶۶۸ھ)۔ مطبوعہ دارالبخاری مدینہ۔
۸۳۔ المتجر الرابح۔ حافظ شرف الدین عبدالمومن دمیاطی (متوفی ۷۰۵ھ)۔ مطبوعہ دارخضر بیروت ۱۴۱۹ھ
۸۴۔ مشکوۃ۔ امام ولی الدین تبریزی (متوفی ۷۴۲ھ)۔ مطبوعہ اصح المطابع دہلی دارارقم بیروت۔
۸۵۔ نصب الرایہ۔ حافظ جمال الدین عبداللہ بن یوسف زیلعی (متوفی ۷۶۲ھ)۔ مطبوعہ مجلس علمی سورت ہند ۔۱۳۵۷ھ۔ دارالکتب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۱۶ھ۔
۸۶۔ جامع المسانید والسنن۔ حافظ اسماعیل بن عمر بن کثیر (متوفی ۷۷۴ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۲۰ھ
۸۷۔ اللآلی المنثورۃ۔ امام محمد بن عبداللہ زرکشی (متوفی ۷۹۴ھ)۔ مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۴۱۷ھ۔
۸۹۔ کشف الاستار۔ حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ)۔ مطبوعہ موسسۃ الرسالہ بیروت
۹۰۔ موارد الضمآن۔ حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی (متوفی ۸۰۷ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۹۱۔ تقریب البغیہ بترتیب احادیث الحلیۃ۔ حافظ نورالدین علی بن ابی بکر الہثمی۔ (متوفی ۸۰۷ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۹۲۔ حصن حصین۔ امام محمد بن محمد جزری (متوفی ۸۳۳ھ) مطبوعہ مصطفیالبابی واولادہ مصر ۱۳۵۰ھ۔
۹۳۔ زوائد ابن ماجہ۔ امام ابوالعباس احمد بن ابوبکر بوصیری، شافعی (متوفی ۸۴۰ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ

۹۴۔ اتحاف الخیرۃ المبرۃ بزائد المسانید العشر ہ۔ امام ابو العباس احمد بن ابوبکر بوصیری، شافی۔
(متوفی ۸۴۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۴۲ھ۔
۹۵۔ الجواہر النقی۔ حافظ علاء الدین بن علی بن عثمان ماردینی ترکمان (متوفی ۸۴۵ھ)۔ مطبوعہ نشر السنہ ملتان
۹۶۔ تلخیص المستدرک۔ حافظ الشمس الدین محمد بن احمد ذہبی (متوفی ۸۴۸ھ)۔ مطبوعہ دار الباز المکہ مکرمہ۔
۹۷۔ المطالب العالیہ۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی (متوفی ۸۵۲ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ دار الباز
۹۸۔ کنوز الحقائق۔ امام عبدالرؤف بن علی المنادی (متوفی ۱۰۳۱ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۹۹۔ الجامع الصغیر۔ حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ مطبوعہ دار المعرفہ بیروت ۱۳۹۱ھ۔
۱۰۰۔ مسند فاطمۃ الزہراء۔ حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ مطبوعہ
۱۰۱۔ جامع الاحادیث الکبیر۔ حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۱۰۲۔ البدور السافرہ۔ حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۶ھ۔
۱۰۳۔ جمع الجوامع۔ حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔ ۱۴۲۱ھ۔
۱۰۴۔ الخصائص الکبری۔ حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔
۱۰۵۔ الدرر المنثر ۃ۔ حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۱۵ھ۔
۱۰۶۔ کشف الغمہ۔ علامہ عبدالوہاب شعرانی (متوفی ۹۷۳ھ)۔ مطبوعہ مطبع عامرہ عثمانیہ مصر ۱۳۰۳ھ۔
۱۰۷۔ کنز العمال۔ علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری (متوفی ۹۷۵ھ)۔ مطبوعہ موسسۃ۔
۱۰۸۔ الفتح الربانی۔ علامہ احمد عبدالرحمن البناء (متوفی ۱۳۷۸ھ)۔ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت۔

کتب تفاسیر:

۱۰۹۔ تنویر المقباس۔ حضرت عبداللہ بن عباس (متوفی ۶۸ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ آیت اللہ العظمی ایران۔
۱۱۰۔ تفسیر مجاہد۔ ابو الحجاج مجاہد بن جبر القرشی المخزومی (متوفی ۱۰۴ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۱۱۱۔ تفسیر الحسن البصری۔ امام حسن بن عبداللہ البصری (متوفی ۱۱۰ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ مکہ مکرمہ ۱۴۱۳ھ۔
۱۱۲۔ تفسیر مقاتل بن سلیمان۔ امام مقاتل بن سلیمان (متوفی ۱۵۰ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۱۱۳۔ احکام القرآن۔ امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس شافعی (متوفی ۲۰۴ھ)۔ مطبوعہ دار احیاء العلوم بیروت۔
۱۱۴۔ معانی القرآن۔ امام ابوزکریا یحییٰ بن زیاد فراء (متوفی ۲۰۷ھ)۔ مطبوعہ بیروت۔
۱۱۵۔ تفسیر القرآن العزیز۔ امام عبدالرزاق بن ہمام صنعانی (متوفی ۲۱۱ھ)۔ مطبوعہ دار المعرفہ بیروت۔
۱۱۶۔ تفسیر قمی۔ شیخ ابو الحسن علی بن ابراہیم قمی (متوفی ۳۰۷ھ)۔ مطبوعہ دار الکتاب ایران۔ ۱۴۰۶ھ۔

۱۱۷۔ جامع البیان ۔ امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۱ھ) ۔ مطبوعہ دار المعرفہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔
۱۱۸۔ اعراب القرآن ۔ امام ابواسحاق ابراہیم بن محمد الزجاج (متوفی ۳۱۱ھ) ۔ مطبوعہ مطبع سلیمان فارسی ۔
۱۱۹۔ تفسیر القران العزیز ۔ امام عبدالرحمن بن محمد بن ادریس بن ابی حاتم رازی ۔ (متوفی ۳۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ ۱۴۱۷ھ۔
۱۲۰۔ تاویلات اہل السنۃ ۔ امام ابومنصور محمد بن محمد ماتریدی حنفی (متوفی ۳۳۳ھ) ۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ .
۱۲۱۔ احکام القرآن ۔ امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (متوفی ۳۷۰ھ) ۔ مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور .
۱۲۲۔ تفسیر سمرقندی ۔ علامہ ابواللیث نصر بن محمد سمرقندی (متوفی ۳۷۵ھ) ۔ مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ ۔
۱۲۳۔ التبیان فی تفسیر القرآن ۔ شیخ ابوجعفر محمد بن حسن طوسی (متوفی ۳۸۵ھ) ۔ مطبوعہ عالم کتب بیروت ۔
۱۲۴۔ تفسیر الثعلبی ۔ امام ابواسحاق احمد بن محمد بن ابراہیم ثعلبی (متوفی ۴۲۷ھ) ۔ مطبوعہ داراحیاء التراث .
۱۲۵۔ مشکل اعراب القرآن ۔ علامہ مکی بن ابی طالب (متوفی ۴۳۷ھ) ۔ مطبوعہ انتشارات نور ایران ۔
۱۲۶۔ النکت والعیون ۔ علامہ ابوالحسن علی بن محمد بن حبیب ماوردی شافعی (متوفی ۴۵۰ھ) مطبوعہ دار الکتب
۱۲۷۔ تفسیر القشیری ۔ علامہ ابوالقاسم عبدالکریم بن ھوازن قشیری (متوفی ۴۶۵ھ) ۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ
۱۲۸۔ الوسیط ۔ علامہ ابوالحسن علی بن احمد واحدی نیشاپوری (متوفی ۴۶۸ھ) ۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ .
۱۲۹۔ اسباب نزول القرآن ۔ امام ابوالحسن علی بن احمد الواحدی (متوفی ۴۶۸ھ) ۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ .
۱۳۰۔ تفسیر القرآن ۔ امام منصور بن محمد السمعانی الشافعی (متوفی ۴۸۹ھ) ۔ مطبوعہ دار الوطن ریاض ۔
۱۳۱۔ احکام القرآن ۔ علامہ عماد الدین طبری الکیاالہراسی (متوفی ۵۰۴ھ) ۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت .
۱۳۲۔ معالم التنزیل ۔ امام ابومحمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی (متوفی ۵۱۶ھ) ۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ
۱۳۳۔ الکشاف ۔ علامہ محمد بن عمر زمخشری (متوفی ۵۳۸ھ) ۔ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت .
۱۳۴۔ احکام القرآن ۔ علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی ۔ (متوفی ۵۴۳ھ) مطبوعہ دار المعرفہ بیروت ۔
۱۳۵۔ المحرر الوجیز ۔ علامہ ابوبکر قاضی عبدالحق بن غالب بن عطیہ اندلسی ۔ (متوفی ۵۴۶ھ) مطبوعہ مکتبہ تجاریہ
۱۳۶۔ مجمع البیان ۔ شیخ ابوعلی فضل بن حسن طبری (متوفی ۵۴۸ھ) ۔ مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران .
۱۳۷۔ زاد المسیر ۔ علامہ ابوالفرج عبدالرحمن بن علی بن محمد جوزی حنبلی (متوفی ۵۹۷ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی
۱۳۸۔ کشف الاسرار، وعدۃ الابرار ۔ خواجہ عبداللہ انصاری من علماء القرآن السادس ۔ مطبوعہ انتشارات امیر کبیر
۱۳۹۔ تفسیر کبیر ۔ امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (متوفی ۶۰۶) ۔ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی.

۱۴۰۔عرائس البیان فی حقائق القرآن ۔شیخ ابومحمد روزبہان بن ابوالنصر البقلی شیرازی۔(متوفی ۶۰۶ھ) مطبوعہ منشی نوالکشور لکھنو ۔
۱۴۱۔تفسیر القرآن الکریم ۔علامہ محی الدین ابن عربی (متوفی ۶۳۸ھ)۔مطبوعہ انتشارات ناصر خسرو ایران ۔
۱۴۲۔الجامع الاحکام القرآن ۔علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (متوفی ۶۶۸ھ)۔مطبوعہ دارالفکر ۔
۱۴۳۔انوارالتنزیل ۔قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی (متوفی ۶۸۵ھ) مطبوعہ دارفراس للنشر والتوزیع مصر۔
۱۴۴۔مدارک التنزیل ۔علامہ ابوالبرکات احمد بن محمد نسفی (متوفی ۷۱۰ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العربیہ پشاور۔
۱۴۵۔لباب التاویل ۔علامہ علی محمد خازن شافعی (متوفی ۷۴۱ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العربیہ پشاور۔
۱۴۶۔تفسیر نیشاپوری ۔علامہ نظام الدین حسین بن محمد قمی (متوفی ۷۲۸ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
۱۴۷۔التفسیر الکبیر۔علامہ تقی الدین ابن تیمیہ (متوفی ۷۲۸ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۹ھ۔
۱۴۸۔بدائع التفسیر۔علامہ شمس الدین محمد بن ابی بکر ابن القیم الجوزیہ (متوفی ۷۵۱ھ)۔مطبوعہ دار ابن الجوزیہ
۱۴۹۔البحر المحیط ۔علامہ ابوالحیان محمد بن یوسف اندلسی (متوفی ۷۵۴ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۲ھ۔
۱۵۰۔الدر المصون ۔علامہ ابوالعباس بن یوسف السمین الشافعی (متوفی ۷۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ .
۱۵۱۔تفسیر القرآن ۔حافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر شافعی (متوفی ۷۷۴ھ)۔مطبوعہ ادارہ اندلس.
۱۵۲۔حاشیۃ الکازرونی علی البیضاوی ۔علامہ عماد الدین المنصور بن الحسن الکازرونی الشافعی (متوفی ۸۶۰ھ) مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۱۶ھ
۱۵۳۔تفسیر الثعالبی ۔علامہ عبدالرحمن بن محمد بن مخلوف ثعالبی (متوفی ۸۷۵ھ)۔مطبوعہ موسسۃ الاعلی للمطبوعات بیروت ۔
۱۵۴۔حاشیۃ ابن التجید علی البیضاوی ۔علامہ مصلح الدین مصطفی بن ابراہیم رومی حنفی ۔(متوفی ۸۸۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۲ھ۔
۱۵۵۔نظم الدرر ۔علامہ ابوالحسن ابراہیم بن عمر البقاعی (متوفی ۸۸۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۔
۱۵۶۔الدر المنثور ۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ آیت اللہ العظمی ایران ۔داراحیاء التراث العربی بیروت ۔۱۴۲۱ھ۔
۱۵۷۔جلالین ۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۔
۱۵۸۔لباب النقول فی اسباب النزول ۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔

۱۵۹۔ حاشیہ شیخ زادہ علی البیضاوی۔ علامہ محی الدین محمد بن مصطفی قوجوی (متوفی ۹۵۱ھ) مطبوعہ مکتبہ یوسفی دیوبند۔ ادرالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۸ھ۔
۱۶۰۔ منہج الصادقین۔ شیخ فتح اللہ کاشانی (متوفی ۹۷۷ھ)۔ مطبوعہ خیابان ناصر خسرو ایران
۱۶۱۔ تفسیر ابوالسعود۔ علامہ ابوالسعود محمد بن محمد عمادی حنفی (متوفی ۹۸۲ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۱۶۲۔ عنایۃ القاضی۔ علامہ احمد شہاب الدین خفاجی مصری حنفی (متوفی ۱۰۶۹ھ)۔ مطبوعہ دار صادر بیروت۔
۱۶۳۔ التفسیرات الاحمدیہ۔ علامہ احمد جیون جونپوری (متوفی ۱۱۳۰ھ)۔ مطبوعہ کریمی بمبئی۔
۱۶۴۔ روح البیان۔ علامہ اسماعیل حقی حنفی (متوفی ۱۱۳۷ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ۔ داراحیاء التراث
۱۶۵۔ حاشیۃ القونوی علی البیضاوی۔ علامہ عصام الدین اسماعیل بن محمد حنفی (متوفی ۱۱۹۵ھ) مطبوعہ دارالکتب
۱۶۶۔ الفتوحات الالہیہ۔ شیخ سلیمان بن عمر المعروف بالجمل (متوفی ۱۲۰۴ھ)۔ مطبوعہ المطبع البہیہ مصر۔ ۱۳۰۳ھ۔
۱۶۷۔ تفسیر صاوی۔ علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (متوفی ۱۲۲۳ھ)۔ مطبوعہ داراحیاء الکتب العربیہ مصر۔
۱۶۸۔ تفسیر مظہری۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتی (متوفی ۱۲۲۵ھ)۔ مطبوعہ بلوچستان بک ڈپو کوئٹہ۔
۱۶۹۔ تفسیر عزیزی۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی (متوفی ۱۲۳۹ھ)۔ مطبوعہ مطبع فاروقی دہلی۔
۱۷۰۔ فتح القدیر۔ شیخ محمد بن علی شوکانی (متوفی ۱۲۵۰ھ)۔ مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔ دارالوفا بیروت۔
۱۷۱۔ روح المعانی۔ علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (متوفی ۱۲۷۰ھ)۔ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی.
۱۷۲۔ فتح البیان۔ نواب صدیق حسن خان بھوپالی (متوفی ۱۳۰۷ھ)۔ مطبوعہ مطبع امیریہ کبری بولاق مصر.
۱۷۳۔ تفسیر القاسمی۔ علامہ محمد جمال الدین قاسمی (متوفی ۱۳۲۲ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۱۷۴۔ تفسیر المنار۔ علامہ محمد رشید رضا (متوفی ۱۳۵۴ھ)۔ مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔
۱۷۵۔ الجواہر فی التفسیر القرآن۔ علامہ حکیم شیخ طنطاوی جوہری مصری (متوفی ۱۳۵۹ھ) مطبوعہ المکتبہ.
۱۷۶۔ بیان القرآن۔ شیخ اشرف علی تھانوی (متوفی ۱۳۶۴ھ)۔ مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور
۱۷۷۔ خزائن العرفان۔ سید محمد نعیم الدین مراد آبادی (متوفی ۱۳۶۷ھ)۔ مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور۔
۱۷۸۔ حاشیۃ القرآن۔ شیخ محمود الحسن دیوبندی (متوفی ۱۳۳۹ھ) شیخ شبیر احمد عثمانی (متوفی ۱۳۶۹ھ) مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور۔
۱۷۹۔ التحریر والتنویر۔ علامہ محمد طاہر بن عاشور (متوفی ۱۳۸۰ھ)۔ مطبوعہ تونس۔
۱۸۰۔ فی ظلال القرآن۔ سید محمد قطب شہید (متوفی ۱۳۸۵ھ)۔ مطبوعہ داراحیاء التراث.

۱۸۱۔نور العرفان ۔مفتی احمد یار خان نعیمی (متوفی ۱۳۹۱ھ)۔مطبوعہ دار الکتب اسلامیہ گجرات۔
۱۸۲۔معارف القرآن ۔مفتی محمد شفیع دیوبندی (متوفی ۱۳۹۶ھ)۔مطبوعہ ادارۃ المعارف کراچی ۔۱۳۹۷ھ۔
۱۸۳۔تفہیم القرآن ۔سید ابوالاعلی مودودی (متوفی ۱۳۹۹ھ)۔مطبوعہ ادارہ ترجمان القرآن لاہور۔
۱۸۴۔التبیان ۔علامہ سید احمد سعید کاظمی (متوفی ۱۴۰۶ھ)۔مطبوعہ کاظمی پبلی کیشنز ملتان۔
۱۸۵۔اضواء البیان ۔علامہ محمد امین بن محمد مختار جکنی شقیطی ۔مطبوعہ عالم الکتب بیروت۔
۱۸۶۔تفسیر المراغی ۔استاذ احمد مصطفی المراغی ۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت۔
۱۸۷۔تفسیر نمونہ ۔آیت اللہ مکارم شیرازی ۔مطبوعہ دار الکتب الاسلامیہ ایران ۱۳۶۹ھ۔
۱۸۸۔ضیاء القرآن ۔جسٹس پیر کرم شاہ الازہری ۔مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور۔
۱۸۹۔تدبر قرآن ۔شیخ امین احسن اصلاحی ۔مطبوعہ فاران فاونڈیشن لاہور۔
۱۹۰۔اعراب القرآن وصرفہ وبیانہ ۔علامہ محمد صافی ۔مطبوعہ انتشارات زرین ایران۔
۱۹۱۔اعراب القرآن وبیانہ ۔استاذ محی الدین درویش ۔مطبوعہ دار ابن کثیر بیروت۔
۱۹۲۔تفسیر منیر ۔ڈاکٹر وھبہ زحیلی ۔مطبوعہ دار لفکر بیروت ۱۴۱۲ھ۔
۱۹۳۔الاساس فی التفسیر ۔سعیدی حوی ۔مطبوعہ دار السلام۔

کتب علوم القرآن:

۱۹۴۔البرھان فی علوم القرآن ۔علامہ بدر الدین محمد بن عبد اللہ زرکشی (متوفی ۷۹۴ھ) مطبوعہ دار الفکر.
۱۹۵۔الاتقان فی علوم القرآن ۔علامہ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور۔
۱۹۶۔مناہل العرفان ۔علامہ محمد عبد العظیم ۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت۔

کتب شروح حدیث:

۱۹۷۔شرح صحیح البخاری ۔علامہ ابوالحسن علی بن خلف بن عبد الملک ابن بطال مالک اندلسی ۔(متوفی ۴۴۹ھ) مطبوعہ مکتبہ الرشیدیہ ریاض ۔۱۴۲۰ھ۔
۱۹۸۔الاستذکار ۔حافظ ابوعمرو ابن عبد البر مالکی (متوفی ۴۶۳ھ)۔مطبوعہ موسسۃ الرسالہ بیروت ۱۴۱۳ھ۔
۱۹۹۔تمہید ۔حافظ ابوعمرو ابن عبد البر مالکی (متوفی ۴۶۳ھ)۔مطبوعہ مکتبہ القدوسیہ لاہور ۱۴۰۴ھ۔
۲۰۰۔المنتقی ۔علامہ ابوالولید سلیمان بن خلف باجی مالکی اندلسی (متوفی ۴۶۴ھ)۔مطبوعہ مطبع السعادۃ مصر.
۲۰۱۔عارضۃ الاحوذی ۔علامہ ابوبکر محمد بن عبد اللہ ابن العربی مالکی (متوفی ۵۴۳ھ)۔مطبوعہ دار احیاء.

۲۰۲۔القبس فی شرح موطا ابن انس۔قاضی ابو بکر محمد بن عبداللہ ابن العربی مالکی۔(متوفی ۵۴۳ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۹ھ۔
۲۰۳۔اکمال المعلم بہ فوائد مسلم۔قاضی عیاض بن موسیٰ مالکی (متوفی ۵۴۴ھ)۔مطبوعہ دارالوفاء بیروت.
۲۰۴۔کشف المشکل علی صحیح البخاری۔علامہ عبدالرحمن بن علی بن محمد جوزی (متوفی ۵۹۷ھ) مطبوعہ دارالکتب
۲۰۵۔مختصر سنن ابو داؤد۔امام عبدالعظیم بن عبدالقوی منذری (متوفی ۶۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔
۲۰۶۔کتاب المسیر فی شرح مصابیح السنۃ۔علامہ ابوعبداللہ فضل اللہ الحسن النورپشتی۔(متوفی ۶۶۱ھ) مطبوعہ نزار مصطفی ۱۴۲۲ھ۔
۲۰۷۔المفہم۔علامہ ابوالعباس احمد بن عمر ابراہیم القرطبی المالکی (متوفی ۶۵۶ھ)۔مطبوعہ دار ابن کثیر بیروت
۲۰۸۔شرح مسلم۔علامہ یحییٰ بن شرف نووی (متوفی ۶۷۶ھ) مطبوعہ نور محمد اصح المطابق کراچی ۱۳۷۵ھ۔
۲۰۹۔شرح الطیبی۔علامہ شرف الدین حسین بن محمد الطیبی (متوفی ۷۴۳ھ)۔مطبوعہ ادارۃ القرآن ۱۴۱۳ھ
۲۱۰۔فتح الباری۔علامہ ابن رجب حنبلی (متوفی ۷۹۵ھ)۔مطبوعہ دار ابن الجوزی ریاض۔۱۴۱۷ھ۔
۲۱۱۔اکمال اکمال المعلم۔علامہ ابوعبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی امالکی (متوفی ۸۲۸ھ) مطبوعہ دارالکتب۔
۲۱۲۔فتح الباری۔حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی (متوفی ۸۵۲ھ)۔مطبوعہ دارالنشر الکتب الاسلامیہ لاہور۔دارالفکر بیروت ۱۴۲۰ھ۔
۲۱۳۔نتائج الافکار فی تخریج الاحادیث الاذکار۔حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی (متوفی ۸۵۲ھ)۔مطبوعہ دار ابن کثیر بیروت۔
۲۱۴۔عمدۃ القاری۔حافظ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی (متوفی ۸۵۵ھ)۔مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیر.
۲۱۵۔شرح سنن ابو داؤد۔حافظ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی (متوفی ۸۵۵ھ)۔مطبوعہ مکتبہ الرشید یہ ریاض
۲۱۶۔مکمل اکمل المعلم۔علامہ محمد بن محمد سنوسی مالکی (متوفی ۸۹۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت.
۲۱۷۔ارشاد الساری۔علامہ احمد قسطلانی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ میمنہ مصر ۱۳۰۶ھ۔
۲۱۸۔التوشیح علی الجامع الصحیح۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت.
۲۱۹۔الدیباج علی صحیح مسلم بن حجاج۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی
۲۲۰۔تنویر الحوالک۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۸ھ۔
۲۲۱۔تحفت الباری بشرح صحیح البخاری۔علامہ ابو یحییٰ زکریا بن محمد انصاری (متوفی ۹۲۶ھ) مطبوعہ دارالکتب
۲۲۲۔فیض القدیر۔علامہ عبدالروف مناوی شافعی (متوفی ۱۰۰۳ھ)۔مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۳۹۱ھ۔

۲۲۳۔۔شرح الشمائل۔علامہ عبدالروف مناوی شافعی (متوفی ۱۰۰۳ھ)۔مطبوعہ نور محمد اصح المطابق کراچی۔
۲۲۴۔جمع الوسائل۔علامہ علی بن سلیمان محمد القاری (متوفی ۱۰۱۴ھ)۔مطبوعہ نور محمد اصح المطابق کراچی۔
۲۲۵۔شرح مسند ابی حنیفہ۔علامہ علی بن سلیمان محمد القاری (متوفی ۱۰۱۴ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۲۲۶۔مرقات۔علامہ علی بن سلیمان محمد القاری (متوفی ۱۰۱۴ھ)۔مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان۔۱۳۹۰ھ۔
۲۲۷۔الحرز الثمین۔علامہ علی بن سلیمان محمد القاری (متوفی ۱۰۱۴ھ)۔مطبوعہ مطبعہ امیریہ مکہ مکرمہ۔
۲۲۸۔الاسرار المرفوعۃ۔علامہ علی بن سلیمان محمد القاری (متوفی ۱۰۱۴ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۲۲۹۔اشعۃ اللمعات۔شیخ عبدالحق محدث دہلوی (متوفی ۱۰۵۲ھ)۔مطبوعہ مطبع التیج کمار لکھنو۔
۲۳۰۔تحفت الذاکرین۔شیخ محمد بن علی بن محمد شوکانی (متوفی ۱۲۵۰ھ)۔مطبوعہ مطبع المصطفائی البابی واولادہ
۲۳۱۔تحفت الاحوذی۔شیخ عبدالرحمن مبارک پوری (متوفی ۱۳۲۵ھ) مطبوعہ نشر السنہ ملتان۔
۲۳۲۔فیض الباری۔شیخ انور شاہ کشمیری (متوفی ۱۳۵۲ھ) مطبوعہ مطبع الحجازی مصر ۱۳۵۷ھ
۲۳۳۔فتح الملہم۔شیخ شبیر احمد عثمانی (متوفی ۱۳۶۹ھ)۔مطبوعہ مکتبہ الحجاز کراچی۔
۲۳۴۔التعلیق الصبیح۔شیخ محمد ادریس کاندھلوی (متوفی ۱۳۹۴ھ)۔مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ لاہور۔
۲۳۵۔اوجز المسالک الی موطا مالک۔شیخ محمد بن زکریا بن محمد بن یحییٰ کاندھلوی۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۲۳۶۔نزہۃ القاری۔مولانا محمد شریف الحق امجدی (متوفی ۱۴۱۲ھ)۔مطبوعہ فرید بک اسٹال لاہور۔

کتب اسماء الرجال:

۲۳۷۔التاریخ الکبیر۔امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۲۳۸۔تاریخ بغداد۔امام ابوبکر احمد بن علی خطیب بغدادی (متوفی ۴۶۳ھ)۔مطبوعہ ادرالکتب العلمیہ۔
۲۳۹۔العلل المتناھیہ۔علامہ ابوالفرج عبدالرحمن بن علی جوزی (متوفی ۵۹۷ھ)۔مطبوعہ مکتبہ اثریہ فیصل۔
۲۴۰۔تہذیب الکمال۔حافظ جمال الدین ابوالحجاج یوسف مزی (متوفی ۷۴۲ھ)۔مطبوعہ دارالفکر بیروت
۲۴۱۔میزال الاعتدال۔علامہ شمس الدین محمد بن احمد ذہبی (متوفی ۷۴۸ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۲۴۲۔تہذیب التہذیب۔حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی (متوفی ۸۵۲ھ) مطبوعہ دارالکتب
۲۴۳۔تقریب التہذیب۔حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی (متوفی ۸۵۲ھ) مطبوعہ دارالکتب
۲۴۴۔المقاصد الحسنہ۔علامہ شمس الدین محمد بن عبدالرحمن السخاوی (متوفی ۹۰۲ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ
۲۴۵۔اللآلی المصنوعہ۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۷ھ

۲۴۶۔طبقات الحفاظ ۔حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۴ھ۔
۲۴۷۔الشذرۃ فی الاحادیث المشتہرۃ ۔علامہ محمد بن طولون (متوفی ۹۵۳ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
۲۴۸۔تذکرۃ الموضوعات ۔علامہ محمد طاہر پٹنی (متوفی ۹۸۶ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت ۔
۲۴۹۔موضوعات الکبیر ۔علامہ علی بن سلطان محمد القاری (متوفی ۱۰۱۴ھ)۔مطبوعہ مطبع المجتبائی دہلی ۔
۲۵۰۔کشف الخفاء ومزیل الالباس ۔علامہ اسماعیل بن محمد العجلونی (متوفی ۱۱۶۴ھ)۔مطبوعہ مکتبہ الغزالی.
۲۵۱۔الفوائد المجموعہ ۔شیخ محمد علی شوکانی (متوفی ۱۲۵۰ھ) مطبوعہ نزار مصطفی ریاض ۔
۲۵۲۔اسنی المطالب ۔علامہ عبدالرحمن بن محمد درویش (متوفی ۱۲۶۷ھ) مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۱۲ھ۔

کتب الغات:

۲۵۳۔کتاب العین ۔امام اللغۃ خلیل احمد فراہیدی (متوفی ۱۷۵ھ)۔مطبوعہ انتشارات اسوہ ایران ۱۴۱۴ھ۔
۲۵۴۔الصحاح ۔علامہ اسماعیل بن حماد الجوہری (متوفی ۳۹۸ھ)۔مطبوعہ دار العلم بیروت ۱۴۰۴ھ۔
۲۵۵۔المفردات ۔علامہ حسین بن محمد راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ
تاج العروس ۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر ۔
۲۵۶۔الفائق ۔علامہ محمود بن عمر زمخشری (متوفی ۵۸۳ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت .
۲۵۷۔نہایہ ۔علامہ محمد بن اثیر الجزری (متوفی ۶۰۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۸ھ۔
۲۵۸۔مختار الصحاح ۔علامہ محمد بن ابوبکر بن عبدالغفار ارزی (متوفی ۶۶۰ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث .
۲۵۹۔تہذیب الاسماء واللغات ۔علامہ یحییٰ بن شرف نووی (متوفی ۶۷۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ ۔
۲۶۰۔لسان العرب ۔علامہ جمال الدین محمد بن مکرم بن منظور افریقی (متوفی ۷۱۱ھ)۔مطبوعہ نشر ادب الحوزۃ
۲۶۱۔القاموس المحیط ۔علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (متوفی ۸۱۷ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث
۲۶۲۔مجمع بحار الانوار ۔علامہ محمد طاہر پٹنی (متوفی ۹۸۶ھ)۔مطبوعہ مکتبہ دار الایمان المدینہ المنورہ ۔۱۴۱۵ھ۔
۲۶۳۔تاج العروس ۔علامہ سید محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (متوفی ۱۲۰۵ھ)۔مطبوعہ المطبعہ الخیریہ مصر ۔
۲۶۴۔المنجد ۔لوئیس معلوف الیسوعی (متوفی ۱۸۶۷ء)۔مطبوعہ المطبعہ الغاثولیکہ بیروت ۱۹۲۷ء۔
۲۶۵۔لغات القرآن ۔شیخ غلام احمد پرویز (متوفی ۱۴۰۵ھ)۔مطبوعہ ادراہ طلوع اسلام لاہور ۔
۲۶۶۔قائد اللغات ۔ابونعیم عبدالحکیم خان نشتر جالندھری ۔مطبوعہ حامد اینڈ کمپنی ۔لاہور ۔
۲۶۷۔دستور العلماء ۔قاضی عبدالنبی بن عبدالرسول احمد نگری ۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۱ھ۔

کتب تاریخ: سیرت وفضائل:

۲۶۸۔ کتاب السیر والمغازی۔ امام محمد بن اسحاق (متوفی ۱۵۱ھ)۔ مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۲۶۹۔ السیرۃ النبوۃ۔ امام عبدالمالک بن ہشام (متوفی ۲۱۳ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۵ھ
۲۷۰۔ الطبقات الکبری۔ امام محمد بن سعد (متوفی ۲۳۰ھ)۔ مطبوعہ دار صادر بیروت ۱۳۸۸ھ۔
۲۷۱۔ شرف المصطفی۔ امام ابوسعید عبدالملک بن ابی عثمان نیشاپوری (متوفی ۴۰۶ھ) مطبوعہ دار البشائر الاسلامیہ مکہ مکرمہ ۱۴۲۴ھ۔
۲۷۲۔ اعلام النبوت۔ علامہ ابوالحسن علی بن محمد الماروردی (متوفی ۴۵۰ھ)۔ مطبوعہ دار احیاء العلوم بیروت.
۲۷۳۔ تاریخ الامم والملوک۔ امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۰ھ)۔ مطبوعہ دار القلم بیروت۔
۲۷۴۔ الاستیعاب۔ حافظ ابوعمر و یوسف بن عبداللہ بن محمد عبدالبر (متوفی ۴۶۳ھ)۔ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ
۲۷۵۔ الشفاء۔ قاضی عیاض بن موسی المالکی (متوفی ۵۴۴ھ)۔ مطبوعہ عبدالتوب اکیڈمی ملتان۔
۲۷۶۔ الروض الانف۔ علامہ ابوالقاسم عبدالرحمن بن عبداللہ سہیلی (متوفی ۵۷۱ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ فاروقیہ ملتان
۲۷۷۔ الوفاء۔ علامہ عبدالرحمن بن علی جوزی (متوفی ۵۹۷ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد۔
۲۷۸۔ اسد الغابہ۔ علامہ ابوالحسن علی بن ابی الکرم الشیبانی المعروف با بن الاثیر۔ (متوفی ۶۳۰ھ) مطبوعہ دار الفکر بیروت۔
۲۷۹۔ الکامل فی التاریخ۔ علامہ ابوالحسن علی بن ابیالکرم الشیبانی المعروف با بن الاثیر۔ (متوفی ۶۳۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۲۸۰۔ وفیات الاعیان۔ علامہ شمس الدین احمد بن محمد بن ابی بکر بن خلکان (متوفی ۶۸۱ھ) مطبوعہ منشورات الشریف الرضی ایران۔
۲۸۱۔ شفاء السقام فی زیارۃ خیر الانام۔ علامہ علی بن عبدالکافی تقی الدین سبکی (متوفی ۷۴۶ھ) مطبوعہ کراچی
۲۸۲۔ تاریخ اسلام۔ حافظ شمس الدین محمد بن احمد ذہبی (متوفی ۷۴۸ھ)۔ مطبوعہ دار الکتاب العربی۔
۲۸۳۔ سیر اعلام النبلاء۔ حافظ شمس الدین محمد بن احمد ذہبی (متوفی ۷۴۸ھ)۔ مطبوعہ دار الفکر بیروت۔
۲۸۴۔ زاد المعاد۔ شیخ ابوعبداللہ محمد بن ابی بکر ابن القیم الجوزیۃ (متوفی ۷۵۱ھ)۔ مطبوعہ دار الفکر بیروت.
۲۸۵۔ طبقات الشافعیہ الکبری۔ علامہ تاج الدین ابو نصر عبدالوہاب سبکی (متوفی ۷۷۱ھ) مطبوعہ دار الکتب
۲۸۶۔ البدایہ والنہایہ۔ حافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر شافعی (متوفی ۷۷۴ھ) مطبوعہ دار الفکر۔

۲۸۷۔ تاریخ ابن خلدون۔ علامہ عبدالرحمن بن محمد بن خلدون (متوفی ۸۰۸ھ)۔ مطبوعہ داراحیاء التراث۔
۲۸۸۔ الاصابہ۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی (متوفی ۸۵۲ھ) مطبوعہ ادرالکتب۔
۲۸۹۔ وفاء الوفاء۔ علامہ نور الدین علی بن احمد سمہودی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۲۹۰۔ المواہب اللدینہ۔ علامہ احمد قسطلانی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۶ھ۔
۲۹۱۔ سبل الھدی والرشاد۔ علامہ محمد بن یوسف الصالحی الشامی (متوفی ۹۴۲ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۲۹۲۔ الصواعق المحرقہ۔ علامہ احمد بن حجر مکی شافعی (متوفی ۹۷۴ھ)۔ مطبوعہ مکتبۃ القاہرہ ۱۳۸۵ھ۔
۲۹۳۔ شرح الشفاء۔ علامہ علی بن سلطان محمد القاری (متوفی ۱۰۱۴ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۲۹۴۔ مدارج النبوت۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی (متوفی ۱۰۵۲ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر۔
۲۹۵۔ نسیم الریاض۔ علامہ احمد شہاب الدین خفاجی (متوفی ۱۰۶۹ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۲۹۶۔ شرح المواہب اللدینیہ۔ علامہ محمد عبدالباقی زرقانی (متوفی ۱۱۲۴ھ)۔ مطبوعہ دالفکر بیروت ۱۳۹۳ھ۔
۲۹۷۔ السیرۃ النبوۃ۔ علامہ سید احمد بن زینی دحلان مکی۔ (متوفی ۱۳۰۴ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت۔
۲۹۸۔ نشر الطیب۔ شیخ اشرف علی تھانوی (متوفی ۱۳۶۲ھ)۔ مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ کراچی۔

کتب فقہ حنفی:

۲۹۹۔ مختصر اختلاف العلماء۔ علامہ احمد بن علی الجصاص الرازی (متوفی ۳۷۰ھ)۔ مطبوعہ دارالبشائر الاسلامیہ بیروت ۱۴۱۷ھ۔
۳۰۰۔ الفتاویٰ الولوالجیہ۔ علامہ ظہیر الدین بن ابی حنیفہ الولوالجی (متوفی ۵۴۰ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ
۳۰۱۔ المبسوط۔ شمس الائمہ محمد بن سرخسی (متوفی ۴۸۳ھ)۔ مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۳۹۸ھ۔
۳۰۲۔ شرح سیر کبیر۔ شمس الائمہ محمد بن سرخسی (متوفی ۴۸۳ھ)۔ مطبوعہ المکتبہ الشورۃ الاسلامیہ افغانستان
۳۰۳۔ خلاصۃ الفتاوی۔ علامہ طاہر بن عبدالرشید بخاری (متوفی ۵۴۲ھ)۔ مطبوعہ امجد اکیڈمی لاہور
۳۰۴۔ بدائع الصنائع۔ علامہ ابوبکر بن مسعود کاسانی (متوفی ۵۸۷ھ)۔ مطبوعہ ایچ۔ ایم۔ سعید اینڈ کمپنی۔
۳۰۵۔ فتاویٰ قاضی خان۔ علامہ حسین بن منصور اوز جندی (متوفی ۵۹۲ھ)۔ مطبوعہ مطبع کبری بولاق مصر
۳۰۶۔ ہدایہ اولین وآخرین۔ علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر مرغینانی (متوفی ۵۹۳ھ)۔ مطبوعہ شرکت علمیہ۔
۳۰۷۔ المحیط البرہانی۔ علامہ برہان الدین محمود بن صدر الشریعہ ابن مازہ البخاری۔ (متوفی ۶۱۶ھ) مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی ۱۴۲۴ھ۔

۳۰۸۔تبیین الحقائق۔امام فخر الدین عثمان بن علی (متوفی ۷۴۳ھ)۔مطبوعہ ایچ۔ایم۔سعید اینڈ کمپنی کراچی
۳۰۹۔عنایہ۔علامہ محمد بن محمود بابرتی (متوفی ۷۸۶ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۵ھ۔
۳۱۰۔فتاوی تاتارخانیہ۔علامہ عالم بن العلاء انصاری دہلوی (متوفی ۷۸۶ھ)۔مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی
۳۱۱۔الجوہرۃ المنیرۃ۔علامہ ابوبکر علی حداد (متوفی ۸۰۰ھ)۔مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان۔
۳۱۲۔فتاوی بزازیہ۔علامہ محمد شہاب الدین بن بزاز کردی (متوفی ۸۲۷ھ)۔مطبوعہ مطبع الکبری امیریہ۔
۳۱۳۔بنایہ۔علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی (متوفی ۸۵۵ھ)۔مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۱۱ھ۔
۳۱۴۔شرح العینی۔علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی (متوفی ۸۵۵ھ)۔مطبوعہ ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی۔
۳۱۵۔فتح القدیر۔علامہ کمال الدین بن ہمام (متوفی ۸۶۱ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۵ھ۔
۳۱۶۔کفایہ۔علامہ جلال الدین خوارزمی۔مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر۔
۳۱۷۔شرح الکنز۔علامہ معین الدین الہروی المعروف بہ محمد ملا مسکین (متوفی ۹۵۴ھ) مطبوعہ جمعیۃ المعارف المصریہ مصر۔
۳۱۸۔غنیۃ المستملی۔علامہ ابراہیم بن محمد حلبی (متوفی ۹۵۶ھ)۔مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور۔۱۴۱۲ھ۔
۳۱۹۔جامع الرموز۔علامہ محمد خراسانی (متوفی ۹۶۲ھ)۔مطبوعہ مطبع منشی نول کشور ۱۲۹۱ھ۔
۳۲۰۔البحر الرائق۔علامہ زین الدین بن نجیم (متوفی ۹۷۰ھ)۔مطبوعہ مطبع علمیہ مصر ۱۳۱۱ھ۔
۳۲۱۔حاشیہ ابوسعود محمد بن محمد عمادی (متوفی ۹۸۲ھ)۔مطبوعہ جمعیۃ المعارف المصریہ مصر ۱۲۸۷ھ۔
۳۲۲۔فتاوی حامدیہ۔علامہ حامد بن علی قونوی رومی (متوفی ۹۸۵ھ)۔مطبوعہ مطبع میمنہ مصر ۱۳۱۰ھ۔
۳۲۳۔النہر الفائق۔امام سراج الدین عمر بن ابراہیم (متوفی ۱۰۰۵ھ)۔مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی۔
۳۲۴۔امداد الفتاح۔علامہ حسن بن عمار بن علی مصری (متوفی ۱۰۶۹ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث العربی۔
۳۲۵۔مجمع الانہر۔علامہ عبدالرحمن بن محمد (متوفی ۱۰۷۸ھ)۔مطبوعہ دار الکتب بیروت ۱۴۱۹ھ۔
۳۲۶۔فتاوی خیریہ۔علامہ خیر الدین رملی (متوفی ۱۰۸۱ھ)۔مطبوعہ مطبع المیمنہ مصر ۱۳۱۰ھ۔
۳۲۷۔الدر المختار۔علامہ علاء الدین محمد بن علی بن محمد حصکفی (متوفی ۱۰۸۸ھ)۔مطبوعہ دار احیاء التراث۔
۳۲۸۔غمز العیون البصائر۔علامہ سید احمد بن محمد حموی (متوفی ۱۰۹۸ھ)۔مطبوعہ دار الکتاب العربیہ بیروت
۳۲۹۔فتاوی عالمگیری۔ملا نظام الدین (متوفی ۱۱۶۱ھ)۔مطبوعہ مطبع الکبری امیریہ بولاق مصر ۱۳۱۰ھ۔
۳۳۰۔حاشیہ الطحطاوی۔علامہ احمد بن محمد طحطاوی (متوفی ۱۲۳۱ھ)۔مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔

۳۳۱۔ منحۃ الخالق۔ علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی (متوفی ۱۲۵۲ھ)۔ مطبوعہ علمیہ مصریہ ۱۳۱۱ھ۔
۳۳۲۔ تنقیح الفتاوی الحامدیہ۔ علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی (متوفی ۱۲۵۲ھ)۔ مطبوعہ دارالاشاعۃ۔
۳۳۳۔ رسائل ابن عابدین۔ علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی (متوفی ۱۲۵۲ھ)۔ مطبوعہ سہیل اکیڈمی۔
۳۳۴۔ ردالمحتار۔ علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی (متوفی ۱۲۵۲ھ)۔ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۳۳۵۔ جدالمختار۔ امام احمد رضا قادری (متوفی ۱۳۴۰ھ)۔ مطبوعہ ادارہ تحقیقات احمد رضا کراچی۔
۳۳۶۔ فتاوی رضویہ۔ امام احمد رضا قادری (متوفی ۱۳۴۰ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ رضویہ کراچی۔
۳۳۷۔ فتاوی افریقیہ۔ امام احمد رضا قادری (متوفی ۱۳۴۰ھ)۔ مطبوعہ مدینہ پبلیشنگ کمپنی کراچی۔
۳۳۸۔ بہارشریعت۔ علامہ امجد علی (متوفی ۱۳۷۶ھ)۔ مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز کراچی۔
۳۳۹۔ اعلاء السنن۔ شیخ ظفر احمد عثانی (متوفی ۱۳۹۴ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۸ھ۔
۳۴۰۔ فتاوی نوریہ۔ علامہ نوراللہ نعیمی (متوفی ۱۴۰۳ھ)۔ مطبوعہ کمبائن پرنٹر لاہور ۱۹۸۳ء۔

کتب فقہ شافعی:

۳۴۱۔ الام۔ امام محمد بن ادریس شافعی (متوفی ۲۰۴ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت ۱۴۰۳ھ۔
۳۴۲۔ الحاوی الکبیر۔ علامہ ابوالحسین علی بن محمد حبیب ماوردی شافعی (متوفی ۴۵۰ھ) مطبوعہ دارالفکر بیروت
۳۴۳۔ المہذب۔ علامہ ابوالاسحاق شیرازی (متوفی ۴۵۵ھ)۔ مطبوعہ دارامعرفہ بیروت ۱۳۹۳ھ۔
۳۴۴۔ شرح المہذب۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی (متوفی ۶۷۶ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔
۳۴۵۔ روضہ الطالبین۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی (متوفی ۶۷۶ھ)۔ مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۴۰۵ھ۔
۳۴۶۔ الحاوی للفتاوی۔ حافظ جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ نوری رضویہ فیصل آباد۔
۳۴۷۔ نہایۃ المحتاج۔ علامہ شمس الدین محمد بن ابی العباس رملی (متوفی ۱۰۰۴ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ
۳۴۸۔ حاشیہ ابوالضیاء علی نہایۃ المحتاج۔ علامہ ابوالضیاء علی بن علی شیرامی (متوفی ۱۰۸۷ھ) مطبوعہ دار۔

کتب فقہ مالکی:

۳۴۹۔ المدونۃ الکبری۔ امام سحنون بن سعید تنوخی مالکی (متوفی ۲۵۶ھ)۔ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی۔
۳۵۰۔ ہدایہ المجتہد۔ قاضی ابوالولید محمد بن احمد بن رشد مالکی اندلسی۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت۔
۳۵۱۔ مختصر خلیل۔ علامہ خلیل بن اسحاق مالکی (متوفی ۷۶۷ھ)۔ مطبوعہ دارصادر بیروت۔
۳۵۲۔ مواہب الجلیل۔ علامہ ابوعبداللہ محمد بن محمد الخطاب المغربی (متوفی ۹۵۴ھ)۔ مطبوعہ مکتبہ النجاح لیبیا۔

۳۵۳۔ الخرشی علی مختصر خلیل۔ علامہ علی بن عبداللہ بن الخرشی (متوفی ۱۱۰۱ھ)۔ مطبوعہ دارالصادر بیروت۔
۳۵۴۔ الشرح الکبیر۔ علامہ ابوالبرکات احمد دردیر مالکی (متوفی ۱۱۹۷ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت۔
۳۵۵۔ حاشیۃ الدسوقی علی الشرح الکبیر۔ علامہ شمس الدین محمد بن عرفہ دسوقی (متوفی ۱۲۱۹ھ) مطبوعہ دارالفکر

کتب فقہ حنبلی:

۳۵۶۔ المغنی۔ علامہ موفق الدین عبداللہ بن احمد بن قدامہ (متوفی ۶۲۰ھ)۔ مطبوعہ دارالفکر بیروت۔
۳۵۷۔ الکافی۔ علامہ موفق الدین عبداللہ بن احمد بن قدامہ (متوفی ۶۲۰ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ۔
۳۵۸۔ مجموعۃ الفتاوی۔ شیخ ابوالعباس تقی الدین بن تیمیہ (متوفی ۷۲۸ھ)۔ مطبوعہ ریاض۔ مطبوعہ دارالجبل
۳۵۹۔ کتاب الفروع۔ علامہ شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن فتاح مقدسی (متوفی ۷۶۳ھ) مطبوعہ عالم الکیب
۳۶۰۔ الانصاف۔ علامہ ابوالحسین علی بن سلی امان مرداوی (متوفی ۸۸۵)۔ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی
۳۶۱۔ کشاف القناع۔ علامہ موسی بن احمد صالحی (متوفی ۹۶۰ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۸ھ

کتب شیعہ:

۳۶۲۔ نہج البلاغہ (خطبات حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم)۔ مطبوعہ ایران و مطبوعہ کراچی۔
۳۶۳۔ الاصول من الکافی۔ شیخ ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی (متوفی ۳۲۹ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب الاسلامیہ۔
۳۶۴۔ الفروع من الکافی۔ شیخ ابوجعفر محمد یعقوب کلینی (متوفی ۳۲۹ھ)۔ مطبوعہ دارالکتب الاسلامیہ تہران
من لایحضرہ الفقیہ۔ ابوجعفر محمد بن علی بن بابویہ قمی۔
۳۶۵۔ من القرآن السادس الاحتجاج۔ شیخ ابوالمنصور احمد بن علی الطبرسی۔ موسسۃ الاعلمی للمطبوعات بیروت
۳۶۶۔ شرح نہج البلاغہ۔ شیخ کمال الدین میثم بن علی بن میثم البحرانی (متوفی ۶۷۹ھ)۔ مطبوعہ موسستہ۔
۳۶۷۔ کنز العرفان۔ شیخ فاجل مقداد (متوفی ۸۲۶ھ) مطبوعہ مکتب نوید اسلام۔ قم ۱۴۲۲ھ۔
۳۶۸۔ حق الیقین۔ ملا باقر بن محمد تقی مجلسی (متوفی ۱۱۱۰ھ) مطبوعہ خیابان ناصر خسرو ایران۔ ۱۳۴۷ھ۔
۳۶۹۔ حیات القلوب۔ ملا باقر بن محمد تقی مجلسی (متوفی ۱۱۱۰ھ) مطبوعہ کتاب فروشے اسلامیہ تہران۔
۳۷۰۔ جلاءالعیون۔ ملا باقر بن محمد تقی مجلسی (متوفی ۱۱۱۰ھ) مطبوعہ کتاب فروشے اسلامیہ تہران۔

کتب عقائد و کلام:

۳۷۱۔ شرح اصول اعتقاد اہل السنۃ والجماعۃ۔ امام ابوقاسم رھبۃ اللہ طبری شافعی لالکائی۔ (متوفی ۴۱۸ھ)
مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۳ھ۔

۳۷۲۔المنقذ من الظلال ۔امام محمد بن محمد غزالی (متوفی ۵۰۵ھ) مطبوعہ لاہور ۱۴۰۵ھ۔
۳۷۳۔الداعی الی الاسلام ۔علامہ ابوالبرکات عبدالرحمن بن محمد الانباری (متوفی ۵۷۷ھ) مطبوعہ دارالبشائر
۳۷۴۔العقیدۃ الواسطیہ ۔شیخ احمد بن عبدالحلیم بن تیمیہ (متوفی ۷۲۸ھ)۔مطبوعہ دارالاسلام ریاض۔
۳۷۵۔شرح عقائد نسفی۔علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی (متوفی ۷۹۱ھ)۔مطبوعہ نور محمد اصح المطابع
۳۷۶۔شرح المقاصد۔علامہ سعد الدین مسعود بن عمر التفتازانی (متوفی ۷۹۱ھ)۔مطبوعہ منشورات شریف
۳۷۷۔شرح المواقف۔علامہ میر سید شریف علی بن محمد جرجانی (متوفی ۸۱۶ھ)۔مطبوعہ منشورات شریف۔
۳۷۸۔مسائرہ۔علامہ کمال الدین بن ہمام (متوفی ۸۶۱ھ)۔مطبوعہ مطبع السعادۃ مصر۔
۳۷۹۔مسامرہ۔علامہ کمال الدین محمد بن محمد المعروف بابن ابی الشریف الشافعی (متوفی ۹۰۶ھ)۔
مطبوعہ مطبع السعادۃ مصر۔
۳۸۰۔شرح فقہ اکبر۔علامہ علی بن سلطان محمد القاری (متوفی ۱۰۱۴ھ)۔مطبوعہ مطبع المصطفی البابی واولادہ.
۳۸۱۔لوامع الانوار البھیہ ۔علامہ محمد بن احمد السفارینی (متوفی ۱۱۸۸ھ)۔مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت۔
۳۸۲۔کتاب العقائد۔علامہ سید محمد نعیم الدین مرادآبادی (متوفی ۱۳۶۷ھ)۔مطبوعہ تاجدار حرم پبلشنگ
کمپنی کراچی۔

کتب اصول فقہ:

۳۸۳۔المحصول۔امام فخر الدین محمد بن عمر رازی شافعی (متوفی ۶۰۶ھ)۔مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکہ مکرمہ
۳۸۴۔کشف الاسرار۔علامہ علاء الدین عبدالعزیز بن احمد البخاری (متوفی ۷۳۰ھ)۔مطبوعہ دارالکتاب
۳۸۵۔توضیح وتلویح۔علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی (متوفی ۷۹۱ھ)۔مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت
۳۸۶۔التحریک مع التیسیر۔علامہ کمال الدین محمد بن عبدالواحد الشہیر بابن ہمام (متوفی ۸۶۱ھ)۔مطبوعہ مکتبہ
۳۸۷۔مسلم الثبوت۔علامہ محب اللہ بہاری (متوفی ۱۱۱۹ھ)۔مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ۔
۳۸۸۔نورالانوار۔علامہ احمد جونپوری (متوفی ۱۱۳۰ھ)۔مطبوعہ ایچ۔ایم۔سعید اینڈ کمپنی کراچی۔
۳۸۹۔شرح مسلم الثبوت۔علامہ عبدالحق خیرآبادی (متوفی ۱۳۱۸ھ)۔مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ۔

کتب متفرقہ:

۳۹۰۔احیائے العلوم۔امام محمد بن محمد غزالی (متوفی۔۵۰۵ھ) مطبوعہ دارالخیر بیروت۔۱۴۱۳ھ۔
۳۹۱۔کیمیائے سعادت۔امام ابوحامد محمد الغزالی (۵۰۵ھ)۔مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۳۹۲۔مکتوبات امام ربانی۔مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی۔اسلامی کتب خانہ اردو بازار لاہور۔
۳۹۳۔نفحات الانس۔مولانا نور الدین محمد عبد الرحمن جامی۔دوست ایسوسی ایٹس الکریم مارکیٹ اردو بازار۔
۳۹۴۔کشف المحجوب۔حضرت سید علی بن عثمان الہجویری۔ترجمہ۔الحاج کپتان واحد بخش سیالوی۔الفیصل ناشران لاہور۔۲۰۰۶ء۔
۳۹۵۔لوح وقلم۔حضرت قلندر بابا اولیاء۔مکتبہ تاج الدین بابا اولیاء کراچی۔
۳۹۶۔محمد الرسول اللہ ﷺ۔ج۔سوم۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔مکتبہ عظیمیہ کراچی۔
۳۹۷۔روح کی پکار۔شمس الدین عظیمی۔مکتبہ عظیمیہ اردو بازار لاہور۔۲۰۰۵ء۔
۳۹۸۔صدائے جرس۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔عظیمیہ پبلیکیشنز کراچی ناظم آباد۔
۳۹۹۔باران رحمت۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔
۴۰۰۔توجیہات۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔مکتبہ عظیمیہ کراچی۔
۴۰۱۔اسم اعظم۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔
۴۰۲۔پیراسائیکلوجی۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔عظیمیہ پبلیکیشنز ناظم آباد کراچی۔
۴۰۳۔نور ہدایت۔خواجہ شمس الدین عظیمی۔مکتبہ عظیمیہ ناظم آباد کراچی۔
۴۰۴۔ماہنامہ قلندر شعور۔نومبر۔۲۰۲۰ء۔
۴۰۵۔سائیں بلھے شاہ۔جے۔آر۔پوری اور جے۔آر۔شنگاری۔فکشن ہاؤس لاہور۔۲۰۰۰ء۔
۴۰۶۔فقیر رنگ۔سید سرفراز اے شاہ۔جہانگیر بکس لاہور۔
۴۰۷۔تشبیہات رومی۔ڈاکٹر خلیفہ عبد الحکیم۔ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور پاکستان۔۱۹۵۹ء۔
۴۰۸۔نفسیات ومابعد النفسیات۔رئیس امروہوی۔ویلکم بک پورٹ کراچی۔۲۰۱۳ء۔
۴۰۹۔روزگار فقیر۔سید فقیر وحید الدین۔لائین آرٹ پریس فیریئر روڈ کراچی۔۱۹۶۳ء۔
۴۱۰۔کلیات اقبال (اردو ترجمہ۔بال جبرائیل)۔ڈاکٹر محمد اقبال۔خزینہ علم وادب لاہور۔۲۰۰۶ء۔
۴۱۱۔افکار اقبال (تشریحات جاوید)۔ڈاکٹر جسٹس جاوید اقبال۔سنگ میل پبلی کیشنز لاہور۔۲۰۰۵ء۔
۴۱۲۔انوار اقبال۔مرتب۔بشیر احمد ڈار۔اقبال اکیڈمی کراچی۔۱۹۶۷ء۔
۴۱۳۔افکار اقبال (تشریحات جاوید)۔ڈاکٹر جسٹس جاوید اقبال۔سنگ میل پبلی کیشنز لاہور۔۲۰۰۵ء۔
۴۱۴۔شذرات اقبال۔مرتب ڈاکٹر جاوید اقبال۔مترجم۔افتخار احمد صدیقی۔مجلس ترقی ادب لاہور۔
۴۱۵۔کلیات ساحر۔ساحر لدھیانوی۔مرتب۔خزینہ علم وادب لاہور۔۲۰۰۱ء۔

۴۱۶۔ بھگوت گیتا۔

۴۱۷۔ چندو گیرا۔ بھگوت گیتا۔

۴۱۸۔ ہندو دھرم ہزار ہا برس پہلے ۔ ناشر نگارشات۔

-----------------------------------خَتم شد-----